بسم اللہ الرحمن الرحیم

دنیا کی زندگی

قرآن وسنت میں

مصنف

مفتی محمد رضوان خان

ادارۂ غفران
راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دنیا کی زندگی

قرآن مجید اور معتبر احادیث کی روشنی میں دنیا اور اس کی زندگی کی حقیقت وحیثیت
دنیا میں پیش آنے والی مصیبتوں، اور نعمتوں پر قرآن وسنت کی تعلیمات
آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی وقعت
زہد وقناعت، فقر وغربت کے متعلق شرعی ہدایات
دنیا اور مال ودولت کی حرص وطمع، اور مال کے تکاثر وتفاخر کا وبال
دنیا کی زندگی کا آخرت کی زندگی سے تقابل

مصنّف
مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: دنیا کی زندگی

مصنف: مفتی محمد رضوان خان

طباعتِ اول: صفر المظفر 1447ھ-اگست 2025ء

صفحات: 680

ملنے کے پتے

Idara Ghufran

فہرست

صفحہ نمبر	مضامین
30	**تمہید** (از مولف)
32	(فصل نمبر 1) **زندگی وموت اللہ کی مخلوق ومملوک ہے**
//	سورہ بقرہ کا حوالہ
33	سورہ آلِ عمران کا حوالہ
//	سورہ اعراف کا حوالہ
//	سورہ توبہ کا حوالہ
34	سورہ یونس کا حوالہ
//	سورہ حج کا حوالہ
35	سورہ مومنون کا حوالہ
//	سورہ روم کا حوالہ
36	سورہ غافر کا حوالہ
37	سورہ دخان کا حوالہ
//	سورہ جاثیہ کا حوالہ

سورہ حدید کا حوالہ	37
سورہ ملک کا حوالہ	38
(فصل نمبر 2) انسانوں اور جنوں کی دنیاوی زندگی کا مقصد	39
سورہ ذاریات کا حوالہ	〃
سورہ انعام کا حوالہ	40
سورہ اعراف کا حوالہ	〃
سورہ کہف کا حوالہ	41
سورہ فصلت کا حوالہ	42
سورہ فصلت کا ایک اور حوالہ	〃
سورہ احقاف کا حوالہ	43
سورہ احقاف کا ایک اور حوالہ	〃
سورہ رحمٰن کا حوالہ	44
سورہ جن کا حوالہ	45
(فصل نمبر 3) دنیا کی زندگی لہو ولعب ہے	47
سورہ انعام کا حوالہ	〃
سورہ عنکبوت کا حوالہ	〃

سورہ محمد کا حوالہ	48
سورہ حدید کا حوالہ	//
(فصل نمبر 4) دنیا کی زینت، دھوکہ کا سامان ہے	50
سورہ آلِ عمران کا حوالہ	//
سورہ آلِ عمران کا دوسرا حوالہ	51
سورہ انعام کا حوالہ	52
سورہ انعام کا دوسرا حوالہ	53
سورہ اعراف کا حوالہ	54
سورہ توبہ کا حوالہ	//
سورہ توبہ کا دوسرا حوالہ	55
سورہ یونس کا حوالہ	//
سورہ کہف کا حوالہ	56
سورہ طٰہٰ کا حوالہ	57
سورہ روم کا حوالہ	//
سورہ لقمان کا حوالہ	58
سورہ فاطر کا حوالہ	59
سورہ حدید کا حوالہ	60

Idara Ghufran

ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث	61
ابوسعید رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	62
حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث	64
عائشہ، سفینہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	65
(فصل نمبر 5) دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کا وبال	71
سورہ آلِ عمران کا حوالہ	//
سورہ یونس کا حوالہ	72
سورہ ھود کا حوالہ	73
سورہ رعد کا حوالہ	//
سورہ ابراہیم کا حوالہ	74
سورہ نحل کا حوالہ	//
سورہ کہف کا حوالہ	75
سورہ قصص کا حوالہ	76
سورہ قصص کا دوسرا حوالہ	77
سورہ غافر کا حوالہ	78
سورہ شوریٰ کا حوالہ	79
سورہ زخرف کا حوالہ	80

سورہ نجم کا حوالہ	81
سورہ نازعات کا حوالہ	//
سورہ اعلیٰ کا حوالہ	82
یونس، اسراء، طٰہٰ، مومنون، روم، احقاف اور نازعات کا حوالہ	//
سورہ سجدہ اور سورہ معارج کا حوالہ	85
ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	86
ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث	88
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	89
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث	90
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
مستورد رضی اللہ عنہ کی حدیث	91
(فصل نمبر 6) اللہ کے نزدیک دنیا کی ذلت وحقارت	92
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ کی حدیث	93
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	94
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

عبداللہ بن ربیعہ سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث	95
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	96
عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث	97
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	98
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت	99
ابو ہریرہ اور چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی احادیث	//
ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کی حدیث	103
ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث	104
سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ، ابنِ مسعود، کعب، وابودرداء رضی اللہ عنہم کی حدیث	106
(فصل نمبر 7) دنیا، مؤمن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت	108
سورہ احقاف کا حوالہ	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	109
سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	110
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

(فصل نمبر8) دنیا میں اجنبی، یا مسافر کی طرح رہنے کا حکم	112
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	113
عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	114
خباب، انس وسلمان رضی اللہ عنہم کی احادیث	115
(فصل نمبر9) تقدیرِ الٰہی وقضائے الٰہی پر ایمان ورضاء کا حکم	117
سورہ انعام کا حوالہ	//
سورہ یونس، سورہ سبأ اور سورہ نمل کا حوالہ	118
سورہ ہود اور سورہ حج کا حوالہ	119
سورہ فاطر اور سورہ حدید کا حوالہ	120
سورہ بقرہ، نساء، نور، اور سورہ مومن کا حوالہ	121
ابو ہریرہ، عبداللہ بن عَمرو، اور ابنِ عُمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	122
جابر، ابوالدرداء، ودیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی حدیث	126
عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	128
ابو ہریرہ، ابنِ عباس، اور ایک صحابی رضی اللہ عنہم کی احادیث	132

صہیب، سعد، انس وابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	135
ثوبان، سلمان وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث	137
ابوہریرہ، عمار، علی، عائشہ وحسن بن علی رضی اللہ عنہم کی احادیث	139
(فصل نمبر 10) دنیا، دارُالامتحان وابتلاء کا مقام	144
سورہ بقرہ کا حوالہ	//
سورہ بقرہ کا ایک اور حوالہ	145
سورہ آلِ عمران کا حوالہ	146
سورہ مائدہ کا حوالہ	147
سورہ انعام کا حوالہ	//
سورہ ہود کا حوالہ	148
سورہ یوسف کا حوالہ	//
سورہ کہف کا حوالہ	149
سورہ احزاب کا حوالہ	//
سورہ محمد کا حوالہ	150
سورہ ملک کا حوالہ	//
سورہ دہر کا حوالہ	151
انس وعائشہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	//
سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث	154

فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	154
ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	155
عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	156
خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی حدیث	157
محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث	158
(فصل نمبر 11) صبر کرنے کے فضائل و برکات	159
سورہ بقرہ، آلِ عمران، اعراف، ابراہیم، وسورہ عصر کا حوالہ	//
سورہ نحل، نمل، حجر، طٰہٰ، غافر، احقاف، محمد اور سورہ طور کا حوالہ	162
سورہ بقرہ، آلِ عمران، انفال، توبہ اور حٰمٓ سجدہ کا حوالہ	165
سورہ ھود، یوسف، نحل، عنکبوت، زمر، دہر وسورہ بلد کا حوالہ	167
سورہ یونس، فاطر، زمر، فصلت، اور سورہ احقاف کا حوالہ	169
صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث	171
ابوسعید خدری، وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	172
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	174
انس وامِ سلمہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	175
ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث	183
ابوسعید، ابوہریرہ وابوعبیدہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	184

اُمِّ علاء، جابر، واسد بن کرز رضی اللہ عنہم کی احادیث	185
شداد، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	187
ابو موسیٰ، ابنِ عَمرو، شداد، اور انس رضی اللہ عنہم کی احادیث	189
محمود بن لبید وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث	192
ایک صحابی، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	193
جابر اور بعض امہات المؤمنین رضی اللہ عنہ وعنہن کی حدیث	194
ابنِ عباس وزید بن ارقم رضی اللہ عنہما کی حدیث	196
جابر، عمرو بن عبسہ وعمیر رضی اللہ عنہم کی احادیث	197
انس، ابو امامہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	200
(فصل نمبر 12) اللہ کی حمد وشکر کرنے کے فضائل وبرکات	205
سورہ فاتحہ، سورہ انعام، کہف، سبأ، اور سورہ فاطر کا حوالہ	207
سورہ ابراہیم، نمل، عنکبوت، روم، لقمان، غافر وجاثیہ کا حوالہ	208
سورہ ابراہیم، مومنون، اور سورہ نمل کا حوالہ	211
سورہ غافر، شوریٰ، اور سورہ تغابن کا حوالہ	213
سورہ حجر، طٰہٰ، سجدہ، غافر، قٓ، طور، اور سورہ نصر کا حوالہ	214
سورہ انعام، یونس، فاطر، اور سورہ زمر کا حوالہ	216
سورہ بقرہ، آلِ عمران، مائدہ، انعام، نحل اور سورہ زمر کا حوالہ	218

سورہ نساء، ابراہیم نحل، لقمان، جاثیہ اور سورہ ضحیٰ کا حوالہ	221
سورہ اعراف نحل، اسراء، نمل، اور سورہ لقمان کا حوالہ	226
سورہ بقرہ، نساء، انفال، رعد، ابراہیم نحل، سبأ وسورہ قمر کا حوالہ	229
سورہ بقرہ، فاطر، شوریٰ اور سورہ تغابن کا حوالہ	233
سورہ اعراف نحل، سبأ، فاطر، یٰسٓ، اور سورہ فصلت کا حوالہ	234
صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث	239
انس، سلمان، سعد وشداد بن اوس رضی اللہ عنہم کی احادیث	240
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	244
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	245
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	246
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	//
ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	247
ثوبان، ابنِ عباس وابوامامہ وغیرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	//
مغیرہ، ابو ہریرہ، انس، وعائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	250
معاذ بن جبل، ابو ہریرہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث	255
شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث	257
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	258
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	259
ابو ہریرہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث	261

علی رضی اللہ عنہ کی حدیث	263
ابو ہریرہ، ابوذر رضی اللہ عنہما وعائشہ رضی اللہ عنہا کی احادیث	//
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	266
ربیعہ بن کعب وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث	267
حذیفہ، ابوذر، وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	270
معاذ، ابوایوب، ایک صحابی وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	272
معاذ بن انس، وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث	274
براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی حدیث	275
ابنِ مسعود وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث	276
ابو ہریرہ، ابوسعید واشعث رضی اللہ عنہم کی حدیث	277
جابر بن عبداللہ واسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث	279
(فصل نمبر 13) زہد وقناعت اور دل کے غناء کے فضائل وبرکات	281
عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
انس بن مالک وسہل بن سعد رضی اللہ عنہما کی احادیث	282
عمر، ابو ہریرہ، انس، حذیفہ وابومالک رضی اللہ عنہم کی احادیث	283
انس وعائشہ رضی اللہ عنہما ومعاویہ رضی اللہ عنہ کی احادیث	287
ابو ہریرہ وابوذر رضی اللہ عنہما کی احادیث	294

زید بن ثابت وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث	300
ابو ہریرہ ومعقل بن یسار رضی اللہ عنہما کی حدیث	302
عبداللہ بن عمرو، وفضالہ بن عبید رضی اللہ عنہما کی احادیث	305
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث	306
ابوسعید خدری وابوامامہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	307
عبیداللہ، بریدہ وجابر رضی اللہ عنہم کی احادیث	308
ابنِ عمراور بنوسلیم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہما کی حدیث	309
حکیم بن حزام، عائشہ وابوسعید خدری رضی اللہ عنہم کی احادیث	311
معاویہ، وابنِ مسعود رضی اللہ عنہما حدیث	317
ابنِ عباس، ابنِ عوف وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث	318
ابنِ عمرو، ابنِ مسعود وابنِ عوف رضی اللہ عنہم کی احادیث	320
(فصل نمبر 14) فقراء ومساکین کے فضائل	325
سورہ بقرہ کی آیت، اورانس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عائشہ واُم سلمہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	327
انس، ابو ہریرہ وابوبکرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	330
ابو ہریرہ وفضالہ بن عبید رضی اللہ عنہما کی حدیث	335
ابوذر، سہل بن سعداور طلحہ بصری رضی اللہ عنہم کی احادیث	336

عمران، ابنِ عباس، ابو ہریرہ وابنِ عَمر ورضی اللہ عنہم کی احادیث	343
عبداللہ بن عَمر و، اور ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی احادیث	344
عبداللہ بن عَمر و، اور ابو سعید رضی اللہ عنہما کی حدیث	351
اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث	354
محمود بن لبید وابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہما کی حدیث	355
ابو ہریرہ، ابو سعید وابنِ عُمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	356
جابر وابنِ عَمر ورضی اللہ عنہما کی حدیث	359
ابو ہریرہ، ابو ذر وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث	360
انس، عبادہ وابو سعید رضی اللہ عنہم کی احادیث	363
قتادہ، رافع بن خدیج وفضالہ بن عبید رضی اللہ عنہم کی احادیث	367
ابنِ مغفل، انس، ابو ذر، کعب، وابو سعید رضی اللہ عنہم کی احادیث	369
سعد بن ابی وقاص وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	376
(فصل نمبر15) مقدر شدہ رزق حاصل کیے بغیر موت کی آمد ممکن نہیں	379
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	380
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	381
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	382

ابنِ مسعود، حذیفہ وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی حدیث	383
ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی حدیث	386
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث	387
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث	388
ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی حدیث	389
ابنِ مسعود، انس وحذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	390
سورہ ھود، ذاریات، عنکبوت، اور سورہ رعد کا حوالہ	393
عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث	394
(فصل نمبر 16) مال وجاہ اور لمبی زندگی کی حرص وطمع کا نقصان وخسران	397
سورہ بقرہ کا حوالہ	//
انس وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	//
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	399
ابنِ عباس، ابنِ زبیر، وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث	400
ابوہریرہ، کعب، اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	402
عاصم، ابنِ عباس وجابر رضی اللہ عنہم وغیرہ کی احادیث	404
ابنِ عُمر وو ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	406

(فصل نمبر 17) مال کے تکاثر وتفاخر کا نقصان وخسران	408
سورہ حدید کا حوالہ	〃
سورہ تکاثر کا حوالہ	409
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	410
ابو ہریرہ، انس وکعب رضی اللہ عنہم وغیرہ کی احادیث	412
ابنِ مسعود وابو سعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث	422
ابو ہریرہ وابوذر رضی اللہ عنہما کی احادیث	425
ابو سعید خدری وابو الدرداء رضی اللہ عنہما کی حدیث	429
عمرو بن عوف ومسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	431
عقبہ بن عامر وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی حدیث	434
عوف بن مالک، معاذ وابو جحیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	437
عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث	441
(فصل نمبر 18) مالِ حرام، بخل واسراف سے بچ کر انفاق کا حکم	442
سورہ بقرہ، مائدہ ونحل کا حوالہ	〃
سورہ آلِ عمران، اسراء، حشر وسورہ تغابن کا حوالہ	444
سورہ اسراء کا حوالہ	445

سورہ مدثر، فجر و ماعون کا حوالہ	446
سورہ سبأ وسورہ محمد کا حوالہ	448
سورہ منافقون، وسورہ تغابن کا حوالہ	449
ابنِ مسعود، ابوبرزہ، ومعاذ رضی اللہ عنہم کی احادیث	450
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	453
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	454
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	455
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	457
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث	//
ابوہریرہ، انس، وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	458
عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی حدیث	460
ابوہریرہ، جابر وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	462
جابر وجندب رضی اللہ عنہما کی حدیث	464
جابر، عبداللہ بن عَمرو، اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	466
ایک صحابی وابوامامہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	469
ابوذر، ابوہریرہ وابوسعید رضی اللہ عنہم کی احادیث	470
ابوالدرداء وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	477
حکیم بن حزام، ابوہریرہ وجابر رضی اللہ عنہم کی احادیث	479
ابوہریرہ وعبداللہ بن حبشی رضی اللہ عنہما کی احادیث	480

(فصل نمبر19)

زیادہ کھانے، پینے کی برائی 483

سورہ اعراف کا حوالہ	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	484
ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث	485
جابر وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث	//
میمونہ بنتِ حارث رضی اللہ عنہا کی حدیث	486
جہینہ کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	487
عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی حدیث	488
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
نضلہ بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	489
ابو بصرہ غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	490
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	491
جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	493
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	494

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	495
سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابنِ عمرو، وابو جحیفہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	496
مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کی حدیث	498
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	499
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	500
جعدہ جشمی رضی اللہ عنہ کی حدیث	501
(فصل نمبر 20) انسان کے ساتھ مال، عیال اور اعمال کی رفاقت	504
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	505
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	506
انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث	507
نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت	508
سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث	509
حسن کی روایت	510

(فصل نمبر 21)

موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم

(فصل نمبر 21) موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم	511
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت	512
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	513
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	515
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	516
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	517
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث	520
انس وسعد رضی اللہ عنہما کی حدیث	//
عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	522
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	525
(فصل نمبر 22) موت کے لئے ہمہ وقت تیار رہنے کا حکم	527
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	528
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	529
زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث	530
ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث	532
حسن بصری کی روایت	533
معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث	534
(فصل نمبر 23) موت، آرزوؤں سے بہت پہلے ہے	537
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	538
انس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	//
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	539
ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	541
(فصل نمبر 24) امتِ محمدیہ کی غالب و اکثر عمر	543
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دیگر روایات	544

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	545
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	546
حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	547
(فصل نمبر 25) ساٹھ سال کی عمر ہونے پر اللہ کی طرف سے عذر کا مکمل ہونا	548
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دیگر روایات	//
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	549
ابنِ عباس و ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	551
علی و ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث	554
(فصل نمبر 26) چالیس سال سے زیادہ عمر کی فضیلت سے متعلق احادیث	557
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت	559
عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی حدیث	565
عبداللہ بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث	566
علی رضی اللہ عنہ کی حدیث	568

Idara Ghufran

(فصل نمبر 27) لمبی عمر اور اچھے اعمال واخلاق والوں کی فضیلت	571
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	572
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	573
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
جابر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	574
عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کی حدیث	575
ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	576
چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی حدیث	577
ابوسلمہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	579
طلحہ بن عبید رضی اللہ عنہ کی حدیث	581
عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ کی حدیث	583
(فصل نمبر 28) موت لازم، اور اس کا وقت مقرر ہے	586
سورہ آلِ عمران، حج، زمر، غافر، واقعہ وسورہ ملک کا حوالہ	//
سورہ آلِ عمران، انبیاء، مومنون، عنکبوت وسورہ زمر کا حوالہ	589
سورہ آلِ عمران، نساء، عنکبوت، احزاب، قٓ وجمعہ کا حوالہ	592

Idara Ghufran

سورہ قصص، سورہ دخان وسورہ رحمٰن کا حوالہ	595
سورہ انعام، وسورہ سجدہ کا حوالہ	596
سورہ انعام، روم، لقمان، فاطر، زمر، شوریٰ واحقاف کا حوالہ	599
سورہ انعام، نحل، یٰس، منافقون اور سورہ نوح کا حوالہ	603
سورہ رعد وسورہ فاطر کا حوالہ	604
ابنِ عباس وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث	605
انس، ابوہریرہ وعمر بن خطاب رضی اللہ عنہم کی احادیث	607
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	608
سلمان، ثوبان وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث	611
علی، ابنِ عباس، وعائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	613
ابوہریرہ وعلاء بن خارجہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	615
انس بن مالک ومعاذ رضی اللہ عنہما کی حدیث	616
(فصل نمبر 29) موت کے وقت اور جگہ کا علم اللہ کے علاوہ کسی کو نہیں	618
سورہ لقمان کا حوالہ	//
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	619
بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	620
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	622

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	624
ایک صحابی اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث	625
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	627
(فصل نمبر 30) انسان اپنی موت واقع ہونے والی جگہ پہنچ جاتا ہے	630
ابوعزہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
مطر بن عکامس رضی اللہ عنہ کی حدیث	631
ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	632
ایک حدیث کا حوالہ	634
(فصل نمبر 31) مومن کے لئے موت، فتنہ سے بہتر ہے	636
محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث	637
ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	638
ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث	639
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	640

(فصل نمبر 32) مومن وصالح کے لیے موت، دنیا کی زندگی سے بہتر	642
سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	643
عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	//
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	644
ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	645
ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث	647
(فصل نمبر 33) بروزِ قیامت عمر کو خرچ کرنے کے متعلق سوال	648
ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث	649
بعض دیگر احادیث	651
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	653
(فصل نمبر 34) موت کی تمنا کرنے کی ممانعت کا حکم	656
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	657
ابنِ مسعود وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	658
خباب وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	660
جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث	662
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	663
انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	664
عبس غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	667
عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	669
عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	670
(فصل نمبر 35) خودکشی کرنے کا وبال	671
ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	672
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	674
جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	675
خاتمہ	680

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید

(از مؤلف)

اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان، اور اس پوری کائنات کو ایک مقررہ وقت تک کے لئے پیدا فرمایا ہے، اور انسان وجنات سب کو ایک طے شدہ وقت تک حیات وزندگی عطاء فرمائی ہے، وہی اس کائنات کا خالق، مالک، اور رب ہے، اس کائنات کا پورا نظام اسی کے حکم سے جاری ہے، اس کائنات کے ذرہ، ذرہ کی حرکت اس کے حکم، اذن ومشیت سے ہورہی ہے، اور وہی اس کائنات کا رب ہے۔

اس لئے اس کائنات کی پوری حقیقت وحیثیت کو، اس کے رب سے زیادہ اور کون جان سکتا ہے۔

اور اس کے مقابلہ میں سائنسی دنیا کے جو مزعومات ہیں، ان کی حیثیت، خیالات وتوہمات سے زیادہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیثِ مبارکہ میں، دنیا اور اس کی زندگی، بالخصوص دنیا کے ساز وسامان، اور مال ودولت کی حقیقت کو پوری طرح کھول کر بیان فرمادیا ہے۔

پھر اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ''جن کی زندگی، قرآن مجید کا عملی نمونہ ہے'' دنیا میں زندگی گذار کر قرآن مجید کا عملی نمونہ پیش کردیا ہے، اور پھر اس کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی، اور ان کی سیرت نے مزید پہلو واضح کردیئے ہیں۔

متقدمینِ سلف کے زمانہ میں دنیا کی حقیقت کو سمجھنے پر بڑا زور دیا جاتا تھا، اور اس موضوع پر مستقل تصانیف ''کتاب الزہد'' وغیرہ کے عنوان سے تالیف وتصنیف کی جاتی تھیں۔

لیکن افسوس کہ قرآن وسنت میں دنیا اور اس کی زندگی کو جو درجہ وحیثیت دی گئی تھی، بہت جلد امتِ مسلمہ نے اس کو فراموش کردیا، اور رفتہ رفتہ دنیا اور اس کی زندگی کی طرف امت جھکتی اور

مائل ہوتی چلی گئی۔

اور موجودہ زمانہ میں، دنیا، جس چمک دمق کے ساتھ ابھر کر سامنے آئی ہے، اس نے ایک ایک کر کے سب کو اپنی لپیٹ میں لینا شروع کر دیا، اور نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ اس زمانہ کے علماء وصلحاء کا طبقہ بھی اس کا شکار ہو گیا، اور بہت کم لوگ ہی اس سے محفوظ رہ سکے۔

چنانچہ موجودہ زمانہ میں جتنا کوئی بزرگ اور عالم شہرت اختیار کر لیتا ہے، اتنا ہی وہ دنیا کے عیش وعشرت کا شکار ہو جاتا ہے، شاہانہ ٹھاٹیں، باٹیں، خدام کا قافلہ، اور اس طرح کے تکلفات جمع کر لیے جاتے ہیں، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں تھے۔

اور دنیا کی مال ودولت کی حرص وطمع، فخر وتفاخر، اور مال کے تکاثر میں اس طرح دوڑ لگنا شروع ہو گئی کہ اس میں اچھے خاصے نیک صالح سمجھے جانے والے لوگ بھی مبتلاء ہو گئے، جس کو نہ کوئی گناہ سمجھا جاتا، اور نہ ہی اس کی اصلاح کی طرف توجہ کی جاتی، جبکہ قرآن وسنت کی نظر میں یہ چیزیں بہت سخت وبال اور نقصان کا باعث ہیں۔

اس لئے موجودہ زمانہ میں اس چیز کی شدت سے ضرورت محسوس ہوئی کہ دنیا کی حقیقت اور اس کی زندگی پر قرآن وسنت کی روشنی میں تفصیل سے کلام کیا جائے، اور دنیا اور اس کے فتنوں سے اصولی انداز میں آگاہ کیا جائے۔

اسی مقصد سے بندہ نے ایک مفصل کتاب ''دنیا کی زندگی'' کے عنوان سے ترتیب دی ہے، جو اس وقت آپ کے سامنے ہے۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو نافع بنائے، اور دنیا کی حقیقت کو سمجھنے اور اس کے فتنوں سے بچ کر آخرت کی سچی وپکی تیاری کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

محمد رضوان خان 17/ محرم الحرام/ 1446ھ 24/ جولائی/ 2024 بروز بدھ

ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

(فصل نمبر 1)

زندگی وموت اللہ کی مخلوق ومملوک ہے

زندگی اور موت کے مسئلہ کو سمجھنے کے لئے سب سے پہلے یہ جان لینا ضروری ہے کہ ہر انسان،اور ہر جاندار، بلکہ کائنات کی ہر مخلوق کو اللہ ہی نے پیدا کیا،اوراس کوزندگی عطاء کی ہے،اوروہی موت دیتا ہے،اوروہی دوبارہ قیامت کے لئے زندہ کرے گا،کسی بھی مخلوق کی زندگی اور موت پر اللہ کے علاوہ کسی اور کا اختیار نہیں اور زندگی اور موت دونوں اللہ کی مخلوق ومملوک ہیں۔

قرآن مجید میں بار باراس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے،اوراس پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے۔

سورہ بقرہ کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (سورة البقرة،رقم الآية ٢٨)

ترجمہ: کیسے کفر کرتے ہو تم اللہ کے ساتھ،اور تھے تم مردہ، پھر زندگی دی اس نے تم کو، پھر موت دیتا ہے وہ تم کو، پھر زندہ کرے گا وہ تم کو، پھر اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے تم (سورہ بقرہ)

مطلب یہ ہے کہ سب انسان دنیا میں آنے سے پہلے مردہ بے جان اور لاشئی تھے،اللہ نے ان کو زندگی عطاء کی، پھر وہی موت دیتا ہے،اوروہی قیامت کے لئے زندہ کرے گا،اور پھر اسی کی طرف سب لوٹ کر جائیں گے،ایسے میں اللہ کے ساتھ کفر کرنا،سراسر عقل کے خلاف ہے۔

سورہ آلِ عمران کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللّٰہُ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ (سورۃ آل عمران،رقم الآیۃ ۱۵۶)

ترجمہ:اور اللہ زندگی دیتا ہے،اور موت دیتا ہے،اور اللہ ان کاموں کو جو کرتے ہو تم،بصیر ہے (سورہ آلِ عمران)

یعنی اللہ ہی پیدا کرتا،اور وہی موت دیتا ہے،اور وہ بندوں کے تمام اعمال کی پوری طرح بصیرت رکھتا ہے،کوئی چیز اس سے مخفی نہیں۔

سورہ اعراف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ (سورۃ الأعراف،رقم الآیۃ ۱۵۸)

ترجمہ: اسی کے لئے ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی،نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے،وہی زندگی دیتا ہے،اور موت دیتا ہے (سورہ اعراف)

یعنی زندگی اور موت تو پھر بھی چھوٹی چیز ہے،اللہ کی حکومت وملکیت تو تمام آسمانوں اور زمین پر قائم ہے،اس کے علاوہ کوئی دوسرا معبود ہو ہی نہیں سکتا۔

سورہ توبہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ اللّٰـہَ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ وَمَا لَکُمۡ مِّنۡ

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ (سورة التوبة، رقم الآية ١١٦)

ترجمہ: بے شک اللہ، اسی کے لئے ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی، زندگی دیتا ہے وہ، اور موت دیتا ہے وہ، اور نہیں ہے تمہارے لئے اللہ کے مقابلہ میں کوئی ولی، اور نہ کوئی نصرت کرنے والا (سورہ توبہ)

جب اللہ ہی کی حکومت وملکیت آسمان وزمین اور زندگی وموت پر قائم ہے، تو اس کے علاوہ بندوں کا ولی ومددگار اور کون ہوسکتا ہے؟

سورہ یونس کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (سورة يونس، رقم الآية ٥٦)

ترجمہ: وہی زندگی دیتا ہے، اور موت دیتا ہے، اور اسی کی طرف لوٹایا جائے گا تم کو (سورہ یونس)

یعنی زندگی اور موت پر بھی اسی اللہ تعالیٰ کا اختیار ہے، اور مرنے کے بعد سب نے لوٹ کر بھی اسی کے پاس جانا ہے۔

سورہ حج کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ حج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَهُوَ الَّذِيْ أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ (سورة الحج، رقم الآية ٦٦)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے زندگی دی تم کو، پھر موت دیتا ہے وہ تم کو، پھر وہ زندہ کرے گا تم کو، بے شک انسان یقیناً بہت کفر کرنے والا ہے (سورہ حج)

یعنی جس ذات پاک کے اختیار میں انسانوں کی زندگی اور موت سب کچھ ہے، اس ذات

Idara Ghufran

کے ساتھ انسان کا کفر کرنا بہت بڑی بے وفائی اور ظلم ہے، جس کا خمیازہ انسان کو بھگتنا پڑے گا۔

سورہ مومنون کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ مومنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُوَ الَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ ،أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ

(سورة المؤمنون،رقم الآیة ۸۰)

ترجمہ: وہی زندگی دیتا ہے، اور موت دیتا ہے، اور اسی کے لئے ہے مختلف کرنا، رات کو اور دن کو، کیا پس نہیں عقل رکھتے تم (سورہ مومنون)

یعنی زندگی اور موت کے علاوہ، رات اور دن کو بدلنے کا اختیار وقدرت بھی اسی کے پاس ہے، کیا اتنی موٹی سی بات بھی انسانوں کو سمجھ نہیں آتی۔

سورہ روم کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ یُمِیْتُكُمْ ثُمَّ یُحْیِیْكُمْ هَلْ مِنْ شُرَكَائِكُمْ مَّنْ یَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَیْءٍ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ (سورة الروم،رقم الآیة ۴۰)

ترجمہ: اللہ وہ ہے کہ پیدا کیا اس نے تم کو، پھر رزق دیا اس نے تم کو، پھر موت دیتا ہے وہ تم کو، پھر زندہ کرے گا وہ تم کو، کیا کوئی تمہارے شرکاء میں سے وہ ہے، جو کرے اس میں سے کوئی چیز، پاک ہے وہ (اللہ) اور بلند ہے وہ، ان چیزوں سے جو شرک کرتے ہیں وہ (لوگ) (سورہ روم)

یعنی بندوں کو زندگی، اور زندگی کا رزق اور پھر موت اور اس کے بعد دوبارہ زندہ کرنا، سب کچھ

اللہ وحدہٗ لاشریک کے اختیار میں ہے، کسی دوسرے کو ان میں سے کسی چیز پر ذرا بھی اختیار حاصل نہیں، پھر اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے کا کیا مطلب؟ اللہ ہر قسم کے شرک سے بالاتر اور پاک ہے۔

سورہ غافر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (سورۃ غافر، رقم الآیۃ ۵۷)

ترجمہ: یقیناً پیدائش آسمانوں کی اور زمین کی، زیادہ بڑی ہے، لوگوں کی پیدائش سے، اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (سورہ غافر)

اور سورہ غافر میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُوَ الَّذِىْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

(سورۃ غافر، رقم الآیۃ ٦٨)

ترجمہ: وہی ہے جو زندگی دیتا ہے، اور موت دیتا ہے، پس جب فیصلہ کرتا ہے وہ کسی کام کا، تو بس کہتا ہے وہ اس کو کہ ہوجا تو، پھر فوراً ہو جاتا ہے وہ (کام) (سورہ غافر)

مطلب یہ ہے کہ آسمان اور زمین کی پیدائش، انسانوں کی پیدائش سے زیادہ بڑی چیز ہے، جب اللہ نے اتنی بڑی بڑی چیزوں کو بھی پیدا فرما دیا، تو انسان کی پیدائش تو اس سے بھی ہلکی چیز ہے، اور واقعہ یہ ہے کہ اللہ کے لئے کوئی بھی کام مشکل نہیں، وہ جس چھوٹے اور بڑے کام کا ارادہ فرماتا ہے، بس اس کے ہونے کا حکم فرماتا ہے، تو وہ فوراً یکلخت، اسی طرح ہو جاتا ہے۔

سورہ دخان کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ دخان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ يُـحْيِىْ وَيُـمِيْتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ (سورة الدخان،رقم الآية ٨)

ترجمہ: نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے، زندگی دیتا ہے وہ، اور موت دیتا ہے وہ، تمہارا رب ہے، اور رب ہے، تمہارے پہلے آباء کا (سورہ دخان)

معلوم ہوا کہ اللہ ہی زندگی اور موت کا اختیار رکھتا ہے، اور وہ پہلے اور بعد کے سب انسانوں، بلکہ سب مخلوقات کا رب ہے۔

سورہ جاثیہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ جاثیہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰـكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (سورة الجاثية،رقم الآية ٢٦)

ترجمہ: کہہ دیجئے آپ کہ اللہ، زندگی دی اس نے تم کو، پھر موت دے گا وہ تم کو، پھر جمع کرے گا وہ تم کو قیامت کے دن کی طرف، نہیں شک ہے، اس (قیامت کے دن) میں، اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے (سورہ جاثیہ)

معلوم ہوا کہ اللہ ہی زندگی اور موت دیتا ہے، اور وہی قیامت کے لئے جمع فرمائے گا، اس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

سورہ حدید کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ حدید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورة الحديد، رقم الآية ٢)

ترجمہ: اسی کے لئے ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی، زندگی دیتا ہے وہ، اور موت دیتا ہے وہ، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے (سورہ حدید)

معلوم ہوا کہ آسمان وزمین اور زندگی اور موت سب پر اللہ کا حکم چلتا ہے، کوئی چیز اس کی قدرت وحکومت سے باہر نہیں۔

سورہ ملک کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ملک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ. اَلَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ

(سورة الملک، رقم الآية ١ و٢)

ترجمہ: بابرکت ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ملک ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، جس نے پیدا کیا موت کو اور حیات کو، تاکہ آزمائے وہ تم کو کہ کون ہے تم میں زیادہ اچھا عمل کے اعتبار سے، اور وہ عزیز ہے، غفور ہے (سورہ ملک)

معلوم ہوا کہ زندگی اور موت سب اللہ کی مخلوق ومملوک ہے، اور زندگی وموت کی پیدائش وخلقت کا مقصود انسان کے اچھے وبرے اعمال کی آزمائش ہے، پس اس میں ہر بندہ کو اللہ کے سامنے کامیاب اور سرخرو ہونے اور ناکامی سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 2)

انسانوں اور جنوں کی دنیاوی زندگی کا مقصد

اللہ تعالیٰ نے انسان، اور جنات سب کو اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے، سب اسی کے مکلّف ہیں، اور اس کی خلاف ورزی کرنے والے آخرت میں مجرم شمار ہوں گے، اور قیامت کے دن عذاب میں مبتلاء کئے جائیں گے۔

قرآن مجید کی کئی آیات میں اللہ تعالیٰ نے مختلف طریقوں سے اس کا ذکر فرمایا ہے۔

اس سلسلہ میں چند آیات ملاحظہ فرمائیں۔

سورہ ذاریات کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ذاریات میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ .مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِّزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُّطْعِمُوْنِ.إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ (سورة الذاريات، رقم الآية ٥٦،الٰی ٥٨)

ترجمہ: اور نہیں پیدا کیا میں نے جن اور انس کو، مگر اس لئے تاکہ عبادت کریں وہ میری۔

نہیں ارادہ کرتا میں، ان (جن وانس) سے کسی رزق کا، اور نہیں ارادہ کرتا میں یہ کہ کھلائیں وہ (جن وانس) مجھ کو۔

بے شک اللہ ہی رزاق ہے، قوت والا ہے، مضبوط قوت والا ہے (سورہ ذاریات)

معلوم ہوا کہ اللہ نے انسان اور جنات سب کو اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے، اللہ کی

طرف سے، ان سے رزق اور کھانے کا مطالبہ نہیں، بلکہ اللہ تو خود سب کو بہت زیادہ رزق دینے والا، زبردست، قوت والا ہے، پھر اسے دوسرے سے رزق حاصل کرنے کی کیسے ضرورت ہوسکتی ہے۔

سورہ انعام کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْکُمْ آیَاتِیْ وَیُنْذِرُوْنَکُمْ لِقَاءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا قَالُوْا شَھِدْنَا عَلٰٓی اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْھُمُ الْحَیَاۃُ الدُّنْیَا وَشَھِدُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ اَنَّھُمْ کَانُوْا کَافِرِیْنَ (سورة الانعام، رقم الآية ۱۳۰)

ترجمہ: اے جن اور انس کے گروہ! کیا نہیں آئے تھے، تمہارے پاس رسول تم میں سے، جو بیان کرتے تھے تم پر میری آیات کو اور ڈراتے تھے تم کو تمہارے اس دن کی ملاقات سے، کہیں گے وہ کہ گواہی دیتے ہیں ہم اپنی جانوں پر، اور دھوکہ میں ڈال دیا تھا، ان کو دنیا کی زندگی نے، اور گواہی دیں گے وہ اپنی جانوں پر کہ بے شک تھے وہ کافر (سورہ انعام)

اس سے معلوم ہوا کہ دنیا میں جن وانس دونوں اللہ کے احکامات پر ایمان لانے کے مکلّف ہیں، اور ان دونوں سے قیامت کے دن ایمان اور اعمال کے متعلق سوال وجواب اور حساب وکتاب ہوگا۔

سورہ اعراف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَھَنَّمَ کَثِیْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ لَھُمْ قُلُوْبٌ لَّا یَفْقَھُوْنَ

بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ اُولٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُوْنَ (سورة الاعراف، رقم الآية ١٧٩)

ترجمہ: اور یقیناً بلاشبہ پیدا کیا ہم نے جہنم کے لئے بہت سے ایسے لوگوں کو جن اور انس میں سے، جن کے دل ہیں، نہیں سمجھتے وہ (لوگ) ان (دلوں) کے ذریعہ سے، اوران کی آنکھیں ہیں، نہیں دیکھتے وہ (لوگ) ان (آنکھوں) کے ذریعہ سے، اوران کے کان ہیں، نہیں سنتے وہ (لوگ) ان (کانوں) کے ذریعہ سے، یہ لوگ چوپاؤں کی طرح ہیں، بلکہ یہ زیادہ گمراہ ہیں، یہ لوگ ہی غافل ہیں (سورہ اعراف)

مذکورہ آیت میں اللہ کے نافرمان اور گمراہ انسانوں اور جنات کے عذاب کا ذکر ہے۔

سورہ کہف کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا (سورة الكهف، رقم الآية ٥٠)

ترجمہ: اور جب کہا ہم نے فرشتوں کو کہ سجدہ کرو تم آدم کے لئے، تو سجدہ کیا انہوں نے، سوائے ابلیس کے، تھا وہ جن میں سے، پس نافرمانی کی اس نے اپنے رب کے حکم کی، کیا پس بناتے ہو تم اس (ابلیس) کو اور اس کی اولاد کو دوست، میرے علاوہ، اور وہ (ابلیس) تمہارے لئے دشمن ہے، برا ہوگا ظالموں کے لئے بدلہ (سورہ کہف)

اس سے معلوم ہوا کہ ابلیس دراصل جنات میں سے ہے، اور وہ اللہ کا حکم ماننے کا پابند تھا، اللہ کی نافرمانی، بلکہ اللہ سے کٹ حجتی کرکے وہ ناکام ونامراد ہوا، پس اللہ کو چھوڑ کر ابلیس اور اس کی اولاد کو ولی بنانا کیسے عقل مندی کہلائی جاسکتی ہے، جبکہ ابلیس اور اس کی اولاد، انسانوں کی دشمن ہے۔

سورہ فصلت کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ فصلت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِيْنَ (سورة فصلت، رقم الآية ۲۵)

ترجمہ: بلاشبہ گذر چکے ان سے پہلے جن، اور انس میں سے، بے شک تھے وہ، نقصان اٹھانے والے (سورہ فصلت)

معلوم ہوا کہ پہلے بھی جنات اور انسانوں میں سے اللہ کی نافرمانی کرکے بہت سے خسارہ اٹھا چکے ہیں۔

سورہ فصلت کا ایک اور حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ فصلت ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْأَسْفَلِيْنَ (سورة فصلت، رقم الآية ۲۹)

ترجمہ: اور کہیں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ اے ہمارے رب دکھلا تو ہمیں ان کو جنہوں نے گمراہ کیا تھا ہمیں، جن میں سے اور انس میں سے، کردیں گے ہم ان (دونوں) کو اپنے قدموں کے نیچے، تاکہ ہوجائیں وہ دونوں اسفل (وذلیل) لوگوں میں سے (سورہ فصلت)

معلوم ہوا کہ آخرت میں گمراہ کرنے والے انسانوں اور جنات سے ان کی اتباع کرنے والے لوگ برائت کا اعلان کردیں گے۔

سورہ احقاف کا حوالہ

اورقرآن مجید کی سورہ احقاف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أُولَـئِکَ الَّـذِيْـنَ حَـقَّ عَـلَيْـهِمُ الْقَوْلُ فِيْ أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنَّهُمْ كَانُوْا خَاسِرِيْنَ(سورة الاحقاف، رقم الآية ١٨)

ترجمہ: یہی ہیں وہ لوگ کہ ثابت ہوچکا ان پر قول ان امتوں میں، جو گذر چکیں، ان سے پہلے، جن میں سے اور انس میں سے، بے شک وہ لوگ تھے خسارہ پانے والے (سورہ احقاف)

معلوم ہوا کہ انسان اور جنات میں سے جو لوگ بھی اللہ کے نافرمان ہوئے، وہ سب آخرت میں خسارہ اٹھانے والوں میں شامل ہوں گے۔

سورہ احقاف کا ایک اور حوالہ

اورقرآن مجید کی سورہ احقاف ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِذْ صَـرَفْـنَـآ اِلَيْکَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَـالُـوْٓا اَنْصِتُوْا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ .قَـالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَـمِـعْـنَـا كِتَابًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْـحَـقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ .يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ.وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاءُ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (سورة الاحقاف، رقم الآية ٢٩،الیٰ ٣٢)

ترجمہ: اوراور جب پھیرا ہم نے آپ کی طرف ایک گروہ کو جنات کے، جوغور سے سن رہے تھے قرآن کو، پس جب حاضر ہوئے وہ (جنات) اس (قرآن) کے پاس، کہا انہوں نے کہ خاموش ہو جاؤ تم، پھر جب پورا کرلیا گیا (قرآن کی قرائت کو) لوٹ گئے وہ اپنی قوم کی طرف ڈرانے والے بن کر۔

کہا انہوں نے کہ اے ہماری قوم! سن لیا ہم نے کتاب کو جو نازل کی گئی ہے، موسیٰ کے بعد، تصدیق کرنے والی ہے وہ اس کی جو اس سے پہلے ہے (یعنی توراۃ وغیرہ) ہدایت دیتی ہے وہ حق کی طرف اور سیدھے راستہ کی طرف۔

اے ہماری قوم، قبول کرو تم اللہ کی دعوت دینے والے کو، اور ایمان لاؤ تم اس پر، مغفرت کردے گا وہ تمہارے لئے تمہارے گناہوں میں سے، اور بچالے گا وہ تم کو عذابِ الیم سے۔

اور جو قبول نہیں کرے گا، اللہ کے داعی کو، تو نہیں عاجز کرنے والا ہوگا وہ زمین میں، اور نہیں ہوگا اس کے لیے، اس (اللہ) کے مقابلہ میں کوئی ولی، یہ لوگ کھلی گمراہی میں ہیں (سورہ احقاف)

مذکورہ آیات میں جنات کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن سن کر ایمان لانے اور پھر اپنی قوم کو دعوت دینے والے جنات کے ایک گروہ کا ذکر ہوا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے قرآن، اور اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا، جنات پر بھی فرض ہے، اس کے قبول کرنے پر وہ مومن شمار ہوتے ہیں، اور انکار کرنے پر کافر شمار ہوتے ہیں، اور کفر اختیار کرنے پر ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا۔

سورہ رحمٰن کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ رحمٰن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ
وَالْأَرْضِ فَـانْفُذُوا لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ. فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ
. يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ (سورة الرحمٰن، رقم الآية ۳۳، الی ۳۵)

ترجمہ: اے گروہ جن، اور انس کے، اگر استطاعت رکھتے ہو تم یہ کہ نکل جاؤ تم آسمانوں اور زمین کے کناروں سے، تو نکل جاؤ تم نہیں نکل سکتے تم، مگر سلطان (اللہ کی طاقت) کے ذریعہ سے، پس اپنے رب کی کن نعمتوں کی تکذیب کرو گے تم دونوں۔

ڈالے جائیں گے تم دونوں پر آگ کے شعلے، اور دھواں، پس تم دونوں ایک دوسرے کی نصرت نہیں کرسکو گے (سورہ رحمٰن)

معلوم ہوا کہ جنات اور انسان، سب کا رب اللہ ہے، اور یہ سب اللہ کے سامنے عاجز ہیں، اور اللہ کی نافرمانی پر دونوں اللہ کی طرف سے سخت عذاب کے مستحق ٹھہریں گے۔

سورہ جن کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ جن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا، يَهْدِيْ إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا (سورة الجن، رقم الآية، ۱ و ۲)

ترجمہ: کہہ دیجئے آپ کہ وحی کی گئی میری طرف یہ کہ بے شک اس (قرآن) کو کان لگا کر سنا ایک جماعت نے جن (جنات) کی، پھر کہا انہوں نے کہ بے شک سن لیا ہم نے قرآن کو جو عجیب ہے، راستہ دکھاتا ہے وہ (قرآن) ہدایت کی

طرف، پس ایمان لے آئے ہم اس (قرآن) پر اور ہرگز نہیں شریک کریں گے ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو (سورہ جن)

معلوم ہوا کہ قرآن مجید جنات کی ہدایت کے لئے بھی نازل ہوا ہے، اور اس میں جنات کے لئے بھی ہدایت کا سامان موجود ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اللہ نے سب انسانوں اور جنوں کو اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے، ان سب کی دنیا میں زندگی کا مقصد اللہ کی عبادت و اطاعت کرنا ہے، اور انسان اور جنات میں سے جو بھی اللہ کے اس حکم کو پورا نہیں کریں گے، وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہوں گے، اس لئے ہر انسان، اور ہر جن کو اپنی پیدائش کے مقصود کو ہمہ وقت سامنے رکھنا چاہئے، اور ایسے طرزِ عمل اور ہر ایسے مشغلے سے پرہیز کرنا چاہئے، جو اس مقصود میں خلل پیدا کرے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

(فصل نمبر 3)

دنیا کی زندگی لہو ولعب ہے

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی مقامات پر دنیا کی زندگی کو ''لہو ولعب'' یعنی کھیل اور تماشا قرار دیا ہے، جو بندوں کی آزمائش میں کامیاب ہونے کے لئے بڑی رکاوٹ بن جاتا ہے، اس لئے اللہ نے اس (دھوکہ کے سامان) سے پہلے ہی بار بار آگاہ فرمادیا ہے۔

اس طرح کی چند آیات ملاحظہ فرمائیں۔

سورہ انعام کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (سورة الأنعام، رقم الآية ۳۲)

ترجمہ: اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر کھیل اور تماشا اور یقیناً آخرت کا گھر بہتر ہے، ان لوگوں کے لیے جو متقی ہیں، کیا پس نہیں سمجھتے تم (سورہ انعام)

سورہ عنکبوت کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا هٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ (سورة العنكبوت، رقم الآية ۶۴)

ترجمہ: اور نہیں ہے یہ دنیا کی زندگی، مگر تماشا اور کھیل، اور بے شک آخرت کا گھر یقینی طور پر وہی (اصل وحقیقی) زندگی ہے، کاش کہ وہ جان لیتے (سورہ عنکبوت)

سورہ محمد کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَإِنْ تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ (سورة محمد، رقم الآيات ٣٦)

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا ہے، اور اگر ایمان لاؤ تم، اور تقویٰ اختیار کرو تم، تو عطاء کرے گا وہ (رب تعالیٰ) تم کو، تمہارا اجر، اور نہیں سوال کرے گا وہ، تم سے تمہارے مالوں کا (سورہ محمد)

سورہ حدید کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ حدید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ (سورة الحديد، رقم الآية ٢٠)

ترجمہ: بس جان لو تم کہ بس دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا ہے (سورہ حدید)

اگر چہ اللہ کے حکم کو ماننے کے لئے ایک آیت، اور ایک جملہ بھی کافی تھا، لیکن جب اللہ تعالیٰ نے ایک سے زیادہ مقامات پر دنیا کی زندگی کو صاف طور پر کھیل اور تماشا قرار دے دیا، تو پھر ہر مومن کو اس بات پر ایمان لانا ضروری ہو گیا کہ واقعتاً دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا ہے۔

دراصل ''لہو'' (یعنی تماشا) ایسی غیر مقصودی چیز کو کہا جاتا ہے، جو اصل مقصود سے غفلت کا باعث بنے، اور ''لعب'' یعنی کھیل، دراصل فضول اور لایعنی مشغلہ کو کہا جاتا ہے۔

دنیا کا کھیل و تماشا ہونا، دراصل آخرت کے مقابلہ میں ہے، جس کے کھیل و تماشا ہونے کی حقیقت مرتے ہی فوراً کھل کر ہر انسان کے سامنے آجاتی ہے، جب اس کی آنکھوں کے سامنے آخرت آتی ہے، تو وہ خود اس کے مقابلہ میں دنیا اور اس کی ہر چیز کو کھیل تماشا ماننے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

اور دنیا کی زندگی میں جو نیک اعمال کیے جاتے ہیں، وہ درحقیقت دنیا کے کام نہیں، بلکہ آخرت کے اعمال ہیں، اس لیے نیک اعمال، کھیل تماشا نہیں ہیں۔

اس لئے دنیا کی زندگی کے کھیل تماشا میں لگ کر، اور اس سے دھوکہ کھا کر اپنی آخرت سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔ [1]

اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] وما هذه الحياة الدنيا اشارة تحقير إلا لهو وهو ما يشغله عما يغنيه فان اشتغال المرء بالدنيا يشغله عما يفيده فى الحيوة المؤبدة ولعب اى عبث سميت بها لانها فانية وما يفعل المرء فى الحيوة الدنيا من الطاعات فهى ليست من الدنيا بل هى من امور الاخرة لظهور ثمرتها فيها وإن الدار الآخرة لهى الحيوان اى دار الحيوان يعنى ليس فيها الا الحيوة لامتناع طريان الموت عليها او جعلت ذاتها حيوة للمبالغة والحيوان مصدر بمعنى الحيوة أصله حييان قلبت الياء الثانية واو او هو ابلغ من الحيوة لما فى بناء فعلان من الدلالة من الحركة والاضطراب اللازم للحيوة ولذلک اختير عنها هاهنا لو كانوا يعلمون فناء الدنيا وبقاء الاخرة لم يؤثروا الدنيا على الاخرة(التفسير المظهرى، ج۷ص۲۱۴، سورة العنكبوت)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 4)

دنیا کی زینت، دھوکہ کا سامان ہے

ایک طرف تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دنیا کی زندگی کا کھیل، تماشا ہونا، واضح فرمادیا، جو آخرت سے غفلت پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔

دوسری طرف اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بار بار یہ بھی واضح فرمادیا کہ دنیا کا یہ کھیل اور تماشا، اتنا مہلک ہے کہ بہت سے لوگ اسی کھیل اور تماشا کو اپنا دین بنا لیتے ہیں، جس کی وجہ یہ ہے کہ دنیا کی زیب وزینت، اس کی رمق دمق، اور اس کا ساز وسامان، انسان کو دھوکہ میں ڈالنے کا بہت بڑا سبب ہے، جس سے پہلی قومیں بھی دھوکہ کھا کر اپنی آخرت کو تباہ کر چکی ہیں، اور اس دنیا سے رخصت ہونے پر دنیا کے اس دھوکہ سے ہر انسان کی آنکھوں سے پردہ اٹھ جاتا ہے، اور وہ اس کے دھوکہ ودغاباز ہونے کا خود اعتراف کر لیتا ہے۔

سورہ آلِ عمران کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَآبِ. قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ

(سورة آل عمران، رقم الآيات ۱۴،۱۵)

ترجمہ: مزین کردی گئی لوگوں کے لئے محبت شہوت کی، عورتوں کی، اور بیٹوں کی، اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانے کی، اور نشان زدہ (یعنی خوبصورت) گھوڑوں اور مویشیوں کی، اور کھیتی کی، یہ سامان ہے دنیا کی زندگی کا، اور اللہ ہی ہے کہ اس کے پاس اچھا ٹھکانہ ہے، کہہ دیجئے کہ کیا خبر دوں میں تم کو ان چیزوں سے بہتر کی، ان لوگوں کے لئے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا، ان کے رب کے پاس جنتیں ہیں، جاری ہیں ان کے نیچے سے نہریں، ہمیشہ رہیں گے یہ لوگ اس میں، اور بیویاں ہیں پاکیزہ، اور رضامندی ہے اللہ کی، اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے بندوں کو (سورہ آلِ عمران)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی مذکورہ چیزیں مزین اور خوبصورت ضرور ہیں، لیکن یہ چیزیں اصل کامیابی کی دلیل نہیں ہیں، بلکہ اصل کامیابی آخرت اور جنت کی ہے، جو اللہ سے ڈرنے اور اس کے احکام پر چلنے سے حاصل ہوتی ہے۔

سورہ آلِ عمران کا دوسرا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ. لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ (سورة آل عمران، رقم الآيات ١٨٥، ١٨٦)

ترجمہ: ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے، اور بس پورا پورا دیا جائے گا تم کو تمہارا

بدلہ قیامت کے دن، پس جو کوئی بچا لیا گیا آگ سے، اور داخل کر دیا گیا جنت میں، تو بلاشبہ کامیاب ہوگیا وہ، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر دھوکہ کا سامان، یقیناً آزمائش کی جائے گی تمہاری، تمہارے مالوں میں، اور تمہاری جانوں میں اور ضرور بالضرور سنو گے تم ان لوگوں سے، جنہیں دی گئی کتاب تم سے پہلے، اور ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا، بہت تکلیف دہ باتوں کو، اور اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے (سورہ آلِ عمران)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی اصل زندگی نہیں ہے، بلکہ اس کا اختتام موت پر ہونے والا ہے، اور اصل کامیابی آخرت کی ہے، جو جہنم سے بچنے اور جنت حاصل ہونے کی شکل میں عطاء ہوگی، اور مومنوں کا جان اور مال میں اللہ کی طرف سے دنیا میں امتحان لیا جائے گا اور دیکھا جائے گا کہ کون اپنے مال اور جان کو اللہ کے لئے خرچ کرتا ہے، اور کون نہیں، اور اسی کے ساتھ اہلِ کتاب اور مشرکوں کی طرف سے مومنوں کو تکلیف دہ باتوں کو سننے کی شکل میں بھی امتحان لیا جائے گا، کہ کون ان کی باتیں سن کر تقویٰ اور صبر کا دامن تھامے رکھتا ہے، اور کون چھوڑ دیتا ہے۔

سورہ انعام کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖ أَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ وَإِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ أُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِنْ حَمِيْمٍ وَعَذَابٌ أَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ (سورة الأنعام، رقم الآية ٧٠)

ترجمہ: اور (اے محمد) چھوڑ دیجئے آپ ان لوگوں کو جنہوں نے بنا لیا ہے، اپنے دین کو کھیل اور تماشا، اور دھوکہ میں ڈال دیا ان کو دنیا کی زندگی نے، اور نصیحت کیجئے آپ اس قرآن کے ذریعہ سے، تاکہ گرفتار نہ ہو جائے کوئی نفس اپنے کرتوتوں کی وجہ سے، نہیں ہوگا اس (نفس) کے لئے اللہ کے علاوہ کوئی دوست، اور نہ کوئی شفاعت کرنے والا، اور اگر معاوضہ دے وہ ہر طرح کا معاوضہ، تو نہیں لیا جائے گا اس سے، یہی وہ لوگ ہیں، جو گرفتار کردئے گئے اپنے کرتوتوں کی وجہ سے، ان کے لئے پانی ہوگا تپتا ہوا اور عذابِ الیم ہوگا، بوجہ اس کے کہ وہ کفر اختیار کرتے تھے (سورہ انعام)

معلوم ہوا کہ جو لوگ اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا لیتے ہیں، ان کو دراصل دنیا کی زندگی دھوکہ میں ڈال دیتی ہے، اور ان کے لئے آخرت میں سخت عذاب ہے۔

سورہ انعام کا دوسرا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ انعام میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ آيَاتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰى أَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا كَافِرِيْنَ (سورة الأنعام، رقم الآية ١٣٠)

ترجمہ: اے جن اور انس کے گروہ! کیا نہیں آئے تھے، تمہارے پاس رسول تم میں سے، جو بیان کرتے تھے تم پر میری آیات کو اور ڈراتے تھے تم کو تمہارے اس دن کی ملاقات سے، کہیں گے وہ کہ گواہی دیتے ہیں ہم اپنی جانوں پر، اور دھوکہ میں ڈال دیا تھا، ان کو دنیا کی زندگی نے، اور گواہی دیں گے وہ اپنی جانوں پر کہ

Idara Ghufran

بے شک تھے وہ کافر (سورہ انعام)

معلوم ہوا کہ جن لوگوں کو دنیا کی زندگی دھوکہ میں ڈال دیتی ہے، وہ آخرت میں سخت ذلت ورسوائی اٹھائیں گے۔

سورہ اعراف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَیَاةُ الدُّنْیَا فَالْیَوْمَ نَنْسَاهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَاءَ یَوْمِهِمْ هٰذَا وَمَا كَانُوْا بِآیَاتِنَا یَجْحَدُوْنَ (سورة الأعراف، رقم الآیة ۵۱)

ترجمہ: جنھوں نے بنایا لیا تھا، اپنے دین کو تماشا اور کھیل، اور دھوکہ میں ڈال دیا تھا، ان کو دنیا کی زندگی نے، پس آج کے دن بھلا دیں گے ہم ان کو، جس طرح بھلا دیا تھا انہوں نے اپنے اس دن کی ملاقات کو، اور جس طرح کہ وہ ہماری آیات کا انکار کیا کرتے تھے (سورہ اعراف)

معلوم ہوا کہ جو لوگ دنیا کو کھیل تماشا، بنالیتے ہیں، ان کو دراصل دنیا کی زندگی، اور اس کی سرسبزو شادابی دھوکہ میں مبتلاء کر دیتی ہے، اور آخرت سے غافل کر دیتی ہے، ایسے لوگوں کو آخرت میں اللہ اسی طرح بھلا دے گا، جس طرح انہوں نے دنیا میں لگ کر اللہ کو بھلایا۔

سورہ توبہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِی الْحَیَاةِ الدُّنْیَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ (سورة التوبة، رقم الآیة ۵۵)

ترجمہ: پس نہ تعجب میں ڈالے آپ کو ان کے اموال، اور نہ ان کی اولاد، بس

چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اس حال میں کہ وہ کافر ہوں (سورہ توبہ)

سورہ توبہ کا دوسرا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ توبہ ہی میں ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ أَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ (سورة التوبة، رقم الآية ٨٥)

ترجمہ: اور تعجب میں نہ ڈالے آپ کو ان کے اموال اور ان کی اولاد، بس چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اس حال میں کہ وہ کافر ہوں (سورہ توبہ)

معلوم ہوا کہ دنیا میں جو کافروں کو مختلف طرح کے مال اور اولاد کی شکل میں دنیا کی چیزیں دی گئیں، اور وہ آخرت سے غافل رہے، تو ان سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے، ان کے ساتھ اللہ کی طرف سے آخرت میں سخت عذاب والا معاملہ کیا جائے گا۔

سورہ یونس کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ. إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتّٰى إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُوْنَ عَلَيْهَا أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيْدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ. وَاللّٰهُ يَدْعُوْ إِلٰى

دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (سورۃ یونس، رقم الآیات ۲۳ الیٰ ۲۵)

ترجمہ: اے لوگو بس تمہاری سرکشی کا وبال تمہاری جانوں پر ہی پڑے گا، دنیا کی زندگی کا نفع اٹھالو، پھر ہماری طرف ہی تمہارے لوٹنے کی جگہ ہے، پھر ہم بتلادیں گے تمہیں جو کچھ تم کیا کرتے تھے، بس دنیا کی زندگی کی مثال پانی کی طرح ہے، نازل کیا ہم نے اس کو آسمان سے، پھر مل گئی اس کے ساتھ زمین کی نباتات، جس سے کھاتے ہیں، لوگ اور چوپائے، یہاں تک کہ جب پکڑ لیا زمین نے اپنی رونق کو، اور خوبصورت ہوگئی وہ، اور گمان کرلیا زمین والوں نے کہ بے شک وہ قادر ہیں، اس پر، تو آ گیا اس پر ہمارا فیصلہ رات میں، یا دن میں، تو کردیا ہم نے اس کو چٹیل گویا کہ کچھ بھی نہ تھا کل، اسی طرح ہم بیان کرتے ہیں نشانیوں کو، اس قوم کے لئے جو فکر کرے، اور اللہ بلاتا ہے سلامتی والے گھر کی طرف، اور ہدایت دیتا ہے وہ، جس کو چاہتا ہے صراطِ مستقیم کی طرف (سورہ یونس)

مذکورہ آیات سے بہت آسان طریقہ پر دنیا کی زندگی کی حقیقت معلوم ہوگئی۔

سورہ کہف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا . وَإِنَّا لَجَاعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا (سورۃ الکهف، رقم الآیات ۷ و ۸)

ترجمہ: بے شک بنادیا ہم نے ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں، زینت، اس (زمین) کے لئے، تاکہ آزمائیں ہم ان (لوگوں) کو کہ کون ہے ان میں، زیادہ اچھا عمل کے اعتبار سے، اور بلاشبہ یقیناً کرنے والے ہیں ہم، ان چیزوں کو جو اس

(زمین) پر ہیں، چٹیل میدان (سورہ کہف)

مطلب یہ ہے کہ اللہ نے زمین پر زینت اور رونق کی چیزیں، اس لئے رکھی ہیں، تا کہ اللہ کی ان مخلوقات کو دیکھ کر کون صحیح فائدہ اٹھائے اور نیک عمل کرے، اور کون ان چیزوں میں مگن ہو کر اللہ کو بھول جائے، اور ایک دن زمین کی ان سب چیزوں کی رونق اللہ تعالیٰ ختم کر کے اس کو ایک چٹیل میدان میں تبدیل فرما دے گا۔

سورہ طٰہٰ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى (سورة طٰهٰ، رقم الآية ۱۳۱)

ترجمہ: اور نہ اٹھایئے آپ اپنی آنکھوں کو ان چیزوں کی طرف، کہ برتنے کے لئے دیا ہم نے ان (چیزوں) کو مختلف طرح کی ان (لوگوں) میں سے، دنیا کی زندگی کی رونق کی، تا کہ آزمائیں ہم ان (لوگوں) کو ان (چیزوں) میں، اور آپ کے رب کا رزق بہتر ہے، اور زیادہ باقی رہنے والا ہے (سورہ طٰہٰ)

مطلب یہ ہے کہ کفار کو اللہ نے جو مختلف قسم کی مزین چیزیں عطاء فرمائی ہیں، ان کا مقصد آزمائش اور امتحان و ابتلاء ہے، اور ان کفار کو حاصل مزین چیزوں کے مقابلہ میں، اللہ جو حلال رزق عطاء فرمائے، وہ بہتر اور ثواب کی شکل میں باقی رہنے والا ہے۔

سورہ روم کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْآخِرَةِ هُمْ غَافِلُوْنَ .أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْ أَنْفُسِهِمْ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا

إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ

(سورة الروم، رقم الآية ۷،۸)

ترجمہ: جانتے ہیں وہ (لوگ) ظاہر کو دنیا کی زندگی کے، اور وہ (لوگ) آخرت سے وہی (لوگ) غفلت اختیار کرنے والے ہیں، کیا تفکر نہیں کیا انہوں نے، اپنی جانوں کے اندر، نہیں پیدا کیا اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور ان (چیزوں) کو جو ان (دونوں) کے درمیان میں ہیں، مگر حق کے ساتھ اور وقتِ مقرر تک، اور بے شک لوگوں میں سے اکثر اپنے رب کی ملاقات کے یقیناً منکر ہیں (سورہ روم)

معلوم ہوا کہ دنیا کے ظاہر سے دھوکہ کھانا کافروں کا طریقہ ہے۔

جو لوگ اللہ کے ساتھ کفر کرتے ہیں، ان کا علم دنیا کے ظاہر تک محدود ہے، اور وہ آخرت سے غافل ہیں، حالانکہ اللہ نے انسانوں اور زمین و آسمان اور ان کے مابین مخلوق کو فضول و بے کار پیدا نہیں فرمایا، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا کی ظاہری زیب و زینت پر فریفتہ ہو کر آخرت اور اپنے اصلی مقصد سے غافل نہیں ہونا چاہئے۔

سورہ لقمان کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَّلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَّالِدِهِ شَيْئًا إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (سورة لقمان، رقم الآية ۳۳)

ترجمہ: اے لوگو! ڈرو تم اپنے رب سے، اور ڈرو تم اس دن سے کہ نہیں بدلہ دے گا والد، اولاد کی طرف سے، اور نہ ہی اولاد، بدلہ دینے والی ہو گی، اپنے والد کی طرف سے کسی چیز کا، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے، پس ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو دنیا کی

زندگی، اور ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو (کوئی) دھوکہ میں ڈالنے والا (سورہ روم)

اس آیت سے بھی معلوم ہوا کہ دنیا کی زندگی سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے، دنیا کا ساز وسامان اور محض آل واولاد، اور آباء واجداد کا رشتہ، آخرت میں کام نہیں آئے گا۔

سورہ فاطر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ .إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا إِنَّمَا يَدْعُوْ حِزْبَهُ لِيَكُوْنُوْا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيْرِ .اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّأَجْرٌ كَبِيْرٌ. أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوْءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَنًا فَإِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ .فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ (سورة فاطر، رقم الآيات ۵ الیٰ ۸)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے، پس ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو دنیا کی زندگی، اور ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو اللہ سے دھوکہ میں ڈالنے والا، بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے، تو بناؤ تم اس کو دشمن، بس دعوت دیتا ہے اس (شیطان) کا لشکر، تاکہ ہوجاؤ تم جہنم والوں میں سے، جن لوگوں نے کفر کیا، ان کے لئے شدید عذاب ہے، اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل کیے نیک، ان کے لئے مغفرت ہے اور بڑا اجر ہے، کیا پس وہ شخص کہ مزین کردیا گیا اس کے لئے اس کا برا عمل، پھر خیال کرتا ہے وہ، اس کو اچھا، پس بے شک اللہ گمراہ کرتا ہے، جس کو چاہتا ہے، اور ہدایت دیتا ہے، جس کو چاہتا ہے، پس (اے محمد) تیری جان نہ چلی

جائے ان (کافروں کے ایمان نہ لانے) پر افسوس کر کے، بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے ان چیزوں کو جو کرتے ہیں وہ (لوگ) (سورہ فاطر)

مطلب یہ ہے کہ دنیا فانی ہے، اور اس کے بعد قیامت اور آخرت کا وعدہ برحق ہے، اور اصل زندگی وہی آخرت کی زندگی ہے، لہٰذا دنیا کی زندگی سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، اور دھوکہ دینے والے شیطان سے بھی دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، جو کہ جہنم کے عذاب کی طرف بلاتا ہے، اور برے عمل کو مزین کر کے پیش کرتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا کی زندگی اور اس کی زیب و زینت سے دھوکہ کھا کر آخرت سے غفلت نہیں کرنی چاہئے، ورنہ جہنم کے عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

مذکورہ آیات میں بھی اللہ تعالیٰ نے دنیا کی زندگی سے دھوکہ کھانے سے منع فرمایا ہے، اور یہ واضح فرمایا ہے کہ شیطان دنیا کو مزین بنا کر دھوکہ میں ڈالتا ہے۔

سورہ حدید کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ حدید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِعْلَمُوْا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ. سَابِقُوْا إِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (سورة الحديد، رقم الآيات ٢٠، ٢١)

ترجمہ: جان لو تم کہ بس دنیا کی زندگی کھیل ہے اور تماشا ہے اور زینت ہے اور

تمہارا آپس میں ایک دوسرے پر بڑائی جتانا ہے اور اموال اور اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے، اس بارش کی طرح کہ خوش کردیا کفار کواس کی نباتات نے، پھر پک جاتی ہے وہ، پھر دیکھتا ہے اس کو تو کہ زرد ہے، پھر چُورا ہو جاتی ہے وہ، اور آخرت میں (یا تو) بہت سخت عذاب ہے اور (یا) اللہ کی طرف سے بڑی بخشش اور خوشنودی ہے، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی مگر دھوکہ کا سامان۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو تم اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف، جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کی طرح ہے، تیار کی گئی ہے وہ، اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر، یہ اللہ کا فضل ہے، عطاء کرتا ہے وہ اُس کو، جسے چاہتا ہے وہ، اور اللہ بڑے فضل والا ہے

(سورہ حدید)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی لہو ولعب، کھیل تماشا اور زینت و رونق کی چیز ہے، جس کے ذریعہ سے ایک دوسرے پر فخر کیا جاتا ہے، اور مال اور اولاد کو ایک دوسرے سے زیادہ بڑھانے کی کوشش کی جاتی ہے، جس کی مثال تروتازہ اُگنے والی کھیتی کی طرح ہے، جس کا انجام ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے، اور اصل کامیابی اور ناکامی کا دارومدار ان چیزوں کے بجائے آخرت پر ہے، جس میں بعض کے لیے شدید عذاب ہے، اور بعض کے لئے اللہ کی رضاء اور اس کی مغفرت ہے، اور دنیا کی زندگی اس کے مقابلہ میں صرف دھوکہ کا سامان ہے۔

معلوم ہوا کہ دنیا کی زیب وزینت اور رونق، انسان کو دھوکہ میں مبتلاء کر کے فساد کا باعث بنتی ہے۔

ابوسعید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيهَا، فَيَنْظُرُ كَيْفَ تَعْمَلُونَ، فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، فَإِنَّ أَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَانَتْ فِي النِّسَاءِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٧٤٢ "٩٩" كتاب الرقاق، باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء . وبيان الفتنة بالنساء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا سرسبز، میٹھی ہے، اور بے شک اللہ اس دنیا میں تمہیں خلیفہ (قائم مقام) بنانے والا ہے، پس وہ دیکھے گا کہ تم کیسا عمل کرتے ہو، پس تم دنیا سے ڈرنا، اور تم عورتوں سے ڈرنا، کیونکہ بنی اسرائیل کا سب سے پہلا فتنہ عورتوں میں تھا (مسلم)

ابوسعید رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مَا يُخْرِجُ اللّٰهُ مِنْ نَبَاتِ الْأَرْضِ وَزَهْرَةِ الدُّنْيَا ، فَقَالَ رَجُلٌ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَوَ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ حَتّٰى رَأَيْنَا أَنَّهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، قَالَ: وَغَشِيَهُ بُهْرٌ وَعَرَقٌ، فَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ؟ فَقَالَ: هَا أَنَا ذَا وَلَمْ أُرِدْ إِلَّا خَيْرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي إِلَّا بِالْخَيْرِ، إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِي إِلَّا بِالْخَيْرِ، وَلٰكِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَكُلُّ مَا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ يَقْتُلُ حَبَطًا، أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةُ الْخَضِرِ، فَإِنَّهَا أَكَلَتْ حَتّٰى امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا، وَاسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ، ثُمَّ عَادَتْ فَأَكَلَتْ

فَمَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يُبَارَكْ لَهُ، وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۰۳۵) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر تشریف فرما ہونے کی حالت میں فرمایا کہ مجھے سب سے زیادہ تم پر زمین کی پیداوار اور اس کی رونق (اور زیب وزینت) کا خوف ہے، تو ایک آدمی نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! کیا خیر بھی شر کو لاتی ہے، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے، یہاں تک کہ ہم نے دیکھا کہ آپ پر وحی نازل ہونے لگی ہے، اور آپ پر کپکپی اور پسینہ طاری ہو گیا، پھر آپ نے فرمایا کہ سوال کرنے والا کہاں ہے؟ اس نے کہا کہ میں یہاں ہوں، اور میرا مقصد تو صرف بھلائی کا تھا (یعنی میں نے برے مقصد کے لئے سوال نہیں کیا تھا، بلکہ اچھے مقصد کے لئے سوال کیا تھا)

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، لیکن دنیا سرسبز، میٹھی ہے، اور موسمِ بہار، جس سبزہ کو اگاتی ہے، تو وہ (سبزہ بسیار خوری و) بدہضمی کے باعث جانور کو یا تو بالکل ہلاک کر دیتا ہے، یا ہلاکت کے قریب پہنچا دیتا ہے، سوائے اس طرح کھانے والے کے، جو اس کو کھاتا ہے، اور جب اس کی دونوں کوکھیں بھر جاتی ہیں، تو سورج کے سامنے آجاتا ہے (تاکہ وہاں جگالی کرے، اور پیٹ گرم ہو کر کھانا ہضم ہو جائے) پھر وہ قضائے حاجت (پیشاب و پاخانہ) کرتا ہے، پھر اس کے بعد دوبارہ چرتا ہے (کہ وہ نہ تو ہلاک ہوتا، نہ ہلاکت کے قریب پہنچتا، اسی طرح ضرورت کے بقدر مال و دنیا حاصل کرنے اور اس کو صحیح مصرف

؎ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد قوى (حاشية مسند احمد)

میں خرچ کرتے رہنے والے شخص کی بھی حالت ہے) پس جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ (یعنی حلال طریقہ، اور حلال مقصد سے) حاصل کرتا ہے، تو اس کے لئے اس مال میں برکت دی جاتی ہے، اور جو شخص اس مال کو بغیر اس کے حق کے (یعنی ناحق طریقہ پر، یا ناحق مقصد سے) لیتا ہے، تو اس کے لئے برکت نہیں دی جاتی، اور یہ ایسا ہوتا ہے، جیسا کہ کھاتا جاتا ہے، لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا (مسنداحمد)

حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَأَعْطَانِیْ ثُمَّ سَأَلْتُہٗ، فَأَعْطَانِیْ ثُمَّ قَالَ لِیْ:یَا حَکِیْمُ، إِنَّ ھٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ، فَمَنْ أَخَذَہٗ بِسَخَاوَۃِ نَفْسٍ، بُوْرِکَ لَہٗ فِیْہِ وَمَنْ أَخَذَہٗ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ، لَمْ یُبَارَکْ لَہٗ فِیْہِ، وَکَانَ کَالَّذِیْ یَأْکُلُ وَلَا یَشْبَعُ، وَالْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۲۷۵۰، کتاب الوصایا، باب تأویل قول اللہ تعالی:"من بعد وصیة توصون بھا أو دین")

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا، تو آپ نے دیا، میں نے پھر مانگا تو آپ نے دیا، پھر فرمایا کہ اے حکیم! یہ مال سرسبز وشاداب اور میٹھا ہے، جو اس کو سخاوتِ نفس کے ساتھ لے، تو اس میں برکت دی جاتی ہے اور جو لالچ کے ساتھ اس کو لے، تو اس میں برکت نہیں رہتی اور ایسا شخص اس کی طرح ہے، جو کھاتا ہے، لیکن پیٹ نہیں بھرتا، اوپر والا (یعنی دینے والا) ہاتھ نیچے والے (یعنی لینے والے) ہاتھ سے بہتر ہے (بخاری)

معلوم ہوا کہ دنیا کی زینت اور رونق اور اس کی سرسبز و شادابی انسان کو دھوکہ میں مبتلاء کر کے اس کی آخرت کی تباہی کا سبب بن جاتی ہے۔

عائشہ، سفینہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے گھر اور لباس میں زیب و زینت اور نقش ونگار کا تکلف بھی پسند نہیں تھا، جو دنیا کی طرف متوجہ کرے، یا اسراف وفضول خرچی پر مشتمل ہو۔

چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

كَانَ لَنَا سِتْرٌ فِيهِ تِمْثَالُ طَائِرٍ، وَكَانَ الدَّاخِلُ إِذَا دَخَلَ اِسْتَقْبَلَهُ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَوِّلِيْ هٰذَا، فَإِنِّيْ كُلَّمَا دَخَلْتُ فَرَأَيْتُهُ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۱۰۷ "۸۸" كتاب اللباس والزينة ،باب: تحريم تصوير صورة الحيوان الخ)

ترجمہ: ہمارے ہاں ایک پردہ تھا، جس میں پرندوں کی تصویریں تھیں، اور داخل ہونے والا، جب داخل ہوتا، تو وہ پردہ اس کے سامنے آتا تھا، تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کو یہاں سے ہٹادو، کیونکہ میں جب جب بھی (گھر میں) داخل ہوتا ہوں، اور اس کو دیکھتا ہوں، تو دنیا کو یاد کرتا ہوں (صحیح مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

كَانَ لَنَا سِتْرٌ فِيهِ تَمَاثِيلُ طَيْرٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ حَوِّلِيهِ، فَإِنِّيْ إِذَا رَأَيْتُهُ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا (مسند احمد، رقم الحديث ۲۶۰۴۳) [1]

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: ہمارا ایک پردہ تھا، جس میں پرندوں کی تصویریں تھیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ، اس پردہ کو یہاں سے ہٹادو، کیونکہ میں جب اس کو دیکھتا ہوں، تو دنیا کو یاد کرتا ہوں (مسند احمد)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ، وَكُنْتُ أَتَحَيَّنُ قُفُوْلَهُ، فَأَخَذْتُ نَمَطًا كَانَ لَنَا، فَسَتَرْتُهُ عَلَى الْعَرَضِ، فَلَمَّا جَاءَ اِسْتَقْبَلْتُهُ، فَقُلْتُ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَعَزَّكَ وَأَكْرَمَكَ، فَنَظَرَ إِلَى الْبَيْتِ فَرَأَى النَّمَطَ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا، وَرَأَيْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِيْ وَجْهِهِ.
فَأَتَى النَّمَطَ حَتّٰى هَتَكَهُ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَأْمُرْنَا فِيْمَا رَزَقَنَا أَنْ نَّكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَاللَّبِنَ قَالَتْ: فَقَطَعْتُهُ وَجَعَلْتُهُ وِسَادَتَيْنِ، وَحَشَوْتُهُمَا لِيْفًا، فَلَمْ يُنْكِرْ ذٰلِكَ عَلَيَّ (سنن أبی داود، رقم الحدیث ۴۱۵۳، کتاب اللباس، باب فی الصُّور) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض غزوات میں گئے ہوئے تھے، اور میں آپ کی واپسی کی منتظر تھی، تو میں نے ایک چادر کو لیا اور پھر میں نے اس کو چوڑائی میں (چوکھٹ پر) ڈال دیا، پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، تو میں نے آپ کا استقبال کیا، اور میں نے کہا کہ "اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ" سب تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے آپ کو اعزاز واکرام عطاء فرمایا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر پر نظر ڈالی، تو چادر کے پردہ کو دیکھا، اور آپ نے میری کسی بات کا جواب

[1] قال شعیب الأرنؤوط:
إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

نہیں دیا اور میں نے آپ کے چہرہ پر نا گواری دیکھ لی۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چادر کے پردہ کے پاس تشریف لائے، یہاں تک کہ اسے کھینچ ڈالا، پھر آپ نے فرمایا کہ اللہ نے ہمیں جو مال عطاء فرمایا ہے، تو اس میں ہمیں یہ حکم نہیں دیا کہ ہم پتھروں اور اینٹوں کو کپڑا پہنائیں، عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ پھر میں نے اس چادر کو کاٹ دیا اور اس کے دو تکیے بنا لیے اور ان کے درمیان میں کھجور کی چھال بھر دی، تو میرے اس عمل پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکیر (وتنبیہ) نہیں فرمائی (سنن ابی داود)

اور حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ بَيْتًا مَرْقُوْمًا

(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٣٥٤، كتاب التاريخ، باب من صفته صلى الله عليه وسلم، وأخباره) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نقش ونگار والے گھر میں داخل نہیں ہوا کرتے تھے (ابنِ حبان)

حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا، أَضَافَ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ فَصَنَعَ لَهُ طَعَامًا فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: لَوْ دَعَوْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَكَلَ مَعَنَا فَدَعَوْهُ فَجَاءَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى عِضَادَتَيِ الْبَابِ ،فَرَأَى الْقِرَامَ قَدْ ضُرِبَ بِهِ فِيْ نَاحِيَةِ الْبَيْتِ فَرَجَعَ ،فَقَالَتْ فَاطِمَةُ لِعَلِيٍّ: اِلْحَقْهُ فَانْظُرْ مَا رَجَعَهُ فَتَبِعْتُهُ فَقُلْتُ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رَدَّكَ ؟قَالَ:إِنَّهُ لَيْسَ لِيْ أَوْ لِنَبِيٍّ أَنْ

[1] قال شعيب الأرنؤوط:
إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

يَدْخُلَ بَيْتًا مُزَوَّقًا (سنن أبى داود،رقم الحديث ٣٧٥٥، كتاب الأطعمة ،باب إجابة الدعوة إذا حضرها مكروه) ؎۱

ترجمہ: ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ضیافت کی اور آپ کے لئے کھانا بنایا، تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ کاش ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی بلا لیتے اور آپ ہمارے ساتھ کھانا کھاتے، پس انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی دعوت دی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور آپ نے اپنا دست مبارک میرے دروازہ کی چوکھٹ پر رکھا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر کے ایک کونے میں نقش ونگار والا پردہ دیکھا، تو آپ واپس لوٹ گئے، حضرت فاطمہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آپ رسول اللہ کے پیچھے جائیے اور آپ سے عرض کیجئے کہ آپ کو کس چیز نے واپس لوٹایا، حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے گئے، اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ واپس کیوں لوٹے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک میرے، یا کسی نبی کے لیے یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ نقش ونگار (اور زیب وزینت) والے گھر میں داخل ہو (سنن ابی داود)

اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ ؎۲

؎۱ قال شعيب الأرنؤوط:
إسناده حسن(حاشية سنن ابى داود)

؎۲ عن سعيد بن جمهان، قال: سمعت سفينة يحدث أن رجلا ضاف على بن أبى طالب فصنعوا له طعاما، فقالت فاطمة: لو دعونا رسول الله صلى الله عليه وسلم فأكل معنا، فأرسلوا إليه، فجاء فأخذ بعضادتى الباب، فإذا قرام قد ضرب به فى ناحية البيت، فلما رآه رسول الله صلى الله عليه وسلم رجع، فقالت فاطمة لعلى: اتبعه، فقل له: ما رجعك؟ فتبعه، فقال: ما رجعك يا رسول الله؟ قال: " إنه ليس لى، أو ليس لنبى، أن يدخل بيتا مزوقا "(مسند احمد،رقم الحديث ٢١٩٢٢)
قال شعيب الأرنؤوط:إسناده حسن(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اورامام حاکم نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ [1]

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ فَاطِمَةَ، فَلَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهَا، وَجَاءَ عَلِيٌّ، فَذَكَرَتْ لَهُ ذٰلِكَ، فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ عَلٰى بَابِهَا سِتْرًا مَوْشِيًّا، فَقَالَ: مَا لِي وَلِلدُّنْيَا فَأَتَاهَا عَلِيٌّ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهَا، فَقَالَتْ: لِيَأْمُرْنِي فِيهِ بِمَا شَاءَ، قَالَ: تُرْسِلُ بِهِ إِلٰى فُلَانٍ، أَهْلِ بَيْتٍ بِهِمْ حَاجَةٌ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٢٦١٣، كتاب الهبة وفضلها، والتحريض عليها، باب هدية ما يكره لبسها)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لائے، لیکن اندر داخل نہیں ہوئے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے، تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ان سے اس کا تذکرہ کیا، پھر انہوں نے جا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ وسوال کیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے فاطمہ کے دروازہ پر نقش ونگار والا پردہ دیکھا تھا، پھر فرمایا کہ مجھے دنیا سے کیا واسطہ؟ پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آ کر اس بات کا ذکر کیا، تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس پردہ کے متعلق مجھے جو حکم فرمائیں گے، تو میں اسی پر عمل کروں گی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

---

[1] عن سعيد بن جمهان، عن سفينة، أن عليا رضى الله عنهما، أضاف رجلا، وصنع له طعاما، فقال: لو دعونا رسول الله صلى الله عليه وسلم فأكل معنا، فدعوا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فجاء فرأى فراشا، قد ضرب فى ناحية البيت، فرجع فقالت فاطمة: ارجع فقل له: ما رجعك يا رسول الله؟ فذهب فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس لنبى أن يدخل بيتا مزوقا (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٢٧٥٨، كتاب النكاح)

قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح

کہ تم اس پردہ کو فلاں گھر والوں کو بھیج دو، وہ حاجت مند ہیں (صحیح بخاری)

اس سلسلہ کی بعض روایات میں یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے دنیا اور مجھے نقش ونگار سے کیا واسطہ؟ [1]

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھر میں زیب وزینت کا تکلف، اور اس میں اسراف پسند نہیں تھا، اور ایسے گھر میں داخل ہونا بھی پسند نہیں تھا۔ اور اس کی وجہ یہی تھی کہ دنیا کی زیب وزینت اور تکلفات، آخرت سے غافل کرنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

---

[1] عن عبد الله بن عمر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى فاطمة فوجد على بابها سترا، فلم يدخل عليها. وقلما كان يدخل إلا بدأ بها قال: فجاء علي فرآها مهتمة،فقال: ما لك؟ فقالت: جاء إلي رسول الله صلى الله عليه وسلم، فلم يدخل علي. فأتاه علي فقال: يا رسول الله، إن فاطمة اشتد عليها أنك جئتها فلم تدخل عليها، فقال: " وما أنا والدنيا، وما أنا والرقم ."قال: فذهب إلى فاطمة فأخبرها بقول رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقالت: فقل لرسول الله صلى الله عليه وسلم: فما تأمرني به؟ فقال: " قل لها ترسل به إلى بني فلان "(مسند احمد،رقم الحديث٤٧٢٧)

قال شعيب الأرنؤوط:إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

(فصل نمبر 5)

دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کا وبال

دنیا کے لہو ولعب، کھیل تماشا، اور زیب وزینت اور دھوکہ کی چیز ہونا، اس لئے ہے کہ آخرت جو اصل مقصود ہے، یہ اس سے غفلت پیدا کرتی ہے، اس لئے اس موقع پر ضروری ہے کہ آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی حیثیت، اور اس کو ترجیح دینے کے وبال کو بھی ملاحظہ کرلیا جائے۔

احادیثِ مبارکہ میں اس کا ذکر موجود ہے، قرآن مجید میں بھی اللہ تعالیٰ نے بڑے اہتمام کے ساتھ مختلف شکلوں میں اس کو واضح فرمادیا ہے۔

ذیل میں اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

سورہ آلِ عمران کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الْمَآبِ .قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ

(سورة آل عمران، رقم الآيات ۱۴، ۱۵)

ترجمہ: مزین کردی گئی لوگوں کے لئے خواہشات کی محبت، یعنی عورتوں کی، اور بیٹوں کی، اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانوں کی، اور نشان زدہ (یعنی

خوبصورت) گھوڑوں اور مویشیوں کی، اور کھیتی کی، یہ سامان ہے دنیا کی زندگی کا، اور اللہ ہی کے پاس اچھا ٹھکانہ ہے، کہہ دیجئے کہ کیا خبر دوں میں تم کو ان چیزوں سے بہتر کی، ان لوگوں کے لئے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا، ان کے رب کے پاس جنتیں ہیں، جاری ہیں، ان کے نیچے سے نہریں، ہمیشہ رہیں گے یہ لوگ اس میں، اور بیویاں ہیں پاکیزہ، اور رضامندی ہے اللہ کی، اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے بندوں کو (سورہ آلِ عمران)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی مذکورہ چیزیں مزین اور خوبصورت ضرور ہیں، لیکن یہ چیزیں صرف دنیا کا عارضی سامان ہیں اور اصل کامیابی کی دلیل نہیں ہیں، بلکہ اصل کامیابی آخرت اور جنت کی ہے، جو اللہ سے ڈرنے اور اس کے احکام پر چلنے سے حاصل ہوتی ہے۔

جس سے معلوم ہوا کہ دنیا کے کسی کھیل وتفریح کو کامیابی کا ذریعہ نہیں سمجھنا چاہئے۔

سورہ یونس کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَ نَا وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوا بِهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ. أُولَئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ. إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (سورة يونس، رقم الآيات ٧ الیٰ ١٠)

ترجمہ: بے شک جو لوگ نہیں امید رکھتے ہم سے ملاقات کی، اور راضی ہیں وہ دنیا کی زندگی کے ساتھ، اور مطمئن ہیں اس کے ساتھ، اور وہ لوگ کہ جو ہماری آیات سے غفلت اختیار کرنے والے ہیں، یہی لوگ ہیں کہ ان کا ٹھکانہ جہنم ہے، بوجہ اس کے جو انہوں نے کمایا، بے شک جو لوگ ایمان لائے اور عمل کیے انہوں نے

www.idaraghufran.org

نیک، ہدایت عطاء فرمائے گا ان کو ان کا رب ان کے ایمان کی برکت سے، جاری ہوں گی، ان کے نیچے سے نہریں، نعمت والی جنتوں میں (سورہ یونس)

سورہ ھود کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ھود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ . أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورة هود، رقم الآيات ١٥ و ١٦)

ترجمہ: جو ارادہ کرتا ہے، دنیوی زندگی کا، اور اس کی زینت کا، پورا دیتے ہیں ہم ان کو ان کے اعمال کا بدلہ دنیا میں، اور ان کو دنیا میں کمی نہیں کی جاتی۔
یہی ہیں وہ لوگ کہ نہیں ہے ان کے لئے آخرت میں، مگر آگ، اور ضائع ہو گئے ان کے وہ عمل جو انہوں نے دنیا میں کئے، اور باطل ہونے والے ہیں وہ اعمال جو وہ (دنیا میں) کرتے تھے (سورہ ہود)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ دنیاوی زندگی اور اس کی زینت چاہنے والے کی اللہ تعالیٰ دنیا ہی میں چاہت پوری فرما دیتا ہے، جس میں کوئی کمی نہیں کرتا، لیکن ان لوگوں کے لئے آخرت میں جہنم کی آگ کے علاوہ اور کچھ نہیں، اور ان کے مذکورہ طرزِ عمل کے باعث ان کے دنیا میں کئے ہوئے اعمال آخرت میں ثواب کے قابل نہیں، اس لئے ان کے دنیا میں کئے ہوئے اچھے اعمال ضائع اور باطل شمار ہوتے ہیں۔

سورہ رعد کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ رعد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوْا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ (سورة الرعد، رقم الآية ٢٦)

ترجمہ: اللہ کشادہ کر دیتا ہے رزق کو، جس کے لئے چاہتا ہے وہ، اور تنگ کر دیتا ہے وہ، اور خوش ہیں یہ لوگ دنیا کی زندگی کے ساتھ، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں، مگر تھوڑا سا سامان (سورہ رعد)

معلوم ہوا کہ دنیا میں رزق کی تنگی وفراوانی، اللہ کے حکم سے ہوتی ہے، لیکن دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں بہت تھوڑا سا سامان ہے۔

سورہ ابراہیم کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا أُولٰئِكَ فِيْ ضَلَالٍ بَعِيْدٍ (سورة إبراهيم، رقم الآية ٣)

ترجمہ: جو لوگ محبت کرتے ہیں، دنیا کی زندگی سے آخرت کے مقابلہ میں، اور روکتے ہیں وہ اللہ کے راستہ سے، اور تلاش کرتے ہیں وہ اس (اللہ کے راستہ) میں کجی کو، یہ لوگ دور کی گمراہی میں ہیں (سورہ ابراہیم)

معلوم ہوا کہ دنیا کی محبت کو آخرت پر ترجیح دینا، بہت بڑی گمراہی ہے، جس کا آخرت میں سخت خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

سورہ نحل کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ إِيْمَانِهٖ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ

عَظِيْمٌ .ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ .أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُوْنَ .لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِى الْآخِرَةِ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ (سورة النحل، رقم الآيات ١٠٦ الیٰ ١٠٩)

ترجمہ: جس نے کفر کیا اللہ کے ساتھ اس پر ایمان لانے کے بعد، سوائے اس کے کہ جس پر زبردستی کی گئی، اور اس کا دل مطمئن ہے ایمان کے ساتھ، اور لیکن جس نے دل کھول کر کفر کیا، تو ان پر غضب ہوگا اللہ کی طرف سے، اور ان کے لئے برا عذاب ہے، یہ اس وجہ سے ہے کہ وہ محبت کرتے ہیں دنیا کی زندگی سے آخرت کے مقابلہ میں، اور بے شک اللہ نہیں ہدایت دیتا کفر کرنے والی قوم کو۔
یہی وہ لوگ ہیں کہ مہر لگا دی ہے اللہ نے ان کے دلوں پر، اور ان کے کانوں پر، اور ان کی آنکھوں پر، اور یہی لوگ غفلت اختیار کرنے والے ہیں، ضرور بے شک یہ لوگ آخرت میں خسارہ ہی پانے والے ہیں (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ اللہ پر ایمان لانے کے بعد کفر کو اختیار کرنے کی وجہ، آخرت کے مقابلہ میں دنیاوی زندگی کی محبت، اور آخرت سے غفلت ہوتی ہے، جو اللہ کی سخت ناراضگی، اور غضب کا باعث ہے۔

سورہ کہف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِيْنَ أَعْمَالًا .اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِى الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا .أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهٖ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

وَزْنًا .ذٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْا آيَاتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا .إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا .خَالِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا (سورة الكهف، رقم الآيات ۱۰۳ الیٰ ۱۰۸)

ترجمہ: کہہ دیجئے کہ کیا خبر دیں ہم تم کو خسارہ پانے والوں کی اعمال کے اعتبار سے، وہ لوگ ہیں کہ گم ہوگئی ان کی کوشش دنیا کی زندگی میں، اور وہ گمان کرتے ہیں کہ بے شک وہ اچھا کام کر رہے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں کہ جنہوں نے کفر کیا اپنے رب کی آیات کا، اور اس کی ملاقات کا، پس ضائع ہوگئے ان کے اعمال، پس نہیں قائم کریں گے ہم ان کے لئے قیامت کے دن وزن، یہ سزا ان کی جہنم ہے، بوجہ اس کے کہ انہوں نے کفر کیا اور بنایا ہماری آیات اور رسولوں کا مذاق۔
بے شک لوگ جو ایمان لائے، اور عمل کیے انہوں نے نیک، ہیں ان کے لئے فردوس کے باغ مہمانی کے طور پر، ہمیشہ رہیں گے وہ لوگ اس میں، نہیں چاہیں گے وہ وہاں سے ہٹنا (سورہ کہف)

معلوم ہوا کہ جو لوگ دنیا سے دھوکہ کھا کر، اور دنیا کو اچھا سمجھ کر اللہ کے ساتھ کفر کرتے ہیں، اور اس کے نتیجہ میں دنیا کے بکھیڑوں کا وزن جمع کر لیتے ہیں، آخرت میں ان کا کوئی وزن نہیں ہوگا، اور وہ لوگ سخت عذاب میں مبتلاء ہوں گے۔

سورہ قصص کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ قصص میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَأَبْقٰى أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ . أَفَمَنْ وَّعَدْنَاهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَنْ

مَّتَّعْنَاهُ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْمُحْضَرِينَ (سورة القصص، رقم الآية ٦٠)

ترجمہ: اور جو کچھ بھی دیا گیا ہے تم لوگوں کو، تو سامان ہے دنیا کی زندگی کا اور زینت ہے اس کی، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ اس سے بہتر اور زیادہ باقی رہنے والا ہے، کیا تم عقل نہیں رکھتے۔

کیا پھر وہ شخص کہ وعدہ کیا ہم نے اس سے اچھا وعدہ، پس وہ پانے والا ہے اس کو، اس شخص کی طرح ہے، کہ جس کو سامان دیا ہم نے دنیا کی زندگی کا، پھر وہ قیامت کے دن حاضر کیے ہوئے لوگوں میں سے ہوگا (سورہ قصص)

مطلب یہ ہے کہ دنیا اور اس کی چیزیں، دنیا کا سامان اور زیب وزینت کی چیزیں ہیں، لیکن سمجھنے والوں کے لئے اللہ کے پاس ملنے والا اجروانعام ان سب دنیا کی چیزوں سے بہتر ہے، اور جو شخص آخرت کے ثواب اور اجروانعام کو پالے، وہ اس سے لاکھ درجہ بہتر ہے، جس کو دنیا کا سازوسامان تو مل جائے، مگر وہ آخرت میں مجرم بن کر حاضر ہو، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا کا سامان اور زیب وزینت صرف دنیا کا عارضی سامان ہے اور آخرت میں ملنے والا اجروثواب اس سے کہیں بہتر ہے، لہٰذا دنیا اور اس کی زیب وزینت کے بجائے آخرت کو مقصد بنانا چاہئے۔

سورہ قصص کا دوسرا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ قصص ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا يَالَيْتَ لَنَا مِثْلَ ما أُوتِيَ قَارُوْنُ إِنَّهُ لَذُو حَظٍّ عَظِيْمٍ.وَقَالَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا وَلَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الصَّابِرُوْنَ (سورة القصص، رقم الآيات ۷۹ و ۸۰)

ترجمہ: پس نکلا وہ (قارون) اپنی قوم پر اپنی زینت میں، کہا ان لوگوں نے جو چاہتے تھے دنیا کی زندگی کو، اے کاش! ہمارے لیے بھی اس جیسا ہوتا جو دیا گیا ہے قارون کو، بے شک وہ یقیناً بہت بڑے نصیب والا ہے۔

اور کہا ان لوگوں نے جن کو علم دیا گیا تھا، افسوس تم پر! اللہ کا ثواب بہتر ہے اس کے لیے جو ایمان لایا اور عمل صالح کیا، اور نہیں عطاء کی جاتی یہ چیز مگر صبر کرنے والوں کو ہی (سورہ قصص)

مطلب یہ ہے کہ قارون کو زیب و زینت اور خزانوں کے ساتھ نکلتے ہوئے دیکھ کر دنیا کے طلبگاروں نے تو قارون کو حاصل شدہ خزانوں کے اپنے آپ کو حاصل ہونے کی حسرت کی، اور قارون کو بڑا صاحبِ قسمت اور کامیاب سمجھا، لیکن جن لوگوں کو دنیا اور اس کی زیب و زینت وخزانوں کی حقیقت کا علم تھا، انہوں نے پہلے لوگوں کے اس طرزِ عمل پر تعجب کا اظہار کیا، اور کہا کہ مومن اور نیک عمل کرنے والوں کے لئے اللہ کا تیار کردہ ثواب اس سے بہتر ہے، مگر یہ دنیا کی زینت کو نظر انداز کر کے ایمان وعملِ صالح کی نعمت خاص صبر کرنے والوں کو ہی حاصل ہوتی ہے۔

سورہ غافر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاقَوْمِ إِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَّإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ . مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰى إِلَّا مِثْلَهَا وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولٰئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ

(سورة غافر، رقم الآيات ٣٩، ٤٠)

ترجمہ: اے میری قوم! بس یہ دنیا کی زندگی تھوڑا سا سامان ہے، اور بے شک

آخرت ہی قرار کا گھر ہے، جس نے عمل کیا برا، تو نہیں بدلہ دیا جائے گا، مگر اس جیسا ہی، اور جس نے عمل کیا نیک، خواہ مرد ہو، یا عورت ہو، اور وہ مومن ہو، تو یہ لوگ ہیں جو داخل ہوں گے جنت میں، رزق دیا جائے گا ان کو اس میں بغیر حساب کے (سورہ غافر)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی تھوڑا سا سامان ہے، اور اصل زندگی قرار والی آخرت کی ہے، لہٰذا دنیا میں بُرا عمل ترک کر کے اچھے عمل کو اختیار کرنا چاہئے، تاکہ جنت کی نعمت حاصل ہو، جہاں ہر طرح کا رزق موجود ہے، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا اور اس کی زندگی سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے اور اس کو مقصد بنا کر اصل قرار و سکون والی زندگی کو ضائع و خراب نہیں کرنا چاہئے۔

معلوم ہوا کہ دنیا کی زندگی، آخرت کے مقابلہ میں بہت تھوڑی ہے۔

سورہ شوریٰ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (سورة الشورىٰ، رقم الآية ٣٦)

ترجمہ: پس جو کوئی چیز بھی عطاء کی گئی تم کو، تو وہ سامان ہے، دنیاوی زندگی کا، اور جو چیز اللہ کے پاس ہے، بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والی ہے، ان لوگوں کے لئے، جو ایمان لائے، اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں وہ (سورہ شوریٰ)

مطلب یہ ہے کہ دنیا میں انسان کو جو چیز بھی حاصل ہو جائے، وہ آخرت کے مقابلہ میں بہت تھوڑی ہے، اور اللہ کے پاس اجر و انعام اور جنت کی شکل میں مومنوں اور متوکلوں کو حاصل ہونے والی نعمت بہتر اور باقی رہنے والی ہے، اس لئے اس کی زیادہ فکر کرنی چاہئے، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا اور اس کی سب چیزیں، آخرت کے مقابلہ میں بہت تھوڑی ہیں، لہٰذا دنیا کے کھیل و تفریح کو مقصد زندگی بنانے کے بجائے، ایمان و تقویٰ اور توکل اختیار کرنا چاہئے۔

سورہ زخرف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ زخرف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ . وَلَوْلَا أَنْ يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَجَعَلْنَا لِمَنْ يَكْفُرُ بِالرَّحْمَنِ لِبُيُوتِهِمْ سُقُفًا مِنْ فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ . وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَابًا وَسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِئُونَ. وَزُخْرُفًا وَإِنْ كُلُّ ذَلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ (سورة الزخرف، رقم الآيات ۳۲ الی ۳۵)

ترجمہ: ہم نے تقسیم کیا ان (لوگوں) کے درمیان ان کی معیشت کو دنیا کی زندگی میں اور بلند کیا ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر، درجات کے اعتبار سے، تاکہ بنالے ان کا بعض، بعض کو تابع، اور تیرے رب کی رحمت بہتر ہے، ان چیزوں سے جو جمع کرتے ہیں وہ، اور اگر نہ ہوتی یہ بات کہ ہو جائیں لوگ ایک ہی امت، تو یقیناً کر دیتے ہم اس کے لیے جو کفر کرتا ہے رحمان کے ساتھ، ان کے گھروں کی چھتوں کو چاندی کی، اور سیڑھیوں کو، جن پر چڑھتے ہیں وہ، اور ان کے گھروں کے دروازوں کو اور تختوں کو، جن پر وہ تکیہ لگاتے ہیں (چاندی کے) اور سونے کے، اور نہیں ہے یہ سب، مگر یقیناً سامان، دنیا کی زندگی کا اور آخرت تیرے رب کے نزدیک متقی لوگوں کے لیے ہے (سورہ زخرف)

معلوم ہوا کہ اللہ کے نزدیک سونے چاندی کے خزانے اور چیزیں، آخرت کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔

سورہ نجم کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نجم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَأَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا .ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهٖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى (سورة النجم، رقم الآيات ٢٩، ٣٠)

ترجمہ: پس اعراض کیجئے آپ اس سے جس نے پیٹھ پھیری ہمارے ذکر سے، اور نہیں ارادہ کیا اس نے مگر دنیا کی زندگی کا، یہ ان کی پہنچ ہے علم کی، بے شک آپ کا رب ہی زیادہ جانتا ہے، اس کو جو گمراہ ہو گیا اس کے راستہ سے اور وہ ہی زیادہ جانتا ہے، اس کو جس نے ہدایت پائی (سورہ نجم)

معلوم ہوا کہ جو شخص اللہ کو بھول جاتا ہے، اور اس کا مقصود آخرت کے بجائے، دنیا ہوتا ہے، اس کا علم بڑا محدود ہوتا ہے، وہ دنیا کے لئے کی گئی محنت اور جدو جہد سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکے گا، بلکہ سراسر خسارہ پانے والا شمار ہوگا۔

سورہ نازعات کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نازعات میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَأَمَّا مَنْ طَغٰى .وَآثَرَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا.فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوٰى .وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى .فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوٰى

(سورة النازعات، رقم الآيات ٣٧ الىٰ ٤١)

ترجمہ: پس جس شخص نے سرکشی کی، اور ترجیح دی دنیا زندگی کو، تو بے شک جہنم ہی اس کا ٹھکانہ ہے، اور جو شخص ڈرا اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے، اور روکا نفس کو خواہش سے، پس بے شک جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہے (سورہ نازعات)

معلوم ہوا کہ دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے والے کے لئے جہنم ہے۔

سورہ اعلیٰ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اعلیٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنيا. وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى (سورة الأعلى، رقم الآيات ۱۶، ۱۷)

ترجمہ: بلکہ ترجیح دیتے ہو تم دنیا کی زندگی کو، اور آخرت بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والی ہے (سورہ اعلیٰ)

معلوم ہوا کہ اللہ کو اپنے بندوں سے دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کی شکایت ہے، حالانکہ دنیا فانی و عارضی اور آخرت باقی و دائمی ہے۔

یونس، اسراء، طٰہٰ، مومنون، روم، احقاف اور نازعات کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ (سورة يونس، رقم الآية ۴۵)

ترجمہ: اور جس دن جمع کرے گا وہ (اللہ) ان (لوگوں) کو (سمجھیں گے وہ) گویا کہ نہیں ٹھہرے وہ (لوگ دنیا میں) مگر دن کی ایک گھڑی (سورہ یونس)

اور قرآن مجید کی سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُوْنَ بِحَمْدِهِ وَتَظُنُّوْنَ إِنْ لَبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا (سورة الإسراء، رقم الآية ۵۲)

ترجمہ: جس دن بلائے گا وہ (اللہ) تم کو، پھر جواب دو گے تم اس کی حمد کے ساتھ، اور گمان کرو گے تم کہ نہیں ٹھہرے تم (دنیا میں) مگر بہت تھوڑا (سورہ اسراء)

اور قرآن مجید کی سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا. يَتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْرًا، نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ إِذْ يَقُوْلُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْمًا (سورة طٰهٰ، رقم الآية ۱۰۲، الیٰ ۱۰۴)

ترجمہ: جس دن پھونکا جائے گا صور میں اور جمع کریں گے ہم مجرموں کو اس دن، نیلی آنکھوں کی حالت میں، آہستہ آواز میں ایک دوسرے سے کہیں گے کہ نہیں ٹھہرے تم (دنیا میں) مگر دس دن، ہم زیادہ جانتے ہیں ان باتوں کو جو وہ کہیں گے، جب کہے گا ان میں سب سے اچھے طریقے والا کہ نہیں ٹھہرے تم، مگر ایک دن (سورہ طٰہٰ)

اور قرآن مجید کی سورہ مومنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ. قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَاسْأَلِ الْعَادِّيْنَ. قَالَ إِنْ لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيْلًا لَوْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (سورة المؤمنون، رقم الآية ۱۱۲، الیٰ ۱۱۴)

ترجمہ: فرمائے گا وہ (اللہ) کہ کتنا ٹھہرے تم زمین میں سالوں کے شمار سے؟ کہیں گے وہ کہ ٹھہرے ہم ایک دن، یا دن کا کچھ حصہ، پس سوال کر لیجئے آپ شمار کرنے والوں (یعنی فرشتوں) سے، فرمائے گا وہ (اللہ) نہیں ٹھہرے تم، مگر بہت تھوڑا، کاش کہ بے شک تم (دنیا میں اس حقیقت کو) جان لیتے (سورہ مومنون)

اور قرآن مجید کی سورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ. وَقَالَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا

تَعۡلَمُوۡنَ. فَيَوۡمَئِذٍ لَّا يَنۡفَعُ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا مَعۡذِرَتُهُمۡ وَلَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُوۡنَ (سورة الروم، رقم الآية ۵۵،الی ۵۷)

ترجمہ: اور جس دن قائم ہوگی ساعت (یعنی قیامت) قسم کھائیں گے مجرم لوگ کہ نہیں ٹھہرے وہ (دنیا میں) ایک ساعت کے علاوہ، اسی طرح بھٹکائے جاتے تھے وہ، اور کہیں گے وہ لوگ جن کو دیا گیا تھا علم اور ایمان کہ بلاشبہ یقیناً ٹھہرے تم اللہ کی کتاب میں اٹھائے جانے کے دن تک، پس یہ اٹھائے جانے والا دن ہے، اور لیکن تم نہیں جانتے تھے۔

پھر اس دن نہیں نفع دے گا، ان لوگوں کو جنھوں نے ظلم کیا، ان کا عذر کرنا، اور نہ ہی ان کو تلافی فراہم کی جائے گی (سورہ روم)

اور قرآن مجید کی سورہ احقاف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصۡبِرۡ كَمَا صَبَرَ أُولُو الۡعَزۡمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسۡتَعۡجِلۡ لَّهُمۡ كَأَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَ مَا يُوعَدُوۡنَ لَمۡ يَلۡبَثُوۡا إِلَّا سَاعَةً مِّنۡ نَّهَارٍ ،بَلَاغٌ فَهَلۡ يُهۡلَكُ إِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفَاسِقُوۡنَ (سورة الاحقاف،رقم الآية ۳۵)

ترجمہ: پس صبر کیجئے آپ، جس طرح صبر کیا پختہ ارادہ والے رسولوں نے اور مت جلدی کیجئے آپ ان کے لئے، گویا کہ وہ (لوگ) جس دن دیکھیں گے اس چیز کو جس کا وعدہ کیا جاتا ہے ان سے تو (کہیں گے وہ) نہیں ٹھہرے وہ مگر دن کی ایک گھڑی، پہنچادینا ہے، پھر نہیں ہلاک کیا جائے گا، مگر نافرمان لوگوں کو (سورہ احقاف)

اور قرآن مجید کی سورہ نازعات میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَسۡأَلُوۡنَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرۡسَاهَا. فِيۡمَ أَنۡتَ مِنۡ ذِكۡرَاهَا. إِلٰى رَبِّكَ مُنۡتَهَاهَا. إِنَّمَا أَنۡتَ مُنۡذِرُ مَنۡ يَّخۡشَاهَا . كَأَنَّهُمۡ يَوۡمَ يَرَوۡنَهَا لَمۡ يَلۡبَثُوۡا إِلَّا عَشِيَّةً أَوۡ ضُحَاهَا (سورة النازعات،رقم الآية ۴۲،الیٰ ۴۶)

ترجمہ: سوال کرتے ہیں وہ (لوگ) آپ سے، ساعہ (یعنی قیامت) کے بارے میں کہ کب ہوگا اس کا قیام، پس کیا ہے آپ کو، اس کے ذکر سے تعلق، تیرے رب کی طرف ہی اس کی انتہاء ہے۔
بس آپ ڈرانے والے ہیں، اس (شخص) کو جو ڈرے اس (قیامت) سے۔
گویا کہ جس دن دیکھ لیں گے وہ (لوگ) اس (قیامت) کو (تو سمجھیں کہ) نہیں ٹھہرے وہ (لوگ دنیا میں) مگر ایک شام، یا اس کے دن چڑھے (سورہ نازعات)

مذکورہ تمام آیات سے معلوم ہوا کہ قیامت کے دن اللہ کے مجرم اور نافرمان لوگوں کو دنیا کی زندگی، ایک دن کے تھوڑے سے حصہ اور چھوٹے سے جزء کے برابر محسوس ہوگی۔
اور اس کی وجہ ان لوگوں کے حق میں قیامت کے دن کا بہت زیادہ طویل اور دراز ہونا ہوگی۔
جیسا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے خود ہی قیامت کے دن کی طوالت کا ذکر فرمادیا ہے۔

سورہ سجدہ اور سورہ معارج کا حوالہ

چنانچہ سورہ سجدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّوْنَ (سورة الٓمٓ السجدة، رقم الآية ٥)

ترجمہ: اس دن کی مقدار تمہارے شمار کردہ دنوں کے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر ہے (سورہ الٓمٓ السجدة)

اس آیت میں قیامت کے دن کی مقدار دنیا کے ایک ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے، اور اسلامی سال تقریباً تین سو ساٹھ دنوں کا ہوتا ہے، اس حساب سے قیامت کے ایک دن کی مقدار تین لاکھ ساٹھ ہزار (360,000) دنوں کے برابر بنتی ہے۔
اور بعض آیات میں قیامت کے دن کی مقدار پچاس ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے۔
چنانچہ قرآن مجید کی سورہ معارج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ (سورة المعارج، رقم الآية ۴)

ترجمہ: اس دن کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہوگی (سورہ معارج)

اس آیت میں قیامت کے دن کی مقدار دنیا کے پچاس ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے، اور اسلامی سال تقریباً تین سو ساٹھ دنوں کا ہوتا ہے، اس حساب سے قیامت کے ایک دن کی مقدار، دنیا کے پچاس ہزار سالوں کے حساب سے، ایک کروڑ اسی لاکھ (18,000,000) دنوں کے برابر بنتی ہے۔

قیامت کے دن کی مختلف بیان کردہ مقداروں میں باہم کوئی ٹکراؤ نہیں، کیونکہ قیامت کے دن کا لمبا اور مختصر ہونا، ہر شخص کے عمل کے اعتبار سے ہوگا، نیک لوگوں کے حق میں یہ دن مختصر ہوگا، اور بددینوں کے حق میں اپنے اپنے عمل کے حساب سے طویل اور لمبا ہوگا۔

اب خود غور کر لیا جائے کہ ہر شخص کی دنیا کی زندگی، صرف آخرت کے ایک دن کے مقابلہ میں کتنی مختصر ہے۔

اور یہ تو صرف آخرت کے ایک دن کا معاملہ ہے، جبکہ جنت کے مقابلہ میں تو دنیا کی کوئی حیثیت ہی نہیں۔

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنْهَا، وَآخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلًا، رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ كَبْوًا، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: اِذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَيَأْتِيهَا، فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهَا مَلْأَى، فَيَرْجِعُ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلْأَى، فَيَقُوْلُ: اِذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَيَأْتِيهَا فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهَا مَلْأَى، فَيَرْجِعُ فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلْأَى،

فَيَقُوْلُ: اِذْهَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَإِنَّ لَکَ مِثْلَ الدُّنْيَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا، أَوْ، إِنَّ لَکَ مِثْلَ عَشَرَةِ أَمْثَالِ الدُّنْيَا ،فَيَقُوْلُ: تَسْخَرُ مِنِّيْ، أَوْ، تَضْحَکُ مِنِّيْ ،وَأَنْتَ الْمَلِکُ ،فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِکَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ، وَكَانَ يَقُوْلُ: ذَاکَ أَدْنٰى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً (صحيح البخاری،رقم الحديث ۶۵۷۱، کتاب الرقاق،باب صفة الجنة والنار)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس شخص کو جانتا ہوں، جو سب سے آخر میں جہنم سے نکلے گا اور سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوگا، وہ آدمی ہوگا جو جہنم سے اوندھے منہ نکلے گا، پھر اللہ فرمائے گا کہ جاؤ جنت میں داخل ہو جاؤ، وہ شخص جنت کے پاس آئے گا، تو اس کو محسوس کرایا جائے گا کہ وہ (جنت) بھر چکی ہے، پھر وہ شخص لوٹ کر آئے گا اور کہے گا کہ اے میرے رب! میں نے تو اس (جنت) کو بھرا ہوا پایا ہے، اللہ فرمائے گا کہ تم جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ، پھر دوبارہ وہ شخص جنت کی طرف جائے گا، تو پھر اس کو ایسا ہی محسوس کرایا جائے گا کہ وہ (جنت) بھر چکی ہے، پھر وہ شخص دوبارہ لوٹ کر آئے گا، اور کہے گا کہ اے میرے رب! میں نے اس (جنت) کو بھرا ہوا پایا ہے، پھر اللہ فرمائے گا کہ جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ، پس بے شک تیرے لیے دنیا کے برابر اور اس سے دس گنا بڑی جنت ہے، یا یہ فرمایا کہ تیرے لیے دنیا کے مثل دس گنا بڑی جنت ہے۔

وہ شخص (اللہ) سے عرض کرے گا کہ آپ مجھ سے مذاق کرتے ہیں، یا ہنسی کرتے ہیں، حالانکہ آپ بادشاہ ہیں۔

پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ ہنسے، یہاں تک کہ آپ کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے

کہ یہ جنت والوں میں سب سے ادنی مرتبہ کا آدمی ہوگا (صحیح بخاری)

جب جنت کے ادنی درجہ والے شخص کو دنیا سے دس گنا بڑی جنت دی جائے گی، اور جنت کی نعمتوں کا معاملہ اس سے جدا ہوگا، تو اسی سے جنت کے مقابلہ میں دنیا کی حقیقت معلوم ہوجاتی ہے۔

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

حضرت عرفجہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

اِسْتَقْرَأْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ: "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلٰی" فَلَمَّا بَلَغَ "بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا" تَرَکَ الْقِرَاءَ ةَ، وَأَقْبَلَ عَلٰی أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: آثَرْنَا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ لِأَنَّا رَأَيْنَا زَهْرَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَطَعَامَهَا وَشَرَابَهَا، وَزُوِّيَتْ عَنَّا الْآخِرَةُ ،فَاخْتَرْنَا الْعَاجِلَ عَلَى الْآجِلِ (الزهد لابی داوٗد، ص ۱۶۳، رقم الحدیث ۱۶۳ ،من خبر ابنِ مسعود، المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ص ۲۳۴، رقم الحدیث ۹۱۴۷) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے "سبح اسم ربک الاعلیٰ" کی قرائت سنی، پس جب حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ "بل تؤثرون الحیاۃ الدنیا" پر پہنچے، تو قرائت کو ترک کردیا، اور اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ ہم نے دنیاوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی ہے، کیونکہ ہم نے دنیا کی رونق اور اس کی زینت اور اس کے کھانے اور اس کے پینے کو دیکھا، اور ہم سے آخرت اوجھل ہوگئی، پس ہم نے جلدی والی چیز (یعنی دنیا) کو بعد والی چیز (یعنی آخرت) پر ترجیح دے دی (الزہد)

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی، وفيه عطاء بن السائب، وقد اختلط، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۷۳۷ ،باب فيما يخاف من الغنی)

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ، خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا، وَلَغَدْوَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ أَوْ رَوْحَةٌ، خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۴۱۵، کتاب الرقاق، باب مثل الدنیا فی الآخرة)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جنت میں ایک کوڑا (لاٹھی) رکھنے کی جگہ دنیا و مافیھا سے بہتر ہے، اور اللہ کے راستہ کی ایک صبح، یا ایک شام دنیا و مافیھا سے بہتر ہے (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مَوْضِعَ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا، اِقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ: فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَیَاةُ الدُّنْیَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۰۱۳، ابواب تفسیر القرآن، باب: ومن سورة آل عمران) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں ایک کوڑا (لاٹھی) رکھنے کی جگہ دنیا اور اس کی چیزوں سے بہتر ہے، اگر تم چاہو تو (سورہ آلِ عمران کی) یہ آیت پڑھ لو کہ:

---

[1] قال الترمذی:
ھذا حدیث حسن صحیح (سنن الترمذی، حوالہ بالا)

www.idaraghufran.org

فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ .

’’پس جو شخص بچا لیا گیا آگ سے، اور داخل کر دیا گیا جنت میں، تو بلاشبہ وہ کامیاب ہو گیا، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی مگر دھوکہ کا سامان (ترمذی)

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ دُنْيَاهُ أَضَرَّ بِآخِرَتِهِ، وَمَنْ أَحَبَّ آخِرَتَهُ أَضَرَّ بِدُنْيَاهُ، فَآثِرُوا مَا يَبْقٰى عَلٰى مَا يَفْنٰى (مسند احمد، رقم الحديث ١٩٦٩٧) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اپنی دنیا سے محبت کرتا ہے، تو وہ اس کی وجہ سے اپنی آخرت کا نقصان کرتا ہے، اور جو اپنی آخرت سے محبت کرتا ہے، تو وہ اس کی وجہ سے اپنی دنیا کا نقصان کرتا ہے، پس تم باقی رہنے والی چیز کو فنا ہونے والی چیز پر ترجیح دو (اور دنیا کے نقصان کو آخرت کے لیے برداشت کرو)

(مسنداحمد)

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُقَالُ لِلْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِثْلُ الدُّنْيَا ذَهَبًا كُنْتَ تَفْتَدِيْ بِهِ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ:

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

نَعَمْ، فَيُقَالُ: سُئِلْتَ أَيْسَرَ مِنْ ذٰلِکَ (مسند ابی یعلٰی، رقم الحدیث ۲۹۷۶، مسند انس بن مالک) [1]

ترجمہ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن کافر کو کہا جائے گا کہ تیرا کیا خیال ہے، اگر تیرے لئے دنیا کے برابر سونا ہو، تو کیا تو اس کے بدلہ میں اپنی جان چھڑانے کے لئے تیار ہے، تو وہ کہے گا کہ جی ہاں! پھر اس کو کہا جائے گا کہ تجھ سے جو سوال کیا گیا وہ اس سے زیادہ سہل ہے (مسند ابی یعلٰی)

مستورد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مستورد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مَثَلُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ، إِلَّا مَثَلُ مَا يَجْعَلُ أَحَدُكُمْ إِصْبَعَهُ فِي الْيَمِّ، فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ (سنن ابن ماجه، رقم الحدیث ۴۱۰۸، ابواب الزهد، باب مثل الدنیا) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی حیثیت صرف اتنی ہے، جیسا کہ تم میں سے کوئی اپنی انگلی کو دریا میں ڈال دے، پھر وہ دیکھے کہ اس کی انگلی پر کتنا پانی آیا ہے (ابنِ ماجہ)

خلاصہ یہ ہے کہ آخرت، اور اس کی نعمتیں باقی ودائمی ہیں، اور دنیا فانی وعارضی ہے، اس لئے دنیا کو آخرت پر ترجیح دے کر اپنے آپ کو تباہ نہیں کرنا چاہیے۔

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانی: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی يعلٰی)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 6)

اللہ کے نزدیک دنیا کی ذلت وحقارت

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کی ذلت وحقارت اوراس کی بے وقعتی کو بہت اچھی طرح اورآسان طریقہ پر سمجھادیا ہے،جس کوملاحظہ کرنے کی ہر مسلمان کوضرورت ہے۔

اس بارے میں چنداحادیث ملاحظہ فرمایئے۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِالسُّوقِ، دَاخِلًا مِنْ بَعْضِ الْعَالِيَةِ، وَالنَّاسُ كَنَفَتَهُ، فَمَرَّ بِجَدْيٍ أَسَكَّ مَيِّتٍ، فَتَنَاوَلَهُ فَأَخَذَ بِأُذُنِهِ،ثُمَّ قَالَ:أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنَّ هٰذَا لَهُ بِدِرْهَمٍ؟فَقَالُوا:مَا نُحِبُّ أَنَّهُ لَنَا بِشَيْءٍ، وَمَا نَصْنَعُ بِهٖ؟قَالَ:أَتُحِبُّونَ أَنَّهُ لَكُمْ؟قَالُوا:وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ حَيًّا، كَانَ عَيْبًا فِيهِ، لِأَنَّهُ أَسَكُّ، فَكَيْفَ وَهُوَ مَيِّتٌ؟فَقَالَ:فَوَاللّٰهِ لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ، مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٥٧ ”٢“كتاب الزهد والرقائق)

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ بازار سے گزرتے ہوئے کسی بلندی سے (مدینہ منورہ میں) داخل ہورہے تھے،اورصحابۂ کرام رضی اللہ عنہم آپ کے دونوں طرف تھے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیڑ کے ایک مرے ہوئے بچہ پر گزرہوا،جوچھوٹے کانوں والاتھا،پس (وہاں) اس کو پایا،آپ نے اس کا کان

پکڑ کر فرمایا کہ تم میں سے کون اسے ایک درہم میں لینا پسند کرے گا؟ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ ہم میں سے کوئی بھی اسے کسی چیز کے بدلے میں لینا پسند نہیں کرتا اور ہم اسے لے کر کیا کریں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کہ تم چاہتے ہو کہ یہ تمہیں مل جائے؟ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اللہ کی قسم اگر یہ زندہ بھی ہوتا، تو پھر بھی اس میں عیب تھا، کیونکہ اس کا کان چھوٹا ہے، حالانکہ اب تو یہ مردار ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم اللہ کے ہاں یہ دنیا اس سے بھی زیادہ ذلیل ہے، جس طرح تمہارے نزدیک یہ مردار ذلیل ہے (مسلم)

مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ مَعَ الرَّكْبِ الَّذِيْنَ وَقَفُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّخْلَةِ الْمَيِّتَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَرَوْنَ هٰذِهٖ هَانَتْ عَلٰى أَهْلِهَا حِيْنَ أَلْقَوْهَا، قَالُوْا: مِنْ هَوَانِهَا أَلْقَوْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَالدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهٖ عَلٰى أَهْلِهَا (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۲۱، أبواب الزهد، باب ما جاء فی هوان الدنیا علی الله عز وجل) [1]

ترجمہ: میں ان سواروں کے ہمراہ تھا، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک بکری کے مردہ بچے کے قریب کھڑے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم لوگ اسے دیکھ رہے ہو کہ اس کے مالکوں نے اسے بے وقعت سمجھ کر پھینک دیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! واقعی انہوں نے اس

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن جابر، وابن عمر: حدیث المستورد حدیث حسن.

کے بے وقعت ہونے کی وجہ سے اس کو پھینک دیا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے نزدیک دنیا اس سے بھی بے وقعت ہے، جتنا یہ بکری کا مردہ بچہ ان کے مالکوں کے نزدیک بے وقعت ہے (سنن ترمذی)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِشَاۃٍ مَیِّتَۃٍ قَدْ أَلْقَاھَا أَھْلُھَا، فَقَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَلدُّنْیَا أَھْوَنُ عَلَی اللّٰہِ مِنْ ھٰذِہٖ عَلٰی أَھْلِھَا

(مسند احمد، رقم الحدیث ۳۰۴۷) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ایک مردہ بکری کے پاس سے گزرے، جس کو اس کے گھر والوں نے پھینک دیا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، یقیناً دنیا اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے وقعت ہے، جتنی یہ مردہ بکری اس کے گھر والوں کے نزدیک بے وقعت ہے (مسند احمد)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِسَخْلَۃٍ جَرْبَاءَ، قَدْ أَخْرَجَھَا أَھْلُھَا، فَقَالَ: أَتَرَوْنَ ھٰذِہٖ ھَیِّنَۃً عَلٰی أَھْلِھَا؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: لَلدُّنْیَا أَھْوَنُ عَلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ ھٰذِہٖ عَلٰی أَھْلِھَا (مسند احمد، رقم الحدیث ۸۴۶۴) [2]

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیۃ مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ایک بکری کے مردہ بچہ کے پاس سے گذرے، جس کی جلد خراب ہوچکی تھی، اوراس کے گھر والوں نے اسے باہر پھینک دیا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم دیکھتے ہو کہ اس کے گھر والوں نے اس کو کتنا بے وقعت سمجھا؟ لوگوں نے عرض کیا کہ بے شک ہم سمجھتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقیناً دنیا، اللہ عزوجل کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے وقعت ہے، جتنی یہ مردہ بکری کا بچہ اس کے گھر والوں کے نزدیک بے وقعت ہے (مسند احمد)

عبداللہ بن ربیعہ سلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن ربیعہ سلمی رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک واقعہ کے ضمن میں روایت ہے کہ:

فَلَمَّا هَبَطَ الْوَادِیَ، قَالَ: مَرَّ عَلٰی سَخْلَةٍ مَنبُوْذَةٍ، فَقَالَ: أَتَرَوْنَ هٰذِهٖ هَيِّنَةً عَلٰی أَهْلِهَا ، لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهٖ عَلٰی أَهْلِهَا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۸۹۶۴) [1]

ترجمہ: پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ایک وادی میں اترے، تو ایک مردہ بکری کے پھینکے ہوئے بچہ کے پاس سے گذرے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دیکھ رہے ہو کہ یہ اس کے گھر والوں کے نزدیک کتنی بے وقعت چیز ہے، یقیناً دنیا، اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے وقعت ہے، جتنا یہ مردہ بکری کا بچہ اس کے گھر والوں کے نزدیک بے وقعت ہے (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: قوله" :أترون هذه هينة على أهلها للدنيا أهون على الله من هذه على أهلها ."صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسَلَّم مَرَّ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ فَقَالَ: لَلدُّنيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ عَلٰى أَهْلِهَا (مسند البزار، رقم الحديث ٧٢٠١، مسند أبى حمزة أنس بن مالک) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر ایک مردہ بکری کے پاس سے ہوا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقیناً دنیا، اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے وقعت ہے، جتنی یہ مردہ بکری اس کے گھر والوں کے نزدیک ہے (بزار)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ مَنْزِلِهِ، وَمَعَهُ نَاسٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ، فَأَخَذَ فِيْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ، فَمَرَّ بِفِنَاءِ قَوْمٍ، وَسَخْلَةٌ مَيِّتَةٌ مَطْرُوْحَةٌ بِفِنَائِهِمْ، فَقَامَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ إِلَيْهَا، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلٰى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: تَرَوْنَ هٰذِهِ السَّخْلَةَ هَانَتْ عَلٰى أَهْلِهَا إِذْ طَرَحُوْهَا؟ فَقَالُوْا: نَعَمْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ: فَوَاللّٰهِ، لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ السَّخْلَةِ عَلٰى أَهْلِهَا إِذْ طَرَحُوْهَا هٰكَذَا (المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ٢٩١٣، باب الألف) [2]

---

[1] قال الهيثمى: رواه البزار، ورجاله وثقوا (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٠٦٩، باب هوان الدنيا على الله)

[2] قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الأوسط والكبير، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٠٧١، باب هوان الدنيا على الله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن اپنے گھر سے باہر نکلے، اور آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ میں سے کچھ لوگ بھی تھے، پھر مدینہ کے ایک راستہ پر چلنا شروع کیا، پھر ایک قوم کے گھروں کے باہر والی جگہ سے گذرے، اور ایک مردہ بکری کا بچہ ان لوگوں کے گھروں کے باہر پڑا ہوا تھا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ کھڑے ہو کر اس کو دیکھنے لگے، پھر اپنے صحابہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ تم اس مردہ بکری کے بچہ کو دیکھ رہے ہو کہ کس طرح اس کے گھر والوں نے اس کو بے وقعت سمجھ کر پھینک دیا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ بے شک اے اللہ کے رسول! پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقیناً دنیا، اللہ کے نزدیک اس مردہ بکری کے بچہ سے بھی زیادہ بے وقعت وحقیر ہے، جتنا یہ اس کے گھر والوں کے نزدیک ہے کہ انہوں نے اس طرح اس کو پھینک دیا ہے (طبرانی)

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَرَّ النَّبِیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیه وَسَلَّم بِدِمْنَةِ قَوْمٍ فِیْهَا سَخْلَةٌ مَیّتَةٌ ،قَالَ:مَا لِأَهْلِهَا فِیْهَا حَاجَةٌ ،قَالُوْا یَانَبِیَّ اللّٰهِ لَوْ کَانَ لِأَهْلِهَا فِیْهَا حَاجَةٌ مَا نَبَذُوْهَا،قَالَ:فَوَاللّٰهِ لَلدُّنْیَا أَهْوَنُ عَلَی اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ السَّخْلَةِ عَلٰی أَهْلِهَا فَلا أُلْفِیَنَّهَا أَهْلَکَتْ أَحَدًا مِّنْکُمْ (مسند البزار، رقم الحديث ۴۱۱۳، حديث أبی الدرداء عن النبی صلی الله عليه وسلم) [1]

[1] قال الهيثمی:رواه البزار، ورجاله ثقات(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۸۰۶۸،باب هوان الدنيا علی الله)

وقال الالبانی: "قد روی هذا الحديث من وجوه، وأعلی من رواه أبو الدرداء ، وإسناده صحيح شاميون، وفيه زيادة " :فلا ألفينها أهلكت أحداً منكم (سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۳۳۹۲)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر لوگوں کی ایک کوڑی کے ڈھیر کے پاس سے ہوا، جس میں ایک بکری کا مردہ بچہ پڑا ہوا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے گھر والوں کو اس کی حاجت نہیں رہی، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! اگر اس کے گھر والوں کو اس کی حاجت ہوتی، تو وہ اس کو یہاں نہ پھینکتے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم! یقیناً دنیا اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے وقعت ہے، جتنا یہ مردہ بکری کا بچہ اس کے گھر والوں کے نزدیک ہے، پس میں ہرگز اس دنیا کو اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ تم میں سے کسی کو ہلاک کر دے (بزار)

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ، فَإِذَا هُوَ بِشَاةٍ مَيِّتَةٍ شَائِلَةٍ بِرِجْلِهَا، فَقَالَ: أَتُرَوْنَ هٰذِهِ هَيِّنَةً عَلٰى صَاحِبِهَا؟ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ، لَلدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهٖ عَلٰى صَاحِبِهَا، وَلَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ، مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا قَطْرَةً أَبَدًا (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۱۰، ابواب الزهد، باب مثل الدنيا) [1]

ترجمہ: ہم ذوالحلیفہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، آپ نے دیکھا تو ایک مردہ بکری پیر اٹھائے ہوئے پڑی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیا سمجھتے ہو کہ یہ اپنے مالک کے نزدیک ذلیل ہے؟ اللہ کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، بے شک دنیا اللہ کے نزدیک اس بکری سے بھی زیادہ ذلیل ہے، جتنی یہ بکری اس کے مالک کے نزدیک ذلیل ہے، اور اگر دنیا

---

[1] قال شعيب الارنؤط: حديث حسن بطريقيه وشواهده (حاشية سنن ابنِ ماجه)

اللہ کے نزدیک ایک مچھر کے پر کے برابر بھی وزن رکھتی، تو اللہ اس دنیا میں سے کبھی بھی ایک قطرہ پانی کا کافر کو پینے نہ دیتا (ابنِ ماجہ)

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَوْ کَانَتِ الدُّنْیَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقٰی کَافِرًا مِنْھَا شَرْبَةَ مَاءٍ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۲۰، ابواب الزھد، باب ما جاء فی ھوان الدنیا علی اللہ عز وجل) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اللہ کے نزدیک دنیا مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی، تو کسی کافر کو اس سے ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا (ترمذی)

ابو ہریرہ اور چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ: لَوْ کَانَتِ الدُّنْیَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحُ بَعُوْضَةٍ مَا أَعْطٰی کَافِرًا مِّنْھَا شَیْئًا (مسند البزار، رقم الحدیث ۸۱۷۶، مسند أبی حمزۃ أنس بن مالک)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دنیا، اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی، تو کسی کافر کو اس سے ایک کوئی چیز بھی عطاء نہ فرماتا (بزار)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری پائی جاتی ہے۔ [2]

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی ھریرۃ: ھذا حدیث صحیح غریب من ھذا الوجه.

[2] قال الھیثمی: رواہ البزار، وفیه صالح مولی التوأمة، وھو ثقة، ولکنه اختلط، وبقیة رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۰۷۳، باب ھوان الدنیا علی اللہ)

لیکن ایک تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث دوسری سند کے ساتھ بھی مروی ہے۔ [1]

دوسرے اس کی تائید دیگر روایات سے بھی ہوتی ہے۔

بنوسالم، یا بنوفہم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَلَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَا سَقَى مِنْهَا كَافِرًا شَرْبَةَ مَاءٍ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۵۴۶۵، کتاب الزهد، ما ذکر عن نبینا صلی الله علیه وسلم فی الزهد) [2]

ترجمہ: اور اگر دنیا کا وزن، اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر ہوتا، تو کسی کافر کو اس سے ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

اور عبیداللہ بن رافع سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رِجَالًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثُوْا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ: لَوْ أَنَّ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ فِي الْخَيْرِ مَا أَعْطَى مِنْهَا الْكَافِرَ شَيْئًا (الزهد والرقائق لابن المبارک، ص۱۷۸، رقم الحدیث ۵۰۹، باب هوان الدنیا علی الله عز وجل) [3]

---

[1] أخبرنا عقبة بن مكرم ، أخبرنا يونس بن بكير ، أخبرنا أبو معشر عن سعيد المقبرى ، عن أبى هريرة ، قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : لو كانت الدنيا تعدل عند الله جناح بعوضة من خير ، ما سقى كافرا منها شربة من ماء (الزهد لابنِ ابی عاصم، ۶۳، ۶۴، رقم الحديث ۱۲۹، ما ذكر عن النبى صلى الله عليه وسلم من هوان الدنيا لو كانت الدنيا تزن عند الله جناح بعوضة)

[2] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى: وخلاصة القول أن حديث الباب لا يقل عن درجة الصحيح لغيره بهذه الشواهد (حاشية المطالب العالية محققا، ج۱۳، ص۳۲۸، تحت رقم الحديث ۳۱۸۴، كتاب الرقائق، باب الترغيب فى التسهيل فى أمور الدنيا)

[3] قال الالبانى: قلت: وهذا إسناد لا بأس به فى الشواهد، إسماعيل بن عياش ثقة لكنه فى المدنيين ضعيف وهذا منه، فإن عثمان هذا مدنى، وقد ترجمه ابن أبى حاتم (3/ 1/ 156) ولم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے بعض لوگوں نے یہ حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دنیا، اللہ کے نزدیک خیر میں مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی، تو اس میں سے کافر کو کوئی چیز بھی عطاء نہ فرماتا (الزہد لابنِ مبارک)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ مَا سَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ (تاريخ بغداد، للخطيب، ج۴، ص ۴۱۳، تحت ترجمة: "أحمد بن الحسن بن محمد، أبو نصر المروذى، ويعرف بالشاهى" رقم الترجمة ۲۰۵۲، باب الألف) [۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دنیا، اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے وزن کے برابر بھی ہوتی، تو اس میں سے کسی کافر کو ایک گھونٹ بھی پینے کو نہ دیتا (تاریخِ بغداد)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

يذكر فيه جرحا ولا تعديلا لكن ذكر أنه روى عنه جمع من الثقات.

الرابع: وقال ابن المبارك أيضا (620): أخبرنا حريث بن السائب الأسدى قال: حدثنا الحسن قال: حدثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكره. قلت: وهذا إسناد مرسل حسن الإسناد، الحسن هو البصرى، وحريث قال الحافظ ":صدوق يخطىء من السابعة (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۹۴۳)

[۱] قال الالبانی:

عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: فذكره. أخرجه الخطيب فى " التاريخ "(92/4) والقضاعى فى "مسند الشهاب "(ق 1/116)

عن على بن عيسى بن محمد بن المثنى حدثنا أبو جعفر محمد بن أحمد بن أبى عون حدثنا أبو مصعب عن مالك عن نافع عنه. وقال الخطيب ": غريب جدا من حديث مالك لا أعلم رواه غير أبى جعفر بن أبى عون عن أبى مصعب، وعنه على بن عيسى المالينى، وكان ثقة."

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

البتہ اس طرح کی حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی ایک دوسری سند سے مروی حدیث شدید ضعیف ہے۔ [1]

اوراس طرح کی حدیث حضرت حسن بصری سے مرسل طریقہ پر بھی مروی ہے۔ [2]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قلت :وكذلك شيخه أبو جعفر ثقة أيضا كما قال الخطيب فی ترجمته (1/311).
وأبو مصعب اسمه أحمد بن أبی بكر الزهری المدنی وهو ثقة من رجال الشيخين وكذا من فوقه، والسند مع غرابته صحيح (سلسلة الأحاديث الصحيحة ،تحت رقم الحديث ۹۴۳)

[1] حدثنا أبو شعيب الحرانی، ثنا يحيى بن عبد الله البابلتی، ثنا أيوب بن نهيك، قال: سمعت محمد بن قيس، قال: سمعت ابن عمر، يقول: سمعت النبی صلى الله عليه وسلم يقول: والذی نفسی بيده إن الدنيا أهون على الله من هذه السخلة على أهلها، ولو كانت الدنيا تعدل عند الله مثقال حبة من خردل لم يعطها إلا أوليائه، وأحبائه من خلقه (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۱۲ ص ۳۴۸ ،رقم الحديث ۱۳۳۱۰)

قال الهيثمی:رواه الطبرانی، وفيه يحيى بن عبد الله البابلتی، وهو ضعيف(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۸۰۷۲ ،باب هوان الدنيا على الله)

وقال الالبانی:

قلت :وهذا إسناد ضعيف جدا، أورده الهيثمی بتمامه (10 /1 287 - 288) وقال:
"رواه الطبرانی، وفيه يحيى بن عبد الله البابلتی، وهو ضعيف ."
قلت :إعلاله بشيخه (أيوب بن نهيك) أولى؛ لأنه أشد منه ضعفا، ولذلك قال الذهبی فی "المغنی ":"تركوه ."
ولما ساق له الحافظ فی "اللسان "حديثا آخر له عنه؛ قال ":ويحيى ضعيف؛ لكنه لا يحتمل هذا ."يشير إلى إعلاله بأيوب .انظرالحديث (5087).
والحديث قد صح من طريق أخرى عن ابن عمر مرفوعا بلفظ ... ":ما سقى كافرا منها شربة ماء ."وكذلك روى عن جمع آخر من الصحابة من طرق يقوى بعضها بعضا، وقد خرجتها فی "الصحيحة "(686، 943)(سلسلة الاحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ۱۳۳۱۰)

[2] حدثنا الحسن قال: حدث رسول الله صلى الله عليه وسلم فی فور له بثلاثة أحاديث، مر على مزبلة فی طريق من طرق المدينة، فقال: من سره أن ينظر إلى الدنيا بحذافيرها، فلينظر إلى هذه المزبلة، ثم قال: لو أن الدنيا تعدل عند الله جناح ذباب، ما أعطى كافرا منها شيئا (الزهد والرقائق لابن المبارك ،ص ۲۱۹ ،رقم الحديث ۶۲۰، باب فی طلب الحلال)

www.idaraghufran.org

اوراس طرح یہ مضمون مختلف سندوں سے ثابت ہونے کی وجہ سے معتبر ہے۔ [1]

ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ضحاک بن سفیان کلابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا ضَحَّاكُ مَا طَعَامُكَ؟ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَللَّحْمُ وَاللَّبَنُ؟ قَالَ: ثُمَّ يَصِيْرُ إِلٰى مَاذَا؟ قَالَ: إِلٰى مَا قَدْ عَلِمْتَ، قَالَ: فَإِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى ضَرَبَ مَا يَخْرُجُ مِنْ ابْنِ آدَمَ مَثَلًا لِلدُّنْيَا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۵۷۴۷) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ضحاک! آپ کا کھانا کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! گوشت اور دودھ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر (بعد میں) یہ کیا بن جاتا ہے؟ حضرت ضحاک

---

[1] قال الالبانی:

- 6وأما حديث الجماعة من الصحابة، فيرويه ابن المبارك فى "الزهد "(2/178 كواكب 575) : أنبأنا إسماعيل بن عياش قال :حدثنى عثمان ابن عبيد الله بن (أبى) رافع أن رجالا من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم حدثوه مرفوعا به.

وهذا إسناد رجاله ثقات غير عثمان هذا فأورده ابن أبى حاتم (3/ 1/ 156) من رواية ابن أبى ذئب فقط عنه، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا، وذكر أنه مولى سعيد بن العاص المدينى، وعليه يكون الحديث من رواية ابن عياش عن أهل المدينة وهى ضعيفة، لكن يستشهد بها.

- 7وأما رواية الحسن، فقال ابن المبارك أيضا :أنبأنا حريث ابن السائب الأسدى قال :حدثنا الحسن مرفوعا به.

وهذا مرسل لا بأس به فى الشواهد، الحريث هذا قال الحافظ " :صدوق يخطىء ."

- 8وأما حديث عمرو بن مرة فقال السيوطى فى "الجامع الكبير "(1/ 3 /1) ": رواه هناد عنه مرسلا ."

وبالجملة فالحديث بمجموع هذه الطرق صحيح بلا ريب .والله أعلم(سلسلة الأحاديث الصحيحة ،تحت رقم الحديث ٣٨٢)

[2] قال شعيب الارنؤوط:صحيح لغيره(حاشية مسند احمد)

نے عرض کیا کہ جیسا کہ آپ جانتے ہی ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے ابنِ آدم کے پیٹ سے نکلنے والی چیز (یعنی غلاظت) کو دنیا کے مثل قرار دیا ہے (مسند احمد)

ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مَطْعَمَ بْنُ آدَمَ ضُرِبَ لِلدُّنْيَا مَثَلًا بِمَا خَرَجَ مِنِ بْنِ آدَمَ وَإِنْ قَزَّحَهُ وَمَلَّحَهُ فَانْظُرْ مَا يَصِيرُ إِلَيْهِ

(صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۷۰۲، کتاب الرقائق، باب الفقر والزهد والقناعة، مسند احمد، رقم الحدیث ۲۱۲۳۹) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک ابنِ آدم کے کھانے کو دنیا کی مثال بنادیا گیا ہے، اس (غلاظت) کی، جو ابنِ آدم سے (پیشاب، پاخانہ کی شکل بن کر) نکلتا ہے، اگرچہ اس کھانے کو مصالحہ، اور نمک لگایا گیا ہو (تب بھی وہ کھانا غلاظت بن کر ہی نکلتا ہے) پس تم دیکھ لو کہ اس کھانے کا انجام کیا ہو جاتا ہے (یہی انجام دنیا کا ہے) (ابنِ حبان، مسند احمد)

سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية ابنِ حبان)
وقال ايضاً: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)
وقال الهيثمي:
رواه عبد الله، والطبراني، ورجالهما رجال الصحيح غير عتى، وهو ثقة (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۸۰۷۵، باب مثل الدنيا)

جَاءَ قَوْمٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمْ: أَلَكُمْ طَعَامٌ؟قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَكُمْ شَرَابٌ؟قَالُوْا: نَعَمْ، فَقَالَ: فَتُصَفُّوْنَهُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ،قَالَ: وَتُبَرِّدُوْنَهُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ مَعَادَهُمَا كَمَعَادِ الدُّنْيَا، يَقُوْمُ أَحَدُكُمْ إِلٰى خَلْفِ بَيْتِهِ، فَيُمْسِكُ عَلٰى أَنْفِهِ مِنْ نَتْنِهِ

(المعجم الكبير للطبراني، ج۶ص ۲۴۸، رقم الحديث ۶۱۱۹) [1]

ترجمہ: کچھ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم لوگ کھانا کھاتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم لوگ پانی پیتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس کو صاف ستھرا کر کے بناتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس کو (کھاتے پیتے وقت) ٹھنڈا کرتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس کھانے پینے کا لوٹنا، اوران کا انجام، دنیا کے انجام کی طرح ہے، تم میں سے کوئی اپنے گھر کے پیچھے (پاخانہ والی جگہ) کھڑا ہوتا ہے، تو وہ اس کی بد بو سے اپنی ناک کو بند کر لیتا ہے (اسی طرح دنیا کا انجام بھی قابلِ کراہیت ہے) (طبرانی)

دنیا کی اس بے وقعتی اور اس کی حقارت کی وجہ سے بعض احادیث میں دنیا اور اس کی تمام چیزوں کو ملعون کہا گیا ہے، سوائے اللہ کے ذکر کے، یا سوائے عالم و متعلم کے، جو اللہ کے ذکر کا ذریعہ ہیں۔

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۰۷۷، باب مثل الدنيا)

وقال المنذري: رواه الطبراني ورواته محتج بهم في الصحيح (الترغيب والترهيب، ج۴ص ۸۳، كتاب التوبة والزهد، الترغيب في الزهد في الدنيا والاكتفاء منها بالقليل)

www.idaraghufran.org

ابوہریرہ، ابنِ مسعود، کعب، وابودرداء رضی اللہ عنہم کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: أَلَا إِنَّ الدُّنْیَا مَلْعُوْنَةٌ، مَلْعُوْنٌ مَا فِیْھَا إِلَّا ذِکْرُ اللّٰہِ وَمَا وَالَاہُ وَعَالِمٌ أَوْ مُتَعَلِّمٌ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۲۲، ابواب الزھد، باب بلا ترجمة بعد باب ما جاء فی ھوان الدنیا علی اللہ عز وجل) ۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا اور اس کی تمام چیزیں ملعون ہیں، البتہ اللہ کا ذکر اور اس کی معاون چیزیں اور عالم، یا متعلم (ترمذی)

اس طرح کی حدیث حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ ۲

اور حضرت کعب سے بھی اسی طرح کی حدیث موقوفاً مروی ہے۔ ۳

---

۱ قال الترمذی:

ھذا حدیث حسن غریب(سنن الترمذی، حوالہ بالا)

۲ حدثنا علی بن سعید قال: نا بشر بن معاذ قال: نا أبو المطرف المغیرة بن المطرف قال: نا ابن ثوبان، عن عبدة بن أبی لبابة، عن أبی وائل، عن ابن مسعود قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الدنیا ملعونة، ملعون ما فیھا إلا عالم أو متعلم، وذکر اللہ، وما والاہ(المعجم الاوسط للطبرانی،رقم الحدیث ۴۰۷۲، باب العین)

قال الھیثمی:

رواہ الطبرانی فی الأوسط، وقال :لم یروہ عن ابن ثوبان عن عبدة إلا أبو المطرف المغیرة بن مطرف .قلت :لم أر من ذکرہ(مجمع الزوائد،تحت رقم الحدیث ۴۹۲،باب فی فضل العالم والمتعلم)

۳ أخبرنا عبد اللہ بن محمد، حدثنا ابن یمان، عن ابن ثوبان، عن أبیہ، عن عبد اللہ بن ضمرة، عن کعب قال: الدنیا ملعونة ملعون ما فیھا إلا متعلم خیر أو معلمہ (مسند الدارمی،رقم الحدیث ۳۳۱،باب فی فضل العلم والعالم)

قال حسین سلیم أسد الدارانی:

إسنادہ حسن یحیی بن یمان حسن الحدیث فیما لم یخالف فیہ(حاشیة مسند الدارمی)

اس سے وہ علم خارج ہوگیا، جو اللہ کے ذکر کا معاون نہ بنے، وہ بھی ملعون ہے۔

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی اس طرح کی حدیث مروی ہے، اس میں اللہ عزوجل کی رضا حاصل کیے جانے والی چیز کے علاوہ ہر چیز کے ملعون ہونے کا ذکر ہے۔ [1]

ظاہر ہے کہ جو چیز، اللہ کی رضا کا ذریعہ نہ ہو، بلکہ اس سے بڑھ کر اللہ کی ناراضگی کا ذریعہ ہو، اس کے ملعون چیز ہونے میں کیا شبہ ہے۔

مذکورہ احادیث وروایات سے اللہ کے نزدیک دنیا کی حقیقت، اور اس کی ذلت وحقارت پوری طرح واضح ہوگئی، جو کسی تشریح وتفصیل کی محتاج نہیں۔

---

[1] حدثنا الحسن بن السميدع الأنطاكي، ومحمد بن إبراهيم بن سارية العكاوي قالا: ثنا موسى بن أيوب النصيبي، ثنا خداش بن المهاجر، ثنا عبد الرحمن بن يزيد بن جابر، عن أبي عبيد الله، عن أبي الدرداء، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الدنيا ملعونة ملعون ما فيها إلا ما ابتغي به وجه الله عز وجل (مسند الشاميين، للطبراني، رقم الحديث ٦١٢، ما انتهى إلينا من مسند عبد الرحمن بن يزيد بن جابر)

قال الهيثمي:

رواه الطبراني، وفيه خداش بن المهاجر ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٦٥٩، باب ما جاء في الرياء)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 7)

دنیا، مؤمن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت

احادیث میں یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے۔

اوراس کی وجہ یہ ہے کہ دنیا میں مومن بندہ اللہ کے احکام کی پابندی میں قید ہوتا ہے، اور کافر اس طرح کی پابندیوں سے آزاد ہو کر زندگی گذارتا ہے، اور دنیا کے مزے لوٹتا ہے، اس لئے اس کا صلہ یہ ہے کہ اس کے لئے آخرت میں جہنم کی قید ہو، اور مومن کے لئے آخرت میں جنت، اوراس میں ہر طرح کی آزادی ہے۔

سورہ احقاف کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ احقاف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ، أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ، فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِى الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ (سورة الأحقاف، رقم الآية ٢٠)

ترجمہ: اور جس دن پیش کیا جائے گا ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا، جہنم پر (کہا جائے گا ان کو) حاصل کر چکے ہو تم اپنے مزے، اپنی دنیا کی زندگی میں، اور فائدہ اٹھا چکے تم اس (دنیا کی زندگی) سے، پس آج بدلہ دیا جائے گا تم کو ذلت والے عذاب کا، اس چیز کی وجہ سے جو تکبر اختیار کیا کرتے تھے تم زمین میں ناحق، اور

اس چیز کی وجہ سے جو تم (اللہ کی) نافرمانی کیا کرتے تھے (سورہ احقاف)

معلوم ہوا کہ کافروں کو دنیا میں مزے لوٹنے کا وبال آخرت میں پڑے گا۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٥٦ "١" كتاب الزهد والرقائق)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا، مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے (مسلم)

سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ، وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: أَطْوَلُ النَّاسِ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَكْثَرُهُمْ جُوعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(مستدرک حاکم، رقم الحديث ٦٥٤٥، كتاب معرفة الصحابة رضى الله عنهم، ذكر سلمان الفارسى رضى الله عنه) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا، مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والے قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوکے ہوں گے (حاکم)

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث غريب صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَسَنَتُهُ، فَإِذَا خَرَجَ مِنَ الدُّنْيَا فَارَقَ السِّجْنَ وَالسَّنَةَ (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ۷۸۸۲، كتاب الرقاق)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا مومن کا قید خانہ، اور اس کی جیل ہے، پس جب وہ دنیا سے نکلتا ہے، تو قید خانہ اور جیل سے نکل جاتا ہے (حاکم)

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتٰى بِأَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُصْبَغُ فِي النَّارِ صَبْغَةً، ثُمَّ يُقَالُ: يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ خَيْرًا قَطُّ؟ هَلْ مَرَّ بِكَ نَعِيْمٌ قَطُّ؟ فَيَقُوْلُ: لَا، وَاللّٰهِ يَا رَبِّ. وَيُؤْتٰى بِأَشَدِّ النَّاسِ بُؤْسًا فِي الدُّنْيَا، مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيُصْبَغُ صَبْغَةً فِي الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ بُؤْسًا قَطُّ؟ هَلْ مَرَّ بِكَ شِدَّةٌ قَطُّ؟ فَيَقُوْلُ: لَا، وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا مَرَّ بِي بُؤْسٌ قَطُّ، وَلَا رَأَيْتُ شِدَّةً قَطُّ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۸۰۷ "۵۵" كتاب صفة القيامة والجنة والنار، باب صبغ أنعم أهل الدنيا فى النار، وصبغ أشدهم بؤسا فى الجنة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن جہنم والوں میں سے اس آدمی کو لایا جائے گا، جو اہلِ دنیا میں سے بہت نعمتوں (اور عیش وعشرت) والا تھا، پھر اس کو آگ (جہنم) میں ایک غوطہ دیا جائے گا، پھر کہا جائے گا کہ اے

ابنِ آدم! کیا تو نے کبھی کوئی خیر دیکھی، کیا تجھے کبھی کوئی نعمت ملی؟ وہ کہے گا کہ نہیں، اللہ کی قسم! اے میرے رب!

اور قیامت کے دن اہلِ جنت میں سے ایک ایسے آدمی کو لایا جائے گا، جو دنیا میں سب سے زیادہ تکلیف اٹھانے والا تھا، پھر اسے جنت میں ایک غوطہ دیا جائے گا، پھر اسے کہا جائے گا کہ اے ابنِ آدم! کیا تو نے کبھی کوئی تکلیف دیکھی، کیا تجھ پر کبھی کوئی سختی گزری؟

وہ کہے گا کہ نہیں، اللہ کی قسم! اے میرے رب، میرے پاس سے کبھی کوئی تکلیف نہیں گذری، اور نہ ہی میں نے کبھی کوئی تکلیف دیکھی (مسلم)

یعنی آخرت میں جنت کی ایک جھلک دنیا کی تمام تکلیفوں کو بھلا دے گی، اور جہنم کی ایک جھلک دنیا کے تمام عیش وعشرت کو بھلا دے گی۔

پس مومن کو چاہیے کہ وہ دنیا کو قید خانہ، اور آخرت کو جنت سمجھ کر زندگی گذارے، دنیا کو آخرت پر ترجیح نہ دے، اور اللہ کی طرف سے لگائی گئی پابندیوں کو اپنی آخرت کو درست کرنے کے لئے برداشت کرتا رہے، جس کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی پابندیوں سے آزاد ہو کر، جنت میں عیش وعشرت والی زندگی گزارے گا، اور دنیا کی ہر تکلیف ومصیبت کو بھول جائے گا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ نعمت وسعادت عطاء فرمائے۔ آمین۔

Idara Ghufran

(فصل نمبر 8)

دنیا میں اجنبی، یا مسافر کی طرح رہنے کا حکم

آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی جو حقیقت ہے، اس کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ اس کو اپنا اصلی گھر اور وطن نہ سمجھا جائے، بلکہ منزل کی طرف سفر اور راستہ کی طرح سمجھا جائے، اس لئے مومن بندہ کو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ وہ دنیا میں مسافروں کی طرح زندگی گذارے، جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عملی طور پر اس طرح زندگی گذاری۔

اس بارے میں چند احادیث ملاحظہ فرمائیے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا لِيُ، وَلِلدُّنيَا، إِنَّمَا مَثَلِيُ وَمَثَلُ الدُّنيَا كَمَثَلِ رَاكِبٍ، قَالَ فِيُ ظِلِّ شَجَرَةٍ فِيُ يَوُمٍ صَائِفٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا (مسند احمد، رقم الحديث ۴۲۰۸)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے دنیا سے کیا غرض، میری اور دنیا کی مثال تو اس سوار کی سی ہے، جو گرمی کے دن میں تھوڑی دیر ستانے (یعنی آرام کرنے) کے لیے کسی درخت کے سائے تلے ٹھہرا، پھر چل پڑا، اور اس درخت کے سایہ کو چھوڑ دیا (مسند احمد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:

صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

اِضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حَصِيْرٍ، فَأَثَّرَ فِيْ جَنْبِهٖ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ، جَعَلْتُ أَمْسَحُ جَنْبَهٗ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَ لَا آذَنْتَنَا حَتّٰى نَبْسُطَ لَكَ عَلَى الْحَصِيْرِ شَيْئًا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِيْ وَلِلدُّنْيَا؟ مَا أَنَا وَالدُّنْيَا؟ إِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ الدُّنْيَا كَرَاكِبٍ ظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا (مسند احمد، رقم الحديث ۳۷۰۹)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے، جس کے نشانات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلوئے مبارک پر پڑ گئے تھے، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے، تو میں آپ کے پہلو پر ہاتھ پھیرنے لگا اور میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں حکم فرماتے کہ ہم اس چٹائی پر کچھ بچھا دیتے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے دنیا سے کیا غرض، مجھے دنیا سے کیا مطلب، میری اور دنیا کی مثال تو اس سوار کی سی ہے، جو تھوڑی دیر ستانے (یعنی آرام کرنے) کے لیے کسی درخت کے سائے تلے ٹھہرا، پھر اسے چھوڑ کر چل پڑا (مسند احمد)

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهِ عُمَرُ، وَهُوَ عَلٰى حَصِيْرٍ قَدْ أَثَّرَ فِيْ جَنْبِهٖ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَوِ اتَّخَذْتَ فِرَاشًا أَوْثَرَ مِنْ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

هٰذَا؟ فَقَالَ: مَا لِي وَلِلدُّنيَا؟ مَا مَثَلِيُ وَمَثَلُ الدُّنيَا، إِلَّا كَرَاكِبٍ سَارَ فِيُ يَوُمٍ صَائِفٍ، فَاسُتَظَلَّ تَحُتَ شَجَرَةٍ سَاعَةً مِّنُ نَّهَارٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا (مسند احمد، رقم الحديث ٢٧٤٤) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے، اور اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے، جس کے نشانات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلوئے مبارک پر پڑ گئے تھے، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اگر آپ ان نشانات سے بچنے کے لے ایک بستر بنا لیتے، تو اچھا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے دنیا سے کیا مطلب، میری اور دنیا کی مثال تو اس سوار کی سی ہے، جو گرمی کے دن میں تھوڑی دیر دن کے وقت میں ستانے (یعنی آرام کرنے) کے لیے کسی درخت کے سائے تلے ٹھہرا، پھر اسے چھوڑ کر چل پڑا (مسند احمد)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَخَذَ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ بِبَعُضِ جَسَدِيُ، فَقَالَ: يَا عَبُدَ اللّٰهِ، كُنُ فِي الدُّنيَا كَأَنَّكَ غَرِيُبٌ، أَوُ كَأَنَّكَ عَابِرُ سَبِيُلٍ، وَعُدَّ نَفُسَكَ مِنُ أَهُلِ الْقُبُوُرِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٤١١٤، ابواب الزهد، باب مثل الدنيا) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کا ایک حصہ پکڑ کر فرمایا کہ اے

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: اسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط:
حديث صحيح دون قوله" :وعُدَّ نفسك من أهل القبور "فهو حسن لغيره، ليث -وهو ابن أبي سليم -وإن كان ضعيفًا -قد توبع(حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

عبداللہ! دنیا میں اس طرح رہو، گویا کہ آپ اجنبی ہیں، یا گویا کہ آپ راستہ سے گزرنے والے (مسافر) ہیں، اور خود کو قبر والوں میں (یعنی مردہ) شمار کرو (سنن ابنِ ماجہ)

مطلب یہ ہے کہ انسان کو دنیا میں اس طرح رہنا چاہئے، جیسا کہ کوئی پردیس اور اجنبی جگہ میں ہوتا ہے، یا پھر سفر میں ہوتا ہے، اس لئے دنیا سے دل نہیں لگانا چاہئے۔

اور موت یقینی ہے اور وہ کسی بھی وقت آسکتی ہے، اس لئے انسان کو ہمہ وقت موت کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

اور اسی وجہ سے دنیا میں زیادہ بکھیڑا بھی جمع نہیں کرنا چاہیے، بلکہ مسافر کے سفری سامان کی طرح ضرورت کی چیزوں پر اکتفاء کرنا چاہیے، جیسا کہ احادیث میں اس کا ذکر آیا ہے۔

خباب، انس وسلمان رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا يَكْفِيْ أَحَدَكُمْ مِنَ الدُّنْيَا كَزَادِ الرَّاكِبِ (مسند أبی یعلی الموصلی، رقم الحدیث ۷۲۱۴، حدیث خباب بن الأرت) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کسی کے لئے، دنیا اتنی کافی ہے، جتنا سوار کا توشہ (یعنی راستہ کا سامان) ہوتا ہے (مسند ابی یعلیٰ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

عَهِدَ إِلَيْنَا أَنَّهُ يَكْفِيْ أَحَدَكُمْ مِثْلُ زَادِ الرَّاكِبِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحدیث ۴۱۰۴، أبواب الزهد، باب الزهد فی الدنيا) [2]

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانی:
إسناده صحيح (حاشية مسند ابی يعلیٰ)

[2] قال شعيب الارنؤوط:
حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: ہم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عہد لیا کہ تم میں سے کسی کے لئے، سوار کے توشہ کے مثل کافی ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ حَبِيْبَنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ فَارَقْنَا عَهِدَ إِلَيْنَا ،قَالَ: لِيَكْفِ الْيَوْمَ مِنْكُمْ كَزَادِ الرَّاكِبِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٧٠٦، كتاب الرقائق، باب الفقر والزهد والقناعة) [1]

ترجمہ: ہمارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے جدا ہوتے وقت یہ عہد لیا تھا کہ آج کے دن تم میں سے کسی کے لئے، سوار کے توشہ کے مثل کافی ہے (ابن حبان)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کی حقیقت کو اچھی طرح واضح فرمادیا کہ اس میں کس طرح زندگی گزاری جائے۔

جس کا خلاصہ یہ کہ دنیا کو اپنا اصلی گھر اور وطن نہیں سمجھنا چاہیے، اور اس میں اجنبی، یا مسافر کی طرح رہنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ، دنیا کی حقیقت اور اس میں زندگی گزارنے کے صحیح طریقہ کو سمجھ کر، اس پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

(فصل نمبر 9)

تقدیرِ الٰہی وقضائے الٰہی پرایمان ورضاء کا حکم

اللہ تعالیٰ کی ایک صفت عالم الغیب ہونا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ازل سے ہر چیز کا صحیح اور کامل علم ہے، اور کائنات میں جو واقعات وجود میں آتے ہیں، ان کا بھی اللہ تعالیٰ کو پہلے سے کامل علم ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے اس علم کی روشنی میں یہ تمام چیزیں لوحِ محفوظ میں پہلے سے لکھ دی ہیں، اور جو کچھ بھی کائنات میں وجود میں آتا ہے، وہ اسی کے مطابق ہوتا ہے، اس کے خلاف ہرگز نہیں ہوسکتا، ورنہ تو اللہ تعالیٰ کے عالم الغیب ہونے کی طرف نقص وعیب لازم آتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کی ایک صفت حکیم ہونا بھی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہر فیصلہ انتہائی حکمت پر مبنی ہوتا ہے، اور بندوں کے لئے اس میں مصلحت ہوتی ہے، خواہ وہ ناقص عقل رکھنے والے انسانوں کو سمجھ آئے یا نہ آئے۔

اس چیز پر ایمان لانے کو ’’تقدیر پر ایمان لانا‘‘ کہا جاتا ہے۔

نہ تو تقدیر پر ایمان لائے بغیر کسی کا ایمان، درست ہوتا، اور نہ ہی تقدیر پر اعتراض کرنے سے ایمان سلامت رہتا۔

ذیل میں اس کی کچھ تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

سورہ انعام کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ،وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ،

وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ (سورة الأنعام، رقم الآية : ۵۹)

ترجمہ: اور اسی کے پاس ہیں، غیب کی کنجیاں، نہیں جانتا ان کو، مگر وہی، اور جانتا ہے وہ (اللہ) ان چیزوں کو جو خشکی میں ہیں، اور سمندر میں ہیں، اور نہیں گرتا کوئی پتا، مگر جانتا ہے وہ، اس کو، اور نہیں ہے کوئی دانا زمین کی اندھیریوں میں، اور نہ کوئی تر چیز، اور نہ کوئی خشک چیز، مگر وہ واضح کتاب (لوحِ محفوظ) میں ہے (سورہ انعام)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو ہر نقل وحرکت اور ہر چیز کا پوری طرح علم ہے، اور اللہ نے اس نے ایسی کتاب میں محفوظ فرما رکھا ہے، جس کو لوحِ محفوظ کہا جاتا ہے۔

قرآن مجید کی اور بھی کئی آیات میں اللہ تعالیٰ کے عالمُ الغیب و الشھادۃ ہونے کا صاف طور پر ذکر ہے۔ [1]

سورہ یونس، سورہ سبأ اور سورہ نمل کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا

---

[1] وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُولُ كُنْ فَيَكُونُ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ (سورة الانعام، رقم الآية ۷۳)

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ (سورة الرعد، رقم الآية ۹)

عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (سورة المؤمنون، رقم الآية ۹۲)

قُلْ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ (سورة النمل، رقم الآية ۶۵)

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (سورة السجدة، رقم الآية ۶)

قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ (سورة الزمر، رقم الآية ۴۶)

هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ (سورة الحشر، رقم الآية ۲۲)

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (سورة الجمعة، رقم الآية ۸)

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (سورة التغابن، رقم الآية ۱۸)

أَصْغَرَ مِنْ ذٰلِکَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ (سورة يونس، رقم الآية: ٦١)

ترجمہ: اور نہیں غائب ہوتا تیرے رب سے ذرہ برابر، زمین میں، اور نہ آسمانوں میں، اور نہ کوئی چھوٹی (چیز) اس (ذرہ) سے، اور نہ کوئی بڑی (چیز) مگر وہ ایک واضح کتاب (لوحِ محفوظ) میں ہے (سورہ یونس)

اور قرآن مجید کی سورہ سبأ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَلَا أَصْغَرُ مِنْ ذٰلِکَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ (سورة سبأ، رقم الآية: ٣)

ترجمہ: نہیں غائب ہوتا اس (اللہ) سے ذرہ برابر، آسمانوں میں، اور نہ زمین میں، اور نہ (کوئی) چھوٹی اس (ذرہ) سے، اور نہ کوئی بڑی (چیز) مگر وہ واضح کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ہے (سورہ سبا)

اور قرآن مجید کی سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ (سورة النمل، رقم الآية: ٧٥)

ترجمہ: اور نہیں ہے کوئی چیز غائب، آسمان میں اور زمین میں، مگر وہ واضح کتاب میں ہے (سورہ نمل)

معلوم ہوا کہ آسمان و زمین کی کوئی ادنیٰ سے ادنی، اور چھپی ہوئی چیز بھی اللہ سے مخفی نہیں، ہر چیز کا علم اللہ نے کتاب میں محفوظ فرما رکھا ہے۔

سورہ ہود اور سورہ حج کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ہود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ (سورة هود، رقم الآية: ٦)

ترجمہ: اور نہیں ہے کوئی جانور، زمین میں، مگر اللہ پر اس کا رزق ہے، اور جانتا ہے وہ (اللہ) اس کے ٹھکانے کو، اور اس کے لوٹنے کی جگہ کو، ہر چیز واضح کتاب میں ہے (سورہ ہود)

اور قرآن مجید کی سورہ حج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّ ذٰلِكَ فِي كِتَابٍ ، إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ (سورة الحج ، رقم الآية : ٧٠)

ترجمہ: کیا نہیں جانتا تو کہ بے شک اللہ جانتا ہے، وہ چیزیں جو آسمان میں ہیں، اور زمین میں ہیں، بے شک یہ کتاب میں ہیں، بے شک یہ اللہ پر بہت آسان ہے (سورہ حج)

معلوم ہوا کہ ہر مخلوق کے رزق، اور اس کے ٹھکانے اور آسمان وزمین کی ہر چیز کا علم اللہ کے پاس محفوظ ہے۔

سورہ فاطر اور سورہ حدید کا حوالہ

سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ، وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثٰى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهٖ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖ إِلَّا فِي كِتَابٍ ، إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ (سورة الفاطر ، رقم الآية : ١١)

ترجمہ: اور اللہ نے پیدا کیا تم کو مٹی سے، پھر نطفہ سے، پھر کر دیا اس نے تم کو جوڑے دار،، اور نہیں اٹھاتی کوئی مادہ، اور نہیں جنتی وہ، مگر اس (اللہ) کے علم کے ساتھ، اور نہیں عمر دی جاتی کسی عمر والے کو، اور نہیں کم کیا جاتا کسی کی عمر سے، مگر کتاب میں ہے، بے شک یہ اللہ پر بہت آسان ہے (سورہ فاطر)

معلوم ہوا کہ پیدائش سے پہلے، اور پیدائش کے بعد ہر چیز اللہ کے علم، اور اس کی کتاب، یعنی ’’لوحِ محفوظ‘‘ میں ہے۔

سورہ حدید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَا أَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ أَنْ نَبْرَأَهَا إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (سورة الحديد، رقم الآية : ٢٢)

ترجمہ: نہیں پہنچتی کوئی مصیبت، زمین میں اور نہ تمہاری اپنی جانوں میں، مگر ہے وہ کتاب میں، اس سے پہلے کہ ہم نے اس کو وجود دیا، بے شک یہ اللہ پر بہت آسان ہے (سورہ حدید)

معلوم ہوا کہ زمین میں، یا انسانوں کی جانوں میں، جو کوئی بھی مصیبت پہنچتی ہے، وہ اللہ کی طرف سے لوحِ محفوظ میں پہلے سے موجود ہوتی ہے، اسی کا نام تقدیر ہے۔

اسی لئے اللہ کی طرف سے مومن بندے کے حق میں جو فیصلہ ہو، اس میں خیر کا عقیدہ رکھنے، اور اس کی حقیقت و مصلحت کو اللہ کے حوالے کرنے کا حکم ہے۔

سورہ بقرہ، نساء، نور، اور سورہ مومن کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَعَسٰى أَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰى أَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (سورة البقرة، رقم الآية ٢١٦)

ترجمہ: اور ممکن ہے کہ ناپسند کرو تم کسی چیز کو، اور وہ بہتر ہو، تمہارے لیے، اور ممکن ہے کہ پسند کرو تم کسی چیز کو، اور وہ شر والی ہو، تمہارے لئے، اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (سورہ بقرہ)

اور قرآن مجید کی سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَعَسٰۤی اَنۡ تَکۡرَهُوۡا شَیۡـئًا وَّیَجۡعَلَ اللّٰهُ فِیۡهِ خَیۡرًا کَثِیۡرًا (سورۃ النساء، رقم الآیۃ ۱۹)

ترجمہ: پھر ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ نے اس میں خیرِ کثیر رکھ دی ہو (سورہ نساء)

اور قرآن مجید کی سورہ نور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا تَحۡسَبُوۡهُ شَرًّا لَّـکُمۡ بَلۡ هُوَ خَیۡرٌ لَّـکُمۡ (سورۃ النور، رقم الآیۃ ۱۱)

ترجمہ: نہ گمان کرو تم اس کو کہ بُری ہے، تمہارے لئے، بلکہ وہ بہتر ہے تمہارے لئے (سورہ نور)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ بندہ کو اللہ کے فیصلوں کو غلط نہیں سمجھنا چاہیے، بلکہ ان میں مصلحت وحکمت اور بہترائی کا عقیدہ رکھنا چاہیے۔

انسان کے لئے خیر اس میں ہے کہ وہ اپنی طرف سے ہر کام کو ٹھیک ٹھیک طریقہ پر انجام دے، اور اس کے نتیجہ کو اللہ کے حوالہ کردے، اور اللہ سے بہترائی کی امید اور حسنِ ظن رکھے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ مومن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ (سورۃ المومن، رقم الآیۃ ۴۴)

ترجمہ: اور سپرد کرتا ہوں میں اپنے معاملہ کو اللہ کی طرف، بے شک اللہ خوب دیکھنے والا ہے بندوں کو (سورہ مومن)

ابو ہریرہ، عبداللہ بن عمرو، اور ابنِ عُمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

جَاءَ مُشۡرِكُوۡ قُرَيۡشٍ يُخَاصِمُوۡنَ رَسُوۡلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ

فِی الْقَدَرِ، فَنَزَلَتْ ’’یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ، إِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنَاہُ بِقَدَرٍ‘‘ (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۲۶۵۶"۱۹" کتاب القدر، باب کل شیء بقدر)

ترجمہ: مشرکینِ قریش، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تقدیر کے بارے میں تنازعہ کرتے ہوئے آئے، تو اس پر (سورہ قمر کی) یہ آیت نازل ہوئی:

’’یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ، إِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنَاہُ بِقَدَرٍ‘‘

’’جس دن گھسیٹا جائے گا، ان کو عذاب میں ان کے چہروں کے بل (اور کہا جائے گا کہ) چکھو تم آگ کے چھونے کو، بے شک ہم نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے، مقدار کے ساتھ (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ اللہ نے ہر چیز کی پیدائش ایک مخصوص مقدار کے ساتھ کی ہے، جس میں زندگی، اور موت، اور رزق وغیرہ سب چیزوں کی مقدار اللہ کی طرف سے طے کر دی گئی ہے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِی الْقَدَرِ فَغَضِبَ حَتّٰی احْمَرَّ وَجْھُہٗ، حَتّٰی کَأَنَّمَا فُقِیءَ فِیْ وَجْنَتَیْہِ الرُّمَّانُ، فَقَالَ: أَبِھٰذَا أُمِرْتُمْ أَمْ بِھٰذَا أُرْسِلْتُ إِلَیْکُمْ؟ إِنَّمَا ھَلَکَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ حِیْنَ تَنَازَعُوْا فِیْ ھٰذَا الْأَمْرِ، عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ أَلَّا تَتَنَازَعُوْا فِیْہِ (سنن الترمذی،رقم الحدیث ۲۱۳۳، ابواب القدر، باب ما جاء فی التشدید فی الخوض فی القدر) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم اس وقت

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن عمر، وعائشۃ، وأنس وھذا حدیث غریب لا نعرفہ إلا من ھذا الوجہ من حدیث صالح المری، وصالح المری لہ غرائب ینفرد بھا لا یتابع علیھا.

تقدیر کے بارے میں نزاع واختلاف کررہے تھے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آ گیا، یہاں تک کہ آپ کا چہرہ سرخ ہوگیا،گویا کہ آپ کے رخساروں میں انار کو نچوڑ دیا گیا ہو، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تمہیں اسی کا حکم دیا گیا ہے؟ یا کیا میں تمہاری طرف اسی لئے مبعوث کیا گیا ہوں؟ بس تم سے پہلے لوگ اسی وقت ہلاک ہوئے تھے، جب انہوں اس (تقدیر) کے معاملہ میں نزاع کیا تھا، میں نے تمہارے اوپر یہ عزم کیا ہے کہ تم اس (تقدیر) کے بارے میں نزاع نہ کرو (ترمذی)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى أَصْحَابِهٖ وَهُمْ يَخْتَصِمُوْنَ فِي الْقَدَرِ، فَكَأَنَّمَا يُفْقَأُ فِيْ وَجْهِهٖ حَبُّ الرُّمَّانِ مِنَ الْغَضَبِ، فَقَالَ: بِهٰذَا أُمِرْتُمْ، أَوْ لِهٰذَا خُلِقْتُمْ؟ تَضْرِبُوْنَ الْقُرْآنَ بَعْضَهٗ بِبَعْضٍ، بِهٰذَا هَلَكَتِ الْأُمَمُ قَبْلَكُمْ (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ٨٥، ابواب السنة، باب في القدر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے پاس تشریف لائے، اور وہ اس وقت تقدیر کے بارے میں نزاع واختلاف کررہے تھے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ پر غصہ کی وجہ سے گویا کہ انار کو نچوڑ دیا گیا ہو، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تمہیں اسی (بحث) کا حکم دیا گیا ہے؟ یا کیا تمہیں اسی (بحث کے لئے) پیدا کیا گیا ہے؟ تم قرآن کے بعض کو بعض سے ٹکراتے ہو (یعنی کوئی تقدیر کے مسئلہ میں ایک آیت کو اور دوسرا، اس کے برعکس دوسری آیت کو پیش کرتا ہے) اسی کی وجہ سے تمہارے سے پہلے کی قومیں ہلاک کی گئی تھیں (ابنِ ماجہ)

معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے طے شدہ تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے، اور اس کے متعلق بے جا بحث ومباحثہ جائز نہیں۔

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

اورحضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: كَتَبَ اللّٰهُ مَقَادِيْرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَّخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ، قَالَ: وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٥٣ "١٦" كتاب القدر، باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ نے مخلوق کی تقدیروں کو، آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے لکھ دیا تھا، اور اللہ کا عرش پانی پر تھا (مسلم)

اورحضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ الْمَرْءُ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٧٠٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ اچھی اور بری تقدیر پر ایمان نہ لے آئے (مسند احمد)

اورحضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ أُمَّتِيْ أَقْوَامٌ يُكَذِّبُوْنَ بِالْقَدَرِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ٤٦١٣، كتاب السنة باب لزوم السنة) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں ایسے لوگ ہوں گے، جو تقدیر کا انکار کریں گے (ابوداؤد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابی داؤد)

Idara Ghufran

جابر، ابوالدرداء، ودیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ، حَتّٰى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهٗ، وَأَنَّ مَا أَخْطَأَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهٗ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۱۴۴، ابواب القدر، باب ما جاء فی الإیمان بالقدر خیره وشره) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ اچھی اور بری تقدیر پر اس طرح ایمان نہ لائے کہ وہ یقین کرلے کہ جو چیز اس کو پہنچی ہے، وہ اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز اس سے رہ گئی ہے، وہ اسے ہرگز نہیں پاسکتا تھا (ترمذی)

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبْلُغُ عَبْدٌ حَقِيْقَةَ الْإِيْمَانِ حَتّٰى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهٗ وَمَا أَخْطَأَهٗ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهٗ (کشف الاستار عن زوائد البزار، رقم الحدیث ۳۳، کتاب الإیمان، باب حقیقة الإیمان وکماله) [2]

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن عبادة، وجابر، وعبد الله بن عمرو وهذا حدیث غریب لا نعرفه إلا من حدیث عبد الله بن میمون، وعبد الله بن میمون منکر الحدیث.

[2] قال البزار: وإسناده حسن (حواله بالا)

وقال الهیثمی: رواه البزار، وقال: إسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۹۱، کتاب الإیمان)

وقال الالبانی:

وقال البزار " :إسناده حسن ."وهو کما قال أو أعلى، فإن رجاله ثقات کلهم، لا کلام

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ ایمان کی حقیقت کو نہیں پہنچ سکتا، جب تک کہ وہ یہ یقین نہ کرلے کہ جو چیز اس کو پہنچی ہے وہ اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز اس سے رہ گئی ہے، وہ اسے ہرگز نہیں پاسکتا تھا (بزار)

حضرت ابنِ دیلمی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

أَتَيْتُ أُبَىَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقُلْتُ لَهُ وَقَعَ فِىْ نَفْسِىْ شَىْءٌ مِنَ الْقَدَرِ، فَحَدِّثْنِىْ بِشَىْءٍ لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُذْهِبَهُ مِنْ قَلْبِىْ، قَالَ: لَوْ أَنَّ اللّٰهَ عَذَّبَ أَهْلَ سَمَاوَاتِهٖ وَأَهْلَ أَرْضِهٖ عَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ، وَلَوْ رَحِمَهُمْ كَانَتْ رَحْمَتُهٗ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ أَعْمَالِهِمْ، وَلَوْ أَنْفَقْتَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا قَبِلَهُ اللّٰهُ مِنْكَ حَتّٰى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ، وَتَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ، وَأَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَكَ، وَلَوْ مُتَّ عَلٰى غَيْرِ هٰذَا لَدَخَلْتَ النَّارَ، قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ، فَقَالَ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فيهم، غير سليمان بن عتبة وقد وثقه جماعة وما قيل فيه فلا حجة له.ثم إن للحديث شواهد كثيرة، تقدم ذكر الكثير الطيب منها تحت الحديث (2439)(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٤٧١)

وقال ايضاً:

وقال البزار ":وإسناده حسن ."وأقره الحافظ فى "مختصر الزوائد "(1/76) ، وهو كما قال أو أعلى؛ فإن رجاله ثقات كلهم؛ على ضعف يسير فى ابن عبد الرحمن، وهو ابن بنت شرحبيل؛ من رجال البخارى.

وعمرو -شيخ البزار -الظاهر أنه ابن على المتقدم عند البزار قبل أحاديث (ص 12 و15) ، وهو الفلاس الحافظ.وقد توبع؛ فأخرجه ابن أبى عاصم فى "السنة "(رقم -246بتحقيقى) ، وكذا ابن عساكر فى "تاريخ دمشق "(4/ 660) من طريق هشام بن عمار :حدثنا سليمان بن عتبة السلمى به.

وللحديث شواهد؛ تنظر فيما تقدم من هذه "السلسلة "(2439) ، وفى "ظلال الجنة" (111) و (245-247)(سلسلة الاحاديث الصحيحة، رقم الحديث ٣٠١٩)

مِثْلَ ذٰلِکَ، قَالَ: ثُمَّ أَتَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَنِیُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِکَ (سنن أبی داود، رقم الحديث ۴۶۹۹، کتاب السنة، باب فی القدر) [1]

ترجمہ: میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور میں نے عرض کیا کہ میرے دل میں تقدیر سے متعلق کچھ شکوک وشبہات پیدا ہو گئے ہیں آپ اس بارے میں مجھے کچھ بتلائیں، شاید اللہ میرے دل سے ان شبہات کو نکال دے، تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر اللہ آسمان والوں اور زمین والوں کو عذاب دینا چاہے، تو عذاب دے سکتا ہے اور وہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں ہوگا، اور اگر وہ ان پر رحم فرمائے، تو اس کی رحمت ان کے لیے ان کے اپنے اعمال سے بہتر ہوگی، اور اگر تو اُحد کے پہاڑ کے برابر بھی، اللہ کی راہ میں سونا خرچ کردے، تو وہ تجھ سے قبول نہیں فرمائے گا، یہاں تک کہ تو تقدیر پر ایمان لے آئے، اور تو یہ یقین نہ کرلے کہ جو چیز تجھ کو پہنچی ہے، تو اس سے ہرگز بچ نہیں سکتا تھا، اور جو چیز تجھ سے رہ گئی ہے، تو اسے ہرگز نہیں پاسکتا تھا، اور اگر تو اس اعتقاد کے بغیر مرگیا، تو ضرور بالضرور تو آگ میں داخل ہوگا، ابنِ دیلمی کہتے ہیں کہ پھر میں حضرت عبداللہ بن مسعود کے پاس آیا، تو انہوں نے بھی اسی طرح فرمایا، پھر میں حضرت حذیفہ بن یمان کے پاس آیا، تو انہوں نے بھی اسی طرح کہا، پھر میں حضرت زید بن ثابت کے پاس آیا، تو انہوں نے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث مجھ سے نقل کی (ابوداؤد)

عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ولید بن عبادہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوی (حاشية سنن ابی داوٗد)

www.idaraghufran.org

دَخَلْتُ عَلٰى عُبَادَةَ، وَهُوَ مَرِيضٌ أَتَخَايَلُ فِيهِ الْمَوْتَ ،فَقُلْتُ:يَا أَبَتَاهُ أَوْصِنِي وَاجْتَهِدْ لِي ،فَقَالَ:أَجْلِسُونِي،فَلَمَّا أَجْلَسُوهُ قَالَ:يَا بُنَيَّ إِنَّكَ لَنْ تَطْعَمَ طَعْمَ الْإِيمَانِ، وَلَنْ تَبْلُغَ حَقَّ حَقِيقَةِ الْعِلْمِ بِاللّٰهِ حَتّٰى تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ قَالَ:قُلْتُ:يَا أَبَتَاهُ وَكَيْفَ لِي أَنْ أَعْلَمَ مَا خَيْرُ الْقَدَرِ مِنْ شَرِّهٖ؟ قَالَ:تَعْلَمُ أَنَّ مَا أَخْطَأَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ، وَمَا أَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ ،يَا بُنَيَّ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمُ، ثُمَّ قَالَ: اُكْتُبْ فَجَرَى فِي تِلْكَ السَّاعَةِ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ،يَا بُنَيَّ إِنْ مِتَّ وَلَسْتَ عَلٰى ذٰلِكَ دَخَلْتَ النَّارَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۲۷۰۵) [1]

ترجمہ: میں (اپنے والد) حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، وہ اس وقت بیمار تھے، اور میں سمجھتا تھا کہ یہ ان کا مرض الوفات ہے، میں نے ان سے عرض کیا کہ اے ابا جان! مجھے چھان پھٹک کر کوئی وصیت کر دیجئے، انہوں نے فرمایا کہ مجھے اٹھا کر بٹھا دو، جب انہیں اٹھا کر بٹھا دیا، تو فرمایا کہ اے میرے بیٹے! تم اس وقت تک ایمان کا ذائقہ نہیں چکھ سکتے، اور ہرگز بھی علم باللہ کی حقیقت نہیں جان سکتے، جب تک تم اچھی بری تقدیر اللہ کی طرف سے ہونے پر ایمان نہ لاؤ، میں نے عرض کیا کہ اے ابا جان! مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ تقدیر کا کون سا فیصلہ (میرے حق میں) اچھا ہے اور کون سا برا؟ فرمایا تم یہ یقین نہ کر لو کہ جو چیز تجھ سے رہ گئی، تو اسے نہیں پا سکتا تھا، اور جو چیز تجھ کو پہنچی ہے، تو اس سے بچ نہیں سکتا تھا،

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
حديث صحيح، وهذا إسناد حسن(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا، پھر اس سے فرمایا کہ لکھ، چنانچہ اس نے اس وقت سے لے کر، قیامت تک ہونے والے واقعات کو لکھ دیا، اے میرے بیٹے اگر تم مرتے وقت اس عقیدے پر نہ ہوئے، تو تم جہنم میں داخل ہو گے (مسند احمد)

حضرت ولید بن عبادہ بن صامت رحمہ اللہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَوْصَانِيْ أَبِيْ رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ أُوصِيكَ أَنْ تُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ، فَإِنَّكَ إِنْ لَّمْ تُؤْمِنْ أَدْخَلَكَ اللّٰهُ النَّارَ، قَالَ: وَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمُ، ثُمَّ قَالَ لَهٗ: اُكْتُبْ، قَالَ: وَمَا أَكْتُبُ؟ قَالَ: اَلْقَدَرُ، قَالَ: فَكَتَبَ مَا يَكُوْنُ، وَمَا هُوَ كَائِنٌ إِلٰى أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۲۷۰۷) [1]

ترجمہ: میرے والد رحمہ اللہ نے مجھے وصیت کرتے ہوئے فرمایا کہ اے میرے بیٹے! میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تم اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لاؤ، اور اگر تم اس پر ایمان نہیں لاؤ گے، تو اللہ تمہیں آگ (جہنم) میں داخل فرما دے گا، اور میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا اور اس سے فرمایا کہ لکھ، اس نے کہا کہ میں کیا لکھوں؟ اللہ نے فرمایا کہ ہر چیز کی تقدیر لکھ، چنانچہ اس نے قیامت تک ہونے والے واقعات کو لکھ دیا (مسند احمد)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْقَلَمُ فَقَالَ لَهٗ: اُكْتُبْ، قَالَ: وَمَا أَكْتُبُ يَا رَبِّ؟ قَالَ: اُكْتُبِ الْقَدَرَ، قَالَ: وَكَتَبَ مَا هُوَ كَائِنٌ (السنة لابنِ ابی عاصم، رقم الحديث ۱۰۳،

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

باب: ذکر القلم أنه أول ما خلق الله تعالی وما جری به القلم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا اور اس سے فرمایا کہ لکھ، اس نے کہا کہ میں کیا لکھوں اے میرے رب؟ اللہ نے فرمایا کہ ہر چیز کی تقدیر لکھ، چنانچہ اس نے قیامت تک ہونے والے واقعات کو لکھ دیا (السنۃ)

حضرت عطاء بن ابی رباح رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَادَةَ كَيْفَ كَانَتْ وَصِيَّةُ أَبِيْكَ حِيْنَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ؟قَالَ:أَيْ بُنَيَّ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْقَلَمُ ،فَقَالَ:اُكْتُبْ،قَالَ:وَمَا أَكْتُبُ يَا رَبِّ؟ قَالَ:اُكْتُبِ الْقَدَرَ ،قَالَ:فَجَرَى الْقَلَمُ فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ بِمَا كَانَ وَبِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى الْأَبَدِ (السنة لابنِ ابی عاصم، رقم الحديث ۱۰۴ ،باب: ذكر القلم أنه أول ما خلق الله تعالی وما جری به القلم) [2]

ترجمہ: میں نے ایک مرتبہ حضرت ولید بن عبادہ سے پوچھا کہ آپ کے والد نے آپ کو مرضِ وفات میں جو وصیت کی تھی، وہ کیا تھی؟ ولید بن عبادہ نے فرمایا تھا کہ میرے والد حضرت عبادہ نے مجھ سے فرمایا کہ اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے پہلے اللہ نے قلم کو پیدا کیا

---

[1] قال الالبانی: حديث صحيح وإسناده لا بأس به فی الشواهد رجاله ثقات غير ابن لهيعة وهو سیء الحفظ لكنه يتقوى بما قبله وما بعده وبراوية أيوب بن زياد ثنی عبادة بن الوليد بن عباس ثنی أبی قال دخلت على عبادة فذكره مرفوعا أخرجه أحمد 5/317 وإسناده حسن رجاله ثقات معروفون غير أيوب هذا فقد وثقه ابن حبان لكن روى عنه جماعة ومن طريقه أخرجه كما يأتی 107.(ظلال الجنة فی تخريج احاديث السنة لابنِ ابی عاصم)

[2] قال الالبانی: حديث صحيح رجاله موثقون ومعاوية بن سعيد وثقه ابن حبان وروى عنه جمع كثير فالإسناد حسن لولا عنعنة بقية لكنه يتقوى بما سبق من الطرق وما يأتی من المتابعة(ظلال الجنة فی تخريج احاديث السنة لابنِ ابی عاصم)

اوراس سے فرمایا کہ لکھ، اس نے کہا کہ میں کیا لکھوں اے میرے رب؟ اللہ نے فرمایا کہ ہر چیز کی تقدیر لکھ، چنانچہ قلم، اسی وقت چل پڑا، جو کچھ ہو چکا، اور جو کچھ ’’اَبَد‘‘ تک ہونے والا ہے (اس سب کو لکھ دیا) (السنہ)

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

ابو ہریرہ، ابنِ عباس، اور ایک صحابی رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّصِبْ مِنْہُ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ۲۹۰۷، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی الصبر وثواب الأمراض والأعراض) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ، جس کے ساتھ خیر کا ارادہ کرتا ہے، تو وہ خیر اس کو پہنچ کر رہتی ہے (ابن حبان)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

کُنْتُ رَدِیْفَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا غُلَامُ، أَوْ یَا غُلَیِّمُ، أَلا أُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ یَنْفَعُکَ اللّٰہُ بِہِنَّ؟ فَقُلْتُ: بَلٰی، فَقَالَ: اِحْفَظِ اللّٰہَ یَحْفَظُکَ، اِحْفَظِ اللّٰہَ تَجِدْہُ أَمَامَکَ، تَعَرَّفْ إِلَیْہِ فِی

---

[1] عن أبی حفصة، قال: قال عبادة بن الصامت لابنه: یا بنی إنک لن تجد طعم حقیقة الإیمان حتی تعلم أن ما أصابک لم یکن لیخطئک، وما أخطاک لم یکن لیصیبک، سمعت رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وسلم- یقول": إن أول ما خلق اللہ القلم، فقال له: اکتب، قال: رب، وماذا أکتب؟ قال: اکتب مقادیر کل شیء حتی تقوم الساعة"، یا بنی، إنی سمعت رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وسلم یقول": من مات علی غیر هذا فلیس منی"(سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۷۰۰، کتاب السنة، باب فی القدر)

قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیة سنن ابی داؤد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح علی شرط البخاری (حاشیة صحیح ابن حبان)

الرَّخَاءِ،يَعْرِفُكَ فِي الشِّدَّةِ، وَإِذَا سَأَلْتَ، فَاسْأَلِ اللّٰهَ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ، فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ، قَدْ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ، فَلَوْ أَنَّ الْخَلْقَ كُلَّهُمْ جَمِيعًا أَرَادُوا أَنْ يَنْفَعُوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، وَإِنْ أَرَادُوا أَنْ يَضُرُّوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ فِي الصَّبْرِ عَلٰى مَا تَكْرَهُ خَيْرًا كَثِيرًا، وَأَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ، وَأَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْكَرْبِ، وَأَنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (مسند أحمد، رقم الحديث ٢٨٠٣) [1]

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر پیچھے سوار تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بچے، یا اے چھوٹے سے بچے! کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھلا دوں، جن کے ذریعہ سے اللہ آپ کو نفع پہنچائے گا، میں نے عرض کیا کہ ضرور بتلا دیجئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اللہ کے احکام کو محفوظ رکھو، تو اللہ آپ کو (دنیا و آخرت میں بلاؤں سے) محفوظ رکھے گا، آپ اللہ کے حقوق کو محفوظ رکھو، تو آپ اللہ کو (اپنی مدد اور قبولیت کے لئے) اپنے سامنے پاؤ گے، آپ اللہ کو راحت وسکون کی حالت میں یاد رکھو، تو اللہ آپ کو تنگی کی حالت میں یاد رکھے گا، اور جب آپ سوال کرو، تو اللہ ہی سے سوال کرو، اور جب آپ مدد طلب کرو، تو اللہ ہی سے مدد طلب کرو، بلاشبہ (تقدیر لکھنے والا) قلم خشک ہو چکا ہے، جو کچھ بھی ہونے والا ہے (وہ سب تقدیر میں لکھا جا چکا ہے) پس اگر ساری مخلوق مل کر تمہیں کوئی نفع پہنچانا چاہے، جس کو اللہ نے آپ کے لئے نہیں لکھا، تو وہ لوگ اس کی قدرت نہیں رکھتے، اور اگر وہ آپ کو کچھ نقصان پہنچانا چاہے، جس کو اللہ نے آپ کے لئے نہیں لکھا، تو وہ لوگ اس کی قدرت نہیں رکھتے، اور یہ بات یاد رکھیے کہ جس چیز کو آپ ناپسند کرتے ہو، اس میں صبر کرنے

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

پر بہت بڑی خیر حاصل ہوتی ہے، اور اللہ کی نصرت صبر کے ساتھ ہوتی ہے، اور نجات، رنج وغم کے ساتھ (صبر کرنے پر) ہوتی ہے، اور تنگی کے ساتھ آسانی ہوتی ہے (مسند احمد)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

بنوسلیم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

أَنَّ اللّٰهَ يَبْتَلِي عَبْدَهُ بِمَا أَعْطَاهُ، فَمَنْ رَضِيَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَهُ، بَارَكَ اللّٰهُ لَهُ فِيهِ، وَوَسَّعَهُ، وَمَنْ لَمْ يَرْضَ لَمْ يُبَارِكْ لَهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۲۰۲۷۹) [2]

ترجمہ: بے شک اللہ، اپنے بندے کی اس چیز میں آزمائش فرماتا ہے، جو اس کو عطاء کی ہے، پس جو شخص اللہ کی اپنے لیے کی گئی تقسیم پر راضی ہو، تو اللہ اس کے لیے اس میں برکت فرماتا ہے، اور اس میں وسعت عطاء فرماتا ہے، اور جو شخص

---

[1] عن عبد الملك بن عمير، عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: أهدى إلى النبى صلى الله عليه وسلم بغلة أهداها له كسرى، فركبها بحبل من شعر، ثم أردفنى خلفه، ثم سار بى مليا، ثم التفت فقال: يا غلام قلت: لبيك يا رسول الله، قال: احفظ الله يحفظك، احفظ الله تجده أمامك، تعرف إلى الله فى الرخاء يعرفك فى الشدة، وإذا سألت فاسأل الله، وإذا استعنت فاستعن بالله، قد مضى القلم بما هو كائن، فلو جهد الناس أن ينفعوك بما لم يقضه الله لك لم يقدروا عليه، ولو جهد الناس أن يضروك بما لم يكتبه الله عليك لم يقدروا عليه، فإن استطعت أن تعمل بالصبر مع اليقين فافعل، فإن لم تستطع فاصبر، فإن فى الصبر على ما تكرهه خيرا كثيرا، واعلم أن مع الصبر النصر، واعلم أن مع الكرب الفرج، واعلم أن مع العسر اليسر(مستدرك حاكم، رقم الحديث ٦٣٠٣، كتاب معرفة الصحابة رضى الله عنهم ،ذكر عبد الله بن عباس بن عبد المطلب رضى الله عنهما)

قال الحاكم:هذا حديث كبير عال من حديث عبد الملك بن عمير، عن ابن عباس رضى الله عنهما، إلا أن الشيخين رضى الله عنهما لم يخرجا شهاب بن خراش، ولا القداح فى الصحيحين، وقد روى الحديث بأسانيد عن ابن عباس غير هذا ".

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، وجهالته لا تضر (حاشية مسند احمد)

راضی نہ ہو، اس کے لیے برکت نہیں فرماتا (مسند احمد)

اس لئے حکم ہے کہ بندۂ مومن اللہ کی طرف سے ہر پیش آنے والی خوش کن حالت پر شکر کرے، اور پریشان کن حالت پر صبر کرے، اور اللہ سے بہر حال اچھا گمان ہی رکھے، اسی میں اس کے لئے ہر طرح کی خیر ہے۔

صہیب، سعد، انس وابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ قَضَاءِ اللّٰهِ لِلْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَ الْمُؤْمِنِ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذٰلِكَ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ فَشَكَرَ، كَانَ خَيْرًا لَّهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ فَصَبَرَ، كَانَ خَيْرًا لَّهُ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٩٢٤)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مومن بندہ کے لئے اللہ کی طرف سے طے شدہ فیصلہ (وتقدیر) پر بہت خوشی ہوتی ہے، بے شک مومن بندہ کا ہر معاملہ خیر والا ہے، اور اللہ کا یہ فیصلہ (وتقدیر) مومن کے علاوہ کسی اور کے لئے نہیں ہے، اگر اسے کوئی خوشی (راحت ونعمت) پہنچتی ہے، تو وہ شکر کرتا ہے، جس میں اس کے لئے خیر ہوتی ہے، اور اگر اسے کوئی تکلیف (ومصیبت) پہنچتی ہے، تو وہ اس پر صبر کرتا ہے، اس میں بھی اس کے لئے خیر ہوتی ہے (مسند احمد)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ قَضَاءِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ رَبَّهُ وَشَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ حَمِدَ رَبَّهُ وَصَبَرَ، اَلْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى فِي اللُّقْمَةِ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

يَرۡفَعُهَا إِلٰى فِيِّ امۡرَأَتِهٖ (مسند احمد،رقم الحديث ١٤٨٧) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اللہ عزوجل کی طرف سے مومن بندہ کے لئے طے شدہ فیصلہ (وتقدیر) پر بہت خوشی ہوتی ہے، اگر اسے کوئی خوشی پہنچتی ہے، تو وہ اپنے رب کی حمد کرتا ہے، اور شکر کرتا ہے، اور اگر اسے کوئی مصیبت (تکلیف وتنگی) پہنچتی ہے، تو وہ اپنے رب کی حمد کرتا ہے، اور صبر کرتا ہے، مومن کو ہر چیز میں اجروثواب حاصل ہوتا ہے، یہاں تک کہ اس لقمہ میں بھی جو وہ اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں دیتا ہے (مسند احمد)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: عَجِبۡتُ لِلۡمُؤۡمِنِ، إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقۡضِىۡ لِلۡمُؤۡمِنِ قَضَاءً إِلَّا كَانَ خَيۡرًا لَّهٗ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث١٢٩٠٦) ؎۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مومن کے لئے خوشی ہوتی ہے، بے شک اللہ، مومن کے لئے جو بھی فیصلہ فرماتا ہے، اس میں اس کے لئے صرف خیر ہی ہوتی ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنۡ رَّسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَقُوۡلُ أَنَا عِنۡدَ ظَنِّ عَبۡدِىۡ بِىۡ إِنۡ ظَنَّ خَيۡرًا فَلَهٗ وَإِنۡ ظَنَّ شَرًّا فَلَهٗ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٣٩، كتاب الرقائق، باب حسن الظن بالله تعالىٰ) ؎۳

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ جل وعلا فرماتا ہے کہ

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

؎۲ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن فى الشواهد (حاشية مسند احمد)

؎۳ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشيةابن حبان)

میں اپنے بندے کے اس گمان کے مطابق معاملہ کرتا ہوں، جو وہ میرے ساتھ کرتا ہے، اگر وہ خیر کا گمان کرتا ہے، تو اس کو وہی حاصل ہوتا ہے، اور اگر وہ شر کا گمان کرتا ہے، تو اس کو وہی حاصل ہوتا ہے (ابنِ حبان)

اور اللہ نے مومن بندہ کو ایک نعمت ایسی عطاء فرمادی ہے کہ وہ اخلاص ویقین کے ساتھ اس پر عمل کرے، تو تقدیر کے شر سے بھی اس کی حفاظت ہوجاتی ہے، اور وہ عمل خیر کے حصول اور شر وغیرہ سے اللہ کی حفاظت وپناہ حاصل کرنے کی دعاء کرنا ہے۔

ثوبان، سلمان وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ، وَلَا يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۲۲، ابواب الفتن، باب العقوبات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر میں زیادتی صلہ رحمی کے ذریعے ہی ہوتی ہے، اور قدر (وقضاء) کو نہیں ٹلاتی، مگر دعاء (ابنِ ماجہ)

اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمْرِ إِلَّا الْبِرُّ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۱۳۹، ابواب القدر، باب ما جاء لا يرد القدر إلا الدعاء) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية ابنِ ماجه)

[2] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی أسيد وهذا حديث حسن غريب من حديث سلمان.
وقال الالبانی:
الحديث حسن كما قال الترمذی بالشاهد من حديث ثوبان، دون الزيادة فيه، فإنی لم أجد لها شاهدا (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۵۴)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قضاء کو نہیں ٹلاتی ،مگر دعاء، اور (کوئی چیز) عمر میں زیادتی نہیں کرتی ،مگر نیکی (وحسنِ سلوک) (ترمذی)

حضرت طاوس سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: لَا يَنْفَعُ الْحَذَرُ مِنَ الْقَدَرِ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمْحُو بِالدُّعَاءِ مَا يَشَاءُ مِنَ الْقَدَرِ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۳۳۳۳، کتاب التفسير، تفسير سورة الرعد) [1]

ترجمہ: ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تقدیر سے بچنا نفع نہیں دیتا (یعنی تقدیر کے فیصلے سے بچنا ممکن نہیں) لیکن اللہ دعاء کے ذریعہ تقدیر میں سے جو چاہے، مٹا دیتا ہے (حاکم)

اور امام بیہقی نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

إِنَّ الْحَذَرَ لَا يُغْنِي مِنَ الْقَدَرِ ،وَإِنَّ الدُّعَاءَ يَدْفَعُ الْقَدَرَ ،وَهُوَ إِذَا دَفَعَ الْقَدَرَ فَهُوَ مِنَ الْقَدَرِ (القضاء والقدر للبيهقی، ص ۲۱۴، رقم الحديث ۲۵۳، باب ذكر البيان أن ما كتب على ابن آدم وجرى به القلم أدركه لا محالة)

ترجمہ: تقدیر سے بچنا نفع نہیں دیتا، لیکن دعاء، تقدیر کو دور کر دیتی ہے، اور جب دعاء تقدیر کو دور کر دیتی ہے، تو دعاء کا بھی تقدیر سے تعلق ہوا (حاکم)

یعنی اللہ نے دعاء کو تقدیر بدلنے میں موثر ہونا بھی پہلے سے تقدیر میں طے کر دیا ہے کہ مثلاً فلاں شخص کے ساتھ یہ حادثہ پیش آئے گا، بشرطیکہ وہ اس سے بچنے کی دعاء نہ کرے۔

اس حیثیت سے دعاء بھی تقدیر کا حصہ ہی ہوئی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تقدیر کے متعلق کچھ دعائیں بھی منقول ہیں۔

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه "
وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح

www.idaraghufran.org

ابوہریرہ، عمار، علی، عائشہ وحسن بن علی رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٦١٦، كتاب القدر، باب من تعوذ بالله من درك الشقاء وسوء القضاء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اللہ کی پناہ (وحفاظت) مانگو، آزمائش (ومصیبت) کی مشقت وسختی سے، اور بدبختی کو پانے سے، اور بری تقدیر سے، اور دشمنوں کی طرف سے رنج وغم پہنچنے سے (بخاری)

اس حدیث میں بری تقدیر سے پناہ وحفاظت کی دعاء کا ذکر ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی یہ دعاء کیا کرتے تھے۔

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوْءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٣٤٧، كتاب الدعوات، باب التعوذ من جهد البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پناہ طلب کیا کرتے تھے آزمائش (ومصیبت) کی مشقت وسختی سے، اور بدبختی کو پانے سے، اور بری تقدیر سے، اور دشمنوں کی طرف سے رنج وغم پہنچنے سے (بخاری)

اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی سند سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ کی یہ دعاء مروی ہے کہ:

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ، وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ، أَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِّيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ، اَللّٰهُمَّ

وَأَسْأَلُکَ خَشْيَتَکَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَأَسْأَلُکَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَأَسْأَلُکَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى، وَأَسْأَلُکَ نَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَأَسْأَلُکَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُکَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَأَسْأَلُکَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَأَسْأَلُکَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِکَ، وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِکَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْإِيْمَانِ، وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ (سنن النسائی، رقم الحدیث ١٣٠٥، ورقم الحدیث ١٣٠٦، کتاب السهو، باب نوع آخر من الدعاء؛ مسند احمد، رقم الحديث ١٨٣٢٥، صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ١٩٧١؛ مستدرک حاکم، رقم الحديث ١٩٢٣) [1]

ترجمہ: اے اللہ! اپنے غیب کے علم اور مخلوق پر قدرت کی وجہ سے مجھے اس وقت تک زندگی عطاء فرمائیے، جب تک آپ کے علم میں میرے لئے زندہ رہنا بہتر ہو، اور جب آپ کے علم میں میرے لیے موت بہتر ہو، تو مجھے موت عطاء فرما دیجئے، اے اللہ! میں تنہائی میں ہوتے ہوئے اور سب کے سامنے ہوتے ہوئے آپ کی خشیت کا آپ سے سوال کرتا ہوں، اور میں رضا مندی میں اور غصے میں درست بات کہنے کا سوال کرتا ہوں، اور تنگدستی اور مالداری میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے ایسی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں، جو کبھی ختم نہ ہوں، اور میں آپ سے ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کا سوال کرتا ہوں، جو کبھی ختم نہ ہو، اور میں آپ سے تقدیر کے (فیصلے کے) بعد رضاء کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے موت کے بعد آرام دہ زندگی کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے آپ کے

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)
و قال ايضاً: إسناده قوى (حاشية صحيح ابنِ حبان)

چہرے کی زیارت کی لذت کا اور آپ سے ملاقات کے شوق کا نقصان دہ چیزوں اور گمراہ کن فتنوں سے بچتے ہوئے سوال کرتا ہوں؛ اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزیّن فرمادیجئے اور ہمیں ہدایت یافتہ اور ہدایت کنندہ بنادیجئے (نسائی، مسند احمد)

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دعاء یہ کیا کرتے تھے کہ:

اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ حَتّٰی تَجْعَلَھُمَا الْوَارِثَ مِنِّیْ، وَعَافِنِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَجَسَدِیْ، وَانْصُرْنِیْ مِمَّنْ ظَلَمَنِیْ حَتّٰی تُرِیَنِیْ فِیْهِ ثَأْرِیْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِیْ اِلَیْکَ، وَأَلْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ، وَخَلَّیْتُ وَجْھِیْ اِلَیْکَ، لَا مَلْجَأَ مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ، آمَنْتُ بِرَسُوْلِکَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ، وَبِکِتَابِکَ الَّذِیْ أَنْزَلْتَ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث، رقم الحدیث ۱۹۳۳، کتاب الدعاء، والتکبیر، والتہلیل، والتسبیح والذکر) [1]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے میری سماعت اور بصارت سے فائدہ پہنچائیے، یہاں تک کہ ان کو میرا وارث بنادیجئے (یعنی میری زندگی تک باقی رکھئے) اور مجھے میرے دین اور میرے جسم میں عافیت (وسلامتی) عطاء فرمادیجئے، اور مجھ پر جو ظلم کرے اس کے خلاف میری مدد فرمادیجئے، یہاں تک کہ مجھے اس کے اندر میرا بدلہ دکھادیجئے۔

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه. وحسين بن على هذا الذى روى عنه موسى بن عقبة، وهو حسين الأصغر الذى أدركه عبد الله بن المبارك، وروى عنه حديث مواقيت الصلاة.

وقال ابن حجر: هذا حديث حسن، ورواته ثقات، أخرجه الحاكم وصححه (نتائج الافكار لابن حجر، ج۳، ص۸۷، باب: ما يقول إذا أراد النوم واضطجع على فراشه، المجلس: ۲۳۸)

وقال الالبانى: صحيح (صحيح الجامع الصغير وزيادته، ج۱ ص۲۷۶، تحت رقم الحديث ۱۲۶۹، حرف الألف)

www.idaraghufran.org

اے اللہ! میں نے اپنی جان آپ کے حوالہ کی، اور میں نے اپنے معاملہ کو آپ کی طرف سپرد کردیا، اور میں نے اپنی پشت آپ کے حوالہ کردی، اور میں نے اپنے چہرہ کو تنہا آپ کی طرف کردیا، آپ کے علاوہ کسی کی طرف ٹھکانہ نہیں، میں آپ کے رسول پر ایمان لایا، جس کو آپ نے بھیجا، اور آپ کی کتاب پر ایمان لایا، جسے آپ نے نازل فرمایا (حاکم)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأٰى مَا يُحِبُّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ، وَإِذَا رَأٰى مَا يَكْرَهُ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٣٨٠٣، ابواب الادب، باب فضل الحامدين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی پسندیدہ چیز دیکھتے تو یہ کہتے تھے کہ:

''تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں کہ جس کی نعمت کے ذریعہ سے صالح چیزیں مکمل ہوتی ہیں''

اور جب کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھتے تو کہتے تھے کہ:

''سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، ہر حال میں'' (ابن ماجہ)

اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَلَّمَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فِى الْوِتْرِ: اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ. وَعَافِنِىْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ. وَتَوَلَّنِىْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ. وَبَارِكْ لِىْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ. وَقِنِىْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ. إِنَّكَ تَقْضِىْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ. وَإِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ. وَلَا يَعِزُّ مَنْ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابن ماجه)

عَادَيْتَ. تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۴۶۴، ابواب الوتر، باب ما جاء فی القنوت فی الوتر) [1]

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند کلمات کی تعلیم دی، جن کو میں اپنے وتروں میں پڑھوں، وہ یہ ہیں:

یا اللہ! مجھے ہدایت دیجیے، اُن لوگوں میں جن کو تو نے ہدایت عطاء فرمائی، اور عافیت دیجیے مجھے، ان لوگوں میں جن لوگوں کو تو نے عافیت عطاء فرمائی، اور کارسازی فرمایئے، میری اُن لوگوں میں جن کی تو نے کارسازی فرمائی، اور برکت عطاء فرمایئے مجھے، اُن چیزوں میں جو تو نے مجھے عطاء فرمائیں، اور حفاظت فرمایئے میری اُن چیزوں کے شر سے جن کا تو نے فیصلہ فرمایا، بے شک تو ہی فیصلہ کرنے والا ہے، اور تیرے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا، اور بے شک جس کی تو مدد فرمائے، وہ ذلیل نہیں ہوسکتا، اور جس سے تو بیزاری فرمائے، وہ کبھی عزت نہیں پاسکتا، تو بابرکت ہے، اے ہمارے رب، اور تو بلند تر ہے (ترمذی)

معلوم ہوا کہ تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے، اور ساتھ ہی بری تقدیر سے بچنے کے لیے، اللہ سے حفاظت کی دعاء بھی مسنون ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر شر سے حفاظت فرمائے، اور خیر کے فیصلے مقدر فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال الترمذی:
وفی الباب عن علی. هذا حديث حسن لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حديث أبی الحوراء السعدی واسمه ربيعة بن شيبان، ولا نعرف عن النبی صلی الله عليه وسلم فی القنوت فی الوتر شيئا أحسن من هذا.

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 10)

دنیا، دارُالامتحان وابتلاء کا مقام

دنیا ہر انسان کے لیے امتحان وآزمائش، اور ابتلاء کا مقام ہے، جس کا اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بار بار ذکر فرمایا ہے۔

اور اس دنیا میں سب سے زیادہ ابتلاء وآزمائش کا سامنا، انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو ہوتا ہے، پھر جو اُن کے قریب ہوتے ہیں، ان کو ہوتا ہے، پھر جو اُن کے قریب ہوتے ہیں، ان کو ہوتا ہے۔

اسی وجہ سے نبی آخرالزمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ ابتلاء وآزمائش کا سامنا کرنا پڑا، لیکن یہ حضرات اس ابتلاء وآزمائش میں صبر کر کے، اس کے حقوق کو اداء کرتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ عظیم اجر وثواب اور درجات کی بلندگی کے مستحق ہوتے ہیں۔

جس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ابتلاء وآزمائش، اللہ کی ناراضگی کی دلیل نہیں، بشرطیکہ بے صبری، اور اللہ کی ناراضگی والے کاموں سے بچا جائے۔

اس سلسلہ میں قرآن وسنت کی روشنی میں تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

سورہ بقرہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَنَبۡلُوَنَّكُمۡ بِشَىۡءٍ مِّنَ الۡخَوۡفِ وَالۡجُوۡعِ وَنَقۡصٍ مِّنَ الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَنۡفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيۡنَ. الَّذِيۡنَ اِذَآ اَصَابَتۡهُمۡ مُّصِيۡبَةٌ قَالُوۡٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ. اُولٰٓئِكَ عَلَيۡهِمۡ صَلَوٰتٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ

وَرَحْمَةٌ، وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ (سورۃ البقرۃ، رقم الآیات ۱۵۵ الیٰ ۱۵۷)

ترجمہ: اور ضرور بالضرور آزمائیں گے ہم تم کو کچھ خوف اور بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں میں کمی کے ذریعہ، اور خوشخبری سنا دیجئے آپ صبر کرنے والوں کو، یہ وہ لوگ ہیں کہ جب پہنچتی ہے ان کو کوئی مصیبت، تو کہتے ہیں کہ بے شک ہم اللہ کے لئے ہیں، اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں کہ جن پر عنایتیں ہیں ان کے رب کی طرف سے، اور رحمت ہے، اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں (سورہ بقرہ)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو خطاب فرماتے ہوئے، ان کا مختلف شکلوں میں امتحان لینے کا حکم فرمایا ہے، اور اس کے بعد صبر کرنے والوں کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔

سورہ بقرہ کا ایک اور حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں ہی ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ (سورۃ البقرۃ، رقم الآیۃ ۲۱۴)

ترجمہ: کیا گمان کرتے ہو تم، یہ کہ تم داخل ہو جاؤ گے جنت میں، اور ابھی تک نہیں آئی تمہارے پاس مثال ان لوگوں کی، جو گزر چکے تم سے پہلے، پہنچیں ان کو سختیاں اور تکلیفیں، اور ہلا دیئے گئے وہ، یہاں تک کہ کہا رسولوں نے اور ان لوگوں نے جو ایمان لائے ان کے ساتھ کہ کب آئے گی اللہ کی مدد؟ یاد رکھو، بے شک اللہ کی مدد قریب ہے (سورہ بقرہ)

اس سے معلوم ہوا کہ جنت میں داخل ہونے کے لیے تکلیفیں اور آزمائشیں پیش آتی ہیں، اور

پہلے لوگوں کو یہ آزمائشیں اور تکلیفیں زیادہ پیش آ چکی ہیں، اور ان کی وجہ سے اللہ کی مدد حاصل ہوتی ہے، جبکہ ان پر صبر کیا جائے۔

سورہ آلِ عمران کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ. لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيْرًا وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ (سورة آل عمران، رقم الآيات ۱۸۵، ۱۸۶)

ترجمہ: ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے، اور پورا پورا دیا جائے گا تم کو تمہارا بدلہ قیامت کے دن، پس جو کوئی بچالیا گیا آگ سے، اور داخل کر دیا گیا جنت میں، تو بلاشبہ کامیاب ہو گیا وہ، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر دھوکہ کا سامان، یقیناً ضرور بالضرور آزمائش کی جائے گی تمہاری، تمہارے مالوں میں، اور تمہاری جانوں میں، اور ضرور بالضرور سنو گے تم ان لوگوں کی طرف سے، جنہیں دی گئی کتاب تم سے پہلے، اور ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا بہت تکلیف دہ باتیں، اور اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے (سورہ آلِ عمران)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے دنیا کو دھوکے کا سامان بتلا کر، مالوں اور جانوں میں امتحان و آزمائش کا حکم فرمایا ہے، اور تکلیف دہ چیزوں کے بعد صبر کرنے اور تقویٰ اختیار کرنے کو کامیابی کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

Idara Ghufran

سورہ مائدہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا آتَاكُمْ (سورة المائدة، رقم الآية: ۴۸)

ترجمہ: اور اگر چاہتا اللہ، تو کر دیتا تم کو ایک ہی امت، لیکن (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ آزمائے وہ تم کو، ان چیزوں میں جو عطاء کیں اس نے تم کو (سورہ مائدہ)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو ایک جیسا نہیں بنایا، بلکہ ان میں بہت سی چیزوں کے اعتبار سے فرق رکھا، اور ان کو کمی زیادتی وغیرہ کے باہمی فرق کے اعتبار سے مختلف چیزیں عطاء فرمائیں، جس کا مقصد ان چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش اور امتحان ہے کہ کون ناقدری وناشکری اور کون قدر وشکر کرتا ہے۔

سورہ انعام کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا آتَاكُمْ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (سورة الأنعام، رقم الآية: ۱۶۵)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے، جس نے بنایا تم کو زمین کے خلیفہ، اور فوقیت دی تمہارے بعض کو بعض کے اوپر درجات کے اعتبار سے، تاکہ آزمائے وہ تم کو، ان چیزوں میں جو عطاء کیں اس نے تمہیں، بے شک آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے، اور بے شک وہ یقیناً بہت بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے (سورہ انعام)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو ایک جیسے درجے اور مرتبے پر نہیں

بنایا، بلکہ ان میں فرق رکھا، جس کا مقصد یہ ہے کہ جو کچھ بھی اللہ کی طرف سے کسی کو ملا ہے، اس پر اس کا امتحان لیا جائے، پھر جو اللہ کی تقسیم پر راضی نہ ہوکر، امتحان میں ناکام ہوا، اس کو جلد سزا ملے گی، اور جو اللہ کی تقسیم پر راضی ہوکر امتحان میں کامیاب ہوا، اس کو اللہ کی طرف سے بخشش، مہربانی اور رحم وکرم کی نعمت حاصل ہوگی۔

سورہ ہود کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ہود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِىْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَاءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا (سورة هود، رقم الآية :۷)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے، جس نے پیدا کیا آسمانوں کو، اور زمین کو، چھ دنوں میں، اور تھا اس کا عرش پانی پر، تاکہ آزمائے وہ تم کو، کہ کون ہے، تم میں زیادہ اچھا، عمل کے اعتبار سے (سورہ ہود)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آسمان وزمین اور دیگر مخلوق کو پیدا کرنے کا مقصد انسانوں کا اچھے عمل میں امتحان وآزمائش لینا ہے۔

لہٰذا اس کائنات میں موجود، ہر انسان، اللہ کی طرف سے امتحان وآزمائش میں مبتلا ہے، جس کے بعد اللہ کی رضا کے مطابق عمل کرنے والا کامیاب، اور اس کی خلاف ورزی کرنے والا ناکام ہے۔

سورہ یوسف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یوسف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

حَتّٰى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَاءُ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ (سورة يوسف، رقم الآية ۱۱۰)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ناامید ہونے لگے رسول، اور گمان کیا انہوں نے کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا، تو آئی ان کے پاس ہماری مدد، پھر نجات دی ہم نے جن کو چاہا، اور نہیں رَد کیا جاسکتا ہمارے عذاب کو نافرمانوں سے (سورہ یوسف)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ پہلے رسولوں کو بھی سخت ترین قسم کی آزمائش کا سامنا کرنا پڑا، جس سے وہ لرز کر رہ گئے، اور پھر ان پر اللہ کی مدد نازل ہوئی۔

سورہ کہف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا (سورة الكهف، رقم الآية: ٧)

ترجمہ: بے شک بنایا ہم نے ان چیزوں کو، جو زمین پر ہیں، زینت، اس (زمین) کے لیے، تاکہ آزمائیں ہم ان (انسانوں) کو کہ کون ہے، ان (انسانوں) میں زیادہ اچھا، عمل کے اعتبار سے (سورہ کہف)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ زمین پر جو چیزیں زیب وزینت اور خوبصورتی کا ذریعہ معلوم ہوتی ہیں، جن میں مال ودولت، حسن و جمال اور صحت وتندرستی وغیرہ سب داخل ہیں، ان سب کا مقصود اللہ کی طرف سے انسانوں کے اعمال کا امتحان ہے، خود یہ چیزیں مقصود نہیں، لہٰذا جو انسان اچھا عمل کرنے والا ہوگا، وہ کامیاب اور جو برا عمل کرنے والا ہوگا، وہ ناکام شمار ہوگا۔

سورہ احزاب کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ احزاب میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا (سورة الاحزاب، رقم الآية ۱۱)

ترجمہ: اس موقع پر آزمائے گئے ایماندار، اور ہلا دیے گئے شدید ہلانا (سورہ احزاب)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ مومنوں کو سخت آزمائش میں مبتلا کیا گیا۔

سورہ محمد کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ (سورة محمد، رقم الآية ۳۱)

ترجمہ: اور ضرور بالضرور آزمائیں گے ہم، تم کو، یہاں تک کہ جان لیں ہم، تم میں سے جہاد کرنے والوں کو اور صبر کرنے والوں کو (سورہ محمد)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے جہاد اور صبر کرنے والوں کے امتحان لینے کا، اٹل فیصلہ ہے۔

سورہ ملک کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ملک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

تَبَارَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ، اَلَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيَاةَ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ

(سورة الملک، رقم الآية : ۱ و ۲)

ترجمہ: بابرکت ہے وہ (اللہ کی) ذات، جس کے ہاتھ میں ملک ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، وہ ذات ہے، جس نے پیدا کیا موت کو اور حیات کو، تاکہ آزمائے وہ تم کو کہ کون ہے تم میں زیادہ اچھا عمل کے اعتبار سے، اور وہ عزیز ہے غفور ہے (سورہ ملک)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے موت اور زندگی اور ان کے درمیان کی تمام

چیزوں کو اس لیے پیدا فرمایا، تاکہ بندوں کے اچھے اور برے عمل کی آزمائش ہو جائے۔

سورہ دہر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورۃ الدہر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا. إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَّإِمَّا كَفُورًا (سورۃ الدھر، رقم الآیات ۲، ۳)

ترجمہ: بے شک پیدا کیا ہم نے ، انسان کو، ایک ملے جلے نطفے سے، تاکہ آزمائیں ہم اس کو، پھر بنایا ہم نے اس کو سننے والا، دیکھنے والا ، بے شک ہم نے دکھا دیا اس کو راستہ، یا وہ شکر کرنے والا ہو، اور یا کفر کرنے والا (سورہ دہر)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ نے انسان کو مرد وعورت کے ملے جلے نطفے سے پیدا فرمایا، جو کہ بظاہر بے جان چیز تھی ، اور اس کا مقصد انسان کی آزمائش ہے، پھر عام طور پر انسانوں میں سننے اور دیکھنے کی صلاحیت بھی پیدا فرمائی، تاکہ وہ اس امتحان و آزمائش میں کامیابی کا راستہ بآسانی تلاش کرسکیں۔

اور مذکورہ آیات سے ضمناً یہ بات بھی معلوم ہوگئی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک کامیابی کا دارومدار ظاہری حسن و جمال اور مال و دولت پر نہیں ، بلکہ دل اور اعمال کے اچھا ہونے پر ہے۔

بہر حال قرآن مجید کی مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانوں کی مختلف شکلوں میں آزمائش کی جاتی ہے، اور یہ اللہ کا اٹل فیصلہ ہے۔

اور آزمائش مختلف چیزوں کے ذریعہ سے کی جاتی ہے۔

انس وعائشہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ أُوذِيتُ فِي اللّٰهِ، وَمَا يُؤْذٰى أَحَدٌ، وَأُخِفْتُ فِي اللّٰهِ، وَمَا يُخَافُ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثَةٌ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، وَمَا لِيْ وَبِلَالٍ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ، إِلَّا مَا يُوَارِيْ إِبِطُ بِلَالٍ (مسند احمد، رقم الحديث ١٢٢١٢)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے بارے میں (یعنی اللہ کے احکام پر چلنے کی وجہ سے) جتنی مجھے اذیت دی گئی، کسی کو اتنی اذیت نہیں دی گئی، اور اللہ کی راہ میں جتنا مجھے ڈرایا گیا، کسی کو اتنا نہیں ڈرایا گیا، اور مجھ پر ایسا وقت بھی آیا ہے کہ رات اور دن (یعنی چوبیس گھنٹوں پر مشتمل) تین مرتبہ ایسی نوبت آئی کہ میرے پاس اپنے لئے اور بلال کے لئے اتنا کھانا بھی نہ تھا کہ جسے کوئی جگر رکھنے والا جاندار کھا سکے، سوائے اس کے جو بلال کی بغل میں چھپا ہوا ہوتا تھا (مسند احمد)

اور ''مسند بزار'' کی حضرت انس سے مروی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ أُخِفْتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يَخَافُ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أُوذِيتُ فِي اللّٰهِ وَمَا يُؤْذٰى أَحَدٌ، وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثُوْنَ لَيْلَةً وَمَا لِيْ وَمَا لِأَهْلِيْ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ إِلَّا شَيْءٌ يُوَارِيْهِ إِبْطُ بِلَالٍ (مسند البزار، رقم الحديث ٣٢٠٥، مسند أبي موسى رضي الله عنه)[2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اللہ کے بارے میں (یعنی اللہ کے حکم پر چلنے کی وجہ سے) اتنا خوف دلایا گیا کہ جتنا خوف کسی کو نہیں دلایا گیا، اور

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة الكويتي:
قال البزار: وهذا الحديث لا نعلم رواه إلا حماد بن سلمة عن ثابت عن أنس"
وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح"
قلت: وهو كما قال (انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج٦ص ٤٣٠٧، تحت رقم الحديث ٣٠٢٧، حرف اللام)

مجھے اللہ کے بارے میں اتنی ایذاء پہنچائی گئی، جتنی کسی کو نہیں پہنچائی گئی، اور مجھ پر تیس راتیں ایسی آئی ہیں کہ میرے اور میرے گھر والوں کے لیے کوئی ایسا کھانا نہیں تھا، جو جگر رکھنے والا جاندار کھا سکے، سوائے اس کے جو بلال کی بغل میں چھپا ہوا ہوتا تھا (مسند بزار)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنَّہٗ قَالَ: عِظَمُ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ، وَإِنَّ اللّٰہَ إِذَا أَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاھُمْ، فَمَنْ رَضِیَ فَلَہُ الرِّضَا، وَمَنْ سَخِطَ فَلَہُ السُّخْطُ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث: ۴۰۳۱، ابواب الفتن، باب الصبر على البلاء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بڑی مصیبتوں کے بدلہ میں اجر بھی بڑا ہے، اور جب اللہ کسی قوم کو پسند کرتا ہے، تو اسے (مصیبتوں میں) مبتلا کر دیتا ہے، چنانچہ جو (مصائب و بلاء میں) راضی رہا، تو اس کے لئے (اللہ تعالیٰ کی) رضا (اور اس پر مرتب ہونے والا اجر) ہے اور جو شخص (مصیبت کے ابتلاء سے) ناراض رہا، تو اس کے لئے (اللہ کی) ناراضگی ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَا فِیْ بَیْتِیْ مِنْ شَیْءٍ یَأْکُلُہٗ ذُوْ کَبِدٍ، إِلَّا شَطْرُ شَعِیْرٍ فِیْ رَفٍّ لِیْ، فَأَکَلْتُ مِنْہُ حَتّٰی طَالَ عَلَیَّ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۳۰۹۷، كتاب فرض الخمس، باب نفقة نساء النبى صلى الله عليه وسلم بعد وفاته)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی، تو میرے گھر میں کوئی چیز نہیں

[1] قال شعيب الأرنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابن ماجه)

www.idaraghufran.org

تھی، جس کو کوئی جاندار کھا سکتا، سوائے تھوڑے سے جَو (غلہ) کے، جو میرے ایک طاق میں رکھے ہوئے تھے، جن کو میں نے مدتِ دراز تک کھایا (صحیح بخاری)

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ:اَلْأَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ، يُبْتَلَى الْعَبْدُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَإِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ صُلْبًا اِشْتَدَّ بَلَاؤُهٗ، وَإِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ رِقَّةٌ اُبْتُلِيَ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَتْرُكَهٗ يَمْشِيْ عَلَى الْأَرْضِ، وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ

(سنن ابن ماجه، رقم الحديث: ۴۰۲۳، ابواب الفتن، باب الصبر على البلاء) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ سخت مصیبت کس پر آتی ہے؟ آپ نے جواب میں فرمایا کہ انبیاء پر، پھر جو اِن کے بعد افضل اور بہتر ہو، درجہ بدرجہ، بندہ کی آزمائش اس کے دین کے اعتبار سے ہوتی ہے، پس اگر اس کے دین میں پختگی ہوگی، تو اس کی آزمائش سخت ہوگی اور اگر اس کے دین میں نرمی ہوگی تو اس کی آزمائش بھی اس کے دین کے اعتبار سے ہوگی، آزمائش بندے سے ٹلتی نہیں یہاں تک کہ اسے ایسی حالت میں چھوڑتی ہے کہ وہ زمین پر چلتا پھرتا ہے اور اس کے ذمہ ایک بھی خطاء نہیں رہتی (سنن ابن ماجہ)

فاطمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت ابوعبیدہ اپنی پھوپھی فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية سنن ابن ماجه)

Idara Ghufran

إِنَّ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ بَلَاءً ،اَلْأَنْبِيَاءَ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٧٠٧٩) [1]

ترجمہ: لوگوں میں سب سے شدید ترین بلاء وآزمائش میں انبیاء کو مبتلا کیا جاتا ہے، پھر ان لوگوں کو، جو ان سے قریب تر ہوتے ہیں، پھر ان لوگوں کو جو ان سے قریب تر ہوتے ہیں، پھر ان لوگوں کو جو ان سے قریب تر ہوتے ہیں (مسند احمد)

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِسْمَةً، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ: وَاللّٰهِ مَا أَرَادَ مُحَمَّدٌ بِهٰذَا وَجْهَ اللّٰهِ، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ، فَتَمَعَّرَ وَجْهُهُ، وَقَالَ : رَحِمَ اللّٰهُ مُوْسٰى، لَقَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٠٥٩، كتاب الادب،باب من أخبر صاحبه بما يقال فيه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ (لوگوں میں) مال تقسیم کیا، تو انصار کے ایک آدمی نے کہا کہ اللہ کی قسم! محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تقسیم میں اللہ کی رضاء کا لحاظ نہیں کیا (یعنی کسی کی بے جا طرفداری کی) حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور آپ کو اس بات کی خبر دی، تو آپ کا چہرہ مبارک متغیر ہوگیا، اور آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ موسیٰ پر رحم فرمائے، جن کو اس سے زیادہ ایذاء دی گئی، پھر بھی انہوں نے صبر کیا (اور مجھے بھی ایذاء دی جارہی ہے) (بخاری)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح لغيره، وهذا إسنادٌ حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں یہ سخت نازیبا کلمہ تھا، مگر آپ نے صبر سے کام لیا، اور غصہ نہیں فرمایا، اور حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے طرزِ عمل کو سامنے رکھ کر صبر کیا۔

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرَقَهُ وَجَعٌ، فَجَعَلَ يَشْتَكِي وَيَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَوَجِدْتَ عَلَيْهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الصَّالِحِيْنَ يُشَدَّدُ عَلَيْهِمْ، وَإِنَّهُ لَا يُصِيبُ مُؤْمِنًا نَكْبَةٌ مِنْ شَوْكَةٍ، فَمَا فَوْقَ ذٰلِكَ، إِلَّا حُطَّتْ بِهِ عَنْهُ خَطِيئَةٌ، وَرُفِعَ بِهَا دَرَجَةً (مسند امام احمد، رقم الحديث: ٢٥٢٦٤) [1]

ترجمہ: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت بیمار ہوئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (درد وغیرہ کی) شکایت کرنے لگے، اور بستر پر لیٹے لیٹے بار بار کروٹیں بدلنے لگے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ اگر ہم میں سے کوئی شخص اس طرح کرتا، تو کیا آپ اس سے ناراض ہوتے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نیک لوگوں پر سختیاں آتی رہتی ہیں اور کسی مسلمان کو کانٹے، یا اس سے بھی کم درجے کی چیز سے کوئی تکلیف پہنچتی ہے، تو اس کا ایک گناہ معاف کر دیا جاتا ہے، اور ایک درجہ بلند کر دیا جاتا ہے (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط:
إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الرحمن ابن شيبة –وهو ابن عثمان العَبْدرى– فقد روى له النسائى (حاشية مسند احمد)

خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

شَكَوْنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً لَهُ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، قُلْنَا لَهُ: أَلَا تَسْتَنْصِرُ لَنَا، أَلَا تَدْعُو اللّٰهَ لَنَا؟ قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ فِيْمَنْ قَبْلَكُمْ يُحْفَرُ لَهُ فِي الْأَرْضِ، فَيُجْعَلُ فِيْهِ، فَيُجَاءُ بِالْمِنْشَارِ فَيُوضَعُ عَلٰى رَأْسِهِ فَيُشَقُّ بِاثْنَتَيْنِ، وَمَا يَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَيُمْشَطُ بِأَمْشَاطِ الْحَدِيْدِ مَا دُوْنَ لَحْمِهِ مِنْ عَظْمٍ أَوْ عَصَبٍ، وَمَا يَصُدُّهُ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَاللّٰهِ لَيُتِمَّنَّ هٰذَا الْأَمْرَ، حَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ إِلٰى حَضْرَمَوْتَ، لَا يَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ، أَوِ الذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ، وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُوْنَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٦١٢، كتاب المناقب،باب علامات النبوة فى الإسلام)

ترجمہ: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس وقت بطور شکایت کے عرض کیا جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چادر کا تکیہ بنائے، کعبہ کے سائے میں موجود تھے کہ آپ ہمارے لئے مدد کیوں نہیں مانگتے، آپ ہمارے لئے اللہ سے دعاء کیوں نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا کہ تم سے پہلے بعض لوگ ایسے ہوتے تھے کہ ان کے لئے زمین میں گڑھا کھودا جاتا، وہ اس میں کھڑے کردیئے جاتے، پھر آرا چلایا جاتا اوران کے سر پر رکھ کر دو ٹکڑے کردیئے جاتے، اور یہ عمل ان کو ان کے دین سے نہ روکتا تھا، اور لوہے کی کنگھیاں ان کے گوشت کے نیچے ہڈیوں، یا پٹھوں پر کی جاتی تھیں اور یہ بات ان کو ان کے دین سے نہ روکتی تھی، اللہ کی قسم! یہ دین (اسلام) کامل نہ ہوگا، یہاں تک کہ (ایسا دور نہ آجائے) اگر ایک سوار

صنعاء سے مقامِ حضر موت تک چلا جائے گا، تو اس کو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا خوف نہ ہوگا اور نہ کوئی شخص اپنی بکریوں پر بھیڑیے کا خوف کرے گا، لیکن اس معاملہ میں تم عجلت (اور جلدی) چاہتے ہو (بخاری)

محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ، فَمَنْ صَبَرَ فَلَهُ الصَّبْرُ، وَمَنْ جَزِعَ فَلَهُ الْجَزَعُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث: ٢٣٦٣٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جب کسی قوم سے محبت کرتا ہے تو انہیں آزمائش میں مبتلا کرتا ہے پھر جو شخص صبر کرتا ہے، تو اسے صبر ملتا ہے اور جو شخص جزع اور (بے صبری) کرتا ہے، اس کے لئے جزع (بے صبری اور پریشانی وتنگی) ہوتی ہے (مسند احمد)

اس طرح کی اور بھی کئی احادیث ہیں، جن کا ذکر آگے آتا ہے۔

معلوم ہوا کہ دنیا، ابتلاء وآزمائش اور امتحان کا مقام ہے، اس لیے اس امتحان وآزمائش سے پریشان نہیں ہونا چاہیے، اور صبر واستقامت سے کام لینا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده جيد (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 11)

صبر کرنے کے فضائل و برکات

جو بھی انسان دنیا میں آتا ہے، اس کو غمی اور خوشی والے دونوں قسم کے ملے جلے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لئے یہ دونوں حالتیں، انسان کی دنیاوی زندگی کا لازمی حصہ ہیں، اور ان دونوں حالتوں کے متعلق دینِ اسلام کی تعلیمات وہدایات بہت عظیم الشان ہیں، جن کو ملاحظہ کرکے اپنی زندگی کا معمول بنالینے کے نتیجہ میں غمی وخوشی کی تمام حالتیں، کامیابی وکامرانی کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

اور شریعت نے ایک موقع پر صبر کی تعلیم دی ہے، اور دوسرے موقع پر شکر کی تعلیم دی ہے۔

اس لئے قرآن وسنت کی روشنی میں ان دونوں اعمال کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

سورہ بقرہ، آلِ عمران، اعراف، ابراہیم، وسورہ عصر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَالصَّابِرِيْنَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِيْنَ الْبَأْسِ أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ(سورة البقرة، رقم الآية ۱۷۷)

ترجمہ: اور جو صبر کرنے والے ہیں سختی (وتنگدستی) میں اور تکلیف (وبیماری) میں اور لڑائی کے وقت، یہی سچے لوگ ہیں اور یہی لوگ متقی ہیں (سورہ بقرہ)

مذکورہ آیت میں صبر کرنے والوں کو متقی قرار دیا گیا ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ (سورة آل عمران، رقم الآية ١٨٦)

ترجمہ: اور اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو یہ ہمت والے کاموں میں سے ہے (سورہ آلِ عمران)

اور قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا (سورة آلِ عمران، رقم الآية ١٢٠)

ترجمہ: اور اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو نہیں ضرر پہنچائے گا تم کو ان کا مکر (سورہ آلِ عمران)

اور سورہ آلِ عمران میں ہی ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (سورة آلِ عمران ، رقم الآية ٢٠٠)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر کرو تم، اور ایک دوسرے کو صبر پر آمادہ کرو اور پابند رہو تم، اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم فلاح پاؤ (سورہ آل عمران)

مذکورہ آیات میں صبر کے ساتھ تقوے کا حکم دیا گیا ہے، اگرچہ صبر بھی تقوے کا حصہ ہے، تاہم صبر کے ذریعہ مزید تقوے والے اعمال میں مدد حاصل کی جاسکتی ہے، اس لئے صبر کے ساتھ مزید اعمال کو اختیار کرکے تقوے میں ترقی حاصل کرنے کا حکم ہے۔

اور مذکورہ آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ صبر کرنے والے کامیاب ہوتے ہیں، اور یہ کامیابی، آخرت میں تو حاصل ہوتی ہی ہے، اللہ تعالیٰ دنیا میں بھی عطاء فرمادیتا ہے، جیسا کہ اگلی آیات میں ہے۔

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (سورة آلِ عمران ، رقم الآية ١٣٩)

ترجمہ: اور نہ کمزور ہو تم، اور نہ غم کھاؤ تم، اور تم ہی اعلیٰ (وغالب) ہو گے، اگر تم مومن ہوئے (سورہ آل عمران)

ظاہر ہے کہ صبر سے غم دور ہوتا ہے، اور صلاحیتیں بحال ہو کر قوت وشجاعت حاصل ہوتی ہے، جو دشمنوں پر غالب آنے کا سبب بنتی ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

(سورة الاعراف ، رقم الآية ١٢٨)

ترجمہ: مدد طلب کرو تم اللہ کے ذریعہ اور صبر کرو تم، بے شک زمین اللہ ہی کی ہے، وارث بناتا ہے، وہ اس (زمین) کا جس کو چاہتا ہے وہ، اپنے بندوں میں سے (سورہ اعراف)

اس سے معلوم ہوا کہ صبر کرنے والوں کو اللہ اپنی زمین کی وراثت میں سے حصہ عطاء فرماتا ہے، خواہ کسی بھی شکل میں ہو۔

قرآن مجید کی سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ (سورة ابراهيم، رقم الآية ٥)

ترجمہ: بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر اس شخص کے لئے جو بہت صبر کرنے والا ہو، اور بہت شکر کرنے والا ہو (سورہ ابراہیم)

اس سے معلوم ہوا کہ بہت زیادہ صبر اور شکر کرنے والے، دنیا میں عبرت وبصیرت حاصل کر کے دنیا وآخرت کی کامیابیوں والے کام کرتے ہیں۔

قرآن مجید کی سورہ عصر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَالْعَصْرِ إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (سورۃ العصر، رقم الآیۃ ا الیٰ ۳)

ترجمہ: قسم ہے زمانے کی، بلاشبہ انسان ضرور خسارے میں ہے، مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیئے انہوں نے، اورایک دوسرے کوحق کی وصیت کی، اورایک دوسرے کوصبر کی وصیت کی (سورہ عصر)

مذکورۃ آیات میں اللہ تعالیٰ نے جن انسانوں کوخسارہ سے بچنے والا قرار دیا، ان میں صبر کی تلقین کرنے والے بھی ہیں، اور جب دوسروں کوتلقین کریں گے، تو خود بھی اس پر عمل پیرا ہوں گے۔

سورہ نحل، نمل، حجر، طٰہٰ، غافر، احقاف، محمد اور سورہ طور کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ .

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ (سورۃ النحل، رقم الآیات ۱۲۷، ۱۲۸)

ترجمہ: اورصبر کیجیے آپ، اورنہیں ہے آپ کا صبر کرنا، مگراللہ کے ذریعہ، اورغم نہ کیجیے آپ ان پر، اورمت ہوئیے آپ تنگی میں ان چیزوں سے جومکر کرتے ہیں وہ، بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے، جوتقویٰ اختیار کرتے ہیں، اور جولوگ کہ وہی نیکی کرتے ہیں (سورہ نحل)

مذکورہ آیات میں صبر کرنے اورغم اوردل تنگ ہونے سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے، اورساتھ ہی اس طرف بھی اشارہ کردیا گیا ہے کہ صبر اللہ ہی کے ذریعہ اور اللہ کا حکم سمجھ کر حاصل کرنا

چاہیے، اور صبر اللہ کے علاوہ کسی اور سے حاصل ہو ہی نہیں سکتا، یہ نعمت صرف اللہ کی طرف سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

تنگی اور گھٹن میں پڑنے سے بچنے کا حکم دوسری آیات میں بھی دیا گیا ہے۔

چنانچہ سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ (سورة النمل، رقم الآية ٧٠)

ترجمہ: اور غم نہ کیجئے آپ ان (لوگوں) پر اور مت ہوئیے آپ تنگی میں ان چیزوں سے جو مکر کرتے ہیں وہ (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ دشمنوں کی طرف سے کئے جانے والے مکر کی وجہ سے تنگی اور گھٹن میں نہیں پڑنا چاہیے، بلکہ ہمت وصبر سے کام لے کر اس کا ازالہ کرنا چاہیے۔

اسی طرح مالداروں کے مال ودولت کو دیکھ کر بھی غمگین نہیں ہونا چاہیے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ حجر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ (سورة الحجر، رقم الآية ٨٨)

ترجمہ: اور مت اٹھایئے آپ اپنی آنکھوں کو ان چیزوں کی طرف، جو فائدہ اٹھانے کی دے رکھی ہیں ہم نے مختلف قسم کی ان کافروں میں سے، اور غم نہ کیجیے ان پر اور جھکا دیجیے آپ اپنے بازو ایمان والوں کے لیے (سورہ حجر)

اس سے معلوم ہوا کہ نبی کو بھی حکم ہے کہ وہ دنیاداروں کو حاصل شدہ مال ودولت کو دیکھ کر غمگین نہ ہوں۔

اور قرآن مجید کی سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ (سورة طٰه، رقم الآية ١٣٠)

ترجمہ: پس آپ صبر کیجئے ان باتوں پر، جو کہتے ہیں یہ لوگ (سورہ طٰہٰ)

اور قرآن مجید کی سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ (سورة الغافر، رقم الآية ۵۵)

ترجمہ: پس صبر کیجئے آپ، بے شک اللہ کا وعدہ برحق ہے (سورہ غافر)

اس سے معلوم ہوا کہ صبر کرنے کا اللہ کی طرف سے حکم ہے، اور صبر کرنے پر اللہ کی طرف سے مدد کا وعدہ برحق ہے، جس میں شک نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ احقاف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ (سورة الاحقاف، رقم الآية ۳۵)

ترجمہ: پس صبر کیجئے آپ، جیسا کہ صبر کیا ہمت والے رسولوں نے (سورہ احقاف)

معلوم ہوا کہ صبر کا طریقہ ہمت والوں اور بہادروں سے سیکھنا چاہیے، اور سب سے زیادہ ہمت والے اور بہادر، اللہ کے رسول ہوتے ہیں، لہٰذا اللہ کے رسولوں کے واقعات وحکایات صبر کرنے کے لئے عظیم نمونہ ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ (سورة محمد، رقم الآية ۳۱)

ترجمہ: اور ضرور بالضرور آزمائیں گے ہم تم کو، یہاں تک کہ جان لیں ہم، جہاد کرنے والوں کو تم میں سے، اور صبر کرنے والوں کو (سورہ محمد)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے بندوں کا صبر کے ذریعہ امتحان لینے کا پکا وعدہ ہے، جس کے نتیجہ میں صبر کرنے والوں کو صبر نہ کرنے والوں سے ممتاز کیا جاتا ہے، پس جو صبر کرتا ہے، وہ کامیاب ہوتا ہے، اور جو صبر نہیں کرتا، وہ ناکام شمار ہوتا ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ طور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

Idara Ghufran

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ (سورة الطور، رقم الآية ۴۸)

ترجمہ: اور صبر کیجئے آپ اپنے رب کے حکم کے لئے (سورہ طور)

اس سے معلوم ہوا کہ صبر اللہ کا حکم سمجھ کر اختیار کرنا چاہیے، ورنہ بے صبری کا ارتکاب کرنے کے بعد صبر تو ہر ایک کو مجبوری میں کرنا ہی پڑتا ہے، مگر وہ حقیقی صبر نہیں ہوتا، اس لئے اس پر اللہ کی طرف سے کئے گئے وعدوں اور کامیابیوں کا حصول نہیں ہوتا۔

سورہ بقرہ، آلِ عمران، انفال، توبہ اور حٰمٓ سجدہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ . اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ

(سورة البقرہ، رقم الآية ۱۵۳)

ترجمہ: اے ایمان والو (مشکل اور تکلیفوں میں) مدد حاصل کرو تم، صبر اور نماز سے، بے شک اللہ (کی مدد) صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (سورہ بقرہ)

اور سورہ بقرہ میں ہی آگے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ (سورة البقرة، رقم الآية ۱۵۵)

ترجمہ: اور خوش خبری دے دیجئے آپ صبر کرنے والوں کو (سورہ بقرہ)

اور قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۴۶)

ترجمہ: اور اللہ محبت کرتا صبر کرنے والوں سے (سورہ آلِ عمران)

اور قرآن مجید کی سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (سورة الانفال، رقم الآية ۴۶)

ترجمہ: اور صبر کرو تم، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (سورہ انفال)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ صبر کرنے والوں کو اللہ کی معیت کی نعمت حاصل ہوتی ہے۔
اور صبر کرنے والوں کو اللہ پسند فرماتا ہے، اور ان کے لئے اللہ کی طرف سے مختلف انعامات کی خوش خبری ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا تَحۡزَنۡ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا(سورة التوبة ، رقم الآية ۴۰)

ترجمہ: نہ غم کیجئے آپ، بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے (سورہ توبہ)

اس آیت میں غم سے بچنے کی وجہ اللہ کی معیت کو قرار دیا گیا ہے، جس کا مطلب یہی ہے کہ صبر کرنے والوں کے ساتھ اللہ ہوتا ہے، تو پھر غم کی کیا ضرورت ہے۔

قرآن مجید کی سورہ حٰم سجدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَسۡتَوِی الۡحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ اِدۡفَعۡ بِالَّتِیۡ هِیَ أَحۡسَنُ فَإِذَا الَّذِیۡ بَيۡنَکَ وَبَيۡنَهٗ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِيۡمٌ .وَمَا يُلَقّٰهَا إِلَّا الَّذِيۡنَ صَبَرُوۡا وَمَا يُلَقّٰهَا إِلَّا ذُوۡ حَظٍّ عَظِيۡمٍ. وَإِمَّا يَنۡزَغَنَّکَ مِنَ الشَّيۡطَانِ نَزۡغٌ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ إِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ (سورة حٰمٓ السجدة، رقم الآية ۳۴ الی ۳۶)

ترجمہ: اور نہیں برابر ہوتی نیکی اور نہ بُرائی، (برائی کا) دفاع کیجئے آپ اس طریقہ سے، جو احسن (واچھا) ہو، پھر یکا یک وہ شخص کہ آپ کے اور اس کے درمیان عداوت تھی، گویا کہ وہ مخلص دوست ہو جائے گا، اور یہ طریقہ اُنہی لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جو صبر کرتے ہیں، اور یہ طریقہ بڑے نصیب والے ہی کو حاصل ہوتا ہے، اور اگر وسوسہ آئے آپ کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ، تو پناہ طلب کیجئے آپ اللہ کے ذریعہ سے، بے شک وہ خوب سُننے، جاننے والا ہے (سورہ حم سجدہ)

اس سے معلوم ہوا کہ صبر کرنے کے نتیجہ میں درگذر اور حسنِ سلوک کی توفیق حاصل ہوتی ہے، اور پھر اس کے نتیجہ میں آپس کی عداوتیں، اور دشمنیاں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔

سورہ ھود، یوسف، نحل، عنکبوت، زمر، دہر و سورہ بلد کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ ہود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ أُولٰئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّأَجْرٌ كَبِيْرٌ (سورة هود، رقم الآية ١١)

ترجمہ: مگر وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور نیک اعمال کیے، ان کے لئے مغفرت ہے اور بڑا اجر ہے (سورہ ہود)

اور سورہ ہود ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (سورة هود، رقم الآية ١١٥)

ترجمہ: اور صبر کیجئے آپ، پس بے شک ضائع نہیں کرتا وہ (اللہ) نیکوکاروں کے اجر کو (سورہ ہود)

اور قرآن مجید کی سورہ یوسف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّهُ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (سورة يوسف، رقم الآية ٩٠)

ترجمہ: بے شک جو تقویٰ اختیار کرتا ہے اور صبر کرتا ہے، تو بے شک اللہ ضائع نہیں فرماتا نیک لوگوں کے اجر کو (سورہ یوسف)

اور قرآن مجید کی سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورة النحل، رقم الآية ٩٦)

ترجمہ: اور یقیناً ضرور جزا دیں گے ہم ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا، ان کا اجر بہتر سے بہتر، وہ جو عمل کرتے تھے وہ (لوگ) (سورہ نحل)

اور سورہ نحل میں ہی ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِيْنَ (سورة النحل، رقم الآية ۱۲۶)

ترجمہ: اور اگر صبر کرو گے تم، تو یہ بہتر ہے، صبر کرنے والوں کے لئے (سورہ نحل)

اور قرآن مجید کی سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ ،اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (سورة العنكبوت، رقم الآية ۵۹،۵۸)

ترجمہ: کیا ہی اچھا اجر ہے ان عمل کرنے والوں کا جنہوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں (سورہ عنکبوت)

مذکورہ آیات میں صبر کرنے والوں کے لئے بڑے اجر و انعام کا ذکر کیا گیا ہے۔

اور سورہ عنکبوت ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ (سورة العنكبوت ، رقم الآية ۳۳)

ترجمہ: (حضرت لوط کو فرمایا گیا) نہ خوف کیجئے آپ، اور نہ غم کھائیے (سورہ عنکبوت)

معلوم ہوا کہ صبر کرنے کے ساتھ غم، اور بے جا خوف کو بھی دل سے نکالنے کا حکم ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ (سورة الزمر، رقم الآية ۱۰)

ترجمہ: پس دیا جائے گا صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بغیر حساب کے (سورہ زمر)

اور قرآن مجید کی سورہ دہر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَجَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً (سورة الدهر، رقم الآية ۱۲)

ترجمہ: اور ان کی جزا ان کے صبر کرنے کے عوض میں جنت ہے (سورہ دہر)

اور قرآن مجید کی سورہ بلد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ .

أُولٰئِکَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (سورة البلد، رقم الآيات ۱۷، ۱۸)

ترجمہ: پھر وہ ان میں سے ہو، جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی اور رحم کرنے کی وصیت کی۔

یہی لوگ دائیں والے ہیں (سورہ بلد)

مذکورہ آیات میں صبر کرنے والوں کے لئے بڑے بڑے اجر وثواب کا وعدہ کیا گیا ہے، یہاں تک کہ ان کو دائیں ہاتھ میں اعمال دیئے جانے والے اور جنتی تک بتلایا گیا ہے۔

پیچھے کئی آیات میں صبر کے ساتھ رنج وغم کو بھی دور کرنے کا حکم دیا گیا ہے، بلکہ صبر میں رنج وغم کو دور کرنے کی تاثیر موجود ہے،اس کے علاوہ صبر کرنا،متقی اور نیک ہونے کی نشانی ہے،تو ایسے بندوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے مرتے وقت اور آخرت میں غم سے بچانے کا وعدہ فرمایا ہے۔

سورہ یونس، فاطر، زمر، فصلت، اور سورہ احقاف کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَا اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (سورة يونس، رقم الآية ۶۲)

ترجمہ: خبردار! اولیاء اللہ پر نہ کوئی خوف ہوگا، اور نہ وہ غمگین ہوں گے (سورہ یونس)

اور قرآن مجید کی سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ .وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ .اَلَّذِیْ أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ (سورة فاطر، رقم الآيات ۳۳، الیٰ ۳۵)

ترجمہ: ہمیشہ رہنے کی جنتیں ہیں، داخل ہوں گے وہ ان میں، پہنائے جائیں گے ان (جنتوں) میں سونے کے کنگن اور موتی، اوران کا لباس ان (جنتوں) میں ریشم کا ہوگا۔ اور کہیں گے وہ ''الحمدللہ'' جس نے دور کر دیا ہم سے غم، بے شک ہمارا رب بخشنے والا قدردان ہے۔

وہ جس نے اتارا ہم کو سدا رہنے کی جگہ میں اپنے فضل سے، نہیں چھوئے گا ہمیں اس میں نہ کوئی رنج، اور نہ چھوئے گی ہمیں اس میں کوئی تکلیف (سورہ فاطر)

اور سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (سورة الزمر، رقم الآية ٦١)

ترجمہ: اور نجات دے گا اللہ ان لوگوں کو جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا، کامیابی کے ساتھ، نہیں تکلیف پہنچے گی ان کو، اور نہ وہ غمگین ہوں گے (سورہ زمر)

اور سورہ فصلت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَأَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (سورة فصلت، رقم الآية ٣٠)

ترجمہ: بے شک وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر قائم رہے، نازل ہوں گے ان پر فرشتے کہ خوف نہ کرو تم، اور نہ غم کرو تم، اور خوشخبری حاصل کرو تم اس جنت کی، جس کا وعدہ کیا جاتا تھا تم سے (سورہ فصلت)

اور سورہ احقاف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ. أُولٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوْا

يَعْمَلُوْنَ (سورة الأحقاف، رقم الآيات ١٣، ١٤)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے، پھر اسی پر قائم رہے، تو نہیں خوف ہوگا ان پر، اور نہ غمگین ہوں گے وہ۔

یہی جنت والے ہیں، ہمیشہ رہیں گے وہ اس میں، بدلے میں ان کاموں کے جو وہ کیا کرتے تھے (سورہ احقاف)

قرآن مجید کے علاوہ احادیث میں بھی صبر کے عظیم الشان فضائل وبرکات کا ذکر آیا ہے۔

صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ، صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٩٩ "٦٤" كتاب الزهد والرقائق، باب المؤمن أمره كله خير)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا معاملہ بہت ہی اچھا ہے، اس کا ہر معاملہ خیر والا ہے، اور یہ مومن کے علاوہ کسی اور کو حاصل نہیں، مومن کو اگر کوئی خوشی پہنچتی ہے، تو وہ شکر کرتا ہے، تو اس میں اس کے لئے خیر ہوتی ہے، اور اگر اسے کوئی مصیبت وتکلیف پہنچتی ہے، تو وہ صبر کرتا ہے، اور اس میں بھی اس کے لئے خیر ہوتی ہے (مسلم)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَشَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَصَبَرَ،

فَالْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ أَمْرِهِ، حَتّٰى يُؤْجَرَ فِي اللُّقْمَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى فِيِّ امْرَأَتِهِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۴۹۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مومن کے لئے خوشی ہوتی ہے، اگر اس مومن کو کوئی خیر پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کی حمد کرتا ہے اور شکر کرتا ہے، اور اگر اس کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کی حمد کرتا ہے، اور صبر کرتا ہے، پس مومن کو ہر چیز میں ہی اجر و ثواب عطاء کیا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس لقمہ میں بھی اجر و ثواب عطاء کیا جاتا ہے، جس کو وہ اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتا ہے (مسند احمد)

ابو سعید خدری، وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَلَنْ تُعْطَوْا عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ (صحيح بخارى ،رقم الحديث ۶۴۷۰، كتاب الرقاق، باب الصبر عن محارم الله)

ترجمہ: اور جو شخص پاک دامن بننا چاہتا ہے، تو اللہ اس کو پاک دامن بنا دیتا ہے، اور جو اپنے ارادہ سے صبر اختیار کرتا ہے، تو اس کو اللہ تعالیٰ صبر عطاء فرما دیتا ہے، اور جو شخص استغناء اختیار کرتا ہے، تو اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے، اور تمہیں کوئی بھی عطیہ صبر سے زیادہ بہتر اور وسیع تر عطاء نہیں کیا گیا (بخاری)

اور مسند احمد میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَرْسَلَنِي أَهْلِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُهُ طَعَامًا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: مَنْ يَّصْبِرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَا رُزِقَ الْعَبْدُ رِزْقًا، أَوْسَعَ لَهُ مِنَ الصَّبْرِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۱۴۳۵) ل

ترجمہ: مجھے میرے گھر والوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھانا مانگنے کے لئے بھیجا، تو میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا، اور آپ اس وقت خطبہ دے رہے تھے، تو میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص صبر اختیار کرتا ہے، تو اس کو اللہ صبر کی نعمت سے نواز دیتا ہے، اور جو شخص استغناء اختیار کرتا ہے، تو اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے، اور جو شخص پاک دامن بننا چاہتا ہے، تو اللہ اس کو پاک دامن بنا دیتا ہے، اور بندہ کو کوئی رزق بھی صبر سے زیادہ کشادہ عطاء نہیں کیا گیا (مسند احمد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا رُزِقَ عَبْدٌ خَيْرًا لَّهُ وَلَا أَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ۳۵۵۲، كتاب التفسير، تفسير سورة السجدة) ٢

ترجمہ: انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بندہ کو کوئی رزق بھی صبر سے زیادہ بہتر اور زیادہ کشادہ عطاء نہیں کیا گیا (حاکم)

ل قال شعيب الارنوؤط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

٢ قال الحاكم: قد اتفق الشيخان على إخراج هذه اللفظة فى آخر حديثه بهذا الإسناد: أن ناسا من الأنصار سألوا رسول الله صلى الله عليه وسلم. الحديث بطوله، وفى آخره هذه اللفظة ولم يخرجاه بهذه السياقة التى عند إسحاق بن سليمان.

قال الذهبى فى التلخيص: على شرط البخارى ومسلم.

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنتُ رَدِيفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ، أَوْ يَا غُلَيِّمُ، أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهِنَّ؟ فَقُلْتُ: بَلٰى، فَقَالَ: اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ، اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ أَمَامَكَ، تَعَرَّفْ إِلَيْهِ فِي الرَّخَاءِ، يَعْرِفْكَ فِي الشِّدَّةِ، وَإِذَا سَأَلْتَ، فَاسْأَلِ اللّٰهَ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ، فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ، قَدْ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ، فَلَوْ أَنَّ الْخَلْقَ كُلَّهُمْ جَمِيعًا أَرَادُوا أَنْ يَنْفَعُوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، وَإِنْ أَرَادُوا أَنْ يَضُرُّوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ فِي الصَّبْرِ عَلٰى مَا تَكْرَهُ خَيْرًا كَثِيرًا، وَأَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ، وَأَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْكَرْبِ، وَأَنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (مسند أحمد، رقم الحديث ٢٨٠٣) [1]

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر پیچھے سوار تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بچے، یا اے چھوٹے سے بچے! کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھلا دوں، جن کے ذریعہ سے اللہ آپ کو نفع پہنچائے گا، میں نے عرض کیا کہ ضرور بتلا دیجئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اللہ کے احکام کو محفوظ رکھو، تو اللہ آپ کو (دنیا و آخرت میں بلاؤں سے) محفوظ رکھے گا، آپ اللہ (کے حقوق) کو محفوظ رکھو، تو آپ اللہ کو (اپنی مدد اور قبولیت کے لئے) اپنے سامنے پائیں گے، آپ اللہ کو راحت و سکون کی حالت میں یاد رکھو،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

تو اللہ آپ کو تنگی کی حالت میں یاد رکھے گا، اور جب آپ سوال کریں، تو اللہ ہی سے سوال کریں، اور جب آپ مدد طلب کریں، تو اللہ ہی سے مدد طلب کریں، بلا شبہ (تقدیر لکھنے والا) قلم خشک ہو چکا ہے، جو کچھ بھی ہونے والا ہے (وہ سب تقدیر میں لکھا جا چکا ہے) پس اگر ساری مخلوق مل کر تمہیں کوئی نفع پہنچانا چاہے، جس کو اللہ نے آپ کے لئے نہیں لکھا، تو وہ ساری مخلوق اس کی قدرت نہیں رکھتی، اور اگر ساری مخلوق مل کر آپ کو کچھ نقصان پہنچانا چاہے، جس کو اللہ نے آپ کے لئے نہیں لکھا، تو وہ ساری مخلوق اس کی قدرت نہیں رکھتی، اور یہ بات یاد رکھیے کہ جس چیز کو آپ ناپسند کرتے ہیں، اس میں صبر کرنے پر بہت بڑی خیر حاصل ہوتی ہے، اور اللہ کی نصرت صبر کے ساتھ ہوتی ہے، اور نجات، رنج و غم کے ساتھ ہوتی ہے، اور تنگی کے ساتھ آسانی ہوتی ہے (مسند احمد)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صبر کے ساتھ اللہ کی نصرت و مدد آتی ہے، جس کی مختلف شکلیں ہو سکتی ہیں، اور یہ بات قرآن مجید کی ان آیات کے مطابق ہے، جن میں صبر کرنے والوں کے ساتھ اللہ کی معیت کا ذکر کیا گیا ہے، اور صبر سے مدد حاصل کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اس طرح کی آیات پہلے نقل کی جا چکی ہیں۔

انس و امِ سلمہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَطَبَ أَبُو طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ ، فَقَالَتْ لَهُ: مَا مِثْلُكَ يَا أَبَا طَلْحَةَ يُرَدُّ وَلٰكِنِّيْ اِمْرَأَةٌ مُسْلِمَةٌ ، وَأَنْتَ رَجُلٌ كَافِرٌ ، وَلَا يَحِلُّ لِيْ أَنْ أَتَزَوَّجَكَ ، فَإِنْ تُسْلِمَ فَذٰلِكَ مَهْرِيْ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ ، فَأَسْلَمَ ، فَكَانَتْ لَهُ فَدَخَلَ بِهَا ، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا صَبِيحًا ، وَكَانَ

أَبُـوطَـلْـحَةَ يُحِبُّهُ حُبًّا شَدِيْدًا ، فَعَاشَ حَتّٰى تَحَرَّكَ فَمَرِضَ ، فَحَزِنَ عَـلَيْهِ أَبُو طَلْحَةَ حُزْنًا شَدِيْدًا حَتّٰى تَضَعْضَعَ ، قَالَ: وَأَبُوْ طَلْحَةَ يَغْدُوْ عَـلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَرُوْحُ ، فَرَاحَ رَوْحَةً وَمَاتَ الصَّبِيُّ ، فَعَمَدَتْ إِلَيْهِ أُمُّ سُلَيْمٍ ، فَطَيَّبَتْهُ وَنَظَّفَتْهُ وَجَعَلَتْهُ فِي مِخْدَعِنَا ، فَـأَتَـى أَبُوْ طَلْحَةَ ، فَقَالَ: كَيْفَ أَمْسٰى بُنَيَّ ؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ مَا كَانَ مُنْذُ اِشْتَـكٰى أَسْـكَنَ مِنْهُ اللَّيْلَةَ ، قَالَ: فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسُرَّ بِذٰلِكَ ، فَقَرَّبَتْ لَـهُ عَشَاءَهُ ، فَتَعَشّٰى ثُمَّ مَسَّتْ شَيْئًا مِنْ طِيْبٍ ، فَتَعَرَّضَتْ لَهُ حَتّٰى وَاقَعَ بِهَا ، فَلَمَّا تَعَشّٰى وَأَصَابَ مِنْ أَهْلِهِ، قَالَتْ: يَا أَبَا طَلْحَةَ رَأَيْتَ لَوْ أَنَّ جَارًا لَّكَ أَعَارَكَ عَارِيَّةً ، فَاسْتَمْتَعْتَ بِهَا ، ثُمَّ أَرَادَ أَخْذَهَا مِنْكَ أَكُنْتَ رَادَّهَا عَلَيْهِ ؟ فَقَالَ: إِيْ وَاللّٰهِ ، إِنِّيْ كُنْتُ لَرَادُّهَا عَلَيْهِ ، قَـالَـتْ: طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُكَ ؟ قَالَ: طَيِّبَةً بِهَا نَفْسِيْ ، قَالَتْ: فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَعَارَكَ بُنَيَّ وَمَتَّعَكَ بِهِ مَا شَاءَ ، ثُمَّ قَبَضَ إِلَيْهِ ، فَاصْبِرْ وَاحْتَسِبْ ، قَـالَ: فَـاسْتَـرْجَـعَ أَبُوْ طَلْحَةَ وَصَبَرَ ، ثُمَّ أَصْبَحَ غَادِيًا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَحَدَّثَهُ حَدِيْثَ أُمِّ سُلَيْمٍ كَيْفَ صَنَعَتْ ، فَقَالَ رَسُـوْلُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا فِيْ لَيْلَتِكُمَا ، قَـالَ: وَحَـمَلَتْ تِلْكَ الْوَاقِعَةَ فَأَثْقَلَتْ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ طَلْحَةَ: إِذَا وَلَدَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ فَجِئْنِيْ بِوَلَدِهَا ، فَحَمَلَهُ أَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ خِرْقَةٍ ، فَجَاءَ بِهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَـالَ: فَـمَـضَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً ، فَمَجَّهَا فِيْ فِيْـهِ فَـجَـعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُ ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِـيْ طَـلْـحَةَ: حُبُّ الْأَنْصَارِ التَّمْرَ فَحَنَّكَهُ وَسَمّٰى عَلَيْهِ ، وَدَعَا لَـهُ ،

وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٧١٨٧،كتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين،مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين) [1]

ترجمہ: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امِ سُلیم کو نکاح کا پیغام بھیجا، تو حضرت امِ سُلیم نے جواب میں کہا کہ اے ابوطلحہ آپ جیسے شخص کے پیغامِ (نکاح) کو رَد نہیں کیا جاتا، لیکن میں مسلمان عورت ہوں، اور آپ کافر شخص ہیں، اور میرے لئے یہ حلال نہیں کہ آپ سے نکاح کروں، اگر آپ اسلام لے آئیں، تو میرا مہر یہی ہے (اس وقت نکاح میں اس طرح سے مہر مقرر کرنا جائز تھا) اور میں کسی چیز کا آپ سے سوال نہیں کرونگی، تو حضرت ابوطلحہ اسلام لے آئے، اور حضرت امِ سُلیم ان کی بیوی بن گئیں، حضرت ابوطلحہ نے (نکاح کے بعد) ان سے ہمبستری کی، جس سے وہ حاملہ ہوگئیں، پھر ان کے یہاں ایک خوبصورت بچہ پیدا ہوا، اور حضرت ابوطلحہ اپنے اس بچے سے بہت زیادہ محبت کرتے تھے، اس کو اللہ تعالیٰ نے اتنی زندگی عطاء فرمائی، کہ وہ ملنے جلنے لگا، پھر وہ بیمار ہوگیا، جس پر حضرت ابوطلحہ کو شدید غم ہوا، یہاں تک کہ حضرت ابوطلحہ کمزور ہوگئے، اور حضرت ابوطلحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں صبح کو بھی حاضر ہوتے تھے، اور شام کو بھی حاضر ہوتے تھے، ایک مرتبہ وہ شام کو حاضرِ خدمت ہوئے، اور اس دوران بچہ فوت ہو چکا تھا، حضرت امِ سُلیم نے اس بچے کو خوشبو لگائی، اور اسے صاف ستھرا کیا، اور ایک کپڑے میں لپیٹ دیا، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے آ کر پوچھا کہ میرے بیٹے کا کیا حال ہے؟ تو حضرت امِ سُلیم نے کہا کہ خیریت کے ساتھ ہے، جب سے بیمار ہوا ہے، تب سے، رات سے زیادہ

---

[1] قال شعيب الارنوؤط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابن حبان)

www.idaraghufran.org

پرسکون کبھی نہیں ہوا، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اس پر اللہ کا شکر اداء کیا، اوراس سے خوش ہوگئے، پھر حضرت امِ سُلیم نے ان کو شام کا کھانا پیش کیا، جس کوانہوں نے تناول کیا، پھر حضرت امِ سُلیم نے اپنے آپ کوخوشبو لگائی، اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں، اوردونوں نے ہمبستری کی، جب اس عمل سے فارغ ہوگئے، تو حضرت امِ سُلیم نے حضرت ابوطلحہ سے کہا کہ اے ابوطلحہ! اگر آپ کے پڑوسی نے آپ کوکوئی چیز عاریتاً (وامانتاً) دی ہو، اور آپ نے اس سے فائدہ اٹھالیا ہو، پھر وہ پڑوسی آپ سے اس چیز کوواپس لینا چاہے، تو کیا آپ اس کووہ چیزلوٹا دیں گے، تو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ کی قسم میں اس کوضرور بالضرورلوٹادوں گا، حضرت امِ سُلیم نے کہا کہ آپ خوش دلی کے ساتھ اس کولوٹا دیں گے؟ تو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا کہ ہاں بالکل خوش دلی کے ساتھ اس کولوٹادوں گا، حضرت امِ سُلیم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو میرا بیٹا عاریتاً (وامانتاً) دیا تھا، اور آپ نے جتنا چاہا اس سے فائدہ اٹھالیا، پھر اللہ تعالیٰ نے اس کوواپس لے لیا، تو آپ صبر کیجئے، اورثواب کی امید رکھئے، یہ سن کر حضرت ابوطلحہ نے انا للّٰہ پڑھا، اورصبر کیا، پھر صبح ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکرامِ سُلیم کے اس طرزِ عمل کا ذکر کیا، جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تم دونوں کے لئے تمہاری گذشتہ رات میں برکت فرمائے، اس رات کے واقعہ سے حضرت امِ سُلیم کوحمل ہوگیا، چند دن گزرنے کے بعد (جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کواس کی اطلاع دی گئی، تو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوطلحہ سے فرمایا کہ جب امِ سُلیم کے ولادت ہوجائے، توان کے بچے کو میرے پاس لانا، پھر جب بچے کی ولادت ہوگئی، تو حضرت ابوطلحہ نے اس کوایک کپڑے میں لپیٹا، اوراس کورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی خدمت میں لے آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کو چبایا، پھر وہ کھجور بچے کے منہ میں دی، جس کو وہ بچہ چوسنے لگا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوطلحہ سے فرمایا کہ انصار کو کھجور پسند ہے (اور یہ بیٹا انصار کا ہے) اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچہ کی تحنیک فرمائی، اور اس کا نام رکھا، اور اس کے لئے دعاء فرمائی، اور اس کا نام عبداللہ رکھا (ابن حبان)

اس سے معلوم ہوا کہ صبر کرنے اور ''اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ '' پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس مصیبت و تکلیف کا نعم البدل عطاء فرما دیتا ہے۔

بعض احادیث میں نعم البدل کے لئے دوسری دعاء کا بھی ذکر آیا ہے۔

حضرت امِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے سے روایت ہے کہ:

أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ جَاءَ إِلٰى أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ حَدِيْثًا مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا وَلَا أَدْرِيْ مَا عَدَلَ بِهٖ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّهٗ لَا تُصِيْبُ أَحَدًا مُصِيْبَةٌ فَيَسْتَرْجِعَ عِنْدَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ هٰذِهٖ، اَللّٰهُمَّ أَخْلِفْنِيْ مِنْهَا بِخَيْرٍ مِّنْهَا، إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ. قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَلَمَّا أُصِيْبَ أَبُوْ سَلَمَةَ، قُلْتُ: اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِيْ هٰذِهٖ، وَلَمْ تَطِبْ نَفْسِيْ أَنْ أَقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ أَخْلِفْنِيْ مِنْهَا بِخَيْرٍ مِّنْهَا، قُلْتُ: مَنْ خَيْرٌ مِّنْ أَبِيْ سَلَمَةَ؟ أَلَيْسَ، وَلَيْسَ؟ ثُمَّ قَالَتْ ذٰلِكَ، فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا أَرْسَلَ إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُهَا، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ، إِنَّ فِيَّ خِلَالًا ثَلَاثًا: أَنَا امْرَأَةٌ مُصْبِيَةٌ، وَأَنَا امْرَأَةٌ شَدِيْدَةُ الْغَيْرَةِ، وَأَنَا امْرَأَةٌ لَيْسَ هَا هُنَا مِنْ أَوْلِيَائِيْ أَحَدٌ شَاهِدًا فَيُزَوِّجُنِيْ، فَغَضِبَ عُمَرُ

www.idaraghufran.org

لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ مِمَّا غَضِبَ لِنَفْسِهِ حِيْنَ رَدَّتْهُ، فَأَتَاهَا عُمَرُ فَقَالَ: أَنْتِ الَّتِي تَرُدِّيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ بِمَا تَرُدِّيْنَهُ؟ فَقَالَتْ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، فِيَّ كَذَا وَكَذَا، أَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَمَّا مَا ذَكَرْتِ مِنْ غَيْرَتِكِ فَإِنِّي أَدْعُو اللّٰهَ أَنْ يُذْهِبَهَا، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتِ مِنْ صِبْيَتِكِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَيَكْفِيْهِمْ، وَأَمَّا مَا ذَكَرْتِ أَنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَوْلِيَائِكِ أَحَدٌ شَاهِدًا فَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَوْلِيَائِكِ أَحَدٌ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُنِي، فَقَالَتْ لِابْنِهَا: زَوِّجْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَوَّجَهُ، فَقَالَ: أَمَا إِنِّي لَمْ أُنْقِصْكِ مِمَّا أَعْطَيْتُ فُلَانَةَ، قَالَ ثَابِتٌ لِابْنِ أُمِّ سَلَمَةَ: وَمَا أَعْطَى فُلَانَةَ؟ قَالَ: جَرَّتَيْنِ تَضَعُ فِيْهِمَا حَاجَتَهَا، وَرَحًى، وَوِسَادَةً مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحدیث ۶۹۰۸، مسند أم سلمة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۲۷۵۹) [1]

ترجمہ: حضرت ابوسلمہ، حضرت امِ سلمہ (یعنی اپنی بیوی) کے پاس آئے، اور انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث سنی ہے، جو مجھے فلاں فلاں چیز سے بھی زیادہ محبوب ہے، اور میں نہیں جانتا کہ اس حدیث کے برابر کوئی چیز ہو سکتی ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس کو بھی کوئی مصیبت پہنچے اور پھر وہ اس وقت ''اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ'' پڑھے، اور پھر وہ یہ دعاء کرے کہ:

''اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِي هٰذِهِ، اَللّٰهُمَّ أَخْلِفْنِي مِنْهَا بِخَيْرٍ مِنْهَا''

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الاسناد.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.
وقال حسين سليم أسد الداراني: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

''اے اللہ! میں آپ کے پاس اپنی اس مصیبت کا اجر وثواب طلب کرتا ہوں، اے اللہ مجھے اس سے بہتر بدل عطاء فرمادیجئے''

تو اللہ عزوجل اس کو ضرور بہتر بدل عطاء فرمائے گا۔

حضرت ام سلمہ کہتی ہیں کہ جب (میرے شوہر) ابوسلمہ فوت ہوگئے، تو میں نے (ان سے سُنی ہوئی اور پسندیدہ حدیث کے مطابق) یہی دعاء کی کہ:

" اَللّٰھُمَّ عِندَکَ أَحتَسِبُ مُصِیبَتِی ھٰذِہٖ "

''اے اللہ! میں آپ کے پاس اپنی اس مصیبت کا اجر وثواب طلب کرتی ہوں''

اور یہ کہنے سے میرا دل خوش نہیں تھا کہ: " اَللّٰھُمَّ أَخلِفنِی مِنھَا بِخَیرٍ مِّنھَا "

''اے اللہ مجھے اس سے بہتر بدل عطاء فرمادیجئے''

میں نے (دل میں) کہا کہ (میرے فوت شدہ شوہر) ابوسلمہ سے بہتر کون ہوگا؟ ہرگز کوئی نہیں ہوگا، کوئی نہیں ہوگا، مگر میں نے پھر بھی یہ دعاء پڑھ لی، پھر جب حضرت امِ سلمہ کی (ان کی بیٹی زینب کی ولادت ہونے سے) عدت ختم ہوگئی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف اپنے لئے نکاح کا پیغام بھیجا، جس پر حضرت امِ سلمہ نے عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرآنکھوں پر! لیکن میرے اندر تین باتیں پائی جاتی ہیں، ایک تو میں بچوں والی عورت ہوں، اور دوسرے میں سخت غیرت (وحیاء) والی عورت ہوں (سوکنوں کے ساتھ اور سوکنوں کی وجہ سے شوہر کے ساتھ سخت درشت برتاؤ میں مبتلا نہ ہوجاؤں) نیز پہلے شوہر سے جس درجے کا تعلق ومعاشرت رہی ہے، اس کے بعد غیرت آتی ہے کہ کوئی اور شوہر کروں، اور تیسرے یہاں میرا کوئی ولی (اور سرپرست) موجود نہیں ہے، جو میرا نکاح کردے، حضرت عمر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے اس سے بھی زیادہ غضب ناک ہوئے، جتنا اپنی ذات کے لیے ہوئے تھے، جب امِ

سلمہ نے ان (حضرت عمر) کا پیغام رَد کیا تھا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے اور فرمایا کہ کیا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام کو رد کرتی ہو؟ کس وجہ سے تم ان کے پیغام کو رد کرتی ہو؟ تو حضرت امِّ سلمہ نے عرض کیا کہ اے ابنِ خطاب! میرے اندر فلاں فلاں باتیں پائی جاتی ہیں، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے، اور (حضرت امِّ سلمہ سے) فرمایا کہ آپ نے جو اپنی غیرت کا ذکر کیا ہے، تو میں اللہ سے دعاء کروں گا کہ وہ ختم ہو جائے، اور آپ نے اپنے بچوں کا جو ذکر کیا ہے، بے شک اللہ ان کی کفالت و کفایت کا انتظام کر دے گا اور جو آپ نے یہ بات ذکر کی کہ آپ کا کوئی ولی اس وقت موجود نہیں، تو آپ کے حاضر اور غائب ولیوں میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے، جو میرے حق میں ناگواری رکھے، جس کے بعد حضرت امِّ سلمہ نے اپنے بیٹے (عمر) سے کہا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میرا نکاح کر دو، تو ان کے بیٹے عمر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا نکاح کر دیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں آپ کو اس سے کم نہیں دوں گا، جو میں نے فلاں کو دیا تھا۔

حضرت ثابت (راوی) نے امِّ سلمہ کے بیٹے سے سوال کیا کہ (نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے) فلاں عورت کو کیا دیا تھا، تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ دو مٹی کے گھڑے، جن میں اپنی ضرورت کی چیزیں رکھتی تھیں، اور چکی اور ایک تکیہ، جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی (ابو یعلیٰ)

معلوم ہوا کہ کسی مصیبت کے پہنچنے پر ’’اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ‘‘ پڑھ کر مذکورہ دعاء کی برکت سے نعم البدل حاصل ہوتا ہے، خواہ اس وقت اس کا نعم البدل سمجھ نہ آ رہا ہو، پھر بھی اللہ پر بھروسہ کر کے اس کا اہتمام کرنا چاہیے۔

لیکن نعم البدل حاصل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ صدمہ پہنچتے ہی فوراً صبر کیا جائے، اور اس

وقت بے صبری کا مظاہرہ کر کے اس نعمت سے اپنے آپ کو محروم نہ کیا جائے، جیسا کہ کئی احادیث میں آیا ہے۔

ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَآنِ أَوْ تَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالصَّلَاةُ نُورٌ وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ كُلُّ النَّاسِ يَغْدُو فَبَايِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا أَوْ مُوبِقُهَا (صحیح مسلم، رقم الحديث ۲۲۳ "۱" كتاب الطهارة، باب فضل الوضوء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پاکی نصف (یعنی آدھا) ایمان ہے، اور "الحمد للہ" میزانِ عمل کو پُر کر دیتا ہے، اور "سبحان اللہ" اور "الحمد للہ" دونوں میزانِ عمل کو بھر دیتے ہیں، یا یہ فرمایا کہ زمین اور آسمان کے درمیانی حصہ کو بھر دیتے ہیں، اور نماز (دل، قبر وحشر میں) نور ہے، اور صدقہ برہان (یعنی واضح حجت ودلیل) ہے، اور صبر روشنی ہے، اور قرآن آپ کے حق میں، یا آپ کے خلاف حجت ہے، تمام لوگ اس حال میں صبح کرتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کی بیع کرتے ہیں، پھر کوئی اپنے آپ کو (نیک اعمال کر کے عذاب سے) آزاد کرالیتا ہے، یا اپنے آپ کو (گناہ کر کے عذاب میں گرفتار و) ہلاک کرالیتا ہے (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ صبر کے ذریعہ سے روشنی اور بصیرت حاصل ہوتی ہے، جس کے نتیجہ میں

انسان صحیح اور اچھے فیصلے کرنے پر قدرت حاصل کرتے ہیں، اور اس کے نتیجہ میں اس کے کام درست سمت میں چلنا شروع ہوجاتے ہیں، دین ودنیا کے کاموں میں ہدایت حاصل ہوتی ہے، اور اس کے بعد قبر وآخرت میں بھی وہ روشنی فائدہ پہنچاتی ہے۔

ابوسعید، ابوہریرہ وابوعبیدہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا يُصِيبُ الْمُسْلِمَ، مِنْ نَّصَبٍ وَلَا وَصَبٍ، وَلَا هَمٍّ وَلَا حُزْنٍ وَلَا أَذًى وَلَا غَمٍّ، حَتَّى الشَّوْكَةِ يُشَاكُهَا، إِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ خَطَايَاهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۶۴۱، كتاب الطب، باب ما جاء فی كفارة المرض)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کو جو بھی کوئی پریشانی، اور بیماری، رنج اور ملال، تکلیف اور غم پہنچتا ہے، یہاں تک کہ جو کانٹا بھی اس کو چبھتا ہے، تو اس کے ذریعے سے اللہ اس کی خطاؤں کو معاف فرمادیتا ہے (بخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَصَبُ الْمُؤْمِنِ كَفَّارَةٌ لِخَطَايَاهُ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث: ۱۲۸۲، كتاب الجنائز) [1]

---

[1] قال الألبانی:

قال الحاكم " :صحيح "، ووافقه الذهبی .قلت :وهو على شرط مسلم .ذكره الحاكم شاهدا .وأعله ابن أبی حاتم بعلة عجيبة، فقال فی "العلل "(2/167) " : كنت أستغرب هذا الحديث، فنظرت، فإذا هو وهم، ورواه حماد بن زيد عن أيوب عن محمد بن سيرين عن أبی الرباب القشيری عن أبی الدرداء أنه قال " :وصب المؤمن " ...من قوله، غير مرفوع ."وللحديث شواهد كثيرة، استقصى كثيرا منها المنذری فی آخر " الترغيب "وسبق طائفة منها، فانظر مثلا الأحاديث :(272و 714و 1103و 1611)(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث: ۲۴۱۰)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن کا درد اور مرض اس کی خطاؤں کے لیے کفارہ ہے (حاکم)

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَمَنِ ابْتَلاهُ اللّٰهُ بِبَلاءً فِيْ جَسَدِهٖ فَهُوَ لَهُ حِطَّةٌ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۷۰۰) [1]

ترجمہ: اور جس کو اللہ کسی جسمانی بلاء میں مبتلا فرمادے، تو وہ اس کے لیے (گناہوں کا) کفارہ ہوجاتا ہے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ بندہ مومن کو دنیا میں جو مصائب وتکالیف پہنچتی ہیں، ان پر صبر کرنے کے نتیجہ میں بہت تیزی کے ساتھ گناہ معاف کئے جاتے ہیں۔

اور مصائب وتکالیف عام ہیں، خواہ مالی ہوں، یا جانی وبدنی ہوں، یا ذہنی ہوں۔

اسی وجہ سے کئی احادیث میں جسمانی بیماریوں کو بھی گناہوں کی معافی کا ذریعہ بتلایا گیا ہے۔

امِّ علاء، جابر، واسد بن کرز رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت امِ علاء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَرِيْضَةٌ، فَقَالَ: أَبْشِرِيْ يَا أُمَّ الْعَلَاءِ، فَإِنَّ مَرَضَ الْمُسْلِمِ يُذْهِبُ اللّٰهُ بِهٖ خَطَايَاهُ، كَمَا تُذْهِبُ النَّارُ خَبَثَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ (سنن ابی داود، رقم الحديث: ۳۰۹۲، كتاب الجنائز، باب عيادة النساء) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن إن كان واصل -وهو مولى أبي عُيينة- سمعه من الوليد بن عبد الرحمن، فانه يروى هذا الحديث عن بشار بن أبي سيف، عن الوليد بن عبد الرحمن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابی داود)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں بیمار تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت فرمائی، اور فرمایا کہ اے امِ علاء! تم خوشخبری سنو کہ مسلمان کی بیماری کے ذریعے سے اللہ اس کی خطاؤں کو اس طرح سے دور فرما دیتا ہے، جس طریقہ سے آگ، سونے اور چاندی کے خبث (یعنی زنگ اور ملاوٹ وغیرہ) کو دور کر دیتی ہے (ابوداود)

دوسری احادیث میں یہی فضیلت بخار کے بارے میں بھی آئی ہے۔ [1]

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَمْرَضُ مُؤْمِنٌ وَلَا مُؤْمِنَةٌ، وَلَا مُسْلِمٌ وَلَا مُسْلِمَةٌ، إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ بِهَا عَنْهُ خَطِيْئَتَهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٤٧٢٥) [2]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو بھی مومن مرد اور مومن عورت، اور جو بھی مسلم مرد اور مسلم عورت، مریض و بیمار ہوتا ہے، تو اللہ اس کے ذریعہ سے اس کی خطاؤں کو درگزر فرما دیتا ہے (مسند احمد)

اور حضرت اسد بن کرز رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْمَرِيْضُ تَحَاتُّ خَطَايَاهُ

---

[1] حدثنا جابر بن عبد الله، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، دخل على أم السائب أو أم المسيب فقال: ما لك؟ يا أم السائب أو يا أم المسيب تزفزفين؟ قالت: الحمى، لا بارك الله فيها، فقال: لا تسبي الحمى، فإنها تذهب خطايا بني آدم، كما يذهب الكير خبث الحديد (صحيح مسلم، رقم الحديث: ٥٣. ٢٥٧٥)

عن جابر بن عبد الله، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم عاد امرأة من الأنصار، فقال لها: أهي أم ملدم؟ قالت: نعم. فلعنها الله، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسبيها، فإنها تغسل ذنوب العبد كما يذهب الكير خبث الحديد هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه بهذا اللفظ، إنما أخرجه مسلم، بغير هذا اللفظ من حديث حجاج بن أبي عثمان، عن أبي الزبير " (المستدرك للحاكم، رقم الحديث: ١٢٧٩، كتاب الجنائز)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

كَمَا يَتَحَاتُّ وَرَقُ الشَّجَرِ (مسند احمد ، رقم الحديث : ١٦٦٥٤) [1]

ترجمہ: انہوں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مریض کی خطائیں اس طرح سے جھاڑ دی جاتی ہیں، جس طرح سے درخت کے پتے جھاڑ دیے جاتے ہیں (مسند احمد)

شداد، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت شداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ:

إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ: إِنِّىْ إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدًا مِنْ عِبَادِىْ مُؤْمِنًا، فَحَمِدَنِىْ عَلٰى مَا ابْتَلَيْتُهُ، فَإِنَّهُ يَقُوْمُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ مِنَ الْخَطَايَا، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَا قَيَّدْتُ عَبْدِىْ، وَابْتَلَيْتُهُ، فَأَجْرُوْا لَهُ كَمَا كُنْتُمْ تُجْرُوْنَ لَهُ وَهُوَ صَحِيْحٌ (مسند احمد ، رقم الحديث: ١٧١١٨) [2]

ترجمہ: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں جب اپنے مومن بندوں میں سے کسی کو بلاء وآزمائش میں مبتلا کرتا ہوں، پھر وہ اس بلاء وآزمائش پر، جس میں میں نے اسے مبتلاء کیا، میری حمد وثناء بیان کرتا ہے، تو وہ اپنے اس بستر سے اس طرح خطاؤں سے پاک ہوکر کھڑا ہوتا ہے، جیسا کہ اپنی ماں سے پیدا ہونے کے دن تھا، اور رب عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے اپنے بندے کو مقید کردیا تھا اور اس کو بلا وآزمائش میں ڈال دیا تھا، پس تم اس کے لیے اسی طریقہ سے اجر وثواب لکھو،

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط : حديث حسن، وهذا إسناد ضعيف لانقطاعه بين خالد بن عبد الله – وهو ابن يزيد بن أسد القسرى– وبين جد أبيه أسد بن كرز (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الأرنؤوط : صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

جس طرح سے تم اس کے صحیح ہونے کی حالت میں اجروثواب لکھتے تھے (مسند احمد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِیَ الْمُؤْمِنَ، وَلَمْ يَشْكُنِیْ إِلٰى عُوَّادِهٖ أَطْلَقْتُهٗ مِنْ أَسَارِیَ، ثُمَّ أَبْدَلْتُهٗ لَحْمًا خَيْرًا مِنْ لَحْمِهٖ، وَدَمًا خَيْرًا مِّنْ دَمِهٖ، ثُمَّ يُسْتَأْنَفُ الْعَمَلَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث: ۱۲۹۰، کتاب الجنائز) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میں اپنے مومن بندے کو کسی بلاء میں مبتلا کرتا ہوں، اور وہ اپنی عیادت کرنے والوں سے میری شکایت نہیں کرتا، تو میں اس کو اپنے قیدیوں سے آزاد کردیتا ہوں، پھر اس کے گوشت کو اس سے بہتر گوشت کے ساتھ اور اس کے خون کو اس سے بہتر خون کے ساتھ تبدیل کردیتا ہوں، پھر اس کا نئے سرے سے عمل شروع کیا جاتا ہے (حاکم)

اور حضرت عطاء بن یسار سے مرسلاً روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ بَعَثَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِلَيْهِ مَلَكَيْنِ، فَقَالَ: اُنْظُرَا مَاذَا يَقُوْلُ لِعُوَّادِهٖ، فَإِنْ هُوَ إِذَا جَاءُ وْهُ، حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، رَفَعَا ذٰلِكَ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ أَعْلَمُ، فَيَقُوْلُ: لِعَبْدِیْ عَلَیَّ إِنْ تَوَفَّيْتُهٗ أَنْ أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ، وَإِنْ أَنَا شَفَيْتُهٗ أَنْ أُبْدِلَ لَهٗ لَحْمًا خَيْرًا مِنْ لَّحْمِهٖ، وَدَمًا خَيْرًا مِّنْ دَمِهٖ، وَأَنْ أُكَفِّرَ عَنْهُ سَيِّئَاتِهٖ (مؤطا امام مالک، رقم الحدیث: ۵، کتاب العین، باب ما جاء فی أجر المریض) [2]

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه.

[2] قال الألبانی: وهذا سند مرسل صحیح، فهو شاهد قوی لحدیث أبی بکر الحنفی الموصول والحمد لله علی توفیقه (سلسلة الاحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث: ۲۷۲)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندہ بیمار ہو جاتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف دو فرشتوں کو بھیجتا ہے، اور فرماتا ہے کہ تم اس بندے کو دیکھو کہ وہ اپنی عیادت کرنے والوں سے کیا کہتا ہے؟ پھر جب وہ فرشتے اس کے پاس آ کر دیکھتے ہیں، تو وہ اللہ کی حمد وثناء کر رہا ہوتا ہے، پھر وہ دونوں فرشتے یہ بات اللہ عزوجل کے پاس لے کر پہنچتے ہیں، اور اللہ اس حالت کو خوب جانتا ہے، اس پر اللہ فرماتا ہے کہ میرے اس بندے کے لیے مجھ پر لازم ہے کہ اگر میں اسے وفات دے دوں، تو اسے جنت میں داخل کر دوں گا، اور اگر اسے شفا دے دوں، تو اس کے گوشت کو اس سے بہتر گوشت کے ساتھ اور اس کے خون کو اس سے بہتر خون کے ساتھ تبدیل کر دوں گا اور اس کے گناہوں کو معاف کر دوں گا (موطا امام مالک)

ابو موسیٰ، ابنِ عَمر و، شداد، اور انس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : إِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ، أَوْ سَافَرَ، کُتِبَ لَہٗ مِثْلُ مَا کَانَ یَعْمَلُ مُقِیْمًا صَحِیْحًا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۲۹۹۶، باب یکتب للمسافر مثل ما کان یعمل فی الإقامة، کتاب الجهاد والسیر)

ترجمہ: رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندہ بیمار ہو جائے، یا سفر کرے، تو اس کے لئے اسی طرح کا اجر وثواب لکھا جاتا ہے، جو وہ مقیم اور صحت مند ہونے کی حالت میں عمل کیا کرتا تھا (بخاری)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا أَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ یُصَابُ بِبَلَاءٍ فِیْ جَسَدِہٖ إِلَّا أَمَرَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ الْمَلَائِکَةَ الَّذِیْنَ یَحْفَظُوْنَہٗ فَقَالَ :

اُكْتُبُوْا لِعَبْدِىْ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، مَا كَانَ يَعْمَلُ مِنْ خَيْرٍ، مَا كَانَ فِىْ وِثَاقِىْ (مسنداحمد، رقم الحديث ٦٤٨٢) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں جس (مومن) شخص کے بھی جسم میں کوئی بیماری ہوجاتی ہے، تو اللہ عزوجل اُن فرشتوں کو جو نامۂ اعمال کو محفوظ کرنے والے ہیں، یہ حکم فرماتا ہے کہ تم میرے بندہ کے لئے ہر دن اور رات میں وہ سب خیر والے اعمال لکھو، جو وہ (تن درستی کی حالت میں) کیا کرتا تھا، جب تک کہ یہ (بیماری کی وجہ سے) میری قید میں ہے (مسنداحمد)

اور عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا كَانَ عَلٰى طَرِيْقَةٍ حَسَنَةٍ مِنَ الْعِبَادَةِ، ثُمَّ مَرِضَ، قِيْلَ لِلْمَلَكِ الْمُوَكَّلِ بِهٖ، اُكْتُبْ لَهٗ مِثْلَ عَمَلِهٖ إِذَا كَانَ طَلِيْقًا، حَتّٰى أُطْلِقَهٗ، أَوْ أَكْفِتَهٗ إِلَيَّ (مسنداحمد، رقم الحديث ٦٨٩٥) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ جب عبادت کے اچھے طریقہ پر ہوتا ہے، پھر وہ بیمار ہوجاتا ہے، تو اُس پر مقرر فرشتہ سے کہا جاتا ہے کہ تم اُس کے لئے اسی طرح کے عمل کی طرح (کا اجر وثواب) لکھو، جب وہ (بیماری سے) آزاد تھا، یہاں تک کہ میں اُسے (بیماری سے) آزاد نہ کردوں، یا (بصورتِ دیگر) اُس کو اپنی طرف نہ بُلا لوں (یعنی وفات نہ دیدوں) (مسنداحمد)

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير القاسم بن مخيمرة، فمن رجال مسلم، وروى له البخارى تعليقاً (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن عاصماً روى له الشيخان مقروناً، وتابعه أبو حصين (فى حاشية مسند احمد)

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ: إِنِّيْ إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنًا، فَحَمِدَنِيْ عَلٰى مَا ابْتَلَيْتُهُ، فَإِنَّهُ يَقُوْمُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ مِنَ الْخَطَايَا، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَا قَيَّدْتُ عَبْدِيْ، وَابْتَلَيْتُهُ، فَأَجْرُوْا لَهُ كَمَا كُنْتُمْ تُجْرُوْنَ لَهُ وَهُوَ صَحِيْحٌ (مسنداحمد، رقم الحديث ١٧١١٨) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ عزّ وجلّ فرماتا ہے کہ میں جب اپنے بندوں میں سے کسی مومن بندہ کو بلاء وآزمائش (مصیبت، تکلیف، یا بیماری) میں مبتلا کر دیتا ہوں، پھر وہ اس مبتلاء چیز پر میری حمد بیان کرتا ہے، تو وہ اس کی وجہ سے اپنے بستر سے اس حال میں خطاؤں سے پاک ہو کر اٹھتا ہے، جیسا کہ اس دن تھا، جس دن کہ وہ اپنی ماں سے پیدا ہوا تھا۔

اور رب عزّ وجلّ فرماتا ہے کہ میں نے اپنے بندہ کو قید کیا ہے، اور اس کو آزمائش میں مبتلاء کیا ہے، تو (اے فرشتو!) تم اس کے لیے اسی طرح کا اجر وثواب لکھو، جس طرح تم اس کے لیے صحیح ہونے کی حالت میں (اس کے کئے جانے والے نیک عمل کو) لکھتے تھے (مسند احمد)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَبْتَلِيْهِ اللّٰهُ بِبَلَاءٍ فِيْ جَسَدِهِ، إِلَّا قَالَ اللّٰهُ لِلْمَلَكِ: اُكْتُبْ لَهُ صَالِحَ عَمَلِهِ الَّذِيْ كَانَ يَعْمَلُ فَإِنْ شَفَاهُ غَسَلَهُ وَطَهَّرَهُ، وَإِنْ قَبَضَهُ غَفَرَ لَهُ وَرَحِمَهُ (مسنداحمد، رقم الحديث ١٣٥٠١) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بندہ بھی ایسا نہیں، جس کو اللہ اس کے جسم میں آزمائش (بیماری وغیرہ) میں مبتلاء کرے، مگر اللہ فرشتہ سے فرماتا ہے کہ اس کے لئے اس کے اس نیک عمل کو لکھتے رہو، جو نیک عمل یہ شخص کیا کرتا تھا، پھر اگر اللہ اس کو شفاء عطاء فرمادیتا ہے، تو اس کو (گناہوں سے) دھودیتا اور اس کو پاک فرمادیتا ہے، اور اگر اس کی (اسی حال میں) روح قبض فرمالے، تو اس کی مغفرت، اور اس پر رحم فرمادیتا ہے (مسند احمد)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ مومن بندہ جب عام حالات، اور مقیم ہونے کی حالت میں کوئی نیک عمل کیا کرتا ہے، اور پھر وہ کسی آزمائش، مصیبت، تکلیف، و بیماری میں مبتلاء ہوجاتا ہے، یا سفر میں ہوتا ہے، تو اس کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے نیک اعمال کا اجر وثواب عطاء فرماتا ہے، جو وہ مقیم اور صحت مند ہونے کی حالت میں کیا کرتا تھا، اور ساتھ ہی اس کے گناہ بھی معاف فرماتا رہتا ہے، خواہ اس کی وہ بیماری، یا سفر وغیرہ کتنا ہی طویل کیوں نہ ہوجائے، یہاں تک کہ وہ اسی حال میں فوت کیوں نہ ہوجائے۔

محمود بن لبید وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ قَوْمًا اِبْتَلَاهُمْ، فَمَنْ صَبَرَ فَلَهُ الصَّبْرُ، وَمَنْ جَزِعَ فَلَهُ الْجَزَعُ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٦٣٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی قوم سے محبت فرماتا ہے، تو ان کو ابتلاء (و آزمائش) میں مبتلاء کردیتا ہے، پھر جو شخص صبر کرتا ہے، تو

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده جيد (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اس کے حصہ میں صبر (اور اس کی فضیلت و برکت) آتی ہے، اور جو شخص جزع (اور بے صبری) کرتا ہے، تو اس کے حصہ میں جزع فزع (اور رونا پیٹنا آتا) آتا ہے (مسند احمد)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: عِظَمُ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ، وَإِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ، فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَا، وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السُّخْطُ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۰۳۱، ابواب الفتن، باب الصبر على البلاء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عظیم جزاء، عظیم بلاء (یعنی بڑی آزمائش) کے ساتھ ہے، اور بے شک اللہ جب کسی قوم سے محبت فرماتا ہے، تو ان کو ابتلاء (و آزمائش) میں ڈال دیتا ہے، پھر جو شخص رضا کو اختیار کرتا ہے، تو اس کے حصہ میں (اللہ کی) رضاء (اور اس کی فضیلت و برکت) آتی ہے، اور جو شخص ناراض ہوتا ہے، تو اس کے حصہ میں (اللہ کی) ناراضگی (اور اس کی وعید) آتی ہے (ابنِ ماجہ)

ایک صحابی، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ:

إِذَا سَبَقَتْ لِلْعَبْدِ مِنَ اللّٰهِ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهِ، ابْتَلَاهُ اللّٰهُ فِيْ جَسَدِهِ أَوْ فِيْ مَالِهِ أَوْ فِيْ وَلَدِهِ، ثُمَّ صَبَّرَهُ حَتّٰى يُبْلِغَهُ الْمَنْزِلَةَ الَّتِيْ سَبَقَتْ لَهُ مِنْهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث: ۲۲۳۳۸) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الأرنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: جب اللہ کے یہاں کسی بندے کا مقام و مرتبہ اس درجہ سے آگے بڑھ جاتا ہے، جہاں تک اس کا عمل نہیں پہنچتا، تو اللہ تعالیٰ اسے جسمانی، مالی یا اولاد کی طرف سے کسی آزمائش میں مبتلا کر دیتا ہے پھر اسے اس پر صبر بھی عطاء کر دیتا ہے، یہاں تک کہ وہ اس درجے تک جا پہنچتا ہے، جو اس کے لئے طے ہو چکا ہوتا ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَكُوْنُ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ اَلْمَنْزِلَةُ الرَّفِيْعَةُ مَا يَنَالُهَا بِعَمَلٍ، فَمَا يَزَالُ اللّٰهُ يَبْتَلِيْهِ بِمَا يَكْرَهُ، حَتّٰى يُبَلِّغَهُ إِيَّاهَا (مسند أبى يعلٰى، رقم الحديث ٦١٠٠،مسند أبى هريرة، صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٢٩٠٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی بندے کا اللہ کے نزدیک، بلند مقام ہوتا ہے، جس کو وہ کسی عمل کے ذریعہ سے نہیں پا سکتا، تو اللہ تعالیٰ اس کو برابر، اس کی ناپسندیدہ چیزوں میں مبتلا فرماتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اللہ اس بندے کو، اس (بلند) مقام تک پہنچا دیتا ہے (ابو یعلیٰ، ابن حبان)

جابر اور بعض امہاتُ المؤمنین رضی اللہ عنہ و عنہن کی حدیث

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوَدُّ أَهْلُ الْعَافِيَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِيْنَ يُعْطَى أَهْلُ الْبَلَاءِ الثَّوَابَ لَوْ أَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي

[1] قال حسين سليم أسد الداراني:
إسناده صحيح (حاشية مسند ابى يعلٰى)
وقال شعيب الارنؤوط:
إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

الـدُّنيَا بِالْمَقَارِيضِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۰۲، ابواب الزهد، باب بلا ترجمة بعد باب ما جاء فی ذهاب البصر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن جب (دنیا میں) بلاء وآزمائش میں مبتلا ہونے والے لوگوں کو اجروثواب عطاء کیا جائے گا، تو عافیت والے لوگ (جو دنیا میں بلاء وآزمائش سے محفوظ رہے) وہ یہ چاہیں گے کہ کاش دنیا میں ان کی کھالوں کو، قینچیوں سے کاٹ دیا جاتا (اور وہ اس کا عظیم اجرو ثواب پالیتے) (ترمذی)

بعض امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن سے روایت ہے کہ:

اِشْتَـكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَاشْتَدَّ عَلَيْهِ ، فَلَمَّا أَفَاقَ

---

[1] قال الترمذی: وهذا حديث غريب لا نعرفه بهذا الإسناد إلا من هذا الوجه "وقد روى بعضهم هذا الحديث عن الأعمش، عن طلحة بن مصرف، عن مسروق، قوله شيئا من هذا.

وقال الالبانی: ليودن أهل العافية يوم القيامة أن جلودهم قرضت بالمقاريض، مما يرون من ثواب أهل البلاء ."

رواه الترمذی (2404) والخطيب فی "التاريخ" (4/ 400) وكذا ابن عساكر (9/ 9 / 1) عن عبد الرحمن بن مغراء أخبرنا الأعمش عن أبی الزبير عن جابر بن عبد الله مرفوعا .وقال الترمذی " :حديث غريب لا نعرفه بهذا الإسناد إلا من هذا الوجه ."قلت :وله علتان :الأولى: عنعنة أبی الزبير، فإنه مدلس، كما تقدم مرارا .والأخرى :أن عبد الرحمن بن مغراء وإن كان صدوقا، فقد تكلموا فی حديثه عن الأعمش كما فی "التقريب ."ومن طريقه رواه ابن أبی الدنيا أيضا كما فی "الترغيب" (4/ 146) وقال " :ورواه الطبرانی فی " الكبير "عن ابن مسعود موقوفا عليه وفيه رجل لم يسم ."ثم ذكر له شاهدا من حديث ابن عباس مرفوعا بلفظ: "يؤتى بالشهيد يوم القيامة فيوقف للحساب، ثم يؤتى بالمتصدق فينصب للحساب، ثم يؤتى بأهل البلاء فلا ينصب لهم ميزان، ولا ينصب لهم ديوان، فيصب عليهم الأجر صبا، حتى إن أهل العافية ليتمنون فی الموقف أن أجسادهم قرضت بالمقاريض من حسن ثواب الله ."وقال " :رواه الطبرانی فی "الكبير "من رواية مجاعة بن الزبير، وقد وثق ."قلت :أخرجه فيه (3/ 178 / 2) : حدثنا السرى بن سهل الجنديسابوری أخبرنا عبد الله بن رشيد أخبرنا مجاعة بن الزبير عن قتادة عن جابر بن زيد عن ابن عباس .والسرى هذا، قال البيهقی : "لا يحتج به، ولا بشيخه ."قلت :وشيخه عبد الله بن رشيد، قد ذكره ابن حبان فی "الثقات "وقال " :مستقيم الحديث ."قلت :فهذا الإسناد لا يحتج به ، لكن لا يمنع ذلك من الاستشهاد به لأنه ليس شديد الضعف، فالحديث حسن .والله أعلم (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۲۰۶)

قُلْتُ لَهُ: لَوْ أَنَّ إِحْدَانَا فَعَلَتْ لَخَشِيْتُ أَنْ تَجِدَ عَلَيْهَا قَالَ: أَوَلَا تَعْلَمِيْنَ أَنَّ الْمُؤْمِنَ يُشْتَدُّ عَلَيْهِ فِيْ وَجَعِهِ لِيُحَطَّ عَنْهُ مِنْ خَطَايَاهُ (الزهد لهناد بن السرى، ج ١ ص ٢٤١، رقم الرواية : ٤٠٩، باب حط الخطايا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید تکلیف (و بیماری) لاحق ہوئی، پھر جب آپ کو صحت یابی حاصل ہوگئی، تو میں نے کہا کہ اگر ہم میں سے کوئی خاتون اس طرح (مرض کی شکایت اور تکلیف کا اظہار کرتی) تو مجھے ڈر ہے کہ آپ اس سے ناراض ہوجاتے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا آپ کو یہ معلوم نہیں کہ مومن کے درد و تکلیف میں شدت اس لیے ہوتی ہے، تاکہ اس کی خطاؤں کو معاف کیا جائے (الزہد للسری)

ابنِ عباس و زید بن ارقم رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ:

إِنْ شِئْتِ صَبَرْتِ وَلَكِ الْجَنَّةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٥٧٦ "٥٤" كتاب البر والصلة والآداب، باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض أو حزن أو نحو ذلك، حتى الشوكة يشاكها)

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: هذا إسناد صحيح (حاشية المطالب العالية محققا، ج ١١ ص ٦٠، تحت رقم الحديث : ٢٤٥٣، كتاب الطب، باب كفارات المرض وثواب المريض وأن المؤمن يشدد عليه ليزداد أجرا)

وقال الألباني :

أوما علمت أن المؤمن يشدد عليه ليكون كفارة لخطاياه ."

ابن سعد (2 / 207) عن إسرائيل بن يونس عن أشعث بن أبى الشعثاء عن أبى بردة عن بعض أزواج النبى صلى الله عليه وسلم ويحسبها عائشة قالت: " مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم مرضا اشتد منه ضجره أو وجعه، قالت: فقلت: يا رسول الله إنك لتجزع أو تضجر، لو فعلته امرأة منا عجبت منها، قال: فذكره. قلت: وإسناده صحيح على شرط الشيخين .(سلسلة الأحاديث الصحيحة ، رقم الحديث : ١١٠٣)

ترجمہ: اگر آپ چاہیں، تو صبر کرلیں، جس پر آپ کو جنت حاصل ہوگی (مسلم)

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میری آنکھوں میں تکلیف تھی، پھر وہ صحیح ہوگئی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

لَوْ كَانَتْ عَيْنَاكَ لِمَا بِهِمَا، ثُمَّ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ، لَلَقِيتَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا ذَنْبَ لَكَ ،قَالَ إِسْمَاعِيلُ:ثُمَّ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ، لَأَوْجَبَ اللّٰهُ لَكَ الْجَنَّةَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٩٣٤٨) [1]

ترجمہ: اگر آپ کی آنکھوں میں تکلیف ہوتی، پھر آپ صبر کرتے، اور ثواب کی امید رکھتے، تو اللہ عزوجل سے اس حال میں ملاقات کرتے کہ آپ کے گناہ معاف ہوچکے ہوتے، اور اسماعیل راوی نے یہ کہا کہ اللہ آپ کے لئے جنت کو واجب کردیتا (مسند احمد)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ صبر کا بدلہ جنت ہے۔

جابر، عمرو بن عبسہ وعمیر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قِيلَ:يَا رَسُولَ اللّٰهِ،أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ ،قَالَ:اَلصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ ، قِيلَ:أَيُّ الْمُؤْمِنِينَ أَكْمَلُ إِيمَانًا،قَالَ أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا (مُصنف ابن أبى شيبة، رقم الحديث ٣١٠٣٢،كتاب الإيمان والرؤيا) [2]

---

[1] قال شعيب الارنوؤط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشثرى:والحديث بمجموع طرقه حسن لغيره(حاشية المطالب العالية محققاً،ج١٢،ص٣٠١، تحت رقم الحديث ٢٨٧٦،كتاب الإيمان والتوحيد،باب تعريف الإسلام والإيمان)

وقال الالبانى:

أفضل الإيمان الصبر والسماحة ." الديلمى (1/ 1/ 128) عن عبد العزيز بن الزبير

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! کون سے اعمال افضل ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبر کرنا اور درگزر (یعنی معاف) کرنا، عرض کیا گیا کہ مومنوں میں کس کا ایمان کامل ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں (ابن ابی شیبہ)

اور حضرت حسن سے مرسل طریقہ پر روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّ الْإِيْمَانِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: اَلصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ (الزهد لاحمد بن حنبل، ص ۱۲، رقم الحديث ۵۴) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر عرض کیا کہ کون سا ایمان افضل ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبر کرنا اور درگزر (یعنی معاف) کرنا (الزہد)

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

عن زيد العمى عن معاوية بن قرة عن معقل بن يسار مرفوعا . قلت :ويروى عن الحسن مرسلا ."قلت :وهذا إسناد ضعيف، زيد العمى ضعيف من قبل حفظه .وعبد العزيز بن الزبير، لم أعرفه .ومرسل الحسن وهو البصرى وصله عبد الله بن أحمد فى "زوائد الزهد(ص 10). وأسنده ابن أبى شيبة فى "الإيمان "(رقم 43) عنه عن جابر بن عبد الله أنه قال " :قيل يا رسول الله أى الإيمان أفضل؟ قال :الصبر والسماحة ."ورجاله ثقات، فهو صحيح لولا عنعنة البصرى .والحديث صحيح المتن لأن له شاهدين عند أحمد من حديث عمرو بن عبسة وعبادة بن الصامت، وأخرج أولهما البيهقى أيضا فى "الزهد الكبير "(1/ 87) من طريق أخرى عنه .ووجدت له شاهدا آخر مرسل أخرجه ابن نصر فى "الصلاة "(ق 2/143) عن عبيد بن عمير مرفوعا .وإسناده صحيح، وهو قطعة من حديث ذكرته تحت الحديث 1491 (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۴۹۵)

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى:والحديث بمجموع طرقه حسن لغيره، ومن ضعف الحديث فعلى طريق التى فيها يوسف بن محمّد بن المنكدر، أما الطريق الثانية التى عند أبى بكر بن أبى شيبة فهي صحيحة.

وأخرج أيضًا عن أبى بكر الحلبى عن عبد الله بن عبيد الله به(حاشية المطالب العالية محققاً، ج۱۲، ص ۳۰۱، تحت رقم الحديث ۲۸۷۶، كتاب الإيمان والتوحيد،باب تعريف الإِسلام والإِيمان)

اور حضرت عمرو بن عنبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: مَا الْإِيمَانُ؟ قَالَ: اَلصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۹۴۳۵)

ترجمہ: میں نے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) عرض کیا کہ ایمان کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبر کرنا اور درگزر (یعنی معاف) کرنا (مسند احمد)

اور اسماعیل اصبہانی نے حضرت عمیر رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت کیا ہے کہ:

كُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ؛ مَا الْإِيمَانُ؟ قَالَ: اَلصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ، قَالَ: فَأَيُّ الْمُؤْمِنِينَ أَكْمَلُ إِيمَانًا؟ قَالَ: أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا (الترغيب والترهيب، لإسماعيل الأصبهاني، ج ا ص ۵۰، رقم الحديث ۲۰، باب الألف، فصل في صفة الإيمان والمؤمنين)

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا، تو ایک آدمی نے آ کر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ایمان کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ صبر کرنا اور درگزر (یعنی معاف) کرنا، اس نے عرض کیا کہ مومنین میں کس کا ایمان سب سے افضل ہے، تو آپ نے فرمایا کہ جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں (الترغیب والترہیب)

مذکورہ احادیث کی سندیں الگ الگ کچھ کمزور ہیں، لیکن باہم مل کر قوت حاصل کر لیتی ہیں۔

اور ان سب کے مجموعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ صبر کا عمل، ایمان کا بہت بڑا حصہ ہے، اور اس کے بغیر ایمان کا کامل ہونا مشکل ہے۔

یہ بات ملحوظ رہنا ضروری ہے کہ صبر کے فضائل و برکات حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ جوں ہی کوئی تکلیف و مصیبت پہنچے، اسی وقت صبر کا مظاہرہ کیا جائے، مصیبت پہنچنے پر

www.idaraghufran.org

بے صبری، جزع، فزع اور اللہ کی ناراضگی والا طرزِ عمل اختیار کرنے کے بعد اس مصیبت وتکلیف پر صبر کرنے کو نہ تو حقیقی واصلی صبر کہا جاتا، اور نہ ہی اس پر حقیقی صبر کے فضائل وبرکات مرتب ہوتے۔

انس، ابوامامہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَةٍ تَبْكِيْ عِنْدَ قَبْرٍ، فَقَالَ: اِتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ قَالَتْ: إِلَيْكَ عَنِّيْ، فَإِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيْبَتِيْ، وَلَمْ تَعْرِفْهُ، فَقِيْلَ لَهَا: إِنَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِيْنَ، فَقَالَتْ: لَمْ أَعْرِفْكَ، فَقَالَ: إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى (صحيح البخارى، رقم الحديث ۱۲۸۳، كتاب الجنائز، باب زيارة القبور)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گذرے، جو قبر کے پاس رو رہی تھی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو، اور صبر کرو، اس عورت نے کہا کہ کہ آپ کو میرے سے کیا لینا، پس بے شک میری مصیبت آپ کو نہیں پہنچی (اس لئے آپ کو میری مصیبت وپریشانی کا احساس نہیں)، اور اس عورت نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانا نہیں، اس عورت کو کہا گیا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے، پھر وہ عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر آئی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر چوکیداروں ومحافظوں کو نہیں پایا، اس نے عرض کیا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس صبر تو پہلے صدمہ کے وقت ہوا کرتا ہے (اب رو دھو کر اور صبر سے انکار کرنے کے بعد، اس کا وقت

گذر چکا ہے)(صحیح بخاری)

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :يَقُولُ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ :ابْنَ آدَمَ إِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولٰى، لَمْ أَرْضَ لَكَ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ(سنن ابن ماجه، رقم الحديث ١٥٩٧، ابواب الجنائز، باب ما جاء فى الصبر على المصيبة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سبحانہ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! اگر تو صدمہ پہنچنے کے وقت شروع سے ہی صبر کرے، اور ثواب کی امید رکھے، تو میں جنت سے نیچے ثواب دینے پر راضی نہیں ہوں گا (ابن ماجہ)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:اَلصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولٰى(مسند البزار،رقم الحديث ١٠٠٠٦،مسند أبى حمزة أنس بن مالك) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبر ابتدائی صدمہ کے وقت ہوا کرتا ہے (بزار)

اور ابو یعلیٰ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَقِيعِ عَلٰى اِمْرَأَةٍ جَاثِمَةٍ عَلٰى قَبْرٍ تَبْكِي فَقَالَ لَهَا:يَا أَمَةَ اللّٰهِ اِتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِي ،فَقَالَتْ:يَا عَبْدَ

---

[1] قال شعيب الارنوؤط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية سنن ابن ماجه)

[2] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى:وفيه فهد بن حيان، قال فى الجرح والتعديل (7/ 89) :قال أبو حاتم :ضعيف الحديث، وقال أبو زرعة :منكر الحديث.
لكن ورد نحو هذه القصة من حديث أنس، ويعقوب بن زيد مرسلًا، وورد مرفوعًا من حديث ابن عباس(حاشية المطالب العالية محققا،ج٥،ص ٢١٩، تحت رقم الحديث ٧٨٣،كتاب الجنائز، باب الأمر بالصبر)

Idara Ghufran

اللّٰهِ إِنِّىُ الْحَرَّى الثَّكْلٰى ،فَقَالَ: يَا أَمَةَ اللّٰهِ اِتَّقِى اللّٰهَ وَاصْبِرِىُ ،قَالَتْ: يَا عَبُدَ اللّٰهِ لَوُ كُنْتَ مُصَابًا عَذَرُتَنِىُ ،فَقَالَ: يَا أَمَةَ اللّٰهِ اِتَّقِى اللّٰهَ وَاصْبِرِىُ ،قَالَتُ: يَا عَبُدَ اللّٰهِ قَدُ أَسْمَعْتَ فَانُصَرِفُ عَنِّىُ ،قَالَ: فَمَضٰى رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبَعَهُ رَجُلٌ مِنُ أَصْحَابِهٖ فَوَقَفَ عَلَى الْمَرُأَةِ ،فَقَالَ لَهَا: مَا قَالَ لَكِ الرَّجُلُ الذَّاهِبُ؟ قَالَتْ: قَالَ لِىُ: كَذَا وَكَذَا ،قَالَ: فَهَلُ تَعْرِفِيُنَهُ؟ قَالَتْ: لَا ،قَالَ: ذَاكَ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ: فَوَثَبَتُ مُسُرِعَةً وَهِىَ تَقُوُلُ: أَنَا أَصُبِرُ أَنَا أَصُبِرُ يَا رَسُوُلَ اللّٰهِ،قَالَ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ: اَلصَّبُرُ عِنُدَ الصَّدُمَةِ الْأُوُلٰى، اَلصَّبُرُ عِنُدَ الصَّدُمَةِ الْأُوُلٰى (مسند ابی یعلٰی الموصلی،رقم الحديث ٦٠٦٧،مسند أبی هريرة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقیع میں ایک عورت کے پاس سے گزرے، جو ایک قبر پر ٹک کر کھڑی تھی، اور رو رہی تھی، تو اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے اللہ کی بندی! اللہ سے ڈرو، اور صبر کرو، اس عورت نے کہا کہ اے اللہ کے بندے میں پریشان، اولاد سے محروم عورت ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہ اے اللہ کی بندی! اللہ سے ڈرو، اور صبر کرو، اس عورت نے کہا کہ اے اللہ کے بندے اگر آپ کو مصیبت پہنچ جاتی، تو آپ مجھے معذور قرار دیتے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا کہ اے اللہ کی بندی! اللہ سے ڈرو، اور صبر کرو، اس عورت نے کہا کہ اے اللہ کے بندے، آپ اپنی بات سنا چکے، پس آپ میرے پاس سے چلے جائیں، ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: هذا حديث حسن، فإن أبا عبيدة وإن كان فيه مقال، فإن للأصل شاهدا قويا من حديث "أنس رضى الله عنه" أخرجه البخارى وغيره (حاشية المطالب العالية محققا، ج٥، ص٢١٨، تحت رقم الحديث ٧٨٢، كتاب الجنائز، باب الأمر بالصبر)

علیہ وسلم وہاں سے تشریف لے گئے، پھر آپ کے صحابہ میں سے کوئی صاحب پیچھے سے آئے، پھر انہوں نے اس عورت کے پاس ٹھہر کر معلوم کیا کہ تمہیں اس جانے والے آدمی نے کیا کہا؟ اس عورت نے کہا کہ اس نے مجھے اس اس طرح سے کہا تھا، اس صحابی نے کہا کہ تم ان کو پہچانتی بھی ہو؟ اس عورت نے کہا کہ نہیں، ان صحابی نے کہا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے، ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ وہ عورت کود کر دوڑتی ہوئی گئی، اور کہنے لگی کہ اے اللہ کے رسول! میں صبر کرتی ہوں، میں صبر کرتی ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبر پہلے صدمہ کے وقت ہوا کرتا ہے، صبر پہلے صدمہ کے وقت ہوا کرتا ہے (ابو یعلی)

اور عبدالرزاق نے یحییٰ بن کثیر سے مرسل طریقہ پر اس طرح روایت کیا ہے کہ:

بَلَغَنِیْ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِامْرَأَۃٍ قَدْ أُصِیْبَتْ بِوَلَدِھَا فَسَمِعَ مِنْھَا مَا یَکْرَہُ، فَوَقَفَ عَلَیْھَا یَعِظُھَا ،فَقَالَتْ لَہُ:اِذْھَبْ إِلَیْکَ، فَلَیْسَ فِیْ صَدْرِکَ مَا فِیْ صَدْرِیْ، فَوَلّٰی عَنْھَا، فَقِیْلَ لَھَا:وَیْحَکِ مَا تَدْرِیْنَ مَنْ وَقَفَ عَلَیْکِ؟ ھُوَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَاتَّبَعَتْہُ ،فَقَالَتْ:یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، مَا عَرَفْتُکَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:اِذْھَبِیْ إِلَیْکِ، فَإِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَۃِ الْأُوْلٰی(مصنف عبد الرزاق،رقم الحدیث ٦٢٦٨، کتاب الجنائز، باب الصبر والبکاء والنیاحۃ)

ترجمہ: مجھے یہ حدیث پہنچی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گذرے، جس کو اس کے بچہ (کے فوت ہونے) کی مصیبت پہنچی تھی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے منہ سے ناپسندیدہ کلمات سنے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں ٹھہر کر اس کو نصیحت فرمائی، تو اس عورت نے کہا کہ آپ اپنے کام پر چلے

جائیں، آپ کے سینہ میں وہ تکلیف نہیں ہے، جو میرے سینہ میں ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اس کے پاس سے تشریف لے گئے، پھر اس عورت سے کہا گیا کہ تیرا ناس ہو، تجھے نہیں پتہ کہ تیرے پاس کون کھڑا ہوا تھا؟ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے، پھر وہ عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے گئی، اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب تم چلی جاؤ، بس صبر تو پہلے صدمہ کے وقت ہوتا ہے (اور صبر کا یہ وقت تم گنوا چکی ہو) (عبدالرزاق)

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ اصل اور حقیقی صبر اس وقت ہوتا ہے، جب صدمہ کی ابتداء ہو، بعد میں تو ہر ایک کو مجبوراً صبر کرنا ہی پڑتا ہے۔

اس لئے جب کوئی مصیبت وتکلیف پہنچی، اس وقت کو غنیمت سمجھتے ہوئے فوراً صبر کرنا چاہیے، اور زبان، یا ہاتھ سے کوئی خلافِ شریعت کام، مثلاً جزع، فزع، واویلا، شور وشرابہ، نوحہ، سینہ کوبی وغیرہ سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

(فصل نمبر12)

اللہ کی حمد وشکر کرنے کے فضائل وبرکات

جس طرح انسان کی ایک حالت غمی اور تکلیف، یا مصیبت وپریشانی کی ہوتی ہے، جس پر صبر کرنے کا حکم ہے، اسی طرح انسان کی دوسری حالت ،نعمت، خوشی، وراحت کی ہوتی ہے، جس پر شکر کرنے کا حکم ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ دنیا میں جس وقت انسان کسی غمی اور تکلیف، یا مصیبت وپریشانی کی حالت میں مبتلاء ہوتا ہے، عین اسی وقت ،وہ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں سے بھی مالا مال ہوتا ہے، بالخصوص مومن بندہ کے ایمان کی نعمت ہی اتنی عظیم نعمت ہے کہ اس کے مقابلہ میں دنیا کی دوسری نعمتیں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں، ایمان کے علاوہ بھی ہر حالت میں بندہ پر اللہ کی نعمتوں کی برسات کا سلسلہ جاری رہتا ہے، اگر ایک انسان کسی تکلیف ومصیبت، یا پریشانی میں مبتلاء ہے، تو وہ اسی وقت ایسی بے شمار نعمتوں سے بھی مالا مال ہوتا ہے، جو دوسرے ان لوگوں کو حاصل نہیں ہوتیں، جو اس تکلیف ومصیبت، یا پریشانی سے محفوظ ہیں۔

اس لئے جہاں بندہ کو اس دنیا میں قدم قدم پر صبر کی ضرورت ہوتی ہے، اسی طرح شکر کی بھی ضرورت ہوتی ہے، اسی لئے وہ بندہ اللہ کو بہت زیادہ پسند ہے، جو کسی تکلیف میں مبتلاء ہو کر بھی اللہ کا شکر اور اس کی حمد بیان کرتا ہے۔

اس لئے صبر کے بعد اب اللہ کی حمد اور شکر کے مسئلہ پر تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

آگے بڑھنے سے پہلے یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطاء شدہ نعمتوں پر شکر واجب ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ کی حمد بھی واجب ہے، اور اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے کو تحمید کہا جاتا ہے "حمد" ایسی عبادت ہے کہ جو اللہ کے ساتھ خاص ہے، جبکہ شکر بندوں کا بھی

کیا جاتا ہے، جیسے عام طور پر ایک دوسرے کے لئے ''شکریہ'' کا لفظ بولا جاتا ہے۔

اور اسی لئے احادیث میں ہے کہ جو شخص بندوں کا شکر ادا نہیں کرتا، وہ اللہ کا شکر بھی اداء کرنے والا شمار نہیں ہوتا۔

موقع محل کے مختلف ہونے کی صورت میں اللہ کی حمد، بعض اوقات اللہ کے شکر کے مقابلہ میں خاص معنیٰ میں استعمال ہوتی ہے، اور بعض اوقات، حمد، اللہ کے شکر کے ہم معنیٰ استعمال ہوتی ہے، اور بعض اوقات شکر کے مقابلہ میں عام معنیٰ میں استعمال ہوتی ہے، کیونکہ اللہ کی حمد اس کی ایسی صفات پر بھی ہوا کرتی ہے، جن کا بندوں کو براہِ راست اپنے لئے نعمت ہونا ظاہر نہیں ہوتا، جبکہ درحقیقت وہ بھی بندوں کے لئے بڑی نعمت ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ کا وسیع شکر کرنے کا طریقہ اس کی حمد کرنا ہے۔

اس کے علاوہ اللہ کی حمد زبان کے ذریعہ سے ہوتی ہے، جبکہ شکر جس طرح زبان سے ہوتا ہے، اسی طرح دل، اور فعل سے بھی ہوتا ہے۔

جس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی حمد، یا تحمید کرنے والا بھی دراصل اللہ کا شکر اداء کرنے والا شمار ہوتا ہے۔ [1]

---

[1] ولا يخرج المعنى الاصطلاحي عن ذلك .والشكر كما يكون باللسان يكون باليد والقلب. والشكر مجازاة للمحسن على إحسانه، وقد يوضع الحمد مكان الشكر، تقول :حمدته على شجاعته، يعني أثنيت على شجاعته، كما تقول :شكرته على شجاعته، وهما متقاربان، إلا أن الحمد أعم، لأنك تحمد على الصفات ولا تشكر، وذلك يدل على الفرق(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج١٠، ص٢٦٦، مادة"تحميد"باب التاء)

واختلف في الصلة بين الشكر والحمد، فقيل :إنهما بمعنى واحد، وقيل :إن الشكر أعم من الحمد، لأنه باللسان وبالجوارح وبالقلب، والحمد إنما يكون باللسان خاصة، وقيل :الحمد أعم. قال القرطبي :الصحيح أن الحمد ثناء على الممدوح بصفاته من غير سبق إحسان، والشكر ثناء على المشكور بما أولى من الإحسان، وعلى هذا الحد قال علماؤنا :الحمد أعم من الشكر(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج١٨، ص١٢٧، مادة"حمد"باب الحاء)

ومعنى الشكر قريب من معنى الحمد إلا أنه كما قال الزمخشري أعم موردا، أي لأن الشكر يكون باللسان والقلب والجوارح، والحمد باللسان فقط، والحمد أعم متعلقا؛ لأن الشكر لا يكون إلا في مقابلة نعمة، والحمد يكون في مقابلة نعمة ويكون لمجرد اتصاف المحمود بالجميل(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٢١، ص٢٣٠، مادة"ذكر"حرف الذال)

آگے اللہ کی حمد، اور اس کے شکر کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

سورہ فاتحہ، سورہ انعام، کہف، سبأ، اور سورہ فاطر کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی سورہ فاتحہ کا آغاز، اپنی حمد کے ساتھ اس طرح فرمایا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (سورة الفاتحة،رقم الآية ١)

ترجمہ: ہر تعریف، اللہ رب العالمین کے لئے ہے (سورہ فاتحہ)

معلوم ہوا کہ ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، جس میں اللہ کا کوئی شریک نہیں۔

قرآن مجید کا آغاز اللہ کی حمد کے ساتھ ہوا ہے، جس میں اللہ کی صفتِ رب العالمین ہونے کو شامل کیا گیا ہے، کیونکہ جب اللہ ہی تمام عالموں کا رب ہے، یعنی اس نے تمام عالمین کو وجود عطاء کیا، اور وہی عالمین کی سب مخلوقات کی ہر ہر چھوٹی و بڑی، اور ظاہری و باطنی ضرورت پوری کرتا ہے، اور ہر چیز کی نشو ونماء، اور اس کو زندہ رکھتا ہے، تو اس کی حمد و شکر ہر مخلوق پر اور ہر وقت لازم ہے۔

قرآن مجید کی اور بھی کئی سورتوں کا آغاز، اللہ کی حمد کے ساتھ کیا گیا ہے۔

چنانچہ سورہ انعام کے شروع میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ

(سورة الانعام،رقم الآية ١)

ترجمہ: ہر تعریف، اس اللہ کے لئے ہے، جس نے پیدا کیا، آسمانوں کو اور زمین کو، اور کیا اندھیریوں کو اور نور کو (سورہ انعام)

اور سورہ کہف کے شروع میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا (سورة الكهف،رقم الآية ١)

ترجمہ: ہر تعریف، اس اللہ کے لئے ہے، جس نے نازل کیا اپنے بندہ پر کتاب کو، اور نہیں کیا اس کے لئے کجی کو (سورہ کہف)

اور سورہ سبأ کے شروع میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمَاوَاتِ وَمَا فِی الْأَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی الْآخِرَةِ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ (سورة سبأ، رقم الآية ۱)

ترجمہ: ہر تعریف، اس اللہ کے لئے ہے کہ جس کے لئے، وہ چیزیں ہیں، جو آسمانوں میں ہیں، اور جو چیزیں، زمین میں ہیں، اور اسی کے لئے حمد ہے آخرت میں، اور وہ حکیم ہے، خبیر ہے (سورہ سبا)

اور سورہ فاطر کے شروع میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ (سورة فاطر، رقم الآية ۱)

ترجمہ: ہر تعریف، اس اللہ کے لئے ہے، جو پیدا کرنے والا ہے آسمانوں کا اور زمین کا (سورہ فاطر)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ اس کی چند بڑی بڑی اور عظیم صفات کا ذکر کیا گیا ہے، پس جو ان نعمتوں کا منعِم و خالق ہے، اس کی حمد و شکر واجب ہوا۔

قرآن مجید کی اور بھی کئی آیات میں اللہ کی حمد کا حکم دیا گیا ہے۔

سورہ ابراہیم، نمل، عنکبوت، روم، لقمان، غافر و جاثیہ کا حوالہ

چنانچہ سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا (سورة الاسراء، رقم الآية ۱۱۱)

ترجمہ: اور کہہ دیجیے آپ کہ ہر تعریف، اس اللہ کے لئے ہے، جس نے نہیں کیا اولاد کو، اور نہیں ہے اس کا کوئی شریک حکومت میں، اور نہیں ہے اس کے لئے کوئی ولی عاجز ہونے کی وجہ سے، اور بڑائی بیان کیجیے آپ اس کی بڑائی کے ساتھ (سورہ اسراء)

اور سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى آللّٰهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُوْنَ (سورة النمل، رقم الآية ٥٩)

ترجمہ: کہہ دیجیے آپ کہ "الحمد لله" (ہر تعریف اللہ کے لئے ہے) اور سلام ہے اس کے ان بندوں پر جن کو منتخب کیا اس نے (یعنی نبیوں پر) کیا اللہ بہتر ہے، یا وہ جن کو شریک کرتے ہیں وہ (سورہ نمل)

اور سورہ نمل میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُوْنَهَا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (سورة النمل، رقم الآية ٩٣)

ترجمہ: اور کہہ دیجیے آپ کہ "الحمد لله" عنقریب دکھا دے گا وہ تم کو اپنی آیات (ونشانیاں) پھر پہچان لو گے تم ان (نشانیوں) کو، اور نہیں ہے آپ کا رب غافل، ان چیزوں سے جو عمل کرتے ہو تم (سورہ نمل)

مذکورہ آیات میں اللہ کی حمد کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اور سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ، قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ،بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (سورة العنكبوت، رقم الآية ٦٣)

ترجمہ: اور اگر سوال کریں آپ ان (مشرکین) سے کہ کس نے نازل کیا آسمان سے پانی کو، پھر زندہ کر دیا اس (پانی) سے زمین کو، اس کے مرجانے کے بعد، تو ضرور بالضرور کہیں گے وہ کہ اللہ نے، آپ کہہ دیجیے **الحمد للّٰہ**! بلکہ ان (مشرکین) کے اکثر لوگ عقل نہیں رکھتے (سورہ عنکبوت)

اور سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ،قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ، بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (سورة لقمان، رقم الآية ٢٥)

ترجمہ: اور اگر سوال کریں آپ ان (مشرکین) سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو، تو ضرور بالضرور کہیں گے وہ کہ اللہ نے، کہہ دیجیے آپ کہ **الحمد للّٰہ**! بلکہ ان (مشرکین) کے اکثر لوگ نہیں جانتے (سورہ لقمان)

معلوم ہوا کہ اللہ کی حقانیت کو تسلیم کرنے پر مشرکین بھی مجبور ہیں، اس لئے اللہ کے لئے حمد بیان کی گئی۔

اور سورہ قصص میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَهُوَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُوْلٰى وَالْآخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (سورة القصص، رقم الآية ٧٠)

ترجمہ: اور وہی اللہ ہے، نہیں ہے کوئی معبود، سوائے اس کے، اسی کے لئے ہے حمد پہلی (یعنی دنیا) میں اور آخرت میں، اور اسی کے لئے ہے حکم، اور اسی کی طرف لوٹایا جائے گا تم کو (سورہ نمل)

اس آیت میں دنیا و آخرت کی ہر حمد و تعریف کو اللہ کے لئے ہونے کا حکم لگایا گیا ہے، جس سے صاف معلوم ہوا کہ حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مختص ہے۔

اور سورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ (سورة الروم، رقم الآية ۱۸)

ترجمہ: اور اسی (اللہ) کے لئے ہے، حمد، آسمانوں میں اور زمین میں (سورہ روم)

اس آیت میں بھی آسمانوں اور زمین میں حمد کے اللہ کے لئے ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔

اور سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُوَ الْحَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (سورة غافر، رقم الآية ۶۵)

ترجمہ: وہ (اللہ) زندہ ہے، نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے، پس پکارو تم اس (اللہ) کو خالص کرتے ہوئے اس کے لئے دین کو، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (سورہ غافر)

اور سورہ جاثیہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (سورة الجاثية، رقم الآية ۳۶)

ترجمہ: پس اللہ ہی کے لئے ہے، حمد، جو رب ہے آسمانوں کا، اور رب ہے زمین کا، رب العالمین ہے (سورہ جاثیہ)

مذکورہ آیات میں بھی اللہ رب العالمین کے لئے حمد ہونے کا حکم لگایا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی عظیم صفات پر حمد کرنے کے علاوہ اللہ تعالیٰ جو دنیا میں نعمتیں عطاء فرمائے، ان پر بھی اللہ کی حمد کا حکم ہے۔

سورہ ابراہیم، مومنون، اور سورہ نمل کا حوالہ

چنانچہ سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبِّيْ

لَسَمِيْعُ الدُّعَاءِ (سورة ابراهيم، رقم الآية ٣٩)

ترجمہ: ہر حمد، اس اللہ کے لئے ہے، جس نے ہبہ کیا مجھ کو بڑھاپے پر اسماعیل کو اور اسحاق کو، بے شک میرا رب یقیناً دعاء کو خوب سننے والا ہے (سورہ ابراہیم)

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بڑھاپے میں اولادِ صالح حاصل ہونے پر اللہ کی حمد بیان کی۔

اور سورہ مومنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ (سورة المؤمنون، رقم الآية ٢٨)

ترجمہ: پھر جب بیٹھ جائیں آپ اور وہ جو آپ کے ساتھ ہیں، کشتی پر، تو کہیے آپ کہ ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے نجات دی ہم کو ظالم لوگوں سے (سورہ مومنون)

مذکورہ آیت میں حضرت نوح علیہ السلام کو خطاب کیا گیا ہے۔

اور سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُوْدَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ (سورة النمل، رقم الآية ١٥)

ترجمہ: اور بلاشبہ یقیناً عطاء کیا ہم نے داود اور سلیمان کو علم، اور کہا انہوں نے ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے فضیلت دی ہم کو بہت سے اپنے مومن بندوں پر (سورہ نمل)

معلوم ہوا کہ اللہ کے جلیل القدر انبیائے کرام بھی دنیا وآخرت کی نعمتوں کے حاصل ہونے پر اللہ کی حمد کیا کرتے تھے۔

پھر اللہ تعالیٰ کی حمد ایسی عبادت ہے کہ اس کو فرشتے بھی انجام دیتے ہیں، بلکہ آسمان وزمین کی سب چیزیں اللہ کی تسبیح وتحمید کا اہتمام کرتی ہیں، جس کا قرآن مجید میں ذکر آیا ہے۔

سورہ غافر، شوریٰ، اور سورہ تغابن کا حوالہ

چنانچہ سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ (سورة غافر، رقم الآية ۷)

ترجمہ: وہ (فرشتے) جنہوں نے اٹھا رکھا ہے عرش کو اور جو (فرشتے) اس (عرش) کے اردگرد ہیں، تسبیح کرتے ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ (سورہ غافر)

اور سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ (سورة الشورىٰ، رقم الآية ۵)

ترجمہ: اور فرشتے تسبیح کرتے ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ (سورہ شوریٰ)

اور سورہ تغابن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمَاوَاتِ وَمَا فِى الْأَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورة التغابن، رقم الآية ۱)

ترجمہ: تسبیح کرتی ہیں، اللہ کے لئے وہ چیزیں، جو آسمانوں میں ہیں، اور جو چیزیں زمین میں ہیں، اسی (اللہ) کے لئے حکومت ہے، اور اسی (اللہ) کے لئے حمد ہے، اور وہ ہر چیز پر قدیر ہے (سورہ تغابن)

مذکورہ آیات میں اللہ کی تسبیح کے ساتھ اس کی حمد کا ذکر ہے، تسبیح دراصل اللہ کی پاکی بیان کرنے کو کہا جاتا ہے، جس میں اللہ کی ہر طرح کے عیب اور نقص سے پاکی بیان کرنا پایا جاتا ہے، اور ہر طرح کی حمد ویسے ہی اللہ کے ساتھ خاص ہے، اور جب اللہ کی حمد بیان کی جاتی ہے، تو اس کو ''تحمید'' کہا جاتا ہے، پس جس طرح تسبیح عبادت ہے، اسی طرح تحمید بھی عبادت ہے، اور دونوں کو ایک ساتھ جمع کرنے سے دونوں کی فضیلتیں وقوتیں جمع ہو کر عظیم عبادت

وذکر بن جاتا ہے۔

قرآن مجید کی کئی آیات میں اللہ تعالیٰ کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح، یعنی پاکی بیان کرنے کا بھی ذکر آیا ہے۔

سورہ حجر، طٰہٰ، سجدہ، غافر، قٓ، طور، اور سورہ نصر کا حوالہ

چنانچہ سورہ حجر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّکَ یَضِیقُ صَدْرُکَ بِمَا یَقُوْلُوْنَ .فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَکُنْ مِّنَ السَّاجِدِیْنَ (سورۃ الحجر، رقم الآیۃ ۹۷، و۹۸)

ترجمہ: اور بلا شبہ یقیناً جانتے ہیں ہم بے شک آپ کہ تنگ ہوتا ہے، آپ کا سینہ ان باتوں سے جو کہتے ہیں وہ، پس تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور ہوجائیے آپ سجدہ کرنے والوں میں سے (سورہ حجر)

اور سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ عَلَی مَا یَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا وَمِنْ آنَاءِ اللَّیْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّکَ تَرْضٰی (سورۃ طٰہٰ، رقم الآیۃ ۱۳۰)

ترجمہ: پس صبر کیجیے آپ ان باتوں پر جو کہتے ہیں وہ، اور تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، سورج طلوع ہونے سے پہلے، اور سورج غروب ہونے سے پہلے، اور رات کے اوقات میں، پھر تسبیح کیجئے آپ، اور دن کے اطراف (وکناروں) میں، تاکہ آپ راضی ہوجائیں (اس پر مرتب ہونے والے ثواب سے) (سورہ طٰہٰ)

اور سورہ سجدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا یُؤْمِنُ بِآیَاتِنَا الَّذِیْنَ إِذَا ذُکِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَسَبَّحُوْا بِحَمْدِ

رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ (سورۃ السجدۃ، رقم الآیۃ ۱۵)

ترجمہ: بس ایمان لاتے ہیں، ہماری آیات پر وہ لوگ کہ جب نصیحت کی جاتی ہے، ان کو ان (آیات) سے، گر جاتے ہیں وہ سجدہ کرتے ہوئے، اور تسبیح کرتے ہیں وہ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور وہ نہیں تکبر اختیار کرتے وہ (سورہ سجدہ)

اور سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ (سورۃ غافر، رقم الآیۃ ۵۵)

ترجمہ: پس صبر کیجیے آپ، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے، اور استغفار کیجیے آپ اپنے گناہوں کے لئے، اور تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، شام کو اور صبح کو (سورہ غافر)

اور سورہ قٓ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ (سورۃ قٓ، رقم الآیۃ ۳۹)

ترجمہ: پس صبر کیجیے آپ ان باتوں پر جو کہتے ہیں وہ، اور تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، سورج طلوع ہونے سے پہلے، اور سورج غروب ہونے سے پہلے (سورہ قٓ)

اور سورہ طور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ

(سورۃ الطور، رقم الآیۃ ۴۸)

ترجمہ: اور صبر کیجیے آپ اپنے رب کے حکم کے لئے، پس بے شک آپ ہماری آنکھوں میں ہیں، اور تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ جب آپ اٹھیں

(یعنی اٹھتے اور بیدار ہوتے وقت) (سورہ طور)

اور سورہ نصر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْهُ، إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا (سورة النصر، رقم الآية ٣)

ترجمہ: پس تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور استغفار کیجیے آپ، اس (رب) سے، بے شک وہ (رب) ہے (مخلوق پر) بہت زیادہ متوجہ ہونے والا

(سورہ نصر)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ساتھ اپنی تسبیح وتحمید کا بہت زیادہ حکم فرمایا ہے، اور مخصوص اوقات وحالات میں اس کی خاص تاکید فرمائی ہے، جیسا کہ صبح وشام، اور تنگی وپریشانی کی حالت میں۔

اسی لئے اللہ کی حمد کے ساتھ تسبیح والے بعض کلمات کی عظیم فضیلت ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

اور اللہ کی حمد ایسی عبادت ہے کہ جس کو مومنین آخرت میں اور جنت میں، دونوں جگہ انجام دیں گے، اور اس کا قرآن مجید کی کئی آیات میں ذکر آیا ہے۔

سورہ انعام، یونس، فاطر، اور سورہ زمر کا حوالہ

چنانچہ سورہ انعام میں جنتیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ وَقَالُوْا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا أَنْ هَدَانَا اللّٰهُ

(سورة الانعام، رقم الآية ٤٣)

ترجمہ: اور نکال دیں گے ہم ان چیزوں کو جو ان کے سینوں میں ہوں گی، کینہ کو، جاری ہوں گی، ان (جنتیوں) کے نیچے سے نہریں، اور کہیں گے وہ کہ ہر

تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے ہدایت دی ہم کو اس کے لئے، اور نہیں تھے ہم کہ ہدایت پالیں، اگر نہ ہدایت دیتا ہم کو اللہ (سورہ انعام)

اور سورہ یونس میں جنتیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

دَعْوَاهُمْ فِيهَا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (سورة يونس، رقم الآية ١٠)

ترجمہ: ان (جنتیوں) کا دعویٰ اس (جنت) میں ''سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ'' ہوگا، اور ان (جنتیوں) کا تحیہ (استقبال) اس (جنت) میں سلام ہوگا، اور ان (جنتیوں) کا آخری دعویٰ یہ ہوگا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ'' (سورہ یونس)

اور سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ، إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ

(سورة فاطر، رقم الآية ٣٤)

ترجمہ: اور کہیں گے وہ (جنتی) کہ ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے دور کردیا ہم سے غم کو، بے شک ہمارا رب یقیناً غفور ہے، شکور ہے (سورہ فاطر)

اور سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاءُ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ .

وَتَرَى الْمَلٰئِكَةَ حَافِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِیَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (سورة الزمر، رقم الآية ٧٤و٧٥)

ترجمہ: اور کہیں گے وہ (جنتی) ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے سچا کردکھایا ہم سے اپنے وعدہ کو، اور وارث کردیا ہم کو (جنت کی) زمین کا،

ٹھکانا بنائیں ہم جنت میں جہاں چاہیں ہم، پس کیا اچھا اجر ہے، عمل کرنے والوں کا۔

اور دیکھیں گے آپ فرشتوں کو جو گھیرا لگائے ہوں گے، عرش کے اردگرد، تسبیح کرتے ہوں گے وہ، اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور فیصلہ کیا جائے گا، ان کے درمیان حق کے ساتھ، اور کہا جائے گا ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ'' (سورہ زمر)

خلاصہ یہ ہے کہ اللہ کا شکر کرنے کے لئے اس کی حمد بیان کرنا بہت عظیم الشان عبادت ہے، جس پر شکر کے عظیم فضائل وبرکات مرتب ہوتے ہیں، اس لئے ہر مومن بندہ کو اس کا اہتمام کرنا چاہیے۔

اللہ کی حمد کی تفصیل کے بعد اب ایسی آیات بھی ملاحظہ کرلیں، جن میں اللہ کے شکر، اور اللہ کی نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

سورہ بقرہ، آلِ عمران، مائدہ، انعام، نحل اور سورہ زمر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ (سورة البقرة، رقم الاية ١٥٢)

ترجمہ: پس یاد رکھو تم مجھے، میں یاد رکھوں گا تم کو، اور شکر کرو تم میرا، اور مت کفر کرو تم میرا (سورہ بقرہ)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کو یاد کرنے، اور اس کا ذکر کرنے کی برکت سے اللہ یاد رکھتا ہے، اور اس کی ضروریات کو پورا فرماتا ہے، اور بندوں کو حکم ہے کہ وہ اللہ کا شکر ادا کریں، اور ناشکری کرکے اللہ کی نعمتوں کے انکار کرنے والے نہ بنیں، جس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ جو بندہ اللہ کا شکر نہیں کرتا، وہ دراصل، اللہ کا انکار کرنے والوں کے مشابہ ہوتا ہے، کیونکہ نعمتوں کو

استعمال کرنے کے باوجود منعم کو بھول جانا، دراصل، اللہ کی اس صفتِ منعم کا عملی انکار ہے، اس لئے شکر کے حکم کے بعد، ناشکری سے بچنے کے لیے کفر کرنے کے الفاظ سے منع کیا گیا۔

اور سورہ بقرہ ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ (سورة البقرة، رقم الاية ۱۷۲)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، کھاؤ تم ان پاکیزہ چیزوں میں سے جو رزق دیا ہم نے تم کو، اور شکر کرو تم اللہ کے لئے، اگر ہو تم اس کی عبادت کرنے والے (سورہ بقرہ)

اس سے معلوم ہوا کہ حلال پاکیزہ چیزیں کھا کر اللہ کا شکر کرنا عظیم عبادت ہے۔

اور سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۲۳)

ترجمہ: پس ڈرو تم اللہ سے، تاکہ تم شکر کرو (سورہ آلِ عمران)

اس سے معلوم ہوا کہ تقویٰ اختیار کرنے کے نتیجہ میں اللہ کے شکر کی توفیق حاصل ہوتی ہے، گویا کہ شکر کرنا، متقی لوگوں کا کام ہے۔

اور سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۴۴)

ترجمہ: اور عنقریب جزاء دے گا اللہ، شکر کرنے والوں کو (سورہ آلِ عمران)

اس کے بعد سورہ آلِ عمران ہی کی اگلی آیت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَ سَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۴۵)

ترجمہ: اور جو ارادہ کرتا ہے، دنیا کے بدلہ کا، عطاء کردیتے ہیں ہم اس کو اس

(دنیا) میں سے، اور جو ارادہ کرتا ہے، آخرت کے بدلہ کا، تو عطاء کر دیتے ہیں ہم اس کو اس (آخرت) میں سے اور عنقریب جزاء دیں گے ہم شکر کرنے والوں کو (سورہ آلِ عمران)

اس سے معلوم ہوا کہ آخرت کے طالب ہی اللہ کا شکر کرنے والے ہوتے ہیں، جن کے لئے اللہ نے جزائے عظیم کا وعدہ کیا ہے۔

اور سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (سورة مائدة ، رقم الآية ٦)

ترجمہ: اور تا کہ پوری کرے وہ (اللہ) اپنی نعمت کو تم پر، تا کہ تم شکر کرو (سورہ مائدہ)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتوں کے زیادہ ہونے پر اللہ کے شکر میں بھی اضافہ ہونا چاہیے، اس سے نعمتوں میں مزید اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔

اور سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْ بَيْنِنَا اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ (سورة الانعام، رقم الآية ٥٣)

ترجمہ: اور اسی طرح آزمایا ہم نے ان کے بعض کو بعض سے، تا کہ کہیں وہ کہ کیا یہ لوگ ہیں کہ احسان کیا اللہ نے ان پر، ہمارے درمیان میں سے، کیا نہیں ہے اللہ، زیادہ جاننے والا شکر کرنے والوں کو (سورہ انعام)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے دنیا میں نعمتوں کی تقسیم پر بندوں کا امتحان ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف سے اپنے آپ کو دی ہوئی مقدار پر صابر و شاکر ہوتا ہے، اور دوسروں کی نعمتوں کو اپنے سے زیادہ دیکھ کر اعتراض نہیں کرتا، اس کو اللہ مزید نعمتوں سے نوازتا ہے، ورنہ نعمتوں میں تنگی پیدا فرما دیتا ہے۔

اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَّاشۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ اِيَّاهُ تَعۡبُدُوۡنَ(سورة النحل، رقم الآية ۱۱۴)

ترجمہ: اور شکر کرو تم اللہ کی نعمت کا، اگر ہو تم اس کی عبادت کرنے والے (سورہ نحل)

اس سے معلوم ہوا کہ شکر کرنا اللہ کی عظیم عبادت میں داخل ہے۔

اور سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

بَلِ اللّٰهَ فَاعۡبُدۡ وَكُنۡ مِّنَ الشّٰكِرِيۡنَ (سورة الزمر، رقم الآية ٦٦)

ترجمہ: بلکہ اللہ ہی کی، پس عبادت کیجیے آپ، اور ہو جائیے آپ شکر کرنے والوں میں سے (سورہ زمر)

اس سے معلوم ہوا کہ شکر کے عمل کا عبادت سے گہرا تعلق ہے، جو لوگ اللہ کی عبادت کرتے ہیں، لیکن اللہ کا شکر ادا نہیں کرتے، ان کی عبادت ناقص شمار ہوتی ہے۔

اور سورہ زمر میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاِنۡ تَشۡكُرُوۡا يَرۡضَهُ لَكُمۡ(سورة الزمر، رقم الآية ٧)

ترجمہ: اور اگر شکر کرو گے تم، تو پسند کرے گا وہ (اللہ) اس (شکر) کو تمہارے لیے

(سورہ زمر)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ بندوں کی طرف سے شکر کو پسند کرتا ہے، اور شکر کرنے والوں سے راضی ہوتا ہے۔

سورہ نساء، ابراہیم، نحل، لقمان، جاثیہ اور سورہ ضحیٰ کا حوالہ

قرآن مجید میں یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ اللہ کی طرف سے اس کے بندوں کو بے شمار نعمتیں عطاء فرمائی گئی ہیں، جن کو شمار کرنا مشکل ہے، بلکہ بندوں کو حاصل ہونے والی ہر بھلائی، اللہ کی عطاء کردہ ہے، اور برائی کے ذمہ دار وہ خود ہیں، اس لئے اللہ کے بندوں پر لازم ہے کہ وہ اللہ کے شکر کا اہتمام کریں۔

چنانچہ سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَآ اَصَابَکَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَکَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِکَ (سورۃ نساء، رقم الآیۃ ۷۹)

ترجمہ: وہ جو پہنچے تجھ کو کوئی اچھائی، تو اللہ کی طرف سے ہے، اور جو پہنچے تجھ کو کوئی برائی، تو وہ تیری طرف سے ہے (سورہ نساء)

مطلب یہ ہے کہ اللہ تو بندوں پر بہت مہربان ہے، وہ ہمیشہ ان کی بھلائی چاہتا ہے، اس لئے بندوں کی بھلائی کا سلسلہ جاری رکھتا ہے، لیکن بندے خود اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے جب اللہ کی بھلائیوں سے محروم ہوتے ہیں، اور خود کو برائی کا مستحق بناتے ہیں، تو ہر برائی ان کی اپنی طرف سے ہوئی اور ہر بھلائی اللہ کی طرف سے ہوئی۔

اور سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ (سورۃ ابراھیم، رقم الآیۃ ۳۴)

ترجمہ: اور اگر شمار کرو تم اللہ کی نعمت کو، نہیں شمار کرسکتے تم اس (نعمت) کو، بے شک انسان یقیناً بڑا ظالم اور بڑا کفر (وناشکری) کرنے والا ہے (سورہ ابراہیم)

معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ ان کو شمار کرنا بھی ممکن نہیں، لیکن دوسری طرف انسان بڑا ظالم وناشکرا ہے، وہ ایک تو اپنے آپ کو نعمتوں سے محروم سمجھ کر مختلف طریقوں سے اپنے آپ پر اور دوسروں پر ظلم کرتا ہے، اور دوسری طرف اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتا ہے، جس کو کفرانِ نعمت کہا جاتا ہے۔

اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ (سورۃ النحل، رقم الآیۃ ۵۳)

ترجمہ: اور وہ جو تمہارے ساتھ ہے، کوئی بھی نعمت، تو وہ اللہ کی طرف سے ہے (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ انسان کو جو جو نعمتیں بھی حاصل ہیں، وہ سب اللہ کی طرف سے ہیں، لیکن انسان، ایک تو ان نعمتوں کو نعمت ہی نہیں سمجھتا، اور سمجھتا بھی ہے، تو ان کو اپنی، یا کسی دوسری مخلوق کا کمال، یا محنت وجدوجہد کا ثمرہ خیال کرتا ہے، منعمِ حقیقی کا عطیہ نہیں سمجھتا۔

اور سورہ نحل میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (سورة النحل، رقم الآية ۷۸)

ترجمہ: اور اللہ نے نکالا تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے (اس حال میں کہ) نہیں جانتے تھے تم کسی چیز کو، اور کر دیا اس (اللہ) نے تمہارے لئے کان کو، اور آنکھوں کو، اور دلوں کو، تاکہ تم شکر کرو (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ انسان کی پیدائش سے لے کر تادمِ حیات، کان، آنکھ، اور دل وغیرہ کی تمام نعمتیں، جن سے انسان زندگی بھر بے شمار فائدے اٹھاتا، اور اپنے کام کاج چلاتا ہے، وہ سب اللہ تعالیٰ کا عطیہ وہبہ ہیں، جن کو اللہ کی طرف سے بے نظیر نعمتیں سمجھ کر اس کا شکر گزار بندہ بننا چاہیے۔

اور سورہ نحل میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ (سورة النحل، رقم الآية ۸۱)

ترجمہ: اسی طرح پوری کرتا ہے وہ (اللہ) اپنی نعمت کو تم پر، تاکہ تم تسلیم کرو (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے بھرپور نعمتوں کو اس لئے عطاء کیا جاتا ہے، تاکہ اللہ کی ان نعمتوں کو تسلیم کیا جائے، اس کا شکر بجالایا جائے، اور اس کے نتیجہ میں اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری میں سرِ تسلیم خم کیا جائے۔

اورسورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَوَصَّيۡنَا الۡاِنۡسَانَ بِوَالِدَيۡهِ‌ۚ حَمَلَتۡهُ اُمُّهٗ وَهۡنًا عَلٰى وَهۡنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِىۡ عَامَيۡنِ اَنِ اشۡكُرۡ لِىۡ وَلِـوَالِدَيۡكَ ؕ اِلَىَّ الۡمَصِيۡرُ (سورۃ لقمان، رقم الآیة ۱۴)

ترجمہ: اور وصیت (وتاکید) کی ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ (حسنِ سلوک کی) اُٹھایا اُس کو اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری (کے باجود) اور اس کا دودھ چھڑانا، دوسالوں میں ہے، یہ (وصیت کی) کہ شکر کر تو میرا اور اپنے والدین کا، میری ہی طرف لوٹنے کی جگہ ہے (سورہ لقمان)

معلوم ہوا کہ اللہ نے انسان کو اپنے، اور انسان کے والدین کے شکر کی وصیت اور سخت تاکید کی ہے، اپنے شکر کے ساتھ والدین کے شکر کی تاکید اس وجہ سے کی کہ والدین، اور بالخصوص والدہ کا انسان کے حمل کے زمانہ میں اور اس کے بعد دودھ چھڑانے تک بہت بڑا کردار ہوتا ہے، جس کا کوئی متبادل نہیں۔

اورسورہ لقمان میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَمۡ تَرَوۡا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَـكُمۡ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَاَسۡبَغَ عَلَيۡكُمۡ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً (سورۃ لقمان، رقم الآیة ۲۰)

ترجمہ: کیا نہیں دیکھا تم نے کہ بے شک اللہ نے مسخر کردیا تمہارے لیے، ان چیزوں کو جو آسمان میں ہیں، اور ان چیزوں کو جو زمین میں ہیں، اور وسیع کردیا، اس نے تم پر اپنی نعمت کو، ظاہر کے اعتبار سے، اور باطن کے اعتبار سے (سورہ لقمان)

معلوم ہوا کہ بندوں پر اللہ کی نعمتوں کا دائرہ آسمان وزمین میں بہت وسیع اور کامل ہے، چنانچہ اس نے فرشتوں، سورج، چاند، ہوا، روشنی، بادل، بارش، زمین، پانی، نباتات، اور کائنات کی سب چیزوں کو انسانوں کی خدمت پر لگا رکھا ہے، ان نعمتوں میں ایسی نعمتیں بھی ہیں، جو ظاہر

میں نظر آنے والی ہیں، اور ایسی نعمتیں بھی ہیں، جو ظاہر میں نظر نہیں آتیں۔
پس اللہ کی حمد، اور اس کا شکر بندوں پر کس قدر ضروری ہے، اس کا اندازہ بھی نہیں لگایا جاسکتا۔
اور سورہ لقمان کی اگلی آیت میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ الۡفُلۡکَ تَجۡرِیۡ فِی الۡبَحۡرِ بِنِعۡمَتِ اللّٰہِ لِیُرِیَکُمۡ مِّنۡ اٰیٰتِہٖ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّکُلِّ صَبَّارٍ شَکُوۡرٍ (سورة لقمان، رقم الآية ۳۱)

ترجمہ: کیا نہیں دیکھا آپ نے کہ بے شک کشتیاں، جاری ہوتی ہیں، سمندر میں اللہ کی نعمت (مال وسامان) کے ساتھ، تا کہ دکھائے وہ (اللہ) تم کو اپنی نشانیوں میں سے، بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں، ہر بہت صبر کرنے والے، اور بہت شکر کرنے والے کے لئے (سورہ لقمان)

انسانوں کی بہت سی ضروریات سمندری راستوں، اور کشتیوں وجہازوں کے ذریعہ سے پوری ہوتی ہیں، اور وسیع وعریض علاقہ پر محیط سمندر کے پانی پر اس طرح چیزوں کو لے کر گذرنا، محض اللہ کی نعمت، اور اس کی قدرت کی بڑی نشانیوں کو لئے ہوئے ہے، لیکن اس کا احساس بہت زیادہ صابر وشاکر بندوں کو ہی ہوسکتا ہے۔
اور سورہ جاثیہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَسَخَّرَ لَکُمۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مِّنۡہُ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ (سورة الجاثية، رقم الآية ۱۳)

ترجمہ: اور مسخر کردیا اس (اللہ) نے تمہارے لیے، ان چیزوں کو جو آسمانوں میں ہیں، اور ان چیزوں کو جو زمین میں ہیں، سب کی سب اپنی طرف سے، بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے (جو) غور وفکر کرتے ہیں (سورہ جاثیہ)

کائنات کی بڑی بڑی مخلوقات، جن پر بندوں کا اختیار نہیں، ان کا بندوں کی خدمت پر مامور

کرنا، صرف اللہ کے حکم سے ہے، جس میں غور فکر کرنے والوں کے لئے اللہ کی کبریائی، اور دوسری صفات کی نشانیاں ہیں، جو اللہ کا شکر لازم ہونے کی طرف متوجہ کرتی ہیں۔

اللہ کی طرف سے بیش بہا نعمتوں کا احساس دلانے کے لئے اللہ کی طرف سے ان نعمتوں کو بیان کرنے کا بھی حکم ہے۔

چنانچہ سورہ ضحیٰ میں اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم فرمایا ہے کہ:

وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ (سورة الضحى، رقم الآية ١١)

ترجمہ: اور جو نعمت ہے آپ کے رب کی تو بیان کیجیے (سورہ ضحیٰ)

سورہ اعراف، نحل، اسراء، نمل، اور سورہ لقمان کا حوالہ

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بعض نبیوں کے شاکر ہونے، یا ان کے شکر کے عمل کا بھی خصوصیت کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔

چنانچہ سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ یٰمُوۡسٰۤی اِنِّی اصۡطَفَیۡتُکَ عَلَی النَّاسِ بِرِسٰلٰتِیۡ وَبِکَلَامِیۡ فَخُذۡ مَاۤ اٰتَیۡتُکَ وَکُنۡ مِّنَ الشّٰکِرِیۡنَ (سورة الاعراف، رقم الآية ١٧)

ترجمہ: فرمایا اس (اللہ) نے کہ اے موسیٰ! بے شک میں نے منتخب کرلیا ہے، تم کو لوگوں پر اپنی رسالت کے ساتھ، اور اپنے کلام کے ساتھ، پس لے لیجیے آپ، اس چیز کو جو دی میں نے تم کو، اور ہو جائیے آپ شکر کرنے والوں میں سے (سورہ اعراف)

اس آیت میں اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی مخصوص نعمتیں عطاء فرمانے پر شکر گذاروں میں سے ہو جانے کا حکم فرمایا ہے، جس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتوں کے حصول کے بعد اللہ کا شکر اداء کرنے کا بہت زیادہ اہتمام کرنا چاہیے۔

سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ. شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهِ اجْتَبٰهُ وَ هَدٰهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (سورۃ النحل، رقم الآیات ۱۲۰، ۱۲۱)

ترجمہ: بے شک ابراہیم تھا، ایک امت، فرمانبردار اللہ کے لئے یکسو، اور نہیں تھا وہ مشرکین میں سے، شکر کرنے والا تھا، اس (اللہ) کی نعمتوں کا، منتخب فرمایا اس (اللہ) نے اس (ابراہیم) کو، اور ہدایت دی اس کو، صراطِ مستقیم کی طرف (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ ابراہیم علیہ السلام کا شاکر ہونا اللہ کو بہت پسند ہے۔

اور سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ اِنَّهُ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا (سورۃ الاسراء، رقم الآیۃ ۳)

ترجمہ: (اے) اولاد (ان لوگوں کی) جن کو سوار کیا ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) بے شک وہ (نوح) شکر گزار بندہ تھا (سورہ اسراء)

اس آیت میں اللہ نے حضرت نوح علیہ السلام کے شکر گذار بندہ ہونے کی تعریف فرمائی ہے۔

اور سورہ نمل میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ (سورۃ النمل، رقم الآیۃ ۱۹)

ترجمہ: اے میرے رب! توفیق دیجیے مجھے یہ کہ شکر کروں میں تیری اس نعمت کا جو انعام کی تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر، اور یہ (توفیق بھی دیجیے) کہ عمل کروں

میں نیک، راضی ہوجائے تو اس (عمل) سے، اور داخل کردیجیے مجھ کو اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں (سورہ نمل)

مذکورہ آیت میں حضرت سلیمان علیہ السلام نے اللہ سے شکر کی توفیق کی دعاء مانگی ہے، جس سے شکر کی اہمیت معلوم ہوتی ہے۔

اور سورہ نمل میں ہی سلیمان علیہ السلام کے واقعہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ لِیَبْلُوَنِیْٓ ءَ اَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ كَرِیْمٌ (سورة النمل، رقم الآیة ۴۰)

ترجمہ: کہا اس (سلیمان) نے (جب بلقیس کا تخت اپنے سامنے دیکھا) کہ یہ فضل ہے میرے رب کا، تاکہ آزمائے وہ مجھ کو کہ کیا شکر کرتا ہوں میں، یا کفر (یعنی ناشکری) کرتا ہوں میں، اور جو شکر کرے گا، پس، بس شکر کرے گا وہ اپنے نفس (یعنی اپنی ذات) کے (فائدہ کے) لئے، اور جو کفر (وناشکری) کرے گا، تو بے شک میرا رب، غنی ہے، کریم ہے (سورہ نمل)

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے لئے جنات کے مسخر ہونے کو اللہ کی نعمت سمجھا، اور اس کو اپنے لئے شکر وناشکری کی آزمائش قرار دیا، اور شکر کے فائدہ کا شکر کرنے والے کی طرف لوٹنا، اور ناشکری کے نقصان کا ناشکری کرنے والے کی طرف لوٹنا بتلایا۔

اور سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ وَمَنْ یَّشْكُرْ فَاِنَّمَا یَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ (سورة لقمان، رقم الآیة ۱۲)

ترجمہ: اور بلاشبہ یقیناً دی ہم نے لقمان کو حکمت، یہ کہ شکر کر تو اللہ کے لئے اور جو شکر کرتا ہے، پس، بس شکر کرتا ہے وہ اپنے نفس (یعنی اپنی ذات) کے (فائدہ

کے) لئے ،اور جس نے کفر (وناشکری کو) اختیار کیا، تو بے شک اللہ، غنی ہے، حمید ہے (سورہ لقمان)

معلوم ہوا کہ حضرت لقمان کو عظیم حکمت عطاء کرنے کا اہم مقصود بھی اللہ کا شکر کرنا تھا۔

خلاصہ یہ کہ اللہ کے شکر کا اللہ کے نبی اور ولی بندے خاص اہتمام فرماتے رہے، اور اللہ نے ان کے شکر کا خصوصیت کے ساتھ ذکر فرمایا ہے، جس سے شکر کے عظیم دنیاوی، ودینی فوائد ومنافع کا پتہ چلتا ہے۔

سورہ بقرہ، نساء، انفال، رعد، ابراہیم، نحل، سبأ وسورہ قمر کا حوالہ

قرآن مجید کی بعض آیات سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کا شکر، اللہ کے عذاب سے بھی نجات حاصل ہونے کا ذریعہ ہے، اور اللہ کی ناشکری دنیا میں ہی اللہ کے عذاب کو دعوت دینے کا ذریعہ ہے۔

چنانچہ سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (سورة البقرة، رقم الآية ۲۱۱)

ترجمہ: اور جو کوئی بدل دیتا ہے اللہ کی نعمت کو، بعد اس کے کہ وہ اس کے پاس آ چکی ہے، تو بے شک اللہ شدید سزا والا ہے (سورہ بقرہ)

مطلب یہ ہے کہ اللہ نے بندوں کی ہدایت ورہنمائی کے لئے جو نعمتیں عطاء فرمائیں، جو بندہ ان کی ناشکری، وناقدری کرتا ہے، تو اللہ سخت عذاب دیتا ہے، جس کی دنیا میں ایک شکل یہ ہے کہ اللہ ان نعمتوں سے محروم، یا ان میں کمی فرما دیتا ہے۔

اسی مضمون کی وضاحت بعض دوسری آیات میں بھی کی گئی ہے۔

چنانچہ سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَکُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (سورة الانفال، رقم الآیة ۵۳)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اللہ نہیں ہے، بدلنے والا کسی نعمت کو، جس کا انعام کیا ہو اس نے کسی قوم پر، یہاں تک کہ بدل دیں وہ ان (نعمتوں) کو اپنے آپ سے ہی، اور بے شک اللہ سمیع ہے، علیم ہے (سورہ انفال)

اس آیت سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ اللہ جب کسی قوم کو کسی نعمت سے سرفراز فرماتا ہے، تو بندوں کی طرف سے اس نعمت کی ناقدری وناشکری اس نعمت سے محرومی کا ذریعہ بنتی ہے۔

اور سورہ رعد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ (سورة الرعد، رقم الآیة ۱۱)

ترجمہ: اس (انسان) کے لیے آگے پیچھے آنے والے (فرشتے) ہیں، اس کے آگے سے، اور اس کے پیچھے سے، بے شک اللہ نہیں بدلتا، ان چیزوں (نعمتوں) کو جو کسی قوم کے ساتھ ہوں، یہاں تک کہ بدل دیں وہ ان چیزوں (نعمتوں) کو اپنے آپ سے ہی، اور جب ارادہ کرلے اللہ کسی قوم کے ساتھ برائی کا، تو نہیں ہے رد کرنے والا کوئی اس کو، اور نہیں ہے ان (لوگوں) کے لئے اس (اللہ) کے مقابلہ میں کوئی مدد کرنے والا (سورہ رعد)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تو اپنے بندوں کی حفاظت کے لئے آگے، پیچھے فرشتوں کو مقرر فرما رکھا ہے، جس کی وجہ سے اللہ کی نعمتوں سے بندوں کو محروم کرنے کی کسی کو قدرت حاصل نہیں، لیکن جب بندے خود ہی اللہ کی ان نعمتوں کی ناشکری وناقدری کریں، تو وہ دراصل خود ہی اپنی حالت کو تبدیل کرنے والے شمار ہوکر، ان نعمتوں سے محرومی کے

عذاب ووبال کا شکار ہوتے ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ إِنْ شَكَرْتُمْ وَآمَنْتُمْ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيمًا

(سورة النساء، رقم الآية، ۱۴۷)

ترجمہ: کیا کرے گا اللہ تمہیں عذاب دے کر، اگر شکر کرو گے تم، اور ایمان لاؤ گے تم، اور ہے اللہ قدر کرنے والا، خوب علم رکھنے والا (سورہ نساء)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر مومن بندے اللہ تعالیٰ کا شکر اداء کریں، تو وہ اللہ کے عذاب سے محفوظ رہتے ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ (سورة ابراهيم، رقم الآية، ۷)

ترجمہ: یقیناً اگر شکر کرو گے تم، تو ضرور بالضرور زیادہ دوں گا میں تم کو (اپنی نعمتیں) اور یقیناً اگر کفر کرو گے تم، تو بے شک میرا عذاب یقیناً شدید ہے (سورہ ابراہیم)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ شکر کے عمل سے نعمتوں کی حفاظت اور ان میں زیادتی ہوتی ہے، اور ناشکرے لوگ، اللہ کے شدید عذاب میں مبتلاء کئے جاتے ہیں۔

اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ (سورة النحل، رقم الآية ۱۱۲)

ترجمہ: اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی کی جو تھی امن والی اطمینان والی، آتا تھا

اس کے پاس اس کا رزق وافر ہر جگہ سے، پھر ناشکری کی اس (بستی کے لوگوں) نے اللہ کی نعمتوں کی، پھر چکھایا اس کو اللہ نے بھوک اور خوف کا لباس ان چیزوں کی وجہ سے جو کرتے تھے وہ (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتوں پر ناشکری، اور ان کی ناقدری کرنے کی وجہ سے اللہ کی طرف سے فقر وافلاس کا عذاب نازل ہوتا ہے۔

اور سورہ سبأ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِىْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ. فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَىْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَىْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ. ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا وَهَلْ نُجٰزِىْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ (سورة سبأ، رقم الآيات ١٥ الى ١٧)

ترجمہ: بلاشبہ یقیناً ہے (قوم) سبا کے لیے ان کے رہنے کی جگہ میں نشانی، دو باغ تھے، دائیں اور بائیں، (انہیں حکم دیا گیا تھا کہ) کھاؤ تم اپنے رب کے رزق سے اور شکر ادا کرو تم اس کا، پاکیزہ شہر ہے، اور رب غفور ہے، پھر اعراض کیا اُنہوں نے، تو بھیج دیا ہم نے اُن پر، رکے رہنے والے سیلاب کو، اور بدل دیا ہم نے ان کے دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے جو بدمزہ پھل والے اور جھاؤ کے درختوں والے اور کچھ تھوڑی سی بیریوں والے تھے، یہ بدلہ دیا ہم نے ان کو، ان چیزوں کی وجہ سے جو کفر (وناشکری کو) کیا انہوں نے اور (اس طرح کی) نہیں جزاء دیتے ہم، مگر بہت کفر (وناشکری) کرنے والوں کو (سورہ سبأ)

مذکورہ آیات سے صاف اور واضح طور پر معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتوں کی ناشکری وناقدری کرنے والوں کی نعمتوں کو اللہ کسی طرح کا عذاب بھیج کر، زحمتوں اور تکلیف دہ صورتوں

سے تبدیل فرما دیتا ہے۔

اس لئے جو نعمتیں حاصل ہوں، ان پر بہت زیادہ شکر کرنا چاہیے، اور مزید حرص و ہوس کی خاطر، ان پر ناشکری اور ناقدری نہیں کرنی چاہیے، ورنہ اللہ ان نعمتوں کی حالت کو تبدیل فرما کر زحمت و تکلیف کا ذریعہ بنا دیتا ہے۔

اور سورہ قمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّآ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوۡطٍ نَّجَّيۡنٰهُمۡ بِسَحَرٍ .نِّعۡمَةً مِّنۡ عِنۡدِنَا كَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ مَنۡ شَكَرَ (سورة القمر، رقم الآيات، ۳۴،۳۵)

ترجمہ: بے شک ہم نے بھیجا اُن (لوگوں) پر پتھروں کو، سوائے لوط کی آل کے، نجات دی ہم نے ان کو سحر کے وقت، نعمت کے طور پر اپنے پاس سے، اسی طرح جزاء دیتے ہیں ہم اس (بندہ) کو جو شکر کرے (سورہ قمر)

اس آیت سے صاف معلوم ہوا کہ شکر گزار بندوں کو اللہ دنیا میں بھی عذاب سے نجات عطاء فرماتا ہے، جس کی ایک شکل پہلے ذکر کی جا چکی کہ اللہ ان نعمتوں کو باقی رکھتا، اور ان میں برکت و اضافہ فرماتا ہے، بصورتِ دیگران سے نہ صرف یہ کہ محروم فرما دیتا ہے، بلکہ مزید وبال بھی بھیج دیتا ہے۔

سورہ بقرہ، فاطر، شوریٰ اور سورہ تغابن کا حوالہ

اور اس کے برعکس جو بندے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر اور ان پر اللہ کا شکر کرتے ہیں، تو اللہ ان بندوں کی قدر فرماتا ہے، اور مزید نعمتوں سے نوازتا ہے۔

اللہ کی اسی صفت کی وجہ سے اس کا ایک صفاتی نام ''شاکر وشکور'' ہے، جس کا قرآن مجید کی کئی آیات میں ذکر ہے۔

چنانچہ سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ(سورة البقرة، رقم الاية ۱۵۸)

ترجمہ: اور جو کوئی خوشی سے کرے گا کوئی نیکی ،تو بے شک اللہ شاکر (یعنی قدر دان) ہے، علیم ہے (سورہ بقرہ)

اور سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ (سورة فاطر، رقم الآية ۳۰)

ترجمہ: بے شک وہ (اللہ) غفور ہے، شکور ہے (سورہ فاطر)

اور سورہ فاطر میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ

(سورة فاطر، رقم الآية ۳۴)

ترجمہ: اور کہیں گے وہ (جنتی) ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے دور کردیا ہم سے غم کو، بے شک ہمارا رب، یقیناً غفور ہے، شکور ہے (سورہ فاطر)

اور سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ (سورة الشورىٰ، رقم الآية ۲۳)

ترجمہ: بے شک اللہ غفور ہے، شکور ہے (سورہ شوریٰ)

اور سورہ تغابن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ (سورة التغابن، رقم الآية ۱۷)

ترجمہ: اور اللہ شکور ہے، حلیم ہے (سورہ تغابن)

سورہ اعراف، نحل، سبأ، فاطر، یٰسٓ، اور سورہ فصلت کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جہاں ایک طرف بندوں پر اپنی بیش بہا نعمتوں کا ذکر فرمایا ہے، اور ان کو شکر کرنے کا حکم فرمایا ہے، اور اس کو نعمتوں میں اضافہ وبرکت کا ذریعہ بتلایا

ہے، اور ناشکری وناقدری کو وباء وعذاب کا باعث بتلایا ہے، اسی طرح قرآن مجید میں یہ بھی شکایت فرمائی ہے کہ اس کے بندے بہت کم ہی شکر کرتے ہیں، زیادہ تر اللہ کی ناشکری کرتے ہیں۔

چنانچہ سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ (سورة الاعراف ، رقم الآية ١٠)

ترجمہ: اور یقیناً بلاشبہ ٹھکانا دیا ہم نے تمہیں زمین میں اور کردیا ہم نے تمہارے لئے اس (زمین) میں، معیشت کی چیزوں کو، بہت کم ہی شکر کرتے ہو تم (سورہ اعراف)

معلوم ہوا کہ اللہ نے بندوں کو پہلے تو زمین میں ٹھکانا عطاء فرمایا، اور پھر زمین میں ان کی زندگی کے اسباب کو بھی پیدا فرمایا، یہ سب کچھ اللہ کی طرف سے بیش بہا نعمتیں ہیں، لیکن پھر بھی بندے بہت کم ہی اللہ کا شکر کرتے ہیں۔

اور سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ(سورة الاعراف ، رقم الآية ١٧)

ترجمہ: (کہا ابلیس نے کہ) پھر ضرور آؤں گا میں ان (انسانوں) کے پاس، ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان کے دائیں سے اور ان کے بائیں سے اور نہیں پائیں گے آپ ان کے اکثر کو شکر کرنے والے (سورہ اعراف)

معلوم ہوا کہ شیطان نے انسانوں کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں ہر طرف سے آ کر اللہ کا ناشکرا بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے، اور اسی لئے وہ بندوں کو ناشکرا بنانے کے لئے کوشاں رہتا ہے، اور اکثر بندوں کو اللہ کا ناشکرا بنا کر چھوڑتا ہے، اس لئے بندوں کو شیطان کی اس

چالبازی میں نہیں آنا چاہیے، اور اللہ کا شکر گذار بندہ بننا چاہیے۔

اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ (سورة النحل، رقم الآية ٨٣)

ترجمہ: پہچانتے ہیں وہ (انسان) اللہ کی نعمت کو، پھر انکار کرتے ہیں وہ اس (نعمت) کا اور ان میں سے اکثر کافر (وناشکرے) ہیں (سورہ نحل)

معلوم ہوا کہ بندوں کو حاصل ہونے والی نعمتوں کے اللہ کی طرف سے ہونے کی پہچان حاصل ہے، اس کے باوجود اکثر بندے کافر، وناشکرے ہیں۔

اور سورہ سبأ میں داود علیہ السلام کی قوم کو مخاطب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ (سورة سبأ، رقم الآية ١٣)

ترجمہ: عمل کرو تم اے آلِ داود، شکر کا، اور کم میرے بندوں میں سے شکر کرنے والے ہیں (سورہ سبأ)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آلِ داود کو بھی شکر کا حکم فرمایا تھا، اور ساتھ ہی اپنے بندوں میں سے کم تعداد میں شکر گذار بندے ہونے کی شکایت بھی فرمائی ہے۔

اور سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ڮ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (سورة فاطر، رقم الآية ٣)

ترجمہ: اے لوگو! یاد کرو تم اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر، کیا کوئی خالق ہے، اللہ کے علاوہ جو رزق دیتا ہو تم کو آسمان اور زمین سے، نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے، پس

کہاں بہکائے جاتے ہو تم (سورہ فاطر)

معلوم ہوا کہ آسمان سے بارش اور زمین سے نباتات وغیرہ کی شکل میں رزق، اللہ عطاء فرماتا ہے، پہلے بحکمِ الٰہی آسمان سے بارش نازل ہوتی ہے، پھر زمین اپنی نباتات کو اگاتی ہے، جو روئے زمین کی سب جاندار کی زندگی کا ذریعہ ہے، پھر بھی اللہ کی نعمتوں کی ناشکری وناقدری کے لئے شیطان کے بہکاوے میں آ کر بندے ادھر ادھر بھٹکتے پھریں، تو یہ ان کی نالائقی وبے عقلی کے علاوہ اور کیا ہے۔

اور سورہ یٰس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ. وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ. لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (سورة يٰس، رقم الآيات ۳۳ الی ۳۵)

ترجمہ: اور نشانی ہے ان (انسانوں) کے لیے مردہ زمین کی، زندہ کردیا ہم نے اس (زمین) کو، اور نکال دیا ہم نے اس (زمین) سے دانہ (غلہ، پھل، ونباتات) کو، پھر اس سے کھاتے ہیں وہ (انسان) اور کردیا ہم نے اس (زمین) میں باغوں کو کھجوروں کے اور انگوروں کے، اور پھاڑ دیا (نکال دیا) ہم نے اس (زمین) میں چشموں کو، تاکہ کھائیں وہ (انسان) اس کے پھل، اور وہ چیزیں جن کو بنایا ان (انسانوں) کے ہاتھوں نے (یعنی مختلف قسم کے کھانے، پینے کی چیزیں) کیا پس نہیں شکر کرتے وہ (سورہ یٰس)

مطلب یہ ہے کہ اللہ کی طرف سے اتنی ساری، اور بیش بہا نعمتوں کے باوجود بندوں کا شکر نہ کرنا، بہت بڑی احسان فراموشی وناشکری ہے، جس کا وبال دنیا وآخرت میں بہت ہولناک وخطرناک ہے۔

اور سورہ یٰس میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ. وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ. وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (سورۃ یٰس، رقم الآیات ۷۱ الی ۷۳)

ترجمہ: کیا نہیں دیکھا انہوں نے کہ بے شک ہم نے پیدا کیے ان کے لیے ان میں سے جنہیں بنایا ہمارے ہاتھوں نے، چوپاؤں کو، پھر وہ (لوگ) ان (چوپاؤں) کے مالک ہیں، اور تابع کر دیا ہم نے ان (چوپاؤں) کو ان (انسانوں) کے لیے، پھر ان (چوپاؤں) میں سے، ان کی سواریاں ہیں، اور ان (چوپاؤں) میں سے کھاتے بھی ہیں، وہ (لوگ) اور ان (لوگوں) کے لئے بہت سی نفع کی اور پینے کی چیزیں ہیں، تو پس کیا شکر نہیں کرتے وہ (لوگ) (سورہ یٰس)

مطلب یہ ہے کہ اللہ نے بلاشرکتِ غیرے چوپاؤں کو پیدا کیا، جن کا انسانوں کو مالک بنادیا، اور ان چوپاؤں کو انسانوں کے تابع بنادیا، جن سے انسان مختلف قسم کے فوائد ومنافع حاصل کرتے ہیں، ان پر سواریاں بھی کرتے ہیں، ان سے دودھ، اون وغیرہ حاصل کرتے ہیں، ان کے گوشت کو کھاتے ہیں، اور طرح طرح سے کھانے پینے کی اور دوسری ضروریات پوری کرتے ہیں، لیکن ان سب کے باوجود بندے اللہ کے شکر گذار بننے کے لئے تیار نہیں، جو ان کی بدبختی ہے۔

اور سورہ فصلت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَاءٍ عَرِيْضٍ (سورۃ فصلت، رقم الآیۃ ۵۱)

ترجمہ: اور جب انعام کرتے ہیں ہم انسان پر، تو اعراض کرتا ہے وہ، اور پھیر لیتا ہے وہ اپنے پہلو کو، اور جب پہنچتا ہے، اس کو شر، تو (لمبی) چوڑی

دعاء والا ہو جاتا ہے (سورہ فصلت)

مطلب یہ ہے کہ انسان نے اللہ سے اپنا تعلق دنیا کی خاطر قائم کرلیا ہے، جب اللہ کی طرف سے انعام کیا جاتا ہے، تو وہ اللہ کی طرف توجہ ہی نہیں کرتا، بلکہ اپنی محنت وجدجہد، یا دنیاوی اسباب اور وسائل کو ہی ان کا مسبب اور ذریعہ سمجھ کر اللہ سے پہلوتہی اختیار کرتا ہے، اور جب کوئی شر وضرر پہنچتا ہے، تو اللہ سے لمبی چوڑی دعائیں کرنے لگ جاتا ہے، ایسے ہی لوگوں کو حدیث میں مال ودولت کا بندہ کہا گیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ قرآن مجید کی رو سے اللہ کی حمد اور شکر کے عظیم فضائل وبرکات ہیں، اور اس کے برعکس اللہ کی ناشکری کے نقصانات اور عذابات کا سلسلہ بھی بہت طویل ہے۔

پس ضروری ہے کہ بندے اللہ کی حمد اور اس کا شکر کرنے والے بنیں، اور ناشکری سے بچیں۔

قرآن مجید کی آیات کے بعد اب احادیث وروایات کی روشنی میں بھی اللہ کی حمد وشکر کے فضائل وبرکات اور ناشکری کے نقصانات وعذابات کو ملاحظہ کرلیا جائے۔

صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ، صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۹۹ ''٦٤'' كتاب الزهد والرقائق، باب المؤمن أمره كله خير)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا معاملہ بہت ہی اچھا ہے، اس کا ہر معاملہ خیر والا ہے، اور یہ مومن کے علاوہ کسی اور کو حاصل نہیں، مومن کو اگر کوئی خوشی پہنچتی ہے، تو شکر کرتا ہے، اس میں اس کے لئے خیر ہوتی ہے، اور اگر

اسے کوئی مصیبت و تکلیف پہنچتی ہے، تو صبر کرتا ہے، اور اس میں بھی اس کے لئے خیر ہوتی ہے (مسلم)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَشَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَصَبَرَ، فَالْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ أَمْرِهِ، حَتّٰى يُؤْجَرَ فِي اللُّقْمَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى فِيِّ امْرَأَتِهِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۴۹۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مومن کے لئے خوشی ہوتی ہے، اگر اس مومن کو کوئی خیر پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کی حمد کرتا ہے اور شکر کرتا ہے، اور اگر اس کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کی حمد کرتا ہے، اور صبر کرتا ہے، پس مومن کو ہر چیز میں ہی اجر و ثواب عطاء کیا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس لقمہ میں بھی اجر و ثواب عطاء کیا جاتا ہے، جس کو وہ اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتا ہے (مسند احمد)

انس، سلمان، سعد و شداد بن اوس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدِ أَنْ يَّأْكُلَ الْأَكْلَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۷۳۴ "۸۹" كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب استحباب حمد الله تعالى بعد الأكل والشرب)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ، اس بندہ سے راضی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ہوتا ہے، جو کوئی چیز کھائے، پھر اس پر اللہ کی حمد کرے، اور کوئی چیز پیئے، تو اس پر اللہ کی حمد کرے (صحیح مسلم)

اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے موقوف طریقہ پر روایت ہے کہ:

كَانَ نُوحٌ إِذَا طَعِمَ طَعَامًا أَوْ لَبِسَ ثَوْبًا حَمِدَ اللّٰهَ، فَسُمِّيَ عَبْدًا شَكُورًا (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٣٣٧١، كتاب التفسير، ومن تفسير سورة بني إسرائيل) [1]

ترجمہ: حضرت نوح علیہ السلام، جب کوئی کھانا کھاتے تھے، یا کوئی لباس پہنتے تھے، تو وہ اللہ کی حمد کرتے تھے، پس اس وجہ سے (قرآن مجید میں) ان کا نام عبدِ شکور (یعنی شکر گذار بندہ) رکھ دیا گیا (حاکم)

اور امام طبرانی نے عبداللہ بن سنان سے روایت کیا ہے کہ:

عَنْ سَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ: إِنَّمَا سُمِّيَ نُوحٌ عَبْدًا شَكُورًا لِأَنَّهُ كَانَ إِذَا أَكَلَ وَشَرِبَ حَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ (المعجم الكبير للطبراني، ج٦ ص٣٢، رقم الحديث ٥٤٢٠)

ترجمہ: سعد بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ نوح علیہ السلام، کا نام (قرآن مجید میں) عبدِ شکور (یعنی شکر گذار بندہ) اس لئے رکھا گیا کہ وہ جب کھاتے تھے، اور پیتے تھے، تو اللہ عزوجل کی حمد کرتے تھے (طبرانی)

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں "سعد بن سنان" تابعی راوی کو میں نہیں جانتا، اور باقی راوی معتبر ہیں۔ [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وتابعيه سعد بن سنان لم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الشوائد، تحت رقم الحديث ٧٩٤٩، باب ما يقول بعد الطعام)

www.idaraghufran.org

لیکن اس حدیث کی سند میں ''سعد بن سنان'' نام کا کوئی راوی موجود ہی نہیں، بلکہ تابعی راوی کا نام ''عبداللہ بن سنان'' ہے، جن کو ابنِ معین نے ثقہ کہا ہے، اس لئے اس حدیث کی سند معتبر ہوئی۔ [1]

اس کے علاوہ محمد بن کعب قرظی سے بھی اس طرح کی روایت مروی ہے۔ [2]

اورامام بیہقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی سند سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ:

---

[1] قال شمس الدين السخاوى:عبد الله بن سِنان، أبو سِنان الأسدى.
كوفى يروى عن ابن مسعود، روى عنه أهل الكوفة، مات فى ولاية الحجاج بن يوسف قبل الجماجم.وروى عن سعد بن مسعود .وروى عنه الأعمش، وأبو حصين .
وقال ابن معين :ثقة(الثقات ممن لم يقع فى الكتب الستة ،للقاسم بن قطلوبغا، ج٦، ص ٣٤، تحت رقم الحديث ٥٩٠٧، حرف العين المهملة)

[2] حدثنا عبد الله، حدثنا محمد بن عباد، حدثنا حاتم يعنى ابن إسماعيل عن هشام بن سعد قال: سمعت محمد بن كعب القرظي يقول: " إن نوحا عليه السلام كان إذا أكل قال: " الحمد لله، وإذا شرب قال: الحمد لله، وإذا لبس قال: الحمد لله، وإذا ركب قال: الحمد لله؛ فسماه الله عبدا شكورا "(الزهد،لاحمد بن حنبل،ص ٤٥،رقم الحديث ٢٨١ ،قصة نوح عليه السلام)
خبركم أبو عمر بن حيويه قال: حدثنا يحيى قال: حدثنا الحسين قال: أخبرنا هشام بن سعد قال: سمعت محمدا القرظي يقول: " كان نوح إذا أكل، قال: الحمد لله، وإذا شرب، قال: الحمد لله، وإذا لبس، قال: الحمد لله، وإذا ركب، قال: الحمد لله، فسماه الله عبدا شكورا "(الزهد والرقائق،لابن المبارك، ٣٢٩،رقم الحديث ٩٤٠، باب ذكر رحمة الله تبارك وتعالى وجل وعلا)
وأخبرنا أبو القاسم عبد الرحمن بن عبيد الله، أخبرنا أحمد بن سلمان، حدثنا ابن أبى الدنيا، حدثنى حمزة بن العباس، حدثنا عبدان، أخبرنا عبد الله، عن شبل، عن ابن أبى نجيح، عن مجاهد:"إنه كان عبدا شكورا"قال: لم يأكل شيئا قط إلا حمد الله عز وجل، ولم يشرب شرابا قط إلا حمد الله عليه، ولم يمش مشيا قط إلا حمد الله عليه، ولم يبطش بشيء قط إلا حمد الله عليه، فأثنى الله عز وجل عليه"إنه كان عبدا شكورا"
وبهذا الإسناد أخبرنا عبد الله، حدثنا هشام بن سعد قال سمعت محمد بن كعب القرظى قال: كان نوح عليه السلام إذا أكل قال: الحمد لله، وإذا شرب قال: الحمد لله، وإذا لبس قال: الحمد لله وإذا ركب قال: الحمد لله فسماه الله عبدا شكورا (شعب الايمان،للبيهقى،رقم الحديث٤١٥٧،الثالث والثلاثون من شعب الإيمان:وهو باب فى تعديد نعم الله عز وجل وما يجب من شكرها)

”نوح علیہ السلام، جب بھی بیت الخلاء سے اٹھتے تھے، تو کھانے، اور اس کھانے کی منفعت کے حاصل ہونے، اور اس کی مضرت والی چیز کے نکلنے پر اللہ کی حمد کیا کرتے تھے“ [1]

لیکن اس کی سند میں ”حارث بن شبل“ نام کا راوی، اکثر محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔ [2]

معلوم ہوا کہ اللہ کی حمد بیان کرنے والا بھی درحقیقت اللہ کا شکر ادا کرنے والا شمار ہوتا ہے، اور اللہ کی حمد بیان کرنا، اللہ کا شکر ادا کرنے کا عمدہ ذریعہ ہے۔

بلکہ اگر کسی دکھ و تکلیف میں مبتلاء ہونے کے باوجود بندہ، اللہ کی حمد و شکر کرتا ہے، تو اس پر اللہ کی رحمت بہت زیادہ متوجہ ہوتی ہے۔

---

[1] أخبرنا عبد الرحمن، أخبرنا أحمد، حدثنا عبد الله، حدثني العباس بن جعفر، حدثنا شاذ بن فياض، عن الحارث بن شبل، قال حدثتنا أم النعمان، عن عائشة رضى الله عنها حدثتها عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: " إن نوحا عليه السلام لم يقم عن خلاء قط إلا قال: الحمد لله الذى أذاقنى لذته، وأبقى منفعته فى جسدى، وأخرج عنى أذاه " (شعب الايمان، للبيهقى، رقم الحديث ۴۱۵۴، الثالث والثلاثون من شعب الإيمان: وهو باب فى تعديد نعم الله عز وجل وما يجب من شكرها)

[2] الحارث بن شبل. بصرى.

عن أم النعمان الكندية. قال يحيى: ليس بشىء. وضعفه الدارقطنى. وقال البخارى: ليس بمعروف.

شاذ بن فياض، حدثنا الحارث بن شبل، عن أم النعمان، عن عائشة كنت أغتسل أنا ورسول الله صلى الله عليه وسلم من إناء واحد كأنا طيران.

وقد ساق له ابن عدى بهذا السند أربعة أحاديث ثم قال: وهى غير محفوظة، انتهى.

وساق له العقيلى حديثه عن أم النعمان، عن عائشة مرفوعا: إن نوحا كبير الأنبياء كان لم يقم، عن خلاء إلا قال: الحمد الله الذى أذاقنى لذته ... الحديث.

وبه: إن لبنى العباس لراية لا ترد. وبه: إنه ليأتينى السائل ما هو بإنس، ولا جان ولكن من ملائكة الرحمن يختبرون بنى آدم ... الحديث. وقال: هذه الأحاديث لا يتابع على شىء منها، ولا تحفظ إلا عنه.

وقال أبو حاتم: منكر الحديث. وقال الساجى: عنده مناكير. وقال ابن الجارود: ليس بشىء. وقال العقيلى: ضعيف.

وذكره ابن حبان فى "الثقات (لسان الميزان، ج۲، ص۵۱۸، تحت رقم الحديث ۲۰۳۸، حرف الهاء، من اسمه "الحارث")

چنانچہ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَـمِـعْـتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ : إِنِّىْ إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِىْ مُؤْمِنًا، فَحَمِدَنِىْ عَلٰى مَا ابْتَلَيْتُهٗ، فَإِنَّهٗ يَقُوْمُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهٗ مِنَ الْخَطَايَا، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ : أَنَا قَيَّدْتُ عَبْدِىْ، وَابْتَلَيْتُهٗ، فَأَجْرُوْا لَهٗ كَمَا كُنْتُمْ تُجْرُوْنَ لَهٗ وَهُوَ صَحِيْحٌ (مسنداحمد، رقم الحديث ١٧١١٨) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک اللہ عزّ وجلّ فرماتا ہے کہ میں جب اپنے بندوں میں سے کسی مومن بندہ کو بلاء وآزمائش (مصیبت، تکلیف، یا بیماری) مبتلا کر دیتا ہوں، پھر وہ اس مبتلاء شدہ چیز پر میری حمد بیان کرتا ہے، تو وہ اس کی وجہ سے اپنے بستر سے اس حال میں خطاؤں سے پاک ہو کر اٹھتا ہے، جیسا کہ اس دن تھا، جس دن کہ وہ اپنی ماں سے پیدا ہوا تھا۔

اور رب عزّ وجلّ فرماتا ہے کہ میں نے اپنے بندہ کو قید کیا ہے، اور اس کو آزمائش میں مبتلاء کیا ہے، تو (اے فرشتو!) تم اس کے لیے اسی طرح کا اجر وثواب لکھو، جس طرح تم اس کے لیے صحیح ہونے کی حالت میں (اس کے کئے جانے والے نیک عمل کو) لکھتے تھے (مسنداحمد)

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: أَفْضَلُ الذِّكْرِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

اللّٰہُ، وَأَفْضَلُ الدُّعَاءِ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۸۴۶) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے افضل ذکر ’’لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ‘‘ ہے، اور سب سے افضل دعاء’’ اَلْحَمْدُ لِلّٰه ‘‘ ہے (مسند احمد)

اس سے معلوم ہوا کہ ’’الحمد للہ‘‘ کہنے میں جس طرح اللہ تعالیٰ کا شکر اداء کرنا پایا جاتا ہے، اسی طرح یہ سب سے افضل دعاء بھی ہے، اور افضل دعاء اس وجہ سے ہے کہ اس سے اللہ بہت خوش ہوتا ہے، اور اس کی وجہ سے نعمتوں میں اضافہ اور برکت پیدا فرماتا ہے۔

اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اللہ کا شکر اداء کرنے کے لئے رات ودن کے مختلف اوقات، اور مختلف حالات میں ’’الحمد‘‘ کے ساتھ دعاء کرنے کا ثبوت ملتا ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے، تو یہ کہے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

’’سب تعریفیں، اللہ کے لئے ہیں‘‘ (صحیح بخاری) [2]

ملاحظہ فرمائیے کہ چھینک کتنی چھوٹی سی چیز ہے، جس کو لوگ اللہ کی نعمت نہیں سمجھتے، لیکن اس پر

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن، وأخرجه الترمذی (3383) فی الدعوات .باب ما جاء أن دعوة المسلم مستجابة(حاشية مسند احمد)

[2] عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال: إذا عطس أحدكم فليقل الحمد لله، وليقل له أخوه أو صاحبه: يرحمك الله، فإذا قال له: يرحمك الله، فليقل: يهديكم الله ويصلح بالكم (صحيح البخاری،رقم الحديث ۶۲۲۴، كتاب الأدب، باب: إذا عطس كيف يشمت)

بھی اللہ کی حمد کرنا سنت ہے۔

اور جب اللہ کی حمد کے ساتھ اللہ کی تسبیح بھی جمع ہوجائے، تو اس کی عظیم فضیلت ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

چنانچہ صحیح بخاری کی آخری حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے اس طرح مروی ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلِمَتَانِ حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ، خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧٥٦٣، كتاب التوحيد، باب قول الله تعالى "ونضع الموازين القسط")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو کلمات، رحمٰن کو محبوب ہیں، زبان پر ہلکے ہیں، میزانِ عمل میں بھاری ہیں (وہ دونوں کلمات یہ ہیں)

"سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ"

(صحیح بخاری)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور صحیح بخاری میں ہی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، حُطَّتْ خَطَايَاهُ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٠٥، كتاب الدعوات، باب فضل التسبيح)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے دن میں سو مرتبہ ان کلمات کو پڑھ لیا کہ:

"سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ"

تو اس کی خطائیں معاف کردی جائیں گی، اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں (صحیح بخاری)

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

بنو سلیم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

سُبْحَانَ اللّٰهِ نِصْفُ الْمِيْزَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَأُ الْمِيْزَانَ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَالطُّهُوْرُ نِصْفُ الْإِيْمَانِ، وَالصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣١٣٩) [1]

ترجمہ: "سُبْحَانَ اللّٰهِ" آدھی میزانِ عمل ہے، اور "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" میزانِ عمل کو بھر دیتا ہے، اور "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" آسمان اور زمین کے درمیان کو بھر دیتا ہے۔

اور پاکی آدھا ایمان ہے، اور روزہ آدھا صبر ہے (مسند احمد)

ثوبان، ابنِ عباس وابوامامہ وغیرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا نَزَلَتْ "وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ" قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهٖ، فَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِهٖ: أُنْزِلَتْ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، لَوْ عَلِمْنَا أَيُّ الْمَالِ خَيْرٌ فَنَتَّخِذَهٗ؟ فَقَالَ: أَفْضَلُهٗ لِسَانٌ ذَاكِرٌ، وَقَلْبٌ شَاكِرٌ، وَزَوْجَةٌ مُؤْمِنَةٌ تُعِيْنُهٗ عَلٰى إِيْمَانِهٖ (سنن

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

الترمذی، رقم الحدیث ۳۰۹۴، ابواب تفسیر القرآن، باب: ومن سورۃ التوبۃ) [1]

ترجمہ: جب (سورہ توبہ کی) یہ آیت نازل ہوئی "والذین یکنزون الذھب والفضۃ" (یعنی جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کر کے رکھتے ہیں، اور اس کو اللہ کے راستہ میں خرچ نہیں کرتے، تو ان کو خوشخبری سناؤ عذابِ الیم کی) تو ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کے بعض اسفار میں تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ یہ آیت سونے اور چاندی کے بارے میں نازل ہوئی ہے، اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ کون سا مال بہتر ہے، تو ہم اسے جمع کر لیں؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ افضل مال یہ چیزیں ہیں، ذکر کرنے والی زبان، اور شکر کرنے والا دل، اور مومن بیوی جو اس کے ایمان (اور آخرت کے کاموں) پر اس کی مدد کرے (ترمذی)

عبداللہ بن ہذیل سے روایت ہے کہ مجھ سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ:

أَنَّهُ انْطَلَقَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَوْلُكَ تَبًّا لِلذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ مَاذَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِسَانًا ذَاكِرًا، وَقَلْبًا شَاكِرًا، وَزَوْجَةً تُعِينُ عَلَى الْآخِرَةِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۳۱۰۱) [2]

ترجمہ: وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ چلے، اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ نے سونے اور چاندی کے لئے ہلاکت والی بات بیان فرمائی ہے، تو اب کون سی چیز حاصل کی جائے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

---

[1] قال الترمذی: ھذا حدیث حسن سألت محمد بن إسماعیل، فقلت له: سالم بن أبی الجعد سمع من ثوبان؟ فقال: لا، فقلت له: ممن سمع من أصحاب النبی صلى الله عليه وسلم؟ فقال: سمع من جابر بن عبد الله وأنس بن مالک، وذكر غير واحد من أصحاب النبی صلى الله عليه وسلم.

[2] قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیرہ (حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ذکر کرنے والی زبان، اور شکر کرنے والا دل، اور بیوی جو آخرت پر اعانت کرنے والی ہو (مسند احمد)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَرْبَعٌ مَنْ أُعْطِيَهُنَّ أُعْطِيَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ: قَلْبًا شَاكِرًا، وَلِسَانًا ذَاكِرًا، وَبَدَنًا عَلَى الْبَلَاءِ صَابِرًا، وَزَوْجَةً لَا تَبْغِيهِ خَوْنًا فِي نَفْسِهَا وَلَا مَالِهِ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۱۱ ص ۱۳۴، رقم الحديث ۱۱۲۷۵) [1]

ترجمہ: بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار چیزیں ایسی ہیں کہ جس شخص کو وہ عطاء کردی گئیں، تو اس کو دنیا اور آخرت کی خیر عطاء کردی گئی، شکر کرنے والا دل، اور ذکر کرنے والی زبان، اور بلاء وتکلیفوں پر صبر کرنے والا بدن، اور ایسی بیوی جو شوہر کے ساتھ بغاوت نہ کرے، نہ اپنے نفس میں خیانت کرکے، اور نہ شوہر کے مال میں خیانت کرکے (طبرانی)

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا مُعَاذُ قَلْبًا شَاكِرًا، وَلِسَانًا ذَاكِرًا، وَزَوْجَةً صَالِحَةً تُعِينُكَ عَلٰى أَمْرِ دُنْيَاكَ وَدِينِكَ خَيْرُ مَا اكْتَسَبَهُ النَّاسُ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۸ ص ۲۰۵، رقم الحديث ۷۸۲۸) [2]

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الكبير، والأوسط، ورجال الأوسط رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۴۳۷، باب فی المرأة الصالحة وغيرها)

[2] قال الهيثمی: رواه الطبرانی، وفيه علی بن يزيد، وهو ضعيف، وقد وثق (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۴۳۸، باب فی المرأة الصالحة وغيرها)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثری: وبالجملة، فحديث الباب يرتقی بهذه الشواهد إلى مرتبة الحسن لغيره (حاشية المطالب العالية محققا، ج ۱۳، ص ۸۱، تحت رقم الحديث ۳۱۲۲، كتاب الرقائق، باب الوصايا النافعة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے معاذ! شکر کرنے والا دل، اور ذکر کرنے والی زبان، اور نیک بیوی، جو تمہاری دنیا اور تمہارے دین میں مدد کرے، یہ چیزیں اس سے بہتر ہیں، جو لوگ کماتے ہیں (طبرانی)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلدُّنْيَا مَتَاعٌ، وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٤٦٧ "٦٤" كتاب الرضاع، باب خير متاع الدنيا المرأة الصالحة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا فائدہ اٹھانے کی چیز ہے، اور دنیا کی سب سے زیادہ فائدہ مند چیز نیک عورت ہے (صحیح مسلم)

معلوم ہوا کہ اللہ کا ذکر کرنے والی زبان، اور اللہ کا شکر کرنے والا دل، اور مومن وصالح بیوی بہترین مال ودولت ہے، کیونکہ مال ودولت سے دنیا میں عیش وآرام ملتا ہے، اور مذکورہ چیزیں، دنیا کے مال ودولت سے افضل، اور دنیا وآخرت کی راحت کا ذریعہ ہیں۔

مغیرہ، ابو ہریرہ، انس، وعائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيْلَ لَهُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا (صحيح البخاري، رقم الحديث ٤٨٣٦، كتاب تفسير القرآن، سورة الفتح)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنی نفل نماز) میں (اتنا طویل) قیام کیا کہ آپ کے قدموں پر ورم آ گیا، آپ سے عرض کیا گیا کہ اللہ نے تو آپ کے اگلے پچھلے

www.idaraghufran.org

گناہ معاف کردیے ہیں (پھر آپ کو اتنی جدو جہد کی کیا ضرورت ہے؟) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا کہ کیا میں (اس نعمت وفضیلت کے حصول پر اللہ کا) شکر گذار بندہ نہ بنوں (صحیح بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُصَلِّيْ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ١٤٢٠، أبواب إقامة الصلوات والسنة فيها، باب ما جاء في طول القيام في الصلاة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا کرتے تھے، یہاں تک کہ آپ کے قدموں پر ورم چڑھ جاتا تھا، آپ سے عرض کیا گیا کہ اللہ نے تو آپ کے اگلے، پچھلے گناہ معاف کردیے ہیں (پھر آپ کو اتنی جدو جہد کی کیا ضرورت؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا کہ کیا میں (اس نعمت وفضیلت کے حصول پر اللہ کا) شکر گذار بندہ نہ بنوں (ابنِ ماجہ)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ أَوْ سَاقَاهُ، فَقِيْلَ لَهُ: أَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحديث ٢٩٠٠، مسند أنس بن مالك) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (نماز میں اتنا لمبا) قیام کیا کہ آپ کے قدموں پر، یا آپ کی پنڈلی پر ورم چڑھ گیا، تو آپ سے عرض کیا گیا کہ اللہ نے تو

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال حسين سليم أسد الداراني: رجاله رجال الصحيح (حاشية مسند ابی یعلیٰ الموصلی)

www.idaraghufran.org

آپ کے اگلے، پچھلے گناہ معاف کر دیے ہیں (پھر آپ کو اتنی جدو جہد کی کیا ضرورت ہے؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا کہ کیا میں (اس نعمت وفضیلت کے حصول پر اللہ کا) شکر گزار بندہ نہ بنوں (ابو یعلیٰ)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ حَتّٰى تَتَفَطَّرَ قَدَمَاهُ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: أَفَلَا أُحِبُّ أَنْ أَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا، فَلَمَّا كَثُرَ لَحْمُهُ صَلّٰى جَالِسًا، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَّرْكَعَ قَامَ فَقَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۸۳۷، كتاب تفسير القرآن، سورة الفتح)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات میں (نماز کے اندر اتنا طویل) قیام کیا کرتے تھے کہ آپ کہ قدموں پر ورم آ جاتا تھا، تو عائشہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ایسا کیوں کرتے ہیں، اور اللہ آپ کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما چکا ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا کہ تو کیا میں (اس نعمت وفضیلت کے حصول پر) اس بات کو پسند نہ کروں کہ میں (اللہ کا) شکر گزار بندہ ہو جاؤں۔

پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم پر گوشت زیادہ ہو گیا، تو بیٹھ کر نماز پڑھا کرتے تھے، پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ فرماتے، تو کھڑے ہو جاتے، پھر قرائت کرتے، پھر رکوع کرتے (اور سجدہ وغیرہ کرتے) (صحیح بخاری)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

فَقَامَ فَتَطَهَّرَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، قَالَتْ: فَلَمْ يَزَلْ يَبْكِيْ، حَتّٰى بَلَّ حِجْرَهُ، قَالَتْ: ثُمَّ بَكٰى، فَلَمْ يَزَلْ يَبْكِيْ، حَتّٰى بَلَّ لِحْيَتَهُ، قَالَتْ: ثُمَّ بَكٰى،

فَلَمْ يَزَلْ يَبْكِيْ، حَتّٰى بَلَّ الْأَرْضَ، فَجَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ ،فَلَمَّا رَآهُ يَبْكِيْ ،قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ تَبْكِيْ، وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ:أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا ،لَقَدْ نَزَلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ آيَةٌ وَيْلٌ لِمَنْ قَرَأَهَا وَلَمْ يَتَفَكَّرْ فِيْهَا"إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ" الْآيَةَ كُلَّهَا (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٦٢٠، كتاب الرقائق، باب التوبة) [1]

ترجمہ: پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم (رات کو) کھڑے ہوئے، پھر پاکی حاصل کی، پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے، عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ پھر نبی صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل روتے رہے، یہاں تک کہ آپ کے رخسار تر ہو گئے، عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ پھر مسلسل روتے رہے، یہاں تک کہ آپ کی داڑھی تر ہو گئی، عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ پھر نبی صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل روتے رہے، یہاں تک کہ زمین بھی تر ہو گئی، پھر بلال رضی اللہ عنہ نے آ کر آپ کو (فجر کی) نماز کی اطلاع دی، پھر جب بلال نے آپ کو روتے ہوئے دیکھا، تو انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ کیوں روتے ہیں، اور اللہ نے تو آپ کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیئے ہیں؟ تو اس کے جواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں؟ یقیناً رات مجھ پر ایک آیت نازل ہوئی ہے، جس نے اس کی قرائت کی، اور اس میں غور و فکر نہیں کیا، اس کے لئے ہلاکت ہے، وہ (سورہ بقرہ کی) یہ آیت ہے کہ:

"إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(صحيح ابنِ حبان)

وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ“

”بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے مختلف ہونے میں اور ان کشتیوں (وجہازوں) میں جو سمندر میں چلتی ہیں، ان چیزوں کے ساتھ جو نفع دیتی ہیں، لوگوں کو، اور جو نازل کیا آسمان سے پانی کو، پھر زندہ کر دیا، اس کے ذریعہ سے زمین کو اس کے مرجانے کے بعد، اور پھیلا دیا اس (زمین) میں ہر جانور کو، اور ہواؤں کے بھیجنے میں، اور بادلوں میں جو مسخر ہیں، آسمان اور زمین کے درمیان، یقیناً نشانیاں ہیں اس قوم کے لئے جو سمجھتے ہوں“

(صحيح ابنِ حبان)

اس سے معلوم ہوا کہ جب اللہ کی طرف سے کوئی نعمت وراحت حاصل ہو، تو اللہ کا شکر گذار بندہ بننے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع بڑھنا چاہیے۔

اسی وجہ سے اللہ کی نعمت وراحت کی حالت میں اللہ سے دعاء کرنے کی خاصیت وتاثیر یہ ہے کہ اس کی برکت سے پھر اللہ تنگی وپریشانی کے وقت بھی دعاء کو قبول فرماتا ہے۔

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَّسْتَجِيْبَ اللّٰهُ لَهُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْكُرَبِ، فَلْيُكْثِرِ الدُّعَاءَ فِي الرَّخَاءِ (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحديث ٦٣٩٧، مسند أبی هريرة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ اس کی دعاء کو سختیوں (تنگیوں) اور بے چینی (تکلیف وپریشانی) کی حالت میں قبول فرمائے، تو اسے چاہیے کہ وہ وسعت وراحت کی حالت میں کثرت سے دعاء کیا کرے (مسند ابی یعلیٰ)

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده حسن (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

www.idaraghufran.org

معاذ بن جبل، ابو ہریرہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَقِيَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُعَاذُ إِنِّي لَأُحِبُّكَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَنَا وَاللّٰهِ أُحِبُّكَ، قَالَ: فَإِنِّي أُوصِيكَ بِكَلِمَاتٍ تَقُولُهُنَّ فِي كُلِّ صَلَاةٍ: اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢١٢٦) [1]

ترجمہ: مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ہوئی، تو آپ نے فرمایا کہ اے معاذ! بے شک میں آپ سے محبت رکھتا ہوں، تو میں نے عرض کیا کہ اللہ کی قسم! میں بھی آپ سے محبت رکھتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پس بے شک میں آپ کو چند کلمات کی وصیت کرتا ہوں، جن کو آپ ہر نماز کے بعد کہا کریں، وہ کلمات یہ ہیں:

”اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ“

ترجمہ: یااللہ! میری مدد کیجیے اپنا ذکر کرنے پر اور اپنا شکر کرنے پر اور اپنی اچھی عبادت کرنے پر (مسند احمد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَتُحِبُّونَ أَنْ تَجْتَهِدُوا فِي الدُّعَاءِ؟ قُولُوا: اَللّٰهُمَّ أَعِنَّا عَلٰى شُكْرِكَ، وَذِكْرِكَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ٧٩٨٢) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى قرة الزَّبيدى، فقد روى له النسائى، وهو ثقة (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ دعاء میں خوب کوشش وجدوجہد کرو، تو تم یہ کلمات کہا کرو:

”اَللّٰھُمَّ أَعِنَّا عَلٰی شُکْرِکَ، وَذِکْرِکَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ“

اے اللہ اپنا شکر اداء کرنے، اور اپنا ذکر اور اپنی بہترین عبادت کرنے پر ہماری مدد فرمایئے (مسند احمد)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

اور یہ بات ظاہر ہے کہ جس دعاء کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسروں کو تلقین فرمائی، وہ دعاء نبی صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی ضرور کرتے ہوں گے۔

چنانچہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ: اَللّٰھُمَّ أَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ (مسند البزار، رقم الحدیث ٢٠٧٥، مسند عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ:

”اَللّٰھُمَّ أَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ، وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ“

اے اللہ! اپنا ذکر کرنے کی اور اپنا شکر کرنے کی اور اپنی بہترین عبادت کرنے پر میری اعانت (ومدد) فرمایئے (بزار)

---

[1] عن أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ، أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، قال لھم: أتحبون أیھا الناس أن تجتھدوا فی الدعاء؟ قالوا: نعم یا رسول اللہ .قال: " قولوا: اللھم أعنی علی ذکرک وشکرک، وحسن عبادتک (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ١٨٣٨، کتاب الدعاء، والتکبیر، والتھلیل، والتسبیح والذکر)

قال الحاکم:ھذا حدیث صحیح الإسناد، فإن خارجۃ لم ینقم علیہ إلا روایتہ عن المجھولین، وإذا روی عن الثقات الأثبات فروایتہ مقبولۃ.

شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِذَا كَنَزَ النَّاسُ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ، فَاكْنِزُوْا هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيْمًا، وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ، إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۷۱۱۴) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب لوگ سونے اور چاندی کو خزانہ بنائیں، تو تم ان کلمات کو خزانہ بناؤ:

"اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ، وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيْمًا، وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ، إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ"

"اے اللہ! میں آپ سے (دین میں) ثابت قدمی، اور ہدایت پر استقامت کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے آپ کی نعمتوں کا شکر اداء کرنے کا سوال کرتا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن بطرقه (حاشية مسند احمد)

و قال الالباني: وهذا إسناد جيد، رجاله ثقات، وفي بعضهم خلاف لا يضر (سلسلة الأحاديث الصحيحة وشيء من فقهها وفوائدها، تحت رقم الحديث ۳۲۲۸)

www.idaraghufran.org

ہوں، اور میں آپ کی بہترین عبادت کرنے کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے قلبِ سلیم (حاصل ہونے) کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے سچی زبان (حاصل ہونے) کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے جو کچھ آپ کے علم میں ہے، ان کی خیر (حاصل ہونے) کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے جو کچھ آپ کے علم میں ہے، ان کے شر سے پناہ (حاصل ہونے) کا سوال کرتا ہوں، اور ان تمام گناہوں سے معافی مانگتا ہوں جو آپ کے علم میں ہیں، کیونکہ آپ ہی علّامُ الغیوب ہیں'' (مسند احمد)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا كَلِمَاتٍ، كَمَا يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ: اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا، وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ أَسْمَاعِنَا، وَأَبْصَارِنَا، وَقُلُوْبِنَا، وَأَزْوَاجِنَا، وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعَمِكَ، مُثْنِيْنَ بِهَا عَلَيْكَ، قَابِلِيْنَ لَهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا (المستدرک حاکم، رقم الحدیث ۹۷۷، کتاب الطهارة، موارد الظمآن الی زوائد ابن حبان، رقم الحدیث ۲۴۲۹)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں چند کلمات کی اس طرح تعلیم دیا کرتے

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه، وله شاهد من حديث ابن جريج، عن جامع.

وقال حسين سليم اسد الداراني: إسناده حسن (حاشية موارد الظمآن)

تھے، جس طرح ہمیں تشہد کی تعلیم دیا کرتے تھے، وہ کلمات یہ ہیں:

”اَللّٰھُمَّ أَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا، وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَی النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا، وَمَا بَطَنَ، وَبَارِکْ لَنَا فِیْ أَسْمَاعِنَا، وَأَبْصَارِنَا، وَقُلُوْبِنَا، وَأَزْوَاجِنَا، وَذُرِّیَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَیْنَا إِنَّکَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ، وَاجْعَلْنَا شَاکِرِیْنَ لِنِعَمِکَ، مُثْنِیْنَ بِھَا عَلَیْکَ، قَابِلِیْنَ لَھَا وَأَتِمَّھَا عَلَیْنَا“

”اے اللہ! ہمارے دِلوں میں اُلفت پیدا کردیجیے، اور ہمارے باہمی تعلقات کی اصلاح فرمایئے، اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھایئے، اور ہمیں اندھیریوں سے نور کی طرف نکالئے، اور ہمیں ظاہری اور باطنی بے حیائیوں سے علیٰحدہ رکھیے، اور ہمارے سُننے میں اور ہمارے دیکھنے میں اور ہمارے دِلوں میں اور ہماری بیویوں میں، اور ہماری اولاد میں برکت دیجیے، اور ہماری توبہ قبول فرمایئے، اس لئے کہ آپ ہی توبہ قبول کرنے والے، مہربان ہیں، اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکرگزار اور ان (نعمتوں) پر اپنا ثناء خواں، اور نعمتوں کے قابل بنایئے، اور ہم پر اپنی نعمتوں کو پورا فرمادیجئے“ (حاکم)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدْعُوْ یَقُوْلُ: رَبِّ أَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ، وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ عَلَیَّ، وَاھْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْھُدیٰ لِیْ، وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ، رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ شَکَّارًا، لَکَ ذَکَّارًا، لَکَ رَھَّابًا، لَکَ مِطْوَاعًا، لَکَ مُخْبِتًا،

إِلَيْکَ أَوَّاهًا مُنِيبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ، وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ، وَأَجِبْ دَعْوَتِیْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ، وَسَدِّدْ لِسَانِیْ، وَاهْدِ قَلْبِیْ، وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ صَدْرِی (سنن الترمذی، رقم الحديث ۳۵۵۱، ابواب الدعوات، صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۹۴۷) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے:

”رَبِّ أَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ، وَامْكُرْ لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ، وَاهْدِنِیْ وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِیْ، وَانْصُرْنِیْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَیَّ، رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ شَكَّارًا، لَکَ ذَكَّارًا، لَکَ رَهَّابًا، لَکَ مِطْوَاعًا، لَکَ مُخْبِتًا، إِلَيْکَ أَوَّاهًا مُنِيبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ، وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ، وَأَجِبْ دَعْوَتِیْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ، وَسَدِّدْ لِسَانِیْ، وَاهْدِ قَلْبِیْ، وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ صَدْرِیْ“.

”اے میرے ربّ! میری (اپنی عبادت کرنے میں) مدد فرمائیے، اور میرے خلاف اُن (شیطانوں اور انسانوں) کی مدد نہ فرمائیے، اور میری (کافروں اور دشمنوں کے مقابلے میں) مدد فرمائیے، اور مجھ پر (میرے دشمنوں) کی مدد نہ فرمائیے، اور میرے حق میں تدبیر فرمائیے، اور میرے خلاف تدبیر نہ فرمائیے، اور مجھے ہدایت عطاء فرمائیے اور ہدایت کو میرے اوپر آسان فرمائیے، اور جو مجھ پر زیادتی کرے اس پر میری مدد فرمائیے؛ اے میرے ربّ! مجھے اپنا شکرگذار، اپنا ذکر کرنے والا، اپنے سے ڈرنے والا، اپنا فرمانبردار، اپنے سامنے عاجز، اور اپنے لیے آہ وزاری اور رجوع کرنے والا بنائیے؛ اے میرے ربّ! میری توبہ کو قبول فرمائیے، اور میرے گناہوں کو دھو ڈالیے، اور میری دعائیں قبول فرمائیے، اور

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.
وقال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

میری حجت کو ثابت فرمائیے، اور میری زبان کو درستگی عطاء فرمائیے؛ اور میرے دل کو رہنمائی عطاء فرمائیے؛ اور میرے دل کی گندگیوں کو دُور فرمائیے“ (ترمذی، ابنِ حبان)

ابو ہریرہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَأٰى مُبْتَلًى، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ، وَفَضَّلَنِىْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا، لَمْ يُصِبْهُ ذٰلِكَ الْبَلَاءُ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۴۳۲، ابواب الدعوات، باب ما یقول إذا رأی مبتلی، مسند البزار، رقم الحدیث ۹۱۰۶) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کسی آزمائش زدہ کو دیکھ کر یہ دعاء پڑھی کہ:

”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِىْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا“

”سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے مجھے اس (مرض وتکلیف) سے عافیت عطاء فرمائی، جس میں تجھے مبتلاء کیا، اور اس نے مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی“

تو اس دعاء پڑھنے والے کو یہ مرض وتکلیف نہیں پہنچے گی (ترمذی)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه.
وقال الهيثمی: رواه البزار، والطبرانی فی الصغير والأوسط بنحوه، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۷۱۳۸، باب ما يقول إذا رأى مبتلى)
وقال الالبانی: وعلى كل حال فالحديث قوى (سلسلة الاحاديث الصحيحة، رقم الحديث ۲۰۲)

www.idaraghufran.org

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ رَأَى مُبْتَلًى فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلٰى بِهٖ هٰذَا وَفَضَّلَنِىْ عَلَيْهِ وَعَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا، عَافَاهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ الْبَلَاءِ كَائِنًامَا كَانَ (حلية الاولياء، لابى نعيم، ج۵، ص۱۳ تحت ترجمة "محمد بن سوقة") [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے کسی آزمائش (مریض وتکلیف) زدہ کو دیکھ کر یہ دعاء پڑھی کہ:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلٰى بِهٖ هٰذَا وَفَضَّلَنِىْ عَلَيْهِ وَعَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا"

"سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے مجھے اس (مرض وتکلیف) سے عافیت عطاء فرمائی، جس میں اس کو مبتلاء کیا، اور اس اللہ نے مجھے اس پر اور اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی"

تو اس دعاء پڑھنے والے کو اللہ اس مرض وتکلیف سے محفوظ رکھے گا، خواہ وہ کوئی بھی مرض وتکلیف ہو (ابو نعیم)

مذکورہ عظیم الشان دعاء کا آغاز بھی اللہ کی حمد سے ہو رہا ہے۔

---

[1] قال الالبانی:

وقال أبو نعيم " :غريب من حديث محمد، تفرد به مروان عن الوليد ."

قلت :ورجاله كلهم ثقات رجال البخارى غير الوليد بن عتبة فقال البخارى فى " تاريخه " :"معروف الحديث ."وأما أبو حاتم فقال " :مجهول ."

قلت :قد عرفه البخارى، ومن عرف حجة على من لم يعرف .لاسيما إذا كان العارف مثل البخارى أمير المؤمنين فى الحديث .فالحديث إن لم يكن حسنا لذاته من هذه الطريق، فلا أقل من أن يكون حسنا لغيره بالطريق التى قبله .لاسيما وله طريق أخرى عن ابن عمر، يرويه عمرو بن دينار قهرمان آل الزبير عن سالم بن عبد الله بن عمر عن ابن عمر عن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال :فذكره نحوه وزاد فى آخره ": كائنا ما كان، ما عاش ."أخرجه الترمذى وأبو نعيم فى "الحلية(سلسلة الاحاديث الصحيحة، رقم الحديث ٦٠٢)

علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَقَّنَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰؤُلَاءِ الْکَلِمَاتِ وَأَمَرَنِیْ إِنْ نَزَلَ بِیْ کَرْبٌ أَوْ شِدَّۃٌ أَنْ أَقُوْلَھُنَّ: لَا إِلٰـہَ إِلَّا اللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْحَلِیْمُ، سُبْحَانَہٗ، وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ(مسند احمد، رقم الحدیث ۷۲۶) ؎۱

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کلمات کی تلقین فرمائی، اور مجھے یہ حکم فرمایا کہ اگر مجھ پر کوئی تکلیف، یا شدت نازل ہو، تو میں یہ کلمات پڑھوں:

”لَا إِلٰـہَ إِلَّا اللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْحَلِیْمُ، سُبْحَانَہٗ، وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ“(مسند احمد)

مذکورہ عظیم دعاء کا اختتام اللہ رب العالمین کی حمد پر ہورہا ہے۔

ابوہریرہ، ابوذر رضی اللہ عنہما وعائشہ رضی اللہ عنہا کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَلَسَ فِیْ مَجْلِسٍ کَثُرَ فِیْہِ لَغَطُہٗ فَقَالَ قَبْلَ أَنْ یَّقُوْمَ: سُبْحَانَکَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِکَ، لَا إِلٰـہَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُکَ ثُمَّ أَتُوْبُ إِلَیْکَ، إِلَّا غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ مَا کَانَ فِیْ مَجْلِسِہٖ ذٰلِکَ (مسند احمد،رقم الحدیث ۱۰۴۱۵) ؎۲

؎۱ قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح، وھذا إسناد حسن من أجل محمد بن عجلان، وقد توبع، وباقی رجالہ ثقات رجال الشیخین .یونس: ھو ابن محمد المؤدب، ولیث: ھو ابن سعد(حاشیۃ مسند احمد)

؎۲ قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم(حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کسی مجلس میں بیٹھا، جس میں اس نے بکثرت گناہ والی باتیں کیں، پھر اس نے کھڑے ہونے سے پہلے یہ دعاء پڑھ لی:

"سُبْحَانَکَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِکَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُکَ ثُمَّ أَتُوْبُ إِلَيْکَ"

"پاک ہے تیری ذات اے ہمارے رب! اور تیری حمد کے ساتھ، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، پھر تیری طرف توبہ کرتا ہوں"

تو اللہ اس کے لئے اس کی اس مجلس کے گناہوں کو معاف فرمادے گا (مسند احمد)

اور حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: بِأَخَرَةٍ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَقُومَ مِنَ الْمَجْلِسِ: سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّکَ لَتَقُولُ قَوْلًا مَا كُنْتَ تَقُوْلُهُ فِيمَا مَضٰى، فَقَالَ: كَفَّارَةٌ لِمَا يَكُوْنُ فِي الْمَجْلِسِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۸۵۹، کتاب الأدب، باب فی کفارة المجلس) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مجلس سے اٹھنا چاہتے تھے، تو اس کے آخر میں یہ دعاء پڑھا کرتے تھے کہ:

"سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ"

"پاک ہے تیری ذات! اور تیری حمد کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

علاوہ کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں“

تو ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ یہ ایسی دعاء پڑھتے ہیں کہ پہلے آپ اس کو نہیں پڑھا کرتے تھے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دعاء مجلس کی باتوں کے لئے کفارہ ہو جاتی ہے (سنن ابی داود)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَلَسَ مَجْلِسًا، أَوْ صَلّٰى، تَكَلَّمَ بِكَلِمَاتٍ، فَسَأَلَتْهُ عَائِشَةُ عَنِ الْكَلِمَاتِ، فَقَالَ: إِنْ تَكَلَّمَ بِخَيْرٍ كَانَ طَابِعًا عَلَيْهِنَّ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَإِنْ تَكَلَّمَ بِغَيْرِ ذٰلِكَ كَانَ كَفَّارَةً: سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، وَأَتُوبُ إِلَيْهِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٤٤٨٦) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مجلس میں بیٹھتے تھے، یا نماز پڑھتے تھے، تو چند کلمات پڑھا کرتے تھے۔

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کلمات کے بارے میں معلوم کیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اس نے کوئی خیر کا کلام کیا، تو ان کلمات پر قیامت کے دن تک مہر لگ جائے گی (یعنی یہ کلمات اس خیر کی بات کی مہر شمار ہوں گے) اور خیر کے علاوہ کوئی کلام کیا، تو یہ کلمات اس کے لئے کفارہ ہو جائیں گے، وہ کلمات یہ ہیں:

”سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، وَأَتُوبُ إِلَيْهِ“

”پاک ہے تیری ذات! اور تیری حمد کے ساتھ، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں،

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات (حاشية مسند احمد)

میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں“ (مسند احمد)

مذکورہ عظیم فضیلت پر مشتمل کلمات میں بھی اللہ کی حمد شامل ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ الْقَائِلُ كَلِمَةَ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: عَجِبْتُ لَهَا، فُتِحَتْ لَهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ ،قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَمَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٦ "١٥٠" كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب ما يقال بين تكبيرة الإحرام والقرائة)

ترجمہ: اس درمیان کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے، اچانک لوگوں میں سے ایک آدمی نے یہ کلمات کہے:

”اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا“

”اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا ہے، اور اللہ کے لئے حمد ہے، بہت کثرت کے ساتھ، اور پاکی ہے اللہ کی، صبح اور شام“

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس طرح کے کلمات کہنے والا کون ہے؟ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! میں ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے ان کلمات پر تعجب ہوا، ان کلمات کے لئے آسمان

کے دروازے کھول دیئے گئے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات فرماتے ہوئے سنا، اس وقت سے میں نے ان کلمات کو نہیں چھوڑا (مسلم)

مذکورہ کلمات میں بھی اللہ کی حمد موجود ہے۔

ربیعہ بن کعب وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث

ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ أَنَامُ فِيْ حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يُصَلِّيْ يَقُوْلُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ،اَلْهَوِيَّ،قَالَ: ثُمَّ يَقُوْلُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَلْهَوِيَّ (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٥٧٤) [1]

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ میں سویا کرتا تھا، پس جب رات کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے اٹھتے تھے، تو میں آپ کو یہ کلمات کہتے ہوئے سنا کرتا تھا:

”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الْهَوِيَّ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ الْهَوِيَّ“.

تمام تعریفیں اللہ ربُّ العالمین کے لئے ہیں لمبے زمانہ کی، پاک ہے اللہ کی ذات عظیم ہے، اور اسی کی تعریف ہے لمبے زمانہ کی (مسند احمد)

مذکورہ کلمات میں بھی اللہ رب العالمین کی حمد کا ذکر ہے، جس سے صاف ظاہر ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم، رات کے انتہائی بابرکت وقت سے ہی اللہ کی حمد پر مشتمل دعاء سے آغاز کر دیا کرتے تھے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم، صحابيه من رجاله، وبقية رجاله ثقات رجال للشيخين(حاشية مسند احمد)

بعض اور دعائیں بھی تہجد کی نماز کے لئے اٹھنے کے وقت کی ایسی مروی ہیں، جن میں اللہ کی حمد کا ذکر ہے۔

چنانچہ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَقُوْلُ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ:

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيَّامُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَأَخَّرْتُ، وَأَسْرَرْتُ وَأَعْلَنْتُ، أَنْتَ إِلٰهِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ.

(صحيح مسلم، رقم الحديث ٧٦٩" ١٩٩ "كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب الدعاء فى صلاة الليل وقيامه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جب رات کے اندر نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے، تو یہ دعاء پڑھتے تھے کہ:

" اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيَّامُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ،

وَإِلَيْکَ أَنَبْتُ، وَبِکَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْکَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَأَخَّرْتُ، وَأَسْرَرْتُ وَأَعْلَنْتُ، أَنْتَ إِلٰهِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ"

''اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں، تو ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اور تیرے لیے تمام تعریفیں ہیں، تو ہی آسمانوں اور زمین کو قائم رکھنے والا ہے، اور تیرے ہی لیے تمام تعریفیں ہیں، تو آسمانوں اور زمین اور ان میں جو چیزیں موجود ہیں، ان کا ربّ ہے، تیری ذات حق ہے، اور تیرا وعدہ حق ہے، اور تیرا فرمان حق ہے، اور تجھ سے ملاقات حق ہے، اور جنت حق ہے، اور جہنّم حق ہے، اور قیامت حق ہے، اے اللہ! میں تیرے لیے ہی اسلام لایا، اور تجھ ہی پر ایمان لایا، اور تجھ پر ہی میں نے توکل اختیار کیا، اور تیری ہی طرف میں نے توبہ اور رجوع کیا، اور تیری ہی مدد سے میں نے (دشمنوں سے) مقابلہ کیا، اور تیری ہی طرف میں نے اپنے معاملات کو فیصلے کے لیے پیش کیا، پس تو میری مغفرت فرمادے، اُن کمزوریوں کی جو پہلے اور بعد میں مجھ سے سرزد ہوئیں، اور جو میں نے خفیہ اور علانیہ کیں، تو ہی میرا معبود ہے، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں'' (مسلم)

یہ حدیث صحیح بخاری میں بھی ہے۔ [1]

---

[1] عن طاوس: سمع ابن عباس رضی اللہ عنہما قال: كان النبی صلی اللہ علیہ وسلم إذا قام من الليل يتهجد قال: اللهم لک الحمد، أنت قيم السماوات والأرض ومن فيهن، ولک الحمد، لک ملک السماوات والأرض ومن فيهن، ولک الحمد، نور السماوات والأرض، ولک الحمد أنت الحق، ووعدک الحق، ولقاؤک حق، وقولک حق، والجنة حق، والنار حق، والنبيون حق، ومحمد صلی اللہ علیہ وسلم حق، والساعة حق، اللهم لک أسلمت، وبک آمنت، وعليک توكلت، وإليک أنبت، وبک خاصمت، وإليک حاكمت، فاغفر لی ما قدمت وما أخرت، وما أسررت وما أعلنت، أنت المقدم وأنت المؤخر لا إله إلا أنت، أو: لا إله غيرک. قال سفيان: وزاد عبد الكريم أبو أمية: ولا حول ولا قوة إلا بالله (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۱۲۰، كتاب التهجد)

حذیفہ، ابوذر، وابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ، وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ خَدِّهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا، وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ

(صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۳۱۴، کتاب الدعوات، باب وضع الید الیمنی تحت الخد الأیمن)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم، جب رات کو اپنے بستر پر جاتے تھے، تو اپنے ہاتھ کو اپنے رخسار کے نیچے رکھ لیا کرتے تھے، پھر یہ دعاء پڑھتے تھے:

”اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا“

”اے اللہ میں تیرے نام پر ہی فوت ہوتا ہوں، اور زندہ ہوتا ہوں“

اور جب نیند سے بیدار ہوتے تھے، تو یہ دعاء پڑھتے تھے:

”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ أَحْيَانَا بَعْدَ مَآ أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ“

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے ہمیں ہمارے مرجانے کے بعد زندہ کیا، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (بخاری)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا، فَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۳۲۵، کتاب الدعوات، باب ما یقول إذا أصبح)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم، جب رات کو اپنے بستر پر جاتے تھے، تو یہ دعاء پڑھتے تھے:

”اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ أَمُوْتُ وَأَحْیَا“

”اے اللہ میں تیرے نام پر ہی فوت ہوتا ہوں، اور زندہ ہوتا ہوں“

پھر جب نیند سے بیدار ہوتے تھے، تو یہ دعاء پڑھتے تھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ أَحْیَانَا بَعْدَ مَآ أَمَاتَنَا وَإِلَیْہِ النُّشُوْرُ“

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے ہمیں ہمارے مرجانے کے بعد زندہ کیا، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (بخاری)

مذکورہ دونوں روایتوں میں سونے اور نیند سے بیدار ہونے کی ایک ہی طرح کی دعاء ہے، اور نیند سے بیدار ہونے پر اللہ کی حمد کا ذکر ہے۔

نیند سے بیدار ہونے کی مزید دعائیں بھی مروی ہیں، ان میں بھی اللہ کی حمد کا ذکر ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے نیند سے بیدار ہونے کی یہ دعاء مروی ہے:

”اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ، وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ وَأَذِنَ لِیْ بِذِکْرِہٖ“.

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ کے ہیں، جس نے میرے جسم کو عافیت عطاء فرمائی، اور مجھ پر میری روح کو لوٹا دیا، اور مجھے اپنا ذکر کرنے کی توفیق بخشی (ترمذی) [1]

مذکورہ دعاء میں بھی اللہ کی حمد کا ذکر ہے۔

---

[1] عن ابی هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال " :إذا قام أحدكم عن فراشه ثم رجع إليه فلينفضه بصنفة إزاره ثلاث مرات، فإنه لا يدرى ما خلفه عليه بعد، فإذا اضطجع فليقل :باسمک ربی وضعت جنبی، وبک أرفعه، فإن أمسكت نفسى فارحمها، وإن أرسلتها فاحفظها بما تحفظ به عبادک الصالحين، فإذا استيقظ فليقل: الحمد لله الذى عافانى فى جسدى، ورد على روحى وأذن لى بذكره (سنن ترمذى، رقم الحديث ۳۴۰۱، ابواب الدعوات)

قال الترمذى:وفى الباب عن جابر، وعائشة، " :وحديث أبى هريرة حديث حسن، وروى بعضهم هذا الحديث وقال :فلينفضه بداخلة إزاره.

وقال الحافظ العسقلانى: هذا حديث حسن من هذا الوجه بهذا السياق، وأصل شطره الأول صحيح (نتائج الافكار، ج ۱، ص ۱۱۳، باب ما يقول إذا استيقظ من منامه، المجلس: ۲۱)

www.idaraghufran.org

معاذ، ابوایوب، ایک صحابی وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت معاذ بن انس جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: :مَنْ أَكَلَ طَعَامًا، ثُمَّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَطْعَمَنِىْ هٰذَا، وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّىْ وَلَا قُوَّةٍ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ(مسند احمد، رقم الحديث ١٥٦٣٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کوئی کھانا کھایا، پھر یہ دعاء پڑھی:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَطْعَمَنِىْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّىْ وَلَا قُوَّةٍ".

"سب تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے مجھے یہ کھلایا، اور مجھے یہ رزق میرے حیلے وتدبیر اور میری قوت کے بغیر عطاء فرمایا"

تو اللہ اس کے گذشتہ گناہ معاف فرمادے گا (مسند احمد)

اور حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَوْ شَرِبَ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَطْعَمَ، وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا (سنن ابى داؤد، رقم الحديث ٣٨٥١، كتاب الاطعمة، باب ما يقول الرجل إذا طعم) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جب کھاتے، یا پیتے تھے، تو یہ دعاء پڑھا کرتے تھے کہ:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَطْعَمَ، وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا".

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن كسابقه (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابى داؤد)

’’ہر قسم کی تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس نے کھلایا، اور پلایا، اور آسانی سے اندر پہنچایا، اور (پھر ہضم اور ضرورت پوری ہونے کے بعد) اس کے لئے خارج ہونے کا مقام بنایا‘‘ (ابوداؤد)

عبد الرحمٰن بن جبیر سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آٹھ سال تک خدمت کرنے والے ایک صحابی نے بیان کیا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کھانا کیا جاتا تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء پڑھا کرتے تھے کہ:

’’اَللّٰهُمَّ أَطْعَمْتَ وَأَسْقَيْتَ، وَأَغْنَيْتَ وَأَقْنَيْتَ، وَهَدَيْتَ وَأَحْيَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا أَعْطَيْتَ‘‘.

ترجمہ: اے اللہ! آپ نے کھلایا، اور آپ نے پلایا، اور آپ نے غنی بنایا اور آپ نے جمع پونجی دی، اور آپ نے ہدایت عطاء فرمائی، اور آپ نے زندگی بخشی، پس آپ کے لئے ہی حمد ہے، ان نعمتوں پر جو آپ نے عطاء فرمائیں (مسند احمد) [1]

اور حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے کھانے سے فراغت کے بعد دسترخوان اٹھایا جاتا تھا، تو یہ دعاء پڑھا کرتے تھے کہ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ، رَبَّنَا.

’’سب تعریف اللہ کے لئے ہے ایسی تعریف جو بہت زیادہ اور پاکیزہ ہے، جس میں برکت ہے، ایسی جو کبھی ختم اور رخصت نہ ہو، اور نہ اس کے بارے میں

---

[1] عن عبد الرحمن بن جبير، أنه حدثه رجل خدم رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمان سنين أنه سمع النبي صلى الله عليه وسلم إذا قرب إليه طعامه يقول: " باسم الله " وإذا فرغ من طعامه قال: " اللهم أطعمت وأسقيت، وأغنيت وأقنيت، وهديت وأحييت، فلك الحمد على ما أعطيت "(مسند احمد، رقم الحديث ١٦٥٩٥)

قال شعيب الارنؤوط:

إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح(حاشية مسند احمد)

(ہماری طرف سے) بے پروائی ہو، اے ہمارے رب“ (بخاری) [1]

معاذ بن انس، وابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے لباس پہنا، اور یہ دعاء پڑھی، تو اس کے گذشتہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے، وہ دعاء یہ ہے:

”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ“

ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ پہنایا، اور میری کوشش اور طاقت کے بغیر مجھے اس کپڑے کی نعمت عطاء فرمائی (دارمی، ابویعلیٰ) [2]

اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی نیا لباس، عمامہ، قمیص، چادر کچھ بھی پہنتے تھے، تو یہ دعاء پڑھا کرتے تھے:

”اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ أَنْتَ کَسَوْتَنِیْهِ أَسْأَلُکَ خَیْرَهٗ وَخَیْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهٖ وَمِنْ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ“

---

[1] عن أبی أمامة :أن النبی صلی الله علیه وسلم کان إذا رفع مائدته قال :الحمد لله کثیرا طیبا مبارکا فیه، غیر مکفی ولا مودع ولا مستغنی عنه، ربنا(صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۴۵۸، ورقم الحدیث ۵۴۵۹،کتاب الاطعمة، باب ما یقول إذا فرغ من طعامه)

[2] عن سهل بن معاذ بن أنس، عن أبیه، قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " من لبس ثوبا فقال: الحمد لله الذی کسانی هذا ورزقنیه من غیر حول منی ولا قوة، غفر له ما تقدم من ذنبه " (مسند الدارمی، رقم الحدیث ۲۷۳۲،باب: ما یقول إذا لبس ثوبا،مسند ابی یعلیٰ، رقم الحدیث ۱۴۸۸، ورقم الحدیث ۱۴۹۸)

قال ابن حجر:هذا حدیث حسن، أخرجه أبو داود عن نصر بن الفرج .والترمذی عن محمد بن إسماعیل.کلاهما عن أبی عبد الرحمن المقرء .(نتائج الأفکارفی تخریج أحادیث الأذکار،باب :ما یقول إذا لبس ثوباً)

وقال حسین سلیم اسد الدارانی:إسناده حسن وأبو مرحوم هو :عبد الرحیم بن میمون(حاشیة مسند الدارمی)

وقال ایضاً : اسنادهٗ حسن(حاشیة مسند ابی یعلیٰ)

ترجمہ: اے اللہ! تمام تعریفیں آپ کے لئے ہیں، آپ نے (ہی) مجھے یہ (لباس) پہنایا ہے، میں آپ سے اس کی بھلائی اور جس (مقصد) کے لئے یہ بنایا گیا ہے، اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، اور میں اس کی برائی اور جس (مقصد) کے لئے یہ بنایا گیا ہے،اس کی برائی سے آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (مسند احمد، حاکم) ؎1

لباس، یا نیا لباس پہننے کی مذکورہ دعاؤں میں بھی اللہ کی حمد کا ذکر ہے۔

براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم، جب سفر سے واپس تشریف لاتے، تو یہ دعاء پڑھا کرتے تھے:

”آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ“

ترجمہ: ہم واپس آنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں اور اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں (ترمذی) ؎2

؎1 عن أبی نضرة، عن أبی سعید الخدری قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا استجد ثوبا سماه باسمه، عمامة، أو قميصا، أو رداء، ثم يقول " :اللهم لک الحمد أنت كسوتنيه، أسألک خيره، وخير ما صنع له، وأعوذ بک من شره، ومن شر ما صنع له "(مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۴۶۹ مستدرک حاکم، رقم الحديث ۷۴۰۸)

قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه.

وقال الذهبی: علیٰ شرط مسلم.

وقال شعيب الارنؤوط:حديث حسن(حاشية مسند احمد)

؎2 عن أبی إسحاق، قال: سمعت الربيع بن البراء بن عازب، يحدث عن أبيه، أن النبی صلى الله عليه وسلم كان إذا قدم من سفر قال: آيبون تائبون عابدون، لربنا حامدون (سنن الترمذی، رقم الحديث ۳۴۴۰، ابواب الدعوات،باب ما يقول إذا رجع من السفر)

قال الترمذی:هذا حديث حسن صحيح وروى الثوری، هذا الحديث عن أبی إسحاق، عن البراء، ولم يذكر فيه عن الربيع بن البراء، ورواية شعبة أصح وفی الباب عن ابن عمر، وأنس، وجابر بن عبد الله.

www.idaraghufran.org

اس دعاء میں بھی اللہ کی حمد کا ذکر ہے۔

مذکورہ دعاؤں کو نقل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک تو معلوم ہو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم، مختلف اوقات وحالات میں کس کس طرح اللہ کی حمد اور اس کا شکر بیان کیا کرتے تھے، دوسرے ان دعاؤں کو یاد کرکے اور ان کا اہتمام کرکے ہم اپنے مختلف اوقات وحالات میں اللہ کا شکر وحمد بیان کرنے کے قابل ہوسکیں۔

پھر اللہ کی حمد وشکر، بذاتِ خود، نعمتوں میں برکت واضافہ کا باعث ہے، لیکن مسنون دعاؤں کا اہتمام کرنے سے ان نعمتوں میں عظیم برکت کا سامان کیا جاسکتا ہے۔

ابنِ مسعود وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مندرجہ ذیل دعاء کو اللہ کی طرف سے دعاؤں کی قبولیت کا ذریعہ بتلایا:

”اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُکَ إِیْمَانًا لَا یَرْتَدُّ، وَنَعِیْمًا لَا یَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فِیْ أَعْلٰى غُرَفِ الْجَنَّةِ، جَنَّةِ الْخُلْدِ“.

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جس میں کبھی ارتداد نہ آئے، اور ایسی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہوں، اور جنت کے بلند بالاخانوں اور ہمیشہ رہنے والی جنت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کا سوال کرتا ہوں (مسند احمد) [1]

اس دعاء میں اللہ کی ایسی نعمتوں کو طلب کیا گیا ہے، جو فناء نہ ہوں۔

---

[1] عن عبد الله، أنه كان في المسجد يدعو، فدخل النبي صلى الله عليه وسلم، وهو يدعو، فقال: " سل تعطه "، وهو يقول: اللهم إني أسألك إيمانا لا يرتد، ونعيما لا ينفد، ومرافقة النبي صلى الله عليه وسلم محمد، في أعلى غرف الجنة، جنة الخلد (مسند احمد، رقم الحديث ٣٧٩٧)

قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

پس مذکورہ دعاء کو اپنی دعاؤں کا حصہ بنا کر لازوال نعمتوں کی دعاء کی جاسکتی ہے، اسی کے ساتھ اپنی دوسری دعاؤں کی قبولیت کی تاثیر بھی بڑھائی جاسکتی ہے۔

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دعاء یہ کیا کرتے تھے:

"اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ. وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ. وَفُجَاءَ ةِ نِقْمَتِکَ. وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ".

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ (وحفاظت) میں آتا ہوں، آپ کی نعمت کے جاتے رہنے سے اور آپ کی عافیت (وسلامتی) کے تبدیل ہونے سے اور اچانک آپ کی سزا میں پکڑے جانے سے اور آپ کی تمام ناراضگیوں سے (مسلم) [1]

مذکورہ دعاء بھی اللہ کی نعمتوں کو زائل ہونے سے محفوظ رکھنے میں موثر ہے۔

اللہ کی حمد وشکر کے بارے میں تفصیل نقل کی جاچکی ہے۔

حمد تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، اور شکر اللہ کا بھی ہوتا ہے، اور احسان ونیک سلوک کرنے والے بندوں کا بھی ہوتا ہے، اللہ کے شکر کے متعلق بھی تفصیل نقل کی جاچکی ہے، جہاں تک بندوں کی طرف سے احسان ونیک سلوک کئے جانے پر ان کا شکر کئے جانے کا تعلق ہے، تو یہ بھی ضروری ہے، بلکہ اس کے بغیر اللہ کے شکر کی ادائیگی ممکن نہیں۔

ابو ہریرہ، ابو سعید واشعث رضی اللہ عنہم کی حدیث

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا یَشْکُرُ النَّاسَ لَا یَشْکُرُ

[1] عن عبد الله بن عمر، قال :كان من دعاء رسول الله صلى الله عليه وسلم :اللهم إنى أعوذ بک من زوال نعمتک، وتحول عافيتک، وفجاءة نقمتک، وجميع سخطک(صحيح مسلم، رقم الحديث ٩ ٣٩ ٢٧"٦ ٩ ٦"كتاب الرقاق،باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء .وبيان الفتنة بالنساء)

اللّٰہَ (سنن الترمذی،رقم الحدیث ۱۹۵۴،ابواب البر والصلة، باب ما جاء فی الشکر لمن أحسن إلیک) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگوں کا شکر نہیں کرتا، وہ اللہ کا بھی شکر نہیں کرتا (ترمذی)

اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ میں روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہ (سنن الترمذی،رقم الحدیث ۱۹۵۵،ابواب البر والصلة، باب ما جاء فی الشکر لمن أحسن إلیک) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے لوگوں کا شکر نہیں کیا، اُس نے اللہ کا بھی شکر نہیں کیا (ترمذی)

اور حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَشْکَرَ النَّاسِ لِلّٰہِ أَشْکَرُھُمْ لِلنَّاسِ (مسند أحمد، رقم الحدیث ۲۱۸۴۶) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ اللہ کا شکر کرنے والا وہ ہے، جو سب سے زیادہ لوگوں کا شکر گزار ہو (مسند احمد)

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ جب تک بندوں کا شکر ادا نہ کیا جائے، اس وقت تک اللہ کا شکر ادا کرنا ممکن نہیں، اور اللہ کا سب سے زیادہ شکر ادا کرنے والا وہ شمار ہوتا ہے، جو بندوں کا سب سے زیادہ شکر ادا کرنے والا ہو۔

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث صحيح.

[2] قال الترمذی:وفی الباب عن أبی هريرة، والأشعث بن قيس، والنعمان بن بشير :هذا حديث حسن.

[3] قال شعيب الارنؤوط:صحيح لغيره(حاشية مسند احمد)

جابر بن عبداللہ واسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ أُعْطِيَ عَطَاءً فَوَجَدَ فَلْيَجْزِ بِهِ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ بِهِ، فَمَنْ أَثْنَى بِهِ فَقَدْ شَكَرَهُ، وَمَنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ (سنن أبي داود، رقم الحديث ٤٨١٣، كتاب الادب، باب في شكر المعروف) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو کوئی عطیہ (ہبہ وہدیہ) حاصل ہو، تو اگر اس کے پاس وسعت ہو، تو اس کا بدلہ دے (یعنی اپنی حیثیت اور وسعت کے مطابق اخلاص کے ساتھ حسبِ موقع دوسرے کو بھی کچھ دے دے) اور اگر وسعت نہ ہو، تو اس عطیہ (وہبہ وغیرہ) کی تعریف کردے، پس جس نے اس عطیہ (وغیرہ) پر تعریف کردی، تو اس نے اس کا شکر اداء کردیا، اور جس نے اس کو چھپایا (یعنی زبان سے شکریہ بھی اداء نہ کیا) تو اس نے کفرانِ نعمت وناشکری کی (ابوداؤد)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ صُنِعَ إِلَيْهِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ أَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ٢٠٣٥، ابواب البر والصلة، باب ما جاء فی المتشبع بما لم يعطه، صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٣٤١٣) ؎۲

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن لغيره (حاشية (سنن أبي داود)

؎۲ قال الترمذی: هذا حديث حسن جيد غريب لا نعرفه من حديث أسامة بن زيد إلا من هذا الوجه وقد روى عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم بمثله، وسألت محمدا فلم يعرفه.
و قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية ابن حبان)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو (کسی کی طرف سے) کوئی بھلائی اور خیر حاصل ہو، پھر وہ بھلائی کرنے والے کو یہ کہہ دے کہ ''جزاک اللہ خیرا'' تو اس نے بہت اچھے طریقے سے تعریف کردی (ابوداؤد)

معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص نیکی و احسان کرنے والے کو دوسرا کوئی بہتر بدلہ نہ دے سکے، تو زبان سے اس کو ''جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا'' کی دعاء دے دینا بھی اس کا آسان، و بہترین طریقہ پر شکریہ اداء کرنے اور ناشکری سے بچنے میں داخل ہے، اور پھر یہ اللہ کا شکر اداء کرنے کا ذریعہ ہے، اور یہ بھی نہ ہوسکے، تو کم از کم شکریہ کہہ دینا بھی دوسرے کا شکر اداء کرنے کی ایک صورت ہے۔

بہرحال اللہ کا شکر اداء کرنے کے لئے، نیکی و احسان کرنے والے بندوں کا شکریہ اداء کرنا، اور ان کو اپنا محسن سمجھنا ضروری ہے، یہی وجہ ہے کہ جو لوگ، بندوں کی طرف سے کی گئی نیکی و احسان کو فراموش کرتے رہتے ہیں، ان کو دنیا میں بھی احسان فراموش کہا جاتا ہے، وہ احادیث کی رو سے اللہ کے نزدیک شکر کرنے والوں میں شمار نہیں ہوتے، اور مشاہدہ سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ایسے لوگوں کو اللہ دنیا میں بھی شکر پر مرتب ہونے والی برکات سے محروم رکھتا ہے، اور ایسے لوگ دنیا میں تنگی و پریشانی کی حالت میں رہتے ہیں، اور اگر مال و دولت کی فراوانی ہو، تب بھی پریشان حال رہتے ہیں۔

Idaraghufran

(فصل نمبر13)

زہدوقناعت اور دل کے غناء کے فضائل وبرکات

زہدوقناعت، یعنی دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی طرف رغبت، اور اللہ کی طرف سے دی ہوئی نعمت پر قناعت وکفایت اختیار کرنے، اور دل کے غنی ہونے کی بڑی فضیلت وبرکت ہے، جس کا مظاہرہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی سے عملی طور پر ہوتا تھا، جس کی کچھ تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس دعاء کو سنا کہ:

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِکَ الْغَيْبَ، وَقُدْرَتِکَ عَلَى الْخَلْقِ، أَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِّيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّيْ، اَللّٰهُمَّ وَأَسْأَلُکَ خَشْيَتَکَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَأَسْأَلُکَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَأَسْأَلُکَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى، وَأَسْأَلُکَ نَعِيْمًا لَا يَنْفَدُ، وَأَسْأَلُکَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُکَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَأَسْأَلُکَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَأَسْأَلُکَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِکَ، وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِکَ فِيْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْإِيْمَانِ، وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ (سنن النسائی، رقم الحديث ١٣٠٥، ورقم الحديث ١٣٠٦، كتاب السهو، باب نوع آخر من الدعاء؛

صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۱۹۷۱) [1]

ترجمہ: اے اللہ! اپنے غیب کے علم اور مخلوق پر قدرت کی وجہ سے مجھے اس وقت تک زندگی عطاء فرمائیے، جب تک آپ کے علم میں میرے لئے زندہ رہنا بہتر ہو، اور جب آپ کے علم میں میرے لیے موت بہتر ہو، تو مجھے موت عطاء فرمائیے، اے اللہ! میں تنہائی میں ہوتے ہوئے اور سب کے سامنے ہوتے ہوئے آپ کی خشیت کا آپ سے سوال کرتا ہوں، اور میں رضامندی میں اور غصے میں درست بات کہنے کا سوال کرتا ہوں، اور تنگدستی اور مالداری میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے ایسی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہوں، اور میں آپ سے ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کا سوال کرتا ہوں، جو کبھی ختم نہ ہو، اور میں آپ سے تقدیر کے (فیصلے کے) بعد رضاء کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے موت کے بعد ٹھنڈک والی زندگی کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے آپ کے چہرے کی زیارت کی لذت کا اور آپ سے ملاقات کے شوق کا نقصان دہ چیزوں اور گمراہ کن فتنوں سے بچتے ہوئے سوال کرتا ہوں؛ اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزیّن فرمائیے اور ہمیں ہدایت یافتہ اور ہدایت کنندہ بنائیے (نسائی، صحیح ابنِ حبان)

اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کے بجائے، موت کے بعد ٹھنڈک والی زندگی کی دعاء فرمائی۔

اور اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آخرت کے عیش کو اصل عیش فرمایا۔

انس بن مالک و سہل بن سعد رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى، فإن سماع حماد بن زيد من عطاء بن السائب قبل الاختلاط(حاشية صحيح ابنِ حبان)

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةُ، فَأَصْلِحِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةُ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٦٤١٣، كتاب الرقاق، باب لا عيش إلا عيش الآخرة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے اللہ! نہیں ہے عیش، مگر آخرت کا عیش ہی، پس یا اللہ! انصار اور مہاجرین کی اصلاح فرما دیجئے (صحیح بخاری)

اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَنْدَقِ، وَهُوَ يَحْفِرُ وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ، وَيَمُرُّ بِنَا، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةُ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةُ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٦٤١٤، كتاب الرقاق، باب لا عيش إلا عيش الآخرة)

ترجمہ: ہم غزوہ خندق کے موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم مٹی کھود رہے تھے، اور ہم مٹی کو منتقل کر رہے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گذرتے تھے، اور فرماتے تھے کہ اے اللہ! نہیں ہے عیش، مگر آخرت کا عیش ہی، پس یا اللہ! انصار اور مہاجرین کی مغفرت فرما دیجئے (صحیح بخاری)

معلوم ہوا کہ مومن کے نزدیک اصل عیش آخرت کا عیش ہے، اس لئے اس کو آخرت کے عیش کو ترجیح دینی چاہیے، اور دنیا کو اپنے عیش وعشرت کی آماجگاہ نہیں بنانا چاہیے۔

دنیا میں عیش وعشرت کو اختیار کرنا اور ترجیح دینا، کافروں کا طریقہ ہے، جیسا کہ کئی احادیث میں اس کا ذکر آیا ہے۔

عمر، ابوہریرہ، انس، حذیفہ وابومالک رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ لَعَلٰى حَصِيْرٍ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ شَيْءٌ، وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ، وَإِنَّ عِنْدَ رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَصْبُوْبًا، وَعِنْدَ رَأْسِهِ أَهَبٌ مُعَلَّقَةٌ، فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْحَصِيْرِ فِيْ جَنْبِهِ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ كِسْرٰى وَقَيْصَرَ فِيْمَا هُمَا فِيْهِ، وَأَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۹۱۳، كتاب تفسير القرآن، سورة التحريم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے، اس وقت آپ ایک بوریئے پر لیٹے ہوئے تھے، آپ کے جسم اور بوریئے کے درمیان کچھ نہ تھا، اور آپ کے سر کے نیچے چمڑے کا ایک تکیہ تھا، جس میں کھجور کی چھال بھری تھی، اور پاؤں کے پاس مسلم (یعنی کیکر کے مشابہ درخت، جس سے چمڑے کو دباغت دی جاتی ہے) کے پتوں کا ڈھیر تھا، اور سر کے پاس کچے چمڑے لٹکے تھے، میں نے آپ کے پہلو میں بوریئے کا نشان دیکھا، تو میں رو پڑا، تو (مجھے روتا ہوا دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیوں روتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قیصر وکسریٰ تو اس طرح آرام میں رہتے ہیں اور آپ، اللہ کے رسول ہو کر اس حالت میں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ ان (قیصر وکسریٰ) کے لئے دنیا ہو اور ہمارے لئے آخرت ہو (بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

فَأَتَاهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ فِيْ غُرْفَةٍ عَلٰى حَصِيْرٍ، قَدْ أَثَّرَ الْحَصِيْرُ بِظَهْرِهٖ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كِسْرٰى يَشْرَبُوْنَ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَأَنْتَ هٰكَذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُمْ عُجِّلَتْ لَهُمْ

طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۷۹۶۳) [1]

ترجمہ: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عمر بن خطاب حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم بالا خانہ میں ایک چٹائی پر تشریف فرما تھے، اور چٹائی کا اثر آپ کی پشت پر ہو گیا تھا (یعنی چٹائی کے نشانات آپ کی کمر پر پڑ گئے تھے) تو حضرت عمر نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کسریٰ والے سونے اور چاندی کے برتنوں میں پیتے ہیں، اور آپ کی یہ حالت ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان (کافروں) کے لئے ان کی اچھی چیزیں دنیا میں ہی جلدی عطاء کر دی گئی ہیں (مسند احمد)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى سَرِيْرٍ مُرْمَلٍ بِشَرِيْطٍ، وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِّنْ أَدَمٍ، حَشْوُهَا لِيْفٌ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ نَفَرٌ مِّنْ أَصْحَابِهِ، وَدَخَلَ عُمَرُ فَانْحَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، انْحِرَافَةً فَلَمْ يَرَ عُمَرُ بَيْنَ جَنْبِهِ وَبَيْنَ الشَّرِيْطِ ثَوْبًا، وَقَدْ أَثَّرَ الشَّرِيْطُ بِجَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكٰى عُمَرُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيْكَ يَا عُمَرُ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَبْكِيْ إِلَّا أَنْ أَكُوْنَ أَعْلَمُ أَنَّكَ أَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ كِسْرٰى، وَقَيْصَرَ وَهُمَا يَعِيْشَانِ فِي الدُّنْيَا فِيْمَا يَعِيْشَانِ فِيْهِ، وَأَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، بِالْمَكَانِ الَّذِيْ أَرٰى. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ؟ قَالَ عُمَرُ: بَلٰى، قَالَ: فَإِنَّهُ كَذَاكَ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۲۴۱۷) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: ایک مرتبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے، جو کھجور کی بٹی ہوئی رسی کی تھی، اور آپ کے سر کے نیچے چمڑے کا تکیہ تھا، جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی، اسی دوران چند صحابۂ کرام بھی حاضر ہوگئے، اور حضرت عمر بھی تشریف لے آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پلٹ کر اٹھے، تو حضرت عمر کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو اور رسی کے درمیان کوئی کپڑا نظر نہ آیا، اور رسی کے نشانات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر پڑ گئے تھے (یہ دیکھ کر) حضرت عمر رونے لگے، تو ان سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر! آپ کیوں روتے ہیں؟ تو انہوں نے عرض کیا کہ اللہ کی قسم! میں صرف اس وجہ سے رو رہا ہوں کہ میں یہ جانتا ہوں کہ اللہ کے نزدیک آپ قیصر وکسریٰ سے کہیں زیادہ مکرم ہیں، اور وہ دنیا میں عیش کی زندگی بسر کر رہے ہیں، اور اللہ کے رسول آپ اس جگہ ہیں، جو میں دیکھ رہا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ ان (قیصر وکسریٰ) کے لئے دنیا ہو اور ہمارے لئے آخرت؟ حضرت عمر نے عرض کیا کہ بے شک! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر اسی طرح ہوگا (یعنی ان کے لئے صرف دنیا میں عیش ہے، اور ہمارے لئے آخرت میں عالیشان عیش وآرام ہے) (مسند احمد)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنِ الْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ، وَالشُّرْبِ فِيْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَقَالَ: هُنَّ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَهِيَ لَكُمْ فِي الْآخِرَةِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۵۶۳۲، كتاب الأشربة، باب الشرب فى آنية الذهب)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں (یعنی مرد حضرات کو) ریشم، اور دیباج

www.idaraghufran.org

(ریشم کی مخصوص قسم) کے پہننے، اور سونے اور چاندی کے برتن میں پینے سے منع فرمایا ہے، اور فرمایا کہ یہ چیزیں ان (کافروں) کے لئے دنیا میں ہیں، اور یہ چیزیں تمہارے لئے آخرت میں ہیں (بخاری)

مطلب یہ ہوا کہ کافر دنیا کے مزے لے کر اپنی آخرت کو خراب کر لیتا ہے، اور مومن بندہ اپنے عیش وآرام کو آخرت میں تلاش کرتا ہے۔

شریح بن عبید، حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: حُلْوَةُ الدُّنْيَا مُرَّةُ الْآخِرَةِ، وَمُرَّةُ الدُّنْيَا حُلْوَةُ الْآخِرَةِ (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ۷۸۶۱، كتاب الرقاق) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا کی مٹھاس، آخرت کی کڑواہٹ ہے، اور دنیا کی کڑواہٹ، آخرت کی مٹھاس ہے (حاکم)

بعض حضرات نے مذکورہ حدیث کی سند میں شریح بن عبید اور ابو مالک اشعری کے درمیان انقطاع کا حکم لگا کر اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔

لیکن اس حدیث کا مفہوم نا قابلِ تردید نہیں ہے۔

انس وعائشہ رضی اللہ عنہما ومعاویہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى سَرِيْرٍ مُرَمَّلٍ بِشَرِيْطٍ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۲۴۱۷) [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: ایک مرتبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اُس وقت) اپنی چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے، جو کھجور کی بٹی ہوئی رسی کی تھی (مسند احمد)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَدَمٍ، وَحَشْوُهُ مِنْ لِيْفٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٥٦، كتاب الرقاق، باب: كيف كان عيش النبی صلى الله عليه وسلم وأصحابه وتخليهم من الدنيا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر چمڑے کا تھا، اور اس کا اندرونی حصہ کھجور کی چھال کا تھا (بخاری)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

كَانَ وِسَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ يَتَّكِئُ عَلَيْهَا مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٠٨٢ "٣٧" كتاب اللباس والزينة، باب التواضع فی اللباس)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تکیہ جس پر آپ ٹیک لگاتے تھے، چمڑے کا تھا، اور اس کا اندرونی حصہ کھجور کی چھال کا تھا (مسلم)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بعد تمام مخلوقات میں سب سے عظیم مرتبہ عطاء فرمایا ہے، اور آپ کے جانثار صحابہ آپ سے بہت زیادہ محبت اور آپ کا نہایت درجہ احترام، اور جان نچھاور کرنے والے تھے، لیکن ان سب باتوں کے باوجود آپ نے دنیا کی ٹھاٹ باٹ، اور شاہانہ طور وطریقوں کو پسند نہیں کیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَا كَانَ شَخْصٌ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

وَكَانُوْا إِذَا رَأَوْهُ لَمْ يَقُوْمُوْا لِمَا يَعْلَمُوْنَ مِنْ كَرَاهِيَتِهٖ لِذٰلِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٢٣٤٥) ؎1

ترجمہ: صحابۂ کرام کو کوئی شخص بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب نہیں تھا، اور صحابۂ کرام، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے تھے، تو کھڑے نہیں ہوتے تھے، کیونکہ انہیں معلوم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ طریقہ ناپسند ہے (مسند احمد)

کسی کے لئے تعظیم میں کھڑے ہو جانا، دنیادار بادشاہوں، اور متکبروں کا طریقہ تھا، اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے لیے یہ طریقہ پسند نہیں تھا۔

ابو مجلز سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ، وَابْنِ عَامِرٍ فَقَامَ ابْنُ عَامِرٍ وَجَلَسَ ابْنُ الزُّبَيْرِ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ لِابْنِ عَامِرٍ: اِجْلِسْ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَّمْثُلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ (سنن ابی داود، رقم الحديث ٥٢٢٩، ابواب النوم، باب الرجل يقوم للرجل يُعظّمه بذلك) ؎2

ترجمہ: معاویہ رضی اللہ عنہ، ابنِ زبیر اور ابنِ عامر کے پاس گئے، ابنِ عامر تو کھڑے ہو گئے، اور ابنِ زبیر بیٹھے رہے، تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ابنِ عامر سے فرمایا کہ آپ بیٹھ جایئے، پس بے شک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اس بات کو پسند کرے کہ اس کے لئے لوگ سیدھے کھڑے ہو جائیں، تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانا، جہنم میں بنالے (سنن ابی داود)

؎1 قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

؎2 قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَۃٍ تَبْکِیْ عِنْدَ قَبْرٍ، فَقَالَ:اِتَّقِی اللّٰہَ وَاصْبِرِیْ قَالَتْ:إِلَیْکَ عَنِّیْ، فَإِنَّکَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِیْبَتِیْ، وَلَمْ تَعْرِفْہُ، فَقِیْلَ لَہَا:إِنَّہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَأَتَتْ بَابَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَہٗ بَوَّابِیْنَ، فَقَالَتْ:لَمْ أَعْرِفْکَ، فَقَالَ:إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَۃِ الْأُوْلٰی (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۲۸۳، کتاب الجنائز، باب زیارۃ القبور)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گذرے، جو قبر کے پاس رو رہی تھی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سے ڈرو، اور صبر کرو، اس عورت نے کہا کہ کہ آپ کو میرے سے کیا لینا، پس بے شک میری مصیبت آپ کو نہیں پہنچی (اس لئے آپ کو میری مصیبت وپریشانی کا احساس نہیں) اور اس عورت نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانا نہیں، اس عورت کو کہا گیا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے، پھر وہ عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر آئی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر چوکیداروں ومحافظوں کو نہیں پایا، اس نے عرض کیا کہ میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس صبر تو پہلے صدمہ کے وقت ہوا کرتا ہے (اب رو دھو کر اور صبر سے انکار کرنے کے بعد، اس کا وقت گذر چکا ہے) (صحیح بخاری)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے محبوب العالمین کے مقام پر فائز کیا ہے، لیکن آپ کی سادگی کا یہ عالم تھا کہ جو عورت آپ کو اپنا نبی مانتی تھی، وہ آپ کی سادگی، اور تواضع کی حالت کی وجہ سے آپ کو پہچان نہیں سکی، پھر جب معلوم ہونے پر آپ کے پیچھے گئی، تو گھر پر بھی دربان اور محافظوں کو نہیں پایا، یہ سب کچھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زہد اور دنیا کی شان وشوکت

اور شاہانہ ٹھاٹ باٹ سے اعراض کی وجہ سے تھا۔ [1]

اور اللہ تعالیٰ نے آپ کی حفاظت کا وعدہ فرمالیا تھا۔ [2]

چنانچہ اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں ارشاد ہے کہ:

یٰٓاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْکٰفِرِیْنَ (سورة المائدة، رقم الآية ٦٧)

ترجمہ: اے رسول! تبلیغ کیجئے ان باتوں کی جو نازل کی گئیں آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے، اور اگر نہیں کیا آپ نے (ایسا) تو نہیں تبلیغ کی آپ نے اس (اللہ) کی رسالت کی، اور اللہ حفاظت فرمائے گا آپ کی، لوگوں سے، بے شک اللہ نہیں ہدایت دیتا کافروں کی قوم کو (سورہ مائدہ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحْرَسُ حَتّٰی نَزَلَتْ ھٰذِہِ الْآیَۃَ: "وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ" فَأَخْرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَأْسَہٗ مِنَ الْقُبَّۃِ، فَقَالَ لَھُمْ: یَا أَیُّھَا النَّاسُ اِنْصَرِفُوْا فَقَدْ عَصَمَنِیَ اللّٰہُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٣٠٤٦، ابواب تفسير القرآن، باب ومن سورة المائدة)

---

[1] قوله: (فلم تجد عنده بوابين) فی رواية الأحكام: بوابا بالإفراد، قال الزين بن المنير: فائدة هذه الجملة من هذا الخبر بيان عذر هذه المرأة فی كونها لم تعرفه، وذلك أنه كان من شأنه أن لا يتخذ بوابا مع قدرته على ذلك تواضعا، وكان من شأنه لا يستتبع الناس ورائه إذا مشى كما جرت عادة الملوك والأكابر، فلذلك اشتبه على المرأة، فلم تعرفه مع ما كانت فيه من شاغل الوجد والبكاء .وقال الطيبی: فائدة هذه الجملة أنه لما قيل لها: إنه النبی صلى الله عليه وسلم، استشعرت خوفا وهيبة فی نفسها، فتصورت أنه مثل الملوك له حاجب وبواب يمنع الناس من الوصول إليه، فوجدت الأمر بخلاف ما تصورته (فتح الباری شرح صحيح البخاری، ج٣، ص ١٤٩، كتاب الجنائز، باب زيارة القبور)

[2] وإنما لم يتخذ بوابين، لأن الله تعالى أعلمه أنه يعصمه من الناس (شرح صحيح البخاری لابن بطال، ج٣، ص ٢٧١، باب زيارة القبور)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پہرہ دیا جاتا تھا، یہاں تک کہ (سورہ مائدہ کی) یہ آیت نازل ہوئی:

”وَاللّٰهُ يَعۡصِمُكَ مِنَ النَّاسِ“

”اور اللہ حفاظت فرمائے گا آپ کی، لوگوں سے“

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبہ سے اپنا سر مبارک نکال کر (چوکیداروں وغیرہ سے) فرمایا کہ اے لوگو! تم چلے جاؤ، بے شک اللہ نے میری حفاظت فرمادی ہے (ترمذی)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور اس کو صحیح کہا ہے۔

اور حافظ ذہبی نے بھی اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ [1]

سورہ مائدہ کی مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ نے رسالت کی تبلیغ کرنے کا حکم فرما کر ساتھ ہی وحی کی تبلیغ پر لوگوں سے خوف نہ کرنے، اور اللہ کی طرف سے نبی کی حفاظت کا حکم فرمایا ہے۔ [2]

---

[1] عن عائشة رضى الله عنها، قالت: كان النبى صلى الله عليه وسلم يحرس حتى نزلت هذه الآية:"والله يعصمک من الناس"فأخرج النبى صلى الله عليه وسلم رأسه من القبة فقال لهم: أيها الناس، انصرفوا فقد عصمنى الله(المستدرک للحاكم،رقم الحديث ٣٢٢١، كتاب التفسير، تفسير سورة المائدة)

قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص:صحيح

[2] والله يعصمک من الناس فلا تخفهم فى التبليغ وان كنت وحدک لا يستطيعون قتلک.

فلا يرد ان يقال انه صلى الله عليه وسلم قد شج راسه وكسرت رباعيته وأوذى بضروب من الأذى.

وقيل نزلت هذه الاية بعد ماشج راسه لان سورة المائدة من اخر القران نزولا(التفسير المظهرى، ج٣،ص ١٤٤،سورة المائدة)

إن الله لا يهدى القوم الكافرين اى لا يمكنهم ما يريدون من قتلک ومحو دين الإسلام(التفسير المظهرى، ج٣،ص ١٤٥،سورة المائدة)

فى قوله والله يعصمک من الناس سؤال، وهو أنه كيف يجمع بين ذلک وبين ما روى أنه عليه الصلاة والسلام شج وجهه يوم أحد وكسرت رباعيته؟

والجواب من وجهين :أحدهما :أن المراد يعصمه من القتل، وفيه التنبيه على أنه يجب عليه أن يحتمل كل ما دون النفس من أنواع البلاء ، فما أشد تكليف الأنبياء عليهم الصلاة والسلام! وثانيها :أنها نزلت بعد يوم أحد.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کو بھی فرعون کی طرف تبلیغ کے لئے بھیجتے ہوئے نرم بات کہنے کے ساتھ فرعون سے نہ ڈرنے، اور اللہ کی معیت ہونے کا حکم فرمایا تھا۔ [1]

اور اللہ تعالیٰ نے نبی کے خلاف تمام مخالفین کو مکر کرنے کا حکم فرما کر نبی کو اللہ پر توکل کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ [2]

اور علماء کے انبیاء کے وارث ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ وہ بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بیان کردہ اس حکم کا مصداق ہوں، بشرطیکہ وہ علمائے حق ہوں، اور وحی کے مطابق تبلیغ کریں، اور شریعت کی طرف سے تبلیغ کے لئے جو شرعی احکام و شرائطِ قدرت بیان کی گئی ہیں، ان کی پاسداری کریں۔

آج کل بعض مشاہیر علماء، اپنی حفاظت اور سیکورٹی میں بڑے غلو و مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہیں۔

شاہانہ انداز اختیار کرتے ہیں، اور کہیں آتے جاتے وقت پورا حفاظتی قافلہ ساتھ لے کر چلتے ہیں، لاکھوں، کروڑوں روپیہ ان کے ایک سفر میں سیکورٹی پر خرچ ہو جاتا ہے، پھر یہ پیسہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

واعلم أن المراد من الناس ههنا الكفار، بدليل قوله تعالى :إن الله لا يهدى القوم الكافرين. ومعناه أنه تعالى لا يمكنهم مما يريدون.

وعن أنس رضى الله عنه :كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يحرسه سعد وحذيفة حتى نزلت هذه الآية، فأخرج رأسه من قبة أدم وقال :انصرفوا يا أيها الناس فقد عصمنى الله من الناس (التفسير الكبير،للرازى، ج ۱۲،ص ۴۰۱،سورة المائدة)

[1] اذْهَبْ أَنْتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي . اذْهَبَا إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى . فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى. قَالَا رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَنْ يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَنْ يَطْغَى . قَالَ لَا تَخَافَا إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَى(سورة طٰه،رقم الآيات ۴۲،الیٰ ۴۶)

[2] فَكِيدُونِى جَمِيعًا ثُمَّ لَا تُنظِرُون. إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّي عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيم. فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ مَا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّونَهُ شَيْئًا إِنَّ رَبِّي عَلَى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ(سورة هود،رقم الآيات ۵۵،الیٰ ۵۷)

سرکاری، یا کسی اجتماعی فنڈ کے خزانہ سے لگایا جاتا ہے۔

حالانکہ اگر اس طرح کا کوئی شخص کسی کی دعوت پر کہیں جائے، تو اصولی طور پر اس کی سیکورٹی کا خرچ اسی داعی کے ذمہ لازم ہونا چاہیے، اور اگر کوئی اپنی ذاتی ضرورت کے لئے سفر کرے، تو اس کی سیکورٹی کے اخراجات ذاتی ضرورت کے لئے سفر کرنے والے کے ذمہ ہونا چاہئیں۔

پھر یہ حکم بھی ضروری حفاظتی اخراجات کے بارے میں ہے، باقی سیکورٹی کے عنوان سے جس قسم کے نمود ونمائش اور غلو ومبالغہ پر مشتمل اخراجات، اور شاہانہ انداز کا معاملہ ہے، تو اس کا نہ تو سنت وشریعت سے ثبوت ملتا، نہ ہی شرعی اصول وقواعد کی روشنی میں اس کا جواز نظر آتا۔

ہر مومن بندہ اللہ کی توحید کے ساتھ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت ونبوت کی تصدیق واقرار کرتا ہے، تو اسے اپنے نبی کے اسوہ وطریقہ کو بھی اختیار کرنا چاہیے۔

اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مال ودولت آنے پر خوش اور نہ آنے پر ناخوش ہونے والے کو ''اللہ کے بجائے'' مال ودولت کا بندہ قرار دیا ہے۔

ابوہریرہ وابوذر رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ، وَالدِّرْهَمِ، وَالْقَطِيْفَةِ، وَالْخَمِيْصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ لَّمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۶۴۳۵، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دینار ودرہم (یعنی روپیہ وپیسہ اور مال ودولت) اور اونی (یعنی عمدہ) لباس کا بندہ (یعنی مال ودولت اور اسباب کا پجاری) ہلاک ہو، اگر اسے یہ چیزیں ملتی ہیں، تو راضی ہوجاتا ہے ہیں اور اگر نہیں

Idara Ghufran

ملتیں، تو راضی نہیں ہوتا (بخاری)

اور اسی وجہ سے یہ بھی صاف بتلا دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کے مال اور صورتوں کو نہیں دیکھتا، بلکہ بندوں کے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ، وَلٰكِنْ يَنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۵۶۴ "۳۴" کتاب البر والصلة والآداب، باب تحریم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ نہیں دیکھتا، تمہاری صورتوں کی طرف، اور تمہارے مالوں کی طرف، اور لیکن دیکھتا ہے، تمہارے قلوب (یعنی دلوں) کی طرف، اور تمہارے اعمال کی طرف (صحیح مسلم)

اسی وجہ سے اللہ کے بندہ، اور مال ودولت کے بندہ کے دلوں میں فرق کا ہونا بھی لازم ہے، جس کی وضاحت کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اصل مالداری دل اور نفس کی مالداری کو، اور اصل فقیری وتنگ دستی، دل اور نفس کی تنگدستی کو قرار دیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: سَأَلَ مُوْسٰى رَبَّهُ عَنْ سِتِّ خِصَالٍ، كَانَ يَظُنُّ أَنَّهَا لَهُ خَالِصَةً، وَالسَّابِعَةُ لَمْ يَكُنْ مُوْسٰى يُحِبُّهَا، قَالَ: يَا رَبِّ أَيُّ عِبَادِكَ أَتْقٰى؟ قَالَ: اَلَّذِيْ يَذْكُرُ وَلَا يَنْسٰى، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَهْدٰى؟ قَالَ: اَلَّذِيْ يَتْبَعُ الْهُدٰى، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَحْكَمُ؟ قَالَ: اَلَّذِيْ يَحْكُمُ لِلنَّاسِ كَمَا يَحْكُمُ لِنَفْسِهِ، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَعْلَمُ؟ قَالَ: عَالِمٌ لَا يَشْبَعُ مِنَ الْعِلْمِ، يَجْمَعُ عِلْمَ النَّاسِ

إِلٰى عِلْمِهٖ، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَعَزُّ؟ قَالَ: اَلَّذِىْ إِذَا قَدَرَ غَفَرَ، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَغْنٰى؟ قَالَ: اَلَّذِىْ يَرْضٰى بِمَا يُؤْتٰى، قَالَ: فَأَيُّ عِبَادِكَ أَفْقَرُ؟ قَالَ: صَاحِبٌ مَنْقُوْصٌ .

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْغِنَى عَنْ ظَهْرٍ، إِنَّمَا الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا جَعَلَ غِنَاهُ فِيْ نَفْسِهٖ وَتُقَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ، وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا جَعَلَ فَقْرَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٢١٧، كتاب التاريخ، باب بدء الخالق) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے چھ خصلتوں کے بارے میں سوال کیا، آپ کا گمان یہ تھا کہ وہ خصلتیں خالص اُن کے اندر پائی جاتی ہیں، اور ساتویں خصلت کو موسیٰ پسند نہیں کرتے تھے۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے رب! آپ کا کون سا بندہ سب سے زیادہ تقوے والا ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ وہ بندہ جو ذکر کرے، اور بھولے نہیں۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا کون سا بندہ سب سے زیادہ ہدایت یافتہ ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ جو ہدایت کی اتباع کرے۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا کون سا بندہ سب سے اچھا فیصلہ کرنے والا ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ جو لوگوں کے لئے اسی طرح فیصلہ کرے،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

جس طرح اپنی ذات کے لئے کرتا ہے۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا کون سا بندہ زیادہ علم والا ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ جو عالم، علم سے شکم سیر نہ ہو، وہ لوگوں کے علم کو اپنے علم کے ساتھ جمع کرتا رہے۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا کون سا بندہ سب سے زیادہ عزت والا ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ جب وہ (سزا دینے، یا بدلہ لینے پر) قادر ہو، تو معاف کردے۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا کون سا بندہ سب سے زیادہ غنی و مالدار ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ جو بندہ اُس پر راضی ہو، جو اُسے عطاء کیا گیا ہے۔

موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کا کون سا بندہ سب سے زیادہ فقیر (وغریب) ہے؟

اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ اللہ کی عطاء کی ہوئی چیز کم سمجھنے والا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مال داری ظاہر سے نہیں ہوتی، بس مال داری تو نفس کی مال داری ہوتی ہے، اور جب اللہ کسی بندہ کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی مال داری کو اس کے نفس میں اور اس کے تقوے کو اس کے دل میں رکھ دیتا ہے۔

اور جب اللہ کسی بندہ کے ساتھ شر کا ارادہ کرتا ہے، تو اس کے فقر وفاقہ کو اس کی آنکھوں کے سامنے کردیتا ہے (ابن حبان)

Idara Ghufran

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَيْسَ الْغِنَى عَنْ ظَهْرٍ، إِنَّمَا الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا جَعَلَ غِنَاهُ فِي نَفْسِهِ وَتُقَاهُ فِي قَلْبِهِ، وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِعَبْدٍ شَرًّا جَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٢١٧،كتاب التاريخ،باب بدء الخالق) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مالداری ظاہری مال ودولت کی نہیں کہلاتی، بلکہ اصل مالداری نفس کی مالداری ہے، اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی مالداری کو اس کے نفس میں اور اس کے تقویٰ کو اس کے دل میں پیدا فرما دیتا ہے، اور جب اللہ کسی بندے کے ساتھ شر کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس کی آنکھوں میں اس کے فقر (اور غربت) کو پیدا فرما دیتا ہے (ابنِ حبان)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَاللّٰهِ مَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْفَقْرَ، وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ التَّكَاثُرَ، وَمَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْخَطَأَ وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْعَمْدَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٠٩٥٨) ؎۲

ترجمہ: مالداری ساز وسامان کی کثرت سے نہیں ہوتی، اصل میں مالداری تو دل کی مالداری ہوتی ہے، اللہ کی قسم! مجھے تم پر فقر وفاقہ کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر (مال کی) کثرت میں ایک دوسرے سے مقابلہ بازی کا خوف ہے، اور مجھے تم پر

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية ابنِ حبان)

؎۲ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

غلطی کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر جان بوجھ کر (گناہوں اور خاص کر مال کی محبت اور دوڑ میں ملوث ہونے کا) خوف ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَا أَبَا ذَرٍّ، أَتَرٰی کَثْرَۃَ الْمَالِ ھُوَ الْغِنٰی؟ قُلْتُ: نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: فَتَرٰی قِلَّۃَ الْمَالِ ھو الْفَقْرُ؟ قلْتُ: نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَال إِنَّمَا الْغِنَی غِنَی الْقَلْبِ، وَالْفَقْرُ فَقْرُ الْقَلْبِ (موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۵۲۱، کتاب الزھد، باب الغنی غنی النفس) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اے ابوذر! کیا تم مال کی کثرت کو مالداری سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں، اے اللہ کے رسول، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم مال کی قلت کو فقر سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں، اے اللہ کے رسول، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ایسا نہیں) بس اصل مالداری دل کی مالداری ہے، اور اصل فقر (وغربت) دل کا فقر ہے (مواردالظمآن الی زوائدابنِ حبان)

اور مستدرک حاکم میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنَّـہُ قَالَ: یَا أَبَا ذَرٍّ، أَتَرٰی کَثْرَۃَ الْمَالِ ھُوَ الْغِنٰی؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: وَتَرٰی أَنَّ قِلَّۃَ الْمَالِ ھُوَ الْفَقْرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ: لَیْسَ کَذٰلِکَ إِنَّمَا الْغِنٰی غِنَی الْقَلْبِ وَالْفَقْرُ فَقْرُ الْقَلْبِ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۷۹۲۹، کتاب الرقاق) [2]

---

[1] قال حسین سلیم أسد الدّارانی : إسناده صحیح، وھو فی صحیح ابن حبان(حاشیة موارد الظمآن)

[2] قال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری.

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! کیا آپ مال زیادہ ہونے کو غناء (ومالداری) سمجھتے ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ بے شک! پھر فرمایا کہ کیا آپ مال کم ہونے کو فقر (وغریبی) سمجھتے ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ بے شک اے اللہ کے رسول! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسی بات نہیں، بلکہ اصل غناء (ومالداری) دل کا غنی (ومالدار ہونا) ہے، اور اصل فقر (وغریبی) دل کا فقیر (وغریب ہونا) ہے (حاکم)

اس سے صاف معلوم ہوا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک مال ودولت کی کثرت کا نام غناء ومالداری، اور مال ودولت کی قلت کا نام فقر نہیں، بلکہ دل اور نفس کے غنی ومالدار ہونے کا نام غنی ومالدار ہونا، اور دل کے فقر کا نام فقیر وغریب ہونا ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دل کے فقیر، اور دل کے مال دار ہونے والے دونوں قسم کے لوگوں کے بارے میں یہ بھی واضح فرمادیا کہ ان کی نیتیں اور اغراض بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں، جس کی وجہ سے ایک ہمیشہ فقیر رہتا ہے، اور دوسرا ہمیشہ غنی رہتا ہے۔

زید بن ثابت وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ، وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهِ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٤١٠٥، ابواب الزهد، باب الهم بالدنيا، مسند احمد، رقم الحديث ٢١٥٩٠) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه وحاشية مسند احمد)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کی فکر دنیا کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملہ کو اس پر پریشان کن بنا دیتا ہے، اور اس کے فقر کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دیتا ہے، اور دنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کے لیے (تقدیر میں) لکھی ہے۔

اور جس شخص کی نیت آخرت کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملات کو درست کر دیتا ہے، اور اس کے دل میں مالداری ڈال دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل وخوار ہو کر آتی ہے (یہ دنیا کے سامنے ذلیل نہیں ہوتا) (ابنِ ماجہ، مسند احمد)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ:

وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا نِيَّتَهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَهُ وَجَعَلَ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٨٠، كتاب الرقائق، باب الفقر والزهد والقناعة) [1]

ترجمہ: اور وہ شخص کہ دنیا (کمانا اور حاصل کرنا) اس کی نیت ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملہ کو اس پر پریشان کن بنا دیتا ہے، اور اس کے فقر کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دیتا ہے، اور دنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کے لیے (تقدیر میں) لکھی ہے۔

اور جس شخص کی نیت آخرت کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملات کو درست کر دیتا ہے، اور اس کے دل میں مالداری ڈال دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل وخوار ہو کر آتی ہے (اور یہ خود دنیا کے سامنے ذلیل نہیں ہوتا) (ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ، وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَفَرَّقَ عَلَيْهِ شَمْلَهُ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا قُدِّرَ لَهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۴۶۵،أبواب صفة القيامة والرقائق والورع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو آخرت کی فکر ہوتی ہے، تو اللہ، اس کا دل غنی ومال دار کر دیتا ہے، اور اس کے منتشر اور پھیلے ہوئے کاموں کو جمع کر دیتا (یعنی سمیٹ دیتا اور مختصر کر دیتا ہے) ہے اور دنیا اس کے پاس خوار (یعنی ذلیل وخوار اور نیچی) ہوکر کر آتی ہے، اور جس شخص کو دنیا کی فکر ہوتی ہے، تو اللہ فقر ومحتاجی کو اس کی دونوں آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے، اور اس کے جمع شدہ کاموں کو منتشر کر دیتا (اور پھیلا دیتا) ہے اور دنیا بھی اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کے لئے مقدر ہوتی ہے (سنن ترمذی)

اور جب دونوں قسم کے لوگوں کے دل کی نیتیں واغراض مختلف ہوتی ہیں، تو لازمی طور پر ان کے اعمال میں بھی نمایاں فرق نظر آتا ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وضاحت بھی فرمادی ہے۔

ابوہریرہ ومعقل بن یسار رضی اللہ عنہما کی حدیث

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الالبانی: وسكت عنه الترمذی، وهو إسناد ضعيف لكنه حسن فی المتابعات، قال المنذری (4/82) " : ورواه الترمذی عن يزيد الرقاشی عنه وقد وثق ولابأس به فی المتابعات (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۹۴۹)

تَــلا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ”مَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الْآخِرَۃِ نَـزِدْ لَـہٗ فِـیْ حَرْثِہٖ، وَمَنْ کَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الدُّنْیَا نُؤْتِہٖ مِنْھَا وَمَا لَـہٗ فِی الْآخِرَۃِ مِنْ نَّصِیْبٍ“ ثُـمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:یَقُوْلُ اللّٰـہُ عَـزَّ وَجَـلَّ:اِبْـنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِیْ اِمْلَأْ صَدْرَکَ غِنًی، وَأَسُدَّ فَـقْـرَکَ وَإِلَّا تَـفْـعَـلْ مَــلَأْتُ صَـدْرَکَ شُـغْـلًا وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَکَ

(مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۳۶۵۷، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ حم عسق) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ شوریٰ کی) یہ آیت تلاوت فرمائی (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) جو کوئی ارادہ کرے گا آخرت کی کھیتی کا، زیادہ کر دیں گے ہم اس کے لیے اس کی کھیتی میں، اور جو کوئی ارادہ کرے گا، دنیا کی کھیتی کا، تو دے دیں گے ہم اس کو اس میں سے، اور نہیں ہوگا، اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عز وجل یہ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! تو اپنے آپ کو میری عبادت کے لیے فارغ کر لے، میں تیرے سینہ کو مالداری سے بھر دوں گا، اور تیرے فقر و فاقہ کو روک دوں گا، اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا، تو میں تیرے سینہ کو (دنیا کے افکار اور ذمہ داریوں کی) مشغولی سے بھر دوں گا، اور تیرے فقر و فاقہ کو نہیں روکوں گا (حاکم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک حدیث میں اس طرح روایت ہے کہ:

عَـنِ الـنَّبِـیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ اللّٰہَ جَلَّ وَعَـلَا یَقُوْلُ یَا بْنَ آدَمَ تَـفَـرَّغْ لِـعِبَادَتِیْ أَمْلَأْ صَدْرَکَ غِنًی وَأَسُدَّ فَقْرَکَ وَإِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَأْتُ یَدَکَ شُغْلًا وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَکَ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث

---

[1] قال الحاکم:ھذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ.
و قال الذھبی فی التلخیص: صحیح.

۳۹۳، کتاب البر والإحسان، باب الإخلاص وأعمال السر، موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحدیث ۲۴۷۷، باب فیمن تفرغ لطاعة الله تعالى) ۱؎

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل یہ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! میری عبادت کے لیے فارغ ہوجا، میں تیرے سینہ (اور دل) کو مال داری سے بھردوں گا، اور تیرے فقر وفاقہ کو بند کردوں گا، اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا، تو میں تیرے ہاتھوں کو مشغولی سے بھردوں گا، اور تیرے فقر وفاقہ کو بند نہیں کروں گا (ابنِ حبان)

اور حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُوْلُ رَبُّكُمْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: يَا ابْنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ أَمْلَأْ قَلْبَكَ غِنًى وَأَمْلَأْ يَدَيْكَ رِزْقًا، يَا ابْنَ آدَمَ لَا تَبَاعَدْ مِنِّيْ فَأَمْلَأْ قَلْبَكَ فَقْرًا وَأَمْلَأْ يَدَيْكَ شُغْلًا

(مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۷۹۲۶، کتاب الرقاق) ۲؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا رب تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! تو میری عبادت کے لیے فارغ ہوجا، میں تیرے دل کو مال داری سے بھردوں گا، اور تیرے ہاتھوں کو رزق سے بھردوں گا، اے ابنِ آدم! تو مجھ سے دور نہ ہو، ورنہ تیرے دل کو میں فقر وفاقہ سے بھردوں گا، اور تیرے ہاتھوں کو مشغولی سے بھردوں گا (حاکم)

معلوم ہوا کہ اللہ کو مقصود بنانے والوں، اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دینے والوں کے لئے اللہ کا

۱؎ قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن، زائدة بن نشيط: روى عنه اثنان، وذكره ابن حبان فى "الثقات 6/339"، وباقي رجاله ثقات (حاشية صحيح ابن حبان)
وقال حسين سليم أسد الدّاراني: إسناده صحيح (حاشية موارد الظمآن)

۲؎ قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
و قال الذهبي فى التلخيص: صحيح.

معاملہ دوسروں سے مختلف ہوتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مذکورہ بندوں کو کفایت وقناعت کی نعمت حاصل ہوتی ہے، اور وہ دنیا اور مال ودولت کی حرص وطمع سے دور رہتے ہیں، اور مال ودولت کو بڑھانے کی فکر میں مشغول نہیں رہتے۔

عبداللہ بن عمرو، وفضالہ بن عبید رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ هُدِیَ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَرُزِقَ الْكَفَافَ، وَقَنَعَ بِهٖ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۳۸، ابواب الزهد، باب القناعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ وہ شخص کامیاب ہوگیا، جس کو اسلام کی ہدایت حاصل ہوگئی، اور (ضروریات میں) کفایت کرنے والا رزق حاصل ہوگیا، اور اس نے اس پر قناعت کی (ابنِ ماجہ)

اور حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: طُوْبٰى لِمَنْ هُدِیَ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَكَانَ عَيْشُهُ كَفَافًا وَقَنَعَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۳۴۹، ابواب الزهد، باب ما جاء فی الكفاف والصبر عليه) [2]

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ خوشخبری اور مبارکباد ہو، اس شخص کے لئے جس کو اسلام کی ہدایت حاصل ہوگئی، اور اس کا گذربسر (ضروری) کفایت والا ہو، اور وہ اس پر قناعت اختیار کرے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال الترمذی: وأبو هانیء اسمه: حميد بن هانیء: "هذا حديث صحيح.

اوراسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قناعت وکفایت والے شخص کی حالت کو کثرت وغفلت والے شخص کی حالت سے بہتر قرار دیا ہے۔

اور ایسے قناعت پسند وکفایت شعار بندوں کو اللہ اپنے راستہ میں خرچ کرنے کی بھی توفیق عطاء فرماتا ہے، اوران کے لئے ہردن اللہ کی طرف سے مال میں برکت کا اعلان ہوتا ہے۔

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ قَطُّ إِلَّا بُعِثَ بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ، يُسْمِعَانِ أَهْلَ الْأَرْضِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ:يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوْا إِلٰى رَبِّكُمْ فَإِنَّ مَا قَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَأَلْهٰى، وَلَا آبَتْ شَمْسٌ قَطُّ إِلَّا بُعِثَ بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ يُسْمِعَانِ أَهْلَ الْأَرْضِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ:اَللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَأَعْطِ مُمْسِكًا مَالًا تَلَفًا

(مسند احمد، رقم الحديث ٢١٧٢١) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بھی سورج طلوع ہوتا ہے، تو اس کے ساتھ دوفرشتے بھیجے جاتے ہیں، جو یہ منادی (واعلان) کرتے ہیں، اور اس منادی کو جن وانس کے علاوہ تمام اہلِ زمین سنتے ہیں، کہ اے لوگو! تم اپنے رب کی طرف آؤ، کیونکہ وہ تھوڑا جو کافی ہوجائے، اس سے بہتر ہے، جو زیادہ ہو، لیکن غفلت میں ڈال دے، اسی طرح جب سورج غروب ہوتا ہے، تو اس کے ساتھ دوفرشتے بھیجے جاتے ہیں، جو یہ منادی کرتے ہیں، اوراس منادی کو بھی جن وانس کے علاوہ تمام اہلِ زمین سنتے ہیں، کہ اے اللہ! (صحیح مصرف میں) خرچ

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن من أجل خليد العصرى، وهو ابن عبد الله، وباقى رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

کرنے والے کو اس کا نعم البدل عطاء فرما، اور اے اللہ! روک کر رکھنے (یعنی بخل کرنے) والے کے مال کو ہلاک فرما (مسند احمد)

ابوسعید خدری وابوامامہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَی الْأَعْوَادِ وَهُوَ یَقُوْلُ: مَا قَلَّ وَكَفٰى خَیْرٌ مِّمَّا كَثُرَ وَأَلْهٰی (مسند ابی یعلٰی، رقم الحدیث ۱۰۵۳، من مسند أبی سعید الخدری) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا، اور آپ اس وقت (منبر کی) لکڑیوں پر تھے، اور یہ فرما رہے تھے کہ جو تھوڑا ہو، اور کافی ہو، وہ بہتر ہے جو زیادہ ہو، اور غفلت میں ڈال دے (مسند ابی یعلٰی)

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: أَیُّهَا النَّاسُ، هَلُمُّوْا إِلٰی رَبِّكُمْ إِنَّ مَا قَلَّ وَكَفٰى خَیْرٌ مِّمَّا كَثُرَ وَأَلْهٰی (المعجم الكبير، للطبرنی، رقم الحدیث ۸۰۲۰)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو اپنے رب کی طرف چلو، بے شک جو تھوڑا ہو، اور کافی ہو، وہ بہتر ہے، اس سے جو زیادہ ہو، اور

---

[1] قال الالبانی:
قلت: وهذا إسناد رجاله ثقات رجال "الصحيح "غير صدقة بن الربيع، أورده ابن أبي حاتم (2 / 1 / 433) بهذه الرواية عنه ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا.
وأما الهيثمي فجزم في "المجمع (10 / 256) "بأنه ثقة. ولعل عمدته في ذلك أن يكون رآه في "الثقات "لابن حبان، كما وقع له في تراجم كثيرة. وأبو سعيد هو مولى بني هاشم، واسمه عبد الرحمن بن عبد الله البصري (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۴۷)

غفلت میں ڈال دے (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کچھ ضعف ہے، لیکن دوسری احادیث کی تائید کی وجہ سے نقصان دہ نہیں۔ [1]

اور اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کفایت وقناعت اور عافیت کو بہت عظیم نعمت قرار دیا۔

عبیداللہ، بریدہ وجابر رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبیداللہ بن محصن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمْ مُعَافًى فِيْ جَسَدِهٖ، آمِنًا فِيْ سِرْبِهٖ، عِنْدَهٗ قُوْتُ يَوْمِهٖ، فَكَأَنَّمَا حِيْزَتْ لَهُ الدُّنْيَا (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۴۱، ابواب الزهد، باب القناعة) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے اس حالت میں صبح کرے کہ اس کے جسم میں عافیت ہو، اور اس کے گھر (بال بچوں) میں امن ہو، اور اس کے پاس اس دن کی روزی بھی ہو، تو گویا کہ اس کے لئے ساری دنیا اکٹھی کردی گئی (ابنِ ماجہ)

اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَكْفِ أَحَدَكُمْ مِنَ الدُّنْيَا خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۰۴۳) [3]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني من حديث فضال، عن أبي أمامة، وفضال ضعيف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۶۷، باب ما قل وكفى خير مما كثر وألهى)
وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثري: قلت: وبما سبق يرتقي حديث الباب إلى الحسن لغيره، والله الموفق (حاشية المطالب العالية محققاً، ج۱۳، ص ۳۳۶، تحت رقم الحديث ۳۱۸۶، كتاب الرقائق، باب الترغيب في التسهيل في أمور الدنيا)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن بمجموع شواهده (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[3] قال شعيب الارنؤوط: حديث محتمل للتحسين بشاهده (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کسی کے لئے دنیا میں ایک خادم، اور سواری کافی ہے (مسند احمد)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ، وَفِرَاشٌ لِامْرَأَتِهِ، وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ، وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٠٨٤ "٤١" كتاب اللباس والزينة، باب: كراهة ما زاد على الحاجة من الفراش واللباس)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ ایک بستر آدمی کے لئے، اور ایک بستر اس کی عورت (یعنی بیوی) کے لئے، اور ایک بستر مہمان کے لئے ہونا چاہئے، اور چوتھا (یعنی فالتو) بستر شیطان کے لئے ہوتا ہے (مسلم)

اسی کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قناعت پسند و کفایت شعار لوگوں کو جہد و مشقت پیش آنے کی صورت میں صبر کرنے پر عظیم فضیلت و برکت کا اعلان فرمایا ہے۔

ابنِ عمر اور بنو سلیم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہما کی حدیث

چنانچہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا صَبَرَ أَهْلُ بَيْتٍ ثَلَاثَةً عَلٰى جَهْدٍ إِلَّا أَتَاهُمُ اللّٰهُ بِرِزْقٍ (مسند أبي يعلى الموصلي، رقم الحديث ٥٧٠٨، مسند عبد الله بن عمر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو گھر والے بھی تین دن تک مشقت پر صبر کرتے ہیں، تو اللہ ان کو رزق عطاء فرما دیتا ہے (مسند ابی یعلیٰ)

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده جيد (حاشية مسند ابى يعلىٰ)

بنوسلیم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَیَبْتَلِی الْعَبْدَ بِمَا أَعْطَاہُ، فَمَنْ رَضِیَ بِمَا أَتَاہُ اللّٰہُ بَارَکَ لَہٗ وَوَسَّعَہٗ، وَمَنْ لَّمْ یَرْضَ، لَمْ یُبَارِکْ لَہٗ فِیْہِ وَلَمْ یُوَسِّعْہُ (شعب الایمان،للبیھقی،رقم الحدیث ۱۲۹۲،الثالث عشر من شعب الإیمان:وھو باب التوکل باللہ عز وجل والتسلیم لأمرہ تعالی فی کل شیء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کی ان چیزوں پر آزمائش کرتا ہے، جو اس کو عطاء کیں، پس جو بندہ اس پر راضی ہوجاتا ہے، جو اسے اللہ نے عطاء کیں، تو اللہ اس کے لئے برکت عطاء فرماتا ہے، اور اس میں وسعت دیتا ہے، اور جو اس پر راضی نہیں ہوتا، تو اس کو نہ تو اس میں برکت عطاء فرماتا، اور نہ ہی اس میں وسعت عطاء فرماتا (بیہقی)

اس طرح کی حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

یہ مضمون اس قرآنی آیت کے مطابق ہے، جس میں تنگی کے ساتھ آسانی کا ذکر کیا گیا ہے۔

چنانچہ سورہ انشراح میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا. إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا (سورۃ الانشراح، رقم الآیات، ۵،۶)

ترجمہ: پس بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے، بے شک تنگی کے ساتھ آسانی ہے (سورہ انشراح)

---

[1] حدثنا إسماعیل، عن یونس، حدثنی أبو العلاء بن الشخیر، حدثنی أحد بنی سلیم، ولا أحسبہ إلا قد رأی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم " :أن اللہ یبتلی عبدہ بما أعطاہ، فمن رضی بما قسم اللہ لہ، بارک اللہ لہ فیہ، ووسعہ، ومن لم یرض لم یبارک لہ "(مسند الإمام أحمد،رقم الحدیث ۲۰۲۷۹)

قال شعیب الارنؤوط:إسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الشیخین غیر صحابیہ، وجھالتہ لا تضر(حاشیۃ مسند احمد)

اور اسی وجہ سے دل کے غنی اور حرص وطمع سے پاک شخص کے حاصل ہونے والے مال کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے باعثِ برکت قرار دیا ہے۔

حکیم بن حزام، عائشہ وابوسعید خدری رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ، فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ لِيْ: يَا حَكِيْمُ، إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ، بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ، لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى (صحيح البخاری، رقم الحديث ٢٧٥٠، كتاب الوصايا، باب تأويل قول الله تعالى:"من بعد وصية توصون بها أو دين")

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا، تو آپ نے مجھے دیا، میں نے پھر مانگا، تو آپ نے پھر مجھے دے دیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے حکیم! یہ مال سرسبز وشاداب اور میٹھا ہے، جو اس کو سخاوتِ نفس کے ساتھ لے، تو اس میں برکت دی جاتی ہے اور جو لالچ کے ساتھ اس کو لے، تو اس میں برکت نہیں دی جاتی اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے، جو کھاتا ہے، لیکن پیٹ نہیں بھرتا، اور اوپر (یعنی دینے) والا ہاتھ نیچے (یعنی لینے) والے ہاتھ سے بہتر ہے (بخاری)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ آتَيْنَاهُ مِنْهَا شَيْئًا بِطِيْبِ نَفْسٍ مِّنَّا، وَطِيْبِ طُعْمَةٍ مِنْهُ، وَلَا إِشْرَاهٍ

مِنْهُ، بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ آتَيْنَاهُ مِنْهَا شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ مِنَّا، وَغَيْرِ طِيبِ طُعْمَةٍ، وَإِشْرَاهٍ مِنْهُ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۴۳۹۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دنیا (و مال) سرسبز و شاداب، میٹھی ہے، پس جس کو ہم اس میں سے کچھ اپنی طرف سے خوش دلی کے ساتھ، اور اس میں سے پاکیزہ کھانے کی کوئی چیز دیں، جس میں اس لینے والے کی طرف سے لالچ شامل نہ ہو، تو اس کے لئے اس میں برکت ڈال دی جاتی ہے، اور جس شخص کو ہم اس میں سے کوئی چیز اپنی خوشی کے بغیر اور اچھے کھانے کے علاوہ دیدیں، اور اس میں اس کا لالچ شامل ہو، تو اس کے لئے اس میں برکت نہیں ڈالی جاتی (مسند احمد)

اور مطلب بن حنطب سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ بَعَثَ إِلٰى عَائِشَةَ بِنَفَقَةٍ وَكِسْوَةٍ، فَقَالَتْ لِلرَّسُولِ: إِنِّي يَا بُنَيَّ، لَا أَقْبَلُ مِنْ أَحَدٍ شَيْئًا، فَلَمَّا خَرَجَ قَالَتْ: رُدُّوهُ عَلَيَّ، فَرَدُّوهُ، فَقَالَتْ: إِنِّي ذَكَرْتُ شَيْئًا قَالَهُ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، مَنْ أَعْطَاكِ عَطَاءً بِغَيْرِ مَسْأَلَةٍ، فَاقْبَلِيهِ، فَإِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ عَرَضَهُ اللّٰهُ لَكِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث ۲۴۴۸۰) [2]

ترجمہ: عبداللہ بن عامر نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کچھ خرچہ اور کپڑے بھیجے، تو حضرت عائشہ نے قاصد سے فرمایا کہ اے میرے بیٹے میں کسی سے کوئی چیز نہیں لیا کرتی، پھر جب وہ قاصد نکل گیا، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیة مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

کہ اس کو میرے پاس واپس بلاؤ، پس لوگوں نے اس کو واپس بلایا، تو حضرت عائشہ نے فرمایا کہ مجھے ایک بات یاد آ گئی، جو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی کہ اے عائشہ! جو شخص آپ کو کوئی چیز سوال کئے بغیر دے، تو اس کو قبول کرلو، کیونکہ وہ ایسا رزق ہے، جو اللہ نے آپ کے لئے پیش کیا ہے (مسند احمد)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

مَنْ اسْتَغْنٰى أَغْنَاهُ اللّٰهُ، وَمَنِ اسْتَعَفَّ أَعَفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اِسْتَكْفٰى كَفَاهُ اللّٰهُ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٠٦٠) [1]

ترجمہ: جو بندہ استغناء اختیار کرتا ہے، تو اللہ اس کو غنی فرمادیتا ہے، اور جو بندہ پاکدامنی چاہتا ہے، تو اللہ اس کو پاکدامنی عطاء فرمادیتا ہے، اور جو بندہ کفایت شعاری چاہتا ہے، تو اللہ اسے کفایت عطاء فرمادیتا ہے (مسند احمد)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت میں اس طرح مروی ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا مِّنَ الْأَنْصَارِ كَانَتْ بِهٖ حَاجَةٌ، فَقَالَ لَهٗ أَهْلُهٗ: اِئْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْأَلْهُ فَأَتَاهُ وَهُوَ يَخْطُبُ، وَهُوَ يَقُوْلُ: مَنْ اِسْتَعَفَّ أَعَفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اِسْتَغْنٰى أَغْنَاهُ اللّٰهُ، وَمَنْ سَأَلَنَا فَوَجَدْنَا لَهٗ أَعْطَيْنَاهُ، قَالَ: فَذَهَبَ وَلَمْ يَسْأَلْ (مسند احمد، رقم الحديث ١٠٩٨٩) [2]

ترجمہ: انصار کے ایک آدمی کو کوئی حاجت وضرورت پیش آئی، تو اس کے گھر والوں نے کہا کہ تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر سوال کرو، وہ انصاری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت خطبہ دے رہے تھے، اور فرمارہے تھے کہ جو اپنے آپ کو پاک دامن رکھتا ہے (یعنی اللہ کے علاوہ دوسروں سے سوال نہیں کرتا) تو اللہ اس کو (اس سوال) سے پاک فرمادیتا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ہے، اور جو شخص استغناء اختیار کرتا ہے (یعنی اپنے آپ کو اللہ کے علاوہ دوسروں کا محتاج نہیں سمجھتا، بلکہ دل سے اپنے آپ کو غنی سمجھتا ہے) تو اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے، اور جو ہم سے سوال کرے گا، پھر ہم اس کی ضرورت کی چیز پائیں گے، تو اس کو دے دیں گے، یہ سن کر وہ انصاری صحابی واپس چلے گئے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال نہیں کیا (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ جو شخص حرام چیز حاصل کرنے اور لوگوں سے مانگنے اور سوال کرنے سے اپنے ضمیر کو پاک رکھنا چاہتا ہے، تو اس کے ضمیر کو اللہ پاکدامنی کی توفیق عطاء فرما دیتا ہے، اور جو شخص لوگوں سے سوال کرنے اور مانگنے سے اپنے آپ کو بچانا اور محفوظ رکھنا چاہتا ہے، تو اللہ اس کے دل کو غنی فرما دیتا ہے، اور اس کی ضروریات کو غیب سے پوری فرما دیتا ہے، اور جو شخص اللہ کے دیئے ہوئے مال اور چیز پر اکتفا کرنا چاہتا ہے، اور اس سے راضی ہوتا ہے، تو اس کو اللہ تعالیٰ قناعت وکفایت کی نعمت عطاء فرما دیتا ہے، جس کے بعد اسے، مانگنے اور سوال کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ أَهْلَهُ شَكَوْا إِلَيْهِ الْحَاجَةَ، فَخَرَجَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْأَلَهُ لَهُمْ شَيْئًا، فَوَافَقَهُ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: أَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ آنَ لَكُمْ أَنْ تَسْتَغْنُوْا عَنِ الْمَسْأَلَةِ، فَإِنَّهُ مَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفُّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا رُزِقَ عَبْدٌ شَيْئًا أَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ، وَلَئِنْ أَبَيْتُمْ إِلَّا أَنْ تَسْأَلُوْنِىْ لَأُعْطِيَنَّكُمْ مَا وَجَدْتُ

(صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٣٣٩٩، كتاب الزكاة، باب المسألة والأخذ وما يتعلق به من المكافأة والثناء والشكر) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

ترجمہ:ان کے گھر والوں نے اُن سے کسی ضرورت کی شکایت کی،تو ابوسعید خدری،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے،تا کہ گھر والوں کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز مانگیں،تو ابوسعید نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر موجود پایا،اور یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اے لوگو!تم پر اب وہ وقت آ چکا ہے کہ تم سوال کرنے سے استغناء اور اجتناب کرو،کیونکہ جو اپنے آپ کو پاک دامن رکھتا ہے(یعنی اللہ کے علاوہ دوسروں سے سوال نہیں کرتا)تو اللہ اس کو(اس سوال)سے پاک فرمادیتا ہے،اور جو شخص استغناء اختیار کرتا ہے(یعنی اپنے آپ کو اللہ کے علاوہ دوسروں کا محتاج نہیں سمجھتا،بلکہ دل سے اپنے آپ کو غنی سمجھتا ہے)تو اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے،اور قسم ہے اس ذات کی،جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے،بندہ کو صبر کے مقابلہ میں کوئی بھی دوسرا رزق زیادہ وسعت(وفراخی اور کشادگی)پیدا کرنے والا نہیں دیا گیا،لیکن اگر تم مجھ سے سوال کرنے سے باز نہیں آ ؤ گے،تو میں جو پاؤں گا،وہ تمہیں دے دوں گا (ابنِ حبان)

اور ہلال بن حصن سے روایت ہے کہ:

نَزَلْتُ دَارَ أَبِى سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، فَضَمَّنِيْ وَإِيَّاهُ الْمَجْلِسُ، قَالَ: فَحَدَّثَ أَنَّهُ أَصْبَحَ ذَاتَ يَوْمٍ وَقَدْ عَصَبَ عَلٰى بَطْنِهِ حَجَرًا مِنَ الْجُوْعِ، فَقَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ أَوْ أُمُّهُ:إِيْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلْهُ؛ فَقَدْ أَتَاهُ فُلَانٌ فَسَأَلَهُ فَأَعْطَاهُ، وَأَتَاهُ فُلَانٌ فَسَأَلَهُ فَأَعْطَاهُ، قَالَ:قُلْتُ:حَتّٰى أَلْتَمِسَ شَيْئًا، قَالَ:فَالْتَمَسْتُ شَيْئًا، فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ يَخْطُبُ، قَالَ:فَأَدْرَكْتُ مِنْ قَوْلِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ:مَنْ يَّسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ سَأَلَنَا إِمَّا أَنْ نَبْذُلَ لَهُ أَوْ نُوَاسِيَهُ – أَبُوْ جَمْرَةَ الشَّاكُّ – وَمَنْ يَّسْتَعِفَّ عَنَّا أَوْ يَسْتَغْنِ أَحَبُّ إِلَيْنَا مِمَّنْ يَسْأَلُنَا،قَالَ:فَرَجَعْتُ فَمَا سَأَلْتُهُ شَيْئًا، فَمَا زَالَ اللّٰهُ يَرْزُقُنَا حَتّٰى مَا

أَعْلَمُ أَحَدًا فِي الْأَنْصَارِ أَهْلَ بَيْتٍ أَكْثَرَ أَمْوَالًا مِنَّا (تهذيب الآثار للطبرى، ج ا ص ١٠، رقم الحديث ٩، مسند عمر بن خطاب رضى الله عنه، مسند احمد، رقم الحديث ١١٤٠١)[1]

ترجمہ: میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے گھر حاضر ہوا، تو انہوں نے مجھے اپنے قریب بٹھایا، اور انہوں نے یہ حدیث بیان کی کہ انہوں نے ایک دن صبح کے وقت بھوک کی وجہ سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ رکھا تھا، تو ان کی بیوی، یا والدہ نے ان سے کہا کہ تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر ان سے سوال کرو، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فلاں آدمی نے آ کر سوال کیا تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فلاں آدمی نے بھی آ کر سوال کیا تھا، اس کو بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا (لہٰذا تم بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرلو) میں نے کہا کہ پہلے میں تلاش کرلوں کہ میرے پاس کچھ ہے تو نہیں، میں نے تلاش کیا (جب مجھے کچھ نہ ملا) تو میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے (اس موقع پر) میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص سوال سے بچتا ہے، اللہ اس کو سوال سے بچالیتا ہے، اور جو شخص دوسروں سے استغنا اختیار کرتا ہے، تو اس کو اللہ غنی فرما دیتا ہے، اور جو شخص ہم سے کوئی چیز مانگتا ہے، یا تو ہم اسے دے دیتے ہیں، یا اس کی غم خواری کرتے ہیں (ابوحمزہ راوی کو ان الفاظ میں شک ہوا) اور جو شخص ہم سے سوال

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد ضعيف، هلال بن حصن –وهو أخو بنى قيس بن ثعلبة– لم يذكروا فى الرواة عنه غير أبى حمزة وقتادة، ولم يؤثر توثيقه عن غير ابن حبان، وهو من رجال "تعجيل المنفعة"، وأبو حمزة –وهو عبد الرحمن بن عبد الله، ويقال: ابن أبى عبد الله المازنى البصرى، جار شعبة، وإن لم يرو عنه غير شعبة ويونس بن أبى الفرات، ولم يؤثر توثيقه عن غير ابن حبان– متابع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين. حجاج: هو ابن محمد المصيصى الأعور، وشعبة: هو ابن الحجاج (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

نہیں کرتا، یا استغنا اختیار کرتا ہے، وہ ہمیں اس شخص سے زیادہ پسند ہے، جو ہم سے سوال کرتا ہے۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں اسی حال میں واپس لوٹ آیا، اور میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی چیز کا سوال نہیں کیا، پھر (اس کی برکت سے) اللہ، ہم کو برابر رزق عطا فرماتا رہا، یہاں تک کہ میرے علم کے مطابق انصار میں کوئی گھر ہمارے مقابلے میں زیادہ مالدار نہیں تھا (طبری، مسند احمد)

معاویہ، وابنِ مسعود رضی اللہ عنہما حدیث

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

فَمَنْ أَعْطَيْتُهُ عَنْ طِيبِ نَفْسٍ فَيُبَارَكُ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَعْطَيْتُهُ عَنْ مَسْأَلَةٍ وَشَرَهٍ كَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ (صحيح مسلم ،رقم الحديث ١٠٣٧ "٩٨" كتاب الزكاة، باب النهي عن المسألة)

ترجمہ: جس کو میں نے طیبِ نفس (یعنی بغیر سوال اور بغیر حرص) کے دیا، تو اس کے لئے اس میں برکت دی جائے گی، اور جس کو میں نے سوال کرنے اور (مال کی) حرص رکھنے پر دیا، تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ وہ کھاتا ہے، اور پیٹ نہیں بھرتا (مسلم)

اس سے معلوم ہوا کہ جو مال سوال کر کے، یا بھیک مانگ کر حاصل کیا جائے، اس میں برکت نہیں ہوتی، اور اس سے انسان کی صحیح ضروریات پوری نہیں ہوتی، جیسا کہ وہ کھانے والا شخص کہ جس کا کھانے سے پیٹ نہیں بھرتا۔

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَصَابَتْهُ فَاقَةٌ فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ وَمَنْ أَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ أَوْشَكَ اللّٰهُ لَهُ بِالْغِنٰى إِمَّا

بِمَوْتٍ عَاجِلٍ أَوْ غِنًى عَاجِلٍ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۱٦٤٥، کتاب الزکاة،باب فی الاستعفاف، سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۳۲٦، مسند احمد، رقم الحديث ۳۸٦۹؛ مستدرک حاکم، رقم الحديث ۱٤۸۲.) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو فاقہ پہنچا اور اس نے اس کو لوگوں کے سامنے رکھا (یعنی سوال کیا اور بھیک مانگی) تو اس کا فاقہ بند نہیں کیا جائے گا، اور جس نے اس کو اللہ کے سامنے رکھا، تو قریب ہے کہ اللہ اسے غنی بنا دے گا، یا تو جلدی موت دے کر، یا جلدی مالدار بنا کر (ابوداؤد، ترمذی، مسند احمد، حاکم)

ابنِ عباس، ابنِ عوف وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ فَتَحَ عَلٰى نَفْسِهٖ بَابَ مَسْأَلَةٍ مِنْ غَيْرِ فَاقَةٍ نَزَلَتْ بِهٖ، أَوْ عِيَالٍ لَا يُطِيْقُهُمْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ الْفَاقَةِ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (شعب الإيمان للبيهقي، رقم الحديث ۳۲۵۰، الثانی والعشرون من شعب الإيمان وهو باب فی الزكاة،فصل فی الاستعفاف عن المسألة، تهذيب الآثار للطبری رقم الحديث ۲۱) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے آپ پر سوال کرنے کا دروازہ کھولا، جبکہ اس کے، یا اس کے اہل وعیال کے ساتھ اس طرح کا فاقہ پیش نہیں آیا تھا، جس کی انہیں طاقت نہیں تھی، تو اللہ اس پر فاقہ کے دروازے کو

---

[1] قال الترمذی:هذا حديث حسن صحيح غريب.
وقال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه .
وقال شعيب الارنؤوط:اسناده حسن(حاشية سنن ابی داؤد وحاشية مسند احمد)

[2] قال المنذری:رواه البيهقی وهو حديث جيد فی الشواهد(الترغيب والترهيب، ج ۱ ص ۳۲۳، كتاب الصدقات،الترهيب من المسألة وتحريمها مع الغنى وما جاء فی ذم الطمع الخ)

www.idaraghufran.org

ایسے طریقہ سے کھول دے گا، جس کا اسے گمان بھی نہیں ہوگا (بیہقی)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَلَا يَفْتَحُ عَبْدٌ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ (مسند الإمام أحمد بن حنبل، رقم الحديث ۱۶۷۴) [1]

ترجمہ: جو بندہ بھی سوال کرنے کے دروازے کو کھولتا ہے، تو اللہ اس پر فقر وفاقہ کے دروازے کو کھول دیتا ہے (مسند احمد)

اس سے معلوم ہوا کہ سوال کرنے اور بھیک مانگنے سے فقر وفاقہ کا دروازہ کھلتا ہے۔

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَكَفَّلَ لِيْ أَنْ لَّا يَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا وَأَتَكَفَّلَ لَهُ بِالْجَنَّةِ. فَقَالَ ثَوْبَانُ أَنَا. فَكَانَ لَا يَسْأَلُ أَحَدًا شَيْئًا (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۱۶۴۳، كتاب الزكاة، باب كراهية المسالة؛ مسند احمد، رقم الحديث ۲۲۳۷۴) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اس بات کی کون ضمانت دیتا ہے کہ وہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہیں کرے گا، اور میں اس کے لئے جنت کی ضمانت دیتا ہوں، حضرت ثوبان نے کہا کہ میں ضمانت دیتا ہوں، تو (اس کے بعد) حضرت ثوبان کسی سے، کسی چیز کا سوال نہیں کرتے تھے (ابوداؤد، مسند احمد)

اس حدیث سے لوگوں سے سوال نہ کرنے پر جنت حاصل ہونے کی فضیلت معلوم ہوئی۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف لجهالة قاص أهل فلسطين (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: اسناده صحيح (حاشية سنن ابی داؤد)
وقال ايضاً: إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، فمن رجال مسلم (حاشيه مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اسی چیز کا نام ''زہد'' ہے، جس میں دنیا کے مقابلہ میں آخرت (اور اس کی نعمتوں) کی رغبت، اور اللہ پر یقین ہوتا ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے ابتدائی حصہ کو اسی زہد ویقین کی وجہ سے اصلاح اور نجات والا، اور بعد کے لوگوں میں مال کی حرص اور بخل ہوجانے کی وجہ سے ہلاک ہونے والا قرار دیا ہے۔

ابنِ عمرو، ابنِ مسعود وابنِ عوف رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاحُ أَوَّلِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بِالزُّهْدِ، وَالْيَقِيْنِ، وَيَهْلِكُ آخِرُهَا بِالْبُخْلِ وَالْأَمَلِ (الزهد، لاحمد بن حنبل، ص ۱۲، رقم الحديث ۵۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے ابتدائی لوگوں کی اصلاح ''زہد اور یقین'' کے ذریعہ سے ہوگی، اور اس امت کے بعد کے لوگوں کی

---

[1] قال الالبانی:

قلت: وهذا إسناد حسن لغيره على الأقل؛ لأن محمد بن مسلم -وهو الطائفي- فيه كلام من قبل حفظه، وروى له مسلم متابعة على التحقيق، وقال الحافظ في "التقريب": "صدوق يخطء من حفظه".

قلت: وقد أمنا خطأه بمتابعة ابن لهيعة الآتية. وقد روى الخطيب عن علي ابن محمد بن بشار الجنابي -وهو أجمع من جمع:- أنه ما سمع في الزهد أحسن من هذا الحديث.

ورواه ابن لهيعة عن عمرو بن شعيب به؛ ولفظه": نجا أول هذه الأمة " ...الحديث.

أخرجه ابن أبي الدنيا في "قصر الأمل "(36/20) و"اليقين "(17/3)، ومن طريقه: الأصبهاني في "الترغيب "(1/98/164و2/2515)، وكذا الديلمي في "مسند الفردوس "(3/104) - من طريق مروان بن محمد-، والبيهقي (10844) - من طريق المعافى -عن ابن لهيعة به.

وابن لهيعة ثقة، لكن قد عرض له سوء الحفظ؛ فحديثه حسن على الأقل بما قبله (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۴۲۷)

ہلاکت بخل اور حرص وطمع کی وجہ سے ہوگی (الزہد)

اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ ؎1

اور ابوالقاسم اصبہانی نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَجَا أَوَّلُ هٰذِهِ الْأُمَّةَ بِالْيَقِيْنِ وَالزُّهْدَ وَيهلِکُ آخِرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بِالْبُخْلِ وَالْأَمَلِ (الترغيب والترهيب لقوام السنة الاصفهانى، ج ا ص ۱۵۹ ،رقم الحديث ۱۶۵ ، باب الألف،باب فى الترغيب فى قصر الأمل) ؎2

؎1 عن عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده، لا أعلمه إلا رفعه قال: صلاح أول هذه الأمة بالزهادة واليقين، وهلاكها بالبخل والأمل(المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ۷۶۵۰، باب الميم)

قال المنذرى:رواه الطبرانى وفى إسناده احتمال للتحسين(الترغيب والترهيب، ج۴ص ۷۶،كتاب التوبة والزهد،الترغيب فى الزهد فى الدنيا والاكتفاء منها بالقليل الخ)

؎2 قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة:

حسن:......أخرجه أحمد فى "الزهد "(ص 16) عن الهيثم بن جميل البغدادى ثنا محمد بن مسلم عن إبراهيم بن ميسرة عن عمرو بن شعيب عن ابن عمرو به مرفوعا.

واختلف فيه على محمد بن مسلم وهو الطائفى، فرواه غير واحد عنه عن إبراهيم بن ميسرة عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده به مرفوعا، منهم:

- 1سعيد بن سليمان الواسطى.

أخرجه ابن عدى (2139 /6) والبيهقى فى "الشعب"(10046) وابن بشران (536و 907) والخطيب فى "التاريخ(186 /7) "

- 2زافر بن سليمان الإيادى.أخرجه الطبرانى فى "الأوسط(7646) "

- 3محمد بن القاسم الأسدى.أخرجه البيهقى فى "الشعب(10351) "وهذا أصح.

قال المنذرى :وفى إسناده احتمال للتحسين "الترغيب 241 /4

قلت :إسناده حسن.

ولم ينفرد إبراهيم بن ميسرة به بل تابعه ابن لهيعة عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده مرفوعا "نجا أول هذه الأمة باليقين والزهد، ويهلک آخر هذه الأمة بالبخل"

أخرجه ابن أبى الدنيا فى "اليقين"(3) والبيهقى فى "الشعب"(10350) وأبو القاسم الأصبهانى فى "الترغيب(165) "

وإسناده لا بأس به فى المتابعات(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج۵، ص ۳۴۴۲،تحت رقم الحديث ۲۳۴۸،حرف الصاد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے ابتدائی لوگوں نے ''زہد اور یقین'' کے ذریعہ نجات پائی، اور اس امت کے بعد والے لوگ بخل اور حرص وطمع کی وجہ سے ہلاک ہوں گے (الترغیب)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیش گوئی سچ ثابت ہوئی، اور اس امت کا اول زمانہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ ہے، جس میں زہد اور دنیا سے بے رغبتی، اور آخرت کی طرف رغبت زیادہ پائی جاتی تھی، جس میں بعد کے زمانوں میں کمی واقع ہونا شروع ہوگئی، اور نماز، روزے کی بہت زیادہ پابندی کرنے والے نیک لوگوں میں بھی مال ودنیا کی حرص وطمع اور بخل پیدا ہونا شروع ہوگیا، جس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے بھانپ لیا تھا۔

چنانچہ علی بن رباح سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، يَخْطُبُ النَّاسَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ كَانَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَزْهَدَ النَّاسِ فِي الدُّنْيَا، وَأَصْبَحْتُمْ أَرْغَبَ النَّاسِ فِيهَا (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٣٧٩، كتاب التاريخ، باب من صفته صلى الله عليه وسلم، وأخباره) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے سنا کہ اے لوگو! تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، سب لوگوں کے مقابلہ میں سب سے زیادہ دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے والے تھے، اور تم دنیا میں سب لوگوں سے زیادہ رغبت اختیار کرنے والے ہوچکے ہو (ابنِ حبان)

اور عبدالرحمٰن بن یزید سے روایت ہے کہ:

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَنْتُمْ أَكْثَرُ صَلَاةً وَأَكْثَرُ صِيَامًا مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ كَانُوا خَيْرًا مِنْكُمْ قَالُوا: وَبِمَ؟ قَالَ: كَانُوا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

أَزْهَدَ مِنْكُمْ فِي الدُّنْيَا وَأَرْغَبَ مِنْكُمْ فِي الْآخِرَةِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۸۸۰، کتاب الرقاق) [1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے زیادہ، نماز، روزہ کرنے والے ہو، لیکن وہ صحابہ تم سے بہتر تھے، لوگوں نے عرض کیا کہ وہ کس وجہ سے؟ تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صحابہ تمہارے مقابلہ میں دنیا سے زیادہ بے رغبتی اختیار کرنے والے تھے، اور تم سے زیادہ آخرت کی طرف رغبت اختیار کرنے والے تھے (حاکم)

اور ابن ابی شیبہ نے صحیح سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد اس طرح روایت کیا ہے کہ:

أَنْتُمْ أَكْثَرُ صِيَامًا وَأَكْبَرُ صَلَاةً وَأَكْثَرُ اجْتِهَادًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ كَانُوْا خَيْرًا مِّنْكُمْ، قَالُوْا: لِمَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟ قَالَ: كَانُوْا أَزْهَدَ فِي الدُّنْيَا وَأَرْغَبَ فِي الْآخِرَةِ (مصنف ابنِ ابی شیبۃ، رقم الحدیث ۳۵۶۹۲، کتاب الزھد، کلام ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

ترجمہ: تم لوگ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے زیادہ روزہ رکھنے والے، اور زیادہ بڑی نماز پڑھنے والے، اور زیادہ محنت کرنے والے ہو، حالانکہ وہ صحابہ تم سے بہتر تھے، لوگوں نے عرض کیا کہ اے ابوعبدالرحمٰن! وہ کس وجہ سے؟ تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صحابہ تمہارے مقابلہ میں دنیا سے زیادہ بے رغبتی اختیار کرنے والے تھے، اور تم سے زیادہ آخرت کی طرف رغبت اختیار کرنے والے تھے (ابنِ ابی شیبہ)

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اُبْتُلِيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالضَّرَّاءِ فَصَبَرْنَا، ثُمَّ اُبْتُلِيْنَا بِالسَّرَّاءِ بَعْدَهُ فَلَمْ نَصْبِرْ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۶۴، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع) [1]

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تکلیف (اور تنگ دلی) کی آزمائش میں ڈالے گئے، جس پر ہم نے صبر کیا۔

پھر بعد میں ہمیں وسعت اور خوشی دے کر آزمایا گیا، تو ہم صبر نہیں کرسکے (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ جب ہم پر تنگی کے حالات پیش آئے، تو ہم نے صبر کیا، اور جب خوش حالی کے حالات آئے، تو ہم سے صبر کرنا مشکل ہوگیا۔

یہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ میں حالت تھی۔

اسی لئے پہلے زمانہ کے بڑے بڑے محدثین نے زہد کے موضوع پر مستقل کتابیں لکھیں۔

لیکن آج جب ہم اپنے زمانہ کے لوگوں کی حالت کا مشاہدہ کرتے ہیں، تو لوگوں کو زہد کی حقیقت اور اس کے معنیٰ تک معلوم نہیں، نیک سیرت، اور اہلِ علم اور دیندار کہلائے جانے والے اکثر لوگ، جو نماز، روزہ کے بڑے پابند نظر آتے ہیں، وہ بھی مال کی حرص وطمع اور بخل میں ڈوبے ہوئے ہیں، ان کی شاہانہ اور عیاشانہ ٹھاٹ باٹ دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام اور سلف کی سیرت سے کوئی دور کا بھی تعلق نظر نہیں آتا، جب خواص کی یہ حالت ہے، تو پھر موجودہ زمانہ کے عوام کی کیا حالت ہوگی، اس کا اندازہ کرنا مشکل نہیں۔

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن (سنن الترمذی، حواله بالا)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر14)

فقراء ومساکین کے فضائل

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے دنیا کے طلب گاروں کے بارے میں واضح فرمادیا کہ ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اوراس کے مقابلہ میں دنیا اور آخرت کی بھلائی، اور جہنم کے عذاب سے پناہ طلب کرنے والوں کوان کے اعمال کے مطابق بدلہ عطاء فرمانے کا وعدہ کیا ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اللہ سے دنیا اور آخرت کی بھلائی طلب کی ہے، اور جہنم کے عذاب سے پناہ طلب کی ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مالداری اور فقر دونوں کے فتنوں اور شرور سے بھی پناہ طلب فرمائی ہے، کیونکہ یہ دنیا وآخرت کے لئے تباہ کن ہیں۔

لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی مال ودولت سے لگاؤ نہیں رکھا، اور سادگی ومسکینیت والی زندگی اختیار فرمائی، اور دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دی، اور اس کے عظیم فضائل بیان فرمائے، مسکینوں سے محبت کرنے، ان کے ساتھ بیٹھنے، اٹھنے، رہنے سہنے کا حکم فرمایا۔

ذیل میں اس کی تفصیل ملاحظہ فرمایئے۔

سورہ بقرہ کی آیت، اور انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ. وَمِنْهُمْ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ. أُولٰئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (سورة البقرة، رقم الآية ۲۰۰، الیٰ ۲۰۲)

ترجمہ: پس لوگوں میں سے بعض وہ ہیں، جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب عطاء فرمایئے ہمیں دنیا میں، اور نہیں ہے، ان کے لئے آخرت میں کوئی حصہ، اور ان میں سے بعض وہ ہیں، جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب عطاء فرمایئے ہمیں دنیا میں اچھائی اور آخرت میں بھی اچھائی، اور بچایئے ہمیں آگ کے عذاب سے، یہی لوگ ہیں، جن کے لئے حصہ ہے، ان چیزوں میں سے جن کو کمایا (اور عمل کیا) انہوں نے، اور اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے (سورہ بقرہ)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٣٨٩، كتاب الدعوات، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم ربنا آتنا فى الدنيا حسنة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر دعاء یہ ہوا کرتی تھی کہ اے اللہ، ہمارے رب! عطاء فرمایئے ہمیں دنیا میں اچھائی اور آخرت میں بھی اچھائی، اور بچایئے ہمیں آگ کے عذاب سے (بخاری)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ يَعُوْدُهُ، وَقَدْ صَارَ كَالْفَرْخِ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ سَأَلْتَ اللّٰهَ؟ قَالَ: قُلْتُ: اَللّٰهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِيْ بِهِ فِي الْآخِرَةِ، فَعَجِّلْهُ فِي الدُّنْيَا، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا طَاقَةَ لَكَ بِعَذَابِ اللّٰهِ، هَلَّا قُلْتَ: اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٤٠٦٧) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ میں سے ایک آدمی کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے، اور وہ (کمزور ہوکر) چوزے کی طرح ہوگیا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے معلوم کیا کہ کیا تم نے اللہ سے کوئی دعاء کی تھی؟ اس نے کہا کہ میں نے یہ دعاء کی تھی کہ اے اللہ تو نے مجھے آخرت میں جو سزا دینی ہے، وہ دنیا ہی میں دے دے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں اللہ کے عذاب کی طاقت نہیں ہے، تم نے یہ دعاء کیوں نہ کی کہ:

”اَللّٰھُمَّ آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً، وَفِی الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ“

(مسند احمد)

مذکورہ دعاء میں دنیا کی بھلائی سے مراد مال ودولت نہیں، بلکہ دنیا کے شرور وفتنوں سے حفاظت مراد ہے، جس طرح اور جس شکل میں بھی حاصل ہو، کیونکہ مال ودولت کے بھی کئی فتنے ہیں، جس طرح فقر وغربت کے فتنے ہیں، جن سے پناہ طلب کرنے، اور بچنے کا حکم ہے۔

عائشہ وامِ سلمہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْلُ: اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکَسَلِ وَالْھَرَمِ، وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ، اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَی، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ، اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْأَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ

وَالْمَغْرِبِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ٦٣٧٥، کتاب الدعوات، باب الاستعاذة من أرذل العمر، ومن فتنة الدنیا وفتنة النار)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ میں آپ کی پناہ (و حفاظت) طلب کرتا ہوں سستی اور بڑھاپے اور قرض اور گناہ سے، اے اللہ میں آپ کی پناہ (وحفاظت) طلب کرتا ہوں جہنم کے عذاب اور جہنم کے فتنہ اور قبر کے فتنہ اور قبر کے عذاب اور مال ودولت کے فتنہ کے شر سے اور تنگ دستی کے فتنہ کے شر سے، اور میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں مسیح دجال کے فتنہ کے شر سے۔ اے اللہ میری خطاؤں کو برف اور اولوں کے پانی سے دھو ڈال اور میرے دل کو خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے، جیسا کہ سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، اور میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنی دوری فرما دیجئے جتنی دوری آپ نے مشرق ومغرب کے درمیان فرمائی ہے (بخاری)

اس دعاء میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مالداری اور فقر وفاقہ دونوں کے فتنہ کے شر سے حفاظت کی دعاء فرمائی ہے، جس سے معلوم ہوا کہ جس طرح فقر وفاقہ کا فتنہ وشر ہوسکتا ہے، اسی طرح مالداری کا فتنہ وشر بھی ہوسکتا ہے۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْ فِي الصَّلَاةِ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ، فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ: مَا أَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيْذُ مِنَ الْمَغْرَمِ، فَقَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ، حَدَّثَ فَكَذَبَ، وَوَعَدَ فَأَخْلَفَ

(صحیح البخاری، رقم الحدیث ٨٣٢، کتاب الأذان، باب الدعاء قبل السلام)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، نماز میں یہ دعاء پڑھا کرتے تھے کہ اے اللہ! میں تیرے ذریعہ پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں عذابِ قبر سے، اور میں تیرے ذریعہ پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں، مسیح دجال کے فتنہ سے، اور میں تیرے ذریعہ پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں زندگی اور موت کے فتنہ سے، اے اللہ میں تیرے ذریعہ پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں، گناہ سے اور قرض سے۔

اس پر کسی کہنے والے نے کہا کہ آپ بہت زیادہ قرض سے پناہ طلب کرتے ہیں (اس کی کیا وجہ ہے؟) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی جب مقروض ہوجاتا ہے، تو بات کرتا ہے، تو جھوٹ بولتا ہے، اور وعدہ کرتا ہے، تو اس کی خلاف ورزی کرتا ہے (بخاری)

یعنی آدمی کا مقروض ہونا، وقت پر قرض ادا نہ کرنے کی بناء پر، جھوٹ بولنے اور وعدہ خلافی کرنے کی وجہ سے شر کا باعث بن جاتا ہے، یہ قرض کا فتنہ وشر ہوا۔

اور حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَدْعُوْ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ: اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ، فَلَا شَيْءَ قَبْلَكَ، وَأَنْتَ الْآخِرُ، فَلَا شَيْءَ بَعْدَكَ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ نَاصِيَتُهَا بِيَدِكَ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْإِثْمِ وَالْكَسَلِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْغِنَى، وَمِنْ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ، وَالْمَغْرَمِ

(المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٢٢١١، كتاب البيوع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کلمات سے دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! تو ہی اول ہے، پس تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں، اور تو ہی آخر ہے، پس تیرے بعد

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي فى التلخيص: صحيح

کوئی چیز نہیں، میں تیرے ذریعہ ہر جانور کے شر سے پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں، جس کی پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے، اور میں تیرے ذریعہ گناہ سے، اور سستی سے اور عذابِ قبر سے اور عذابِ جہنم سے، اور مالداری کے فتنہ سے اور فقر کے فتنہ سے پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں، اور میں تیرے ذریعہ گناہ سے اور قرض سے پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں (حاکم)

اس حدیث میں بھی مالداری کے فتنہ اور فقر وفاقہ کے فتنہ سے پناہ طلب کی گئی ہے۔

انس، ابوہریرہ وابوبکرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو، يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ، وَالْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ، وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ، وَالشِّرْكِ وَالنِّفَاقِ، وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ، وَالْجُنُوْنِ، وَالْبَرَصِ وَالْجُذَامِ، وَسَيِّئِ الْأَسْقَامِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ص ١٠٢٣، تابع لكتاب الرقائق، باب الاستعاذة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم، یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، مغلوبیت سے، اور سُستی سے، اور بخل سے، اور (بُرے) بڑھاپے سے، اور دل کی سختی سے، اور غفلت سے، اور ذلت ورسوائی سے، اور میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، فقر وفاقہ سے، اور کفر سے، اور شرک سے، اور نفاق سے، اور شہرت سے، اور ریاء کاری سے، اور میں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، گونگے پن سے، اور بہرہ پن سے، اور جنون سے، اور برص سے، اور کوڑھ پن سے، اور امراض کی برائی سے (ابن حبان)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا إِذَا أَخَذَ أَحَدُنَا مَضْجَعَهٗ أَنْ يَّقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ، وَرَبَّ الْأَرَضِيْنَ، وَرَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ، أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَالظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَالْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَأَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۳۴۰۰، ابواب الدعوات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ حکم دیتے تھے کہ جب ہم میں سے کوئی اپنے بستر پر آئے، تو یہ دعاء پڑھے کہ اے اللہ! آسمانوں اور زمینوں کے رب! اور ہمارے اور ہر چیز کے رب! دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے، اور تورات، اور انجیل اور فرقان (یعنی قرآن) کو نازل کرنے والے، میں ہر شر والی چیز کی بُرائی سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اس کی پیشانی تیرے قبضہ میں ہے، تو ہی اول ہے، پس تجھ سے پہلے کچھ نہیں، اور تو ہی آخر ہے، پس تیرے بعد کچھ نہیں، اور تو ہی ظاہر ہے، پس تجھ سے اوپر کچھ نہیں، اور باطن ہے، پس تجھ سے ورے کچھ نہیں، مجھ سے قرض کو دور کردیجیے، اور مجھے فقر سے غنی کردیجیے (سنن ترمذی)

اور سنن ابی داود میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ، وَالْقِلَّةِ، وَالذِّلَّةِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ، أَوْ أُظْلَمَ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۱۵۴۴، کتاب الصلاة، فی تفریع ابواب الجمعة، باب فی الاستعاذة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ میں تیرے ذریعہ فقر اور قلت اور ذلت سے پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں، اور میں تیرے ذریعہ ظالم بننے اور مظلوم بننے سے پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں (ابوداود)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْفَاقَةِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۱۰۳۰، تابع لكتاب الرقائق، باب الاستعاذة) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، فقر وفاقہ سے، اور میں آپ کے ذریعہ پناہ (و حفاظت) چاہتا ہوں، ظالم بننے اور مظلوم بننے سے (ابن حبان)

اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ، وَالْفَقْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۰۴۰۹) [3]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے بعد یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ میں تیرے ذریعہ کفر اور فقر اور عذابِ قبر سے پناہ وحفاظت طلب کرتا ہوں (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية ابوداود)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية ابنِ حبان)

[3] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مالداری اور فقر دونوں کے فتنہ وشر سے پناہ طلب کی ہے، لیکن مال دار ہونے، یا مال میں اضافہ وتکثیر کی دعاء نہیں کی۔

شرفُ الدین حسین بن عبداللہ طیبی مذکورہ احادیث کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

إنـما استعاذ صلى الله عليه وسلم من الفقر الذى هو فقر النفس لا قـلة المال .قـال الـقاضى عياض :وقـد تـكـون استـعاذته من فقر الـمـال، والـمـراد الـفتنة من احتماله، وقلة الرضى به، ولهذا قال: (فتـنة الفقر) ولـم يقل :الـفـقـر، وقـد جـاء ت أحاديث كثيرة فى الصحيح فى فضل الفقر .

قوله :(والـقـلة)القلة تحمل على قلة الصبر أو قلة العدد، ولا خفاء أن الـمـراد مـنهـا الـقلة فى أبواب الخير وخصال الخير؛ لأنه كان يـؤثـر الإقـلال فـى الـدنيـا، ويكره الاستكثار من الأغراض الفانية

(شـرح الـطيبـى عـلـى مشـكـاة المصـابيح ،ج٦، ص١٩١٧، كتـاب الدعوات،بـاب الاستعاذة)

ترجمہ: بس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فقر سے پناہ طلب کی ہے، جو نفس کا فقر ہے، قلتِ مال سے پناہ طلب نہیں کی، قاضی عیاض نے فرمایا کہ بعض اوقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم مال کے فقر سے پناہ طلب کیا کرتے تھے، لیکن مراد، مال کا فتنہ ہوا کرتا تھا، کیونکہ فقر میں فتنہ اور اللہ کی رضا کی قلت کا احتمال ہوتا ہے، اور اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فقر کے فتنہ کے الفاظ فرمائے، فقر کے الفاظ نہیں فرمائے، اور بہت سی صحیح احادیث، فقر کی فضیلت کے بارے میں آئی ہیں، جہاں تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ''قلت'' سے پناہ طلب کرنے کا تعلق ہے، تو قلت کو قلتِ صبر، یا قلتِ عدد، کسی پر بھی محمول کیا جاسکتا ہے، لیکن اس میں کوئی خفاء نہیں کہ

www.idaraghufran.org

اس سے خیر وبھلائی والے کاموں، اور عادتوں کی قلت مراد ہے، کیونکہ یہ چیزیں دنیا میں قلت وکمی کرنے کا اثر ڈالتی ہیں، اور اغراضِ فانیہ میں بڑھوتری کرنا، مکروہ ہے (شرح طیبی)

امام نووی نے بھی صحیح مسلم کی شرح میں یہی تفصیل بیان فرمائی ہے۔ [1]

اور بھی کئی محدثین ومحققین نے مالداری کے فتنہ سے، حرام وناجائز طریقہ پر مال حاصل کرنا، اور مال کی حرص وطمع کا ہونا، آخرت سے غفلت کا پیدا ہونا، اور مال سے فخر وتفاخر کا اظہار، یا بخل کا ارتکاب، یا فضول خرچی واسراف، یا حرام وناجائز مقامات پر خرچ کرنا، وغیرہ جیسی چیزوں کے مراد ہونے کی تشریح کی ہے۔

اور فقر کے فتنہ سے، دل کا فقیر ہونا، بے صبری کا اظہار کرنا، اور ناجائز ذرائع سے مال حاصل کرنا، مراد ہونے کی وضاحت کی ہے۔ [2]

خلاصہ یہ ہے کہ مالداری کے بھی فتنے ہوتے ہیں، اور فقر کے بھی بعض فتنے ہوتے ہیں۔

---

[1] وأما استعاذته صلى الله عليه وسلم من فتنة الغنى وفتنة الفقر فلأنهما حالتان تخشى الفتنة فيهما بالتسخط وقلة الصبر والوقوع فى حرام أو شبهة للحاجة ويخاف فى الغنى من الأشر والبطر والبخل بحقوق المال أو إنفاقه فى إسراف وفى باطل أو فى مفاخر......قال الخطابى إنما استعاذ صلى الله عليه وسلم من الفقر الذى هو فقر النفس لا قلة المال قال القاضى وقد تكون استعاذته من فقر المال والمراد الفتنة فى عدم احتماله وقلة الرضا به ولهذا قال فتنة الفقر ولم يقل الفقر وقد جاء ت أحاديث كثيرة فى الصحيح بفضل الفقر (شرح النووى علىٰ صحيح مسلم، ج۱۷ ص۲۸، كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب الدعوات والتعوذ)

[2] أما فتنة الغنى فيخشى منها بطر المال وما يئول من عواقب الإسراف فى إنفاقه، وبذله فيما لا ينبغى، ومنع حقوق الله فيه، ففتنة الغنى متشعبة إلى ما لا يحصى عده، وكذلك فتنة الفقر يخشى منها قلة الصبر على الإقلال والتسخط له وتزيين الشيطان للمرء حال الغنى وما يئول من عاقبة ذلك لضعف البشرية (شرح صحيح البخارى لابن بطال، ج۱۰، ص۱۱۹، كتاب الدعاء، باب التعوذ من المأثم والمغرم)

وشر فتنة الغنى "وهو البطر والطغيان بالمال، والتفاخر به، وصرفه فى المعاصى، وأخذه من الحرام، ونحو ذلك.

"وشر فتنة الفقر "وهى عدم الرضاء بما قسم الله له، والطمع فى أموال الأغنياء، والحسد والتذلل لهم، ونحوه (شرح المصابيح لابن الملك، ج۳، ص۲۱۱، كتاب الدعوات، باب الاستعاذة)

ان سب فتنوں سے بچنا، اور اللہ کی پناہ حاصل کرنا چاہیے۔

ابو ہریرہ و فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَقَدْ رَأَيْتُ سَبْعِينَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ رِدَاءٌ، إِمَّا إِزَارٌ وَإِمَّا كِسَاءٌ، قَدْ رَبَطُوا فِي أَعْنَاقِهِمْ، فَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَيْنِ، وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ الْكَعْبَيْنِ، فَيَجْمَعُهُ بِيَدِهِ، كَرَاهِيَةَ أَنْ تُرَى عَوْرَتُهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۴۲، كتاب الصلاة، باب نوم الرجال فی المسجد)

ترجمہ: بے شک یقینی طور پر میں نے اصحابِ صفہ میں سے ستر ایسے آدمیوں دیکھا، جن میں سے کسی آدمی کے پاس مکمل چادر نہیں تھی (جو پورے جسم پر آجائے) یا تو تہبند والی چادر تھی، یا ایسی اوڑھنیاں تھی، جن کو وہ اپنے گلے میں باندھ لیا کرتے تھے، پس بعض کی تو ان میں سے آدھی پنڈلی تک پہنچتی تھیں، اور بعض کی ان میں سے ٹخنوں تک پہنچ جاتی تھیں، پھر وہ اسے اپنے ہاتھ سے پکڑے رہتا تھا، اس ڈر سے کہ کہیں اس کا ستر نہ کھل جائے (صحیح بخاری)

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا صَلَّى بِالنَّاسِ يَخِرُّ رِجَالٌ مِنْ قَامَتِهِمْ فِي الصَّلَاةِ مِنَ الْخَصَاصَةِ وَهُمْ أَصْحَابُ الصُّفَّةِ حَتّٰى تَقُولَ الْأَعْرَابُ هٰؤُلَاءِ مَجَانِينُ أَوْ مَجَانُونَ، فَإِذَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصَرَفَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ: لَوْ تَعْلَمُونَ مَا لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ لَأَحْبَبْتُمْ أَنْ تَزْدَادُوا فَاقَةً وَحَاجَةً (سنن الترمذی، رقم الحديث

۲۳۶۸، ابواب الزهد، باب ما جاء فی معیشة أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کو نماز پڑھایا کرتے تھے، تو اصحاب صفہ میں سے بعض لوگ نماز میں کھڑے کھڑے بھوک سے نڈھال ہو کر گر جاتے تھے، اور وہ اصحابِ صفہ کے حضرات تھے، یہاں تک کہ (ان کو دیکھ کر) دیہاتی لوگ کہتے کہ یہ لوگ مجنون ہیں۔

پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوتے، تو ان (اصحابِ صفہ) کی طرف جا کر فرماتے کہ اگر تم وہ (اجر و مقام) جان لو کہ جو تمہارے لئے اللہ کے پاس ہے، تو تم اس بات کو پسند کرو کہ تمہارا فاقہ اور حاجت مزید بڑھ جائے (سنن ترمذی)

ابوذر، سہل بن سعد اور طلحہ بصری رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا ذَرٍّ أَتَرٰى كَثْرَةَ الْمَالِ هُوَ الْغِنَى، قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَتَرَى قِلَّةَ الْمَالِ هُوَ الْفَقْرُ، قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّمَا الْغِنَى غِنَى الْقَلْبِ وَالْفَقْرُ فَقْرُ الْقَلْبِ.

ثُمَّ سَأَلَنِيْ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَقَالَ: هَلْ تَعْرِفُ فُلَانًا، قُلْتُ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَكَيْفَ تَرَاهُ وَتَرَاهُ؟ قُلْتُ: إِذَا سَأَلَ أُعْطِيَ وَإِذَا حَضَرَ أُدْخِلَ.

ثُمَّ سَأَلَنِيْ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الصُّفَّةِ فَقَالَ: هَلْ تَعْرِفُ فُلَانًا؟ قُلْتُ: لَا

؎ قال الترمذی: هذا حدیث حسن صحیح.

www.idaraghufran.org

وَاللّٰهِ مَا أَعْرِفُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ فَمَا زَالَ يُحَلِّيهِ وَيَنْعَتُهُ حَتّٰى عَرَفْتُهُ، فَقُلْتُ :قَدْ عَرَفْتُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:فَكَيْفَ تَرَاهُ أَوْ تَرَاهُ.

قُلْتُ: رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ مِنْ أَهْلِ الصُّفَّةِ ، فَقَالَ:هُوَ خَيْرٌ مِنْ طِلَاعِ الْأَرْضِ مِنَ الْآخَرِ.

قُلْتُ :يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَفَلَا يُعْطَى مِنْ بَعْضِ مَا يُعْطَى الْآخَرُ ؟فقَالَ:إِذَا أُعْطِيَ خَيْرًا فَهُوَ أَهْلُهُ وَإِنْ صُرِفَ عَنْهُ فَقَدْ أُعْطِيَ حَسَنَةً (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٦٨٥، كتاب الرقائق،باب الفقر والزهد والقناعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! کیا تم مال کی کثرت کو مالداری سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں، اے اللہ کے رسول، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم مال کی قلت کو فقر سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں، اے اللہ کے رسول، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس اصل مالداری دل کی مالداری ہے، اور اصل فقر (وغربت) دل کا فقر ہے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے قریش کے ایک آدمی کے بارے میں سوال کیا، اور فرمایا کہ کیا تم اس آدمی کو جانتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں اے اللہ کے رسول! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس آدمی کے بارے میں کیا کچھ جانتے ہو، اور اس کو کیسا سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ جب وہ کسی سے کسی کام، یا چیز کے متعلق سوال کرے، تو اس کو پورا کیا جاتا ہے، اور جب وہ کہیں حاضر ہوتا ہے، تو اس کو داخل کیا جاتا ہے (یعنی اس کو شہرت کی وجہ سے قبول کیا جاتا ہے)

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے اہلِ صفہ کے ایک آدمی کے بارے میں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

سوال کیا، اور فرمایا کہ کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ نہیں اللہ کی قسم! میں اس کو نہیں جانتا، اے اللہ کے رسول! ابوذر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس آدمی کے بارے میں برابر معرفت و پہچان کراتے رہے، یہاں تک کہ میں نے اس کو پہچان لیا، تو میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میں نے اس آدمی کو پہچان لیا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس آدمی کے بارے میں کیا کچھ جانتے ہو، اور اس کو کیسا سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ وہ اہلِ صفہ کا ایک مسکین آدمی ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ شخص اس پہلے شخص جیسوں سے زمین بھر جانے کے باوجود بھی بہتر ہے۔

میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کیا اس (مسکین) آدمی کو بعض وہ چیزیں عطاء نہیں کی جائیں گی، جو دوسرے کو عطاء کی گئیں (یعنی مال وشہرت وغیرہ) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اسے کسی خیر (مال وغیرہ) کو عطاء کیا گیا، تو یہ (مسکین آدمی) اس (خیر) کا اہل ہوگا، اور اگر اسے خیر نہیں دی گئی، تو اس کو نیکی (وفضیلت بہرحال) عطاء کردی گئی ہے (ابنِ حبان)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

بَیْنَمَا أَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ إِذْ قَالَ: اُنْظُرْ اَرْفَعَ رَجُلٍ فِی الْمَسْجِدِ فِیْ عَیْنِکَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا رَجُلٌ فِی حُلَّۃٍ جَالِسٌ یُحَدِّثُ قَوْماً، فَقُلْتُ: ھٰذَا، فَقَالَ: اُنْظُرْ أَوْضَعَ رَجُلٍ فِی الْمَسْجِدِ فِی عَیْنِکَ، قَالَ فَنَظَرْتُ، فَإِذَا رُوَیْجِل مِسْکِیْنٌ فِیْ ثَوْبٍ لَہٗ خَلَقٍ، قُلْتُ: ھٰذَا، قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: ھٰذَا خَیْرٌ عِنْدَ اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنْ قُرَابِ الْأَرْضِ مِثْلِ ھٰذَا (موارد الظمآن الٰی زوائد ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۵۶۴، کتاب الزھد، باب ما جاء فی الفقراء ومن لا یؤبہ لہ) [1]

[1] قال حسین سلیم أسد الدّارانی: إسنادہ صحیح (حاشیۃ موارد الظمآن)

ترجمہ: اس دوران کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں تھا، تو اچانک فرمایا کہ تم مسجد میں اس شخص کو دیکھو جو تمہاری نظر میں سب سے بلند ہے، تو میں نے لوگوں کو دیکھا، تو ایک آدمی جبہ میں بیٹھ کر لوگوں سے بات کر رہا تھا، میں نے عرض کیا کہ میری نظر میں یہ سب سے بلند آدمی ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہ اب تم مسجد میں اس آدمی کو دیکھو جو تمہاری نظر میں سب سے نیچا ہے، ابوذر کہتے ہیں کہ میں نے ایک چھوٹے سے مسکین آدمی کو پرانے کپڑوں میں دیکھا، میں نے کہا کہ سب سے نیچا آدمی یہ ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہی آدمی زمین بھر کر اس دوسرے شخص جیسوں سے اللہ کے نزدیک، قیامت کے دن بہتر ہے (موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان)

اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَرَّ رَجُلٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهٗ جَالِسٍ: مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا ؟ فَقَالَ: رَجُلٌ مِنْ أَشْرَافِ النَّاسِ، هٰذَا وَاللّٰهِ حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ يُشَفَّعَ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا؟ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰذَا رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ، هٰذَا حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ لَّا يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لَّا يُشَفَّعَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ لَّا يُسْمَعَ لِقَوْلِهٖ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هٰذَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٤٧، كتاب الرقاق، باب فضل الفقر)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گذرا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے ایک آدمی سے فرمایا کہ تمہاری اس

گذرنے والے آدمی کے بارے میں کیا رائے ہے؟ تو اس آدمی نے جواب میں کہا کہ یہ بڑے لوگوں میں سے ہے، یہ اللہ کی قسم اس لائق ہے کہ اگر یہ نکاح کا پیغام بھیجے، تو اس سے نکاح کر دیا جائے گا، اور اگر کوئی سفارش کرے، تو اس کو قبول کیا جائے گا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہوگئے، پھر اسی دوران ایک دوسرا آدمی گذرا، تو اسی آدمی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس آدمی کے بارے میں تمہاری رائے کیا ہے؟ تو اس آدمی نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! یہ مسلمانوں میں فقیر (وغریب) آدمی ہے، یہ اس لائق ہے کہ اگر نکاح کا پیغام بھیجے، تو نکاح کے لئے قبول نہیں کیا جائے گا، اور اگر کوئی سفارش کرے، تو اس کی سفارش کو قبول نہیں کیا جائے گا، اور اگر کوئی بات کرے، تو اس کی بات کو سنا نہیں جائے گا، تو اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ شخص زمین بھر کر اس دوسرے جیسے لوگوں سے بہتر ہے (بخاری)

حضرت طلحہ بصری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا إِذَا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَكَانَ لَهُ بِهَا عَرِيْفٌ نَزَلَ عَلٰى عَرِيْفِهِ، وَإِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهُ بِهَا عَرِيْفٌ نَزَلَ الصُّفَّةَ، فَقَدِمْتُ فَنَزَلْتُ الصُّفَّةَ، فَكَانَ يَجْرِىْ عَلَيْنَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ يَوْمٍ مُدٌّ مِنْ تَمْرٍ بَيْنَ اِثْنَيْنِ، وَيَكْسُوْنَا الْخُنُفَ، فَصَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ صَلَاةِ النَّهَارِ، فَلَمَّا سَلَّمَ نَادَاهُ أَهْلُ الصُّفَّةِ يَمِيْنًا وَشِمَالًا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَحْرَقَ بُطُوْنَنَا التَّمْرُ، وَتَخَرَّقَتْ عَنَّا الْخُنُفُ.

فَمَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى مِنْبَرِهٖ فَصَعِدَهٗ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ الشِّدَّةَ مَا لَقِيَ مِنْ قَوْمِهٖ حَتّٰى، قَالَ: وَلَقَدْ

www.idaraghufran.org

أَتٰى عَلَيَّ وَعَلٰى صَاحِبِيْ بِضْعَ عَشْرَةَ وَمَا لِيْ وَلَهٗ طَعَامٌ إِلَّا الْبَرِيْرَ.
قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ حَرْبٍ: وَأَيُّ شَيْءٍ الْبَرِيْرُ؟ قَالَ: طَعَامُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرُ الْأَرَاكِ.
فَقَدِمْنَا عَلٰى إِخْوَانِنَا هٰؤُلَاءِ مِنَ الْأَنْصَارِ وَعِظَمُ طَعَامِهِمُ التَّمْرُ فَوَاسَوْنَا فِيْهِ.
وَاللّٰهِ لَوْ أَجِدُ لَكُمُ الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ لَأَشْبَعْتُكُمْ مِنْهُ، وَلٰكِنْ عَسٰى أَنْ تُدْرِكُوْا زَمَانًا حَتّٰى يُغْدٰى عَلٰى أَحَدِكُمْ بِجَفْنَةٍ وَيُرَاحُ عَلَيْهِ بِأُخْرٰى قَالَ: فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَنَحْنُ الْيَوْمَ خَيْرٌ أَمْ ذَاكَ الْيَوْمَ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ، أَنْتُمُ الْيَوْمَ مُتَحَابُّوْنَ، وَأَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ أُرَاهُ، قَالَ: مُتَبَاغِضُوْنَ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۴۲۹۰، کتاب الهجرة) [1]

ترجمہ: جب کوئی آدمی ہم میں سے مدینہ منورہ آتا، تو اس کا کوئی جان پہچان والا ہوتا تھا، جس کے پاس وہ آدمی آکر ٹھہر جاتا تھا، اور اگر اس کا کوئی جان پہچان والا نہیں ہوتا تھا، تو وہ صفہ میں ٹھہر جاتا تھا، تو میں مدینہ منورہ آیا، تو میں صفہ میں ٹھہر گیا، تو ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہر دن کھجور کے ایک مد (یعنی دو مٹھی کھجور) کی مقدار دو بندوں کے لئے ملتی تھیں، اور ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہننے کے لئے پرانے کپڑے فراہم کرتے تھے۔
پھر ہمیں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دن کی کوئی نماز پڑھائی، پھر جب آپ نے سلام پھیر لیا، تو دائیں اور بائیں سے اصحابِ صفہ نے پکار کر کہا کہ اے

---

[1] قال الحاکم: هذا لفظ حديث أبي سهل القطان، وحديث يحيى بن يحيى على الاختصار، هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

اللہ کے رسول! ہمارے پیٹوں کو کھجوروں نے جلا کر رکھ دیا ہے، اور ہمارے پرانے کپڑے بھی بوسیدہ ہو کر رہ گئے۔

یہ سن کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منبر کی طرف گئے، اور اس پر چڑھے، اور اللہ کی حمد وثناء بیان کی، پھر اس سختی اور شدت کا ذکر کیا، جو اِن کو اپنی قوم کی طرف سے پہنچی تھی، یہاں تک کہ آپ نے فرمایا کہ میرے اور میرے ساتھی پر دس دن سے بھی زیادہ ایسے گذرے کہ میرے اور اس کے پاس صرف ''بریر'' ہی تھا۔

راوی کہتے ہیں کہ میں نے ابوحرب سے کہا کہ ''بریر'' کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کھانا سبز (یعنی کچی) کھجوریں۔

اس کے بعد ہم اپنے ان انصار بھائیوں کے پاس آ گئے، اور ان کے کھانے کا بڑا حصہ کھجور تھا، تو انہوں نے ان کھجوروں میں ہمیں اپنا شریک بنالیا (اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ) اللہ کی قسم! اگر میں تمہارے لئے روٹی اور گوشت کو پاتا، تو میں اس سے ضرور تمہارا پیٹ بھر دیتا، اور لیکن قریب ہے کہ آئندہ تم ایسے زمانہ کو پاؤ گے کہ تم پر صبح کو بڑے بڑے برتنوں میں کھانے پیش ہوں گے، اور شام کو دوسرے کھانے پیش ہوں گے، طلحہ بصری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم آج کے (غربت والے) زمانہ میں بہتر ہیں، یا اُس وقت (مالداری والے زمانہ) میں بہتر ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم آج (غربت والے حالات میں) اس (مالداری والے) زمانہ سے بہتر ہو، تم آج تم ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہو، اور تم اُس زمانہ میں ایک دوسرے کو قتل کرو گے، میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اس زمانہ میں تم ایک دوسرے سے بغض رکھو گے (حاکم)

مذکورہ احادیث سے ظاہری مالداروں کے مقابلہ میں ان مساکین کی فضیلت معلوم ہوئی، جن

کا دل غنی ہو، اور بغض سے پاک ہو۔

عمران، ابنِ عباس، ابوہریرہ وابنِ عُمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۲۴۱، كتاب بدء الخلق، باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر فقراء تھے، اور میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر عورتیں تھیں (بخاری)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۷۳۷ "۹۴" كتاب الرقاق، باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء .وبيان الفتنة بالنساء)

ترجمہ: محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا، تو اس کے اکثر لوگ فقراء تھے، اور میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر عورتیں تھیں (مسلم)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ

أَهْلِهَا النِّسَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ (مسند احمد،رقم الحديث ۷۹۵۱)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر عورتیں تھیں اور میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا، تو اس کے اکثر لوگ فقراء تھے (مسند احمد)

اس حدیث کی تائید، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی حدیث سے بھی ہوتی ہے۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْأَغْنِيَاءَ وَالنِّسَاءَ (مسند احمد،رقم الحديث ۶۶۱۱)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر فقراء کو دیکھا، اور میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر مالدار لوگ اور عورتیں تھیں (مسند احمد)

اس حدیث کی سند پر کلام آگے آتا ہے۔

عبداللہ بن عمرو، اور ابنِ مسعود رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَجْتَمِعُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ: أَيْنَ فُقَرَاءُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ وَمَسَاكِينُهَا؟ قَالَ: فَيَقُومُونَ، فَيُقَالُ لَهُمْ: مَاذَا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

عَمِلْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا ابْتَلَيْتَنَا فَصَبَرْنَا وَآتَيْتَ الْأَمْوَالَ وَالسُّلْطَانَ غَيْرَنَا، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: صَدَقْتُمْ، قَالَ: فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ النَّاسِ، وَيَبْقَى شِدَّةُ الْحِسَابِ عَلٰى ذَوِى الْأَمْوَالِ وَالسُّلْطَانِ، قَالُوْا: فَأَيْنَ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: يُوْضَعُ لَهُمْ كَرَاسِيُّ مِنْ نُوْرٍ وَتُظَلِّلُ عَلَيْهِمُ الْغَمَامُ يَكُوْنُ ذٰلِكَ الْيَوْمُ أَقْصَرَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ سَاعَةٍ مِّنْ نَهَارٍ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٧٤١٩، تابع لكتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين، باب وصف الجنة وأهلها، موارد الظمآن الى زوائد ابنِ حبان، رقم الحديث ٢٥٨٧، باب حساب الفقراء) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم قیامت کے دن جمع ہو گے، تو کہا جائے گا کہ اس امت کے فقراء، اور مساکین کہاں ہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر وہ فقراء و مساکین کھڑے ہوں گے، پھر ان فقراء و مساکین سے کہا جائے گا کہ تم نے کیا عمل کیا؟ وہ فقراء و مساکین کہیں گے کہ اے ہمارے رب! تو نے ہمیں تنگی و مشکلات میں مبتلاء کیا، تو ہم نے صبر کیا، اور تو نے اموال، اور حکومت کا اختیار ہمارے علاوہ دوسروں کو دے دیا تھا (اس لئے ہم تنگی میں مبتلا رہے)

پھر اللہ فرمائے گا کہ تم نے سچ کہا، پھر یہ فقراء دوسرے لوگوں سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے، اور مالداروں اور حکمرانوں پر حساب کی شدت باقی رہ جائے گی۔

لوگوں نے عرض کیا کہ پھر اس دن (جنتی) مومن کہاں ہوں گے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کے لئے نور کی کرسیاں لگائی جائیں گی، اور ان کے اوپر بادلوں کا سایہ کیا جائے گا، وہ دن ان مومنوں پر دن کی ایک گھڑی سے بھی زیادہ مختصر ہوگا (صحیح ابنِ حبان، وموارد الظمآن)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)
وقال حسين سليم أسد الدّارانى: إسناده جيد (حاشية موارد الظمآن)

www.idaraghufran.org

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ:هَلْ تَدْرُوْنَ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ؟قَالُوْا:اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ ،قَالَ:أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ الْفُقَرَاءُ الْمُهَاجِرُوْنَ،اَلَّذِيْنَ تُسَدُّ بِهِمُ الثُّغُوْرُ، وَيُتَّقٰى بِهِمُ الْمَكَارِهُ،وَيَمُوْتُ أَحَدُهُمْ وَحَاجَتُهُ فِيْ صَدْرِهٖ، لَا يَسْتَطِيْعُ لَهَا قَضَاءً .

فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ يَّشَاءُ مِنْ مَلَائِكَتِهٖ:اِئْتُوْهُمْ فَحَيُّوْهُمْ، فَتَقُوْلُ الْمَلَائِكَةُ:نَحْنُ سُكَّانُ سَمَائِكَ، وَخِيَرَتُكَ مِنْ خَلْقِكَ، أَفَتَأْمُرُنَا أَنْ نَأْتِيَ هٰؤُلَاءِ فَنُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ؟ قَالَ:إِنَّهُمْ كَانُوْا عِبَادًا يَعْبُدُوْنِيْ ، لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا، وَتُسَدُّ بِهِمُ الثُّغُوْرُ، وَيُتَّقٰى بِهِمُ الْمَكَارِهُ،وَيَمُوْتُ أَحَدُهُمْ، وَحَاجَتُهُ فِيْ صَدْرِهٖ، لَا يَسْتَطِيْعُ لَهَا قَضَاءً قَالَ:فَتَأْتِيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَيَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ ”سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ“(مسند احمد،رقم الحديث ٦٥٧٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ اللہ کی مخلوق میں سے جنت میں سب سے پہلے کون لوگ داخل ہوں گے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اس بات کو اللہ اور اس کے رسول ہی زیادہ جانتے ہیں؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی مخلوق میں سے جنت میں سب سے پہلے وہ فقرائے مہاجرین داخل ہوں گے، جن کے ذریعہ سرحدوں کی حفاظت (وپہرہ داری کی خدمت) حاصل کی جاتی تھی، اور ان کے ذریعہ ناپسندیدہ امور

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده جيد(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

سے بچنے کی ضرورت پوری کی جاتی تھی (مثلاً چوکیداری، اور محنت ومشقت والے کام لئے جاتے تھے) اور ان میں سے کوئی فوت ہو جاتا تھا، اور اس کی حاجت، اس کے سینہ میں ہی رہ جاتی تھی، وہ اپنی حاجت پورا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا۔

پس اللہ عزوجل اپنے فرشتوں میں سے جن کو چاہے گا، یہ حکم فرمائے گا کہ تم ان کے پاس جاؤ اور انہیں سلام پیش کرو، وہ فرشتے عرض کریں گے کہ ہم آسمانوں کے رہنے والے اور آپ کی بہترین مخلوق ہیں، کیا آپ ہمیں یہ حکم فرمارہے ہیں کہ ہم ان لوگوں کے پاس جا کر ان کو سلام پیش کریں؟ اللہ عزوجل فرمائے گا کہ جی ہاں، بے شک یہ ایسے بندے تھے، جو میری عبادت کرتے تھے، اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے تھے، اور ان کے ذریعہ سرحدوں کی حفاظت (و پہرہ داری کی خدمت) حاصل کی جاتی تھی، اور ان کے ذریعہ ناپسندیدہ امور سے بچنے کی ضرورت پوری کی جاتی تھی (مثلاً چوکیداری، اور محنت ومشقت والے کام لئے جاتے تھے، جو خود سے کرنے کو ناپسند کیا جاتا ہے) اور ان میں سے کوئی فوت ہو جاتا تھا، اور اس کی حاجت، اس کے سینہ میں ہی رہ جاتی تھی، وہ اپنی حاجت پورا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر وہ فرشتے اس وقت ان فقرائے مہاجرین کے پاس آئیں گے اور ان کے پاس ہر دروازے سے داخل ہوں گے، اور یہ کہیں گے (جس کا ذکر سورہ رعد میں اس طرح ہے) ''سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ'' کہ سلام ہو تم پر، بوجہ اس کے کہ (دنیا میں) صبر کیا تم نے، پس کتنا اچھا آخرت کا گھر ہے (مسند احمد)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَنَحْنُ عِنْدَهُ: طُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ، فَقِيْلَ: مَنِ الْغُرَبَاءُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: أُنَاسٌ صَالِحُوْنَ، فِيْ أُنَاسِ سُوْءٍ كَثِيْرٍ، مَنْ يَعْصِيْهِمْ أَكْثَرُ مِمَّنْ يُطِيْعُهُمْ.

قَالَ: وَكُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا آخَرَ حِيْنَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَأْتِيْ أُنَاسٌ مِنْ أُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، نُوْرُهُمْ كَضَوْءِ الشَّمْسِ، قُلْنَا: مَنْ أُولٰئِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَالَّذِيْنَ تُتَّقٰى بِهِمُ الْمَكَارِهُ، يَمُوْتُ أَحَدُهُمْ وَحَاجَتُهُ فِيْ صَدْرِهِ، يُحْشَرُوْنَ مِنْ أَقْطَارِ الْأَرْضِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٦٦٥٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا، اور ہم آپ کے پاس تھے کہ خوش خبری (ومبارکباد) ہو، غرباء (واجنبیوں) کے لئے، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! غرباء (واجنبی) کون لوگ ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ نیک لوگ ہیں، جو بہت سے ایسے برے لوگوں کے درمیان میں ہوں، جن میں سے اکثر گناہ گار (اور اللہ کے نافرمان) ہوں اور (اللہ کی) اطاعت کرنے والے تھوڑے ہوں (اس لئے وہ اکثر لوگوں کی نظروں میں اللہ کی اطاعت کی وجہ سے اجنبی سمجھے جاتے ہوں، ان کے لئے عظیم اجروثواب ہے)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر ہم ایک اور دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے، جب سورج طلوع ہو رہا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن میری امت میں سے کچھ لوگ آئیں گے، جن کا نور،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن لغيره، ابن لهيعة -وهو عبد الله، وإن كان سيىء الحفظ- رواه عنه عبد الله بن المبارك وعبد الله بن يزيد المقرىء، وهما صحيحا السماع منه (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

سورج کی روشنی کی طرح ہوگا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کون لوگ ہوں گے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فقرائے مہاجرین اور وہ لوگ ہوں گے، جن کے ذریعہ ناپسندیدہ امور سے بچنے کی ضرورت پوری کی جاتی تھی (مثلاً چوکیداری، اور دوسرے ایسے محنت ومشقت والے کام لئے جاتے تھے، جو خود سے کرنے کو ناپسند کیا جاتا ہے) ان میں سے کوئی فوت ہوجاتا تھا، اوراس کی حاجت، اس کے سینہ میں ہی رہ جاتی تھی، ان کو زمین کے کونوں کونوں سے جمع کیا جائے گا (مسند احمد)

مذکورہ احادیث وروایات سے صبر کرنے والے فقراء کے عظیم الشان فضائل معلوم ہوئے۔

اور مذکورہ حدیث سے غرباء، یعنی اسلام پر عمل کرنے کی وجہ سے اجنبی سمجھے جانے والے مومنوں کی فضیلت بھی معلوم ہوئی، جس کا کئی دوسری احادیث میں بھی مختلف تعبیرات کے ساتھ ذکر آیا ہے۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

طُوبٰی لِلْغُرَبَاءِ الَّذِیْنَ یَصْلُحُوْنَ عِنْدَ فَسَادِ النَّاسِ (السنن الواردة فی الفتن، للدانی، ج۳ص ۶۳۶، رقم الحدیث ۲۹۱، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم: بدأ الإسلام غریبا وسیعود غریبا) [1]

ترجمہ: اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے، جو لوگوں کے بگڑ جانے کے وقت بھی نیک ہوں (السنن الواردۃ)

---

[1] قال الالبانی:

قلت: وهذا سند صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن آدم المصيصی وهو ثقة كما قال النسائی وغيره. ورواه الآجری فی "الغرباء" من هذا الوجه والترمذی من طريق أخرى عن حفص به دون السؤال. وقال ": حسن صحيح." وله شاهدان من حديث سعد بن أبی وقاص وعبد الله بن عمرو بن العاص عند الدانی بإسنادين صحيحين (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۲۷۳)

Idara Ghufran

اورحضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِیْبًا، وَسَیَعُوْدُ غَرِیْبًا، فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ، قَالَ: قِیْلَ: وَمَنْ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: اَلنُّزَّاعُ مِنْ الْقَبَائِلِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۹۸۸، ابواب الفتن، باب: بدأ الإسلام غريبا) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اسلام کی ابتداء اجنبی حالت میں ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی ہوکر لوٹ آئے گا، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے، عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ سوال کیا گیا کہ اجنبی لوگ کون ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبیلوں میں سے الگ ہونے والے (ابنِ ماجہ)

یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے۔ ؎۲

قبیلوں میں سے الگ ہونے والے لوگوں سے وہ لوگ مراد ہیں، جو فتنہ وفساد کے زمانہ میں دین پر چلنے اور اس کے اجنبی سمجھے جانے کی وجہ سے اپنے قبیلہ کے لوگوں سے الگ تھلگ ہوں، یا ان کو الگ تھلگ کردیا جائے۔ ؎۳

اور امام دانی نے ''السننُ الواردۃ'' میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

؎۲ عن عبد الله، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إن الإسلام بدأ غريبا، وسيعود كما بدأ، فطوبى للغرباء "، قيل: ومن الغرباء؟ قال: " النزاع من القبائل " (مسند احمد، رقم الحديث ۳۷۸۴)

قال شعيب الارنؤوط: إسناد أحمد صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

؎۳ قوله: (قال النزاع) ضبط بضم فتشديد، قيل: هو جمع نزيع ونازع وهو الغريب الذى أنزع عن أهله وعشيرته، أى: الذين يخرجون عن الأوطان لإقامة سنن الإسلام وقد جاء عن بعض السلف أنهم أهل الحديث، والله أعلم (حاشية السندى على سنن ابن ماجه، ج ۲، ص ۴۷۸، كتاب الفتن، باب بدأ الإسلام غريبا)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ، قِيْلَ: مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلَّذِيْنَ يَصْلُحُوْنَ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ (السنن الواردة فی الفتن، للدانی، ج۳ص ۶۳۳، رقم الحديث ۲۸۸، باب قول النبی صلی الله عليه وسلم: بدأ الإسلام غريبا وسيعود غريبا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اسلام کی ابتداء اجنبی حالت میں ہوئی، اور عنقریب وہ اجنبی ہو کر لوٹ آئے گا، جس طرح اس کی ابتداء ہوئی تھی، پس اجنبیوں کے لئے خوش خبری ہے، سوال کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! اجنبی لوگ کون ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ لوگ جو اس وقت نیک ہوں، جب لوگ بگڑ چکے ہوں (السنن الواردۃ)

اس طرح کی حدیث حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

عبداللہ بن عمرو، اور ابو سعید رضی اللہ عنہما کی حدیث

مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْأَغْنِيَاءَ وَالنِّسَاءَ (مسند احمد، رقم الحديث ۶۶۱۱)

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشثری: وسنده صحيح (حاشية المطالب العالية محققا، ج۱۳، ص۱۲۸، تحت رقم الحديث ۳۱۲۹، كتاب الرقائق، باب الوصايا النافعة)

[2] عن خالد بن أبی عمران, قال: قال أبو عياش قال: سمعت جابر بن عبد الله يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الإسلام بدأ غريبا وسيعود غريبا كما بدأ, فطوبى للغرباء. قلنا: من هم يا رسول الله؟ قال: الذين يصلحون حين يفسد الناس (شرح أصول اعتقاد أهل السنة والجماعة، لهبة الله اللالكائی، رقم الحديث ۱۷۳)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر فقراء کو دیکھا، اور میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا، تو اس میں اکثر مالدار لوگ اور عورتیں تھیں (مسند احمد)

بعض اہلِ علم نے اغنیاء (یعنی مالداروں) کے الفاظ کو مستثنیٰ کر کے اس حدیث کو صحیح کہہ دیا ہے، اور عبد اللہ بن ابی شریک نخعی کے حافظہ کے کمزور ہونے کی وجہ سے اغنیاء (یعنی مالداروں) کے الفاظ کو ضعیف کہہ دیا ہے۔ ۱

حالانکہ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس حدیث کی سند کو علامہ ہیثمی، امام منذری وغیرہ نے عمدہ کہا ہے۔ ۲

دوسری بات یہ ہے کہ اس کی تائید ان صحیح احادیث وروایات سے ہوتی ہے، جن میں جنت میں اکثر فقراء کے داخل ہونے کی تصریح آ گئی، اس مضمون کی تائید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی حدیث سے بھی ہوتی ہے، جو پہلے ذکر کی گئی، تو پیچھے مالدار ہی رہ گئے، جن کے بکثرت جہنم میں جانے میں کیا شبہ رہ گیا۔

اسی لئے اعلامہ ابنِ حجر نے اس کی سند کو حسن کہا ہے، جس سے اگر حسن لغیرہٖ ہونا مراد لیا جائے، تو بعید نہیں۔ ۳

---

۱ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح دون قوله "الأغنياء" فإنها لم ترد في الشواهد والمتابعات.

شريك -وهو ابنُ عبد الله بن أبي شريك النخعي القاضي، وإن كان سيىء الحفظ- تابعه أبو بكر بن عياش (حاشية مسند احمد)

۲ قال الهيثمي: رواه أحمد، وإسناده جيد (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۹۰۰، باب فضل الفقراء)

وقال المنذري: رواه أحمد بإسناد جيد (الترغيب والترهيب، ج۴ ص۸۸، كتاب التوبة والزهد، الترغيب في الزهد في الدنيا والاكتفاء منها بالقليل الخ)

۳ قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثري: قول الحافظ عقب ذكره" :هذا إسناد حسن" فلعله يقصد أنه حسن لغيره (حاشية المطالب العالية محققاً، ج۱۸، ص۶۲۹، تحت رقم الحديث ۴۵۹۳، كتاب الفتن، باب صفة النار وأهلها أعاذنا الله منها)

www.idaraghufran.org

اس لیے مذکورہ حدیث کی سند اور متن کا معتبر ہونا ہی راجح معلوم ہوا۔

اور جہنم میں مال داروں کے بکثرت جانے کی وجہ ان کا مال میں لگ کر آخرت سے غافل ہونا، اور مال کا حرام وناجائز طریقہ پر حاصل کرنا، یا حرام وناجائز جگہ، یا اسراف والی جگہوں میں خرچ کرنا، یا زکاۃ وغیرہ کا پورا پورا اداء نہ کرنا ہوگا، جیسا کہ اکثر وبیشتر مالدار لوگ ان میں سے کسی نہ کسی چیز کے مرتکب ہوتے ہیں۔

اور جو مالدار لوگ ان سب چیزوں سے بچ گئے، ان کی تعداد کم ہوگی، جیسا کہ ہر شخص مشاہدہ سے معلوم کرسکتا ہے۔

پھر بھی ایسے مالدار نیک لوگ حساب وکتاب میں الجھے رہنے کی وجہ سے جنت میں فقراء کے بعد بہت تاخیر سے داخل ہوں گے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِفْتَخَرَتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: يَدْخُلُنِي الْجَبَّارُونَ وَالْمُلُوكُ وَالْأَشْرَافُ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: يَدْخُلُنِي الْفُقَرَاءُ وَالْمَسَاكِينُ، فَقَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلنَّارِ: أَنْتِ عَذَابِي أُصِيبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ، وَقَالَ لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مَلْؤُهَا (صحيح ابن حبان، ۷۴۵۴، تابع لكتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين، باب وصف الجنة وأهلها) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت اور جہنم نے آپس میں ایک دوسرے پر فخر کیا، جہنم نے کہا کہ میرے اندر ظالم، اور بادشاہ اور عزت والے لوگ داخل ہوں گے، اور جنت نے کہا کہ میرے اندر فقراء اور مساکین داخل ہوں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (حاشية ابن حبان)

گے، تو اللہ جل وعلا نے جہنم سے فرمایا کہ تو میرا عذاب ہے، اور جس کو میں چاہوں گا، تیرے ذریعہ عذاب دوں گا، اور جنت سے فرمایا کہ تو میری رحمت ہے، اور تیرے ذریعہ سے میں جس کو چاہوں گا، ڈھانپ دوں گا، اور تم میں سے ہر ایک کے لیے اس کو بھرنے (والے افراد) ہیں (ابنِ حبان)

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَكَانَ عَامَّةَ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَأَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰى بَابُ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥١٩٦، باب بلاترجمة قبل باب كفران العشير)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والے مساکین (وفقراء) تھے، اور دنیا میں کھپنے والے لوگوں کو روک کر رکھا گیا تھا، سوائے اس کے کہ جہنمیوں کو جہنم کی طرف لے جانے کا حکم دیا گیا تھا، اور میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والی عورتیں تھیں (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ، وَإِذَا أَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ، إِلَّا أَصْحَابَ النَّارِ، فَقَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ، فَإِذَا

عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٧٣٦ ”٩٣“ كتاب الرقاق،باب أكثر أهل الجنة الفقراء، وأكثر أهل النار النساء .وبيان الفتنة بالنساء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا،تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والے مساکین تھے،اور دنیا میں کھپنے والے لوگوں کو روک کر رکھا گیا تھا،مگر جہنمیوں کو جہنم کی طرف لے جانے کا حکم دیا گیا تھا، اورمیں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا،تو اس میں اکثر وبیشتر داخل ہونے والی عورتیں تھیں (مسلم)

روک کر رکھے جانے والوں سے مراد وہ لوگ ہیں،جنہوں نے اپنے آپ کو مال کمانے میں کھپایا،ایسے لوگوں کو حساب وکتاب لمبا ہونے کی وجہ سے روک کر رکھا گیا تھا۔

محمود بن لبید وابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:اِثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ آدَمَ ، اَلْمَوْتُ، وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ، وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ، وَقِلَّةُ الْمَالِ أَقَلُّ لِلْحِسَابِ (مسند الإمام أحمد،رقم الحديث ٢٣٦٢٥) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو چیزوں کو ابنِ آدم،ناپسند کرتا ہے،ایک موت کو،حالانکہ موت،مومن کے لئے فتنہ سے بہتر ہے،اوردوسرے وہ مال کے کم ہونے کو ناپسند کرتا ہے،حالانکہ مال کا کم ہونا،حسابِ قیامت کے کم ہونے کا ذریعہ ہے (مسند احمد)

حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده جيد(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيْمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ أَنْفَقَهٗ، وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيْمَ أَبْلَاهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۴۱۷،أبواب صفة القيامة والرقائق والورع،باب فی القيامة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (رب تعالیٰ کے سامنے سے) کسی بندہ کے قدم اس وقت تک نہیں ٹلیں گے، جب تک اس سے یہ سوال نہ کرلیا جائے کہ اس نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں فنا کیا، اوراس نے اپنا علم کن کاموں میں خرچ کیا، اوراس نے مال کہاں سے کمایا اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اوراس نے اپنے جسم کو کن چیزوں میں بوسیدہ کیا؟ (ترمذی)

اس سے معلوم ہوا کہ نیک مالدار مومن صرف حلال طریقہ سے مال کمانے اور حلال جگہ خرچ کرنے کے حساب وکتاب میں الجھے رہنے کی وجہ سے جنت میں نیک مومنوں سے بہت بعد میں داخل ہوں گے۔

ابو ہریرہ، ابو سعید وابنِ عُمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِنِصْفِ يَوْمٍ، خَمْسِ مِئَةِ عَامٍ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۲۲، ابواب الزهد، باب منزلة الفقراء) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومنوں کے فقراء، جنت میں

---

[1] قال الترمذي:هذا حديث حسن صحيح، وسعيد بن عبد الله بن جريج هو بصرى، وهو مولى أبي برزة، وأبو برزة اسمه: نضلة بن عبيد .

[2] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

مالداروں سے (قیامت کے) آدھا دن پہلے، یعنی پانچ سو سال پہلے داخل ہوجائیں گے (ابنِ ماجہ)

اورحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: یَدْخُلُ فُقَرَاءُ أُمَّتِی الْجَنَّۃَ قَبْلَ أَغْنِیَائِہِمْ بِنِصْفِ یَوْمٍ، قَالَ: وَتَلَا: "وَإِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ کَأَلْفِ سَنَۃٍ مِمَّا تَعُدُّوْنَ" (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۰۷۳۰) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے فقراء، جنت میں اپنے مالداروں سے (قیامت کے) آدھے دن (یعنی پانچ سو سال) پہلے داخل ہوجائیں گے، ابوہریرہ کہتے ہیں کہ پھر (سورہ حج کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

"وَإِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ کَأَلْفِ سَنَۃٍ مِمَّا تَعُدُّوْنَ"

اور بے شک (قیامت کا) دن آپ کے رب کے نزدیک ان ہزار سالوں کی طرح کا ہوگا، جن میں سے تم شمار کرتے ہو (یعنی قیامت کا دن، دنیا کے دنوں کے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر ہوگا) (مسنداحمد)

اورحضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُسْلِمِیْنَ أَوِ الْمُہَاجِرِیْنَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ قَبْلَ أَغْنِیَائِہِمْ، بِمِقْدَارِ خَمْسِ مِئَۃِ سَنَۃٍ

(سنن ابنِ ماجہ، رقم الحدیث ۴۱۲۳، ابواب الزھد، باب منزلۃ الفقراء) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فقرائے مسلمین، یا فقرائے مہاجرین، جنت میں ان کے مالداروں سے پانچ سو سال پہلے داخل ہوجائیں گے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیۃ مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیۃ سنن ابنِ ماجہ)

www.idaraghufran.org

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِشْتَكٰى فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ عَلَيْهِمْ أَغْنِيَاءَ هُمْ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْفُقَرَاءِ، أَلَا أُبَشِّرُكُمْ، إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِنِصْفِ يَوْمٍ، خَمْسِ مِئَةِ عَامٍ، ثُمَّ تَلَا مُوْسٰى هٰذِهِ الْآيَةَ: "وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ" (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۲۴، ابواب الزهد، باب منزلة الفقراء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فقرائے مہاجرین نے اپنے مقابلہ میں مالدار لوگوں پر جو اللہ نے فضل کیا، اس کی شکایت کی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے فقراء کے گروہ! کیا میں تمہیں خوشخبری نہ دوں کہ بے شک فقرائے مومنین، جنت میں اپنے مالداروں سے (قیامت کے) آدھے دن، یعنی پانچ سو سال پہلے داخل ہوجائیں گے، پھر موسیٰ (راوی) نے (سورہ حج کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

"وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ"

اور بے شک (قیامت کا) دن آپ کے رب کے نزدیک ان ہزار سالوں کی طرح کا ہوگا، جن میں سے تم شمار کرتے ہو (یعنی قیامت کا دن، دنیا کے دنوں کے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر ہوگا) (ابنِ ماجہ)

قرآن مجید کی سورہ حج میں قیامت کے دن کی مقدار دنیا کے دنوں کے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے، اور اسلامی سال تقریباً تین سو ساٹھ دنوں کا ہوتا ہے، اس حساب سے قیامت کے ایک ہزار سالوں کی مقدار تین لاکھ ساٹھ ہزار (360,000) دنوں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

کے برابر بنتی ہے، اور اس کے آدھی مقدار ایک لاکھ اسی ہزار دن بنتی ہے، یعنی فقراء، مالداروں سے دنیا کے ایک لاکھ اسی ہزار دن پہلے جنت میں داخل ہوجائیں گے، جو بڑی کامیابی ہوگی۔

البتہ بعض آیات میں قیامت کے دن کی مقدار ایک ہزار سال کے بجائے، پچاس ہزار سال کے برابر بیان کی گئی ہے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ معارج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ (سورة المعارج، رقم الآية ۴)

ترجمہ: اس (قیامت کے) دن کی مقدار پچاس ہزار سال کی ہوگی (سورہ معارج)

قیامت کے دن کی مختلف بیان کردہ مقداروں میں باہم کوئی ٹکراؤ نہیں، کیونکہ قیامت کے دن کا لمبا اور مختصر ہونا، ہر شخص کے عمل کے اعتبار سے ہوگا، نیک لوگوں کے حق میں یہ دن مختصر ہوگا، اور بد دینوں کے حق میں اپنے اپنے عمل کے حساب سے طویل اور لمبا ہوگا۔

اور کافروں کے حق میں زیادہ طویل، یعنی پچاس ہزار سالوں کے برابر ہوگا۔

پھر مذکورہ احادیث میں تو فقراء کے، مالداروں سے پانچ سو سال پہلے جنت میں جانے کا ذکر ہے، جبکہ بعض روایات میں چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہونے کا ذکر ہے۔

جابر وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث

چنانچہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِأَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۴۷۶)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فقرائے مسلمین، جنت میں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

مالداروں سے چالیس سال پہلے داخل ہوں گے (مسند احمد)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

بَشِّرْ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ أَنَّهُمْ لَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِأَرْبَعِيْنَ عَامًا (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٦٧٧،تابع لكتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين،باب الفقر والزهد والقناعة) [1]

ترجمہ: فقرائے مہاجرین کو بشارت دے دیجیے کہ وہ یقیناً جنت میں مالداروں سے چالیس سال پہلے داخل ہوں گے (صحیح ابنِ حبان)

اس فرق کی مختلف وجوہات ہوسکتی ہیں، مثلاً غربت ومالداری کے درجات میں فرق ہونا، یا غریبوں اور مالداروں کے اعمال میں فرق ہونا وغیرہ۔

ابوہریرہ، ابوذر وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحِبُّوا الْفُقَرَاءَ وَجَالِسُوْهُم (المستدرك للحاكم،رقم الحديث ٧٩٤٧،كتاب الرقاق) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم فقراء سے محبت کرو، اور ان کے ساتھ بیٹھو (حاکم)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَوْصَانِيْ خَلِيْلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخِصَالٍ مِنَ الْخَيْرِ: أَوْصَانِيْ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه إن كان عمر الرياحى سمع من حجاج بن الأسود .

وقال الذهبى فى التلخيص:صحيح

بِأَنْ لَا أَنْظُرَ إِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقِيْ وَأَنْ أَنْظُرَ إِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنِيْ ،وَأَوْصَانِيْ بِحُبِّ الْمَسَاكِيْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ ،وَأَوْصَانِيْ أَنْ أَصِلَ رَحِمِيْ وَإِنْ أَدْبَرَتْ ،وَأَوْصَانِيْ أَنْ لَا أَخَافَ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَأَوْصَانِيْ أَنْ أَقُوْلَ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا ،وَأَوْصَانِيْ أَنْ أُكْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ فَإِنَّهَا كَنْزٌ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۴۴۹، كتاب البر و الإحسان،باب صلة الرحم وقطعها) [1]

ترجمہ: مجھے میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر کی چند چیزوں کی وصیت فرمائی، ایک تو مجھے یہ وصیت فرمائی کہ میں (دنیا کے معاملہ میں) اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھوں، بلکہ اپنے سے نیچے والے کو دیکھوں،اور مجھے یہ وصیت فرمائی کہ مساکین اوران کے بھی نچلے درجے کے (یعنی انتہائی غریب وفقیر) لوگوں سے محبت رکھوں اور مجھے یہ وصیت فرمائی کہ میں (رشتہ داروں سے) صلہ رحمی (اوراچھا برتاؤ) کروں،اگرچہ کوئی اس سے پیٹھ پھیرے (یعنی اگرچہ کوئی دوسرا مجھ سے صلہ رحمی نہ کرے) اور مجھے وصیت فرمائی کہ اللہ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کروں ، اور مجھے وصیت فرمائی کہ حق بات کہوں، خواہ وہ تلخ وکڑوی ہی ہو،اور مجھے وصیت فرمائی کہ ''لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' کی کثرت کروں، کیونکہ یہ کلمات جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے (ابنِ حبان)

اورحضرت ابوذر رضی اللہ عنہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ:

أَوْصَانِيْ حِبِّيْ بِخَمْسٍ: أَرْحَمُ الْمَسَاكِيْنَ وَأُجَالِسُهُمْ، وَأَنْظُرُ إِلٰى مَنْ هُوَ تَحْتِيْ، وَلَا أَنْظُرُ إِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقِيْ، وَأَنْ أَصِلَ الرَّحِمَ وَإِنْ أَدْبَرَتْ، وَأَنْ أَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا، وَأَنْ أَقُوْلَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية ابنِ حبان)

إِلَّا بِاللّٰهِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٥١٧) ؎١

ترجمہ: مجھے میرے محبوب (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) نے پانچ چیزوں کی وصیت وتاکید فرمائی، ایک تو یہ کہ میں مساکین (وفقراء) سے رحم (وشفقت) والا برتاؤ کروں اوران کے ساتھ نشست وبرخواست کروں، اورایک یہ کہ میں اپنے سے نیچے والے کو دیکھوں اوراوپر والے کو نہ دیکھوں، اور یہ کہ میں (رشتہ داروں سے) صلہ رحمی (اور اچھا سلوک کروں) اگرچہ کہ کوئی اس سے پیٹھ پھرائے (یعنی اگرچہ وہ رشتہ دار مجھ سے اچھا سلوک نہ کرے) اور یہ کہ حق بات کہوں، خواہ وہ تلخ وکڑوی ہی ہو، اور یہ کہ ''لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' پڑھوں (مسند احمد)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّم كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الطَّيِّبَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَأَنْ تَتُوْبَ عَلَيَّ وَإِنْ أَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً أَنْ تَقْبِضَنِيْ إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ (مسند البزار، رقم الحديث ٤١٨٣، مسند ثوبان رضى الله عنه) ؎٢

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں پاکیزہ چیزوں کا، اور بری چیزوں کے ترک کرنے کا، اورمساکین کی محبت کا، اوراس بات کا کہ تو میرے اوپر متوجہ ہو، اور جب تو اپنے بندوں کے ساتھ فتنہ کا ارادہ فرمائے، تو مجھے فتنہ میں مبتلا کئے بغیر اپنی طرف بلا لیجئے (بزار)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِيْلَ لِيْ: يَا مُحَمَّدُ، قُلْ تُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَ، قَالَ: فَقُلْتُ:

؎١ قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

؎٢ قال الهيثمي: رواه البزار، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٤١٤، باب الأدعية المأثورة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم التى دعا بها وعلمها)

”اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ، وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ، وَأَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ، وَإِذَا أَرَدْتَ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِیْ إِلَیْکَ، وَأَنَا غَیْرُ مَفْتُوْنٍ، اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُکَ حُبَّکَ، وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ، وَحُبًّا یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ“ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۱۹۳۲، کتاب الدعاء، والتکبیر، والتھلیل، والتسبیح والذکر) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (اللہ کی طرف سے) مجھے فرمایا گیا کہ اے محمد آپ کہیے (آپ کی بات) سنی جائے گی، اور سوال کیجئے، آپ کو عطاء کیا جائے گا، تو میں نے یہ دعاء کی کہ:

”اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں خیر کے کاموں کے کرنے کا، اور برے کاموں سے بچنے کا، اور مساکین (یعنی غریبوں) سے محبت کا، اور اس بات کا کہ آپ میری مغفرت فرمادیں، اور مجھ پر رحم فرمادیں، اور جب تو کسی قوم کو فتنہ میں مبتلا فرمائے، تو مجھے فتنہ میں مبتلا کئے بغیر وفات دے دیجئے، اے اللہ میں آپ سے آپ کی محبت کا سوال کرتا ہوں، اور اس کی محبت کا بھی سوال کرتا ہوں، جو آپ سے محبت کرتا ہو، اور اس محبت کا جو آپ کی محبت تک پہنچادے“ (حاکم)

انس، عبادہ وابوسعید رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

”اَللّٰھُمَّ أَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَأَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاکِیْنِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ“

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علی شرط البخاری.

فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِأَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا، يَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّىْ الْمِسْكِيْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، يَا عَائِشَةُ أَحِبِّى الْمَسَاكِيْنَ وَقَرِّبِيْهِمْ ،فَإِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (سنن الترمذى، رقم الحديث ٢٣٥٢، ابواب الزهد، باب ما جاء أن فقراء المهاجرين يدخلون الجنة قبل أغنيائهم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعاء کی کہ: ''اے اللہ! مجھے مسکین ہونے کی حالت میں زندہ رکھنا اور مجھے مسکین ہونے کی حالت میں وفات دینا اور مجھے مساکین کے گروہ میں قیامت کے دن اٹھانا'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ کیوں اے اللہ کے رسول! اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس لئے کہ یہ (مساکین) اغنیاء (ومالداروں) سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے، اے عائشہ کبھی کسی مسکین کو واپس نہ لوٹاؤ اگرچہ آدھی کھجور ہی کیوں نہ دو، اے عائشہ! مسکینوں سے محبت کرو اور انہیں اپنے قریب کرو، اس لئے کہ اس سے اللہ تمہیں قیامت کے دن اپنا قرب نصیب کرے گا (ترمذی)

امام ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔ [1]

لیکن اس حدیث میں بیان کئے گئے مضامین کی الگ الگ احادیث سے تائید ہوتی ہے۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِىْ مِسْكِيْنًا، وَتَوَفَّنِىْ مِسْكِيْنًا، وَاحْشُرْنِىْ فِىْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ'' (الدعاء، للطبرانى، رقم الحديث ١٤٢٧)

---

[1] قال الترمذى: هذا حديث غريب.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ”اے اللہ! مجھے مسکین ہونے کی حالت میں زندہ رکھیے، اور مجھے مسکین ہونے کی حالت میں وفات دیجیے، اور مجھے مساکین کے زمرے میں اٹھائیے“ (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری پائی جاتی ہے، لیکن اس کی تائید دیگر روایات سے ہوتی ہے۔ [1]

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَحِبُّوا الْمَسَاكِينَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي دُعَائِهِ: ”اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مِسْكِينًا، وَأَمِتْنِي مِسْكِينًا، وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَةِ الْمَسَاكِينِ“ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٤١٢٦، ابواب الزهد، باب مجالسة الفقراء)

ترجمہ: تم مساکین سے محبت کرو، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعاء کرتے ہوئے سنا کہ: ”اے اللہ مجھے مسکین ہونے کی حالت میں زندہ رکھیے، اور مجھے مسکین ہونے کی حالت میں وفات دیجیے، اور مجھے مساکین کے زمرے میں اٹھائیے“ (ابنِ ماجہ)

اس حدیث کی سند فی نفسہٖ ضعیف ہے، لیکن اس کی تائید دوسری روایات سے ہوتی ہے۔ [2]

---

[1] قال الهيثمي:

رواه الطبراني، وفيه بقية بن الوليد، وقد وثق على ضعفه، وشيخ الطبراني، وعبيد الله بن زياد الأوزاعي لم أعرفهما، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٩٠٦، باب فضل الفقراء)

وقال السخاوي:

ورجاله موثوقون، وبقية قد صرح بالتحديث، ومع وجود هذه الطريق وغيرها مما تقدم لا يحسن الحكم عليه بالوضع لا سيما وفي الباب عن أبي قتادة (المقاصد الحسنة، ص ١٥٤، الباب الأول: حرف الهمزة)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف، يزيد بن سنان -وهو أبو فروة الرهاوي- ضعيف، وأبو المبارك مجهول، وقد اختلف على يزيد بن سنان في إسناده كما سيأتي.

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی اس سے ملتی جلتی حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ ۱؎

اور امام حاکم نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔

اور حافظ ذہبی نے بھی صحیح کہا ہے۔ ۲؎

لیکن اس کی سند میں ایک راوی ''خالد بن یزید'' ضعیف ہے۔

اور امام بیہقی نے بھی اس حدیث کو مختلف الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے، لیکن اس کی سند میں بھی مذکورہ راوی موجود ہے۔ ۳؎

یہ ملحوظ رہنا چاہیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فقر اور مالداری دونوں کے فتنوں اور شرور سے

۱؎ حدثني إبراهيم بن إسماعيل القارء، ثنا عثمان بن سعيد الدارمي، ثنا أبو أيوب سليمان بن عبد الرحمن الدمشقي، ثنا خالد بن يزيد بن عبد الرحمن بن أبي مالك الدمشقي، عن أبيه، عن عطاء بن أبي رباح، عن أبي سعيد، رضي الله عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: اللهم أحيني مسكينا وتوفني مسكينا واحشرني في زمرة المساكين، وإن أشقى الأشقياء من اجتمع عليه فقر الدنيا وعذاب الآخرة(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۷۹۱۱)

۲؎ قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص:صحيح

۳؎ أخبرنا أبو سعد الماليني، أخبرنا أبو أحمد بن عدي الحافظ، أخبرني الوليد بن حماد بن جابر بالرملة، حدثنا سليمان بن عبد الرحمن، حدثنا خالد بن يزيد بن أبي مالك، عن أبيه، عن عطاء بن أبي رباح، سمع أبا سعيد الخدري قال:" أيها الناس لا تحملنكم العسرة على طلب الرزق من غير حفه، فإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " اللهم توفني فقيرا، ولا توفني غنيا، واحشرني في زمرة المساكين فإن أشقى الأشقياء من اجتمع عليه فقر الدنيا وعذاب الآخرة "(شعب الایمان، للبیهقی،رقم الحدیث ۵۱۱۱،الثامن والثلاثون من شعب الإيمان:وهو باب في قبض اليد عن الأموال المحرمة ويدخل فيه تحريم السرقة وقطع الطريق)

قال أبو الفضل محمد بن طاهر بن علي بن أحمد المقدسي :

حديث :اللهم توفني فقيرا ولاتوفني غنيا واحشرني في زمرة المساكين، فان أشقى الأشقياء من اجتمع عليه فقر الدنيا، وعذاب الآخرة .رواه خالد بن يزيد بن أبي مالك: عن أبيه، عن عطاء بن أبي رباح، عن أبي سعيد الخدري قال :أيها الناس !لاتحملنكم العسرة على أن تطلبوا الرزق من غير حلة، سمعت رسول الله -صلى الله عليه وسلم - يقول :اللهم ...وخالد لا شيء (ذخيرة الحفاظ ،ج ۱،ص ۴۷۱، تحت رقم الحديث ۶۷۰،باب الألف)

پناہ طلب کی ہے، اس لئے مذکورہ احادیث میں مسکین ہونے سے، فتنہ وشر والی تنگدستی اور فقر وفاقہ ہرگز مرادنہیں ہوسکتا، بلکہ مسکین ہونے کی وہ حالت مراد ہے، جس میں فتنہ اور ذلت ورسوائی نہ ہو، بلکہ مال کی تکثیر اور مالداروں کے کبر اور فخر وتفاخر سے بچ کر مسکینوں والی تواضع وعاجزی مراد ہے۔

قتادہ، رافع بن خدیج وفضالہ بن عبید رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۰۳۶، ابواب الطب، باب ما جاء فی الحمیة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے، تو اسے دنیا سے اس طرح بچاتا ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنے مریض کو (استسقاء وغیرہ کے مرض میں) پانی سے بچاتا ہے (ترمذی)

اور ابنِ حبان نے حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ۶۶۹، کتاب الرقائق، باب الفقر والزهد والقناعة) [2]

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن صهیب، وأم المنذر وهذا حدیث حسن غریب وقد روی هذا الحدیث عن محمود بن لبید، عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا، حدثنا علی بن حجر قال: أخبرنا إسماعیل بن جعفر، عن عمرو، عن عاصم بن عمر بن قتادة، عن محمود بن لبید، عن النبی صلی الله علیه وسلم، نحوه، ولم یذکر فیه عن قتادة بن النعمان :وقتادة بن النعمان الظفری هو أخو أبی سعید الخدری أمه، ومحمود بن لبید قد أدرک النبی صلی الله علیه وسلم، ورآه وهو غلام صغیر.

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح علی شرط مسلم (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے، تو اسے دنیا سے اس طرح بچاتا ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنے مریض کو (استسقاء وغیرہ کے مرض میں) پانی سے بچاتا ہے (ابنِ حبان)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ (المعجم الكبير للطبراني، ج۴ص ۲۵۲،رقم الحديث ۴۲۹۶) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ عزوجل کسی بندے سے محبت کرتا ہے، تو اس کو دنیا سے اس طرح بچاتا ہے، جس طرح تم میں سے کوئی اپنے مریض کو (استسقاء وغیرہ کے مرض میں) پانی سے بچاتا ہے (طبرانی)

دنیا کے مفہوم میں مال بھی داخل ہے، بلکہ مال لوگوں کے نزدیک دنیا کے جزوِ اعظم سے کم نہیں سمجھا جاتا، جو آخرت سے غافل کرنے کا اہم سبب اور اس امت کا سب سے بڑا فتنہ ہے۔

اسی مضمون کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے، جو حضرت فضالہ سے مروی ہے۔

چنانچہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اَللّٰهُمَّ مَنْ آمَنَ بِكَ وَشَهِدَ أَنِّيْ رَسُوْلُكَ، فَحَبِّبْ إِلَيْهِ لِقَاءَكَ، وَسَهِّلْ عَلَيْهِ قَضَاءَكَ، وَأَقْلِلْ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِكَ وَلَمْ يَشْهَدْ أَنِّيْ رَسُوْلُكَ، فَلَا تُحَبِّبْ إِلَيْهِ لِقَاءَكَ وَلَا تُسَهِّلْ عَلَيْهِ قَضَاءَكَ وَأَكْثِرْ لَهُ مِنَ الدُّنْيَا" (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ۲۰۸، كتاب الإيمان، باب فرض الإيمان) [2]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۸۰۵۳، باب إذا أحب الله تعالى عبدا حماه الدنيا)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''اے اللہ! جو شخص بھی تجھ پر ایمان لایا، اور اس نے میرے بارے میں تیرا رسول ہونے کی گواہی دی، تو اس کو اپنی ملاقات کی محبت عطاء فرما دیجیے، اور اس پر اپنے فیصلہ کو آسان کر دیجیے، اور اس کے لئے دنیا کو قلیل کر دیجیے۔

اور جو شخص تجھ پر ایمان نہ لائے، اور میرے بارے میں تیرا رسول ہونے کی گواہی نہ دے، تو اس کو اپنی ملاقات کی محبت مت عطاء فرما، اور اس پر اپنے فیصلہ کو بھی آسان مت بنا، اور اس کو دنیا زیادہ عطاء فرما'' (صحیح ابنِ حبان)

جس شخص کو اللہ سے سچی محبت ہوگی، اس کو اللہ کے نبی سے بھی محبت ضرور ہوگی۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مساکین سے محبت کرنے، اور ان کے ساتھ محشور ہونے کا کئی احادیث میں ذکر آیا ہے، اور آپ نے خود اس حالت کو اختیار کیا ہے، اس لئے یہ حالت اللہ کو بھی پسند ہے، اور اس کے رسول کو بھی پسند ہے، اور اسی کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء فرمائی ہے، اور آپ کی مذکورہ دعاء قبول بھی کی گئی ہے۔

ابنِ مغفل، انس، ابوذر، کعب، وابوسعید رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ، فَقَالَ لَهُ: اُنْظُرْ مَاذَا تَقُوْلُ، قَالَ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: إِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِيْ فَأَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا، فَإِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ إِلٰى مُنْتَهَاهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٣٥٠، ابواب الزهد، باب ما جاء فی فضل الفقر) [1]

---

[1] قال الترمذی: حدثنا نصر بن علی قال: حدثنا أبی، عن شداد أبی طلحة، نحوه بمعناه،: " هذا حديث حسن غريب، وأبو الوازع الراسبی اسمه: جابر بن عمرو وهو بصری"

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت کرتا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دیکھ لو، کیا کہہ رہے ہو؟ اس نے پھر کہا کہ اللہ کی قسم! میں آپ سے محبت کرتا ہوں، اس نے تین مرتبہ یہی بات کہی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم مجھ سے محبت کرتے ہو، تو پھر فقر کو ڈھال (یعنی مشقت وصبر، اور دنیا سے حفاظت کا ذریعہ) بنانے کے لئے تیار رہو، کیونکہ جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر، اس سے بھی زیادہ تیز رفتاری کے ساتھ آتا ہے، جتنی تیز رفتار کے ساتھ سیلاب، اپنی انتہاء کی طرف جاتا ہے (ترمذی)

اور حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

أَتٰى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ لَأُحِبُّكَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْبَلَايَا أَسْرَعُ إِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ إِلٰى مُنْتَهَاهُ (موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان، رقم الحديث ۲۵۰۵، كتاب الزهد، باب محبة النبى -صلى الله عليه وسلم) [1]

---

[1] قال حسین سلیم أسد الدّارانی:

إسناده جيد أبو الوازع جابر بن عمرو الراسبى ترجمه البخارى فى الكبير 2/ 209 ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً. وأورد ابن أبى حاتم فى "الجرح والتعديل 2/ 495" بإسناده إلى أبى طالب أنه قال ": سألت أحمد بن حنبل عن أبى الوازع جابر بن عمرو فقال: بصرى ثقة." كما أورد بإسناده إلى إسحاق بن منصور الكوسج "عن يحيى بن معين قال: أبو الوازع ثقة."

وقال ابن حجر فى التهذيب ": 2/ 44 وقال الدورى، عن ابن معين: ليس بشىء."

والذى قاله الدورى فى تاريخ ابن معين 3/ 428 برقم ": (2096) أبو الوازع الراسى جابر بن عمرو، بصرى." وانظر "معرفة الرجال 2/ 96" برقم. (254) وقال أيضاً فى 4/ 168 برقم ": (3755) وأبو الوازع الذى يروى عن أبى برزة اسمه جابر بن عمرو- تحرفت فيه إلى: عمر- الراسبى."

والأشبه أن الحافظ نقل ما قاله ابن معين فى جابر بن نوح خطأً، والله أعلم.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بے شک میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔

تو اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اس شخص کو

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

وقال ابن عدى فى كامله " :543 /2حـدثنا ابن أبى عصمة، حدثنا أحمد بن أبى يحيى: سـمـعـت يحيى بن معين يقول :أبـو الـوازع ليس بشىء .سـمـعـت النسائى يقول :أبو الـوازع مـنكر الحديث ."وقـال ابـن عـدى فى الكامل " :544 /2وأبـو الوازع هذا ما أعرف له كثير رواية، وإنما يروى عنه قوم معدودون، وأرجو أنه لا بأس به."

وذكـره ابن حبان فى الثقات 103 /4، وقـال الـذهبى فى كاشفه" :ثقة ."وانظر ميزان الاعتدال.378 /2 "وشـداد بـن سـعيـد فـصـلـنا القول فيه عند الحديث المتقدم برقم .(1778)والحديث فى الإحسان 254 /4برقم .(2911)

وذكره صاحب الكنز فيه 471 /6برقم (16599) ونسبه إلى ابن حبان.

وأخرجه الترمذى فى الزهد)2351) باب :ما جاء فى فضل الفقر، من طريق محمد بن عـمـرو بـن نبهـان بـن صـفوان الثقفى البصرى، حدثنا روح بن أسلم، وأخرجه الترمذى أيـضـاً مـن طـريـق نصر بن على، حدثنا أبى، كلاهما عن شداد بن سعيد أبى طلحة، بهذا الإسناد .ولـفـظه "قـال رجل للنبى -صـلـى الـلـه عليه وسلم -يـا رَسُـول الـلـه، والله إنى لأحبـك .فقال :(انظر ماذا تقول) .قال :والله إنى لأحبـك .فقال :(انظر ماذا تقول). قال :والله إنى لأحبـك -ثلاث مرات .فقال :(إن كـنـت تحبنى فأعد للفقر تجفافاً، فإن الفقر أسْرع إلى من يحبنى من السيل إلى منتهاه)." ..

وقال الترمذى" :هذا حديث حسن غريب."

وانظر "جامع الأصول678 /4 "، وتحفة الأشراف 173 /7برقم .(9647)

وفى الباب عن كعب بن عجرة، ذكره الهيثمى فى "مجمع الزوائد 314 - 313 /10 " وقال" :رواه الطبرانى فى الأوسط وإسناده جيد."

وعن الخدرى عند أحمد .42 /3وذكره الهيثمى فى "مجمع الزوائد274 /10 " وقال" :رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح، إلا أنه شبه المرسل."

نقول :سـعيـد بـن أبى سعيد الخدرى ليس من رجال الصحيح، وقد ترجمه البخارى فى الكبير 475 - 474 /3وقال" :مـدنى، سمع أباه ."ولـم يـورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وتبـعـه عـلى ذلـك ابن أبى حاتم فى "الـجرح والتعديل 25 /4 "، ووثـقه ابن حبان /4 278، فالإسناد جيد إن شاء الله.وفى الباب أيضاً عن أبى ذر عند الحاكم 331 /4وقال الـحـاكـم " :هـذا حـديـث صـحـيـح عـلـى شـرط الشيخين ولم يخـرجـاه "، ووافـقـه الذهبى(حاشية موارد الظمآن الىٰ زوائد ابنِ حبان)

جو مجھ سے محبت کرتا ہے، بلائیں (اور آزمائشیں) اس پانی کے بہاؤ سے بھی زیادہ تیزی سے پہنچتی ہیں، جو اپنے منتہاء کی طرف (تیزی سے) جاتا ہے (موارد)

اس روایت میں فقر کے بجائے، بلاؤں کے الفاظ ہیں، اور مطلب وہی ہے کہ اس کو مال ودولت وغیرہ کے امور میں آزمائشیں پیش آتی ہیں، وہ مال ودولت کو ترجیح نہ دے، تو سچی محبت کی نشانی ہوتی ہے۔

اس حدیث کی تائید اور بھی کئی روایات سے ہوتی ہے۔

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَـى الـنَّبِـيَّ صَـلَّـى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنِّىْ أُحِبُّكَ، قَالَ: اِسْتَعِدَّ لِلْفَاقَةِ (كشف الاستار عن زوائد البزار، رقم الحديث ۳۵۹۵، كتاب الزهد، باب محبة النبى صلى الله عليه وسلم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص نے آکر عرض کیا کہ بے شک میں آپ سے محبت کرتا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم فاقہ کی مشقت برداشت کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ (بزار)

یہ حدیث سند کے اعتبار سے صحیح ہے، اور اس کی تائید کئی دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے۔ [2]

---

[1] قال الهيثمي: رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح غير بكر بن سليم، وهو ثقة (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۹۸۵، باب محبة النبى صلى الله عليه وسلم)

[2] قال الالبانى:

أخرجه البزار فى "مسنده" (4/ 229/ 3595) والشجرى فى "الأمالى" (2/ 202) من طريق إبراهيم بن المنذر: حدثنا بكر بن سليم عن أبى طوالة عن أنس قال: أتى النبى صلى الله عليه وسلم رجل، فقال: إني أحبك، قال: فذكره. قلت: وهذا إسناد جيد رجاله ثقات معروفون غير بكر بن سليم، ذكره ابن حبان فى "الثقات" (8/ 149)، وقد روى عنه خمسة من الثقات، فهو صدوق كما قال فى "الكاشف"، ووثقه الهيثمى بقوله عقب الحديث (10/ 274) ": رواه البزار. ورجاله رجال الصحيح غير بكر بن سليم، وهو ثقة."قلت: وأبو طوالة اسمه عبد الله بن عبد الرحمن بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّيْ أُحِبُّكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهَ، قَالَ: اَللّٰهَ، قَالَ: فَأَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا فَإِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلٰى مَنْ يُّحِبُّنَا مِنَ السَّيْلِ مِنْ أَعْلَى الْأَكَمَةِ إِلٰى أَسْفَلِهَا (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۹۴۴، کتاب الرقاق) [1]

ترجمہ: وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ میں آپ اہلِ بیت سے محبت کرتا ہوں، تو ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ، اللہ، تو پھر تم فقر کی مشقت برداشت کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ، کیونکہ جو ہم سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر، اونچی جگہ سے اپنے نیچے کی طرف بہہ کر آنے والے سیلاب سے بھی زیادہ تیزی سے پہنچتا ہے (حاکم)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

معمر بن حزم الأنصاری .وله شاهد من حديث أبي ذر رضى الله عنه :أنه أتى النبى صلى الله عليه وسلم فقال :إنى أحبكم أهل البيت،فقال له النبى صلى الله عليه وسلم :الله؟ قال :الله .قال " :فأعد للفقر تجفافا، فإن الفقر أسرع إلى من يحبنا من السيل من أعلى الأكمة إلى أسفلها "أخرجه الحاكم (4/331) وقال " :صحيح على شرط الشيخين ."ووافقه الذهبى.

وأقول إنما هو صحيح فقط، فإنه من طريق محمد بن غالب :حدثنا عفان ..إلخ، فإن غالبا ليس من رجال الشيخين، وإنما عفان، لكن هذا ليس من شيوخهما.

وإنما يرويان عنه بالواسطة .وللحديث شاهد من حديث عبد الله بن مغفل كنت خرجته فى "الضعيفة "(1681) قبل الوقوف على هذين الحديثين، ويعود الفضل فى ذلك إلى أحد طلاب العلم السعوديين جزاه الله خيرا فى كتيب له كان أرسله إلى .ثم بلغنى أنه توفى فجأة رحمه الله تعالى .وللشطر الثانى من حديث أبى ذر شاهد من حديث أبى سعيد الخدرى، وهو الآتى " :اصبر أبا سعيد !فإن الفقر إلى من يحبنى منكم أسرع من السيل على أعلى الوادى ومن أعلى الجبل إلى أسفله (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۸۲۷)

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه "
وقال الذهبى فى التلخيص: على شرط البخارى ومسلم

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحِبُّنِی یَا کَعْبُ؟ قُلْتُ: بِأَبِی أَنْتَ، نَعَمْ، قَالَ: إِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلٰی مَنْ یُّحِبُّنِی مِنَ السَّیْلِ إِلٰی مَعَادِنِهٖ

(المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحدیث ۷۱۵۷) [1]

ترجمہ: پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم مجھ سے محبت کرتے ہو، اے کعب! میں نے عرض کیا کہ میرے والد آپ پر قربان ہوں، بے شک۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک جو مجھ سے محبت کرتا ہے، اس کی طرف فقر، بہہ کر اپنے معادن (یعنی ٹھہرنے والی جگہوں) میں پہنچنے والے سیلاب سے بھی زیادہ تیزی سے پہنچتا ہے (طبرانی)

اور امام بیہقی نے حضرت سعید بن ابی سعید سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ أَبَا سَعِیْدِ الْخُدْرِیَّ، شَکَا إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهٗ، فَقَالَ: اِصْبِرْ أَبَا سَعِیْدٍ، فَإِنَّ الْفَقْرَ إِلٰی مَنْ یُّحِبُّنِی أَسْرَعُ مِنَ السَّیْلِ من أَعْلَی الْوَادِیْ أَوْ مِنْ أَعْلَی الْجَبَلِ إِلٰی أَسْفَلِهٖ.

هٰذَا مُرْسَلٌ، وَرُوِیَ فِیْ هٰذَا الْمَعْنٰی عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ (شعب الإیمان للبیهقی، رقم الحدیث ۱۳۹۹، الرابع عشر من شعب الإیمان: وهو باب فی حب النبی صلی الله علیه وسلم، فصل فی زهد النبی صلی الله علیه وسلم وصبره علی شدائد الدنیا) [2]

---

[1] قال الهیثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط، وإسناده جید (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۲۴۵، باب فی عیش رسول الله صلی الله علیه وسلم والسلف)

وقال الالبانی: فیکون الإسناد حسناً -إن شاء الله تعالی (سلسلة الاحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث ۳۱۰۳)

[2] قال الالبانی:

أخرجه أحمد (3/42) من طریق عمرو عن سعید بن أبی سعید الخدری عن أبیه. أنه شکا إلی رسول الله صلی الله علیه وسلم حاجته، فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم ... :

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: ابو سعید خدری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی حاجت (کی تنگدستی) کی شکایت کی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابو سعید! صبر کرو، کیونکہ مجھ سے محبت کرنے والوں کی طرف فقر اس سیلاب سے بھی زیادہ تیزی سے بڑھتا ہے، جو اوپر کی جانب سے نیچے آئے، یا (فرمایا کہ) پہاڑ سے نیچے آئے۔

امام بیہقی نے فرمایا کہ یہ حدیث مرسل ہے، اور ابو ذر کی سند سے اس معنیٰ کی حدیث مروی ہے (بیہقی)

لیکن احادیث میں نہ تو یہ قید ہے کہ وہ فقر شدید درجہ کا ہوتا ہے، اور نہ ہی یہ قید ہے کہ وہ فقر

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فذكره .قلت :ورجاله ثقات رجال مسلم غير سعيد بن أبى سعيد الخدرى، فلم يوثقه غير ابن حبان (278/4) وذكر أنه روى عنه عمران بن أبى أنس وأهل المدينة .لكن حقق الحافظ أن عمران هذا إنما روى عن عبد الرحمن بن أبى سعيد الخدرى، وأن من قال عن عمران عن سعيد بن أبى سعيد الخدرى فهو غير محفوظ، كما بينته فى ترجمة سعيد هذا من "تيسير الانتفاع "، وعليه فليس له راو غير عمرو هذا، وهو ابن الحارث المصرى، وعلى ذلك فسعيد هذا فى عداد المجهولين، حتى أن البخارى وابن أبى حاتم لم يذكرا له فى ترجمته راويا مطلقا !فهو علة هذا الإسناد .وقد اختلط هذا الراوى على الهيثمى بغيره، فظنه سعيد بن أبى سعيد المقبرى الثقة !فأورد الحديث فى "المجمع "(374/10) هكذا" :عن سعيد بن أبى سعيد الخدرى شكا "..الحديث، وقال ":رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح، إلا أنه شبه المرسل ."قلت: وهذا خطأ بناء على نقله خطأ طرف الحديث، وهو قوله " :أن أبا سعيد "ولذلك قال: "إنه شبه المرسل "،وبناء عليه توهم أن سعيد بن أبى سعيد هو المقبرى فقال :رجاله رجال الصحيح!

وأساس الخطأ أنه سقط من قلمه قوله " :عن أبيه ."وأبو سعيد الخدرى ليس أبا المقبرى الثقة، وقلده فى ذلك بعض الناشئين ممن لا تحقيق عندهم .لكن للحديث شاهد من حديث عبد الله بن مغفل أوله " :إن كنت تحبنى فأعد للفقر تجفافا ." كنت خرجته فى "الضعيفة "برقم (1681) ، فيمكن تقوية هذا به، وبحديث أبى ذر المخرج تحت الحديث الذى قبله .والله أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ٢٨٢٨)

ہمیشہ رہتا ہے، ممکن ہے کہ ابتداء میں ایمانی قوت کو بڑھانے کے لئے آزمائش آ کر ختم ہوجائے، اور ممکن ہے کہ بعد میں بھی وقتاً فوقتاً یہ حالت پیش آتی رہے، یہ اللہ کی مشیّت پر موقوف ہے۔

اور مذکورہ احادیث کا مضمون ان احادیث کے مطابق ہے، جن میں انبیاء کے قریب لوگوں کو زیادہ بلائیں اور آزمائشوں میں مبتلاء کئے جانے، اور اس کی وجہ سے خطائیں معاف ہونے اور درجات بلند ہونے کا ذکر ہے، اور فقر میں مشقت وتکلیف کا پیش آنا معلوم ہے۔

سعد بن ابی وقاص وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: اَلْأَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْأَمْثَلُ فَالْأَمْثَلُ، فَيُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَإِنْ كَانَ دِيْنُهٗ صُلْبًا اِشْتَدَّ بَلَاؤُهٗ، وَإِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ رِقَّةٌ اُبْتُلِيَ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَتْرُكَهٗ يَمْشِيْ عَلَى الْأَرْضِ مَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۳۹۸، ابواب الزهد، باب ما جاء فی الصبر علی البلاء) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ شدید بلاء (وآزمائش) کس کو پیش آتی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء کو، پھر ان کو جو اُن جیسے ہوں، پھر ان کو جو ان جیسے ہوں، پس آدمی کو اس کے دین کی حیثیت سے آزمائش میں ڈالا جاتا ہے، پس اگر اس کا دین زیادہ مضبوط ہوتا ہے، تو اس کی آزمائش زیادہ شدید ہوتی ہے، اور اگر اس کے دین میں کمزوری ہو، تو اس کے دین کے اعتبار سے آزمائش بھی کمزور ہوتی ہے، پھر بندہ کی آزمائش

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح وفی الباب عن أبی هريرة، وأخت حذيفة بن اليمان أن النبی صلی الله عليه وسلم، سئل أی الناس أشد بلاء؟ قال: الأنبياء، ثم الأمثل فالأمثل.

برابر جاری رہتی ہے، یہاں تک کہ اس کو اس حال میں چھوڑتی ہے کہ وہ زمین پر اس حالت میں چلتا، پھرتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا (سنن ترمذی)

اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: اَلْأَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الصَّالِحُونَ، ثُمَّ الْأَمْثَلُ، فَالْأَمْثَلُ مِنَ النَّاسِ، يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَإِنْ كَانَ فِي دِيْنِهٖ صَلَابَةٌ زِيْدَ فِي بَلَائِهٖ، وَإِنْ كَانَ فِي دِيْنِهٖ رِقَّةٌ خُفِّفَ عَنْهُ، وَمَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَمْشِيَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ لَيْسَ عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۸۱) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ شدید بلاء (وآزمائش) کس کو پیش آتی ہے؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء کو، پھر صالح (ونیک لوگوں کو) پھر ان لوگوں کو جو اُن جیسے ہوں، پھر ان کو جو لوگوں میں ان جیسے ہوں، آدمی کو اس کے دین کی حیثیت سے آزمائش میں ڈالا جاتا ہے، پس اگر اس کے دین میں مضبوطی ہوتی ہے، تو اس کی آزمائش زیادہ کی جاتی ہے، اور اگر اس کے دین میں کمزوری ہو، تو اس کی آزمائش کم کی جاتی ہے، اور بندہ کی آزمائش برابر جاری رہتی ہے، یہاں تک کہ وہ زمین کی پشت پر اس حالت میں چلتا، پھرتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا (مسند احمد)

جب بندہ اللہ کے دیے ہوئے رزق پر صابر وشاکر رہتا ہے، دل سے غناء اختیار کرتا ہے، اور کسی کے مال ودولت پر نظر نہیں رکھتا، تو پھر اس کے نتیجہ میں اللہ اس کی ضروریات کو پورا کرتا، اور اس کے مال میں برکت عطاء فرمادیتا ہے، جیسا کہ اس سے پہلی فصل میں تفصیل کے ساتھ گذرا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، لَأَنْ يَّأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهٗ، فَيَذْهَبَ إِلَى الْجَبَلِ، فَيَحْتَطِبَ، ثُمَّ يَأْتِيَ بِهٖ يَحْمِلُهٗ عَلٰى ظَهْرِهٖ، فَيَبِيْعَهٗ فَيَأْكُلَ، خَيْرٌ لَهٗ مِنْ أَنْ يَّسْأَلَ النَّاسَ، وَلَأَنْ يَّأْخُذَ تُرَابًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ فِيْهِ، خَيْرٌ لَهٗ مِنْ أَنْ يَجْعَلَ فِيْ فِيْهِ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

(مسند احمد، رقم الحديث ٧٤٩٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی اپنی رسی لے کر پہاڑ پر چلا جائے، پھر لکڑیاں اپنی پشت پر لاد کر لے آئے، اور ان کو فروخت کر کے کھالے، یہ اس کے لئے بہتر ہے، اس عمل سے کہ وہ لوگوں سے سوال کرے، اور یہ کہ وہ مٹی لے کر اپنے منہ میں ڈال لے، یہ بہتر ہے، اس عمل سے کہ وہ اپنے منہ میں ایسی چیز داخل کرے، جس کو اللہ نے اس پر حرام قرار دے رکھا ہے (مسند احمد)

بہر حال معلوم ہوا کہ مومن کے لئے مال کی قلت ہرگز اللہ کی ناراضگی کا باعث نہیں، بلکہ نیک، اور دل کے غنی ہونے کی صورت میں یہ حالت اللہ اور اس کے رسول کی سچی محبت کی علامت، اور فضیلت کا باعث ہے۔

اور جو فقیر و مسکین صبر سے کام نہ لے، اور شکوہ شکایت اختیار کرے، وہ اس فضیلت سے خارج ہے۔

پس غریب لوگوں کو غمگین اور پریشان نہیں ہونا چاہیے، اللہ کے فیصلہ پر راضی رہنا چاہیے، اور صبر و استقامت سے کام لینا چاہیے، اور حلال و جائز تدابیر کو اختیار کرنا چاہیے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

(فصل نمبر 15)

مقدر شدہ رزق حاصل کیے بغیر موت کی آمد ممکن نہیں

’’رزق‘‘ اس چیز کو کہا جاتا ہے، جو انسان و جانور کھاتا پیتا اور اس سے غذائیت حاصل کرتا ہے، اور بعض اوقات زندگی میں کام آنے والی اور نفع اٹھائے جانی والی ہر مفید چیز کو بھی رزق کہا جاتا ہے، اور ہر مخلوق کے رزق کو اللہ نے مقدر فرما دیا ہے۔ [1]

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اِتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، فَإِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوتَ حَتّٰى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا، وَإِنْ أَبْطَأَ عَنْهَا، فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، خُذُوْا مَا حَلَّ، وَدَعُوْا مَا حَرُمَ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۲۱۴۴، ابواب التجارات، باب الاقتصاد فی طلب المعيشة) [2]

---

[1] الرزق فی اللغة الحظ قال الله تعالى وتجعلون رزقكم أنكم تكذبون– ويطلق على كل ما ينتفع به الحيوان(التفسير المظهری، ج ۱ ص ۲۰، سورة البقرة)

الرزق: وهو بالكسر مأخوذ من رزق بالفتح، وهو لغة: ما ينتفع به، والجمع أرزاق(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۳۰ص ۱۵۰، مادة ”عطاء“ حرف العين)

الرزق لغة العطاء دنيويا كان أم أخرويا، والرزق أيضا ما يصل إلى الجوف ويتغذى به، يقال: أعطى السلطان رزق الجند، ورزقت علما .

قال الجرجانی: الرزق اسم لما يسوقه الله إلى الحيوان فيأكله، فيكون متناولا للحلال والحرام (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۲۲ص ۲۰۱، مادة ”رزق“حرف الراء)

[2] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح (حاشية ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور (دنیا کی) طلب میں حسن واعتدال (اور صبر وہمت) سے کام لو، اس لئے کہ کوئی جاندار اس وقت تک ہرگز نہیں مرے گا، جب تک کہ اپنے (مقدر کے) رزق کو پورا پورا حاصل نہ کرلے، اگرچہ وہ رزق کچھ دیر سے حاصل ہو، پس تم اللہ سے ڈرو اور (دنیا کی) طلب میں حسن واعتدال (اور صبر وہمت) سے کام لو، حلال چیزوں کو حاصل کرو اور حرام چیزوں کو چھوڑ دو (ابنِ ماجہ)

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسْتَبْطِئُوا الرِّزْقَ، فَإِنَّهُ لَنْ يَّمُوْتَ الْعَبْدُ حَتّٰى يَبْلُغَهُ آخِرُ رِزْقٍ هُوَ لَهُ، فَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ: أَخْذُ الْحَلَالِ وَتَرْكُ الْحَرَامِ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٣٢٣٩، كتاب الزكاة، باب ما جاء في الحرص وما يتعلق به) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رزق حاصل کرنے میں غلو وجلد بازی نہ کرو (بلکہ حسن وصبر اور اعتدال سے کام لو) اس لئے کہ کوئی بندہ اس وقت تک ہرگز نہیں مرے گا، جب تک کہ اس کو اس کے حصہ کا آخری رزق نہ پہنچ جائے، پس تم (رزق کی) طلب میں حسن واعتدال (اور صبر) سے کام لو، حلال کو حاصل کر کے، اور حرام کو چھوڑ کر (ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ ہر انسان، فوت ہونے سے پہلے اپنے مقدر کے رزق کو مکمل طریقہ پر حاصل کرلے گا، اگرچہ رزق کچھ تاخیر سے، یا انتظار کر کے حاصل ہو، لہٰذا اللہ سے ڈرنا اور رزق

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابن حبان)

www.idaraghufran.org

کے طلب کرنے میں حسن وصبر اور اعتدال کو اختیار کرنا چاہیے، وہ اس طرح کہ نہ تو اس میں اتنا انہماک ہو کہ اللہ کے ضروری احکام چھوٹنے لگیں، اور نہ ہی یہ کہ بے صبری کا مظاہرہ کر کے حرام طریقہ اور ذریعہ کو اختیار کیا جائے۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ ابْنَ آدَمَ هَرَبَ مِنْ رِّزْقِهٖ كَمَا يَهْرُبُ مِنَ الْمَوْتِ لَأَدْرَكَهٗ رِزْقُهٗ كَمَا يُدْرِكُهُ الْمَوْتُ

(حلية الأولياء وطبقات الأصفياء، لابی نعيم الأصبهانی، ج۷، ص۹۰، تحت ترجمة "سفيان الثوری") [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ابنِ آدم اپنے (مقدر کے) رزق سے اس طرح بھاگے، جس طرح وہ موت سے بھاگتا ہے، تب بھی وہ رزق اس کو اسی طرح پالے گا، جس طرح اس کو موت پا لیتی ہے (حلیۃ الاولیاء)

---

[1] قال الالبانی:

رواہ أبو نعيم فی "الحلية" (7/90 ، 7/246) وابن عساكر (2/ 11 /1) عن المسيب بن واضح حدثنا يوسف بن سباط حدثنا سفيان الثوری عن محمد بن المنكدرعن جابر مرفوعا .وقال أبو نعيم " :تفرد به عن الثوری يوسف بن أسباط ."

قلت :وهو ضعيف ومثله المسيب بن واضح .لكن له شاهدان يتقوى بهما:

الأول :من حديث أبی سعيد الخدری .يرويه علی بن يزيد الصدائی، أنبأنا فضيل بن مرزوق عن عطية عنه مرفوعا به .أخرجه أبو سعيد بن الأعرابی فی "معجمه "(ق 2/143) والطبرانی فی "الأوسط "(1/ 135 /2) وابن عدی فی "الكامل "(2/263).

قلت :وهذا إسناد ضعيف مسلسل بالضعفاء ، عطية العوفی فمن دونه.

والشاهد الآخر من حديث أبی الدرداء وقد خرجته فی تعليقی علی "المشكاة "(5312) وقد صححه ابن حبان، فالحديث حسن علی أقل المراتب .والله أعلم(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۹۵۲)

Idara Ghufran

اس طرح کی احادیث دوسری سندوں سے بھی مروی ہیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ الْغِنَى لَيْسَ عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُوَفِّيْ عَبْدَهُ مَا كَتَبَ لَهُ مِنَ الرِّزْقِ فَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، خُذُوْا مَا حَلَّ، وَدَعُوْا مَا حُرِّمَ (مسند ابی یعلیٰ، رقم الحدیث ٦٥٨٣ ،مسند أبی هريرة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! مالداری، سامان (یا مال) کے زیادہ ہونے سے نہیں ہوتی، بلکہ اصل مالداری دل کے مالدار ہونے سے ہوتی ہے (پس تم ظاہری مال ودولت بڑھانے کی فکر سے زیادہ، دل کے غنی ومالدار بنانے کی فکر کرو) اور بے شک اللہ عزوجل اپنے بندہ کو اس کے لیے لکھا ہوا پورا رزق عطاء فرماتا ہے، لہٰذا تم رزق کی طلب میں حسن واعتدال (اور صبر وہمت سے) سے کام لو، حلال کو حاصل کرو، اور حرام کو چھوڑ دو (ابویعلیٰ)

معلوم ہوا کہ ظاہری مال ودولت بڑھانے کے بجائے، دل کو غنی کرنا چاہیے، یعنی دل سے مال ودولت کی بے جا حرص وہوس کو ختم کرنا چاہیے، اور مال کمانے میں اعتدال اور اچھے طریقہ اور صبر وہمت کو اختیار کرنا چاہیے۔

---

[1] قال حسين سليم أسد الدرانی: إسناده حسن (حاشية مسند ابی يعلىٰ)
وقال المنذری: رواه أبو يعلى وإسناده حسن إن شاء الله (الترغيب والترهيب، ج ٢ ص ٣٣٩، كتاب البيوع وغيرها، الترغيب فی الاقتصاد فی طلب الرزق والإجمال فيه وما جاء فی ذم الحرص وحب المال)

www.idaraghufran.org

ابنِ مسعود، حذیفہ وابوامامہ رضی اللہ عنہم کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ يُقَرِّبُكُمْ إِلَى الْجَنَّةِ، وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ النَّارِ، إِلَّا قَدْ أَمَرْتُكُمْ بِهِ، وَلَيْسَ شَيْءٌ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ النَّارِ، وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ إِلا قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ، وَإِنَّ الرُّوحَ الْأَمِينَ نَفَثَ فِي رُوعِي، أَنَّهُ لَيْسَ مِنْ نَفْسٍ تَمُوتُ حَتّٰى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا، فَاتَّقُوا اللّٰهَ، وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، وَلَا يَحْمِلَنَّكُمْ اِسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ أَنْ تَطْلُبُوهُ بِمَعَاصِي اللّٰهِ، فَإِنَّهُ لَا يُدْرَكُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ إِلَّا بِطَاعَتِهِ (شرح السنة للبغوى، رقم الحديث ۴۱۱۱، كتاب الرقاق، باب التوكل على الله عز وجل، شعب الإيمان للبيهقى، رقم الحديث ۹۸۹۱، الحادى والسبعون من شعب الإيمان: وهو باب فى الزهد وقصر الأمل) [1]

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى:
وبالجملة فالحديث بهذه الشواهد صحيح لغيره (حاشية المطالب العالية محققا، ج۵، ص ۵۷۹، تحت رقم الحديث ۹۲۷، كتاب الزكاة، باب الإجمال فى طلب الرزق)

وقال الالبانى:
إنه ليس شيء يقربكم إلى الجنة إلا قد أمرتكم به وليس شيء يقربكم إلى النار إلا قد نهيتكم عنه، إن روح القدس نفث فى روعى: إن نفسا لا تموت حتى تستكمل رزقها فاتقوا الله وأجملوا فى الطلب، ولا يحملنكم استبطاء الرزق أن تطلبوه بمعاصى الله، فإن الله لا يدرك ما عنده إلا بطاعته."

رواه أبو بكر الحداد فى "المنتخب من فوائد ابن علويه القطان (1 / 168)" وابن مردويه فى "ثلاثة مجالس (2 - 1 / 188)" من طرق عن يعلى بن عبيد: أخبرنا إسماعيل بن أبى خالد عن [عبد الملك بن عمير] وزبيد الأيامى عن عبد الله بن مسعود مرفوعا، والزيادة لابن مردويه. قلت: وهذا إسناد رجاله ثقات رجال الشيخين، لكنه منقطع من الوجهين، أما زبيد فإنه لم يدرك ابن مسعود يقينا، فإنه مات سنة (122) ومات ابن مسعود سنة (32)، وأما عبد الملك فإنه ولد فى السنة التى مات

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے کہ جو تمہیں جنت کے قریب کرے، اور تمہیں جہنم سے دور کرے، مگر میں اس چیز کا تم کو حکم دے چکا ہوں، اور کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے کہ جو تمہیں جہنم کے قریب کرے، اور تمہیں جنت سے دور کرے، مگر میں اس چیز سے تم کو منع کر چکا ہوں۔

اور روحُ الامین (یعنی جبریلِ امین) نے میرے دل میں (بحکمِ الٰہی) یہ بات ڈالی کہ کوئی جاندار بھی اس وقت تک فوت نہیں ہوگا، جب تک کہ اپنا رزق پورا پورا حاصل نہ کرلے، پس تم اللہ سے ڈرو، اور (رزق کی) طلب کرنے میں حسن واعتدال (اور صبر وہمت) سے کام لو، اور رزق کا کچھ دیر سے ملنا تمہیں اس بات پر نہ ابھارے کہ تم (بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہوئے) رزق کو اللہ کی نافرمانی کر کے (یعنی ناجائز طریقہ پر، یا کوئی گناہ کر کے) حاصل کرو، پس بے شک اللہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ابن مسعود فيها، أو بعدها بسنة .ورواه الحاكم (4 / 2) من طريق سعيد بن أبى هلال عن سعيد بن أبى أمية الثقفى عن يونس بن بكير عن ابن مسعود مرفوعا به .وهذا إسناد مظلم، سعيد بن أبى أمية، أورده ابن أبى حاتم (5 / 1 / 2)فقال: " سعيد بن أبى أمية بن عمرو بن سعيد بن العاص، روى عن أبى أمامة الباهلى، روى عنه عنبسة بن أبان القرشى ."ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا .وعلق عليه محققه بقوله: " لم أجد سعيد بن أبى أمية هذا، وستأتى ترجمة سعيد بن عمرو بن سعيد بن العاص، وكنيته عمرو بن سعيد أبو أمية، وله ابن اسمه أمية .فالله أعلم ."وشيخه يونس بن بكير، أظن أنه مقحم هنا من بعض النساخ، فإنه متأخر عن طبقة التابعين، مات سنة . (199)وللحديث شاهد، فقال الشافعى (" - 13 / 1ترتيب المسند والسنن ") : أخبرنا عبد العزيز بن محمد عن عمرو بن أبى عمرو مولى المطلب، عن المطلب بن حنطب أن النبى صلى الله عليه وسلم قال: فذكره دون قوله: " ولا يحملنكم ." ..سكت عنه مرتبه البنا كعادته، وهو مرسل جيد الإسناد، والمطلب بن حنطب، نسب إلى جده الأعلى، فإنه المطلب بن عبد الله بن المطلب بن حنطب ..المخزومى، وقيل بإسقاط (المطلب) فى نسبه، وقيل: هما اثنان كما فى "التهذيب "، وهو تابعى ثقة، يرسل كثيرا .وللقول المذكور آنفا شاهد من حديث جابر بنحوه .أخرجه ابن حبان وغيره، وهو مخرج فى " الظلال (420) "و "التعليق الرغيب . (7 / 3) " وبالجملة فالحديث حسن على أقل الأحوال (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٨٦٦)

کے پاس جو کچھ (اجر وانعام، یا مقدر میں طے شدہ حلال مال) ہے، تو وہ اللہ کی فرمانبرداری کر کے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے (بغوی، بیہقی)

اس طرح کی حدیث حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ ۱

اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے۔ ۲

نیز مطلب بن حنطب کی سند سے بھی اس طرح کی مرسل حدیث مروی ہے۔ ۳

---

۱ عن حذيفة رضى الله عنه قال: قام النبى صلى الله عليه وسلم فدعا الناس، فقال: هلموا إلى، فأقبلوا إليه فجلسوا فقال: هذا رسول رب العالمين جبريل نفث فى روعى أنه لا تموت نفس حتى تستكمل رزقها، وإن أبطأ عليها، فاتقوا الله وأجملوا فى الطلب، ولا يحملنكم استبطاء الرزق أن تأخذوه بمعصية الله فإن الله لا ينال ما عنده إلا بطاعته (مسند البزار، رقم الحديث ۲۹۱۴،مسند حذيفة بن اليمان رضى الله عنهما)

قال الهيثمى: رواه البزار، وفيه قدامة بن زائدة بن قدامة، ولم أجد من ترجمه، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۶۲۸۷،باب الاقتصاد فى طلب الرزق)

۲ عن أبى أمامة، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: نفث روح القدس فى روعى أن نفسا لن تخرج من الدنيا حتى تستكمل أجلها، وتستوعب رزقها، فأجملوا فى الطلب، ولا يحملنكم استبطاء الرزق أن تطلبوه بمعصية الله، فإن الله لا ينال ما عنده إلا بطاعته (المعجم الكبير للطبرانى، ج۸ص ۱۶۶،رقم الحديث ۷۶۹۴)

قال الهيثمى:رواه الطبرانى فى الكبير، وفيه عفير بن معدان، وهو ضعيف(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۶۲۹۳،باب الاقتصاد فى طلب الرزق)

۳ أخبرنا أبو عبد الله الحافظ، وأبوزكريا بن أبى إسحاق، وأبو بكر أحمد بن الحسن قالوا حدثنا أبو العباس الأصم، حدثنا الربيع، حدثنا الشافعى، حدثنا عبد العزيز بن محمد، عن عمرو بن أبى عمرو مولى المطلب، عن المطلب بن حنطب أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال:" ما تركت شيئا مما أمركم به الله إلا وقد أمرتكم به، وما تركت شيئا مما نهاكم الله عنه إلا وقد نهيتكم عنه، وإن الروح الأمين قد نفث فى روعى أنه لن تموت نفس حتى تستوفى رزقها فأجملوا فى الطلب "(شعب الايمان، للبيهقى،رقم الحديث ۱۱۴۱ ،الثالث عشر من شعب الإيمان:وهو باب التوكل بالله عز وجل والتسليم لأمره تعالى فى كل شىء)

قال الالبانى:وهو مرسل جيد الإسناد، والمطلب بن حنطب، نسب إلى جده الأعلى، فإنه المطلب بن عبد الله بن المطلب بن حنطب ..المخزومى، وقيل بإسقاط المطلب) فى نسبه، وقيل :هما اثنان كما فى "التهذيب "، وهو تابعى ثقة،يرسل كثيرا .وللقول المذكور آنفا شاهد من حديث جابر بنحوه .أخرجه ابن حبان وغيره، وهو مخرج فى "الظلال "(420) و "التعليق الرغيب " (3/ 7). وبالجملة فالحديث حسن على أقل الأحوال(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۲۸۶۶)

معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت اور جہنم سے قریب یا دور کرنے والی ہر بات اور عمل کی نشاندہی فرمادی ہے، اور ہر انسان کے مقدر میں جو رزق ہے، وہ اس کو بہرحال موت سے پہلے مل کر رہتا ہے، خواہ وہ کچھ دیر بعد ملے، لہٰذا اپنے مقدر کے رزق کو جلدی حاصل کرنے کے لیے حرام و ناجائز طریقہ اختیار نہیں کرنا چاہئے، بلکہ صبر و ہمت سے کام لینا چاہئے، اور جائز و حلال طریقوں کو اختیار کرنا چاہئے۔

ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَجْمِلُوْا فِيْ طَلَبِ الدُّنْيَا، فَإِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهٗ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۲۱۴۲، ابواب التجارات، باب الاقتصاد فی طلب المعيشة، مستدرك حاكم، رقم الحديث ۲۱۳۳) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دنیا کی طلب میں حسن واعتدال کو اختیار کرو، کیونکہ ہر ایک کو وہی میسر (وحاصل) ہوگا، جو اس کے لیے پیدا کیا گیا ہے (ابنِ ماجہ، حاکم)

معلوم ہوا کہ ہر انسان کے مقدر کا رزق اس کو مل کر رہتا ہے، اس لیے رزق کے حصول وطلب میں غلو اور حد سے تجاوز، یا بے صبری و جلد بازی کرنا درست نہیں، کیونکہ سب کچھ کرنے کے باوجود اپنے مقدر کا رزق مل کر رہتا ہے، خواہ کچھ انتظار کے بعد ملے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابن ماجه)
وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.
و قال الذهبی فی التلخيص: على شرط البخاری ومسلم.

جَاءَ سَائِلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا تَمْرَةٌ عَائِرَةٌ، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذْهَا،لَوْ لَمْ تَأْتِهَا لَأَتَتْكَ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۳۲۴۰، كتاب الزكاة، باب ما جاء في الحرص وما يتعلق به) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سائل آیا،تو نبی صلی اللہ علی وسلم نے پڑی ہوئی ایک کھجور اس کو دے دی،اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو لے لو،اگر آپ یہاں نہ آتے،تو یہ (کسی بھی طرح) آپ کے پاس پہنچ جاتی (ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ جو رزق انسان کے مقدر میں ہوتا ہے،وہ اس کو مل کر رہتا ہے،اگر چہ صاحبِ مقدر اس رزق کے پاس چل کر نہ جائے،تب بھی وہ رزق کسی نہ کسی طرح صاحبِ مقدر تک اللہ تعالیٰ پہنچا دیتا ہے۔

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ الرِّزْقَ لَيَطْلُبُ الْعَبْدَ كَمَا يَطْلُبُهُ أَجَلُهُ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ۳۲۳۸، كتاب الزكاة، باب ما جاء في الحرص وما يتعلق به) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ہر بندہ کے مقدر کا) رزق بندہ کو اس طرح تلاش کرتا ہے،جس طریقہ سے اُس کو اِس کی موت تلاش کرتی ہے (ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ رزق اپنے مقدر والے شخص کو خود اس طرح تلاش کرتا ہے،جس طرح موت

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية صحيح ابن حبان)
و قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن أحمد، وهو ثقة مأمون (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۶۲۹۰،باب الاقتصاد في طلب الرزق)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث قوى (حاشية ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

انسان کو خود تلاش کر لیتی ہے، اور انسان جہاں بھی ہو، خواہ وہ مضبوط قلعہ میں ہو، وہیں پہنچ جاتی ہے، یہی حال اپنے مقدر کے رزق کا بھی ہے، جیسا کہ گزشتہ حدیث سے بھی معلوم ہو چکا۔

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

امام بیہقی نے حضرت امِّ درداء رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ:

سَمِعْتَ أَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: لَوْ أَنَّ رَجُلًا هَرَبَ مِنْ رِّزْقِهٖ كَهَرَبِهٖ مِنَ الْمَوْتِ، لَأَدْرَكَهٗ رِزْقُهٗ كَمَا يُدْرِكُهُ الْمَوْتُ (شعب الايمان للبيهقى، رقم الحديث ١١٤٨، الثالث عشر من شعب الإيمان: وهو باب التوكل بالله عز وجل والتسليم لأمره تعالى فى كل شىء) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اگر کوئی آدمی اپنے رزق سے اس طرح بھاگے، جس طرح موت سے بھاگتا ہے، تب بھی اس (کے مقدر) کا رزق اس کو پالے گا، جیسا کہ اس کو موت پالیتی ہے (بیہقی)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ فَرَّ أَحَدُكُمْ مِنْ رِّزْقِهٖ لَأَدْرَكَهٗ كَمَا يُدْرِكُهُ الْمَوْتُ (المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ٤٤٤٤، باب العين) [2]

---

[1] قال البيهقى: فذكره موقوفا على أبى الدرداء وهذا أصح والله أعلم.

[2] قال المنذرى: رواه الطبرانى فى الأوسط والصغير بإسناد حسن (الترغيب و الترهيب للمنذرى، ج ٢ ص ٣٤٠، كتاب البيوع وغيرها، الترغيب فى الاقتصاد فى طلب الرزق والإجمال فيه وما جاء فى ذم الحرص وحب المال)

و قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الأوسط والصغير، وفيه عطية العوفى، وهو ضعيف، وقد وثق (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٦٢٩٧، باب الاقتصاد فى طلب الرزق)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم میں سے کوئی اپنے (مقدر کے) رزق سے راہِ فرار اختیار کرے، تو بھی اس (کے مقدر) کا رزق اس کو اس طرح پالے گا، جس طرح اس کو موت پالے گی (طبرانی)

حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت ہے کہ:

صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنبَرَ يَوْمَ غَزْوَةِ تَبُوْكَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا آمُرُكُمْ إِلَّا بِمَا أَمَرَكُمُ اللّٰهُ بِهِ، وَلَا أَنْهَاكُمْ إِلَّا عَمَّا نَهَاكُمُ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ، فَوَالَّذِيْ نَفْسُ أَبِي الْقَاسِمِ بِيَدِهٖ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَطْلُبُهُ رِزْقُهُ كَمَا يَطْلُبُهُ أَجَلُهُ، فَإِنْ تَعَسَّرَ عَلَيْكُمْ شَيْءٌ مِنْهُ فَاطْلُبُوْهُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۳ص۸۴، رقم الحدیث ۲۷۳۷)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غزوۂ تبوک کے دن منبر پر تشریف لے گئے، پھر اللہ کی حمد وثناء بیان کی، پھر فرمایا کہ اے لوگو! بے شک اللہ کی قسم میں تمہیں اسی چیز کا حکم دیتا ہوں، جس کا اللہ نے تم کو حکم فرمایا ہے، اور میں تمہیں اسی چیز سے روکتا ہوں، جس چیز سے اللہ نے تمہیں روکا ہے۔

پس تم (رزق کو) طلب کرنے میں اجمال کو اختیار کرو، پس قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں ابوالقاسم (محمد) کی جان ہے، بے شک تمہارا رزق تمہیں اس طرح طلب کرتا ہے، جس طرح تمہیں موت طلب کرتی ہے، پس اگر تم پر اس رزق میں سے کوئی چیز (حاصل کرنا) مشکل ہو جائے، تو تم اس کو اللہ عزوجل کی اطاعت (ورضا والے کاموں) میں طلب کرو (حرام میں طلب مت کرو) (طبرانی)

Idara Ghufran

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری ہے، جو دوسری روایات سے مل کر دور ہو جاتی ہے۔ [1]

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ انسان کے مقدر کا رزق، اس کو مل کر رہتا ہے، اگرچہ وہ اس رزق سے راہِ فرار کیوں نہ اختیار کرے۔

بعض احادیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ جب ماں کے پیٹ میں بچہ کے اندر روح ڈالی جاتی ہے، اسی وقت اس کے مقرر رزق کو بھی لکھ دیا جاتا ہے۔

ابنِ مسعود، انس وحذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ، قَالَ: إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعِ كَلِمَاتٍ، وَيُقَالُ لَهُ: اُكْتُبْ عَمَلَهُ، وَرِزْقَهُ، وَأَجَلَهُ، وَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ الرُّوحُ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٢٠٨، كتاب بدء الخلق، باب ذكر الملائكة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے، جو کہ صادق اور مصدوق ہیں، ہمیں فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کی پیدائش ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک پوری کی جاتی ہے (یعنی وہ چالیس دن تک نطفہ کی شکل میں رہتا ہے) پھر اتنے ہی دنوں

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير، وفيه عبد الرحمن بن عثمان الحاطبي؛ ضعفه أبو حاتم (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٦٢٩٢، باب الاقتصاد في طلب الرزق)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثري: وسنده ضعيف، لضعف عبد الرحمن بن عثمان، قال الذهبي في الميزان: (2/ 383) عبد الرحمن بن عثمان الحاطبي، عن أبيه، ضعَّفه أبو حاتم الرازي. وبهذه الشواهد يرتقي سند الباب إلى الحسن لغيره، والله أعلم (حاشية المطالب العالية محققاً، ج١٣، ص ٣٤١، تحت رقم الحديث ٣١٨٧، كتاب الرقائق، باب الترغيب في التسهيل في أمور الدنيا)

تک جمے ہوئے خون کی شکل میں رہتا ہے، پھر اتنے ہی دنوں تک گوشت کے لوتھڑے کی شکل میں رہتا ہے، پھر اللہ، ایک فرشتہ کو چار باتوں کا حکم دے کر بھیجتا ہے، اور اس سے کہا جاتا ہے کہ اس کا عمل، اور اس کا رزق اور اس کی موت کا وقت لکھ دے، اور یہ (بھی لکھ دے) کہ وہ شقی (یعنی بد بخت) ہے، یا سعید (یعنی نیک بخت) ہے؟ پھر اس میں روح پھونک دی جاتی ہے (بخاری)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَّلَ بِالرَّحِمِ مَلَكًا ، يَقُولُ:يَا رَبِّ نُطْفَةٌ، يَا رَبِّ عَلَقَةٌ، يَا رَبِّ مُضْغَةٌ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَقْضِيَ خَلْقَهُ قَالَ:أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى، شَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ، فَمَا الرِّزْقُ وَالْأَجَلُ؟ فَيُكْتَبُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣١٨، كتاب الحيض،باب:مخلقة وغير مخلقة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے رحمِ (مادر) پر ایک فرشتہ کو مقرر فرما رکھا ہے، جو یہ کہتا ہے کہ اے میرے رب (تیرے حکم کے مطابق) اب نطفہ ہو گیا، اے میرے رب اب علقہ (یعنی جما ہوا خون) ہو گیا، اے میرے رب اب مضغہ (یعنی لوتھڑا) ہو گیا، پھر جب اللہ یہ فیصلہ فرماتا ہے کہ اس کو پیدا کرے، تو فرشتہ سوال کرتا ہے کہ کیا نر ہوگا، یا مادہ، بد بخت ہوگا، یا نیک بخت؟ اور اس کا رزق کتنا اور موت کا وقت کیا ہوگا؟ پھر یہ سب چیزیں اس بچہ کی ماں کے پیٹ میں لکھ دی جاتی ہیں (بخاری)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَدْخُلُ الْمَلَكُ عَلَى النُّطْفَةِ بَعْدَ مَا تَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ بِأَرْبَعِينَ، أَوْ خَمْسَةٍ وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَيَقُولُ:يَا رَبِّ أَشَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ؟ فَيُكْتَبَانِ،

فَيَقُولُ: أَىْ رَبِّ أَذَكَرٌ أَوْ أُنْثٰى؟ فَيُكْتَبَانِ، وَيُكْتَبُ عَمَلُهُ وَأَثَرُهُ وَأَجَلُهُ وَرِزْقُهُ، ثُمَّ تُطْوَى الصُّحُفُ، فَلَا يُزَادُ فِيهَا وَلَا يُنْقَصُ (صحيح مسلم،رقم الحديث ۲۶۴۴ "۲" كتاب القدر،باب كيفية الخلق الآدمی، فی بطن أمه، وكتابة رزقه وأجله وعمله، وشقاوته وسعادته)

ترجمہ: فرشتہ،نطفہ پر رحمِ (مادر) میں چالیس،یا پینتالیس راتوں کے استقرار کے بعد داخل ہوکر معلوم کرتا ہے کہ اے میرے رب کیا بد بخت ہوگا،یا نیک بخت ہوگا؟ پھر ان دونوں کو لکھ دیا جاتا ہے،پھر فرشتہ معلوم کرتا ہے کہ نر ہوگا،یا مادہ؟ پھر (بحکمِ الٰہی) ان دونوں کو بھی لکھ دیا جاتا ہے اور اس کا عمل اور اس کا اثر (یعنی نقل وحرکت) اور اس کی اجل (عمر) اور اس کا رزق بھی لکھ دیا جاتا ہے،پھر لکھے جانے والے صحیفوں کو لپیٹ دیا جاتا ہے،جن میں نہ اضافہ کیا جاتا،اور نہ کمی کی جاتی (مسلم)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ بندہ کی موت،اور اس کے عمل،اور اس کی قبر،اور اس کے اثر،اور اس کا رزق لکھ چکا ہے۔ [1]

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ مخلوق کو رزق،اللہ تعالیٰ کی طرف سے فراہم کیا جاتا ہے،اور رزق حاصل کرنے کے اسباب،صرف ذرائع کے درجہ میں ہیں،ورنہ اصل دارومدار،اللہ کے حکم ومشیت پر ہے۔

---

[1] عن أبی الدرداء قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إن الله فرغ إلى كل عبد من خلقه من خمس: من أجله وعمله ومضجعه وأثره ورزقه(مسند احمد،رقم الحديث ۲۱۷۲۲)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح(حاشية مسند احمد)

عن أبی الدرداء قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " فرغ الله إلى كل عبد من خمس: من أجله ورزقه وأثره وشقى أم سعيد (مسند احمد،رقم الحديث ۲۱۷۲۳)

قال شعيب الارنؤوط:اسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

سورہ ھود، ذاریات، عنکبوت، اور سورہ رعد کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ ہود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (سورة هود، رقم الآية ٦)

ترجمہ: اور نہیں ہے کوئی چلنے والا زمین میں، مگر اللہ پر اس کا رزق ہے (سورہ ہود)

اور سورہ ذاریات میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ. مَا أُرِيْدُ مِنْهُمْ مِنْ رِّزْقٍ وَمَا أُرِيْدُ أَنْ يُّطْعِمُوْنِ. إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ (سورة الذاريات، رقم الآيات ٥٦ الىٰ ٥٨)

ترجمہ: اور نہیں پیدا کیا میں نے جن کو اور انسان کو، مگر اسی لیے کہ عبادت کریں وہ میری۔ نہیں چاہتا میں ان سے کوئی رزق، اور نہیں چاہتا میں یہ کہ وہ کھلائیں مجھے۔ بے شک اللہ ہی بہت زیادہ رزق دینے والا، زبردست قوت والا ہے (سورہ عنکبوت)

اور سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَكَأَيِّنْ مِّنْ دَابَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا، اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سورة العنكبوت، رقم الآية ٦٠)

ترجمہ: اور بہت سے جانور ہیں جو نہیں اٹھا سکتے اپنے رزق کو، رزق دیتا ہے ان کو اللہ، اور تمہیں بھی، اور وہ سمیع ہے، علیم ہے (سورہ عنکبوت)

اور سورہ رعد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيَقْدِرُ (سورة الرعد، رقم الآية ٢٦)

ترجمہ: اللہ کشادہ کر دیتا ہے رزق کو، جس کے لئے چاہتا ہے، اور تنگ کر دیتا ہے وہ (جس کے لیے چاہتا ہے) (سورہ رعد)

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَوْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرُزِقْتُمْ كَمَا يُرْزَقُ الطَّيْرُ ، تَغْدُوْ خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۳۴۴، ابواب الزهد، باب فی التوكل على الله، مسند احمد، رقم الحديث ۲۰۵) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم اللہ پر ایسا توکل کرلو، جیسا کہ اس پر توکل کرنے کا حق ہے، تو تمہیں اس طرح رزق دیا جائے، جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے کہ وہ صبح کو بھوک کی حالت میں جاتے ہیں، اور شام کو پیٹ بھر کر واپس لوٹتے ہیں (ترمذی، مسند احمد)

توکل کا مطلب جائز اسباب کا ترک کرنا نہیں ہے، بلکہ اسباب کا جائز حدود میں رہ کر استعمال کرتے ہوئے اللہ پر بھروسہ کرنا ہے، نہ کہ اسباب پر بھروسہ کرنا۔

چنانچہ علامہ ابنِ حجر رحمہ اللہ، بخاری کی شرح میں فرماتے ہیں کہ:

والمراد بالتوكل اعتقاد ما دلت عليه هذه الآية:"وما من دابة فى الأرض إلا على الله رزقها"وليس المراد به ترك التسبب والاعتماد على ما يأتى من المخلوقين؛ لأن ذلک قد يجر إلى ضد ما يراه من التوكل، وقد سئل أحمد عن رجل جلس فى بيته أو فى المسجد، وقال: لا أعمل شيئا حتى يأتينى رزقى، فقال: هذا

---

[1] قال الترمذی:هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه إلا من هذا الوجه وأبو تميم الجيشانى اسمه: عبد الله بن مالک.

وقال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن هبيرة، فمن رجال مسلم(حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

رجل جهل العلم، فقد قال النبى صلى الله عليه وسلم: إن الله جعل رزقى تحت ظل رمحى، وقال: لو توكلتم على الله حق توكله لرزقكم كما يرزق الطير تغدو خماصا وتروح بطانا، فذكر أنها تغدو وتروح فى طلب الرزق قال: وكان الصحابة يتجرون ويعملون فى نخيلهم والقدوة بهم (فتح البارى شرح صحيح البخارى، لابن حجر العسقلانى، ج ۱۱، ص ۳۰۵، ۳۰۶، كتاب الرقاق، باب ومن يتوكل على الله فهو حسبه)

ترجمہ: اور توکل سے مراد اس چیز کا اعتقاد ہے، جس پر یہ آیت دلالت کرتی ہے کہ "وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِى الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى الله رزقها" "یعنی نہیں ہے کوئی چلنے والا زمین میں، مگر اللہ پر اس کا رزق ہے" اور اس سے مراد اسباب اور مخلوق کے واسطہ سے آنے پر اعتماد کا ترک کرنا نہیں ہے، کیونکہ یہ طرزِ عمل تو توکل کے خلاف ہے، امام احمد رحمہ اللہ سے اس آدمی کے بارے میں سوال کیا گیا، جو اپنے گھر میں، یا مسجد میں بیٹھ جاتا ہے، اور وہ کہتا ہے کہ میں کوئی بھی کام نہیں کروں گا، مگر میرا رزق میرے پاس پہنچ جائے گا، تو حضرت امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یہ آدمی علم سے ناواقف ہے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے میرے رزق کو میرے نیزہ کے سایہ کے نیچے رکھ دیا ہے (کہ میرا رزق جہاد وقتال کے ذریعہ مالِ غنیمت کی شکل میں حاصل ہوتا ہے، جو کہ ظاہری اسباب میں سے ایک سبب ہے) [1]

---

[1] حدثنا هاشم بن القاسم، قال ثنا عبد الرحمن بن ثابت، قال: ثنا حسان بن عطية، عن أبى منيب الجرشى، عن ابن عمر، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله جعل رزقى تحت رمحى وجعل الذلة والصغار على من خالف أمرى، من تشبه بقوم فهو منهم (مصنف ابنِ ابى شيبة، رقم الحديث ۳۳۶۸۷، كتاب السير، باب ما قالوا فيما ذكر من الرماح واتخاذها)

www.idaraghufran.org

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ’’اگر تم اللہ پر ایسا توکل کرلو، جیسا کہ اس پر توکل کرنے کا حق ہے، تو تمہیں اس طرح رزق دیا جائے، جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے کہ وہ صبح کو بھوک کی حالت میں جاتے ہیں، اور شام کو پیٹ بھر کر واپس لوٹتے ہیں‘‘ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات فرمائی کہ پرندے، صبح کو جاتے ہیں اور شام کو آتے ہیں، یہ جدوجہد رزق طلب کرنے میں ہوتی ہے (یعنی پرندے، رزق کے طلب کرنے میں اپنے اختیاری سبب کو اختیار کرتے ہیں) اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم تجارت بھی کیا کرتے تھے، اور اپنے حسبِ حیثیت عمل بھی کیا کرتے تھے، اور بزرگی (اور تقویٰ وطہارت) ان کے ساتھ تھی (فتح الباری)

مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ ہر مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ رزق مل کر رہتا ہے، جس سے پہلے اس کو موت نہیں آتی، اس لیے اللہ پر توکل اختیار کرنا چاہیے، اور اسباب اختیار کرنے میں اعتدال سے کام لینا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

(فصل نمبر16)

مال وجاہ اور لمبی زندگی کی حرص وطمع کا نقصان وخسران

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان بوڑھا ہونے کے باوجود مال کی محبت اور لمبی عمر کا حریص رہتا ہے، انسان بوڑھا ہونے کے ساتھ ساتھ موت کے قریب تر ہوتا رہتا ہے، مگراس کا دل دنیا اور مال کی محبت اور لمبی زندگی کی خواہش پر جوان رہتا ہے۔

اور مال کی حرص انسان کے دین ودنیا میں فساد کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔

سورہ بقرہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيَاةٍ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ(سورة البقرة، رقم الآية ٩٦)

ترجمہ: اور یقیناً پائیں گے آپ ان (یہودیوں) کو لوگوں میں سب سے زیادہ حریص زندگی پر، اور ان لوگوں میں سے بھی (زندگی کے حریص پائیں گے) جنہوں نے شرک کیا، چاہتا ہے ان میں ہر ایک کہ کاش، عمر دے دی جائے اس کو ہزار سال کی (سورہ بقرہ)

اس سے معلوم ہوا کہ عمل کو درست کرنے کے بجائے، لمبی زندگی کی حرص، دراصل کافروں ومشرکوں کی خصلت ہے۔

انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: اَلْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ، وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٤٧ "١١٤" كتاب الزكاة، باب كراهة الحرص على الدنيا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم بوڑھا ہو جاتا ہے، مگر اس کی دو چیزیں جوان ہوتی ہیں، ایک مال کی حرص، اور دوسرے زندگی کی حرص (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ انسان عمر کے اعتبار سے تو بوڑھا ہوتا جاتا ہے، مگر مال کی حرص اور عمر یعنی لمبی زندگی کی خواہش جوان رہتی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: طُوْلُ الْحَيَاةِ، وَحُبُّ الْمَالِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٤٦ "١١٤" كتاب الزكاة، باب كراهة الحرص على الدنيا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں کی محبت پر جوان رہتا ہے، ایک لمبی زندگی پر، اور دوسرے مال کی محبت پر (مسلم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلشَّيْخُ يَكْبُرُ وَيَضْعُفُ جِسْمُهٗ، وَقَلْبُهٗ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: طُوْلِ الْحَيَاةِ، وَحُبِّ الْمَالِ، قَالَ سُرَيْجٌ: حُبِّ الْحَيَاةِ، وَحُبِّ الْمَالِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٨٤٧٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان بوڑھا ہوتا رہتا ہے، اور اس

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن من أجل فليح بن سليمان، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

کا جسم کمزور ہوتا رہتا ہے، لیکن اس کا دل دو چیزوں پر جوان رہتا ہے، ایک لمبی زندگی پر اور دوسرے مال کی محبت پر۔

اور سریج (راوی) کی روایت میں ہے کہ زندگی کی محبت پر اور مال کی محبت پر (انسان کا دل جوان رہتا ہے) (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ فطری طور پر انسان کو عمر لمبی ہونے کے ساتھ ساتھ مال کی محبت اور لمبی زندگی کی خواہش بڑھتی رہتی ہے، اور اس طرح یہ دونوں خواہشات اسے موت و آخرت سے غافل کرتی رہتی ہیں۔

لہٰذا عمر زیادہ ہونے کے بعد مال اور زندگی کی محبت سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے، خاص طور پر بوڑھے اور معمر حضرات وخواتین کو اس طرف سے ہرگز غافل نہیں ہونا چاہیے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ عَلَى الدُّنْيَا إِلَّا حِرْصًا وَلَا يَزْدَادُوْنَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا بُعْدًا (مستدرک للحاكم، رقم الحديث ٧٩١٧، كتاب الرقاق) [1]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الالبانی:

قال الحاكم " :صحيح الإسناد ."وهو كما قال، أو قريب منه، فإن في مخلد بن يزيد كلاما يسيرا.

لكن وقع عنده "بشير بن زاذان "ولذلك تعقبه الذهبي بقوله " :قلت :هذا منكر.، وبشير ضعفه الدارقطني، واتهمه ابن الجوزي ."

قلت :وهذا غير بشير بن سلمان، هذا ضعيف، وذاك ثقة من رجال مسلم، وهو صاحب هذا الحديث كما وقع في المصادر المذكورة، فلا تغتر بتعقب الذهبي المذكور ولا بمتابعة المناوي له بقوله عقبه " :فأنى له الصحة؟ ." !

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قریب آ چکی ہے، اور لوگوں کی دنیا میں حرص زیادہ ہی ہوتی جائے گی، اور اللہ سے دوری زیادہ ہوتی جائے گی (حاکم)

اس سے معلوم ہوا کہ جوں جوں زمانہ قیامت کے قریب ہوتا جائے گا، اسی طرح دنیا اور اس کے مال ودولت کی حرص میں بھی اضافہ ہوتا چلا جائے گا، اور اسی نسبت سے اللہ سے دوری میں بھی اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔

ابنِ عباس، ابنِ زبیر، وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَـمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٣٦، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اگر ابنِ آدم کے لئے مال کی دو وادیاں بھی ہوں، تو وہ یقیناً تیسری وادی کو تلاش کرے گا، اور ابنِ آدم کا منہ، مٹی کے علاوہ کوئی دوسری چیز نہیں بھرتی، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف متوجہ ہو (پس اگر کوئی مال کے بجائے اللہ کی طرف متوجہ

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

"رواه الطبرانی، وفيه محمد بن الحسن بن زبالة وهو متروک ."

قلت :طريق كريب سالم منه، فاقتضى التنبيه .وله شاهد من حديث عائشة مرفوعا مثله دون لفظة "بعد "ولكنه قدم (مريم) فى الذكر .أخرجه الحاكم (185/3 و186) وسكت عنه، وقال الذهبى " :صحيح على شرط الشيخين ."وهو كما قال .(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ١٥١٠)

ہوگا، یامال کی محبت سے توبہ کرے گا، تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوگا) (صحیح بخاری)

اور حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: لَوْ أَنَّ ابْنَ آدَمَ أُعْطِيَ وَادِيًا مَلْئًا مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ إِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ أُعْطِيَ ثَانِيًا أَحَبَّ إِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلَا يَسُدُّ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٣٨، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر بلاشبہ ابنِ آدم کو سونے سے بھری ہوئی ایک وادی بھی دے دی جائے، تو وہ اپنے لئے دوسری وادی ہونے کی خواہش رکھے گا، اور اگر اس کو دوسری وادی، دے دی جائے، تو وہ اپنے لئے تیسری وادی کی خواہش رکھے گا، اورابنِ آدم کا پیٹ مٹی کے علاوہ کوئی دوسری چیز نہیں بھرتی، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف متوجہ ہو (پس اگر کوئی مال کے بجائے اللہ کی طرف متوجہ ہوگا، یامال کی محبت سے توبہ کرے گا، تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوگا) (صحیح بخاری)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ أَنْ يَّكُوْنَ لَهُ وَادِيَانِ، وَلَنْ يَّمْلَأَ فَاهُ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٣٩، كتاب الرقاق، باب ما يتقى من فتنة المال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر بلاشبہ ابنِ آدم کے لئے سونے کی ایک وادی بھی ہو، تو وہ اپنے لئے دو وادیاں ہونے کی خواہش رکھے گا، اور ابنِ

آدم کا منہ مٹی کے علاوہ ہرگز کوئی دوسری چیز نہیں بھرتی، اور اللہ اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جو اللہ کی طرف متوجہ ہو (پس اگر کوئی مال کے بجائے اللہ کی طرف متوجہ ہوگا، یا مال کی محبت سے توبہ کرے گا، تو اللہ اس کی طرف متوجہ ہوگا) (صحیح بخاری)

اور سنن ترمذی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَوْ کَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِیَانِ مِنْ ذَھَبٍ لَأَحَبَّ أَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ ثَالِثٌ، وَلَا یَمْلَأُ فَاہُ إِلَّا التُّرَابُ، وَیَتُوْبُ اللّٰہُ عَلٰی مَنْ تَابَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۳۷، ابواب الزھد، باب ما جاء لو کان لابن آدم وادیان من مال لابتغی ثالثا) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر انسان کے لئے سونے کی دو وادیاں بھی ہوں، تو اسے تیسری وادی کی چاہت ہوگی، اس کا منہ صرف مٹی ہی بھر سکتی ہے، اور اللہ توبہ کرنے والے کی توبہ قبول کرتا ہے (ترمذی)

ابوہریرہ، کعب، اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِیَانِ جَائِعَانِ فِیْ غَنَمٍ اِفْتَرَقَتْ، أَحَدُھُمَا فِیْ أَوَّلِھَا، وَالْآخَرُ فِیْ آخِرِھَا بِأَسْرَعَ فَسَادًا مِنِ امْرِءٍ فِیْ دِیْنِہٖ یُحِبُّ شَرَفَ الدُّنْیَا وَمَالَھَا (مسند ابی یعلٰی، رقم الحدیث ۶۴۴۹، مسند أبی ھریرۃ) ؎۲

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھوکے ضرر پہنچانے والے بھیڑیئے جو کسی بکریوں کے ریوڑ میں گھس کر فساد پیدا کریں، ایک اس ریوڑ کے شروع میں

؎۱ قال الترمذی: وفی الباب عن أبی بن کعب، وأبی سعید، وعائشۃ، وابن الزبیر، وأبی واقد، وجابر، وابن عباس، وأبی ھریرۃ: ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ.

؎۲ قال حسین سلیم أسد الدارانی: إسنادہ حسن (حاشیۃ ابی یعلٰی)

اور ایک ان کے آخر میں، ان سے زیادہ آدمی کے دین میں فساد دنیا کی عظمت اور مال کی محبت پہنچاتی ہے (مسند ابی یعلیٰ)

مطلب یہ ہے کہ دو بھوکے بھیڑیئے جو بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیئے جائیں، اتنی تباہی وہ بکریوں کے ریوڑ میں نہیں پھیلاتے، جتنی تباہی اور فساد انسان کے دین میں مال کی حرص اور اپنی عزت اور منصب بڑھانے کی محبت کرنا پھیلاتا ہے۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ أُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ بِأَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ، وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۵۷۹۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھوکے بھیڑیئے، جن کو بکریوں کے ریوڑ (اور مجمع وجمگھٹے) میں چھوڑ دیا جائے، اتنا فساد (اور تباہی) برپا نہیں کرتے، جتنا کہ انسان کا مال اور جاہ (یعنی منصب وعہدہ) کی حرص وہوس، اس کے دین میں فساد (اور تباہی) برپا کرتی ہے (مسند احمد)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسَلَّم: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ فِيْ حَظِيْرَةٍ يَأْكُلَانِ وَيُفْسِدَانِ بِأَضَرَّ فِيْهَا مِنْ حُبِّ الشَّرَفِ وَحُبِّ الْمَالِ فِيْ دِيْنِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ (مسند البزار، رقم الحديث ۶۱۲۹، مسند ابن عباس رضی الله عنهما) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال الهيثمی: رواه البزار، وفيه قطبة بن العلاء، وقد وثق، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۳۰، باب فی حب المال والشرف)

وقال المنذری: رواه البزار بإسناد حسن (الترغيب والترهيب، ج۴ ص۸۵، كتاب التوبة والزهد، الترغيب فی الزهد فی الدنيا والاكتفاء منها بالقليل الخ)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھوکے بھیڑیئے، بکریوں کے ریوڑ میں گھس کر، اور کھا کر اور چیر پھاڑ کر کے اتنا فساد اور نقصان نہیں کرتے، جتنا انسان کا جاہ (یعنی منصب وعہدہ) اور مال کی محبت، اس کے دین میں فساد (اور تباہی) برپا کرتی ہے (مسند بزار)

عاصم، ابنِ عباس وجابر رضی اللہ عنہم وغیرہ کی احادیث

حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِشْتَرَيْتُ أَنَا وَأَخِیْ مِائَةَ سَهْمٍ مِنْ سِهَامِ خَيْبَرَ، فَبَلَغَ ذٰلِکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا عَاصِمُ مَا ذِئْبَانِ عَادِيَانِ أَصَابَا غَنَمًا أَضَاعَهَا رَبُّهَا بِأَفْسَدَ لَهَا مِنْ حُبِّ الْمَرْءِ ، اَلْمَالَ وَالشَّرَفَ لِدِيْنِهٖ

(المعجم الكبير للطبرانی، ج۱۷ ص ۱۷۳، رقم الحديث ۴۵۹) [1]

ترجمہ: میں نے اور میرے بھائی نے خیبر کے حصوں میں سے سو حصے خریدے، جس کی خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی، تو آپ نے فرمایا کہ اے عاصم! دو بھیڑیئے، جو بکریوں میں گھس جائیں، اور اس ریوڑ کا مالک ان بکریوں کو کھو دے، اس سے زیادہ، آدمی کا مال، اور جاہ (یعنی منصب وعہدہ) کی محبت اس کے دین میں فساد برپا کرتی ہے (طبرانی)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ بَاتَا فِیْ غَنَمٍ بِأَفْسَدَ لَهَا مِنْ حُبِّ ابْنِ آدَمَ الشَّرَفَ وَالْمَالَ (المعجم الكبير

---

[1] قال الهيثمی:
رواه الطبرانی فی الأوسط، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۳۲، باب فی حب المال والشرف)

للطبرانی، ج۱۰ ص ۳۱۹، رقم الحدیث۱۰۷۷۸ ،المعجم الاوسط للطبرنی،رقم الحدیث ۱۸۵۱) ۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھیڑیئے، بکریوں کے ریوڑ میں رات بھر ٹھہر کر اتنا فساد برپا نہیں کرتے، جتنا ابنِ آدم کا جاہ (یعنی منصب وعہدہ) اور مال کی محبت فساد (اور تباہی) برپا کرتی ہے (طبرانی)

اور محمد بن کعب قرظی سے مرسل طریقہ پر روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ أُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ تَفَرَّقَتْ مِنْ رَاعِيهَا، أَحَدُهُمَا فِيْ أَوَّلِهَا وَالْآخَرُ فِي آخِرِهَا أَشَدَّ فِيْهَا فَسَادًا مِنْ حُبِّ الشَّرَفِ وَالْغِنٰى (شعب الإيمان للبيهقی،رقم الحديث ۹۷۹۲،الحادی والسبعون من شعب الإيمان:وهو باب فی الزهد وقصر الأمل) ۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو بھوکے بھیڑیئے، جو ایسی بکریوں میں چھوڑ دیئے جائیں، جو اپنے چرواہے سے الگ ہوگئی ہوں، ایک بھیڑیا، ان کے شروع میں اور دوسرا ان کے آخر میں ہو، وہ جتنا فساد ان بکریوں میں برپا کریں، ان سے زیادہ شدید فساد، جاہ (یعنی منصب وعہدہ) اور مال کی محبت برپا کرتی ہے (بیہقی)

اس طرح کی حدیث حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ ۳

---

۱ قال الهيثمی:رواه الطبرانی فی الأوسط، وفيه عيسى بن ميمون، وهو ضعيف، وقد وثق(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث۱۷۸۳۳ ،باب فی حب المال والشرف)

۲ قال البيهقی:هذا مرسل جيد شاهد لما تقدم.

۳ أخبرنا أبو عبد الله الحافظ، حدثنی محمد بن إبراهيم بن حمش، حدثنی أبی، حدثنا محمد بن إسماعيل البخاری، حدثنا عبد الرحمن بن شيبة، حدثنی ابن أبی فديك، عن موسى بن يعقوب، عن معاذ بن رفاعة، أن جابر بن عبد الله أخبره أنه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " ما ذئبان جائعان ضاريان فی غنم قد غاب عنها رعاؤها، بأفسد من التماس الشرف، والمال لدين المؤمن "(شعب الإيمان للبيهقی،رقم الحديث ۹۷۸۷،الحادی والسبعون من شعب الإيمان:وهو باب فی الزهد وقصر الأمل)

www.idaraghufran.org

اوراس طرح کی حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ ۱؎

لیکن اس حدیث کی سند میں ایک راوی شدید ضعیف ہے۔ ۲؎

ابنِ عَمر وو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ هُدِیَ إِلَی الْإِسْلَامِ، وَرُزِقَ الْكَفَافَ، وَقَنَعَ بِهٖ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۳۸، ابواب الزهد، باب القناعة) ۳؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ وہ شخص کامیاب ہوگیا، جس کو اسلام کی ہدایت حاصل ہوگئی، اور کفایت والا رزق حاصل ہوگیا، اور اس نے اس پر قناعت کی (ابنِ ماجہ)

اور قناعت حاصل کرنے اور حرص وطمع سے بچنے کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی ہے کہ دنیا کے معاملہ میں اپنے سے نیچے والے پر نظر رکھی جائے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا نَظَرَ أَحَدُكُمْ إِلٰی مَنْ

۱؎ حدثنا محمد بن علی، ثنا خالد بن يزيد العمری، ثنا سعيد بن مسلم بن بانک، عن أبی الحويرث، عن أبی سعيد الخدری رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: ما ذئبان ضاريان فی زريبة غنم بأسرع فيها فسادا من طلب المال، وطلب الشرف فی دين المرء المسلم (المعجم الاوسط للطبرنی، رقم الحديث ۶۲۷۹، باب الميم)

۲؎ قال الهيثمی:

رواه الطبرانی فی الأوسط، وفيه خالد بن يزيد العمری، وهو كذاب (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۳۱، باب فی حب المال والشرف)

۳؎ قال شعيب الارنؤوط:

حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْهُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ٦٤٩٠، کتاب الرقاق، باب: لينظر إلى من هو أسفل منه ولا ينظر إلى من هو فوقه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اس شخص کو دیکھے، جس پر مال، اور مخلوق میں فضل کیا گیا ہے، تو اس کو چاہیے کہ فوراً اپنے سے نیچے والے کی طرف نظر ڈالے (صحیح بخاری)

اور ایک حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

لَا يَنْظُرْ أَحَدُكُمْ إِلٰى مَنْ فَوْقَهُ فِي الْخَلْقِ أَوِ الْخُلُقِ أَوِ الْمَالِ، وَلٰكِنْ يَنْظُرْ إِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٧٣١٩) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی پیدائش، یا عمدہ جسامت، یا مال میں اپنے سے اوپر والے کی طرف نظر نہ ڈالے، بلکہ اپنے سے نیچے والے کی طرف نظر ڈالے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ مال اور جاہ کی محبت وحرص، بہت بڑے فساد کو برپا کرنے کا سبب ہے۔

اور آج اسی فساد کی جڑ سے دنیا اور دین کی تباہی ہو رہی ہے۔

اللہ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند أحمد)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 17)

مال کے تکاثر وتفاخر کا نقصان وخسران

اسلام میں بلاضرورت، یا فخر وتفاخر کے طور پر مال کے بڑھانے اور اس میں اضافہ کرنے کو بھی پسند نہیں کیا گیا، بلکہ اس پر سخت وعیدیں بیان کی گئی ہیں۔

قرآن وسنت کی روشنی میں اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

سورہ حدید کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ حدید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِعْلَمُوْا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ .سَابِقُوْا إِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (سورة الحديد، رقم الآيات ٢٠، ٢١)

ترجمہ: جان لو تم کہ بس دنیا کی زندگی کھیل ہے اور تماشا ہے اور زینت ہے اور تمہارا آپس میں ایک دوسرے پر بڑائی جتانا ہے اور اموال اور اولاد میں تکاثر (ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا) ہے، اس بارش کی طرح، جس سے اُگنے والی کھیتی نے کاشتکاروں کو خوش کردیا، پھر وہ پک جاتی ہے، پھر تو اسے دیکھتا

ہے کہ زرد ہے، پھر وہ چُورا بن جاتی ہے، اور آخرت میں (یا تو) بہت سخت عذاب ہے اور (یا) اللہ کی طرف سے بڑی بخشش اور خوشنودی ہے اور دنیا کی زندگی دھوکہ کے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ دوڑو تم اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف، جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کی طرح ہے، تیار کی گئی ہے، اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر، یہ اللہ کا فضل ہے، عطاء کرتا ہے اُسے، جس کو چاہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے (سورہ حدید)

اس آیت میں مال کے تکاثر اور اس میں بڑھوتری کو دنیا کی زندگی کے لہو ولعب اور زینت کی چیز کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے، اور پھر دنیا کی زندگی کو دھوکہ کا سامان قرار دیا گیا ہے، اور پھر اس کے مقابلہ میں جنت کی طرف سبقت اختیار کرنے کا حکم فرمایا گیا ہے۔

سورہ تکاثر کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ تکاثر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ. حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ. كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ. ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ . كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ. لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ. ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ. ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ (سورة التكاثر)

ترجمہ: غافل کر دیا تم کو تکاثر (یعنی مال بڑھانے میں ایک دوسرے سے مقابلہ بازی) نے، یہاں تک کہ زیارت کر لی تم نے قبروں کی، ہرگز نہیں، عنقریب جان لوگے تم، پھر ہرگز نہیں، عنقریب جان لوگے تم، کاش کہ اگر جان لیتے تم، علمِ یقین سے، ضرور بالضرور دیکھو گے تم آگ کو، پھر ضرور بالضرور دیکھو گے تم اس (آگ) کو عینِ یقین سے، پھر ضرور بالضرور سوال کیا جائے گا تم سے، اس دن نعمتوں کے بارے میں (سورہ تکاثر)

''الھاء'' کا لفظ ''لھو'' سے نکلا ہے، جو ایسی چیز کو کہا جاتا ہے کہ جو انسان کو با مقصد اور اہم چیز سے غافل کردے، اور اہم چیز آخرت ہے، اسی وجہ سے قرآن مجید میں دنیا کو جگہ جگہ ''لہو ولعب'' بتلایا گیا ہے۔ [1]

اور تکاثر سے مراد مال ودولت وغیرہ کی بہتات کی حرص اور اس پر فخر وتفاخر کرنا ہے۔ [2]

لہٰذا مال ودولت کا تکاثر آخرت سے غافل کرنے والا ہے، جس پر جہنم کی وعید سنائی گئی ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيُصِيبُ أُمَّتِي دَاءُ الْأُمَمِ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا دَاءُ الْأُمَمِ؟ قَالَ: اَلْأَشَرُ وَالْبَطَرُ وَالتَّكَاثُرُ وَالتَّنَاجُشُ فِي الدُّنْيَا وَالتَّبَاغُضُ وَالتَّحَاسُدُ حَتّٰى يَكُونَ الْبَغْيُ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۷۳۱۱، کتاب البر والصلة) [3]

---

[1] لهى: (اللهو: ما يشغل الإنسان عما يعنيه ويهمه. يقال: لهوت بكذا، ولهيت عن كذا: اشتغلت عنه بلهو) قال تعالى: إنما الحياة الدنيا لعب ولهو. وما هذه الحياة الدنيا إلا لهو ولعب، ويعبر عن كل ما به استمتاع باللهو. قال تعالى: "لو أردنا أن نتخذ لهوا" ومن قال: أراد باللهو المرأة والولد فتخصيص لبعض ما هو من زينة الحياة الدنيا التى جعل لهوا ولعبا.

ويقال: ألهاه كذا. أى: شغله عما هو أهم إليه.

قال تعالى: "ألهاكم التكاثر" "رجال لا تلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله" وليس ذلك نهيا عن التجارة وكراهية لها، بل هو نهى عن التهافت فيها والاشتغال عن الصلوات والعبادات بها. ألا ترى إلى قوله: "ليشهدوا منافع لهم" "ليس عليكم جناح أن تبتغوا فضلا من ربكم" وقوله تعالى: "لاهية قلوبهم" أى: ساهية مشتغلة بما لا يعنيها، واللهوة: ما يشغل به الرحى مما يطرح فيه، وجمعها: لها، وسميت العطية لهوة تشبيها بها، واللهاة: اللحمة المشرفة على الحلق، وقيل: بل هو أقصى الفم (المفردات فى غريب القرآن للاصفهانى، ص ۷۴۸، ۷۴۹، كتاب اللام، مادة "لهى")

[2] ألهاكم اى إلهكم فى اللهو وهو الباطل من الأمر وما لا يعيد فائدة معتبرة وشغلكم عن طاعة الله وما ينجيكم من سخطه التكاثر التباهى والتفاخر بكثرة المال والجاه والعدد (التفسير المظهرى، ج ۱۰ ص ۳۳۳، سورة التكاثر)

[3] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب میری امت میں دوسری امتوں کا مرض پہنچے گا، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ دوسری امتوں کا مرض کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نعمت کی ناشکری، اور اتراہٹ اور مال کو کثرت سے جمع کرنا اور دنیا میں ایک دوسرے سے کینہ اور بغض اور حسد رکھنا، یہاں تک کہ ان میں بغاوت (اور قتل وغارت گری) پیدا ہو جائے گی (حاکم)

اس طرح کی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَاللّٰهِ مَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْفَقْرَ، وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ التَّكَاثُرَ، وَمَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْخَطَأَ وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْعَمْدَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٠٩٥٨) [2]

ترجمہ: مالداری ساز و سامان کی کثرت سے نہیں ہوتی، اصل میں مالداری تو دل کی مالداری ہوتی ہے، اللہ کی قسم! مجھے تم پر فقر و فاقہ کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر مال کی کثرت کا خوف ہے اور مجھے تم پر غلطی کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر جان بوجھ کر (گناہوں اور خاص کر مال کی محبت اور دوڑ میں ملوث ہونے کا) خوف ہے (پس تم اس سے بچنا) (مسند احمد)

---

[1] عن أبي سعيد الغفاري قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: سيصيب أمتي داء الأمم، قالوا: يا رسول الله، وما داء الأمم؟ قال: الأشر، والبطر، والتكاثر في الدنيا، والتباغض، والتحاسد، حتى يكون البغي، ثم يكون الهرج(البدع والنهي عنها لابن الوضاح، رقم الحديث ٢٢٧،باب: فيما يدال الناس بعضهم من بعض والبقاع)

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ابو ہریرہ، انس وکعب رضی اللہ عنہم وغیرہ کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا شَابٌّ مِنَ الثَّنِيَّةِ، فَلَمَّا رَأَيْنَاهُ بِأَبْصَارِنَا قُلْنَا: لَوْ أَنَّ هٰذَا الشَّابَّ جَعَلَ شَبَابَهُ وَنَشَاطَهُ وَقُوَّتَهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: فَسَمِعَ مَقَالَتَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: وَمَا سَبِيْلُ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ قُتِلَ، مَنْ سَعٰى عَلٰى وَالِدَيْهِ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى عِيَالِهٖ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى نَفْسِهٖ لِيُعِفَّهَا فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلَى التَّكَاثُرِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (شعب الايمان، رقم الحديث ۹۸۹۲، الحادى والسبعون من شعب الإيمان: وهو باب فى الزهد وقصر الأمل، ورقم الحديث ۸۳۳۸، المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ۴۲۱۴، مسند البزار، رقم الحديث ۹۸۷۹) [1]

ترجمہ: اس دوران کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ہمارے سامنے راستہ سے ایک نوجوان ظاہر ہوا، پھر جب ہم نے اس کو اپنی آنکھوں سے دیکھا، تو ہم نے کہا کہ اگر یہ جوان اپنی جوانی اور اپنی چستی اور اپنی قوت کو اللہ عزوجل کے راستہ میں لگاتا، تو کیا ہی اچھا ہوتا؟ تو رسول اللہ صلی

---

[1] قال الهيثمى: رواه البزار والطبرانى فى الأوسط بنحوه وزاد " :ومن سعى على عياله ففى سبيل الله ."وفيه رباح بن عمر وثقه أبو حاتم وضعفه غيره، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۳۴۱۶، كتاب البر والصلة، باب منه فى البر)

وقال الالبانى: والحديث صحيح، فإن له شواهد كثيرة (سلسلة الأحاديث الصحيحة وشىء من فقهها وفوائدها، تحت رقم الحديث ۳۲۴۸)

وقال الشيخ أبو إسحاق الحوينى: فهذا الحديث جيد الاسناد، وعليه الاعتماد (إسعاف اللبيث بفتاوى الحديث المعروف بـ الفتاوىٰ الحديثية للحوينى، ج۳ص۱۳، تحت رقم الحديث ۲۵۷)

اللہ علیہ وسلم نے ہماری اس بات کو سن کر فرمایا کہ کیا اللہ کا راستہ یہی ہے کہ اس میں قتل ہوا جائے؟ جس نے اپنے والدین کے لئے سعی (یعنی ان کی ضرورت و نان نفقہ کی کوشش) کی، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جس نے اپنے اہل وعیال کے لئے سعی کی، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جس نے اپنی ذات کے لئے سعی کی، تاکہ وہ پاک دامن رہے (دوسروں سے سوال کرنے، اور ناجائز طریقہ پر مال حاصل کرنے سے بچا رہے) تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، لیکن جس نے تکاثر (اور مال بڑھانے) کے لئے سعی کی، تو وہ شیطان کے راستے میں ہے (بیہقی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو اسحاق بن راہویہ نے بھی اپنی سند کے ساتھ روایت کیا ہے، جس کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

"وَإِنْ كَانَ تَفَاخُرًا وَتَكَاثُرًا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ"

"اور اگر تفاخر اور تکاثر کے لئے نکلا، تو وہ طاغوت کے راستہ میں ہے"۔ [1]

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہی طبرانی کی ایک روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں کہ:

" وَمَنْ سَعٰى مُكَاثِرًا فَفِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ"

"اور جس نے مال کی کثرت کے لئے سعی کی، تو وہ طاغوت کے راستہ میں ہے" [2]

---

[1] أخبرنا المقرء، نا حيوة بن شريح، عن سليمان بن كيسان، عن هارون بن راشد، عن أبى هريرة رضى الله عنه، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لما رجع من غزوة تبوك وراحلته بين يديه، وقد أرجفت إذ مر أعرابى بجمال سمان وهو يرتجز، فقال رجل: لو كان نشاط هذا وقوته فى سبيل الله، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن كان نشاطه وقوته ردا على أبويه ليعفهما ويكفهما فهو فى سبيل الله، وإن كان ردا على أهله وولده فهو فى سبيل الله، وإن كان تفاخرا وتكاثرا فهو فى سبيل الطاغوت (مسند اسحاق بن راهويه، ج ا ص ۳۵۰، ۳۵۱، ما يروى، عن أبى إدريس وغيره، عن أبى هريرة، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

[2] حدثنا عباس بن الفضل الأسفاطى قال: نا أحمد بن يونس قال: نا رباح بن عمرو القيسى قال: نا أيوب السختيانى، عن محمد بن سيرين، عن أبى هريرة قال: بينا نحن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلسَّاعِيُ عَلٰى وَالِدَيْهِ لِيَكُفَّهُمَا أَوْ يُغْنِيَهُمَا عَنِ النَّاسِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى زَوْجٍ أَوْ وَلَدٍ لِيَكُفَّهُمْ وَيُغْنِيَهِمْ عَنِ النَّاسِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالسَّاعِيُ عَلٰى نَفْسِهِ لِيُغْنِيَهَا وَيَكُفَّهَا عَنِ النَّاسِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالسَّاعِيُ مُكَاثَرَةً فِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ(المعجم الاوسط، للطبرانی رقم الحديث ٨٦٣٠) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، إذ طلع علينا شاب من الثنية، فلما رميناه بأبصارنا، قلنا: لو أن ذا الشاب جعل نشاطه وشبابه وقوته فى سبيل الله، فسمع مقالتنا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال: وما سبيل الله إلا من قتل؟ من سعى على والديه ففى سبيل الله، ومن سعى على عياله ففى سبيل الله، ومن سعى مكاثرا ففى سبيل الطاغوت (المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ۴۲۱۴ ، باب العين)

[1] قال الطبرانى: لم يرو هذا الحديث عن عبد الكريم الجزرى إلا إسحاق بن أسيد، تفرد به: الليث، ولا يروى عن أنس إلا بهذا الإسناد "

وقال الشيخ أبو إسحاق الحوينى:

قلت: وإسحاق بن أسيد – بفتح الهمزة – قال أبو حاتم: " شيخ ليس بالمشهور، لا يشتغل به "، وقال أبو أحمد الحاكم: " مجهول"، ولما ذكره ابن حبان فى "الثقات" (6/ 55)قال:" كان يخطىء ."وضعف الهيثمى الحديث به فى "مجمع الزوائد "(4/ 325).وعبد الله بن صالح كان كثير الغلط.

وعبد الكريم جزم الطبرانى أنه الجزرى، وهو ابن مالك، ذكر المزى فى "تهذيب الكمال (18/ 253) "أنه رأى أنس بن مالك، والظاهر أنه عبد الكريم بن رشيد، ويقال راشد، فقد ذكر المزى أنه يروى عن أنس، وعنه إسحاق بن أسيد، ونقل توثيقه عن ابن معين وابن حبان، ونقل ابن حجر توثيقه عن ابن نمير، وقال النسائى: " ليس به بأس "(إسعاف اللبيث بفتاوى الحديث المعروف بـ الفتاوىٰ الحديثية للحوينى، ج۳ص ۱۱، ص ۱۲، تحت رقم الحديث ۲۵۷)

وقال الشيخ أبو إسحاق الحوينى ايضاً:

(من سعى على والديه وامرأته وعياله فهو، فى سبيل الله، ومن سعى مكاثرةً فهو فى سبيل الشيطان)ورد من حديث أنس، وأبى هريرة، وكعب بن عجرة -رضى الله عنهم ..

هذا حديثٌ حسنٌ(المنيحة بسلسلة الأحاديث الصحيحة، ج ۱، ص ۱۱۶، أبواب: الأخلاق والآداب والاستئذان والمعاملات)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ والدین کے لئے سعی کرنے والا، تاکہ ان کو (اپنے پاس، یا ناجائز کمائی سے) روکے، یا لوگوں سے سوال کرنے سے مستغنی کرے، وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو بیوی، یا اولاد کو (اپنے پاس، یا ناجائز کمائی سے) روکنے، یا لوگوں سے سوال کرنے سے مستغنی کرنے کے لئے سعی کرے، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور نفس کو غنی کرے، یا لوگوں سے سوال کرنے سے مستغنی کرنے کے لئے سعی کرنے والا اللہ کے راستہ میں ہے۔

اور تکاثر کے لئے سعی کرنے والا شیطان کے راستے میں ہے (طبرانی)

اور حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَرَأٰى أَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَلَدِهِ وَنَشَاطِهِ مَا أَعْجَبَهُمْ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ كَانَ هٰذَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ يَسْعٰى عَلٰى وَلَدِهِ صِغَارًا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلٰى أَبَوَيْنِ شَيْخَيْنِ كَبِيْرَيْنِ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلٰى نَفْسِهِ لِيُعِفَّهَا فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلٰى أَهْلِهِ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى تَفَاخُرًا وَتَكَاثُرًا فَفِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ (المعجم الصغير للطبراني، رقم الحديث ٩٤٠، باب الميم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گزرا، جس کی دلیری اور چستی (وپھرتی) کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام نے پسند کرتے ہوئے دیکھا، اور انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کاش کہ یہ اللہ کے راستے میں ہوتا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ اپنے چھوٹے بچوں کے

لئے سعی کرنے (یعنی اُن کے نان نفقہ اور روزی روٹی کا بندوبست کرنے) کے لئے نکلا، تو یہ اللہ کے راستے میں ہے، اور اگر یہ اپنے بوڑھے اور بڑی عمر کے والدین کے لئے سعی کرنے (یعنی اُن کے نان نفقہ اور روزی روٹی کا بندوبست کرنے) کے لئے نکلا، تو یہ اللہ کے راستے میں ہے، اور اگر یہ اپنی ذات کے لئے سعی کرنے (یعنی اپنی ذات کے لئے کمانے اور روزی روٹی کا بندوبست کرنے) کے لئے نکلا، تاکہ یہ پاکدامنی اختیار کرے (یعنی لوگوں سے سوال، و ناجائز طریقہ پر مال کا حصول نہ کرنا پڑے) تو یہ اللہ کے راستے میں ہے، اور اگر یہ تفاخر اور تکاثر کے لئے نکلا، تو یہ طاغوت (یعنی شیطان) کے راستے میں ہے (طبرانی)

اور طبرانی کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَرَأَى أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جِلْدِهٖ وَنَشَاطِهٖ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! لَوْ كَانَ هٰذَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلٰى وَلَدِهٖ صِغَارًا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعٰى عَلَى أَبَوَيْنِ شَيْخَيْنِ كَبِيْرَيْنِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ يَسْعٰى عَلٰى نَفْسِهٖ يُعِفُّهَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ رِيَاءً وَمُفَاخَرَةً فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (المعجم الكبير للطبراني، ج ١٩ ص ١٢٩، رقم الحديث ٢٨٢، المعجم الاوسط، رقم الحديث ٦٨٣٥)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک آدمی گذرا، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے اس کی جلد، اور اس کی چستی (وپھرتی) کو دیکھ کر کہا کہ اے اللہ کے رسول، اگر یہ اللہ کے راستہ میں ہوتا (تو کیا ہی اچھا تھا؟) یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ آدمی اپنے چھوٹے بچوں کی ضرورت پوری

کرنے کے لئے نکلا، تو یہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور اگر اپنے بوڑھے و عمر رسیدہ والدین کی ضرورت پوری کرنے کے لئے نکلا، تو اللہ کے راستہ میں ہے، اور اگر یہ اپنی ذات کو (سوال کرنے، اور ناجائز کمائی) سے پاک کرنے کی کوشش کے لئے نکلا، تو بھی اللہ کے راستہ میں ہے۔

اور اگر وہ ریاء اور فخر و تفاخر کے لئے نکلا، تو وہ شیطان کے راستے میں ہے (طبرانی)

حضرت کعب بن عجرہ کی سند سے مروی اس حدیث کی سند کو امام منذری اور علامہ ہیثمی نے صحیح کہا ہے۔ [1]

لیکن اس کی سند میں ایک راوی ضعیف ہے۔ [2]

اس لئے دوسری احادیث کے ساتھ مل کر اس حدیث کو بعض حضرات کے نزدیک معتبر قرار دیا جانا ممکن ہے۔ [3]

---

[1] قال المنذری: رواه الطبرانی ورجاله رجال الصحیح (الترغیب والترهیب، ج۳ص ۴۲، کتاب النكاح وما يتعلق به، الترغيب فی النفقة على الزوجة والعيال الخ)

وقال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الثلاثة، ورجال الكبير رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۷۰۹، باب النفقات)

[2] وقال الالبانی: أخرجه الطبرانی فی "المعجم الكبير" (19/282/129) و"الصغير" (-193 هند) و "الأوسط "(6835) ، و (5/169/ 2862مجمع البحرين) ؛ وقال: "لا يروى عن كعب إلا بهذا الإسناد ."قلت :وهو ضعيف، لضعف إسماعيل بن مسلم المكی، ووهم المنذری (3/4) وتبعه الهيثمی (4/325) فقالا -واللفظ لهذا ":-رواه الطبرانی فی الثلاثة، ورجاله رجال الصحيح !"والظاهر أنهما توهما (إسماعيل) هذا (إسماعيل بن مسلم العبدی البصری)فإنه ثقة ومن طبقة الأول!(سلسلة الأحاديث الصحيحة ، تحت رقم الحديث ۳۲۴۸)

[3] قال الترمذی: وإسماعيل بن مسلم المكی قد تكلم فيه بعض أهل العلم من قبل حفظه (سنن الترمذی،تحت رقم الحديث ۱۴۰۱ ،ابواب الديات،باب ما جاء فی الرجل يقتل ابنه يقاد منه أم لا)

وقال الترمذی ايضاً: وإسماعيل بن مسلم المكی يضعف فی الحديث من قبل حفظه(سنن الترمذی،تحت رقم الحديث ۱۴۶۰ ،ابواب الحدود،باب ما جاء فی حد الساحر)

وقال الهيثمی: وفيه إسماعيل بن مسلم المكی، وهو مع ضعفه يكتب حديثه(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث۵۳۹۷ ،باب ركوب الهدی)

إسماعيل بن مسلم المكی، وفيه كلام كثير، وقد قيل فيه :أنه صدوق يهم(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث۴۵۳۲ ،باب ما جاء فی السؤال)

اسی طرح کی حدیث کچھ اختصار کے ساتھ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

اور ابراہیم بن میسرہ سے مرسل طریقہ پر روایت ہے کہ:

أَنَّ أَعْرَابِيًّا طَلَعَ عَلٰى أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْجَبَهُمْ شَبَابُهُ، وَقُوَّتُهُ، وَنَشَاطُهُ، وَنَحْوُ هٰذَا، فَقَالُوْا: لَوْ كَانَ شَبَابُ هٰذَا، وَنَشَاطُهُ، وَقُوَّتُهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَسَمِعَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَوْ مَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ قَاتَلَ، أَوْ قَالَ: غَزَا؟ مَنْ سَعٰى عَلٰى وَالِدَيْهِ لِيُعِفَّهُمَا فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى عِيَالِهٖ يُعِفُّهُمْ فَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى عَلٰى نَفْسِهٖ لِيُعِفَّهَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنْ سَعٰى مُكَاثِرًا فَفِيْ سَبِيْلِ الشَّيْطَانِ (البر والصلة للحسين بن حرب، ص۸۳، رقم الحديث ۱۶۰، باب بر الوالدين والأبناء والنفقة عليهم والصدقة وأدبهم) [2]

ترجمہ: ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے سامنے ظاہر ہوا، جس کی جوانی، اور قوت اور چستی وغیرہ ان کو بہت اچھی محسوس ہوئی، تو انہوں

---

[1] أخبرنا أبو الحسين بن الفضل القطان، أخبرنا أبو الحسين بن ماتي الكوفي، حدثنا أحمد بن حازم بن أبي غرزة، أخبرنا علي بن حكيم، حدثنا شريك، عن الأعمش، عن مغراء العبدي، عن ابن عمر قال: مر بهم رجل فعجبوا من خلقته فقالوا: لو كان هذا في سبيل الله عز وجلظ فأتوا النبي صلى الله عليه وسلم م فأخبروه، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: " إن كان يسعى على أبوين شيخين كبيرين فهو في سبيل الله، وإن كان يسعى على ولده صبية فهو في سبيل الله، وإن كان يسعى على نفسه ليغنيها فهو في سبيل الله عز وجل "(شعب الايمان للبيهقي، رقم الحديث ۸۳۳۷، الستون من شعب الإيمان: وهو باب في حقوق الأولاد والأهلين)

قال الالباني: وهذا إسناد حسن في الشواهد على الأقل، و (مغراء) وثقه ابن حبان والعجلي، وروى عنه جمع (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۲۴۸)

[2] قال الالباني: قلت: وهذا إسناد صحيح مرسل (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۲۴۸)

Idara Ghufran

نے کہا کہ اگر یہ جوانی، اور چستی اور قوت اللہ کے راستہ میں ہوتی، تو کیا ہی اچھا ہوتا، اس بات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سن لیا، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا صرف قتال، یا غزوہ کرنے والا ہی اللہ کے راستہ میں ہوتا ہے؟ (یاد رکھو) جو والدین کے لئے سعی کرے، تاکہ ان کو (ناجائز کمائی) سے پاک رکھے، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو اپنے اہل وعیال کو (ناجائز کمائی) سے پاک رکھنے کے لیے سعی کرے، تو وہ بھی اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو اپنی ذات کو (ناجائز کمائی) سے پاک رکھنے لئے سعی کرے، تو وہ بھی اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو مال کو بڑھانے کے لئے سعی کرے، تو وہ شیطان کے راستے میں ہے (البر والصلہ)

اور عبدالرزاق نے ایوب بن ابی تمیمہ سختیانی سے مرسل طریقہ پر اس طرح روایت کیا ہے کہ:

أَشْرَفَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، مِنْ رَأْسِ تَلٍّ فَقَالُوا: مَا أَجْلَدَ هٰذَا الرَّجُلَ لَوْ كَانَ جَلَدُهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَ لَيْسَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِلَّا مَنْ قُتِلَ؟ ثُمَّ قَالَ: مَنْ خَرَجَ فِي الْأَرْضِ يَطْلُبُ حَلَالًا يَكُفُّ بِهِ أَهْلَهُ فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ خَرَجَ يَطْلُبُ حَلَالًا يَكُفُّ بِهِ نَفْسَهُ فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ خَرَجَ يَطْلُبُ التَّكَاثُرَ فَهُوَ فِي سَبِيلِ الشَّيْطَانِ (المصنف لعبدالرزاق، رقم الحديث ٩٥٧٨، كتاب الجهاد، باب الشهيد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپ کے صحابہ کے سامنے قریش کا ایک آدمی ٹیلہ کی چوٹی سے برآمد ہوا، تو صحابہ نے کہا کہ اس بندہ کی جلد کیا ہی اچھی ہے، اگر یہ جلد اللہ کے راستہ میں ہوتی (تو کیا ہی خوب ہوتا؟) تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا اللہ کے راستہ میں صرف قتل کئے جانے والا ہی ہوتا ہے؟ (یاد رکھو) جو شخص زمین میں حلال کمانے کے لئے اس غرض سے نکلا، تاکہ وہ اس کے ذریعہ

سے اپنے گھر والوں کو (سوال کرنے، اور ناجائز کمائی سے) روکے، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو شخص حلال کمانے کے لئے، اس غرض سے نکلا، تا کہ وہ اپنے آپ کو (سوال کرنے، اور ناجائز کمائی سے) روکے، تو وہ اللہ کے راستہ میں ہے، اور جو مال بڑھانے کی طلب کے لئے نکلا، تو وہ شیطان کے راستہ میں ہے

(عبدالرزاق)

بعض روایات میں یہ مضمون آیا ہے کہ جس شخص نے دنیا کو حلال طریقہ پر مال بڑھانے اور ریا کاری اور تفاخر کے لئے طلب کیا، تو وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اللہ اس پر غضبناک ہوگا۔ [1]

معلوم ہوا کہ اپنی ذات اور اپنے بیوی بچوں اور والدین وغیرہ کی ضروریات کے لئے مال حاصل کرنے کے لئے نکلنا، اللہ کے راستہ میں داخل ہے، جس پر اجر وثواب حاصل ہوتا ہے، اور حرص وطمع، فخر وتفاخر اور ریاء کاری کے لئے مال حاصل کرنے کے لئے نکلنا شیطان کے راستہ میں داخل ہے، جس پر سخت وعید آئی ہے۔

---

[1] حدثنا وكيع ، قال : حدثنا سفيان ، عن حجاج بن فرافصة ، عن رجل ، عن مكحول ، عن أبى هريرة ، قال : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : من طلب الدنيا حلالا استعفافا عن المسألة وسعيا على أهله وتعطفا على جاره لقى الله ووجهه كالقمر ليلة البدر ، ومن طلب الدنيا حلالا مكاثرا مرائيا لقى الله وهو عليه غضبان (مصنف ابنِ ابى شيبة، رقم الحديث ٢٢٦٢٥، كتاب البيوع والأقضية، فى التجارة والرغبة فيها)

أخبرنا أبو طاهر بن عبد الرحيم قال :أخبرنا أبو محمد عبد الله هو ابن حبان، قال: حدثنا أحمد بن جعفر، قال :حدثنا أحمد بن الحسين بن عباد، قال :حدثنا محمد بن يزيد بن سنان، قال :سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول :من طلب الدنيا حلالا سعيا على أهله، وتعطفا على جاره، واستعفافا عن المسألة، لقى الله عز وجل يوم القيامة ووجهه كالقمر ليلة البدر، ومن طلب الدنيا مكاثرا مفاخرا مريبا ,لقى الله وهو عليه غضبان (ترتيب الأمالى الخميسية للشجرى، رقم الحديث ٢٢٧٦، فى ذم الاقتصار على الدنيا، وجمع المال، وما يتصل بذلك)

قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى: وبهذا الشاهد يرتقى طريق الباب إلى مرتبة الحسن لغيره (حاشية المطالب العالية محققاً، ج١٣، ص ٦٦١، تحت رقم الحديث ٣٢٨٤، كتاب الزهد والرقائق، باب تقديم عمل الآخرة على عمل الدنيا)

www.idaraghufran.org

اپنی ذات اور اپنے عیال اور جن کا نان نفقہ اپنے ذمہ واجب ہے، ان کے لئے اور اسی طرح اپنے ذمہ میں لازم شدہ قرض ودَین کی ادائیگی کے لئے مال کمانا فرض ہے، جس کے ترک کرنے میں انسان گناہ گار ہوتا ہے، اور اگر کوئی مذکورہ مقدار سے زیادہ کمائی ترک کردے، تو اس میں گناہ گار نہیں ہوتا۔

اور اگر اپنے اور اپنے اہل وعیال کی ضروریات کے لئے کچھ مال جمع کر کے رکھے، تو بھی گناہ کی بات نہیں۔

اور مال کی جتنی مقدار سے مذکورہ ضروریات پوری ہوجائیں، اس سے زیادہ غریبوں کی مدد کرنے، یا رشتہ داروں کی صلہ رحمی کرنے کے لئے کمانا بھی نہ صرف یہ کہ جائز ہے، بلکہ مستحب ہے۔

اور حرص وطمع اور فخر وتفاخر سے بچتے ہوئے اعتدال کے ساتھ آرام وراحت اور اہل وعیال پر وسعت کے لئے زیادہ مال کا حصول بھی جائز ہے، جبکہ دِین اور عزت اور وقار کی حفاظت رہے اور دوسری ذمہ داریوں میں کوتاہی واقع نہ ہو، اور آخرت سے بھی غفلت پیدا نہ ہو۔

لیکن حرص وطمع، فخر وتفاخر، ریاء کاری اور تکاثر وبڑھوتری کے لئے مال کمانا، اگرچہ جائز طریقہ پر ہو، اس میں گناہ ہے۔ [1]

---

[1] الحكم التكليفي:الكسب قد يكون فرضا، وهو الكسب بقدر الكفاية لنفسه وعياله وقضاء ديونه ونفقة من يجب عليه نفقته، قال النبي صلى الله عليه وسلم : كفى بالمرء إثما أن يحبس عمن يملك قوته ، فإن ترك الاكتساب بعد ذلك وسعه، وإن اكتسب ما يدخره لنفسه وعياله فهو في سعة، فقد صح أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يحبس لأهله قوت سنتهم .
وقد يكون الكسب مستحبا، وهو كسب ما زاد على أقل الكفاية ليواسي به فقيرا أو يصل به قريبا .
ويباح كسب الحلال لزيادة المال والجاه والترفه والتنعم والتوسعة على العيال مع سلامة الدين والعرض والمروء ة وبراء ة الذمة؛ لأنه لا مفسدة فيه إذن .
وأما الكسب للتفاخر والتكاثر -وإن كان من حل -فهو مكروه عند الحنفية، وصرح الحنابلة بحرمته لما فيه من التعاظم المفضي إلى هلاك صاحبه دنيا وأخرى.
آداب الكسب:

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابنِ مسعود و ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَحْنُ الْآخِرُوْنَ وَالْأَوَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنَّ الْأَكْثَرِيْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا عَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَنْ يَسَارِهٖ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَبَيْنَ يَدَيْهِ وَيَحْثٰى بِثَوْبِهٖ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٣٢١٧، كتاب الزكاة، باب جمع المال من حله وما يتعلق بذلک) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم (دوسری امتوں کے مقابلہ میں) بعد میں آنے والے، اور قیامت کے دن اول رہنے والے لوگ ہیں، اور زیادہ مال والے نیچے رہ جانے والے ہوں گے، مگر جو شخص مال کو اس طرف، اور اس طرف، یعنی اپنے دائیں، اور اپنے بائیں، اور اپنے پیچھے، اور اپنے سامنے (خالص اللہ کی رضا کی خاطر اور اللہ کی رضا والے مختلف کاموں میں) خرچ کرے (وہ نیچے والوں میں نہیں) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کپڑے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قال أبو الليث السمرقندی: من أراد أن يكون كسبه طيبا فعليه أن يحفظ خمسة أشياء:
أولها: أن لا يؤخر شيئا من فرائض الله تعالى لأجل الكسب، ولا يدخل النقص فيها.
والثانی: أن لا يؤذی أحدا من خلق الله لأجل الكسب.
والثالث: أن يقصد بكسبه استعفافا لنفسه ولعياله، ولا يقصد به الجمع والكثرة.
الرابع: أن لا يجهد نفسه فی الكسب جدا.
والخامس: أن لا يرى رزقه من الكسب، ويرى الرزق من الله تعالى، والكسب سببا.
كما يجب على كل مسلم مكتسب تحصيل علم الكسب، وذلك لمعرفة أحكام العقود التی لا تنفک المكاسب عنها، وهی البيع والربا والسلم والإجارة والشركة والقراض، ومهما حصل علم هذه العقود وقف المكتسب على مفسدات المعاملة فيتقيها (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٣٤ص ٢٣٥، ٢٣٦، مادة "كسب" حرف الكاف)

[1] قال شعيب الارنؤوط: رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

کو پھیلا کر اشارہ کیا (یعنی سمجھانے کے لئے کپڑے کو پھیلا دیا، تاکہ سب طرف کے کاموں میں خرچ کرنے کی بات سمجھ آ جائے) (ابنِ حبان)

اس کی توضیح وتشریح آگے آتی ہے۔

اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: حَتّٰى خِفْنَا أَنْ يَكُوْنَ قَدْ وَجَبَتْ، فَقَالَ: إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۲۵۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے (دوسری مرتبہ) کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں (تیسری مرتبہ) نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) ابو سعید کہتے ہیں کہ یہاں تک کہ ہمیں خوف ہوگیا کہ زیادہ مال والوں پر ہلاکت ثابت ہوچکی۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مگر وہ شخص جو اس طرح اور اس طرح اور اس طرح مال کو (اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کی رضا والے کاموں میں) خرچ کرے، اور ایسے کم لوگ ہی ہیں (مسند احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے تین مرتبہ مال والوں کی ہلاکت کا ہی ذکر کیا، پھر چوتھی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

مرتبہ ہلاکت سے بچنے والوں کا ذکر کیا، کیونکہ ہلاکت سے بچنے والے مالدار کم لوگ ہیں، جو اللہ کی رضا کی خاطر اور اللہ کی رضا والے مختلف قسم کے کاموں میں خوب خرچ کریں۔

اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،أَنَّهُ قَالَ: وَيْلٌ لِلْمُكْثِرِيْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا ،أَرْبَعٌ: عَنْ يَمِيْنِهٖ، وَعَنْ شِمَالِهٖ، وَمِنْ قُدَّامِهٖ، وَمِنْ وَرَائِهٖ (سنن ابن ماجه،رقم الحديث ۴۱۲۹،ابواب الزهد، باب في المكثرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''ویل'' (خرابی وہلاکت) ہے، زیادہ مال والوں کے لئے، مگر جو شخص مال کو اس طرف، اور اس طرف اور اس طرف اور اس طرف خرچ کرے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہتے ہوئے چاروں طرف دائیں اور بائیں اور آگے اور پیچھے اشارہ کیا (ابنِ ماجہ)

ویل سے مراد دردناک اور خطرناک عذاب ہے، اور مطلب یہ ہے کہ زیادہ مال والوں کا حرام ذرائع، ناپ، تول میں کمی، غلط بیانی، جھوٹ، اور جعلی ومصنوعی چیزوں، رشوت، ناجائز منافع خوری، سود وغیرہ سے بچنا بہت مشکل ہے، خاص طور پر موجودہ زمانہ میں، اور اگر کوئی ان چیزوں سے بچ بھی گیا، تو ناجائز کاموں میں خرچ کرنے سے بچنا، بہت مشکل ہے، اور ایسی حالت میں عذاب کا ہونا ظاہر ہے۔

اور اس عذاب سے بچنے کا طریقہ، حلال طریقہ سے کما کر، اس میں سے اللہ کی رضا والے مختلف کاموں میں بکثرت خرچ کرنا ہے، اور ایسے مالدار لوگ تعداد میں کم ہیں، جیسا کہ دوسری احادیث میں وضاحت کردی گئی ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابن ماجه)

ابو ہریرہ وابوذر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَخْلِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، أَوْ يَا أَبَا هِرٍّ! هَلَكَ الْمُكْثِرُوْنَ، إِنَّ الْمُكْثِرِيْنَ الْأَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ، يَا أَبَا هُرَيْرَةَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٠٧٩٥) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کے ایک باغ میں تشریف لے گئے، پھر فرمایا کہ اے ابو ہریرہ! یا ابو ہر! زیادہ مال والے، ہلاک ہوگئے، بے شک زیادہ مال والے، قیامت کے دن، کم (درجات والے) ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، آگے، پیچھے اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کی رضا والے کاموں میں) خرچ کرے، اور اے ابو ہریرہ! ایسے لوگ بہت کم ہیں۔

کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کا نہ بتادوں؟ وہ یہ کلمات ہیں:

”لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ“

”اور طاقت اور قوت صرف اللہ کے لیے ہے، اور اللہ ہی کے پاس پناہ (ٹھکانہ) ہے“ (مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ، إِلَّا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، ثَلَاثًا (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۳۱، ابواب الزهد، باب في المكثرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے، قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے، جو مال کو اس طرف، اور اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، آگے، پیچھے، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے، یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُكْثِرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ: هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا ،أَمَامَهُ، وَعَنْ يَمِيْنِهٖ، وَعَنْ شِمَالِهٖ، وَخَلْفَهٗ (مسند احمد، رقم الحديث ۹۵۲۶) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے ہی قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف ، اور اس طرف، اور اس طرف، یعنی اپنے سامنے، اور اپنے دائیں، اور اپنے بائیں، اور اپنے پیچھے (مختلف مصارف میں اللہ کی رضا میں) خرچ کرے (مسند احمد)

اور صحیح بخاری میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِنْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، يَقُوْلُ: هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، هُمُ الْأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ قُلْتُ: مَا شَأْنِيْ أَيُرٰى فِيَّ شَيْءٌ مَا شَأْنِيْ؟ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ، فَمَا اسْتَطَعْتُ أَنْ أَسْكُتَ، وَتَغَشَّانِيْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَقُلْتُ: مَنْ هُمْ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد قوى من أجل محمّد بن عجلان، وقد توبع (حاشية سنن ابن ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

قَالَ: اَلْأَكْثَرُوْنَ أَمْوَالًا، إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا، وَهٰكَذَا، وَهٰكَذَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٦٣٨، كتاب الأيمان والنذور، باب: كيف كانت يمين النبی صلی الله عليه وسلم)

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا، اور آپ کعبہ کے سایہ میں تشریف فرما تھے، اور یہ فرما رہے تھے کہ ”ربِ کعبہ کی قسم! وہی لوگ خسارہ پانے (اور نقصان اٹھانے) والے ہیں، ربِ کعبہ کی قسم! وہی لوگ خسارہ پانے (اور نقصان اٹھانے) والے ہیں“ میں نے (اپنے دل میں) کہا کہ میرے بارے میں فرما رہے ہیں، شاید میرے بارے میں کوئی بات دیکھی گئی ہو، پھر میں آپ کے قریب بیٹھ گیا، اور آپ وہی بات فرما رہے تھے، اور مجھے ہمت نہیں تھی کہ آپ کو خاموش کرسکوں، اور مجھ پر اللہ نے جس طرح چاہا، کچھ غشی سی طاری فرمادی، تو (اس حالت میں) میں نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اے اللہ کے رسول! وہ خسارہ اور نقصان اٹھانے والے کون لوگ ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ زیادہ مال والے لوگ ہیں، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرح، اور اس طرح، اور اس طرح (یعنی دائیں، بائیں، آگے، پیچھے، اللہ کی رضا کی خاطر اور اللہ کی رضا والے مختلف کاموں میں) خرچ کرے (صحیح بخاری)

اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَكَسَبَهُ مِنْ طَيِّبٍ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٤١٣٠، ابواب الزهد، باب فی المكثرين) [1]

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابن ماجه)

Idara Ghufran

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے، قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے اور اس کو پاکیزہ (یعنی حلال) طریقہ پر کمائے بھی (کیونکہ حرام مال سے صدقہ قبول نہیں ہوتا) (ابن ماجہ)

اور ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہی مسند احمد میں روایت ہے کہ:

قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَلْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٣٩٩) [1]

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے ہی قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف (یعنی سامنے، اور دائیں، اور بائیں، اور پیچھے، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے، اور ایسے لوگ بہت کم ہیں (مسند احمد)

جب ایسے مالدار، یعنی حلال طریقہ سے کما کر اللہ کے راستہ میں بکثرت خرچ کرنے والے بہت کم ہیں، تو پھر وہ لوگ آخرت میں نیچے درجہ میں ہوں گے۔

اور مالدار لوگ جتنا وقت مال کے حاصل کرنے اور اس کو سنبھالنے میں لگاتے ہیں، غریب لوگ اس کے بجائے دوسرے خیر کے کام کر کے بلند درجات کو حاصل کر سکتے ہیں۔

چنانچہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ذَهَبَ الْأَغْنِيَاءُ بِالْأَجْرِ، يُصَلُّوْنَ وَيَصُوْمُوْنَ وَيَحُجُّوْنَ قَالَ: وَأَنْتُمْ تُصَلُّوْنَ وَتَصُوْمُوْنَ وَتَحُجُّوْنَ، قُلْتُ: يَتَصَدَّقُوْنَ وَلَا نَتَصَدَّقُ، قَالَ: وَأَنْتَ فِيْكَ صَدَقَةٌ: رَفْعُكَ الْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

صَدَقَةٌ، وَهِدَايَتُكَ الطَّرِيقَ صَدَقَةٌ، وَعَوْنُكَ الضَّعِيفَ بِفَضْلِ قُوَّتِكَ صَدَقَةٌ، وَبَيَانُكَ عَنِ الْأَرْثَمِ صَدَقَةٌ، وَمُبَاضَعَتُكَ امْرَأَتَكَ صَدَقَةٌ ،قَالَ:قُلْتُ:يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَأْتِي شَهْوَتَنَا وَنُؤْجَرُ؟ قَالَ:أَرَأَيْتَ لَوْ جَعَلْتَهُ فِي حَرَامٍ، أَكُنْتَ تَأْثَمُ؟قَالَ:قُلْتُ:نَعَمْ،قَالَ:فَتَحْتَسِبُونَ بِالشَّرِّ وَلَا تَحْتَسِبُونَ بِالْخَيْرِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢١٣٦٣) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! سارا اجر وثواب تو مالدار لوگ لے گئے کہ وہ نماز پڑھتے ہیں،اور روزہ رکھتے ہیں اور حج کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم بھی تو نماز پڑھتے ہو، روزہ رکھتے ہو، اور حج کرتے ہو، میں نے عرض کیا کہ وہ صدقہ خیرات کرتے ہیں، لیکن ہم صدقہ خیرات نہیں کرسکتے ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ تو تم بھی کرسکتے ہو، تمہارا راستے سے کسی ہڈی (یا کسی بھی تکلیف دہ چیز) کو اٹھا دینا صدقہ ہے، تمہارا کسی کو صحیح راستہ بتا دینا صدقہ ہے، تمہارا اپنی طاقت سے کسی کمزور کی مدد کر دینا صدقہ ہے، تمہارا زبان میں لکنت والے آدمی کے کلام کی وضاحت کر دینا صدقہ ہے، اور تمہارا اپنی بیوی سے مباشرت (وصحبت) کرنا بھی صدقہ ہے، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا ہمیں اپنی خواہش پوری کرنے پر بھی ثواب ملتا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بتاؤ کہ اگر یہ کام تم حرام طریقے سے کرتے، تو تمہیں گناہ ہوتا، یا نہیں؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم گناہ کو شمار کرتے ہو، مگر نیکی کو شمار نہیں کرتے (مسند احمد)

ابوسعید خدری وابوالدرداء رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:حدیث صحیح(حاشیة مسند احمد)

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ، فَقَالَ: إِنِّيْ مِمَّا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِيْ، مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتِهَا (صحيح البخارى، رقم الحديث ١٤٦٥، كتاب الزكاة، باب الصدقة على اليتامى)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن منبر پر تشریف فرما ہوئے، اور ہم بھی آپ کے ارد گرد بیٹھ گئے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک مجھے تم پر جن چیزوں کا اپنے بعد خوف ہے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ تم پر زمین کی رونق اور اس کی زینت (مختلف زمین کے خزانوں) کو فتح کر دیا جائے گا (بخاری)

اس سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے بعد امت پر زمین کی رونق اور اس کی زیب و زینت فتح ہو جانے کا خوف تھا، اور ظاہر ہے کہ آپ کا کسی چیز کے بارے میں خوف، اس امت کے لئے فتنہ کا باعث ہونے کی دلیل ہے۔

اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَذْكُرُ الْفَقْرَ وَنَتَخَوَّفُهُ، فَقَالَ: آلْفَقْرَ تَخَافُوْنَ؟ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتُصَبَّنَّ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا صَبًّا حَتّٰى لَا يُزِيْغَ قَلْبَ أَحَدِكُمْ إِزَاغَةً إِلَّا هِيَهْ، وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ تَرَكْتُكُمْ عَلَى مِثْلِ الْبَيْضَاءِ، لَيْلُهَا وَنَهَارُهَا سَوَاءٌ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٥، أبواب السنة، باب اتباع سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم) [1]

ترجمہ: ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم فقر و تنگدستی کا ذکر کر رہے تھے، اور اس سے ڈر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم فقر و تنگدستی سے ڈرتے ہو؟ قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

میں میری جان ہے، ضرور بالضرور تم پر دنیا بہادی (اور بکثرت عطاء کردی) جائے گی، یہاں تک کہ تم میں سے کسی کا دل بھی ٹیڑھا نہیں ہوگا، مگر اسی (دنیا) کی وجہ سے، اور اللہ کی قسم میں تم کو سفید روشن حالت پر چھوڑ کر جارہا ہوں، جس کے دن اور رات برابر ہیں (یعنی میں تم کو سب باتیں دن کی روشنی واجالے کی طرح بتلا کر جارہا ہوں، جس کی کوئی بات بھی رات کے اندھیرے کی طرح نہیں، اس کے بعد تمہارا راستہ سے ہٹنا (اور دنیا سے دھوکہ کھانا، اپنی کوتاہی کہلائے گا) (ابنِ ماجہ)

عمرو بن عوف و مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

امام بخاری نے حضرت عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ إِلَى الْبَحْرَيْنِ يَأْتِي بِجِزْيَتِهَا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ صَالَحَ أَهْلَ الْبَحْرَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ.

فَقَدِمَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُوْمِ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، فَوَافَتْ صَلَاةَ الصُّبْحِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا صَلَّى بِهِمُ الْفَجْرَ انْصَرَفَ، فَتَعَرَّضُوْا لَهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَآهُمْ، وَقَالَ: أَظُنُّكُمْ قَدْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدْ جَاءَ بِشَيْءٍ؟، قَالُوْا: أَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَأَبْشِرُوْا وَأَمِّلُوْا مَا يَسُرُّكُمْ، فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۱۵۸، كتاب الجزية، باب الجزية والموادعة مع أهل الحرب)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوعبیدہ بن جراح کو جزیہ (یعنی اس زمانہ میں غیر مسلموں سے لیا جانے والا مخصوص ٹیکس) لانے کے لیے بحرین کے علاقہ میں روانہ کیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کے باشندوں سے صلح کرکے ان کے اوپر (ٹیکس وغیرہ کے لیے) علاء بن حضرمی کو امیر مقرر فرمادیا تھا۔ پس جب ابوعبیدہ بحرین سے مال لے کر آئے، تو انصار صحابہ نے ابوعبیدہ کے آنے کا سن لیا، پھر انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نماز پڑھا دی، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوٹ کر جانے لگے، تو انصار صحابہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہوئے، تو ان کو دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور فرمایا کہ میرے گمان میں تم نے سن لیا ہے کہ ابوعبیدہ کچھ لائے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ جی ہاں، اے اللہ کے رسول! اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم خوش ہو جاؤ، اور اس چیز کی امید رکھو، جو تمہیں خوش کرے گی (یعنی تمہیں مال ملے گا) پس اللہ کی قسم! مجھے تمہارے فقر و تنگ دستی کا خوف نہیں، لیکن مجھے اس چیز کا خوف ہے کہ تم پر زمین کو پھیلا دیا اور کشادہ کر دیا جائے گا، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر پھیلا دیا اور کشادہ کر دیا گیا تھا، اور پھر وہ ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت و حرص میں پڑ گئے تھے، تو تم بھی اسی طرح ایک دوسرے کے ساتھ اس (زمین اور اس کی دولت) کی رغبت و حرص میں پڑو گے، اور اس کے نتیجہ میں وہ دنیا تم کو اسی طرح ہلاک کر دے گی، جس طرح اس نے ان پہلوں کو ہلاک کیا تھا (بخاری)

اور حضرت عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں ہے کہ:

قَالَ: فَأَبْشِرُوْا وَأَمِّلُوْا مَا يَسُرُّكُمْ، فَوَاللّٰهِ مَا الْفَقْرَ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا، كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ

كَانَ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوهَا كَمَا تَنَافَسُوهَا، وَتُلْهِيَكُمْ كَمَا أَلْهَتْهُمْ

(صحيح البخاری، رقم الحديث ۶۴۲۵، كتاب الرقاق، باب ما يحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پس تم خوش ہو جاؤ، اور اس چیز کی امید رکھو، جو تمہیں خوش کرے گی (یعنی تمہیں مال ملے گا) لیکن میں تم پر اس چیز کا خوف رکھتا ہوں کہ تم پر زمین (اور دنیا کی مال ودولت) کو پھیلا دیا اور کشادہ کر دیا جائے گا، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر پھیلا دیا اور کشادہ کر دیا گیا تھا، پھر تم ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت وحرص میں الجھ پڑو گے، جس طرح تم سے پہلے لوگ اسی طرح اس کی رغبت وحرص میں ایک دوسرے کے ساتھ الجھ پڑے تھے، اور اس کے نتیجہ میں وہ دنیا تم کو اسی طرح (آخرت سے) غافل کر دے گی، جس طرح اس نے پہلے لوگوں کو (آخرت سے) غافل کیا تھا (بخاری)

آخرت سے غفلت بھی ہلاکت ہی ہے، کچھ اور نہیں، اس لئے دونوں روایتوں میں درحقیقت کوئی ٹکراؤ نہیں۔

یہ واقعہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

معلوم ہوا کہ مال ودولت کی فراوانی، اس میں ایک دوسرے سے الجھنے، اور ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنے اور اس کے نتیجہ میں باہمی فسادات اور آخرت سے غفلت کا

---

[1] عن المسور بن مخرمة قال: سمعت الأنصار أن أبا عبيدة قدم بمال من قبل البحرين، وكان النبى صلى الله عليه وسلم بعثه على البحرين، فوافق مع رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة الصبح، فلما انصرف رسول الله صلى الله عليه وسلم، تعرضوا، فلما رآهم، تبسم، وقال: " لعلكم سمعتم أن أبا عبيدة بن الجراح قدم وقدم بمال "قالوا: أجل يا رسول الله .قال: قال: " أبشروا وأملوا خيرا، فوالله ما الفقر أخشى عليكم، ولكن إذا صبت عليكم الدنيا، فتنافستموها كما تنافسها من كان قبلكم(مسند احمد، رقم الحديث ۱۸۹۱۶)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

سبب ہے، جس کی پہلے ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نشاندہی فرمادی تھی۔

عقبہ بن عامر و عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا، فَصَلّٰى عَلٰى أَهْلِ أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: إِنِّيْ فَرَطٌ لَكُمْ، وَأَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ لَأَنْظُرُ إِلٰى حَوْضِيَ الْآنَ، وَإِنِّيْ أُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْأَرْضِ، أَوْ مَفَاتِيْحَ الْأَرْضِ، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنْ أَخَافُ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ١٣٤٤، كتاب الجنائز، باب الصلاة على الشهيد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے، پھر شہدائے احد پر جنازہ کی طرح نماز پڑھنے کے بعد منبر پر آ کر فرمایا کہ بے شک میں (بروز قیامت) تمہارے اوپر پیش ہوں گا، اور میں تمہارے اوپر گواہ ہوں گا، اور بے شک میں اس وقت اپنی حوض کو دیکھ رہا ہوں، اور بے شک مجھے زمین کے خزانوں کی کنجیاں عطاء کی گئیں، یا زمین کی کنجیاں عطاء کی گئیں، اور بے شک میں اللہ کی قسم تم پر اپنے بعد شرک کا خوف نہیں رکھتا، بلکہ تم پر یہ خوف رکھتا ہوں کہ تم اس (زمین کے مال ودولت اور خزانوں) میں ایک دوسرے کے مقابلہ میں رغبت (وحرص) کرو گے (اور آخرت سے غافل ہو جاؤ گے) (بخاری)

اور حضرت عقبہ کی ایک روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اس طرح مروی ہے کہ:

إِنِّيْ لَسْتُ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنِّيْ أَخْشٰى

عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا، وَتَقْتَتِلُوا، فَتَهْلِكُوا، كَمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٢٩٦ ”٣١“ كتاب الفضائل، باب إثبات حوض نبينا صلى الله عليه وسلم وصفاته)

ترجمہ: بے شک میں تم پر اپنے بعد شرک کا خوف نہیں رکھتا، لیکن تم پر دنیا کا خوف رکھتا ہوں کہ تم اس میں ایک دوسرے کے مقابلہ میں رغبت (وحرص) کروگے، اور آپس میں قتل وقتال کروگے، پھر تم اسی طرح ہلاک ہوجاؤ گے، جس طرح تم سے پہلے لوگ ہلاک ہوئے تھے (مسلم)

معلوم ہوا کہ مال ودولت کی فراوانی حرص وطمع کا باعث ہے، جو پھر اگلے کئی مفاسد اور دنیا میں قتل وقتال، اور ہلاکت کا باعث ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ فَارِسُ وَالرُّومُ، أَيُّ قَوْمٍ أَنْتُمْ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: نَقُولُ كَمَا أَمَرَنَا اللّٰهُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْ غَيْرَ ذٰلِكَ، تَتَنَافَسُونَ، ثُمَّ تَتَحَاسَدُونَ، ثُمَّ تَتَدَابَرُونَ، ثُمَّ تَتَبَاغَضُونَ، أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ، ثُمَّ تَنْطَلِقُونَ فِي مَسَاكِينِ الْمُهَاجِرِينَ، فَتَجْعَلُونَ بَعْضَهُمْ عَلٰى رِقَابِ بَعْضٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٦٢ ”٧“ كتاب الزهد والرقائق)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم پر فارس اور روم فتح کردیے جائیں گے، اے میری قوم، تم کیسے ہوگے؟ اس پر عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا کہ ہم وہی کریں گے، جس کا ہمیں اللہ نے حکم دیا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یا اس کے علاوہ کچھ اور کروگے، تم ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت ومحبت میں پیش قدمی کرتے ہوئے الجھ پڑوگے، اس کے بعد تم آپس

میں حسد کروگے،اس کے بعد تم ایک دوسرے سے اعراض(وقطع تعلقی) کروگے،اس کے بعد تم ایک دوسرے سے بغض کروگے،یااسی طرح کا رویہ اختیار کروگے،پھرتم مہاجرین کے گھروں میں چلے جاؤگے،پھرتم ان کے بعض کو،ان کے بعض کی گردنوں کے اوپر کردوگے(بعض مہاجرین کوامیر اور بعض کو ان کے ماتحت بنادوگے)(صحیح مسلم)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:إِذَا فُتِحَتْ عَلَيْكُمْ خَزَائِنُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ، أَيُّ قَوْمٍ أَنْتُمْ؟ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ:نَكُوْنُ كَمَا أَمَرَنَا اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:تَتَنَافَسُوْنَ، ثُمَّ تَتَحَاسَدُوْنَ، ثُمَّ تَتَدَابَرُوْنَ، ثُمَّ تَتَبَاغَضُوْنَ، ثُمَّ تَنْطَلِقُوْنَ إِلٰى مَسَاكِيْنِ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَتَحْمِلُوْنَ بَعْضَهُمْ عَلٰى رِقَابِ بَعْضٍ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ٦٧٨٨، تابع لكتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم پر فارس اور روم کے خزانے فتح کردیے جائیں گے،اے میری قوم،تم کیسے ہوگے؟اس پر عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا کہ ہم اسی طرح ہوں گے،جس کا ہمیں اللہ نے حکم دیا ہے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ایک دوسرے کے ساتھ اس کی رغبت وحرص میں الجھ پڑوگے،اس کے بعد تم آپس میں حسد کروگے،اس کے بعد تم ایک دوسرے سے (مودت ومحبت ختم کرکے) اعراض (وقطع تعلقی) کروگے،اس کے بعد تم ایک دوسرے سے بغض کروگے،پھرتم مہاجرین کے گھروں میں چلے جاؤگے، پھر

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية صحيح ابنِ حبان)

تم ان کے بعض کو، ان کے بعض کی گردنوں کے اوپر کردو گے (یعنی بعض مہاجرین کو سردار، اور بعض کو ان کے ماتحت بنادو گے، جس طرح اپنے مقصد کے لئے کسی کو بڑا بنا کر دوسروں کو قابو کیا جاتا ہے) (صحیح ابنِ حبان)

اس سے معلوم ہوا کہ مال ودولت کی کثرت وفراوانی، ایک دوسرے سے آگے بڑھنے، اور پھر باہمی حسد وتحاسد کرنے، اور پھر ایک دوسرے سے محبت ومودت کو ختم کر کے اعراض وقطع تعلقی کرنے، اور پھر باہم بغض وتباغض کرنے، اور پھر ایک دوسرے پر ظلم کرنے کا باعث بنتی ہے، اور اس کی بنیاد اور جڑ خزائن اور مال ودولت کی کثرت وفراوانی ہے، جو اِن تمام قضیوں اور جھگڑوں کا باعث ہے، اور آج دنیا اسی فساد اور وبال سے دوچار ہے۔ [1]

عوف بن مالک، معاذ وابوجحیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِيْ أَصْحَابِهٖ فَقَالَ: اَلْفَقْرَ تَخَافُوْنَ، أَوِ الْعَوَزَ، أَوَ تُهِمُّكُمُ الدُّنْيَا؟ فَإِنَّ اللّٰهَ فَاتِحٌ لَكُمْ أَرْضَ فَارِسَ وَالرُّوْمِ، وَتُصَبُّ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا صَبًّا، حَتّٰى لَا يُزِيْغُكُمْ بَعْدِيْ إِنْ أَزَاغَكُمْ إِلَّا هِيَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٩٨٢) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے درمیان کھڑے ہوئے، پھر فرمایا کہ تم فقر، یا تنگدستی سے ڈرتے ہو؟ کیا تم دنیا کو اہمیت دیتے ہو؟ پس بے شک اللہ تمہارے لئے فارس اور روم کی زمین فتح کرنے والا ہے، اور تم پر دنیا

---

[1] التنافس إلى الشيء المسابقة إليه وكراهة أخذ غيرك إياه وهو أول درجات الحسد وأما الحسد فهو تمنى زوال النعمة عن صاحبها والتدابر التقاطع وقد بقى مع التدابر شيء من المودة أو لايكون مودة لاوبغض وأما التباغض فهو بعد هذا ولهذا رتبت فى الحديث ثم ينطلقون فى مساكين المهاجرين أى ضعفائهم فيجعلون بعضهم أمراء على بعض هكذا فسروه (شرح النووى على مسلم، ج١٨ ص ٩٦، ٩٧، كتاب الزهد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

پوری طرح انڈیل دی جائے گی، حتیٰ کہ تمہیں میرے بعد کوئی چیز ٹیڑھا نہ کر سکے گی، اگر کوئی چیز ٹیڑھا کرے گی، تو وہ یہی دنیا ہوگی (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ دنیا اور اس کی دولت کی فراوانی کے بعد مسلمانوں کے دلوں میں کجی، یعنی آخرت سے غفلت، اور باہمی جنگ وجدل کی اصل جڑ یہی دنیا کا مال ودولت ہے، اسی نے مسلمانوں کے اندر کجی پیدا کی ہے۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ، فَقَالَ: أُعْدُدْ سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ: مَوْتِيْ، ثُمَّ فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ مُوْتَانٌ يَأْخُذُ فِيْكُمْ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ، ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ حَتّٰى يُعْطَى الرَّجُلُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا، ثُمَّ فِتْنَةٌ لَا يَبْقٰى بَيْتٌ مِنَ الْعَرَبِ إِلَّا دَخَلَتْهُ، ثُمَّ هُدْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ بَنِي الْأَصْفَرِ، فَيَغْدِرُوْنَ فَيَأْتُوْنَكُمْ تَحْتَ ثَمَانِيْنَ غَايَةً، تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اِثْنَا عَشَرَ أَلْفًا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۱۷۶، کتاب الجزیۃ، باب ما یحذر من الغدر)

ترجمہ: میں غزوۂ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا، اور آپ اس وقت چمڑے کے ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے، آپ نے فرمایا کہ یاد رکھو! قیامت قائم ہونے سے پہلے چھ باتیں پیش آئیں گی، ایک تو میری موت، پھر بیت المقدس کی فتح، پھر اچانک سے موت آنے کی وباء، جو تم میں اس طرح پھیلے گی، جس طرح بکریوں میں یکا یک مرنے کی بیماری پھیل جاتی ہے۔

پھر مال کی کثرت، یہاں تک کہ ایک آدمی کو سو دینار (کے بقدر سونا، یعنی ساڑھے سینتیس تولہ (کے لگ بھگ) سونا، یا اتنی مالیت کا مال) دیا جائے گا، تب بھی وہ ناخوش ہوگا، پھر فتنہ ہوگا، جس سے عرب کا کوئی گھر نہیں بچے گا، پھر صلح ہوگی، جو تم

مسلمانوں اور بنو اصفر (یعنی رومیوں) کے درمیان ہوگی، پھر وہ اس صلح سے پھر جائیں گے اور تمہارے مقابلہ کے لئے اسی (80 ملکوں کے) جھنڈے لئے ہوئے آئیں گے اور ان کے ہر ایک جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہوں گے (بخاری)

معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت میں مال کی کثرت وفراوانی کی پیش گوئی فرمادی تھی، اور اس پر مرتب ہونے والے فتنوں سے بھی آگاہ فرمادیا تھا۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِتٌّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ: مَوْتِيْ، وَفَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَمَوْتٌ يَأْخُذُ فِي النَّاسِ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ، وَفِتْنَةٌ يَدْخُلُ حَرْبُهَا بَيْتَ كُلِّ مُسْلِمٍ، وَأَنْ يُعْطَى الرَّجُلُ أَلْفَ دِيْنَارٍ فَيَتَسَخَّطَهَا، وَأَنْ تَغْدِرَ الرُّوْمُ فَيَسِيْرُوْنَ فِيْ ثَمَانِيْنَ بَنْدًا، تَحْتَ كُلِّ بَنْدٍ اِثْنَا عَشَرَ أَلْفًا (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۹۹۲)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھ چیزیں قیامت کی نشانیوں میں سے ہیں، میری موت، اور بیت المقدس کی فتح، اور اچانک سے موت آنے کی وباء، جو تم میں اس طرح پھیلے گی، جس طرح بکریوں میں یکا یک مرنے کی بیماری پھیل جاتی ہے، اور فتنہ ہوگا، جس کی جنگ ہر مسلم کے گھر میں داخل ہو جائے گی۔ اور یہ کہ آدمی کو ہزار دینار سونا حاصل ہوگا، لیکن وہ ناخوش ہوگا۔

اور یہ کہ رومی غدر (بدعہدی ودھوکہ) کریں گے، پھر وہ اسی (80 ملکوں کے) جھنڈوں کے ساتھ مسلمانوں مقابلہ میں آئیں گے اور ان کے ہر ایک جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہوں گے (مسند احمد)

اس حدیث میں بھی مال کی کثرت کے باوجود ناخوش ہونا، فتنہ کی علامت ہے، جو مزید کئی فتنوں کا سبب ہے، جیسا کہ گذرا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَسَلَّمَ: إِنَّهَا سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا حَتّٰى تُنَجِّدُوْا بُيُوْتَكُمْ كَمَا تُنَجَّدُ الْكَعْبَةُ ،قُلْنَا:وَنَحْنُ عَلٰى دِيْنِنَا الْيَوْمَ قَالَ:وَأَنْتُمْ عَلٰى دِيْنِكُمُ الْيَوْمَ،قُلْنَا:فَنَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ أَمِ الْيَوْمَ ؟قَالَ: بَلْ أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ(مسند البزار،رقم الحديث ۴۲۲۷،مسند أبی جحيفة رضی الله عنه،المعجم الكبير للطبرانی، ج۲۲ص۱۰۸،رقم الحديث ۲۷۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک عنقریب تم پر دنیا فتح کردی جائے گی، یہاں تک کہ تم اپنے گھروں کی اس طرح (خوب) زیب وزینت کروگے، جس طرح کعبہ کی زیب وزینت کی جاتی ہے، ہم نے عرض کیا کہ کیا ہم اپنے آج والے دین پر ہی ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک تم اپنے آج والے دین پر ہی ہوگے، ہم نے عرض کیا کہ پھر ہم اس وقت بہتر ہوں گے، یا آج کے دن بہتر ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلکہ تم آج کے دن بہتر ہو (بزار، طبرانی)

اس حدیث میں صاف تصریح ہے کہ مال کی فراوانی کا دور اچھا نہیں ہوگا، اور اس پر فتنوں کے مرتب ہونے کا پہلے احادیث میں تذکرہ گذر چکا ہے۔ [2]

---

[1] قال الهيثمی:رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح غير عبد الجبار بن العباس الشبامی، وهو ثقة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۸۲۸۰،باب فی عيش رسول الله صلى الله عليه وسلم والسلف)

وقال الهيثمی:رواه الطبرانی، ورجاله ثقات(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۴۰۷۹،باب إخباره صلى الله عليه وسلم بالمغيبات)

[2] (ستفتح عليكم الدنيا حتى تنجدوا بيوتكم) أی تزينوها و التنجيد التزيين (كما تنجد الكعبة فأنتم اليوم خير من يومئذ) هذا إشارة إلى فضل مقام الورع وهو المرتبة الثالثة من مراتبه الأربعة المارة وهو ورع المتقين الذی هو ترک ما لا تحرمه الفتوى ولا شبهة فی حله لكن يخاف أداؤه لمحرم أو مكروه(فيض القدير شرح الجامع الصغير،تحت رقم الحديث ۴۶۶۷)

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَيْتَ اللّٰهَ يُعْطِي الْعَبْدَ مِنَ الدُّنْيَا عَلٰى مَعَاصِيهِ مَا يُحِبُّ، فَإِنَّمَا هُوَ اِسْتِدْرَاجٌ ،ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ”فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى إِذَا فَرِحُوْا بِمَا أُوْتُوْا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُوْنَ“(مسند احمد، رقم الحديث ١٧٣١١) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیکھو کہ اللہ کسی بندہ کو اس کے گناہوں کے باوجود اس کی دنیا کی محبوب (وپسندیدہ) چیزیں عطاء کررہا ہے، تو یہ صرف استدراج (یعنی اللہ کی طرف سے ڈھیل) ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

”فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى إِذَا فَرِحُوْا بِمَا أُوْتُوْا أَخَذْنَاهُمْ بَغْتَةً فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُوْنَ“

یعنی پھر جب بھلا دیا انہوں نے ان باتوں کو نصیحت کی گئی تھی ان کو جن باتوں کی، تو کھول دیا ہم نے ان کے اوپر ہر چیز کے دروازوں کو، یہاں تک کہ جب خوش ہوگئے وہ ان چیزوں پر جو عطاء کی گئیں، ان کو، تو پکڑ لیا ہم نے ان کو اچانک، پھر یکا یک وہ (ہر چیز سے) ناامید ہوگئے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ مال ودولت کی کثرت اور فراوانی کی طلب وجستجو، آخرت کے اعتبار سے اچھی نہیں۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

(فصل نمبر18)

مالِ حرام، بخل واسراف سے بچ کرانفاق کا حکم

یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ اللہ اوراس کے رسول کی نظر میں مال کی حرص وطمع اوراس کی تکثیر، اچھی چیز نہیں، بلکہ سخت نقصان دہ چیز ہے، جبکہ مال کو حلال طریقہ سے کمایا جائے، اور حلال جگہ میں خرچ کیا جائے، اورزکاۃ وغیرہ کی ادائیگی کا بھی اہتمام کیا جائے، اور خرچ کرنے میں نہ اسراف وفضول خرچی سے کام لیا جائے، اور نہ ہی بخل وکنجوسی اختیار کی جائے۔

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حلال ذرائع والے مالداروں کو یہ حکم فرمایا کہ وہ کثرت کے ساتھ، مختلف مصارف میں اللہ کی رضاء کی خاطر خرچ کریں۔

اور یہ بات ظاہر ہے کہ آج کے دور میں اول تو حلال طریقوں کواختیار کرکے مالدار بننا مشکل ہے، اور اگر کوئی حلال ذرائع سے ہی مالدار بنے، تب بھی ٹھیک ٹھیک طریقہ پر زکاۃ کی ادائیگی مشکل ہے، اور اگر زکاۃ ٹھیک ٹھیک اور پوری اداء کردے، تب بھی اس کے بعد اس کا مال کو گناہ والی جگہوں میں خرچ کرنے سے بچنا مشکل ہے، اور اگر کوئی گناہ والی جگہ خرچ کرنے سے بچ بھی گیا، تب بھی فضول خرچی، یا بخل سے بچنا انتہائی مشکل ہے، اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مالداروں کو ہلاکت ونقصان سے بچنے کے لئے اللہ کی رضاء میں کثرت سے خرچ کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

پس اب اس پر بھی کچھ روشنی ڈال دینا ضروری ہے۔

سورہ بقرہ، مائدہ ونحل کا حوالہ

سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ . إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوْءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (سورة البقرة، رقم الآيات ١٦٨ و ١٦٩)

ترجمہ: اے لوگو! کھاؤ تم، ان چیزوں میں سے جو زمین میں ہیں، حلال، پاکیزہ، اور مت اتباع کرو تم شیطان کے قدموں کی، بے شک وہ تمہارے لئے دشمن ہے، واضح، بس حکم دیتا ہے وہ (شیطان) تم کو برائی، اور بے حیائی کا، اور اس چیز کا کہ کہو تم اللہ پر وہ باتیں، جن کا نہیں علم رکھتے تم (سورہ بقرہ)

معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے حلال و پاکیزہ مال و رزق کے کھانے، پینے اور استعمال کرنے کا حکم، جس کے راستہ میں شیطان بہکا کر روڑے اٹکانے، اور صدقہ و خیرات کرنے پر فقر و فاقہ سے ڈرانے کی کوشش کرتا ہے، اور وہ انسانوں کا واضح دشمن ہے۔

چنانچہ سورہ بقرہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ (سورة البقرة، رقم الآية ٢٦٨)

ترجمہ: شیطان ڈراتا ہے تم کو فقر سے، اور حکم کرتا ہے وہ تم کو فحشاء (بے حیائی کے کاموں) کا (سورہ بقرہ)

قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ أَنْتُمْ بِهِ مُؤْمِنُوْنَ

(سورة المائدة، رقم الآية ٨٨)

ترجمہ: اور کھاؤ تم، ان چیزوں میں سے جو رزق دیا تم کو اللہ نے حلال، پاکیزہ، اور ڈرو تم اس اللہ سے کہ تم اس پر ایمان رکھنے والے ہو (سورہ مائدہ)

اور سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ

تَعْبُدُوْنَ (سورۃ النحل، رقم الآیۃ ۱۱۴)

ترجمہ: پس کھاؤ تم، ان چیزوں میں سے جو رزق دیا تم کو اللہ نے، حلال پاکیزہ، اور شکر کرو تم اللہ کی نعمت کا، اگر ہو تم اس کی عبادت کرنے والے (سورہ نحل)

مذکورہ آیات میں حلال چیزوں کے کھانے کا حکم دیا گیا ہے۔

سورہ آلِ عمران، اسراء، حشر وسورہ تغابن کا حوالہ

سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (سورۃ آل عمرآن، رقم الآیۃ ۱۸۰)

ترجمہ: اور گمان نہ کریں ہرگز وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں، اس (مال) کے ساتھ جو دیا ان کو، اللہ نے اپنے فضل سے، کہ وہ (مال) خیر والا ہے ان کے لئے، بلکہ وہ (مال) شر والا ہے ان کے لئے، عنقریب طوق بنا دیا جائے گا اس (مال) کا جس کے ساتھ بخل کیا انہوں نے، قیامت کے دن، اور اللہ ہی کے لئے ہے میراث آسمانوں اور زمین کی، اور اللہ ان اعمال کو، جو کرتے ہو تم، پوری خبر رکھنے والا ہے (سورہ آلِ عمران)

اور اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی سورہ اسراء میں انسان کے بخل کی حالت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ:

قُلْ لَّوْ أَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَائِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْ إِذًا لَّأَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْإِنْفَاقِ وَكَانَ الْإِنْسَانُ قَتُوْرًا (سورۃ الاسراء، رقم الآیۃ ۱۰۰)

ترجمہ: کہہ دیجئے آپ کہ اگر تم مالک ہو جاؤ، میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے، اس وقت بھی البتہ تم روک کر رکھو گے خرچ ہونے کے خوف سے، اور ہے انسان بڑا بخیل (سورہ اسراء)

اللہ کے پیدا کئے ہوئے خزانے بہت وسیع ہیں، اگر انسان کا ان سب خزانوں پر بھی قبضہ حاصل ہو جائے، تب بھی اس کو بخل، اللہ کے لئے خرچ کرنے میں مانع بنے گا۔

اور قرآن مجید کی سورہ حشر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يُّوقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (سورۃ الحشر، رقم الآیۃ ۹)

ترجمہ: اور جو شخص بچا لیا گیا اپنے نفس کے بخل (وحرص) سے، تو یہ لوگ ہی کامیابی پانے والے ہیں (سورہ حشر)

اور قرآن مجید کی سورہ تغابن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَأَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّأَنْفُسِكُمْ وَمَنْ يُّوقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (سورۃ التغابن، رقم الآیۃ ۱۶)

ترجمہ: اور خرچ کرو تم، بہتر ہے تمہاری ذات کے لئے، اور جو شخص بچا لیا گیا اپنے نفس کے بخل (وحرص) سے، تو یہ لوگ ہی کامیابی پانے والے ہیں (سورہ تغابن)

مذکورہ دونوں آیات سے معلوم ہوا کہ بخل اور کنجوسی سے بچ کر اللہ کی رضا کی خاطر صدقہ وخیرات کرنے والے لوگ اللہ کے نزدیک کامیاب ہیں۔

جس طرح بخل بری چیز ہے، اسی طرح مال کا فضول ضیاع بھی برا ہے، ان دونوں کو چھوڑ کر اعتدال کو اختیار کرنا چاہیے۔

سورہ اسراء کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا. إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا (سورة الاسراء، رقم الآية ٢٦، و٢٧)

ترجمہ: اور دیجیے آپ قریب والے (یعنی رشتہ دار کو) اس کا حق، اور مسکین کو، اور مسافر کو، اور مت فضول خرچی کیجئے آپ بے جا اُڑا کر، بے شک فضول خرچی کرنے والے ہیں، شیاطین کے بھائی، اور ہے شیطان، اپنے رب کا بہت کفر (وناشکری) کرنے والا (سورہ اسراء)

اور سورہ اسراء میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَحْسُورًا (سورة الاسراء، رقم الآية ٢٩)

ترجمہ: اور مت کیجئے آپ اپنے ہاتھ کو بندھا ہوا، اپنی گردن کی طرف (جیسا کہ خرچ کرنے کی قدرت ہی نہ ہو) اور مت پھیلائیے آپ اس (ہاتھ) کو پوری طرح سے پھیلانا، پھر بیٹھ جائیں گے آپ، بہت ملامت کرنے والے، بہت حسرت کرنے والے ہوکر (سورہ اسراء)

مطلب یہ ہے کہ اللہ کی طرف سے مال کے خرچ کرنے میں اعتدال کا حکم ہے، نہ اللہ کو فضول خرچ لوگ پسند ہیں، اور نہ بخل وکنجوسی کرنے والے پسند ہیں، اور دونوں کا انجام برا ہے۔

سورہ مدثر، فجر وماعون کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ مدثر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ. إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ. فِي جَنَّاتٍ يَتَسَاءَلُونَ. عَنِ الْمُجْرِمِينَ. مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ. قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ

www.idaraghufran.org

الْمُصَلِّيْنَ . وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ (سورة المدثر، رقم الآيات ۳۸ الىٰ ۴۴)

ترجمہ: ہر نفس اپنے کیے کی وجہ سے گرفتار ہوگا۔سوائے دائیں والوں کے (کہ وہ) جنتوں میں ہوں گے، سوال کریں گے ایک دوسرے سے، مجرموں کے بارے میں کہ کس چیز نے ڈالا تم کو جہنم میں؟ کہیں گے کہ وہ نہیں تھے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے، اور نہیں کھلاتے تھے ہم مسکینوں کو (سورہ مدثر)

مطلب یہ ہے کہ ہر نفس اور ہر انسان وجن اپنے اعمالِ بد کے بدلہ میں رہن وگروی کی طرح محبوس ومقید ہے، سوائے ان لوگوں کے جن کے نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیے جائیں گے، جو کہ مومن ہوں گے، اور وہ جنت میں ہوں گے، پھر وہ مجرموں سے سوال کریں گے کہ تم کن اعمال کی بدولت جہنم میں داخل ہوئے؟ تو وہ جواب میں جن بداعمالیوں کا ذکر کریں گے، ان میں نماز نہ پڑھنے اور مسکینوں کو نہ کھلانے، جیسے اعمال شامل ہوں گے۔

اور سورہ فجر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ .وَلَا تَحَاضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ . وَتَأْكُلُوْنَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا .وَتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا (سورة الفجر، رقم الآيات ۱۷ الىٰ ۲۰)

ترجمہ: ہرگز نہیں، بلکہ اکرام نہیں کرتے تم یتیم کا۔اور نہیں ترغیب دیتے تم مسکین کے کھانے کی۔اور کھا جاتے ہو تم میت کا ترکہ سمیٹ کر۔اور محبت رکھتے ہو تم مال سے بے حد محبت (سورہ فجر)

اور سورہ ماعون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَرَأَيْتَ الَّذِىْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ .فَذٰلِكَ الَّذِىْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ .وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (سورة الماعون، رقم الآيات ۱ الىٰ ۳)

ترجمہ: کیا دیکھا آپ نے، جو تکذیب کرتا ہے، دین (یعنی قیامت) کی۔سو یہ وہی

ہے جو دھکے دیتا ہے یتیم کو۔ اور ترغیب نہیں دیتا مسکین کو کھانا کھلانے کی (سورہ ماعون)

کھلانے سے مراد خاص کھانا کھلانا نہیں ہے، بلکہ کھانے پینے کا انتظام کر دینا، اور کھانے کے علاوہ دوسری بنیادی ضرورت پوری کرنا بھی اس میں داخل ہے۔

بہر حال معلوم ہوا کہ صاحبِ استطاعت لوگوں پر، مسکینوں اور ضرورت مندوں کا تعاون ضروری ہے، جس کی خلاف ورزی پران کو آخرت میں عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اور اپنے پاس مال ودولت کے زیادہ ہونے کو اللہ کے نزدیک مقرب ومعزز ہونے، اور غریبوں کے اللہ کے نزدیک غیر مقبول وغیر مکرم ہونے کا خیال کر لینا بھی صحیح نہیں، مال ودولت پر آخرت کی کامیابی کا دارومدار نہیں۔

سورہ سبأ وسورہ محمد کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ سبأ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰى إِلَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا (سورة سبأ، رقم الآية ٣٧)

ترجمہ: اور نہیں ہیں تمہارے اموال، اور تمہاری اولاد، وہ چیز کہ جو قریب کرے تم کو ہمارے نزدیک، مگر وہ شخص جو ایمان لائے، اور عمل کرے نیک (سورہ سبأ)

معلوم ہوا کہ محض مال ودولت اللہ کے قریب کرنے کا باعث نہیں، جب تک کہ ایمان اور عملِ صالح نہ ہو۔

اور قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَإِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ أُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ (سورة محمد، رقم الآيات ٣٦)

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی کھیل اور تماشا ہے، اور اگر ایمان لاؤ تم، اور تقویٰ اختیار

کروتم، تو عطاء کرے گا وہ (اللہ) تم کو، تمہارا اجر، اور نہیں سوال کرے گا وہ، تم سے تمہارے مالوں کا (سورہ محمد)

معلوم ہوا کہ اللہ نے خود واضح فرمادیا ہے کہ وہ قیامت کے دن مالوں کے بارے میں سوال نہیں کرے گا کہ تم کتنا مال لے کر آئے، بلکہ ایمان اور اعمال کو دیکھا جائے گا، اسی حیثیت سے مال ودولت کا بھی حساب وکتاب ہوگا۔

سورہ منافقون، وسورہ تغابن کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ منافقون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَأُولٰـئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ. وَأَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِيْ إِلٰى أَجَلٍ قَرِيْبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِّنَ الصَّالِحِيْنَ. وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (سورة المنافقون، رقم الآيات ٩، الىٰ ١١)

ترجمہ: اے وہ لوگو! جو ایمان لائے، نہ غافل کریں تم کو تمہارے اموال، اور نہ تمہاری اولاد، اللہ کی یاد سے، اور جو کرے گا یہ، تو یہ لوگ ہی خسارہ پانے والے ہیں، اور خرچ کرو تم اس میں سے جو رزق دیا ہم نے تم کو، اس سے پہلے کہ آئے تم میں سے کسی کے پاس موت، پھر کہے وہ اے میرے رب! کیوں نہیں موخر کیا تو نے مجھ کو قریبی مدت تک، پس صدقہ کر دیتا میں، اور ہو جاتا میں نیک لوگوں میں سے، اور ہرگز نہیں موخر کرتا، اللہ کسی نفس کو جب آ جاتی ہے، اس کی اجل، اور اللہ خوب خبر رکھنے والا ہے، ان کاموں کی جو کرتے ہو تم (سورہ منافقون)

معلوم ہوا کہ مال ودولت انسان کے لئے بڑا فتنہ ہے، یہ انسان کی زندگی کو خراب کرانے کا ذریعہ بنتا ہے، اسی لئے مرنے سے پہلے، جب مال ودولت کی حقیقت کھل کر ہر بندہ کے

سامنے آجاتی ہے، تو وہ اس مال ودولت ہی کو صدقہ کرکے آخرت کی کامیابی میں موجود اس رکاوٹ کو دور کرنے کی مہلت طلب کرتا ہے، لیکن اللہ موت کا مقررہ وقت آچکنے کے بعد کسی کو مہلت نہیں دیا کرتا۔

اور قرآن مجید کی سورہ تغابن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَاللَّهُ عِنْدَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (سورة التغابن، رقم الآية ۱۵)

ترجمہ: بس تمہارے اموال، اور تمہاری اولاد، فتنہ (وآزمائش) ہے، اور اللہ، اس کے پاس، اجرِ عظیم ہے (سورہ تغابن)

معلوم ہوا کہ مال ودولت کو اللہ نے دنیا میں فتنہ وآزمائش کی چیز بنایا ہے۔

اور اس آزمائش میں کم لوگ ہی کامیاب ہو پاتے ہیں۔

ابنِ مسعود، ابو برزہ، ومعاذ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزُولُ قَدَمُ ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ، عَنْ عُمُرِهِ فِيمَ أَفْنَاهُ، وَعَنْ شَبَابِهِ فِيمَ أَبْلَاهُ، وَمَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَ أَنْفَقَهُ، وَمَاذَا عَمِلَ فِيمَا عَلِمَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۴۱۶، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب فی القيامة) [1]

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابن مسعود، عن النبی صلى الله عليه وسلم إلا من حديث الحسين بن قيس، وحسين بن قيس يضعف فی الحديث من قبل حفظه وفی الباب عن أبی برزة، وأبی سعيد (سنن الترمذی)

وقال الالبانی: قلت: لكن له شواهد تدل على أنه قد حفظه من حديث أبی برزة الأسلمی ومعاذ بن جبل (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۹۴۶)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن، بنی آدم کے قدم اس وقت تک اس کے رب کے سامنے سے نہیں ہل سکیں گے، جب تک اس سے پانچ چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرلیا جائے، عمر کے بارے میں کہ کس چیز میں فناء کی، اور اپنی جوانی کے بارے میں کہ اس کو کہاں کمزور وخراب کیا، اور اپنے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا، اور مال کن کن چیزوں میں خرچ کیا، اور جن چیزوں کا علم تھا، ان میں کس طرح عمل کیا (ترمذی)

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيْمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اِكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَ أَنْفَقَهٗ، وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيْمَ أَبْلَاهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۴۱۷، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب فی القيامة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (رب تعالیٰ کے سامنے سے) کسی بندہ کے قدم اس وقت تک نہیں ٹلیں گے، جب تک اس سے یہ سوال نہ کرلیا جائے کہ اس نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں فنا کیا، اور اس نے اپنے علم پر کیا عمل کیا، اور اس نے مال کہاں سے کمایا اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اور اس نے اپنے جسم کو کن چیزوں میں بوسیدہ کیا (ترمذی)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدِمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ أَرْبَعِ خِصَالٍ: عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا أَفْنَاهُ؟ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَا أَبْلَاهُ؟ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اِكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا أَنْفَقَهٗ؟ وَعَنْ عِلْمِهٖ مَاذَا عَمِلَ

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح، وسعيد بن عبد الله بن جريج هو بصری، وهو مولی أبی برزة، وأبو برزة اسمه: نضلة بن عبيد .

www.idaraghufran.org

فِیْهِ؟(المعجم الکبیر للطبرانی، ج۲۰ ص۶۰، رقم الحدیث ۱۱۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ابنِ آدم کے قدم (اس کے رب کے سامنے سے) اس وقت تک نہیں ہٹیں گے، جب تک چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرلیا جائے، اس کی عمر کے بارے میں کہ اس کو کہاں فنا کیا، اور اس کی جوانی کے بارے میں کہ کن چیزوں میں اس کو بوسیدہ کیا، اور اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا، اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اور اپنے علم کے بارے میں کہ اس میں کیا عمل کیا (طبرانی)

پس بہت سے مالدار لوگ ناجائز طریقہ پر مال کمانے، یا ناجائز جگہ مال خرچ کرنے کے مسئلہ میں ہی پھنس کر رہ جائیں گے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَلَا يَزْدَادُ النَّاسُ عَلَى الدُّنْيَا إِلَّا حِرْصًا وَلَا يَزْدَادُوْنَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا بُعْدًا

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۹۱۷، کتاب الرقاق)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت، قریب آتی جارہی ہے، اور لوگوں کی دنیا پر حرص وطمع بڑھتی جارہی ہے، اور وہ (حرص وطمع کی وجہ سے) اللہ

---

[1] قال الھیثمی: رواہ الطبرانی، والبزار بنحوہ، ورجال الطبرانی رجال الصحیح غیر صامت بن معاذ، وعدی بن عدی الکندی، وھما ثقتان (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۳۷۳، باب ما جاء فی الحساب)

وقال المنذری: رواہ البزار والطبرانی بإسناد صحیح واللفظ لہ (الترغیب والترھیب، ج۴، ص۲۱۴، کتاب التوبۃ والزھد، فصل فی ذکر الحساب وغیرہ)

وقال الالبانی: وأما حدیث معاذ، فیرویہ صامت بن معاذ الجندی حدثنا عبد المجید ابن عبد العزیز بن أبی رواد عن سفیان الثوری عن صفوان بن سلیم عن عدی ابن عدی عن الصنابحی عنہ .أخرجہ الخطیب فی "الاقتضاء" وفی "التاریخ" (11/ 441) .وھذا سند لا بأس بہ فی الشواھد، رجالہ ثقات غیر عبد المجید وصامت ففیھما ضعف (سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ، تحت رقم الحدیث ۹۴۶)

www.idaraghufran.org

سے دور ہوتے جارہے ہیں (حاکم)

اس حدیث کی سند کو امام حاکم نے صحیح کہا ہے، اور حافظ ذہبی نے اس کو منکر کہا ہے۔ [1]
لیکن بعض دیگر اہلِ علم حضرات نے امام حاکم کی رائے کو راجح اور حافظ ذہبی کی رائے کو مرجوح کہا ہے۔ [2]

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، لَا يُبَالِي الْمَرْءُ مَا أَخَذَ مِنْهُ، أَمِنَ الْحَلَالِ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٢٠٥٩، كتاب البيوع، باب من لم يبال من حيث كسب المال)

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
قال الذهبى فى التلخيص: هذا منكر

[2] قال الالبانى:
وقال الحاكم " :صحيح الإسناد ."وهو كما قال، أو قريب منه، فإن فى مخلد بن يزيد كلاما يسيرا. لكن وقع عنده "بشير بن زاذان" ولذلک تعقبه الذهبى بقوله " :قلت: هذا منكر، وبشير ضعفه الدارقطنى، واتهمه ابن الجوزى ."
قلت :وهذا غير بشير بن سلمان، هذا ضعيف، وذاک ثقة من رجال مسلم، وهو صاحب هذا الحديث كما وقع فى المصادر المذكورة، فلا تغتر بتعقب الذهبى المذكور ولا بمتابعة المناوى له بقوله عقبه " :فأنى له الصحة؟ ." !وتابعه السرى بن إسماعيل عن سيار أبى الحكم به .أخرجه تمام فى "الفوائد " (2/167). لكن السرى هذا متروک الحديث كما فى "التقريب ." (تنبيه) لفظ الهيثم بن كليب وغيره " :ولا تزداد منهم إلا بعدا "بدل قوله فى رواية الحاكم وغيره " :ولا يزدادون من الله إلا بعدا ."وقد وقع عند الطبرانى -وعنه أبو نعيم -مختصرا جدا بلفظ ": اقتربت الساعة ولا تزداد منهم إلا بعدا ."وذكره السيوطى فى "الجامع الصغير "من رواية الطبرانى بهذا اللفظ إلا أنه قال " :قربا "مكان "بعدا ."وهو خطأ لعله ليس من السيوطى،وقد نبه عليه المناوى(سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ١٥١٠)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا، جس میں آدمی، یہ پرواہ نہیں کرے گا کہ جو کچھ اس نے حاصل کیا، وہ حلال طریقہ پر لیا، یا حرام طریق پر لیا (بخاری)

حلال وحرام کی تمیز اُٹھنے کی وجہ مال کی محبت اور حرص وطمع اور لالچ کا بڑھ جانا ہوگی، گویا کہ ایسے لوگوں کے نزدیک حلال اور حرام برابر اور ایک جیسا ہوجائے گا، اور وہ بغیر کسی پرواہ کے مال حاصل کرنے میں مشغول ہوں گے، انہیں اللہ کا خوف اور آخرت کے عذاب کی فکر نہ رہے گی، اور ان کی یہ حالت ہوجائے گی کہ اگر کوئی انہیں اس عمل سے روکے گا بھی، تو وہ نہ رُکیں گے، بلکہ منع کرنے والے کی بات کی طرف توجہ ہی نہیں دیں گے۔ [1]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا، وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ، فَقَالَ: "يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا، إِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ" وَقَالَ: "يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ" ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ، يَمُدُّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، يَا رَبِّ، يَا رَبِّ، وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ، فَأَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠١٥ "٦٥" كتاب الزكاة، باب قبول الصدقة من الكسب الطيب وتربيتها)

---

[1] أي لايبالي بما أخذ من المال ...... ولا يبالي خبر مقدم يعني الأخذ من الحلال .ومن الحرام مستو عنده، (ولا يبالي بأيهما أخذ) ، ولا يلتفت إلى الفرق بين الحلال والحرام كقوله تعالى: "سواء عليهم أأنذرتهم أم لم تنذرهم" (مرقاة المفاتيح، ج٥ ص ١٨٩١، كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! بے شک اللہ، پاکیزہ ہے، وہ صرف پاکیزہ چیز کو ہی قبول فرماتا ہے، اور بے شک اللہ نے مومنوں کو وہی حکم دیا ہے، جو اپنے رسولوں کو حکم دیا ہے (جیسا کہ سورہ مومنون میں) ارشاد فرمایا کہ ''اے رسولو! کھاؤ تم پاکیزہ چیزوں میں سے، اور عمل کرو تم، نیک، بے شک میں ان کاموں کو جو کرتے ہو تم، خوب علم رکھنے والا ہوں''

اور جیسا کہ سورہ بقرہ میں فرمایا کہ ''اے وہ لوگو جو ایمان لائے، کھاؤ تم ان پاکیزہ چیزوں میں سے جن کا رزق دیا ہم نے تم کو''۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کا ذکر کیا، جو لمبا سفر کرتا ہے، گرد آلود حالت میں ہوتا ہے، اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے کہ اے میرے رب! اے میرے رب! اور حال یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے، اور اس کا پینا حرام ہے، اور اس کا پہننا حرام، اور اس نے حرام کی غذا حاصل کی ہوئی ہے، پس اس کے لئے کہاں سے دعاء قبول کی جائے گی (صحیح مسلم)

معلوم ہوا کہ حرام کھانے، پینے اور حرام استعمال کرنے والے کی دعاء قبول نہیں کی جاتی، پھر حرام کو چھوڑے بغیر وظائف اور تعویذات اور مختلف قسم کے چلّے کیا کام کریں گے، جیسا کہ حرام مال کی وجہ سے بہت سے لوگوں پر اللہ کی طرف سے مصائب وآفات آجاتی ہیں، اور وہ ان سے بچنے کے لئے مختلف دعاؤں چلوں، اور اوراد ووظائف اور تعویذات وعملیات سب کچھ کرتے ہیں، لیکن ان سے فائدہ نظر نہیں آتا، اور آج کل مالدار لوگوں، اور حرام خوروں میں اس صورتِ حال کی کثرت ہے، جس کی بنیادی وجہ حرام مال کا استعمال ہی ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:مَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا، ثُمَّ تَصَدَّقَ بِہٖ، لَمْ یَکُنْ لَّہٗ فِیْہِ أَجْرٌ، وَکَانَ إِصْرُہٗ عَلَیْہِ (صحیح ابنِ حبان،رقم الحدیث ۳۳۶۷، کتاب الزکاۃ، باب صدقۃ التطوع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے حرام مال جمع کیا، پھر اس سے صدقہ کیا، تو اس کے لئے اس صدقہ میں اجر وثواب حاصل نہیں ہوگا، بلکہ اس کا اس پر بوجھ (گناہ اور وبال) ہوگا (صحیح ابنِ حبان)

یہ تو حرام سے صدقہ کے قبول نہ ہونے اور اس کے نقصان کی حدیث تھی، اور حلال و پاکیزہ سے صدقہ کرنے کی فضیلت کا ذکر دوسری احادیث میں آیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا تَصَدَّقَ أَحَدٌ بِصَدَقَۃٍ مِنْ طَیِّبٍ -وَلَا یَقْبَلُ اللہُ إِلَّا الطَّیِّبَ - إِلَّا أَخَذَھَا الرَّحْمٰنُ بِیَمِیْنِہٖ وَإِنْ کَانَتْ تَمْرَۃً فَتَرْبُوْ فِیْ کَفِّ الرَّحْمٰنِ حَتّٰی تَکُوْنَ أَعْظَمَ مِنَ الْجَبَلِ کَمَا یُرَبِّی أَحَدُکُمْ فَلُوَّہٗ أَوْ فَصِیْلَہٗ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۶۳"۱۰۱۴"کتاب الزکاۃ، باب قبول الصدقۃ من الکسب الطیب وتربیتھا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بھی حلال و پاکیزہ مال سے صدقہ کرتا ہے، اور اللہ تو حلال اور پاکیزہ صدقہ کو ہی قبول فرماتا ہے، تو رحمٰن (گویا کہ) اس کو اپنے دائیں (ہاتھ) سے لیتا ہے، اگرچہ وہ ایک چھوارہ (اور کھجور، یا اس کے برابر کوئی دوسری چیز) ہی کیوں نہ ہو، پھر وہ صدقہ (اللہ) رحمٰن کے ہاتھ میں تربیت پاتا (اور بڑھتا ہے) یہاں تک کہ وہ پہاڑ سے بھی زیادہ بڑا ہوجاتا ہے، جس طرح سے تم میں سے کوئی اپنے گھوڑے، یا اپنے اونٹ کے بچے کی تربیت و پرورش (کرکے اس کو بڑا) کرتا ہے (مسلم)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ حسن (حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، لَأَنْ يَّأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ، فَيَذْهَبَ إِلَى الْجَبَلِ، فَيَحْتَطِبَ، ثُمَّ يَأْتِيَ بِهٖ يَحْمِلُهُ عَلٰى ظَهْرِهٖ، فَيَبِيعَهُ فَيَأْكُلَ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَّسْأَلَ النَّاسَ، وَلَأَنْ يَأْخُذَ تُرَابًا فَيَجْعَلَهُ فِيْ فِيْهِ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَجْعَلَ فِيْ فِيْهِ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

(مسند احمد، رقم الحديث ٧٤٩٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم میں سے کوئی اپنی رسی لے کر پہاڑ پر چلا جائے، پھر لکڑیاں اپنی پشت پر لاد کر لے آئے، اور ان کو فروخت کر کے کھالے، یہ اس کے لئے بہتر ہے، اس عمل سے کہ وہ لوگوں سے سوال کرے، اور یہ کہ وہ مٹی لے کر اپنے منہ میں ڈال لے، یہ بہتر ہے، اس عمل سے کہ وہ اپنے منہ میں ایسی چیز داخل کرے، جس کو اللہ نے اس پر حرام قرار دے رکھا ہے (مسند احمد)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَتَدْرُونَ مَا الْمُفْلِسُ؟ قَالُوا: اَلْمُفْلِسُ فِينَا مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ وَلَا مَتَاعَ، فَقَالَ: إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِي يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلَاةٍ، وَصِيَامٍ، وَزَكَاةٍ، وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هٰذَا، وَقَذَفَ هٰذَا، وَأَكَلَ مَالَ هٰذَا، وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا، وَضَرَبَ هٰذَا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ، وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ، فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ أَنْ يُّقْضٰى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۲۵۸۱ ”۵۹“کتاب البر والصلة والآداب، باب تحریم الظلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابۂ کرام سے) فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ مفلس (وغریب) کون شخص ہے؟ تو صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ مفلس (وغریب) ہم میں سے وہ ہے کہ جس کے پاس درہم (یعنی مال و دولت) اور سامان نہ ہو، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں (درحقیقت) مفلس (وغریب) شخص وہ ہوگا، جو قیامت کے دن (اپنے ساتھ) نماز، روزے اور زکاۃ (جیسے اعمال) لائے گا، پھر وہ شخص آئے گا کہ جس کو اس نے گالی دی ہوگی، اور وہ جس پر اس نے بہتان لگایا ہوگا، اور وہ جس کا اس نے مال کھایا ہوگا، اور وہ جس کا اس نے خون بہایا ہوگا، اور وہ جس کو اس نے مارا ہوگا، تو پھر اس (نیک اعمال لے کر آنے والے شخص) کی نیکیاں اس (مظلوم) کو دیدی جائیں گی، اور کچھ نیکیاں اس (دوسرے مظلوم) کو دے دی جائیں گی، پھر اس کی نیکیاں ختم ہوجائیں گی، قبل اس کے کہ اس کا فیصلہ پورا ہو (یعنی اس کی اپنی نیکیوں سے اس کے حق میں فیصلہ ہونے سے پہلے دوسروں کو اس کی نیکیاں دلوا کر اس کو نہتا کردیا جائے گا) پھر ان (مظلوموں) کے گناہ اس (ظالم اور حق تلفی کرنے والے) پر ڈال دیے جائیں گے، پھر اس (ظالم) کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا (مسلم)

ابوہریرہ، انس، وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ، وَثَلَاثٌ

مُهْلِكَاتٌ، فَأَمَّا الْمُنْجِيَاتُ : فَتَقْوَى اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ، وَالْقَوْلُ بِالْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالسُّخْطِ، وَالْقَصْدُ فِي الْغِنٰى وَالْفَقْرِ، وَأَمَّا الْمُهْلِكَاتُ : فَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَشُحٌّ مُطَاعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ، وَهِيَ أَشَدُّهُنَّ (شعب الايمان للبيهقى،رقم الحديث ٦٨٦٥،السابع والأربعون من شعب الإيمان :وهو باب فى معالجة كل ذنب بالتوبة منه،فصل فى الطبع على القلب او الرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں نجات دینے والی ہیں، اور تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں، پس تین چیزیں نجات دینے والی تو یہ ہیں، خفیہ اور علانیہ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا تقویٰ (یعنی اللہ تعالیٰ کا خوف وخشیت) اور رضا (یعنی خوشی) اور ناراضگی (وغصہ) کی حالت میں حق (وانصاف والا) کلمہ زبان سے کہنا، اور مالداری (وامیری) اور تنگدستی (وغریبی) میں میانہ روی کا ہونا (جس میں نہ فضول خرچی ہو، اور نہ بخل ہو)

اور ہلاک کرنے والی تین چیزیں یہ ہیں، ایسی خواہش کہ جس کی پیروی کی جائے، اور ایسا بخل (یعنی مال کی بے جا محبت) جس کی پیروی کی جائے، اور آدمی کا اپنے آپ کو عجب (بڑائی اور تکبر) میں مبتلا کرنا، اور یہ (عجب وتکبر) ان سب میں زیادہ شدید (مہلک گناہ) ہے (بیہقی)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ :شُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ مِنَ الْخُيَلَاءِ، وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ:اَلْعَدْلُ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَالْقَصْدُ فِي الْغِنٰى وَالْفَاقَةِ،

---

[1] قال الالبانی:قلت :فمثله يستشهد به .والله أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ١٨٠٢)

www.idaraghufran.org

وَمَخَافَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ (المعجم الأوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۵۴۵۲، باب المیم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں، ایسا شدید بخل (اور مال کی حرص) جس کی پیروی کی جائے، اور ایسی خواہش کہ جس کی اتباع کی جائے، اور آدمی کا اپنے آپ کو بڑائی کی وجہ سے عجب میں مبتلا کرنا۔

اور تین چیزیں نجات دلانے والی ہیں، رضا اور ناراضگی (یعنی خوشی اور غصہ) کی حالت میں عدل وانصاف کو ملحوظ رکھنا، اور مالداری اور فاقہ کے وقت میانہ روی (اور اعتدال کو) اختیار کرنا، اور خفیہ اور علانیہ ہر حالت میں اللہ سے ڈرنا (طبرانی)

اس طرح کی حدیث حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

مالداری اور غربت میں میانہ روی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے دعاء بھی کی ہے۔

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی سند سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ کی یہ دعاء مروی ہے کہ:

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ، وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ، أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ

---

[1] قال المنذری: رواه البزار واللفظ له والبيهقي وغيرهما وهو مروى عن جماعة من الصحابة وأسانيده وإن كان لا يسلم شيء منها من مقال فهو بمجموعها حسن إن شاء الله تعالى (الترغيب والترهيب، ج ۱ ص ۱۷۴، كتاب الصلاة، الترغيب فى انتظار الصلاة بعد الصلاة)

[2] عن ابن عمر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث مهلكات، وثلاث منجيات، وثلاث كفارات، وثلاث درجات. فأما المهلكات: فشح مطاع، وهوى متبع، وإعجاب المرء بنفسه. وأما المنجيات: فالعدل فى الغضب، والرضى، والقصد فى الفقر، والغنى، وخشية الله فى السر، والعلانية. وأما الكفارات: فانتظار الصلاة بعد الصلاة، وإسباغ الوضوء فى السبرات، ونقل الأقدام إلى الجماعات. وأما الدرجات: فإطعام الطعام، وإفشاء السلام، وصلاة بالليل، والناس نيام (المعجم الاوسط للطبرانى، رقم الحديث ۵۷۵۴، باب العميم)

قال الهيثمى: رواه الطبرانى فى الأوسط، وفيه ابن لهيعة ومن لا يعرف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۳۱۳ ا، باب فى المنجيات والمهلكات)

الْحَيَاةَ خَيْرًا لِّي، وَتَوَفَّنِي إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّي، اَللّٰهُمَّ وَأَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَأَسْأَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَأَسْأَلُكَ الْقَصْدَ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنٰى، وَأَسْأَلُكَ نَعِيمًا لَا يَنْفَدُ، وَأَسْأَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ، وَأَسْأَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَأَسْأَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَأَسْأَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِ إِلٰى وَجْهِكَ، وَالشَّوْقَ إِلٰى لِقَائِكَ فِي غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِينَةِ الْإِيْمَانِ، وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ (سنن النسائی، رقم الحدیث ۱۳۰۵، ورقم الحدیث ۱۳۰۶، کتاب السهو،باب نوع آخر من الدعاء؛ مسند احمد، رقم الحدیث ۱۸۳۲۵، صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۱۹۷۱؛ مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۱۹۲۳) [1]

ترجمہ: اے اللہ! اپنے غیب کے علم اور مخلوق پر قدرت کی وجہ سے مجھے اس وقت تک زندگی عطاء فرمائیے، جب تک آپ کے علم میں میرے لئے زندہ رہنا بہتر ہو، اور جب آپ کے علم میں میرے لیے موت بہتر ہو، تو مجھے موت عطاء فرمائیے، اے اللہ! میں تنہائی میں ہوتے ہوئے اور سب کے سامنے ہوتے ہوئے آپ کی خشیت (وخوف) کا آپ سے سوال کرتا ہوں، اور میں رضا مندی میں اور غصے میں درست بات کہنے کا سوال کرتا ہوں، اور مالداری (وامیری) اور تنگدستی (و غریبی) میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں (جس میں نہ فضول خرچی ہو، اور نہ بخل ہو) اور میں آپ سے ایسی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں، جو کبھی ختم نہ ہوں، اور میں آپ سے ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کا سوال کرتا ہوں، جو کبھی ختم نہ ہو، اور میں آپ

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)
و قال ايضاً: إسناده قوى (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

سے تقدیر کے (فیصلے کے) بعد رضاء کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے موت کے بعد آرام دہ زندگی کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے آپ کے چہرے کی زیارت کی لذت کا اور آپ سے ملاقات کے شوق کا نقصان دہ چیزوں اور گمراہ کن فتنوں سے بچتے ہوئے سوال کرتا ہوں؛ اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزیّن فرمایئے اور ہمیں ہدایت یافتہ اور ہدایت کنندہ بنایئے (نسائی، مسند احمد وغیرہ)

ابو ہریرہ، جابر و ابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مُثِّلَ لَهُ مَالُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ لَهُ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ يَأْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَعْنِي شِدْقَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ أَنَا مَالُكَ أَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا (لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ) الْآيَةَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۴۰۳، كتاب الزكاة، باب إثم مانع الزكاة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس آدمی کو اللہ نے مال عطاء فرمایا، پھر اس نے اس کی زکاۃ ادا نہیں کی، تو وہ مال قیامت کے دن اس آدمی کے سامنے ایسے زہریلے ناگ کی شکل میں آئے گا، جس کے سر کے بال جھڑے ہوئے ہوں گے (جو کہ اس کے انتہائی زہریلے ہونے کی نشانی ہے) اور اس کی آنکھوں کے اوپر دو سیاہ نقطے ہوں گے (یہ بھی انتہائی شدید زہریلے ہونے کی نشانی ہے) پھر وہ سانپ اس (زکاۃ ادا نہ کرنے والے بخیل) کے گلے کا طوق بنا دیا جائے گا (یعنی اس کے گلے میں لپیٹ دیا جائے گا) پھر وہ اس کی دونوں باچھیں، یعنی کلّے پکڑے گا (اور کاٹے گا) اور کہے گا کہ میں تیرا مال ہوں، میں تیرا

(جمع کیا ہوا) خزانہ ہوں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی (سورہ آلِ عمران کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ (آخر تک)

یعنی ”اور ہر گز گمان نہ کریں وہ لوگ جو (زکاۃ کی ادائیگی میں) بخل کرتے ہیں، اس مال کے ساتھ جو اللہ نے ان کو اپنے فضل سے عطاء فرمایا ہے کہ وہ ان کے لئے خیر والا ہے، بلکہ وہ ان کے لئے شر والا ہے، بہت جلد قیامت کے دن اس مال کا جس کے ساتھ انہوں نے بخل کیا، طوق بنا کر ان کو پہنایا جائے گا، اور اللہ ہی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی میراث، اور اللہ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھنے والا ہے“ (بخاری)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی سند سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَلَا مِنْ صَاحِبِ مَالٍ لَا يُؤَدِّىْ زَكَاتَهُ، إِلَّا تَحَوَّلَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ، يَتْبَعُ صَاحِبَهُ حَيْثُمَا ذَهَبَ، وَهُوَ يَفِرُّ مِنْهُ، وَيُقَالُ: هٰذَا مَالُكَ الَّذِىْ كُنْتَ تَبْخَلُ بِهِ، فَإِذَا رَأٰى أَنَّهُ لَا بُدَّ مِنْهُ، أَدْخَلَ يَدَهُ فِىْ فِيْهِ، فَجَعَلَ يَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٩٨٨ ”٢٨“، كتاب الزكاة، باب اثم مانع الزكاة)

ترجمہ: اور نہیں ہے کوئی مال والا جو اس کی زکاۃ اداء نہ کرتا ہو، مگر قیامت کے دن اس کا مال (انتہائی زہریلا) گنجا سانپ بن جائے گا، جو مال والے کا پیچھا کرے گا، جہاں بھی وہ جائے گا، اور وہ مال والا اس سے بھاگے گا، اور (اللہ کی طرف سے) یہ کہا جائے گا کہ یہ تیرا وہ مال ہے، جس کے متعلق تو بخل کرتا تھا، پس جب وہ یہ دیکھ لے گا کہ اس سے کوئی چھٹکارے کا راستہ نہیں، تو اپنے ہاتھ کو اس سانپ کے منہ میں داخل کردے گا، پھر وہ سانپ اس کے ہاتھ کو اس طریقہ سے چبائے

گا، جس طریقہ سے اونٹ (کھانے کی چیز کو) چباتا ہے (مسلم)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي لَا يُؤَدِّي زَكَاةَ مَالِهِ يُمَثِّلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ مَالَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ ، لَهُ زَبِيبَتَانِ ، ثُمَّ يَلْزَمُهُ يُطَوِّقُهُ يَقُولُ: أَنَا كَنْزُكَ، أَنَا كَنْزُكَ (مسند احمد، رقم الحديث ۵۷۲۹) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے مال کی زکاۃ ادا نہیں کرتا، قیامت کے دن اس کا مال گنجے سانپ کی شکل میں (انتہائی زہریلا بن کر) آئے گا، جس کی آنکھ کے اوپر دو سیاہ نقطے ہوں گے (جو اس سانپ کے انتہائی زہر آلود اور بھیانک ہونے کی علامت ہے اور) وہ سانپ طوق بنا کر (اس کے گلے میں لٹکا) دیا جائے گا، اور وہ اسے کہے گا کہ میں تیرا خزانہ ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں (مسند احمد)

جابر و جندب رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، فَإِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوتَ حَتّٰى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا، وَإِنْ أَبْطَأَ عَنْهَا، فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، خُذُوا مَا حَلَّ، وَدَعُوا مَا حَرُمَ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۲۱۴۴، ابواب التجارات، باب الاقتصاد فى طلب المعيشة) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور (دنیا کی) طلب میں اعتدال سے کام لو، اس لئے کہ کوئی جاندار اس وقت تک ہرگز نہیں مرے گا، جب تک کہ اپنے مقررہ رزق کو پورا پورا حاصل نہ کرلے، اگرچہ وہ رزق کچھ دیر سے حاصل ہو، پس تم اللہ سے ڈرو اور دنیا کی طلب میں اعتدال سے کام لو، حلال چیزوں کو حاصل کرو اور حرام چیزوں کو چھوڑ دو (ابنِ ماجہ)

معلوم ہوا کہ حرام سے بچ کر، حلال کو اختیار کرنا چاہیے، کیونکہ انسان کو اپنے مقدر کے مطابق ہی ملتا ہے، خواہ وہ حلال طریقہ پر حاصل کرے، یا حرام طریقہ پر حاصل کرے۔

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَّا یَحُوْلَنَّ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الْجَنَّۃِ مِلْءُ کَفٍّ مِنْ دَمٍ یُھْرِیقُہٗ ، کَأَنَّمَا یَذْبَحُ دَجَاجَۃً ، کُلَّمَا تَقَدَّمَ لِبَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّۃِ حَالَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَہٗ، مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْکُمْ أَنْ لَّا یُدْخِلَ بَطْنَہٗ إِلا طَیِّبًا ، فَإِنَّ أَوَّلَ مَا یَنْتِنُ مِنَ الْإِنْسَانِ بَطْنُہٗ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۲ص۱۶۰، رقم الحدیث ۱۶۶۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ کرسکے کہ اُس کے اور جنت کے درمیان چُلّو بھر خون، جو اُس نے کسی کا (ناحق) بہایا ہو، گویا مرغی ذبح کرنے کے بقدر ہو، حائل نہ ہو، تو ایسا کرلے، جب کبھی وہ جنت کے دروازوں میں سے کسی دروازے کی طرف بڑھے گا، تو وہ (خون) اُس کے اور اُس (جنت

---

[1] قال الهیثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط والکبیر، ورجاله رجال الصحیح(مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۲۳۰۸، باب حرمة دماء المسلمین وأموالهم وإثم من قتل مسلما)
وقال الالبانی: وبالجملة؛ فالحدیث بهذه الطرق والمتابعات صحیح مرفوعاً، ولا یضره وقف من أوقفه، ولذلک سکت عن هذه الطرق الحافظ فی "الفتح"، بل صرح بأن الموقوف فی حکم المرفوع؛ کما تقدم عنه، فاتفقت الروایات، وزال الخلاف من بینها .والحمد لله رب العالمین(سلسلة الاحادیث الصحیحه، تحت رقم الحدیث ۳۳۷۹)

www.idaraghufran.org

کے دروازے) کے درمیان آڑ بن جائے گا۔

جو شخص یہ کر سکے کہ اُس کے پیٹ میں سوائے حلال پاکیزہ چیز کے کچھ بھی داخل نہ ہو، تو وہ ایسا کرلے، اس لیے کہ انسان کے اعضاء میں سے سب سے پہلے جو عضو (زندگی میں اور مرنے کے بعد) خراب ہوتا ہے، وہ پیٹ ہے (طبرانی)

جابر، عبداللہ بن عَمر و، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِتَّقُوا الظُّلْمَ، فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاتَّقُوا الشُّحَّ، فَإِنَّ الشُّحَّ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، حَمَلَهُمْ عَلٰى أَنْ سَفَكُوا دِمَائَهُمْ وَاسْتَحَلُّوا مَحَارِمَهُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۵۷۸ "۵٦" كتاب البر والصلة والآداب، باب تحريم الظلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ظلم کرنے سے بچو، کیونکہ ظلم قیامت کے دن اندھیریوں اور تاریکیوں کا باعث بنے گا، اور تم اپنے آپ کو بخل سے بچاؤ، پس بے شک بخل نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کر دیا، ان کو بخل نے ایک دوسرے کے خون بہانے پر ابھارا، اور ایک دوسرے کی حرام چیزوں کو انہوں نے حلال سمجھا (صحیح مسلم)

بخل کے نتیجہ میں انسان دوسرے کے مال پر ناحق قبضہ جماتا ہے، چوری کرتا اور ڈاکہ زنی وغیرہ جیسے جرائم کا ارتکاب کرتا ہے، جس کی وجہ سے خونریزی پیدا ہوتی ہے، اس کا علاج یہ ہے کہ صدقہ وخیرات کا اہتمام کیا جائے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ، فَإِنَّمَا

هَلَکَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ بِالشُّحِّ، أَمَرَهُمْ بِالْبُخْلِ فَبَخِلُوْا، وَأَمَرَهُمْ بِالْقَطِيْعَةِ فَقَطَعُوْا، وَأَمَرَهُمْ بِالْفُجُوْرِ فَفَجَرُوْا (سنن ابی داود، رقم الحديث ۱۶۹۸، کتاب الزکاة، باب فی الشح) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا، اور فرمایا کہ تم اپنے آپ کو بخل سے بچاؤ، کیونکہ بس تم سے پہلے لوگ بخل کی وجہ سے ہلاک ہوئے، بخل نے ان کو بخل کرنے کا حکم دیا، تو وہ بخیل بن گئے، اور بخل نے ان کو قطع رحمی کا حکم دیا، تو وہ قطع رحمی کے مرتکب ہوئے، اور بخل نے ان کو فجور (وگناہوں) کا حکم دیا، تو وہ فجور میں مبتلاء ہو گئے (سنن ابی داود)

اور امام بخاری نے اپنی کتاب ''الادبُ المفرد'' میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ، فَإِنَّهُ أَهْلَکَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، سَفَكُوْا دِمَاءَ هُمْ، وَقَطَعُوْا أَرْحَامَهُمْ، وَالظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (الادب المفرد، ص ۲۳۸، رقم الحديث ۴۷۰، باب الرفق) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے آپ کو بخل سے بچاؤ، کیونکہ پس بے شک اس بخل نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا، جنہوں نے (اس کی وجہ سے) ایک دوسرے کے خون بہائے، اور قطع رحمیاں کیں (یعنی وہ لوگ بخل کی وجہ سے ان سب مظالم کے مرتکب ہوئے) اور ظلم، قیامت کے دن اندھیریوں اور تاریکیوں کا باعث بنے گا (الادب المفرد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ضَرَبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلَ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

[2] قال الألباني: صحيح (حاشية الادب المفرد)

Idara Ghufran

كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُنَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ قَدِ اضْطُرَّتْ أَيْدِيْهِمَا إِلٰى ثُدَيِّهِمَا وَتَرَاقِيْهِمَا فَجَعَلَ الْمُتَصَدِّقُ كُلَّمَا تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ انْبَسَطَتْ عَنْهُ حَتّٰى تُغَشِّيَ أَنَامِلَهُ وَتَعْفُوَ أَثَرَهُ وَجَعَلَ الْبَخِيْلُ كُلَّمَا هَمَّ بِصَدَقَةٍ قَلَصَتْ وَأَخَذَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَكَانَهَا قَالَ فَأَنَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -يَقُوْلُ بِإِصْبَعِهِ فِيْ جَيْبِهِ فَلَوْ رَأَيْتَهُ يُوَسِّعُهَا وَلَا تَوَسَّعُ(صحیح مسلم ،رقم الحدیث ۱۰۲۱ ،کتاب الزکاۃ، باب مثل المنفق والبخیل، صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۴۴۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بخل کرنے اور صدقہ کرنے والے کی مثال (یعنی ان دونوں کی صفت) ان دو آدمیوں کی طرح ہے، جن پر لوہے کی دوزرہ ہیں (جو جنگ کے موقع پر پہنی جاتی ہیں) جن میں ان کے ہاتھ چھاتیوں میں اور گلوں میں جکڑے ہوئے ہوں، پھر جب صدقہ دینے والا صدقہ دیتا ہے، تو اس کی وہ زرہ کشادہ ہوجاتی ہے (اور اس کی تنگی وجکڑ بندی ختم ہوجاتی ہے) یہاں تک کہ اس کے انگلیوں کے پوروں کو ڈھانپ لیتی ہے (اور اس کے پورے جسم کو دشمن کی زَد سے محفوظ کردیتی ہے) اور اس کے قدم کے نشان جو زمین پر ہوں، ان کو بھی مٹا دیتی ہے (یعنی اس کی حفاظت کے ساتھ اس کے گناہ بھی معاف ہوتے ہیں) اور بخل کرنے والے کا حال ایسا ہے کہ جب صدقہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے، تو اس کی زرہ تنگ ہوجاتی ہے، اور اس کا ہر حلقہ اپنی جگہ پکڑ لیتا ہے۔

اور راوی کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے گریبان میں انگلیوں سے اشارہ کرتے ہوئے دیکھا (تاکہ سننے والوں کے ذہن میں اس کے تنگ ہونے کی تصویر بن جائے) اور اگر تم اس کو دیکھتے، تو سمجھ جاتے کہ وہ (بخیل اپنی زرہ) کشادہ کرنا چاہتا ہے، اور زرہ کشادہ نہیں ہوتی (مسلم، بخاری)

www.idaraghufran.org

اس سے صدقہ کرنے والے کی فضیلت اور اس کے مقابلہ میں بخل کرنے والے کی برائی معلوم ہوئی کہ صدقہ کرنے والا اپنے آپ کو اللہ کے عذاب اور تنگی وسختی سے محفوظ کرتا جاتا ہے، اور بخل کرنے والا اپنے آپ کو اللہ کے عذاب، اور تنگی وسختی میں پھنساتا جاتا ہے۔

ایک صحابی وابوامامہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْحَيَاءَ، وَالْعَفَافَ، وَالْعَيَّ، عَيَّ اللِّسَانِ، لَا عَيَّ الْقَلْبِ وَالْفِقْهَ مِنَ الْإِيْمَانِ، وَهُنَّ مِمَّا يَزِدْنَ فِي الْآخِرَةِ، وَيَنْقُصْنَ مِنَ الدُّنْيَا، وَمَا يَزِدْنَ فِي الْآخِرَةِ أَكْثَرُ، وَإِنَّ الْبَذَاءَ، وَالْجَفَاءَ، وَالشُّحَّ، مِنَ النِّفَاقِ، وَهُنَّ مِمَّا يَزِدْنَ فِي الدُّنْيَا، وَيُنْقِصْنَ فِي الْآخِرَةِ، وَمَا يَنْقُصْنَ فِي الْآخِرَةِ أَكْثَرُ (مسند الدارمی، رقم الحديث ۵۲۶، المقدمة، باب من رخص فی کتابة العلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حیاء اور عفت (یعنی پاک دامنی) اور کم گوئی، یعنی زبان کی خاموشی، نہ کہ دل کا سکوت اور فقہ (یعنی گہری سمجھ) کا تعلق ایمان سے ہے، اور یہ چیزیں آخرت میں بڑھنے والی ہیں، اور دنیا (کے

---

[1] قال حسين سليم اسد الدارانی: إسناده صحيح (حاشية مسند الدارمی)

و قال الالبانی:

قلت: هذا إسناد جيد، رجاله ثقات رجال البخاری؛ غير المثنی هذا، وثقه جمع منهم ابن حبان ۷/۵۰۳، وسقط ذكره فی "التهذيبين". "وقال أبو حاتم": صالح الحديث." وقال الحافظ فی "التقريب": "ليس به بأس." ثم روى الدارمی بإسناده المذكور عن أبی أسامة: حدثنی سليمان بن المغيرة قال: قال أبو قلابة: خرج علينا عمر بن عبد العزيز لصلاة الظهر ومعه قرطاس، ثم خرج علينا لصلاة العصر وهو معه، فقلت له: يا أمير المؤمنين! ما هذا الكتاب؟ قال: حديث حدثنی به عون بن عبد الله؛ فأعجبنی؛ فكتبته؛ فإذا فيه هذا الحديث. قلت: وهذا إسناد صحيح على شرط البخاری (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۳۳۸۱)

ظاہر) میں ناقص (شمار ہوتی) ہیں، اور جو چیزیں آخرت میں (ثواب ودرجات وغیرہ میں) زیادتی وبڑھوتری والی ہوں، وہ زیادہ ہونی چاہییں، اور بدگوئی اور جفاء (ظلم) اور شدید بخل کا تعلق نفاق سے ہے، اور یہ ان چیزوں میں سے ہے، جو دنیا (کے ظاہر) میں اضافہ والی ہیں، اور آخرت میں (ثواب کو) کم کرنے (اور گھٹانے) والی ہیں، اور جو چیزیں آخرت میں (ثواب کو) کم کرنے والی ہیں (افسوس کہ) وہ زیادہ (کی جاتی) ہیں (دارمی)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَا ابْنَ آدَمَ إِنَّکَ أَنْ تَبْذُلَ الْفَضْلَ خَیْرٌ لَّکَ وَأَنْ تُمْسِکَهُ شَرٌّ لَکَ وَلَا تُلَامُ عَلٰی کَفَافٍ وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ وَالْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۰۳۶ ''۹۷'' کتاب الزکاۃ، باب بیان أن الید العلیا خیر من الید السفلی)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابنِ آدم! تیرے لئے (اپنے، اور اپنے اہل وعیال کی ضرورت سے) زائد کو (صدقہ وخیرات کے طور پر) خرچ کرنے میں خیر ہے، اور اس کو تیرے لئے روک کر رکھنے میں شر ہے، اور بقدرِ کفایت اپنے پاس رکھنے پر تجھے کوئی ملامت نہیں کی جائے گی، اور آپ (خرچ کرنے میں) ان لوگوں کو مقدم رکھیں، جن کی آپ کفالت کرتے ہیں، اور اوپر (یعنی دینے اور مدد کرنے) والا ہاتھ نیچے (یعنی لینے) والے ہاتھ سے بہتر ہے (مسلم)

ابوذر، ابوہریرہ وابوسعید رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرَّةِ الْمَدِيْنَةِ عِشَاءً، اِسْتَقْبَلَنَا أُحُدٌ، فَقَالَ:يَا أَبَا ذَرٍّ، مَا أُحِبُّ أَنَّ أُحُدًا لِيْ ذَهَبًا، يَأْتِيْ عَلَيَّ لَيْلَةٌ أَوْ ثَلَاثٌ، عِنْدِيْ مِنْهُ دِيْنَارٌ إِلَّا أَرْصُدُهُ لِدَيْنٍ، إِلَّا أَنْ أَقُوْلَ بِهٖ فِيْ عِبَادِ اللّٰهِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَأَرَانَا بِيَدِهٖ.

ثُمَّ قَالَ:يَا أَبَا ذَرٍّ قُلْتُ:لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَلْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَقَلُّوْنَ، إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا (صحيح البخاری،رقم الحديث ٦٢٦٨، كتاب الاستئذان، باب من أجاب بلبيك وسعديك)

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شام کے وقت ''حرہ مدینہ'' نام کی جگہ میں چل رہا تھا کہ ہمارے سامنے احد پہاڑ آ گیا،تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! مجھے یہ پسند نہیں کہ میرے لئے احد پہاڑ کے برابر سونا ہو،اور میرے اوپر ایک،یا تین راتیں ایسی گذریں کہ میرے پاس اس میں سے ایک دینار موجود ہو، جو میں صرف قرض اتارنے کے لئے روک کر رکھوں،مگر یہ کہ میں اس سارے مال کواللہ کے بندوں میں اس طرح اوراس طرح،اوراس طرح خرچ کردوں،اور اپنے ہاتھ سے (دائیں،بائیں،اورآگے ہر طرف) اشارہ کرکے بتلایا(یعنی مختلف ضرورت مندوں پرخرچ کرنے کا سمجھایا)

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول!لبیک و سعدیک ،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ(دنیا میں) زیادہ مال والے ہی (آخرت میں،ثواب کے اعتبار سے) کمی والے ہوں گے،سوائے اس شخص کے جو اس طرح اوراس طرح(دائیں،بائیں، اللہ کی رضا میں)خرچ کرے(صحیح بخاری)

اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْأَكْثَرُوْنَ هُمُ الْأَسْفَلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَكَسَبَهُ مِنْ طَيِّبٍ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۱۳۰، ابواب الزهد، باب في المكثرين) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ مال والے، قیامت کے دن نیچے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، اللہ کی رضا میں) خرچ کرے اور اس کو پاکیزہ (یعنی حلال طریقہ پر کمائے بھی (ابنِ ماجہ)

اس سے معلوم ہوا کہ مالدار لوگوں کو قیامت کے دن نیچے ہونے سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ مال کا کثرت سے صدقہ کریں، اور وہ مال بھی حلال طریقہ پر کمایا ہوا ہو، کیونکہ حرام مال سے اللہ، صدقہ وخیرات قبول نہیں فرماتا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَخْلِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، أَوْ يَا أَبَا هِرٍّ! هَلَكَ الْمُكْثِرُوْنَ، إِنَّ الْمُكْثِرِيْنَ الْأَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ، يَا أَبَا هُرَيْرَةَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۰۷۹۵) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کے ایک باغ میں تشریف لے گئے، پھر فرمایا کہ اے ابو ہریرہ! یا ابو ہر! زیادہ مال والے، ہلاک ہوگئے، بے شک زیادہ مال والے، قیامت کے دن، تھوڑے درجات والے ہوں گے، سوائے اس شخص کے جو مال کو اس طرف، اور اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، آگے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابن ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

، پیچھے اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کی رضا والے کاموں میں) خرچ کرے، اور اے ابو ہریرہ! ایسے لوگ بہت کم ہیں۔

کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کا نہ بتادوں؟ وہ یہ کلمات ہیں:

”لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأً مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ“

”اور طاقت اور قوت صرف اللہ کے لیے ہے، اور اللہ ہی کے پاس پناہ (وٹھکانہ) ہے“ (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ کثیر مال والوں کے لئے، کثرت سے صدقہ کرنا، ہلاکت سے بچنے کا ذریعہ ہے، اور کثرت سے صدقہ کرنے والے مال دار لوگوں کی تعداد، بہت کم ہے۔

اسی بات کا ذکر دوسری روایات میں بھی ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: هَلَكَ الْمُثْرُوْنَ، قَالُوْا: إِلَّا مَنْ؟ قَالَ: حَتّٰى خِفْنَا أَنْ يَكُوْنَ قَدْ وَجَبَتْ، فَقَالَ: إِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٢٥٩) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا کہ ہلاک ہوگئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا کہ ہلاک

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ہو گئے، زیادہ مال والے، لوگوں نے کہا، مگر وہ؟ (یعنی ہلاکت سے بچنے والا کون سا مالدار ہے، وہ بھی بتلا دیجیے) ابوسعید کہتے ہیں کہ یہاں تک کہ ہمیں خوف ہو گیا کہ زیادہ مال والوں پر ہلاکت ثابت ہو چکی۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مگر وہ شخص جو اس طرح اور اس طرح اور اس طرح مال کو (اللہ کی رضا کی خاطر، اللہ کی رضا والے کاموں میں خوب) خرچ کرے (وہ ہلاک نہیں ہوا) اور ایسے کم لوگ ہی ہیں (مسند احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے تین مرتبہ مال والوں کی ہلاکت کا ہی ذکر کیا، پھر چوتھی مرتبہ ہلاکت سے بچنے والوں کا ذکر کیا، کیونکہ ہلاکت سے بچنے والے مالدار کم لوگ ہیں، جو اللہ کی رضا کی خاطر اور اللہ کی رضا والے مختلف قسم کے کاموں میں خوب خرچ کریں۔

اور صحیح بخاری میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: إِنَّمَا أَخْشٰى عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِيْ مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَرَكَاتِ الْأَرْضِ، ثُمَّ ذَكَرَ زَهْرَةَ الدُّنْيَا، فَبَدَأَ بِإِحْدَاهُمَا، وَثَنّٰى بِالْأُخْرٰى، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَوَيَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ؟ فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْنَا: يُوْحٰى إِلَيْهِ، وَسَكَتَ النَّاسُ كَأَنَّ عَلٰى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرَ، ثُمَّ إِنَّهُ مَسَحَ عَنْ وَجْهِهِ الرُّحَضَاءَ، فَقَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ آنِفًا، أَوَخَيْرٌ هُوَ ثَلَاثًا .

إِنَّ الْخَيْرَ لَا يَأْتِيْ إِلَّا بِالْخَيْرِ، وَإِنَّهُ كُلَّمَا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ مَا يَقْتُلُ حَبَطًا أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ، كُلَّمَا أَكَلَتْ حَتّٰى إِذَا امْتَلَأَتْ خَاصِرَتَاهَا، اِسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ، فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ، ثُمَّ رَتَعَتْ.

وَإِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ لِمَنْ أَخَذَهُ

IdaraGhufran

بِحَقِّهٖ، فَجَعَلَهٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، وَالْیَتَامٰی وَالْمَسَاكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ، وَمَنْ لَّمْ یَأْخُذْهُ بِحَقِّهٖ، فَهُوَ كَالْآكِلِ الَّذِیْ لَا یَشْبَعُ، وَیَكُوْنُ عَلَیْهِ شَهِیْدًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ (صحیح البخاری،رقم الحدیث ۲۸۴۲، کتاب الجهاد والسیر، باب فضل النفقة فی سبیل الله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے، پھر فرمایا کہ میں اپنے بعد تم پر اس چیز کا خوف کرتا ہوں کہ تم پر زمین کی برکات فتح کر دی جائیں گی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کی زیب وزینت اور رونق کا یکے بعد دیگرے ذکر فرماتے چلے گئے۔

تو ایک آدمی نے کھڑے ہوکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا بھلائی اپنے ساتھ برائی بھی لاتی ہے؟ (یعنی ملکی فتوحات، اور دوسرے جائز ذریعہ سے حاصل شدہ مال، خیر والا ہے، پھر یہ شر کا باعث کیسے ہوگا؟)

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہوگئے، ہم نے کہا کہ آپ کی طرف وحی کی جارہی ہے، اور سب لوگ اس طرح خاموش رہے، جیسا کہ ان کے سروں پر پرندہ ہو (اور وہ اڑ نہ جائے) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرہ سے پسینہ صاف کیا (جو وحی نازل ہونے کے وقت آتا تھا) اور پھر فرمایا کہ اب سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ کیا اچھا سوال ہے وہ، یہ بات تین مرتبہ فرمائی (یعنی اس سوال کی تحسین فرمائی)

بے شک خیر نہیں لاتی، مگر خیر ہی کو، لیکن جب جب بھی موسمِ بہار، سبزہ کو اگاتی ہے، تو وہ (بسیار خوری و) بدہضمی کے باعث جانور کو یا تو بالکل ہلاک کردیتا ہے، یا ہلاکت کے قریب پہنچادیتا ہے، سوائے اس طرح اس سبزہ کو کھانے والے کے، جو جب بھی کھاتا ہے، تو دونوں کوکھیں بھرنے کے بعد سورج کے سامنے آجاتا

ہے (تاکہ وہاں جگالی کرے، اور پیٹ گرم ہوکر کھانا ہضم ہوجائے) پھر قضائے حاجت (پیشاب وپاخانہ) کرتا ہے، پھر اس کے بعد دوبارہ چرتا ہے (کہ وہ نہ تو ہلاک ہوتا، نہ ہلاکت کے قریب پہنچتا، اسی طرح ضرورت کے بقدر مال حاصل کرنے اور اس کو صحیح مصرف میں خرچ کرتے رہنے والے شخص کی بھی حالت ہے)

اور بے شک یہ مال سرسبز ہونے کے ساتھ میٹھا بھی ہے (اس لئے اس کے کھانے اور حاصل کرنے کی زیادہ رغبت ہوتی ہے، جس کے نتیجہ میں وہ ہلاکت، یا قریب بہ ہلاکت کا سبب بنتا ہے، جس طرح گھاس چارہ جانور کے کام آتا ہے، تو یہ مال انسان کے کام آتا ہے؛ پس جانور حرص کی وجہ سے بے اعتدالی سے گھاس چر کر اس نعمت کو اپنے لیے مصیبت بنالیتا ہے) اور وہ مسلمان بہت اچھا ہے، جو اس مال کو اس کے حق کے ساتھ (یعنی حلال طریقہ، اور حلال مقصد سے) حاصل کرتا ہے، پھر اس کو اللہ کے راستے، اور یتیموں، اور مسکینوں، اور (محتاج) مسافروں پر خرچ کرتا ہے۔

لیکن جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ نہیں لیتا (یعنی جس طرح حلال طریقہ پر لینے کا اسے حق ہے، اس طرح نہیں لیتا) تو وہ اس کھانے والے کی طرح ہے، جس کا پیٹ نہیں بھرتا (یعنی حرام وناجائز طریقہ سے لینے میں اور حریص آدمی کے مال میں نہ برکت ہوتی، نہ اس کا جائز فائدہ ہوتا)

اور یہ مال قیامت کے دن اس (ناحق لینے، یا حق جگہ خرچ نہ کرنے والے) کے خلاف گواہ بنے گا (بخاری)

اور زیادہ مال والے، جس طرح اللہ کی رضا کی خاطر کثرت سے خرچ کرنے والے کم ہیں، اسی طرح حلال کمانے اور حرص وطمع سے بچنے والے بھی بہت کم ہیں۔

ابوالدرداء وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ قَطُّ إِلَّا بُعِثَ بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ، يُسْمِعَانِ أَهْلَ الْأَرْضِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوْا إِلٰى رَبِّكُمْ فَإِنَّ مَا قَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَأَلْهٰى، وَلَا آبَتْ شَمْسٌ قَطُّ إِلَّا بُعِثَ بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ يُسْمِعَانِ أَهْلَ الْأَرْضِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ: اَللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَأَعْطِ مُمْسِكًا مَالًا تَلَفًا

(مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۷۲۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بھی سورج طلوع ہوتا ہے، تو اس کے ساتھ دو فرشتے بھیجے جاتے ہیں، جو یہ منادی (واعلان) کرتے ہیں، اور اس منادی (واعلان) کو جن وانس کے علاوہ تمام اہلِ زمین سنتے ہیں، کہ اے لوگو! تم اپنے رب کی طرف آؤ، کیونکہ وہ تھوڑا جو کافی ہوجائے، اس زیادہ سے بہتر ہے، جو غفلت میں ڈال دے، اسی طرح جب سورج غروب ہوتا ہے، تو اس کے ساتھ دو فرشتے بھیجے جاتے ہیں، جو یہ منادی (واعلان) کرتے ہیں، اور اس منادی (واعلان) کو بھی جن وانس کے علاوہ تمام اہلِ زمین سنتے ہیں، کہ اے اللہ! (صحیح مصرف میں) خرچ کرنے والے کو اس کا نعم البدل عطاء فرما، اور اے اللہ! روک کر رکھنے (یعنی بخل کرنے) والے کے مال کو ہلاک فرما (مسند احمد)

اور حضرت ابوہریرہ رضی عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مَلَكًا بِبَابٍ مِنْ أَبْوَابِ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن من أجل خليد العصرى، وهو ابن عبد الله، وباقى رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

السَّمَاءِ يَقُولُ: مَنْ يُقْرِضِ الْيَوْمَ، يُجْزَى غَدًا، وَمَلَكًا بِبَابٍ آخَرَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ أَعْطِ لِمُنْفِقٍ خَلَفًا، وَعَجِّلْ لِمُمْسِكٍ تَلَفًا (مسند احمد، رقم الحديث ۸۰۵۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک آسمان کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر فرشتہ یہ کہتا ہے کہ کون ہے، جو آج قرض (یعنی اللہ کے لئے صدقہ) دے گا، اس کو کل جزاء دی جائے گی، اور ایک فرشتہ آسمان کے دوسرے دروازہ پر کہتا ہے کہ اے اللہ! (آپ کی رضاء کے لئے) خرچ کرنے والے کو خلیفہ (ونعم البدل) عطاء فرما، اور اے اللہ! روک کر رکھنے (یعنی بخل کرنے) والے کا مال جلدی ہلاک فرما (مسند احمد)

اس طرح کی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ أَنْفِقْ يَا ابْنَ آدَمَ أُنْفِقْ عَلَيْكَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۳۵۲، كتاب النفقات، باب فضل النفقة على الأهل)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے فرمایا کہ اے بنی آدم! (اللہ کے حکم کے مطابق) خرچ کر، جس کے نتیجہ میں تجھ پر (اللہ کی طرف سے) خرچ کیا جائے گا (صحیح بخاری)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] حدثنا على بن حرب، حدثنا عبد الحميد بن يحيى الحمانى، عن الأعمش، عن مجاهد، عن عبد الله بن ضمرة، عن كعب، قال " :ما من صباح إلا وقد وكل ملكان يناديان :اللهم عجل لمنفق خلفا، وملكان يناديان :اللهم عجل لممسك تلفا "(مكارم الأخلاق، للخرائطى، رقم الحديث ۵۸۳، باب ما جاء فى السخاء والكرم والبذل من الفضل)

حکیم بن حزام، ابوہریرہ وجابر رضی اللہ عنہم کی احادیث

مال داروں کو جو خوب صدقہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مال دار اتنی مقدار میں صدقہ دے کہ خود مسکین وفقیر ہوجائے، اسی وجہ سے کئی احادیث میں اس صدقہ کو افضل کہا گیا ہے، جس کو دینے کے بعد خود فقیر نہ ہوجائے، بلکہ اس کا غنی ہونا، برقرار رہے۔

چنانچہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ خَیْرَ الصَّدَقَۃِ عَنْ ظَھْرِ غِنًی، وَالْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۵۳۱۷) [۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہتر صدقہ وہ ہے کہ جس کے پیچھے غنا (ومالداری) ہو (یعنی سارا مال خرچ نہ کرے) اور اوپر (یعنی دینے) والا ہاتھ، نیچے (یعنی لینے والے) ہاتھ سے بہتر ہے، اور (خرچ کرنے کی) ابتداء اس سے کیجیے، جو آپ کی عیالداری (اور کفالت) میں ہو (مسند احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا صَدَقَۃَ إِلَّا عَنْ ظَھْرِ غِنًی، وَالْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۷۱۵۵) [۲]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صدقہ نہیں ہوتا، مگر اس غنا (ومالداری) کے ساتھ، جس کے پیچھے غنا (ومالداری) ہو (یعنی سارا مال خرچ نہ کرے) اور اوپر (یعنی دینے) والا ہاتھ، نیچے (یعنی لینے والے) ہاتھ سے بہتر

---

[۱] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط الشیخین (حاشیۃ مسند احمد)

[۲] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم (حاشیۃ مسند احمد)

ہے، اور آپ (خرچ کرنے کی) ابتداء اس سے کیجیے، جو آپ کی عیالداری (وکفالت) میں ہو (مسند احمد)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۵۳۱) لے

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ افضل صدقہ وہ ہے کہ جو غنا (ومالداری) کے ظاہر ہونے سے ہو، اور آپ (خرچ کرنے کی) ابتداء اس سے کیجیے، جو آپ کی عیالداری میں ہو، اور اوپر (یعنی خرچ کرنے اور دینے) والا ہاتھ، نیچے (یعنی لینے والے) ہاتھ سے بہتر ہے (مسند احمد)

لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ غریب آدمی کا تھوڑا صدقہ کرنا، مالدار آدمی کے زیادہ مقدار میں صدقہ کرنے سے افضل ہے۔

ابوہریرہ وعبداللہ بن حبشی رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَ دِرْهَمٌ مِائَةَ أَلْفٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَكَيْفَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: رَجُلٌ لَهُ مَالٌ كَثِيْرٌ أَخَذَ مِنْ عُرْضِهِ مِائَةَ أَلْفٍ، فَتَصَدَّقَ بِهَا، وَرَجُلٌ لَيْسَ لَهُ إِلَّا دِرْهَمَانِ، فَأَخَذَ أَحَدَهُمَا، فَتَصَدَّقَ بِهِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۳۳۴۷، كتاب الزكاة، باب صدقة التطوع) ۲

لے قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

۲ قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک درہم، ایک لاکھ درہموں پر سبقت لے گیا، ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کیسے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی کے پاس بہت زیادہ مال ہے، جس میں سے اس نے ایک ہزار درہم لے کر صدقہ کر دیئے، اور ایک آدمی کے پاس صرف دو درہم تھے (اس سے زیادہ نہیں تھے) پھر اس نے ان میں سے ایک درہم کو صدقہ کر دیا (تو اس کی فضیلت زیادہ ہے) (مسند احمد)

مذکورہ صورت میں ایک درہم صدقہ کرنے والے کی فضیلت اس لئے زیادہ ہے کہ اس نے اپنا آدھا مال صدقہ کر دیا، جبکہ مالدار کے پاس مال ودولت کا ڈھیر ہے، وہ ایک لاکھ درہم صدقہ کر کے بھی اپنا آدھا مال صدقہ نہیں کر سکا۔

اور سنن ابی داود میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: جُهْدُ الْمُقِلِّ، وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ (سنن ابی داود، کتاب الزکاۃ، رقم الحدیث ۱۶۷۷) [1]

ترجمہ: انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کونسا صدقہ افضل ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کم مال والے کا جدوجہد (کوشش ومحنت) کر کے صدقہ کرنا اور صدقہ کی ابتداء اپنے اہل وعیال سے کیجیے (سنن ابی داود)

حضرت عبداللہ بن حبشی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: طُوْلُ الْقِيَامِ، قِيلَ: فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: جُهْدُ الْمُقِلِّ (سنن ابی داود، رقم الحدیث ۱۴۴۹، کتاب الصلاۃ، تفریع ابواب الوتر، باب بلا ترجمة بعد باب فضل التطوع فی البیت) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: اسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

[2] قال شعيب الارنؤوط: اسناده قوی (حاشية سنن ابی داود)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کونسا عمل افضل ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لمبا قیام کرنا، عرض کیا گیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کم مال والے کا جدوجہد کر کے صدقہ کرنا (سنن ابی داؤد)

اللہ تعالیٰ ظاہری مال ودولت اور شکل وصورت کو نہیں دیکھتا، بلکہ دلوں، اور عملوں کو دیکھتا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ، وَلٰكِنْ يَنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٥٦٤ "٣٤" كتاب البر والصلة والآداب، باب تحريم ظلم المسلم وخذله واحتقاره ودمه وعرضه وماله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ نہیں دیکھتا، تمہاری صورتوں کی طرف، اور تمہارے مالوں کی طرف، اور لیکن دیکھتا ہے، تمہارے قلوب (یعنی دلوں) کی طرف، اور تمہارے اعمال کی طرف (صحیح مسلم)

معلوم ہوا کہ فضول خرچی اور بخل سے بچ کر اعتدال کے ساتھ، اللہ کی رضاء کی خاطر خرچ کرنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ مال ودولت کے فتنہ سے حفاظت فرمائے۔ آمین۔

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 19)

زیادہ کھانے، پینے کی برائی

اسلام میں زیادہ کھانے، پینے کو بھی پسند نہیں کیا گیا، اور اس سے بچنے کی ترغیب دی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

سورہ اعراف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ (سورۃ الاعراف، رقم الآیة ۳۱)

ترجمہ: اور کھاؤ تم، اور پیو تم، اور اسراف (یعنی زیادتی) نہ کرو تم، بے شک اللہ نہیں محبت کرتا، اسراف (وزیادتی) کرنے والوں سے (سورہ اعراف)

مذکورہ آیت میں کھانے پینے کی اجازت کے ساتھ اسراف سے صاف طور پر منع کیا گیا ہے، اور اسرف میں زیادہ کھانا بھی داخل ہے، جس کی احادیث میں صاف ممانعت آئی ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْكُلُ الْمُسْلِمُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۳۹۶، كتاب الأطعمة، باب: المؤمن يأكل فی معی واحد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلم، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور

کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا كَانَ يَأْكُلُ أَكْلًا كَثِيْرًا، فَأَسْلَمَ، فَكَانَ يَأْكُلُ أَكْلًا قَلِيْلًا، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرَ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٥٣٩٧، كتاب الأطعمة، باب: المؤمن يأكل في معى واحد)

ترجمہ: ایک آدمی بہت زیادہ کھایا کرتا تھا، پھر وہ اسلام لے آیا، اور پھر تھوڑا کھانا کھانے لگا، جس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کیا گیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهُ ضَيْفٌ وَهُوَ كَافِرٌ، فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ، فَشَرِبَ حِلَابَهَا، ثُمَّ أُخْرٰى فَشَرِبَهُ، ثُمَّ أُخْرٰى فَشَرِبَهُ، حَتّٰى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ، ثُمَّ إِنَّهُ أَصْبَحَ فَأَسْلَمَ، فَأَمَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ، فَشَرِبَ حِلَابَهَا، ثُمَّ أَمَرَ بِأُخْرٰى، فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٠٦٣" ١٨٦" كتاب الأشربة، باب: المؤمن يأكل في معى واحد، والكافر يأكل في سبعة أمعاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک کافر آدمی مہمان بنا، پھر رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے اس کے لئے بکری کے دودھ کو نکالنے کا حکم دیا، اس آدمی نے وہ بکری کا نکلا ہوا سارا دودھ پی لیا، پھر دوسری بکری کا دودھ بھی پی لیا اور تیسری بکری کا دودھ بھی پی لیا، یہاں تک کہ اس نے سات بکریوں کا دودھ پی لیا، پھر جب صبح ہوئی، تو وہ آدمی اسلام لے آیا، پھر اس کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کا دودھ نکالنے کا حکم فرمایا، جو اس آدمی نے پی لیا، پھر اس کے بعد دوسری بکری کے دودھ کو دینے کا حکم فرمایا، تو وہ آدمی اس کو پورا نہیں پی سکا، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں پیتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے (مسلم)

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٠٦٢ ”١٨٥“ كتاب الأشربة، باب: المؤمن يأكل فى معى واحد، والكافر يأكل فى سبعة أمعاء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (صحیح مسلم)

جابر و ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت جابر اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٠٦١ ”١٨٤“ كتاب الأشربة، باب: المؤمن يأكل فى معى واحد، والكافر يأكل فى سبعة أمعاء)

ترجمہ: رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (صحیح مسلم)

میمونہ بنتِ حارث رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت میمونہ بنتِ حارث رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْكَافِرُ يَأْكُلُ فِیْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِیْ مِعًى وَاحِدٍ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٦٨٤٥)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے، اور مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے (مسند احمد)

جہینہ کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

قبیلہ جہینہ کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ الْكَافِرَ يَشْرَبُ فِیْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، وَإِنَّ الْمُؤْمِنَ يَشْرَبُ فِیْ مِعًى وَاحِدٍ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣١٣٥)[2]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ کافر سات آنتوں میں پیتا ہے، اور مومن، ایک آنت میں پیتا ہے (مسند احمد)

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات (حاشية مسند احمد)

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ٨٩٩، باب الألف) ؎١

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (طبرانی)

سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْمُنَافِقُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (المعجم الكبير للطبرانی، ج٧ص ٢٣٠، رقم الحديث ٦٩٥٩، مسند البزار، رقم الحديث ٤٥٩٢، مسند سمرة بن جندب رضی الله عنه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور منافق سات آنتوں میں کھاتا ہے (طبرانی، وبزار)

منافق بھی باطن میں کافر ہی ہوتا ہے، اس لئے سات آنتوں میں کھانا، کافر کا ہی عمل ہوا۔
چنانچہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو امام طبرانی، اور امام بزار نے دوسری سند کے ساتھ بھی روایت کیا ہے، جس میں کافر کے سات آنتوں سے کھانے کے الفاظ ہیں۔ ؎٢

؎١ قال الهيثمي: -رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٧٩٧١، باب المؤمن يأكل في معاء واحد)

؎٢ حدثنا موسى بن هارون، ثنا مروان بن جعفر، ثنا محمد بن إبراهيم، ثنا جعفر بن سعد بن سمرة، عن خبيب بن سليمان بن سمرة، عن أبيه، عن سمرة، أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يقول: المؤمن يأكل في معى واحد، والكافر يأكل في سبعة أمعاء(المعجم الكبير للطبراني، ج٧ص ٢٥٦، رقم الحديث ٧٠٤٣)

حدثنا خالد بن يوسف، قال: حدثني أبي يوسف بن خالد، قال: حدثنا جعفر بن سعد بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام طبرانی نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرَ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ ، هٰكَذَا سَمِعْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (المعجم الاوسط للطبرانی،رقم الحدیث ٧٦٨٩، باب المیم)

ترجمہ: مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

میں نے اسی طرح تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے (طبرانی)

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (مستخرج ابی عوانة،رقم الحدیث ٨٤٢٩،کتاب الأطعمة، بیان کراهیة کثرة الأکل، والترغیب فی قلة الأکل، والطعن علی الرجل الأکول)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾سمرة، قال: حدثنی خبیب بن سلیمان، عن أبیه سلیمان بن سمرة عن سمرة بن جندب، أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: المؤمن یأکل فی معی واحد والکافر یأکل فی سبعة أمعاء(مسند البزار،رقم الحدیث ٤٦٢٠،مسند سمرة بن جندب رضی الله عنه)

حدثنا محمد بن صالح بن العوام، ثنا أبو عثمان الأیلی، ثنا مبارک بن فضالة، عن الحسن، عن سمرة: أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: المؤمن یأکل فی معی واحد، والکافر یأکل فی سبعة أمعاء .قال البزار: لا نعلمه یروی عن سمرة إلا من هذا.

قلت: قد رواه من غیر هذا الطریق أیضا، وهو هذا، حدثنا خالد بن یوسف، حدثنی أبی یوسف بن خالد، ثنا جعفر بن سعید بن سمرة، ثنا خبیب بن سلیمان، عن أبیه سلیمان بن سمرة، عن سمرة بن جندب، قلت: فذکره(کشف الاستار،عن زوائد البزار،رقم الحدیث ٢٨٩٣، کتاب الأطعمة،باب المؤمن یأکل فی معی واحد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (ابوعوانہ)

اور حضرت مجاہد سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: مَا أَقَلَّ طُعْمَكَ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ٣٨٨٨، باب العين، مستخرج ابی عوانة، رقم الحديث ٨٤٣٠)

ترجمہ: میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ آپ کی کھانے کی خوراک بہت کم ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے، اور مومن، ایک آنت میں کھاتا ہے (طبرانی، ابوعوانہ)

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم آج کل کی طرح کی تاویلات کے عادی نہیں تھے کہ ہم تو مومن ہیں، اگر ہم زیادہ کھائیں گے، تو کیا ہم کافر شمار ہوں گے، وغیرہ وغیرہ، بلکہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بیان کی ہوئی بات کی برائی واچھائی کو قبول کرکے بلا چوں وچرا، اس پر عمل کیا کرتے تھے۔

اور اس سلسلہ میں مروی بعض روایات کی سند میں کچھ کمزوری کا امکان ہے، لیکن دوسری روایات کے ساتھ مل کر یہ مضمون متواتر احادیث کے درجہ تک پہنچ چکا ہے۔

نضلہ بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نضلہ بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ لَقِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرَّيَيْنَ، فَهَجَمَ عَلَيْهِ

شَوَائِلُ لَهُ، فَسَقٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ شَرِبَ فَضْلَةَ إِنَاءٍ، فَامْتَلَأَ بِهٖ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنْ كُنْتُ لَأَشْرَبُ السَّبْعَةَ فَمَا أَمْتَلِئُ؟ قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَشْرَبُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَإِنَّ الْكَافِرَ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

(مسند احمد، رقم الحديث ١٨٩٦٢) [1]

ترجمہ: ان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مرین نامی جگہ میں ملاقات ہوئی، پھر ان کے پاس ان کی گابھن بکریاں جمع ہوئیں، تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا، اور جو برتن میں دودھ باقی بچا، وہ انہوں نے خود پی لیا، اور اسی میں ان کا پیٹ بھر گیا، پھر انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! پہلے میں اس طرح کے سات برتنوں کا دودھ پی جاتا تھا، اور سیراب نہیں ہوتا تھا (مگر اب صرف بچے ہوئے دودھ ہی سے سیراب ہو گیا) نضلہ بن عمرو کہتے ہیں کہ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن ایک آنت میں پیتا ہے اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے (مسند احمد)

ابو بصرہ غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابو بصرہ غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا هَاجَرْتُ وَذٰلِكَ قَبْلَ أَنْ أُسْلِمَ، فَحَلَبَ لِيْ شُوَيْهَةً كَانَ يَحْتَلِبُهَا لِأَهْلِهٖ فَشَرِبْتُهَا، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ أَسْلَمْتُ وَقَالَ عِيَالُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَبِيْتُ اللَّيْلَةَ كَمَا بِتْنَا الْبَارِحَةَ جِيَاعًا، فَحَلَبَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

[1] قال شعيب الارنؤوط: مرفوعه صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

وَسَلَّمَ شَاةً فَشَرِبْتُهَا وَرَوِيتُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَوِيتَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ رَوِيتُ مَا شَبِعْتُ وَلَا رَوِيتُ قَبْلَ الْيَوْمِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْكَافِرَ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٧٢٢٦) [1]

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا، جب میں نے ہجرت کی، اور یہ میرے اسلام قبول کرنے سے پہلے کی بات ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے ایک چھوٹی سی بکری کا دودھ نکال کر دیا، جس کا دودھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہلِ خانہ کے لیے نکالا کرتے تھے، میں نے اس سارے دودھ کو پی لیا، پھر جب صبح ہوئی، تو میں نے اسلام قبول کرلیا، ادھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلِ خانہ نے کہا کہ ہم آج رات بھی کل رات کی طرح بھوکے رہیں گے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے بکری کا دودھ نکالا، پھر میں نے اس کو پیا، اور میں شکم سیر ہوگیا، تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم شکم سیر ہو گئے؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آج میں اس طرح شکم سیر و سیراب ہوا ہوں کہ اس سے پہلے کبھی اس طرح سیراب نہیں ہوسکا تھا، اور نہ ہی اس طرح کبھی شکم سیر ہوسکا تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مومن ایک آنت میں کھاتا ہے (مسند احمد)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعُ رِجَالٍ، فَأَخَذَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا، وَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اِسْمُكَ؟ قَالَ: أَبُو غَزْوَانَ.

قَالَ: فَحَلَبَ لَهُ سَبْعَ شِيَاهٍ، فَشَرِبَ لَبَنَهَا كُلَّهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ يَا أَبَا غَزْوَانَ أَنْ تُسْلِمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَأَسْلَمَ، فَمَسَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدْرَهُ، فَلَمَّا أَصْبَحَ حَلَبَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً وَاحِدَةً، فَلَمْ يُتِمَّ لَبَنَهَا، فَقَالَ: مَا لَكَ يَا أَبَا غَزْوَانَ؟ فَقَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ نَبِيًّا لَقَدْ رَوِيتُ، قَالَ: إِنَّكَ أَمْسِ كَانَ لَكَ سَبْعَةُ أَمْعَاءٍ، وَلَيْسَ لَكَ الْيَوْمَ إِلَّا وَاحِدٌ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۱۳ ص ۴۱، رقم الحديث ۹۸) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سات آدمی آئے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ہر ایک نے (ضیافت کے لئے) ایک آدمی کو لے لیا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایک آدمی کو لے لیا، پھر اس آدمی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا کیا نام ہے؟

اس نے جواب میں کہا کہ ''ابوغزوان''۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کے لئے سات بکریوں کا دودھ نکالا، اس آدمی نے وہ سارا دودھ پی لیا۔

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني هكذا، والبزار مختصرا ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۹۶۵، باب المؤمن يأكل في معاء واحد)

وقال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة: قلت: إسناده حسن (أنيسُ السَّاری، ج۸، ص ۵۷۸۶، حرف الهاء)

www.idaraghufran.org

پھراس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوغزوان! کیا تمہیں اسلام قبول کرنے کی طلب ہے؟ اس نے کہا کہ جی ہاں ہے، پھر وہ آدمی اسلام لے آیا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سینہ پر ہاتھ پھیرا، پھر جب اس نے اگلے دن صبح کی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے ایک بکری کا دودھ نکال کر دیا، تو وہ اس کے دودھ کو مکمل نہیں پی سکا، تو اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوغزوان! آپ کو کیا ہوگیا؟ اس نے جواب میں کہا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس نے آپ کو نبی بنا کر بھیجا کہ میں خوب سیر ہو چکا ہوں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کل تمہاری کھانے کی سات آنتیں تھیں، اور آج آپ کی صرف ایک آنت ہے (طبرانی)

جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس طرح کا ایک تفصیلی واقعہ حضرت جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

---

[1] حدثنا عبيد بن غنام، ثنا أبو بكر بن أبى شيبة، وحدثنا محمد بن عبد الله الحضرمى، ثنا أبو كريب، وحدثنا الحسين بن إسحاق التسترى، ثنا عثمان بن أبى شيبة، قالوا: ثنا زيد بن الحباب، حدثنى موسى بن عبيدة، حدثنى عبيد بن سلمان الأغر، عن عطاء بن يسار، عن جهجاه الغفارى، أنه قدم فى نفر من قومه يريدون الإسلام، فحضروا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم المغرب، فلما سلم قال: يأخذ كل رجل بيد جليسه ، فلم يبق فى المسجد غير رسول الله صلى الله عليه وسلم وغيرى، وكنت عظيما طويلا لا يقدم على أحد، فذهب بى رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى منزله، فحلب لى عنزا، فأتيت عليها حتى حلب لى سبع أعنز، فأتيت عليها، ثم أتيت بصنيع برمة، فأتيت عليها، وقالت أم أيمن: أجاع الله من أجاع رسول الله هذه الليلة، قال: مه يا أم أيمن أكل رزقه، ورزقنا على الله فأصبحوا فغدوا، فاجتمع هو وأصحابه، فجعل الرجل يخبر بما أتى إليه، فقال جهجاه: حلبت لى سبع أعنز، فأتيت عليها وصنيع برمة فأتيت عليها، فصلوا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم المغرب، فقال: ليأخذ كل رجل بيد جليسه ، فلم يبق فى المسجد غير رسول الله صلى الله عليه وسلم وغيرى، وكنت عظيما طويلا لا يقدم على أحد فذهب بى رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

جس کی سند میں کچھ کمزوری کا اظہار کیا گیا ہے، لیکن اس کی تائید گذشتہ کئی احادیث اور دوسری احادیث وروایات سے ہوتی ہے۔ [1]

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نافع سے روایت ہے کہ:

كَانَ ابْنُ عُمَرَ، لَا يَأْكُلُ حَتّٰى يُؤْتٰى بِمِسْكِيْنٍ يَأْكُلُ مَعَهُ، فَأَدْخَلْتُ رَجُلًا يَأْكُلُ مَعَهُ فَأَكَلَ كَثِيْرًا، فَقَالَ: يَا نَافِعُ، لَا تُدْخِلْ هٰذَا عَلَيَّ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٥٣٩٣، كتاب الأطعمة، باب: المؤمن يأكل فى معى واحد)

ترجمہ: ابنِ عمر رضی اللہ عنہ، اس وقت تک کھانا نہیں کھاتے تھے، جب تک کوئی مسکین نہیں آجاتا تھا، جس کے ساتھ وہ کھانا کھائیں۔

پس ایک مرتبہ میں نے ایک آدمی کو آپ کے پاس کھانا کھانے کے لئے بلایا، جس نے بہت زیادہ کھانا کھایا، تو ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے نافع! میرے پاس

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

منزله فحلب لى عنزا، فرويت وشبعت، فقالت أم أيمن: يا رسول الله أليس هذا ضيفنا؟ قال: بلى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنه أكل فى معى مؤمن الليلة وأكل قبل ذلك فى معى كافر، الكافر يأكل فى سبعة أمعاء، والمؤمن يأكل فى معى واحد (المعجم الكبير للطبرانى، ج٢ ص ٢٧٤، رقم الحديث ٢١٥٢)

[1] قال الهيثمى: رواه الطبرانى، واللفظ له، والبزار، وأبو يعلى، وفيه موسى بن عبيدة الربذى، وهو ضعيف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٧٩٦٤، باب المؤمن يأكل فى معاء واحد)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: الحديث بهذا الإسناد ضعيف إذ أن مداره على "موسى بن عبيدة الربذى "وهو ضعيف كما فى ترجمته، ولكن يشهد له الحديث السابق برقم (2438)، وهو صحيح كما تقدم، وله شواهد أخرى فى الصحيحين وغيرهما (حاشية المطالب العالية محققا، ج١٠، ص ٨٢٣، تحت رقم الحديث ٢٤٣٩، كتاب الأطعمة والأشربة، باب كثرة شرب الكافر لكونه لا يذكر اسم الله تعالى)

اس آدمی کو مت لانا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مومن ایک آنت میں کھاتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے (بخاری)

پس سات آنتوں میں کھانے کو بھرنا، یعنی بہت زیادہ کھانا، مومن کے بجائے کافر کی شان ہے، کیونکہ یہ حرص و طمع پر مبنی ہے۔

اور اسی وجہ سے کئی احادیث میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والوں کے لئے آخرت میں سب سے زیادہ بھوکا رہنے کی وعید آئی ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

چنانچہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تَجَشَّأَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُفَّ عَنَّا جُشَائَكَ ،فَإِنَّ أَكْثَرَهُمْ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَطْوَلُهُمْ جُوعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ(سنن الترمذی،رقم الحديث ٢٤٧٨،أبواب صفة القيامة والرقائق والورع)

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ڈکار ماری، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی ڈکار کو ہم سے روک کر رکھو، پس بے شک لوگوں میں دنیا کے اندر سب سے زیادہ پیٹ بھر کر کھانے والے لوگ، قیامت کے دن سب سے زیادہ لمبی بھوک کی زد میں رہیں گے (ترمذی)

اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث اس سند کے ساتھ حسن غریب ہے، اور اس بارے میں ابو جحیفہ سے بھی روایت ہے۔ [1]

سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الترمذی:هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وفي الباب عن أبي جحيفة.

www.idaraghufran.org

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: أَطْوَلُ النَّاسِ شِبَعًا فِى الدُّنْيَا أَكْثَرُهُمْ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(مستدرک حاکم، رقم الحديث ٦٥٤٥، كتاب معرفة الصحابة رضى الله عنهم، ذكر سلمان الفارسی رضی الله عنه) ل

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والے قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوکے ہوں گے (حاکم)

اس حدیث کو امام بزار نے بھی روایت کیا ہے۔ ۲

ابنِ عمرو، وابو جحیفہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عَمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تَجَشَّأَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَقْصِرْ مِنْ جُشَائِكَ، فَإِنَّ أَطْوَلَ النَّاسِ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَشْبَعُهُمْ فِي الدُّنْيَا (المعجم الكبير للطبرانی، ج١٣ ص ٣٢، رقم الحديث ٦٨)

ل قال الحاكم: هذا حديث غريب صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: وبهذه الشواهد يرتقى حديث الباب إلى الحسن لغيره (حاشية المطالب العالية محققاً، ج١٣، ص ١٥٩، تحت رقم الحديث ٣١٣٧، كتاب الرقائق، باب الضيق على المؤمن فى الدنيا)

۲ عن سلمان الفارسی رضی الله عنه، أنه أكره على طعام، فقال: إنى سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن أكثر الناس شبعا فى الدنيا أطولهم جوعا فى الآخرة، يا سليمان، الدنيا سجن المؤمن وجنة الكافر (مسند البزار، رقم الحديث ٢٤٩٨، مسند سلمان الفارسی رضى الله عنه)

ترجمہ: ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ڈکار لی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنی ڈکار ہلکی کرو، کیونکہ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے لمبی بھوک والے وہ لوگ ہوں گے، جو دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرے ہوئے ہوں (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری ہے، لیکن دوسری احادیث و روایات کے ساتھ مل کر حسن درجہ میں معتبر ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ [1]

اور ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَكَلْتُ ثَرِيْدَةً بِلَحْمٍ سَمِيْنٍ، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَتَجَشَّأُ، فَقَالَ: اُكْفُفْ عَلَيْكَ جُشَاءَ كَ أَبَا جُحَيْفَةَ، فَإِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَطْوَلُهُمْ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَا أَكَلَ أَبُوْ جُحَيْفَةَ مِلْءَ بَطْنِهِ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا، كَانَ إِذَا تَغَدّٰى لَا يَتَعَشّٰى، وَإِذَا تَعَشّٰى لَا يَتَغَدّٰى (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ۸۹۲۹، باب الميم، من اسمه مقدام)

ترجمہ: میں نے موٹے گوشت کا ثرید کھایا، پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا، اور میں ڈکار لینے لگا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابو جحیفہ! تم اپنی ڈکار کو روکو، کیونکہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والے

---

[1] قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة :

وإسناده ضعيف لضعف عبد الرحمن بن زياد بن أنعم......وأما حديث أيوب بن عثمان فأخرجه ابن المبارك فی "الزهد "(604) عن بقية بن الوليد ثنی أيوب بن عثمان أن رسول الله -صلى الله عليه وسلم -سمع رجلا يتجشأ فقال "أقصر من جشاء ک، فإن أطول الناس جوعا يوم القيامة أكثرهم شبعا فی الدنيا"

أيوب بن عثمان لم أقف له على ترجمة.(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج۲، ص ۱۴۵۱، تحت رقم الحديث ۱۰۸۰، حرف الهمزة)

وقال الالبانی:

عبد الرحمن بن زياد بن أنعم، وحديثه هذا حسن لحديث أبی الدرداء (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۶۳۹)

Idara Ghufran

لوگ، آخرت میں سب سے زیادہ لمبے بھوکے ہوں گے۔

اس کے بعد ابو جحیفہ (پر اس بات کا اتنا اثر ہوا کہ انہوں) نے دنیا سے رخصت ہونے تک پیٹ بھر کھانا نہیں کھایا، وہ جب صبح کو کھاتے، تو شام کو نہیں کھاتے تھے، اور شام کو کھاتے، تو صبح کو نہیں کھاتے تھے (طبرانی)

یہ حدیث مختلف سندوں سے مروی ہے، بعض سندیں شدید ضعیف ہیں، اور بعض ہلکی ضعیف ہیں، جن میں دوسری احادیث وروایات کے ساتھ مل کر قوت حاصل کرنے کی صلاحیت موجود ہے، جیسا کہ گزرا۔ [1]

اور زیادہ کھانے سے بچنے، اور کم کھانے کا طریقہ بتانے کے لئے بعض احادیث میں پیٹ کے تین حصوں میں سے ایک حصہ کھانے کے لئے، دوسرا حصہ پانی کے لئے اور تیسرا حصہ سانس کے لئے چھوڑنے کا ذکر آیا ہے۔

مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مَلَأَ آدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ، حَسْبُ الْآدَمِيِّ لُقَيْمَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهُ، فَإِنْ غَلَبَتْ الْآدَمِيَّ نَفْسُهُ، فَثُلُثٌ لِلطَّعَامِ، وَثُلُثٌ لِلشَّرَابِ، وَثُلُثٌ لِلنَّفَسِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٣٣٤٩، ابواب الأطعمة ، باب الاقتصاد فی الأكل وكراهية الشبع) [2]

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط والكبير بأسانيد، وفی أحد أسانيد الكبير محمد بن خالد الكوفی، ولم أعرفه، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ٧٩٥٩، كتاب الاطعمة، باب قلة الأكل)

وقال الالبانی: وجملة القول أن الحديث قد جاء من طرق عمن ذكرنا من الصحابة وهی وإن كانت مفرداتها، لا تخلو من ضعف، فإن بعضها ليس ضعفها شديدا، ولذلک فإنی أرى أنه يرتقی بمجموعها إلى درجة الحسن على أقل الأحوال (سلسلة الأحاديث الصحيحة ، تحت رقم الحديث ٣٤٣)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح بطرقه (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ کسی آدمی نے کوئی برتن بھی پیٹ سے زیادہ برا نہیں بھرا، آدمی کے لیے چند نوالے کافی ہیں، جو اس کی کمر سیدھی رکھیں اور اگر آدمی کا نفس اس پر غالب ہی آجائے (اور چند نوالوں پر اکتفاء نہ کرسکے) تو تہائی پیٹ کھانے کے لیے، اور تہائی پیٹ پینے کے لیے اور تہائی پیٹ سانس کے لیے چھوڑے (ابنِ ماجہ)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَهْلَ الشِّبَعِ فِي الدُّنْيَا هُمْ أَهْلُ الْجُوْعِ فِي الْآخِرَةِ غَدًا (المعجم الكبير للطبراني، ج ١١ ص ٢٦٧، رقم الحديث ١١٦٩٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرے ہوئے لوگ ہی، کل آخرت میں بھوکے ہوں گے (طبرانی)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَكُوْنُ هِمَّةُ أَحَدِهِمْ فِيْهِ بَطْنَهُ، وَدِيْنُهُ هَوَاهُ

(الزهد والرقائق لابن المبارك، ص ٢١٧، رقم الحديث ٦١٣، باب في طلب الحلال)

---

[1] قال المنذري: رواه الطبراني بإسناد حسن (الترغيب والترهيب، ج٣ ص ٩٩، كتاب الطعام، وغيره، الترهيب من الإمعان في الشبع والتوسع في المآكل والمشارب شرها وبطرا)

وقال الالباني: وجملة القول أن الحديث قد جاء من طرق عمن ذكرنا من الصحابة وهي وإن كانت مفرداتها، لا تخلو من ضعف، فإن بعضها ليس ضعفها شديدا، ولذلك فإني أرى أنه يرتقي بمجموعها إلى درجة الحسن على أقل الأحوال. والله سبحانه وتعالى أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٣٤٣)

ترجمہ: ''لوگوں پر ایک دَور آئے گا جس میں آدمی کا اہم مقصد پیٹ کی پوجا بن جائے گا اور خواہش پرستی اس کا دین ہوگا'' (الزہد)

مطلب یہ ہے کہ قیامت سے پہلے ایک زمانہ ایسا ہوگا کہ لوگوں کا بڑا مقصد پیٹ کی شہوت پوری کرنا ہوگا، اور اُن کی دنیا کی زندگی کی بھاگ دوڑ اور نقل وحرکت اور اوڑھنا بچھونا سب کچھ پیٹ کے لیے ہوگا، اور اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے وہ ہر قسم کے فتنے اور فسادات میں مبتلا ہوں گے۔

اور اُن کا دین اُن کی خواہش ہوگا، اُن کی خواہش، جس چیز کی ہوگی، خواہ وہ چیز حرام وناجائز ہو، اُس کو وہ اپنی خواہش کے مطابق جائز وحلال کرلیں گے۔

جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ لَّا يَحُوْلَنَّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ يُهْرِيقُهُ ، كَأَنَّمَا يَذْبَحُ دَجَاجَةً ، كُلَّمَا تَقَدَّمَ لِبَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ، مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ لَّا يُدْخِلَ بَطْنَهُ إِلا طَيِّبًا ، فَإِنَّ أَوَّلَ مَا يَنْتِنُ مِنَ الْإِنْسَانِ بَطْنُهُ (المعجم الكبير للطبراني، ج٢ ص ١٦٠ ،رقم الحديث ١٦٦٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ کر سکے کہ اُس کے اور جنت کے درمیان چُلّو بھر خون، جو اُس نے کسی کا (ناحق) بہایا ہو، گویا مرغی ذبح

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط والكبير، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٣٠٨ ،باب حرمة دماء المسلمين وأموالهم وإثم من قتل مسلما)
وقال الالباني: وبالجملة؛ فالحديث بهذه الطرق والمتابعات صحيح مرفوعاً، ولا يضره وقف من أوقفه، ولذلك سكت عن هذه الطرق الحافظ في "الفتح "، بل صرح بأن الموقوف في حكم المرفوع؛ كما تقدم عنه، فاتفقت الروايات، وزال الخلاف من بينها .والحمد لله رب العالمين (سلسلة الاحاديث الصحيحه، تحت رقم الحديث ٣٣٧٩)

کرنے کے بقدر ہو، حائل نہ ہو، تو ایسا کرلے، جب کبھی وہ جنت کے دروازوں میں سے کسی دروازے کی طرف بڑھے گا، تو وہ (خون) اُس کے اور اُس (جنت کے دروازے) کے درمیان آڑ بن جائے گا۔

جو شخص یہ کرسکے کہ اُس کے پیٹ میں سوائے حلال پاکیزہ چیز کے کچھ بھی داخل نہ ہو، تو وہ ایسا کرلے، اس لیے کہ انسان کے اعضاء میں سے سب سے پہلے جو عضو (زندگی میں اور مرنے کے بعد) خراب ہوتا ہے، وہ پیٹ ہے (طبرانی)

جعدہ جشمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام شعبہ نے ابو اسرائیل جشمی سے روایت کیا ہے کہ میں نے جعدہ جشمی رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث سنی کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَرَأٰى رَجُلًا مُشْبَعًا فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْمِئُ بِيَدِهٖ إِلٰى بَطْنِهٖ وَيَقُوْلُ: لَوْ كَانَ هٰذَا فِيْ غَيْرِ هٰذَا كَانَ خَيْرًا لَّهٗ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۱۴۱، کتاب الأطعمة)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے ایک پیٹ بھرے ہوئے (یعنی موٹے پیٹ والے) آدمی کو دیکھا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کے پیٹ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ اگر یہ اس پیٹ کے علاوہ میں ہوتا، تو اس کے لئے بہتر ہوتا (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے۔

اور حافظ ذہبی نے بھی صحیح کہا ہے۔ [1]

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص: صحيح

www.idaraghufran.org

اور حاکم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

عَنْ جَعْدَةَ الْجُشَمِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيْرُ بِيَدِهٖ إِلٰى بَطْنِ رَجُلٍ سَمِيْنٍ وَيَقُوْلُ: لَوْ كَانَ هٰذَا فِيْ غَيْرِ هٰذَا كَانَ خَيْرًا لَكَ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۷۸۹۰، کتاب الرقاق)

ترجمہ: جعدہ جشمی رضی اللہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے ایک موٹے آدمی کے پیٹ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اگر یہ اس پیٹ کے علاوہ میں ہوتا، تو تمہارے لئے بہتر تھا (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے۔

اور حافظ ذہبی نے بھی صحیح کہا ہے۔ [۱]

اور اس حدیث کو امام حاکم کے علاوہ بھی بعض دوسرے محدثین نے روایت کیا ہے۔

چنانچہ اس حدیث کو امام بخاری نے بھی تاریخِ کبیر میں روایت کیا ہے۔ [۲]

اور اس حدیث کی سند کو علامہ ہیثمی، امام منذری، امام بوصیری سب نے معتبر قرار دیا ہے۔ [۳]

---

[۱] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص:صحيح

[۲] جعدة الجشمي، قال لي عبد الله بن محمد حدثنا عبد الصمد حدثنا شعبة قال ثنا أبو إسرائيل في بيت قتادة قال: سمعت جعدة وهو مولى أبي إسرائيل قال: رأيت النبي صلى الله عليه وسلم ورجل يقص عليه رؤيا – فذكر من عظمه وسمنه فقال النبي صلى الله عليه وسلم: لو كان هذا في غير هذا كان خيرا منه(التاريخ الكبير للبخاري، ج۲،ص۲۳۸، ۲۳۹، تحت رقم الترجمة ۲۳۱۴،باب الجيم،باب جعدة)

[۳] قال الهيثمي:رواه (كله) الطبراني، ورواه أحمد إلا أنه جعل :أن النبي -صلى الله عليه وسلم -هو الذي رأى الرؤيا للرجل.ورجال الجميع رجال الصحيح غير أبي إسرائيل الجشمي وهو ثقة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۷۹۶۲،باب قلة الأكل)

وقال ايضاً:رواه أحمد والطبراني باختصار، ورجاله رجال الصحيح غير أبي إسرائيل الجشمي وهو ثقة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۳۸۶۸ ،باب عصمته صلى الله عليه وسلم ممن أراد قتله)

وقال المنذري:رواه ابن أبي الدنيا والطبراني بإسناد جيد والحاكم والبيهقي(الترغيب والترهيب، ج۳،ص۱۰۰، كتاب الطعام وغيره، الترهيب من الإمعان في الشبع والتوسع في المآكل والمشارب شرها وبطرا)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور جعدہ جشمی کے صحابی ہونے کی محدثین نے تصریح کی ہے، اور ابنِ حبان نے ابو اسرائیل جشمی کو ثقہ قرار دیا ہے، اور کسی سے ان پر جرح کا ثبوت نہیں ملتا۔ [1]

اس لئے بعض متاخرین اہلِ علم حضرات کی طرف سے اس حدیث کو ضعیف قرار دینے سے ہمیں اتفاق نہیں ہوسکا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ معلوم ہوگیا تھا کہ اس آدمی کے پیٹ کا بڑا ہونا، کسی بیماری کے بجائے، دراصل زیادہ کھانے کی وجہ سے ہے، اور ظاہر ہے کہ زیادہ کھانا اچھی بات نہیں۔

خلاصہ یہ کہ اسلام میں زیادہ کھانے، پینے کو پسند نہیں کیا گیا، اور اس کی برائی بیان کی گئی ہے، اس لیے ضرورت سے زیادہ کھانے، پینے سے اجتناب کرنا چاہیے، اور آج کل جو کھانے، پینے میں بہت زیادہ بے اعتدالیاں پائی جارہی ہیں، اس کی اصلاح کرنی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال أحمد بن أبى بكر بن إسماعيل البوصيرى:هذا إسناد رواته ثقات، وأبو إسرائيل اسمه : شعيب، روى عن مولاه جعدة بن خالد بن الصمة البصرى الجشمى(اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، ج٦،ص ١٢٢، كتاب التعبير،باب فيمن رأى لغيره رؤيا)

[1] س -جعدة "بن خالد بن الصمة الجشمى البصرى له صحبة روى عن النبى صلى الله عليه وسلم عند النسائى حديثا واحدا سنده صحيح وعنه مولاه أبو إسرائيل الجشمى واسمه شعيب(تهذيب التهذيب، ج٢،ص ٨١،باب الجيم،من اسمه جعدة)

جعدة بن خالد بن الصمة الجشمى البصرى، مولى أبى إسرائيل الجشمى من فوق .له صحبة.

روى عن :النبى صلى الله عليه وسلم (سى).

روى عنه :مولاه أبو إسرائيل الجشمى (سى) ، واسمه شعيب.

قال عباس الدورى، عن يحيى بن معين :جعدة الجشمى، الذى روى عنه أبو إسرائيل، قد رأى النبى صلى الله عليه وسلم(تهذيب الكمال فى أسماء الرجال، ج٤،ص ٥٦٢،تحت رقم الترجمة ٩٢٨، باب الجيم)

(فصل نمبر 20)

انسان کے ساتھ مال، عیال اور اعمال کی رفاقت

کئی احادیث میں انسان کے تین ساتھی، یا تین دوست بتلائے گئے ہیں، ایک مال، دوسرے گھر اور خاندان والے، یا دوست احباب، اور تیسرے اس کا اچھا، یا برا عمل، اور پھر بتلایا گیا کہ مرنے کے ساتھ ہی ان میں سے ایک ایک کر کے سب ساتھ چھوڑ دیتے ہیں، سوائے اس کے عمل کے، وہ ہر جگہ قبر اور حشر میں اس کے ساتھ رہتا ہے۔

اس سلسلہ میں احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَقُولُ الْعَبْدُ: مَالِيُ، مَالِيُ، إِنَّمَا لَهُ مِنْ مَالِهِ ثَلَاثٌ: مَا أَكَلَ فَأَفْنٰى، أَوْ لَبِسَ فَأَبْلٰى، أَوْ أَعْطٰى فَاقْتَنٰى، وَمَا سِوَى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ، وَتَارِكُهُ لِلنَّاسِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۵۹ ''۴'' كتاب الزهد والرقائق)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ کہتا ہے کہ ''میرا مال، میرا مال'' حالانکہ اس کے مال میں سے اس کی صرف تین چیزیں ہے، جو کھایا، تو وہ فناء کردیا، یا جو پہنا، تو اس کو بوسیدہ کردیا، اور جو اس نے (اللہ کے راستہ میں) دیا، تو اس نے (آخرت کے لیے) جمع کرلیا، اور جو اس کے علاوہ ہے، تو وہ صرف جانے والا اور لوگوں کے لیے چھوڑنے والا ہے (مسلم)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ ابْنِ آدَمَ، وَمَالِهٖ وَأَهْلِهٖ وَعَمَلِهٖ، كَرَجُلٍ لَهٗ ثَلَاثَةُ إِخْوَةٍ، أَوْ ثَلَاثَةُ أَصْحَابٍ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَنَا مَعَكَ حَيَاتَكَ، فَإِذَا مِتَّ فَلَسْتُ مِنْكَ، وَلَسْتَ مِنِّيْ، وَقَالَ الْآخَرُ: أَنَا مَعَكَ، فَإِذَا بَلَغْتَ تِلْكَ الشَّجَرَةَ، فَلَسْتُ مِنْكَ، وَلَسْتَ مِنِّيْ، وَقَالَ الْآخَرُ: أَنَا مَعَكَ، حَيًّا وَمَيِّتًا (مسند البزار، رقم الحديث ۸۳۵۶، مسند أبى حمزة أنس بن مالک) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم اور اس کے مال، اور اس کے گھر والوں، اور اس کے عمل کی مثال ایک آدمی کی طرح ہے، جس کے تین بھائی، یا تین ساتھی ہوں، ایک تو ان میں سے کہے کہ میں تیری زندگی میں تیرے ساتھ ہوں، پھر جب تو فوت ہوجائے گا، تو میرا تجھ سے تعلق نہیں، اور تیرا مجھ سے تعلق نہیں (یہ اس کا مال ہے) اور دوسرا کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، لیکن جب تو اس درخت (یعنی قبرستان) تک پہنچ جائے گا، تو میرا تجھ سے تعلق نہیں، اور

---

[1] قال الهيثمي: رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۴۷، باب فى مال الإنسان وعمله وأهله)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى:

وزاد أبو الشيخ -فى آخره ":-فأما الذى معه حيًا، فهو ماله، وأما الذى معه حتى يبلغ الشجرة، فهو أهله، هم معه حتى يبلغ به الشجرة والقبر، وأما الذى معه حيًا وميتا لا يفارقه، فهو عمله."

وذكره الهيثمى فى المجمع (10/ 252)، ثم قال :رواه البزّار ورجاله رجال الصحيح.

وقال البوصيرى فى الإتحاف -خ -(89/ 3ب) مختصر :سند صحيح.

قلت :إسناده حسن (حاشية المطالب العالية محققا، ج۱۳، ص۱۹۷، تحت رقم الحديث ۳۱۴۸، كتاب الرقائق، باب الترهيب من مساوء الأعمال)

تیرا مجھ سے تعلق نہیں (یہ اس کے اہل وعیال ہیں) اور تیسرا کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، تیری زندگی میں بھی، اور تیرے مرنے کے بعد بھی (یہ اس کا عمل ہے، خواہ اچھا عمل ہو، یا برا عمل ہو) (بزار)

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثٌ: أَهْلُهُ، وَمَالُهُ، وَعَمَلُهُ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى وَاحِدٌ يَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ، وَيَبْقَى عَمَلُهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٢٠٨٠) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میت کے پیچھے تین چیزیں جاتی ہیں، ایک اس کے گھر والے، دوسری اس کا مال، تیسری اس کا عمل، پھر دو چیزیں تو واپس لوٹ آتی ہیں، اور ایک چیز باقی رہ جاتی ہے، اس کے گھر والے، اور اس کا مال تو واپس لوٹ آتا ہے، اور اس کا عمل (اس کے ساتھ) باقی رہ جاتا ہے (خواہ وہ اچھا عمل ہو، یا برا عمل ہو) (مسند احمد)

انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِابْنِ آدَمَ ثَلَاثَةُ أَخِلَّاءُ: أَمَّا خَلِيلٌ فَيَقُولُ: مَا أَنْفَقْتَ فَلَكَ وَمَا أَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ، فَهٰذَا مَالُهُ، وَأَمَّا خَلِيلٌ فَيَقُولُ: أَنَا مَعَكَ فَإِذَا أَتَيْتَ بَابَ الْمَلِكِ تَرَكْتُكَ وَرَجَعْتَ، فَذٰلِكَ أَهْلُهُ وَحَشَمُهُ، وَأَمَّا خَلِيلٌ فَيَقُولُ: أَنَا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

مَعَکَ حَيْثُ دَخَلْتَ وَحَيْثُ خَرَجْتَ ،فَهٰذَا عَمَلُهُ، فَيَقُوْلُ:إِنْ كُنْتَ لَأَهْوَنَ الثَّلَاثَةَ عَلَيَّ (صحيح ابن حبان،رقم الحديث ۳۱۰۸، كتاب الزكاة، باب جمع المال من حله وما يتعلق بذلك) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم کے تین دوست ہیں،ایک دوست تو کہتا ہے کہ جو خرچ کرلیا،وہ تیرے لئے ہے،اور جو روک لیا،وہ تیرے لئے نہیں،پس یہ دوست تو اس کا مال ہے۔

اور دوسرا دوست کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں،لیکن جب تُو فرشتہ (یعنی ملک الموت) کے دروازہ پر حاضر ہوگا،تو میں تجھے چھوڑ دوں گا،اور لوٹ آؤں گا،پس یہ دوست اس کے گھر والے اور حشم وخدم ہیں،اور تیسرا دوست کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں،جہاں بھی تُو داخل ہوگا،اور جہاں بھی تُو نکلے گا،پس یہ اس کا عمل ہے (خواہ اچھا عمل ہو،یا برا عمل ہو) پس ابنِ آدم کہتا ہے کہ تو مجھ پر تینوں سے زیادہ ہلکا ہے (مجھے تیرے ساتھ رہنے میں کوئی مشکل نہیں) (ابنِ حبان)

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْأَجَلِ مَثَلُ رَجُلٍ لَهُ ثَلَاثَةُ أَخِلَّاءَ ،قَالَ لَهُ مَالُهُ:أَنَا مَالُكَ خُذْ مِنِّيْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ، وَقَالَ الْآخَرُ:أَنَا مَعَكَ أَحْمِلُكَ وَأَضَعُكَ فَإِذَا مِتَّ تَرَكْتُكَ، قَالَ:هٰذَا عَشِيْرَتُهُ، وَقَالَ الثَّالِثُ:أَنَا مَعَكَ أَدْخُلُ مَعَكَ وَأَخْرُجُ مَعَكَ مِتَّ أَوْ حَيِيْتَ، قَالَ:هٰذَا عَمَلُهُ (المستدرك للحاكم،رقم الحديث ۲۵۱، كتاب الإيمان) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده حسن(حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال الذهبى فى التلخيص:على شرط مسلم.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن آدمی، اور موت کی مثال اس آدمی کی طرح ہے، جس کے تین دوست ہوں، ایک دوست اس کو کہے کہ میں تیرا مال ہوں، میرے سے تو جتنا چاہے لے لے، اور جتنا تو چاہے، چھوڑ دے، اور دوسرا کہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، تجھے اٹھاؤں گا بھی اور بٹھاؤں گا بھی، پھر جب تو مرجائے گا، تو میں تجھے چھوڑ دوں گا، فرمایا کہ یہ اس کے خاندان والے ہیں، اور تیسرا یہ کہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، تیرے ساتھ داخل بھی ہوں گا، اور تیرے ساتھ ہی (قیامت کے دن) نکلوں گا بھی، خواہ تو زندہ ہو، یا تو مرجائے، فرمایا کہ یہ اس کا عمل ہے (حاکم)

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور طبرانی میں حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ وَلَا أَمَةٍ إِلَّا وَلَهُ ثَلَاثَةُ أَخِلَّاءَ: فَخَلِيلٌ يَقُولُ: أَنَا مَعَكَ فَخُذْ مِنِّي مَا شِئْتَ، فَذَاكَ مَالُهُ، وَخَلِيلٌ يَقُولُ: أَنَا مَعَكَ فَإِذَا أَتَيْتَ بَابَ الْمَلِكِ تَرَكْتُكَ، فَذَاكَ خَدَمُهُ وَأَهْلُهُ، وَخَلِيلٌ يَقُولُ: أَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ وَحَيْثُ خَرَجْتَ، فَذَاكَ عَمَلُهُ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۲۱، ص ۱۱۹، رقم الحدیث ۱۴۲) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بندہ اور بندی ایسی نہیں کہ اس کے تین دوست نہ ہوں، پس ایک دوست تو یہ کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، تو مجھ

---

[1] قال الهيثمي:

وأحد أسانيده في الكبير رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۸۴۴، باب في مال الإنسان وعمله وأهله)

Idara Ghufran

سے جتنا چاہے، لے لے، پس یہ تو اس کا مال ہے، اور دوسرا دوست یہ کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، پس جب تو (موت کے) فرشتہ کے دروازہ پر آجائے گا، تو میں تجھ کو چھوڑ دوں گا، پس یہ اس کے خدمت گذار اور گھر والے ہیں، اور تیسرا دوست کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، جہاں تو داخل ہوگا، اور جہاں نکلے گا، پس یہ اس کا (اچھا، یا برا) عمل ہے (طبرانی)

سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ لِأَحَدِكُمْ يَوْمَ يَمُوتُ ثَلَاثَةَ أَخِلَّاءَ، مِنْهُمْ مَنْ يَمْنَعُهُ مَا سَأَلَهُ، فَذٰلِكَ مَالُهُ، وَمِنْهُمْ خَلِيلٌ يَنْطَلِقُ مَعَهُ، حَتّٰى يَلِجَ الْقَبْرَ، لَا يُعْطِيهِ شَيْئًا، وَلَا يَمْنَعُهُ، فَأُولٰئِكَ قَرَابَتُهُ، وَمِنْهُمْ خَلِيلٌ يَقُولُ: أَنَا مَعَكَ حَيْثُ ذَهَبْتَ، وَلَسْتُ بِمُفَارِقِكَ، فَذٰلِكَ عَمَلُهُ، إِنْ كَانَ خَيْرًا، أَوْ شَرًّا (مسند البزار، رقم الحديث ۴۶۷۸، مسند سمرة بن جندب رضی الله عنه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں کسی کے ساتھ بھی اس کے مرنے کے دن تین دوست ہوتے ہیں، ایک تو اسے اس کے سوال کرنے پر منع کر دیتا ہے، پس یہ اس کا مال ہے، اور دوسرا دوست اس کے ساتھ جاتا ہے، یہاں تک کہ وہ قبر میں داخل ہو جائے، وہ اس کو کوئی چیز نہ تو دیتا ہے، اور نہ منع کرتا ہے، پس یہ اس کے رشتہ دار ہیں، اور تیسرا دوست یہ کہتا ہے کہ میں تیرے ساتھ ہوں، جہاں بھی تو جائے گا، اور میں تجھ سے جدا نہیں ہوں گا، پس یہ اس کا عمل ہے، خواہ وہ عمل اچھا ہو، یا برا ہو (بزار)

اس حدیث کی سند کمزور ہے، لیکن دوسری روایات کا مضمون اس کے قریب ہے۔ [1]

حسن کی روایت

حضرت حسن سے بھی اسی طرح کی روایت مروی ہے، جس کے آخر میں حضرت حسن نے فرمایا کہ تم اپنے عمل کو دوسری چیزوں پر ترجیح دو۔ [2]

خلاصہ یہ ہے کہ دنیا میں مال اور انسان، مرنے کے بعد اصل ساتھ دینے والے دوست نہیں، بلکہ اصل دوست، جو قبر میں بھی اس کے ساتھ ہوتا ہے، اور اس کے بعد بھی، وہ اس کا عمل ہے، اس لیے عمل کو زیادہ اہمیت دینی چاہیے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال الهيثمي:رواه البزار، والطبراني بإسناد ضعيف(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٧٨٤٦ ،باب في مال الإنسان وعمله وأهله)

[2] عن الحسن ، قال : كان يضرب مثل ابن آدم مثل رجل حضرته الوفاة ، فحضره أهله وعمله ، فقال لأهله : امنعوني ، قالوا : إنما كنا نمنعك من أمر الدنيا ، فأما هذا فلا نستطيع أن نمنعك منه ، فقال لماله : أنت تمنعني ؟ قال : إني كنت زينتك زينت في الدنيا ، أما هذا فلا أستطيع أن أمنعك منه ، قال : فوثب عمله ، فقال : أنا صاحبك الذي أدخل معك قبرك وأزول معك حيثما زلت ، قال : أما والله لو شعرت لكنت آثر الثلاثة عندي ، قال : قال الحسن : فالآن فآثروه على ما سواه (مصنف ابنِ ابى شيبة،رقم الحديث٣٦٨٧٨، كتاب الزهد، باب ما قالوا في البكاء من خشية الله)

قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى:وسنده صحيح(حاشية المطالب العالية محققاً، ج١٣،ص١٩٨ ، تحت رقم الحديث ٣١٤٨، كتاب الرقائق،باب الترهيب من مساوء الأعمال)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 21)

موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم

کئی احادیث میں موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم آیا ہے، اور بعض احادیث میں موت کو کثرت سے یاد کرنے کے فوائد وفضائل کا بھی ذکر آیا ہے۔

اور موت کو یاد کرنا عام ہے، خواہ دل سے یاد کرے، یا زبان سے یاد کرے، یا دل اور زبان دونوں سے یاد کرے، بلکہ دل اور زبان دونوں سے یاد کرنا زیادہ افضل، مفید اور نتیجہ خیز ہے۔

اس سلسلہ میں چند احادیث مختصر فوائد وتشریحات کے ساتھ ذکر کی جاتی ہیں۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ اَلْمَوْتَ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٢٩٩٢، كتاب الجنائز، فصل فى ذكر الموت، مستدرک حاکم، رقم الحديث ٧٩٠٩) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز یعنی موت کا کثرت سے ذکر (اور اس کو یاد) کیا کرو (ابنِ حبان)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه.
وقال الذهبى فى التلخيص: على شرط مسلم.
وقال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ أَنْ يَّقُوْلَ: أَكْثِرُوْا مِنْ ذِكْرِ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۹۹۵، کتاب الجنائز، فصل فی ذکر الموت) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے یہ بات فرمایا کرتے تھے کہ تم لذتوں کو ختم کرنے والی چیز (یعنی موت) کا کثرت سے ذکر (اور اس کو یاد) کیا کرو (ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی لذتیں، جو انسان کو آخرت سے غافل اور گناہوں میں مبتلا کرنے کا ذریعہ بنتی ہیں، ان کے فتنہ وحملہ سے بچنے کے لیے کثرت سے موت کو یاد کرنا مؤثر ذریعہ ہے، اور موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم اس لیے دیا گیا ہے کہ انسان کا ہمہ وقت دنیا کی چیزوں سے واسطہ اور تعلق رہتا ہے، جس کی وجہ سے اس پر غفلت طاری ہوتی اور بڑھتی رہتی ہے، جو گناہوں میں مبتلا اور نیکیوں سے محرومی کا سبب ہے، ایسی حالت میں ظاہر ہے کہ تھوڑا بہت موت کو یاد کر لینا کافی نہیں ہوتا، بلکہ اس غفلت سے نجات پانے کے لیے موت کو کثرت سے یاد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، تب ہی اس کے اصل فوائد وثمرات حاصل ہوتے ہیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری روایت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح سے مروی ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ فَمَا ذَكَرَهُ عَبْدٌ قَطُّ وَهُوَ فِيْ ضَيْقٍ إِلَّا وَسَّعَهُ عَلَيْهِ وَلَا ذَكَرَهُ وَهُوَ فِيْ سِعَةٍ إِلَّا ضَيَّقَهُ عَلَيْهِ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۹۹۳، کتاب الجنائز، فصل فی ذکر الموت) [2]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن کالذی قبله (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز (یعنی موت) کا کثرت سے ذکر (اور اس کو یاد) کیا کرو، کیونکہ جب بھی کوئی بندہ تنگی کی حالت میں موت کو یاد کرتا ہے، تو موت کی یاد اس پر وسعت پیدا کر دیتی ہے، اور جب بھی کوئی بندہ موت کو وسعت کی حالت میں یاد کرتا ہے، تو موت کی یاد اس پر تنگی پیدا کر دیتی ہے (ابنِ حبان)

مطلب یہ ہے کہ موت کو کثرت سے یاد کرنا دراصل دنیا کی لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز ہے، اور دنیا کی لذات اور خواہشات ایسی چیزیں ہیں کہ جو انسان کو آخرت سے غافل اور دنیا ومافیہا میں منہمک ومشغول کرتی ہیں، اسی وجہ سے جب بھی کوئی بندہ دنیا کی کسی تنگی مثلاً ناداری، بیماری، یا فقر وفاقہ وغیرہ کی حالت میں موت کو کثرت سے یاد کرتا ہے، تو اس کی برکت سے اس کی وہ تنگی، وسعت اور فراخی سے تبدیل ہو جاتی ہے، اور موت کے مقابلہ میں وہ تنگی خفیف اور ہلکی محسوس ہونے لگتی ہے، اور اس کے برعکس جب دنیا میں وسعت وفراخی کی حالت ہوتی ہے، جس کی وجہ سے دنیا کی لذات وخواہشات آخرت سے غافل کرنے کا سبب بن جاتی ہیں، تو ایسی حالت میں موت کو کثرت سے یاد کرنا، اس کو اس وسعت وفراخی کے فتنہ سے محفوظ رکھ کر، اس کے عارضی وفانی ہونے کو یاد دلاتا اور اس حالت میں اعتدال پیدا کرتا ہے۔

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ وَهُمْ يَضْحَكُوْنَ، فَقَالَ: أَكْثِرُوْا مِنْ ذِكْرِ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ، أَحْسِبُهُ قَالَ: فَإِنَّهُ مَا ذَكَرَهُ أَحَدٌ فِيْ ضِيْقٍ مِنَ الْعَيْشِ إِلَّا وَسَّعَهُ عَلَيْهِ، وَلَا فِيْ سَعَةٍ إِلَّا ضَيَّقَهُ عَلَيْهِ (مسند

البزار، رقم الحديث ٧٩٨٢ ،مسند سمرة بن جندب رضى الله عنه) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک مجلس کے قریب سے گزر ہوا، اس مجلس کے لوگ ہنس رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز (یعنی موت) کا کثرت سے ذکر (اور اس کو یاد) کیا کرو، میرا گمان یہ ہے کہ یہ بھی فرمایا کہ کوئی بندہ جب بھی دنیا سے تنگی کی حالت میں موت کو یاد کرتا ہے، تو موت کی یاد اس پر وسعت پیدا کر دیتی ہے، اور جو کوئی بندہ بھی موت کو وسعت (یعنی عیش وعشرت وغیرہ) کی حالت میں یاد کرتا ہے، تو موت کی یاد اس پر تنگی پیدا کر دیتی ہے (بزار)

اس حدیث کا مطلب بھی وہی ہے، جو گزشتہ حدیث کے ضمن میں ذکر کیا گیا، زیادہ ہنسا چونکہ دنیا کی لذت میں مشغولی اور آخرت سے غفلت اور پھر اس کے نتیجہ میں گناہوں میں مبتلا اور عبادت وطاعت سے محرومی کا سبب ہے، اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کو ہنستے ہوئے دیکھ کر محسوس کیا کہ یہ ان کے لیے دنیا کی لذت میں منہمک اور آخرت سے غفلت کا سبب بن سکتا ہے، اس لیے دنیا کی لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز، یعنی موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم فرمایا، اور بتلایا کہ جب کوئی بندہ وسعت وفرحت وغیرہ کی حالت میں موت کو یاد کرتا ہے، اور ہنسنے کی حالت بھی وسعت وفرحت کی حالت ہے، تو موت کی یاد، اس میں تنگی پیدا کر کے، اس حالت میں اعتدال پیدا کر دیتی ہے، اور اس کے برعکس اگر تنگی، مثلاً رنج وغم وغیرہ کی حالت ہو، تو موت کی یاد، اس میں وسعت وفراخی پیدا کر کے اس حالت کو اعتدال پر

---

[1] قال الهيثمي:رواه البزار، والطبراني في الأوسط باختصار عنه، وإسنادهما حسن(مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٨٢٠٥ ،باب ذكر الموت)

وقال المنذري: رواه البزار بإسناد حسن(الترغيب والترهيب، ج٤ص١١٨ ، كتاب التوبة والزهد، الترغيب في ذكر الموت وقصر الأمل والمبادرة بالعمل الخ)

وقال ابن حجر:هذا حديث حسن......وهو معتضد بشواهده(نتائج الافكار، ج٤ص١٦٤ ، كتاب أذكار المرض والموت وما يتعلق بهما باب استحباب الإكثار من ذكر الموت، المجلس:٣٣٣)

لے آتی ہے، اور اس طرح انسان کی وسعت وتنگی کی دونوں حالتوں میں اعتدال قائم رہتا ہے۔

اسی عیش وطیش کی بات کو ہندوستان کے آخری مسلمان بادشاہ ''بہادر شاہ ظفر'' نے اپنے درجِ ذیل اشعار میں بیان کیا ہے:

ظفر آدمی اس کو نہ جانیے گا ہو وہ کیسا ہی صاحبِ فہم وذکا
جسے عیش میں یادِ خدا نہ رہی جسے طیش میں خوفِ خدا نہ رہا

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: أَکْثَرُوْا ذِکْرَ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ، یَعْنِی الْمَوْتَ، فَإِنَّہٗ مَا کَانَ فِیْ کَثِیْرٍ إِلَّا قَلَّلَہٗ، وَلَا قَلِیْلٍ إِلَّا جَزَّأَہٗ

(المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۵۷۸۰، باب المیم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز، یعنی موت کا کثرت سے ذکر (اور اس کو یاد) کیا کرو، کیونکہ اس کا کثرت ذکر (اور یاد کرنا) جب (مال ودولت اور خواہشات وغیرہ کی) کثرت کی حالت میں کیا جاتا ہے، تو وہ اس کو قلیل (اور چھوٹی چیز) بنادیتی ہے، اور جب اس کا ذکر (مال ودولت وغیرہ کی) قلت کی حالت میں کیا جاتا ہے، تو وہ اس کی کفایت کا سبب بنتی ہے (طبرانی)

مطلب یہ ہے کہ ہر انسان کو چاہیے کہ وہ موت کو کثرت سے یاد کیا کرے، اس کے نتیجہ میں دنیا کی لذات وخواہشات اور آخرت سے غفلت وقسوت کا خاتمہ ہوجاتا ہے، اسی کے ساتھ

---

[1] قال الھیثمی: رواہ الطبرانی فی الأوسط، وإسنادہ حسن .قلت: وقد تقدم حدیث أنس فی ھذا الباب (مجمع الزوائد، رقم الحدیث ۱۸۲۱۳، باب ذکر الموت)

مال ودولت وغیرہ کی فراوانی وکشادگی سے جوغفلت پیدا ہوتی ہے، تو موت کی یاد اس مال ودولت وغیرہ کی فراوانی کو آخرت کے مقابلہ میں چھوٹی اور کمتر وحقیر چیز ظاہر کرتی ہے، اور اگر اس کے مقابلہ میں تنگی اور ناداری وغیرہ کی حالت سے رنج وغم، یا مایوسی وغیرہ پیدا ہوتی ہے، تو موت کی یاد، اس کا ازالہ کر کے کفایت شعاری اور صبر وتحمل کا جذبہ پیدا کرتی ہے، اور اس طرح وسعت وفرحت اور تکلیف ومصیبت کی ہر حالت میں اعتدال قائم رہتا ہے، اور آخرت سے کسی لمحہ غفلت پیدا نہیں ہوتی۔

موت کو کثرت سے یاد کرنے اور موت کے لذتوں کا خاتمہ کرنے والی چیز ہونے کا ذکر اور بھی کئی احادیث میں آیا ہے۔ [1]

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَائَهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، قَالَ: فَأَيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ

---

[1] أخبرنا أبو بكر محمد بن عبد الله بن أبى توبة، أخبرنا أبو طاهر محمد بن أحمد بن الحارث، أنا أبو الحسن محمد بن يعقوب الكسائى، أنا عبد الله بن محمود، أنا أبو إسحاق إبراهيم بن عبد الله الخلال، نا عبد الله بن المبارک، عن عبد الرحمن بن زيد بن أسلم، عن أبيه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، كان يقول: أكثروا ذكر هادم اللذات، الموت .قال رحمه الله: هذا الحديث مرسل، وقد روى عن محمد بن عمرو، عن أبى سلمة، عن أبى هريرة، عن النبى صلى الله عليه وسلم، مثله(شرح السنة للبغوى، رقم الحديث ۱۴۴۷ ، كتاب الجنائز،باب ذكر الموت)

حدثنا محمد بن بشر ، قال : حدثنا محمد بن عمرو قال : حدثنا أبو سلمة ، قال : كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : أكثروا ذكر هاذم اللذات ، يعنى الموت(مصنف ابنِ ابى شيبة، رقم الحدث ۳۵۴۶۷، كتاب الزهد، باب ما ذكر عن نبينا صلى الله عليه وسلم فى الزهد)

أَكْيَسُ؟ قَالَ: أَكْثَرُهُمْ لِلْمَوْتِ ذِكْرًا، وَأَحْسَنُهُمْ لِمَا بَعْدَهُ اِسْتِعْدَادًا، أُولٰئِكَ الْأَكْيَاسُ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ۴۲۵۹، ابواب الزهد، باب ذكر الموت والاستعداد له) [1]

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس انصار کے ایک آدمی نے آ کر سلام کیا، پھر کہا کہ اے اللہ کے رسول! مومنوں میں افضل ترین کون سے لوگ ہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جن کے اخلاق سب سے اچھے ہوں، اس آدمی نے کہا کہ مومنوں میں سب سے زیادہ عقل مند کون لوگ ہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ سب سے زیادہ موت کو یاد کرتے ہوں، اوران میں بھی اچھے وہ لوگ ہیں، جو موت کے بعد کے لیے (موت کے آنے سے پہلے) تیاری کرتے ہوں، یہی لوگ عقل مند ہیں (کیونکہ آخرت کی تیاری، دور بینی اور بڑی عقل کی دلیل ہے) (ابنِ ماجہ)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَاشِرَ عَشَرَةٍ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَنْ أَكْيَسُ النَّاسِ وَأَحْزَمُ النَّاسِ؟ فَقَالَ: أَكْثَرُهُمْ ذِكْرًا لِلْمَوْتِ، وَأَشَدُّهُمْ اِسْتِعْدَادًا لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُولِ الْمَوْتِ، أُولٰئِكَ هُمُ الْأَكْيَاسُ ذَهَبُوا بِشَرَفِ الدُّنْيَا وَكَرَامَةِ

---

[1] قال ابن حجر:
هذا حديث حسن (نتائج الافكار، ج۴ ص ۱۶۵، كتاب أذكار المرض والموت وما يتعلق بهما، باب استحباب الإكثار من ذكر الموت، المجلس: ۳۳۳)
وقال شعيب الارنؤوط:
حديث حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

الْآخِرَةِ (المعجم الصغير للطبراني، رقم الحديث ١٠٠٨، باب الميم، المعجم الكبير للطبراني، ج١٢ ص٤١٧، رقم الحديث ١٣٥٣٦) [1]

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہونے والے لوگوں میں دسواں شخص تھا، تو انصار میں سے ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! لوگوں میں سب زیادہ عقل منداور لوگوں میں سب سے زیادہ دور بین (یا دور اندیش وعاقبت اندیش) کون لوگ ہیں؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو موت کو سب سے زیادہ یاد کرتے ہوں، اور موت کے آنے سے پہلے موت کی تیاری زیادہ مضبوط طریقہ پر کرتے ہوں، یہی لوگ عقلمند ہیں، جو دنیا کے شرف اور آخرت کے اکرام کو حاصل کر چکے ہیں (طبرانی)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں ہے کہ:

أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَاشِرَ عَشَرَةٍ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَنْ أَكْيَسُ النَّاسِ، وَأَكْرَمُ النَّاسِ؟ قَالَ: أَكْثَرُهُمْ ذِكْرًا لِلْمَوْتِ، وَأَشَدُّهُمْ اِسْتِعْدَادًا لَهُ، أُولٰئِكَ هُمُ الْأَكْيَاسُ، ذَهَبُوا بِشَرَفِ الدُّنْيَا، وَكَرَامَةِ الْآخِرَةِ (مكارم الأخلاق، لابن أبي الدنيا، رقم الحديث ٣)

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آنے والے لوگوں میں دسواں شخص تھا، تو ایک انصار کے شخص نے آ کر کہا کہ اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ عقل منداور لوگوں میں سب سے

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الصغير، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٢١٤، باب ذكر الموت)

وقال المنذري: رواه ابن أبي الدنيا في كتاب الموت والطبراني في الصغير بإسناد حسن ورواه ابن ماجه مختصرا بإسناد جيد (الترغيب والترهيب، ج٤ ص١٩٩، كتاب التوبة والزهد، الترغيب في ذكر الموت وقصر الأمل والمبادرة بالعمل الخ)

زیادہ قابلِ اکرام کون لوگ ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ سب سے زیادہ موت کو یاد کرنے والے اور موت کے لیے سب سے زیادہ شدید تیاری کرنے والوں ہوں، یہی لوگ سب سے زیادہ عقل مند ہیں، جو دنیا کے شرف اور آخرت کے اکرام کو حاصل کر چکے ہیں (ابنِ ابی الدنیا)

اس طرح کی احادیث اور سندوں سے بھی مروی ہیں۔ [1]

معلوم ہوا کہ موت کو سب سے زیادہ یاد کرنے والے ہی سب سے زیادہ عقل مند لوگ ہیں، اور یہی سب سے زیادہ دور اندیش اور دور بین ہیں، کیونکہ وہ دنیا سے آگے کی چیز پر نظر رکھتے ہیں، اور سب سے زیادہ عقل مند ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ دنیا کی عارضی ومحدود زندگی سے آگے بڑھ کر موت کو کثرت سے یاد کرتے اور دنیا کی لذتوں کا خاتمہ کر کے آخرت کی تیاری کرتے ہیں۔

---

[1] حدثنا الخليل بن زكريا , ثنا حبيب بن الشهيد , ثنا الحسن بن أبى الحسن , عن عمران بن حصين قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أى المؤمنين أكيس؟ قالوا: الله ورسوله أعلم , قال: أكيس المؤمنين أكثرهم ذكرا للموت وأحسنهم له استعدادا (مسند الحارث، رقم الحديث ١١١٦، كتاب الزهد، باب ذكر الموت)

قال البوصيرى:رواه الحارث عن الخليل بن زكريا وهو ضعيف(اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، للبوصيرى، تحت رقم الحديث ٧٢٩٥، كتاب الزهد، باب قصر الأمل والإكثار من ذكر الموت والاستعداد له)

حدثنا يحيى بن هاشم , ثنا أبو خالد عمرو بن خالد عن زيد بن على , عن آبائه , رفعه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أى الناس أكيس , قال: قلت: الله ورسوله أعلم قال: إن أكيس الناس أكثرهم للموت ذكرا وأحسنهم له استعدادا (مسند الحارث، رقم الحديث ١١١٧، كتاب الزهد، باب ذكر الموت)

قال البوصيرى:رواه الحارث، وعمروضعيف .(اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، للبوصيرى، تحت رقم الحديث ٧٢٩٦، كتاب الزهد، باب قصر الأمل والإكثار من ذكر الموت والاستعداد له)

حدثنا الطلحى، قال: حدثنى الحسين بن جعفر القتات، ثنا مروان بن جعفر، ثنا ابن المبارك، عن يحيى بن أيوب، عن عبيد الله بن زحر، عن سعد بن مسعود، قال: سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم أى المؤمنين أكيس ؟ قال: " أكثرهم للموت ذكرا، وأحسنهم له استعدادا (معرفة الصحابة لابى نعيم، رقم الحديث ٣٢٢٨، تحت ترجمة "سعد بن مسعود الكندى")

Idara Ghufran

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

مَنْ أَكْثَرَ ذِكْرَ الْمَوْتِ قَلَّ حَسَدُهُ وَقَلَّ فَرَحُهُ (مُصنف ابن أبی شيبة، رقم الحديث ۳۵۷۲۵، كتاب الزهد، باب كلام أبی الدرداء رضی الله عنه)

ترجمہ: جوموت کو کثرت سے یاد کرے گا، تو اس کا حسد کم ہوجائے گا، اور اس کی خوشی کم ہوجائے گی (ابنِ ابی شیبہ)

اس سے معلوم ہوا کہ موت کو کثرت سے یاد کرنے سے خوشی اعتدال پر رہتی ہے، اور دوسرے سے حسد و بغض میں کمی واقع ہوتی ہے۔

انس وسعد رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُذْكُرِ الْمَوْتَ فِيْ صَلَاتِكَ، فَإِنَّ الرَّجُلَ إِذَا ذَكَرَ الْمَوْتَ فِيْ صَلَاتِهِ لَحَرِيٌّ، أَنْ يُّحْسِنَ صَلَاتَهُ، وَصَلِّ صَلَاةَ رَجُلٍ لَا يَظُنُّ أَنْ يُصَلِّيَ صَلَاةً غَيْرَهَا (الغرائب الملتقطة من مسند الفردوس، لابن حجر العسقلانی، ج ۱ ص ۳۲۳، رقم الحديث ۱۵۶ فصل فی الأوامر) [1]

---

[1] قال ابن حجر عقب هذا: قلت :حسن(الغرائب الملتقطة، حواله بالا)

وقال السخاوی: وله شواهد منها عن أنس رواه الديلمی فی مسنده من حديث أبی الشيخ حدثنا ابن أبی عاصم حدثنا أبی حدثنا شبيب بن بشر عن أنس، رفعه: اذكر الموت فی صلاتك، فإن الرجل إذا ذكر الموت فی صلاته لحری أن تحسن صلاته، وصل صلاة رجل لا يظن أنه يصلی صلاة غيرها، وإياك وكل أمر يعتذر منه، وقال شيخنا: إنه حسن، قال: وهو عند الديلمی أيضا (المقاصد الحسنة للسخاوی، ص ۲۲۲، ۲۲۶، تحت رقم الحديث ۲۷۵، حرف الهمزة)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم موت کو نماز میں یاد کیا کرو، کیونکہ آدمی جب اپنی نماز میں موت کو یاد کرتا ہے، تو وہ اپنی نماز کو زیادہ اچھے طریقہ پر پڑھتا ہے، اور آپ ایسے آدمی کی طرح نماز پڑھیے، جو یہ سمجھتا ہے کہ وہ اس نماز کے علاوہ دوسری نماز نہیں پڑھ سکے گا (گویا کہ یہ اس کی آخری نماز ہے)

(مسند الفردوس)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ایک حدیث میں بھی یہی مضمون مذکور ہے، جس کو امام حاکم نے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَوْصِنِيْ وَأَوْجِزْ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ بِالْإِيَاسِ مِمَّا فِيْ أَيْدِي النَّاسِ، وَإِيَّاكَ وَالطَّمِعَ فَإِنَّهُ الْفَقْرُ الْحَاضِرُ، وَصَلِّ صَلَاتَكَ وَأَنْتَ مُوَدِّعٌ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ٧٩٢٨، كتاب الرقاق)

ترجمہ: ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور اس نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے وصیت فرما دیجیے، اور کوئی مختصر وصیت فرمائیے، تو اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ لوگوں کے ہاتھوں میں جو چیزیں ہیں، ان سے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال الالبانی: "اذكر الموت فی صلاتک، فإن الرجل إذا ذكر الموت فی صلاته لحرى أن يحسن صلاته، وصل صلاة رجل لا يظن أن يصلی صلاة غيرها، وإياک وكل أمر يعتذر منه ."

أخرجه الديلمی فی "مسند الفردوس (2 / 26 / 1) "من طريق أبی الشيخ ابن حيان: حدثنا ابن أبی عاصم: حدثنا أبی: حدثنا شبيب بن بشر عن أنس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فذكره .

قلت: وهذا إسناد حسن كما قال الحافظ عقبه فی "الغرائب الملتقطة"، وأقره الحافظ السخاوی فی "المقاصد الحسنة "(ص 138)، وللجملة الأخيرة منه شواهد كثيرة مذكورة فی "المقاصد"، وسبق تخريج بعضها مع الجملة التی قبلها بنحوها برقم . (401)(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٨٣٩)

ناامیدی اختیار کرلیں (یعنی ان پر نظر نہ رکھیں)اور اپنے آپ کو طمع ولالچ سے بچائیں، کیونکہ طمع ولالچ نقدی فقر ہے(اس سے فی الفور فقر آتا ہے،اور انسان خود کو فقر وتنگدستی میں مبتلا سمجھتا ہے)اور تم اپنی نماز اس طرح پڑھا کرو، گویا کہ یہ آخری نماز ہے(حاکم)

اس حدیث کو امام حاکم نے صحیح کہا ہے۔

اور حافظ ذہبی نے بھی صحیح کہا ہے۔ [1]

اور بعض دوسرے اہلِ علم نے آخری جملہ کے علاوہ اس حدیث کے پہلے حصہ کو ضعیف کہا ہے۔ [2]

لیکن تجربہ ومشاہدہ سے ثابت ہے کہ نماز میں موت کو یاد کرنا،اور آخری نماز سمجھ کر پڑھنا،نماز میں خشوع پیدا کرنے ،اور موت کو موثر طریقہ پر یاد کرنے کا عمدہ ذریعہ ہے۔

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ایک حدیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ جو شخص موت کو کثرت سے یاد کرتا ہے،اس سے اللہ محبت فرماتا ہے۔ [3]

---

[1] قال الحاکم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح.

[2] وقال الالبانی:
ضعيف بتمامه(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ٣٨٨١)

[3] حدثنا عيسى بن محمد السمسار قال: نا أحمد بن سهيل الوراق قال: نا نعيم بن مورع العنبرى، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عائشة، قالت: أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم بقدح فيه لبن وعسل، فقال: شربتين فى شربة؟ وأدمين فى قدح؟ لا حاجة لى به، أما إنى لا أزعم أنه حرام، أكره أن يسألنى الله عن فضول الدنيا يوم القيامة، أتواضع لله، فمن تواضع لله رفعه الله، ومن تكبر وضعه الله، ومن اقتصد أغناه الله، ومن أكثر ذكر الموت أحبه الله (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ٤٨٩٤، باب العين)

www.idaraghufran.org

مگر علامہ ہیثمی نے اس حدیث کے ایک راوی میں کچھ ضعف کا ذکر فرمایا ہے۔ ۱

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں، موت کے یاد کرنے کو اللہ سے حیاء وغیرت کرنے والے اعمال میں شمار کیا گیا ہے۔

امام حاکم اور علامہ ذہبی نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ ۲

جبکہ بعض دیگر حضرات نے اس حدیث کو سند کے اعتبار سے ضعیف قرار دیا ہے۔ ۳

---

۱ قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط، وفيه نعيم بن مورع العنبری، وقد وثقه ابن حبان، وضعفه غير واحد، وبقية رجاله ثقات(مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٨٢٩٤، باب فی عيش رسول الله صلى الله عليه وسلم والسلف)

۲ حدثنا أبو زكريا يحيى بن محمد العنبری، ثنا أبو عبد الله بن محمد إبراهيم العبدی، ثنا يحيى بن بكير، ثنا مروان بن معاوية، عن أبان بن إسحاق، عن الصباح بن محارب، عن مرة الهمدانی، عن عبد الله بن مسعود رضی الله عنه، أن نبی الله صلى الله عليه وسلم قال: استحيوا من الله حق الحياء فقلنا: يا نبی الله إنا لنستحيی، قال: ليس ذلک ولكن من استحيى من الله حق الحياء فليحفظ الرأس وما حوى، والبطن وما وعى، وليذكر الموت والبلى، ومن أراد الآخرة ترک زينة الدنيا، ومن فعل ذلک فقد استحيى من الله حق الحياء (مستدرک حاکم، رقم الحديث ٧٩١٥، كتاب الرقاق)

قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه "

وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح.

۳ حدثنا محمد بن عبيد، حدثنا أبان بن إسحاق، عن الصباح بن محمد، عن مرة الهمدانی، عن عبد الله بن مسعود، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم: "استحيوا من الله عز وجل حق الحياء "، قال: قلنا: يا رسول الله، إنا نستحی، والحمد لله، قال: " ليس ذلک، ولكن من استحيى من الله حق الحياء، فليحفظ الرأس وما حوى، وليحفظ البطن وما وعى، وليذكر الموت والبلى، ومن أراد الآخرة، ترک زينة الدنيا، فمن فعل ذلک، فقد استحيا من الله عز وجل حق الحياء "(مسند احمد،رقم الحديث ٣٦٧١)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده ضعيف لضعف الصباح بن محمد –وهو ابن أبی حازم الأحمسی الكوفی–، قال ابن حبان فی "المجروحين :1/377 "كان ممن يروی عن الثقات الموضوعات، وضعفه الحافظ فی "التقريب"، وقال: أفرط فيه ابن حبان، وقال العقيلی: فی حديثه وهم ويرفع الموقوف، وقال الذهبی فی "الميزان :2/306 "رفع حديثين هما من قول عبد الله .قلنا: هما هذا والذی بعده .وبقية رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبان بن إسحاق، روى له الترمذی، وهو ثقة .محمد بن عبيد: هو الطنافسی، ومرة الهمدانی: هو ابن شراحيل المعروف بمرة الطيب(حاشية مسند احمد)

موت کو یاد کرنے سے متعلق اور احادیث بھی آئی ہیں، مگر ان کی اسناد میں ضعف، یا شدید ضعف پایا جاتا ہے۔

چنانچہ ایک حدیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ انسان کے لیے موت کا واعظ ہونا کافی ہے۔ ؎1

مگر اس حدیث کی سند کو محدثین واہلِ علم حضرات نے ضعیف اور بعض نے شدید ضعیف قرار دیا ہے۔

جبکہ بعض نے اس میں مذکور بات کو فضیل بن عیاض کا قول بتلایا ہے۔ ؎2

؎1 وأخبرنا أبو الحسين بن بشران، أنا إسماعيل بن محمد الصفار، ثنا عمر أنيس الدلال، ثنا داود بن رشيد، ثنا الربيع بن بدر، عن يونس بن عبيد، عن الحسن، عن عمار يعني ابن ياسر، قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول " :كفى بالموت واعظا، وكفى باليقين غنى، وكفى بالعبادة شغلا (شعب الإيمان للبيهقي، رقم الحديث ١٠٠٧٢، الحادى والسبعون من شعب الإيمان:وهو باب في الزهد وقصر الأمل)

؎2 قال الهيثمي: رواه الطبراني، وفيه الربيع بن بدر، وهو متروك(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٢٠٤، باب ذكر الموت)

وقال الالباني:

"كفى بالموت واعظا، وكفى باليقين غنى، وكفى بالعبادة شغلا ."

ضعيف جدا .رواه أبو سعيد بن الأعرابي في "معجمه (1 / 97) "وابن بشران في "مجلس يوم الجمعة 17ذى الحجة سنة 412من الأمالي "(ورقة 2 / 208من مجموع الظاهرية رقم 87) وأبو الفتح الأزدي في "المواعظ (1 / 7) "والقضاعي (1 / 114)والقاسم بن عساكر في " تعزية المسلم (2 / 216 / 2) "وكذا أبو نعيم "في حديث الكديمي (2 / 35) "من طريق الربيع بن بدر عن يونس بن عبيد عن الحسن عن عمار مرفوعا . قلت: وهذا إسناد ضعيف جدا الربيع بن بدر متروك . ثم إنه روى موقوفا، فقد أخرجه أحمد في "الزهد (176) "وابن أبي الدنيا في "كتاب اليقين) "رقم 31) بسند صحيح عن جعفر بن سليمان عن يونس قال: حدثني من سمع عمار بن ياسر يقول: فذكره موقوفا غير مرفوع. وكذلك رواه نعيم بن حماد في "زوائد زهد ابن المبارك) "رقم 148) عن ابن مسعود موقوفا وهو الصواب إن شاء الله(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ٥٠٢)

وقال سعد بن ناصر بن عبدالعزيز الشثرى : أما سند الحارث ففيه تحريفات كثيرة، فإن كان من مسند عراك بن مالك فهو مرسل.

وقد ورد عن عمار رضى الله عنه، مرفوعا فرواه ابن الأعرابي في معجمه (97 /1)، والطبراني كما في المجمع (311 /10)، والقضاعي في مسند الشهاب (1410 :302 /2) ثلاثتهم من طريق

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں یہ قصہ آیا ہے کہ:

''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے فوت ہونے کے بعد بعض صحابۂ کرام کو اس کے نیک اور اچھا ہونے کی تعریف کرتے ہوئے سنا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال فرمایا کہ کیا وہ موت کو کثرت سے یاد کیا کرتا تھا؟ عرض کیا گیا کہ نہیں، پھر سوال فرمایا کہ کیا وہ اپنی اکثر خواہشات کو ترک کرتا تھا؟ عرض کیا گیا کہ نہیں، اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے ساتھی کے نیک اور اچھا ہونے کی جو خوبیاں بیان کررہے ہو، ان میں سے اکثر سے وہ محروم رہا'' (طبرانی) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ الربيع بن بدر، عن يونس، عن الحسن، عن عمار مرفوعا بلفظ كفى بالموت واعظا وكفى باليقين غنى وكفى بالعبادة شغلا ."وفيه الربيع بن بدر قال ابن حجر فى التقريب :متروك.وقد روى موقوفا على عمار بن ياسر.فقد رواه أحمد فى الزهد (ص 257: 928) من طريق يونس بن عبيد، عن رجل، عن عمار بن ياسر أنه قال :كفى بالموت فذكره.

ورواه ابن أبى الدنيا فى كتاب اليقين (برقم 31) من طريق يونس بن عبيد، حدثنى من سمع عمار بن ياسر وهذا ضعيف لإبهام الراوى، عن عمار به.ورواه نعيم بن حماد فى الزوائد على الزهد لابن المبارك (ص 147 :37) عن مالك بن مغول قال :قال ابن مسعود" :كفى بالموت واعظا" بلفظ عمار.وهذا أيضا منقطع لأن مالك بن مغول من السابعة لم يدرك ابن مسعود، والصواب أنه من قول الفضيل بن عياض فرواه الخطابى فى العزلة (ص 45 :30) والبيهقى فى الزهد (ص 215: 548) كلاهما عن طريق سلم بن عبد الله الخراسانى قال سمعت الفضيل بن عياض ..كفى بالموت واعظا.الخلاصة :الحديث ضعيف مرفوعا وموقوفا(حاشية المطالب العالية، ج١٢ ص٤٧، تحت رقم الحديث ٢٧٤٣،كتاب الأدب، باب اكرام الجار)

[1] حدثنا الحسين بن إسحاق التسترى، عن إبراهيم بن المستمر العروقى، ثنا حاتم بن عباد بن دينار الحرشى، ثنا يحيى بن قيس الكندى، ثنا أبو حازم، عن سهل بن سعد الساعدى قال: مات رجل من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، فجعل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يثنون عليه، ويذكرون من عبادته، ورسول الله صلى الله عليه وسلم ساكت، فلما سكتوا، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: هل كان يكثر ذكر الموت؟ قالوا: لا، قال: فهل كان يدع كثيرا مما يشتهى؟ ، قالوا: لا، قال: ما بلغ صاحبكم كثيرا مما تذهبون إليه(المعجم الكبير للطبرانى، ج٦ص١٨٥، رقم الحديث ٥٩٤١)

علامہ ہیثمی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے، لیکن بعض حضرات نے اس سے اختلاف کرتے ہوئے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔ واللّٰہ تعالیٰ أعلم۔ [1]

بہرحال موت کو کثرت سے یاد کرنے کا حکم ہے، اس کی وجہ سے آخرت سے غفلت پیدا نہیں ہوتی اور دنیا کی حقیقت مستحضر رہتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمہ دَم موت کو یاد رکھنے، اور اس کی تیاری کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قال الهيثمي:رواه الطبراني، وإسناده حسن .(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٢٠٦ ، باب ذكر الموت)

وقال الالباني: (هل كان يكثر ذكر الموت؟ "قالوا: لا، قال: فهل كان يدع كثيرا مما يشتهي؟ "قالوا: لا، قال:"ما بلغ صاحبكم كثيرا مما تذهبون إليه)

ضعيف .أخرجه الطبراني في "المعجم الكبير (6/228/5941) "من طريق إبراهيم بن المستمر العروقي: ثنا حاتم بن عبد بن دينار الحرشي: ثنا يحيى ابن قيس الكندي: ثنا أبو حازم عن سهل بن سعد الساعدي قال:مات رجل من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، فجعل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يثنون عليه، ويذكرون من عبادته، ورسول الله صلى الله عليه وسلم ساكت، فلما سكتوا، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ...فذكره.

قلت وهذا إسناد ضعيف، رجاله ثقات، غير حاتم بن عباد هذا، فلم أجد له ترجمة، وقد ذكره المزي في شيوخ إبراهيم بن المستمر العروقي .وأما المنذري، فقال - (4/130)وتبعه الهيثمي "- (10/309)رواه الطبراني بإسناد حسن!"

وما أظنهما وقفا على ترجمة لحاتم هذا، فضلا عن توثيق من أحد من الآئمة، وقد قال فيه الهيثمي – في حديث آخر له –:

"لم أر من ذكر له ترجمة ."وقال في مكان آخر: "لم أعرفه ."انظر الحديث المتقدم . (6045)

ورواه البزار في "مسنده (4/240/3622) "من طريق يوسف بن عطية عن ثابت عن أنس به مختصرا جدا .وقال البزار: "لانعلم رواه عن ثابت عن أنس إلا يوسف ." قلت: وهو متروك، كما قال الهيثمي، وتبعه العسقلاني في "التقريب"، وهو بمعنى قوله في "مختصر الزوائد" : (2/467/2228) "وهو ضعيف جدا ." قلت: فلا يستشهد به، ولا سيما ولفظه مختصر(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث٦٥٠٧)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 22)

موت کے لئے ہمہ وقت تیار رہنے کا حکم

احادیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ آدمی کو موت کے لئے ہمہ وقت تیار رہنا چاہیے، موت کو ہر کام سے پہلے آجانے کے امکان کا عقیدہ اور یقین رکھنا چاہیے، اس کی وجہ سے بندہ آخرت سے غافل نہیں رہتا۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نُصْلِحُ خُصًّا لَنَا، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ قُلْنَا: خُصًّا لَنَا، وَهِيَ فَنَحْنُ نُصْلِحُهُ، قَالَ: فَقَالَ: أَمَا إِنَّ الْأَمْرَ أَعْجَلُ مِنْ ذٰلِكَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٦٥٠٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گذرے، اور ہم اس وقت اپنی جھونپڑی کی مرمت واصلاح کر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ یہ ہماری جھونپڑی ہے، جس کی ہم مرمت واصلاح کر رہے ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاد رکھو! کہ امر (یعنی موت) اس سے بھی جلدی آسکتی ہے (مسند امام احمد)

اس حدیث کو امام احمد کے علاوہ، دوسرے محدثین نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

[2] عن عبد الله بن عمرو قال: مر بي النبي صلى الله عليه وسلم وأنا وأمي نصلح خصا لنا فقال:" ما هذا يا عبد الله؟ "قال: قلت: خص لنا نصلحه فقال:" الأمر أسرع

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

مطلب یہ ہے کہ موت، انسان کے پاس گھر بنانے، یا گھر کی مرمت واصلاح کرنے سے بھی پہلے آسکتی ہے، اس لئے انسان کو ہر حال میں موت کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِیْ فَقَالَ: یَا عَبْدَ اللّٰہِ کُنْ فِی الدُّنْیَا کَأَنَّکَ غَرِیْبٌ، أَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ، وَاعْدُدْ نَفْسَکَ فِی الْمَوْتٰی (مسند احمد، رقم الحدیث ۴۷۶۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کا ایک حصہ پکڑ کر فرمایا کہ اے عبداللہ! دنیا میں اس طرح رہو، گویا کہ آپ اجنبی ہیں، یا آپ راستہ سے گزرنے والے (مسافر) ہیں، اور خود کو مُردوں میں شمار کرو (مسند احمد)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِیْ، فَقَالَ: یَا عَبْدَ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

من ذلک" (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۹۹۶، کتاب الجنائز، فصل فی الأمل)

قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ علی شرط الشیخین (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

عن عبد اللہ بن عمرو قال: مر بنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ونحن نصلح خصا لنا فقال: " ما ھذا؟ " فقلنا: خص لنا وھی فنحن نصلحہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: " ما أری الأمر إلا أعجل من ذلک " (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۹۹۷، کتاب الجنائز، فصل فی الأمل)

قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ، دون قولہ " :واعدُد نفسک فی الموتی "، فھو حسن لغیرہ، وھذا إسناد ضعیف لضعف لیث (حاشیة مسند احمد)

اللّٰہِ، کُنْ فِی الدُّنْیَا کَأَنَّکَ غَرِیْبٌ، أَوْ کَأَنَّکَ عَابِرُ سَبِیْلٍ، وَعُدَّ نَفْسَکَ مِنْ أَھْلِ الْقُبُوْرِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۱۴، ابواب الزهد، باب مثل الدنيا) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کا ایک حصہ پکڑ کر فرمایا کہ اے عبداللہ! دنیا میں اس طرح رہو، گویا کہ آپ اجنبی ہیں، یا گویا کہ آپ راستہ سے گزرنے والے (مسافر) ہیں، اور خود کو قبر والوں میں (یعنی مردہ) شمار کرو (ابنِ ماجہ)

فائدہ: یہ دنیا فانی ہے، اور یہاں پر ہر ایک انسان مختصر وقت کے لئے آیا ہے، اس لئے اس دنیا سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، اور انسان کو اس دنیا سے دل نہیں لگانا چاہئے، اور اپنے آپ کو مسافر اور اجنبی تصور کرتے ہوئے زندگی گزارنی چاہئے، اور اپنی توجہ آخرت کی اصل منزل کی طرف رکھنی چاہئے۔

پہلی روایت میں اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرنے کے الفاظ ہیں، اور دوسری روایت میں اپنے آپ کو قبر والوں میں شمار کرنے کے الفاظ ہیں، دونوں کا مطلب قریب قریب ہے، اور مقصد یہ ہے کہ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں، اور کسی بھی وقت موت آسکتی ہے، اس لئے اپنے آپ کو مُردوں، یا قبر والوں میں شمار کرنا چاہئے، اور مرنے اور قبر میں جانے کی فکر کرنی چاہئے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَا ابْنَ آدَمَ، اِعْمَلْ کَأَنَّکَ

[1] قال شعيب الارنؤوط:
حديث صحيح دون قوله" :وعُدَّ نفسک من أهل القبور "فهو حسن لغيره، ليث -وهو ابن أبی سليم -وإن كان ضعيفًا -قد توبع(حاشية سنن ابنِ ماجه)

تُـرٰی، وَعُـدَّ نَـفْسَکَ مَـعَ الْمَوْتٰی، وَإِیَّاکَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۸۵۲۲) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابنِ آدم! یہ سوچ کر عمل کیا کرو کہ گویا کہ تجھے (اللہ کی طرف سے) دیکھا جارہا ہے، اور تم اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کیا کرو، اور تم اپنے آپ کو مظلوم کی بددعاء سے بچایا کرو (مسند احمد)

فائدہ: ''تجھے دیکھا جارہا ہے'' کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بندہ کے ہر عمل کو دیکھ رہا ہوتا ہے، اس لئے عمل کرتے وقت یہ تصور رکھنا چاہئے، اس سے نیک عمل کو اچھے طریقہ پر اور خشوع کے ساتھ کرنے کی توفیق حاصل ہوتی ہے۔

بعض دیگر احادیث میں اس کی مزید تفصیل آئی ہے۔

زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

؎ قال شعیب الارنؤوط: حدیث قابل للتحسین، وإسناده ضعیف لضعف علی بن زید بن جدعان، ولجهالة الواسطة بینه وبین أبی هریرة، لکن له شواهد لا یخلو أحدها من مقال.

وحدیث أبی هریرة هذا تفرد به الإمام أحمد. ویشهد له حدیث زید بن أرقم عند أبی نعیم فی "الحلیة8/202-203 "، وفیه أبو سعید الراوی عن زید، لم نعرفه.

وحدیث أبی الدرداء عند الطبرانی فی "الکبیر "کما فی "المجمع(۲/۴۰)"، قال الهیثمی :فیه رجل من النخع -وهو الراوی عن أبی الدرداء -ولم أجد من ذکره.

وقد روی عن أبی الدرداء موقوفا عند ابن المبارک فی "الزهد(۱۵۵۱)"، والخطیب فی "اقتضاء العلم العمل(۱۸) "وفیه انقطاع بین الحسن البصری وبین أبی الدرداء .وانظر "الزهد" لوکیع(۱۳)بتخریج الأستاذ عبد الرحمن الفریوائی.

ویشهد له أیضاً حدیث معاذ بن جبل عند الطبرانی فی "الکبیر(۲۰/۳۷۴)"لکن دون دعوة المظلوم، وفیه انقطاع بین أبی سلمة وبین معاذ.

ویشهد للتحذیر من دعوة المظلوم غیر ما حدیث، انظر تخریج "الإحسان فی تقریب صحیح ابن حبان(۸۷۴)"و(۸۷۵)بتحقیقنا.قوله" :اعمل"، قال السندی :أی الأعمالَ الصالحة، "کأنک تری "أی :اللهَ، فهذه إشارة إلی مرتبة الإحسان، فقد جاء " :الإحسان أن تعبد الله کأنک تراه"(حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُعْبُدِ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنَّكَ إِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ وَكَأَنَّكَ مَيِّت، وَقَالَ خَلَّادٌ فِيْ حَدِيْثِهٖ وَاحْسِبْ نَفْسَكَ مَعَ الْمَوْتٰى وَزَادَ: وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَإِنَّهَا مُسْتَجَابَةٌ (حلية الاولياء لابی نعيم، ج۸ص ۲۰۲، تحت ترجمة ”عبد العزيز بن أبی رواد ومنهم العابد السجاد“) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی عبادت اس طریقہ سے کیجئے گویا کہ آپ اس (یعنی اللہ) کو دیکھ رہے ہیں، اور اگر آپ اس (یعنی اللہ) کو نہیں دیکھ رہے، تو وہ تو یقیناً آپ کو دیکھ رہا ہے، اور گویا کہ آپ مُردہ ہیں، اور خلّاد، راوی کی روایت میں یہ ہے کہ اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کیجیے، اور مظلوم کی بددعاء سے بچئے، کیونکہ وہ یقیناً قبول کی جاتی ہے (ابونعیم)

اس طرح کا مضمون حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے موقوفاً بھی مروی ہے۔ [2]

مطلب یہ ہے کہ بندہ کو چاہئے کہ اللہ کی اس طرح سے عبادت کرے، گویا کہ وہ اللہ کو دیکھ رہا ہے، اس لئے اسے چاہئے کہ وہ عبادت کے دوران، اللہ کے علاوہ کسی بھی دوسری چیز کی طرف اپنی توجہ نہ کرے، اور اگر کسی کو یہ مقام حاصل نہ ہو، تو پھر اسے چاہئے کہ وہ یہ تصور کر کے عبادت کرے کہ اللہ تو یقیناً اس کو دیکھ ہی رہا ہے، لہٰذا خشوع وخضوع کا لحاظ کر کے عبادت کرے، اس حالت، یا درجہ کو مشہور حدیث میں ”احسان“ بتلایا گیا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: أخرجه أبو نعيم فی "الحلية(۸/ ۲۰۲۔ ۲۰۳)"عن محمد بن أحمد بن الحسن أبی علی ابن الصواف، عن بشر بن موسى الأسدی، عن خلاد بن يحيى بن صفوان السلمی، عن عبد العزيز بن أبی رواد، عن أبی سعيد الأزدی، عن زيد بن أرقم، وهذا إسناد حسن(حاشية مسند احمد، تحت رقم الحديث ۴۲۷۴)

[2] أنا عبد العزيز بن أبی رواد، عن سعد، عن زيد بن أرقم قال :اعبد الله كأنك تراه، فإن لم تكن تراه فإنه يراك، واحسب نفسك مع الموتى، واجتنب دعوة المظلوم فإنها مستجابة(الزهد والرقائق لابن المبارك، ص ۶۳، زيادات الزهد برواية نعيم، باب فی الذب عن عرض المؤمن)

پھر اس حدیث میں یہ فرمایا گیا کہ اپنے آپ کو مُردہ تصور کرو، یا اپنے آپ کو مُردہ شمار کرو، یعنی اپنی موت کو قریب سمجھو اور اپنی موت وقبر کی ہر وقت تیاری رکھو، کسی لمحہ اس سے غفلت اختیار نہ کرو۔

اور پھر اس حدیث میں یہ فرمایا گیا کہ مظلوم کی بد دعاء سے بچو، کیونکہ وہ بہت جلد قبول کی جاتی ہے، اور ظالم پر اس کا وبال پڑتا ہے۔ [1]

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أُعْبُدِ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ كُنْتَ لَا تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ، وَاعْدُدْ نَفْسَكَ فِي الْمَوْتَى، وَإِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَإِنَّهَا مُسْتَجَابَةٌ، وَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَّشْهَدَ الصَّلَاتَيْنِ الْعِشَاءَ وَالصُّبْحَ وَلَوْ حَبْوًا فَلْيَفْعَلْ (شعب الإيمان للبيهقي، رقم الحديث ١٠٠٦٠، الحادي والسبعون من شعب الإيمان: وهو باب في الزهد وقصر الأمل) [2]

---

[1] عن أبي هريرة، قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم بارزا يوما للناس، فأتاه جبريل فقال: ما الإيمان؟ قال: الإيمان أن تؤمن بالله وملائكته، وكتبه، وبلقائه، ورسله وتؤمن بالبعث. قال: ما الإسلام؟ قال " : الإسلام: أن تعبد الله، ولا تشرك به شيئا، وتقيم الصلاة، وتؤدي الزكاة المفروضة، وتصوم رمضان ." قال: ما الإحسان؟ قال: أن تعبد الله كأنك تراه، فإن لم تكن تراه فإنه يراك، قال: متى الساعة؟ قال " : ما المسئول عنها بأعلم من السائل، وسأخبرك عن أشراطها: إذا ولدت الأمة ربها، وإذا تطاول رعاة الإبل البهم في البنيان، في خمس لا يعلمهن إلا الله " ثم تلا النبي صلى الله عليه وسلم: (إن الله عنده علم الساعة) الآية، ثم أدبر فقال: ردوه فلم يروا شيئا، فقال: هذا جبريل جاء يعلم الناس دينهم قال أبو عبد الله: جعل ذلك كله من الإيمان (صحيح البخاري، رقم الحديث ٥٠، باب سؤال جبريل النبي صلى الله عليه وسلم عن الإيمان والإسلام والإحسان وعلم)

[2] قال الالباني: "اعبد الله كأنك تراه، فإن لم تكن تراه فإنه يراك، واعدد نفسك في الموتى وإياك ودعوة المظلوم فإنها تستجاب، ومن استطاع أن يشهد الصلاتين العشاء والصبح ولو حبوا فليفعل."

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آپ اللہ کی اس طرح عبادت کیجئے کہ گویا کہ آپ اس (یعنی اللہ) کو دیکھ رہے ہیں، پھر اگر آپ اس کو نہیں دیکھ رہے، تو وہ (یعنی اللہ) تو یقیناً آپ کو دیکھ رہا ہے، اور اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کیجئے، اور اپنے آپ کو مظلوم کی بددعاء سے بچایئے، کیونکہ اس کی دعاء قبول کی جاتی ہے، اور جو کوئی تم میں سے دو نمازوں، یعنی عشاء اور فجر میں حاضر ہونے کی استطاعت رکھے، اگرچہ گھٹنوں کے بَل چل کر کیوں نہ ہو، تو اسے چاہئے کہ وہ ان دو نمازوں میں حاضر ہوا کرے (بیہقی)

حسن بصری کی روایت

حضرت حسن رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

رواه الطبراني في "الكبير" وابن عساكر في "تاريخ دمشق (١٥٣/٢/١٩)" عن رجل من النخع قال: سمعت أبا الدرداء حين حضرته الوفاة قال: أحدثكم حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: فذكره. هكذا بهذا السياق واللفظ أورده المنذري في "الترغيب" (١/١٥٤ و ٤ و ١٣٣) والهيثمي في "المجمع(٢/٤٠)" وأورده السيوطي في "الجامع الصغير" فزاد ونقص عازيا للطبراني أيضا في "الكبير" ورمز لحسنه، وقال ابن المنذري ": رواه الطبراني في "الكبير" وسمى الرجل المبهم جابرا ولا يحضرني حاله" وقال الهيثمي ": رواه الطبراني في الكبير، والرجل الذي من النخع لم أجد ذكره وسماه جابرا" وكأنه يشير إلى رد كلام المنذري المذكور. والله أعلم.

لكن الحديث له شاهد يقويه وإلى درجة الحسن يرقيه وهو بلفظ: "اعبد الله كأنك تراه فإنك إن لم تكن تراه فإنه يراك، واحسب نفسك مع الموتى، واتق دعوة المظلوم فإنها مستجابة." أخرجه أبو نعيم(٨/٢٠٢ ـ ٢٠٣) من طريق عن عبد العزيز بن أبي رداد عن أبي سعيد عن زيد بن أرقم به مرفوعا. وأبو سعيد هذا لم أعرفه وقد قال أبو نعيم عقب الحديث ": تفرد به أبو إسماعيل الأيلي" كذا وليس في الإسناد راو بهذه الكنية والنسبة وإنما فيه أبو سعيد كما ترى فلعل إحدى الكنيتين من تحريف بعض النساخ فإن في النسخة شيئا كثيرا من تحريفاتهم وعلى كل حال سواء كان أو أبا سعيد وأبا إسماعيل فإني لم أجد من ذكره. وأما السيوطي فقد رمز له بالحسن ولعله لشواهده التي منها ما تقدم ومنها ": اعبد الله كأنك تراه واعدد نفسك في الموتى واذكر الله عند كل حجر وعند كل شجر وإذا عملت سيئة بجنبها حسنة السر بالسر والعلانية بالعلانية". (سلسلة الأحاديث الصحيحة، رقم الحديث ١٤٧٤)

www.idaraghufran.org

قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: اِبْنَ آدَمَ اِعْمَلْ لِلّٰهِ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، وَاعْدُدْ نَفْسَكَ فِي الْمَوْتٰى، وَإِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُومِ (الزهد والرقائق لابن المبارك، ص ۵۴۲، رقم الحديث ۱۵۵۱، باب فضل ذكر الله عز وجل)

ترجمہ: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے ابنِ آدم! اللہ کے لئے اس طرح عمل کرو، گویا کہ آپ اس کو دیکھ رہے ہیں، اور اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرو، اور اپنے آپ کو مظلوم کی بددعاء سے بچاؤ (ابنِ مبارک)

فائدہ: اس حدیث میں بھی پہلے اللہ کی اس طرح عبادت کرنے کا حکم فرمایا گیا ہے، گویا کہ بندہ اللہ کو دیکھ رہا ہے، اور اگر یہ مقام حاصل نہ ہو، تو اللہ کے دیکھنے کا تصور کر کے عبادت کرنے کا حکم فرمایا گیا، اور پھر اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرنے کا حکم فرمایا گیا، اور اس کے بعد مظلوم کی بددعاء سے بچنے کا حکم فرمایا گیا، ان چیزوں کی تشریح پہلے گزر چکی ہے۔

اور آخر میں عشاء اور فجر کی نمازوں میں حاضر ہونے کی تاکید کو خاص انداز میں بیان کیا گیا، دوسری کئی احادیث میں بھی ان دونوں نمازوں میں حاضر ہونے کی تاکید واہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَوْصِنِي، فَقَالَ: اُعْبُدِ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، وَاعْدُدْ نَفْسَكَ فِي الْمَوْتٰى، وَاذْكُرِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ كُلِّ حَجَرٍ وَعِنْدَ كُلِّ شَجَرٍ، وَإِذَا عَمِلْتَ سَيِّئَةً فَاعْمَلْ بِجَنْبِهَا حَسَنَةً: اَلسِّرُّ بِالسِّرِّ، وَالْعَلَانِيَةُ بِالْعَلَانِيَةِ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَمْلَكِ النَّاسِ مِنْ ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَخَذَ بِطَرَفِ لِسَانِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

كَأَنَّهُ يَتَهَاوَنُ بِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ عَلٰى مَنَاخِرِهِمْ فِي النَّارِ إِلَّا هٰذَا؟ وَأَخَذَ بِطَرَفِ لِسَانِهٖ(المعجم الكبير للطبراني، ج ٢٠ ص ١٧٥، رقم الحديث ٣٧٤) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی وصیت فرمادیجئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اللہ کی اس طرح عبادت کیجئے گویا کہ آپ اس کو دیکھ رہے ہو، اور اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کیجئے، اور اللہ عزوجل کا ہر پتھر کے پاس اور ہر درخت کے پاس ذکر کیجئے، اور جب آپ کوئی برا کام کریں، تو اسی کے ساتھ کوئی اچھا کام کیجئے، چھپ کر کیا ہو، تو چھپ کر کیجئے، اور علانیہ کیا ہو، تو علانیہ کیجئے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں لوگوں کی ان سب چیزوں کی طرف سے کفایت کرنے والی چیز کی خبر نہ

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وأبو سلمة لم يدرك معاذا، ورجاله ثقات(مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٢٠٧، باب وصية رسول الله صلى الله عليه وسلم)

وقال المنذري:

وعن معاذ رضي الله عنه قال يا رسول الله أوصني قال اعبد الله كأنك تراه واعدد نفسك في الموتى وإن شئت أنبأتك بما هو أملك بك من هذا كله قال هذا وأشار بيده إلى لسانه.

رواه ابن أبي الدنيا بإسناد جيد(الترغيب والترهيب، للمنذري، ج٢ص ٣٤١، كتاب الأدب وغيره، الترغيب في الصمت إلا عن خير والترهيب من كثرة الكلام)

وقال الالباني:

"اعبد الله كأنك تراه واعدد نفسك في الموتى واذكر الله عند كل حجر وعند كل شجر وإذا عملت سيئة فاعمل بجنبها حسنة السر بالسر والعلانية بالعلانية ."

رواه الطبراني في الكبير عن أبي سلمة قال :قال معاذ :قلت :يا رسول الله أوصني قال فذكره، قال الهيثمي (٢١٨/٤) " :رواه الطبراني وأبو سلمة لم يدرك معاذا ورجاله ثقات ."وقال المنذري(١٣٢/٤) " :رواه الطبراني بإسناد جيد إلا أن فيه انقطاعا بين أبي سلمة ومعاذ ."قال المناوي عقبه: "وقد رمز المصنف لحسنه."

قلت :وهو حري بذلك، فإن له شواهد متفرقة في أحاديث عدة، فالجملتان الأوليان شاهدة في قبله .وانظر الحديث الماضي برقم (١١٧٥) وانظر الحديث (١٠٧٠) من "السنة "لابن أبي عاصم(سلسلة الأحاديث الصحيحة، رقم الحديث ١٤٧٥)

www.idaraghufran.org

دے دوں؟ میں نے عرض کیا کہ بے شک اے اللہ کے رسول! تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان کے کنارے کو پکڑا (مطلب یہ تھا کہ زبان کو قابو میں رکھو) میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اتنی چھوٹی چیز کی (اتنی اہمیت ہے؟) تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں کو اپنی ناکوں کے بَل صرف اُن کی زبانوں کی کھیتیاں ہی گرائیں گی، اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان کے کنارے کو پکڑا (اور اس طرح زبان کی اہمیت کو سمجھایا) (طبرانی)

اس حدیث سے بھی اپنے آپ کو مُردوں میں شمار کرنے کا حکم معلوم ہوا، جس کی تشریح پہلے گزر چکی ہے۔

اس کے علاوہ مذکورہ حدیث میں ایک بات یہ بھی فرمائی گئی کہ ہر درخت اور پتھر کے پاس سے گزرتے ہوئے اللہ کا ذکر کرے، یعنی کسی حال میں اللہ کی یاد سے غافل نہ ہو۔

اور اس حدیث میں ایک بات یہ فرمائی گئی کہ جب بھی کوئی گناہ وخطاء سرزَد ہو جائے، تو اسی وقت کوئی اچھا اور نیک کام بھی کرے، اگر چھپ کر برا کام کیا تھا، تو چھپ کر اسی حالت میں نیک کام کرے، اور اگر علانیہ کوئی برا کام کیا تھا، تو اسی وقت اور اسی حالت میں نیک عمل مثلاً استغفار، یا کوئی دوسرا نیک کام کرے۔

اور آخر میں زبان کی حفاظت کا حکم فرمایا، اور زبان کو برائی میں استعمال کرنے سے روک کر رکھنا اور اچھائی میں استعمال کرنا مذکورہ سب کاموں میں زیادہ اہم ہے، کیونکہ جہنم میں ناک کے بَل لوگوں کو گھسیٹ کر زبان کے کرتُوتوں کی وجہ سے داخل کیا جائے گا۔

خلاصہ یہ کہ کئی احادیث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ انسان کو چاہئے کہ وہ اپنے آپ کو مُردوں اور قبر والوں میں شمار کرے، اور ہر وقت موت کو یاد رکھے، اور ہر لمحہ موت کے لئے تیار رہے، اور کسی وقت موت سے غافل نہ ہو۔

(فصل نمبر 23)

موت، آرزوؤں سے بہت پہلے ہے

جو بھی انسان دنیا میں آتا ہے، وہ موت سے پہلے بڑے بڑے منصوبے اور پروگرام بنا کر رکھتا ہے، لیکن کسی بھی انسان کے وہ تمام منصوبے پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچتے، وہ ان کی تکمیل سے پہلے ہی دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے، اس لئے احادیث میں فرمایا گیا ہے کہ انسان کی آرزوؤں سے اس کی موت زیادہ قریب اور پہلے ہوتی ہے۔

اس طرح کی احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطُوْطًا، فَقَالَ: هٰذَا الْأَمَلُ وَهٰذَا أَجَلُهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ جَاءَهُ الْخَطُّ الْأَقْرَبُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ٦٤١٨، کتاب الرقاق، باب فی الأمل وطوله)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (زمین پر) چند خطوط (یعنی نشانات) کھینچے، پھر فرمایا کہ یہ (دور والا خط تو) انسان کی آرزوئیں ہیں، اور یہ (قریب والا خط) اس کی موت ہے، پس وہ انسان اسی طرح ہوتا ہے کہ اچانک اس کے پاس قریب والا خط (یعنی موت کا پیغام) آجاتا ہے (اور آرزوئیں اسی طرح دنیا میں رہ جاتی ہیں) (بخاری)

مطلب یہ ہے کہ انسان کی خواہش، آرزوئیں اور تمنائیں تو بہت ہوتی ہیں، مگر موت ان سے

پہلے آجاتی ہے، اور انسان کی وہ تمنائیں اور خواہشیں یا آرزویں پوری نہیں ہوتیں۔

انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَمَعَ أَصَابِعَهُ فَوَضَعَهَا عَلَى الْأَرْضِ، فَقَالَ: هٰذَا ابْنُ آدَمَ، ثُمَّ رَفَعَهَا فَوَضَعَهَا خَلْفَ ذٰلِكَ قَلِيْلًا، وَقَالَ: هٰذَا أَجَلُهُ، ثُمَّ رَمٰى بِيَدِهِ أَمَامَهُ قَالَ: وَثَمَّ أَمَلُهُ (مسند احمد، رقم الحديث ١٢٢٣٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو ملا کر زمین پر رکھا، پھر فرمایا کہ یہ ابنِ آدم (یعنی انسان) ہے، پھر ان انگلیوں کو اٹھا کر تھوڑا سا اس جگہ کے پیچھے رکھا اور فرمایا کہ یہ (انسان کے قریب میں) اس (انسان) کی موت ہے، پھر اپنا ہاتھ اس کے سامنے (یعنی اس سے کچھ آگے) رکھ کر فرمایا کہ یہ اس کی آرزویں ہیں (مسند احمد)

انس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا ابْنُ آدَمَ وَهٰذَا أَجَلُهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عِنْدَ قَفَاهُ، ثُمَّ بَسَطَهَا فَقَالَ: وَثَمَّ أَمَلُهُ وَثَمَّ أَمَلُهُ (سنن الترمذى، رقم الحديث ٢٣٣٤، ابواب الزهد، باب ما جاء فى قصر الأمل) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ابنِ آدم ہے، اور یہ (اس کے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح وفى الباب عن أبى سعيد.

Idara Ghufran

قریب) اس کی موت کا وقت ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اس (موت والی جگہ) کے پیچھے رکھ کر اسے پھیلایا، پھر فرمایا کہ اور یہاں اس کی آرزوئیں ہیں، اور یہاں اس کی آرزوئیں ہیں (ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ انسان اور اس کی موت ایک دوسرے سے قریب ہیں، اور انسان کی منصوبہ بندیوں، اور آرزوؤں کا سلسلہ ان دونوں سے بہت دور دراز تک پھیلا ہوا ہے، جو کبھی پورا نہیں ہوتا، کیونکہ موت، اس سے پہلے پہنچ جاتی ہے۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَرَزَ بَيْنَ يَدَيْهِ غَرْزًا، ثُمَّ غَرَزَ إِلٰى جَنْبِهِ آخَرَ، ثُمَّ غَرَزَ الثَّالِثَ فَأَبْعَدَهُ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: هٰذَا الْإِنْسَانُ، وَهٰذَا أَجَلُهُ، وَهٰذَا أَمَلُهُ يَتَعَاطَى الْأَمَلَ وَالْأَجَلُ، يَخْتَلِجُهُ دُوْنَ ذٰلِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ١١١٣٢) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سامنے ایک لکڑی گاڑی، پھر اس کے ساتھ میں، دوسری لکڑی گاڑی، پھر اس کے ساتھ تیسری لکڑی گاڑی، اس کو فاصلہ پر گاڑا، پھر فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو، یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ درمیان کی لکڑی انسان ہے، اور یہ اس کے قریب میں دوسری لکڑی اس (انسان) کی موت ہے، اور یہ سب سے دور والی لکڑی انسان کی آرزو اور امیدیں ہیں، انسان، آرزوؤں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده جيد (مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اور امیدوں کو پوری کرنا چاہتا ہے، لیکن موت ان (آرزوؤں) سے پہلے ہی حرکت میں آجاتی ہے (وہ آرزوؤں کو پورا نہیں ہونے دیتی) (مسند احمد)

اس طرح کی حدیث اور سندوں سے بھی مروی ہے۔ [1]

مذکورہ احادیث کا مطلب یہ ہے کہ انسان کو ہر طرف اس کے قریب سے موت نے گھیر رکھا ہے، اور وہ موت سے کسی طرح بھی بچ نہیں سکتا، لیکن انسان کی آرزؤں اور تمناؤں کا دائرہ بڑا وسیع ہے، جو اس کو موت سے دور اور موت کے بعد کی خواہشات اور منصوبہ بندی پر لگا تا رہتا ہے، اور اس کی تمنائیں اور آرزویں پوری ہونے سے پہلے موت آجاتی ہے، اور انسان اسی حال میں دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے۔

اور واقعہ بھی یہی ہے کہ انسان اپنی زندگی کے بڑے بڑے منصوبے بناتا ہے، خیالی پلاؤ پکاتا ہے، شادی بیاہ، کاروبار، مال ودولت کی فراوانی اور بہت کچھ کرنے کا سوچتا ہے، لیکن ان کی تکمیل سے پہلے ہی اس کی موت آجاتی ہے، اور اس کی خواہشات پوری نہیں ہوتیں، اسی کو کسی شاعر نے کہا ہے کہ:

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دَم نکلے
بہت نکلے مرے ارماں، مگر پھر بھی کم نکلے

---

[1] عن أبی المتوكل الناجی، قال :أخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة أعواد، فغرز عودا بين يديه، والآخر إلى جنبه، فأما الثالث فأبعده، فقال :أتدرون ما هذا؟ قالوا: الله ورسوله أعلم، قال :فإن هذا الإنسان، وذاك الأجل، وذلك الأمل يتعاطاه ابن آدم، ويختلجه الأجل دون ذلك(الزهد والرقائق لابن المبارك،ص ٨٦ ، رقم الحديث ٢٥٤ ،باب النهی عن طول الأمل)

قال الالبانی:قلت :وهذا المرسل صحيح أيضا، ولا يعل به الموصول؛ لأنه من رواية جماعة من الثقات، ومعهم زيادة؛ فهی مقبولة اتفاقا.وللحديث شواهد(سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٣٤٢٨)

عن جابر بن زيد قال :أخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة أعواد، فغرس إلى جنبه واحدا، ثم مشى قليلا فغرس آخر، ثم مشى قليلا فغرس آخر، ثم قال :هل تدرون ما هذا؟ هذا مثل ابن آدم، وأجله وأمله، فنفسه تتوق إلى أمله، ويخترمه أجله دون أمله (الزهد لوكيع،ص ٤٣٦، ٤٣٧، رقم الحديث ١٨٩ ،باب الأمل والأجل)

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ خَطَّ خَطًّا مُرَبَّعًا، وَخَطًّا وَسَطَ الْخَطِّ الْمُرَبَّعِ، وَخُطُوطًا إِلٰى جَانِبِ الْخَطِّ الَّذِيْ وَسَطَ الْخَطِّ الْمُرَبَّعِ، وَخَطًّا خَارِجًا مِنَ الْخَطِّ الْمُرَبَّعِ، فَقَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا هٰذَا؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: هٰذَا الْإِنْسَانُ الْخَطُّ الْأَوْسَطُ، وَهٰذِهِ الْخُطُوْطُ إِلٰى جَنْبِهِ الْأَعْرَاضُ تَنْهَشُهُ-أَوْ تَنْهَسُهُ-مِنْ كُلِّ مَكَانٍ، فَإِنْ أَخْطَأَهُ هٰذَا، أَصَابَهُ هٰذَا، وَالْخَطُّ الْمُرَبَّعُ الْأَجَلُ الْمُحِيْطُ، وَالْخَطُّ الْخَارِجُ الْأَمَلُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۲۳۱، ابواب الزهد، باب الامل والاجل، مسند احمد، رقم الحديث ۳۶۵۲) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مربع (یعنی چورس، یا چوکور) خط کھینچا اور اس مربع خط کے درمیان میں ایک اور خط کھینچا، اور اس درمیان والے خط کے اردگرد بہت سے خط کھینچے، اور ایک خط اس مربع خط کے باہر کھینچا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جانتے ہو، یہ کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درمیان والا خط تو انسان ہے، اور یہ اس کے اردگرد جو کئی خط ہیں، یہ آفتیں ہیں، جو ہمیشہ اس کو کاٹتی اور ڈستی رہتی ہیں، اگر ایک آفت سے بچ جاتا ہے، تو دوسری آفت پہنچ جاتی ہے، اور مربع خط موت ہے، جس نے اس کو چاروں طرف سے گھیرا ہوا ہے، اور مربع (یعنی چورس) خط سے باہر جو خط ہے، وہ اس کی آرزوئیں ہیں (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)
وقال ايضاً: اسناده صحيح علىٰ شرط الشيخين (حاشيةمسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ دنیا میں انسان کی زندگی کے قریب اور اردگرد مختلف قسم کی آفتیں، بیماریاں اور مختلف حادثات وتغیرات لگے ہوئے ہیں، ایک آفت سے بچتا ہے، تو دوسری میں مبتلا ہوجاتا ہے، اور زندگی بھر یہی سلسلہ چلتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ بیماریوں اور آفتوں والے خط سے نکل کر موت کے خط تک پہنچ جاتا ہے، یعنی فوت ہوجاتا ہے، لیکن اس کی تمناؤں اور آرزوؤں کا دائرہ اور خط اس کی موت سے بھی وسیع ہے، وہ موت تک بھی پورا نہیں ہوتا۔ [1]

جیسا کہ کسی نے کہا ہے کہ:

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں ساماں سو برس کا ہے، پَل کی خبر نہیں

اس لئے ہر انسان کو چاہئے کہ اپنی خواہشات، تمناؤں اور آرزوؤں کے مقابلہ میں اپنی موت کو قریب سمجھے اور موت وآخرت کے لئے ہر دَم تیار رہے، کسی لحہ غفلت اختیار نہ کرے۔

اسی کو کسی نے کہا ہے کہ:

رہ کے دنیا میں بشر کو نہیں زیبا غفلت
موت کا دھیان بھی لازم ہے کہ ہر آن رہے

جو بھی بشر آتا ہے، دنیا میں یہ کہتی ہے قضا
میں بھی پیچھے چلی آتی ہوں ذرا دھیان رہے

اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو اپنی آرزوؤں کے مقابلہ میں، موت کو یاد رکھنے اور قریب سمجھنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] قوله :(الأعراض) أى :الأمور التى تعرضه من الأمراض والأحوال المتغيرة والآفات (تنهشه، أو تنهسه) أحدهما بالشين المعجمة والثانى بالمهملة ومعناهما قريب، بل واحد وهو الأخذ بالأسنان والمقصود من الحديث التعجب من حال الإنسان وأنه لا يفوت الأجل لكونه محيطا به من الجوانب كلها وأنه معروض للإعراض قبل ذلك ومع ذلك يؤمل أملا قد جاوز أجله(حاشية السندى علىٰ سنن ابنِ ماجه، ج۲ ص۵۵۸، ابواب الزهد، باب الامل والاجل)

(فصل نمبر 24)

امتِ محمدیہ کی غالب واکثر عمر

کئی احادیث میں یہ بتلایا گیا ہے کہ اس امت کے اکثر لوگوں کی عام طور پر عمر ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان میں ہوگی۔

اس طرح کی احادیث کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمْرُ أُمَّتِيْ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ سَنَةً إِلَى السَّبْعِيْنَ (مسند ابی یعلیٰ، رقم الحدیث ٦٦٥٦، مسند أبی هريرة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی عمر ساٹھ سال سے لے کر ستر سال کے درمیان ہوگی (ابویعلیٰ)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت میں درجِ ذیل الفاظ مروی ہیں:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَعْمَارُ أُمَّتِيْ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ إِلَى السَّبْعِيْنَ، وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَّجُوْزُ ذٰلِكَ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٤٢٣٦، ابواب الزهد، باب الأمل والأجل) [2]

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن، الحسن بن عرفة ومحمد بن عمرو صدوقان، وباقی رجاله ثقات (حاشية سنن ابن ماجه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی عمریں ساٹھ سال سے لے کر ستر سال کے درمیان ہوں گی، اوران میں سے کم ہی ایسے لوگ ہوں گے، جواس سے زیادہ عمر پائیں (ابن ماجہ)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دیگر روایات

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں امتِ محمدیہ کی عمر ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہونے کے بعد یہ اضافہ بھی ہے کہ اس امت کے لوگ ستر سال کی عمر تک کم ہی پہنچیں گے۔ [1]

مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی عمر، خواہ وہ امتِ مسلمہ ہو یا امتِ غیر مسلمہ، عام طور پر اور اکثریت کے لحاظ سے ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان ہوگی، اور ستر سال، یا اس سے زیادہ کی عمر پانے والوں کی تعداد اکثریت کے مقابلہ میں کم ہوگی۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ إِلَى السَّبْعِيْنَ (مسند أبی یعلیٰ، رقم الحدیث ۶۵۴۳، مسند أبی هريرة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (اس امت کی) عمروں کے اُترنے (یعنی ختم ہونے) کا میدان ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان ہے (ابو یعلیٰ)

اس حدیث کی سند میں اگرچہ کچھ ضعف پایا جاتا ہے۔ [2]

---

[1] حدثنا محمد بن عبد العزيز بن محمد بن ربيعة الكلابی قال: حدثنی أبی، عن جدی قال: نا كامل أبو العلاء، عن أبی صالح، عن أبی هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أعمار أمتی ما بين الستين إلى السبعين، قال صلى الله عليه وسلم: وأقل أمتی أبناء السبعين (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۵۸۷۲، باب الميم)

[2] قال حسين سليم أسد الدارانی: إسناده ضعيف (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

لیکن اس کی تائید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی گزشتہ روایات سے ہوتی ہے۔
اس روایت کا مطلب بھی یہی ہے کہ اس امت کی غالب و اکثریت کی عمر ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان ہوگی، اور اسی درمیان عادتاً طبعی موت واقع اور نازل ہوگی۔

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس امت کے اکثر لوگوں کی عمر ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان ہونے کی حدیث، حضرت انس رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]
جس کی سند کو متعدد محدثین واہلِ علم حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے۔ [2]
لیکن اس مضمون کی تائید حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی حسن درجہ کی معتبر حدیث سے ہوتی ہے، جیسا کہ پہلے گزرا۔ [3]

---

[1] حدثنا سريج، حدثنا هشيم، أخبرنا بعض أصحابنا، عن قتادة، عن أنس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: عمر أمتي ما بين الستين إلى السبعين، وأقلهم الذين يبلغون ثمانين (مسند ابی یعلیٰ، رقم الحديث ٢٩٠٢، مسند أنس بن مالك)

[2] قال حسين سليم أسد: إسناده ضعيف (حاشية مسند ابی یعلیٰ)
و قال الهيثمي: رواه أبو يعلى، وفيه شيخ هشيم لم يسم، وبقية رجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٥٦٦، باب فى أعمار هذه الأمة)

[3] وقال الالبانی:
أقل أمتي الذين يبلغون السبعين ."
رواه ابن الضريس فى "أحاديث مسلم بن إبراهيم الفراهيدى (1 / 5) "والعقيلى فى "الضعفاء (56) "عن بحر بن كنيز عن قتادة عن أنس بن مالك مرفوعا. ذكره العقيلى فى ترجمة بحر هذا وقال: "ليس له أصل من حديث قتادة ولا يتابع عليه بحر ."ثم روى عن البخارى أنه قال فيه: " ليس هو عندهم بالقوى، وليس لهذا المتن حديث يثبت، والرواية فيه فيها لين ."ومن طريق بحر رواه ابن عدى أيضا (39/2) وقال:الضعف على حديثه بين، وهو إلى الضعف أقرب . ثم رواه ابن عدى (2 / 213) عن أبى عباد بن سعيد المقبرى عن أبيه عن أبى هريرة مرفوعا بلفظ: " أقل أمتى أبناء السبعين "وقال: " أبو عباد عبد الله بن سعيد المقبرى عامة ما يرويه الضعف عليه بين ."لكن يبدو أنه لم يتفرد به، فقد عزاه السيوطى للحكيم الترمذى من حديث أبى هريرة به .

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی حدیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ اس امت کے کم لوگ ہی ستر سال کی عمر کو پہنچیں گے، جس سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی گزشتہ حدیث کی تائید ہوتی ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فقال المناوی: " وفیه محمد بن ربیعة، أورده الذهبی فی "ذیل الضعفاء "وقال: لا یعرف .وكامل أبو العلاء جرحه ابن حبان ."

قلت: كامل من رجال مسلم وهو حسن الحديث، وفی "التقريب " :"صدوق يخطیء، من السابعة ."وكامل بن ربيعة معروف بالصدق كما تقدم فی الحديث (757)وهو نحو هذا .فالحديث حسن عندی لذاته أو علی الأقل بمجموع طرقه.

وقد روی من حديث ابن عمر مرفوعا بلفظ الترجمة .أخرجه الطبرانی فی "الكبير " (رقم – 13594) من طريق سعيد بن راشد السماك عن عطاء عنه . وسعيد هذا قال البخاری: " منكر الحديث ."وقال النسائی: " متروك ."ثم وجدت لعبد الله بن سعيد المقبری متابعا، ولكنه مثله فی الضعف أخرجه أبو يعلی فی "مسنده (1542)" من طريق إبراهيم بن الفضل بن سليمان مولی بنی مخزوم عن المقبری به .وفی لفظ له: "معترك المنايا بين الستين إلی السبعين ."وأخرجه الرامهرمزی فی "الأمثال " (47 / 1) والخطيب فی "التاريخ (476 / 5)" والقضاعی . (2 / 15)قال الحافظ: " إبراهيم بن الفضل المخزومی متروك ."لكن يشهد له حديث أبی هريرة المتقدم هناك برقم (727)فإنه عند الثعلبی من طريق ابن عرفة بهذا اللفظ. والله أعلم (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۵۱۷)

[1] حدثنا أحمد بن عبد الوهاب المصيصی، ثنا داود بن معاذ، ثنا سعيد بن راشد السماك، عن عطاء، عن ابن عمر، قال: قال رسول الله صلی الله عليه وسلم: " أقل أمتی الذين: يبلغون السبعين "(المعجم الكبير للطبرانی، ج۱۲ ص ۴۳۶، رقم الحديث ۱۳۵۹۴)

قال الهيثمی: وعن ابن عمر قال: قال رسول الله – صلی الله عليه وسلم –: أقل أمتی الذين يبلغون السبعين.

رواه الطبرانی، قلت: لعله "التسعين ."فإن هذا من النسخة التی كتبت منها لم تقابل .والله أعلم (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۵۶۸، باب فی أعمار هذه الأمة)

حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی سند سے ایک روایت میں یہ مضمون آیا ہے کہ اس امت کی عمر پچاس سے ساٹھ کے درمیان ہوگی۔

مگراس روایت کی سند میں ضعف پایا جاتا ہے۔

علاوہ ازیں اس سے زیادہ معتبر سند کے ساتھ مروی روایات میں پچاس کے بجائے، ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان ہونے کا ذکر ہے۔

البتہ اگر کچھ دوسرے لوگوں کی عمر پر اس کو محمول کیا جائے، تو کوئی ٹکراؤ باقی نہیں رہتا۔ [1]

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] حدثنا إبراهيم بن هانى، قال: أخبرنا إبراهيم بن مهدى، قال: أخبرنا عثمان بن مطر، عن أبى مالک، عن ربعى، عن حذيفة رضى الله عنه أنه قال: يا رسول الله، أنبئنا بأعمار أمتک، قال: ما بين الخمسين إلى الستين ، قالوا: يا رسول الله، فأبناء السبعين، قال: قل من يبلغها من أمتى رحم الله أبناء السبعين، ورحم الله أبناء الثمانين وهذا الكلام لا نعلمه يروى عن النبى صلى الله عليه وسلم، بهذا اللفظ إلا عن حذيفة بهذا الإسناد، وعثمان بن مطر هذا رجل من أهل البصرة ليس بالقوى (مسند البزار، رقم الحديث ٢٨٤٢ ،مسند حذيفة بن اليمان رضى الله عنهما)

قال الهيثمى: رواه البزار، وفيه عثمان بن مطر، وهو ضعيف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٥٦٧ ، باب فى أعمار هذه الأمة)

Idara Ghufran

(فصل نمبر25)

ساٹھ سال کی عمر ہونے پر اللہ کی طرف سے عذر کا مکمل ہونا

بعض احادیث میں یہ بھی واضح کر دیا گیا ہے کہ ساٹھ، یا بعض روایات کے مطابق ستر سال کی عمر ہونے پر بندہ کی طرف سے اللہ کے سامنے کوئی عذر قابلِ قبول نہیں رہتا، اگر اس وقت تک بھی بندہ اپنی آخرت کو درست نہ کرے، تو بہت بڑی بد بختی کی بات ہے، کیونکہ ساٹھ سال، عمر کا بہت بڑا حصہ ہے، جس میں انسان کو دنیا کا اتار چڑھاؤ، اور اس کے بدلتے اور ڈھلتے، اور زوال پذیر ہوتے ہوئے حالات و مناظر دیکھ کر عبرت و بصیرت حاصل کر ہی لینی چاہیے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلٰى امْرِءٍ أَخَّرَ أَجَلَهُ، حَتّٰى بَلَّغَهُ سِتِّيْنَ سَنَةً (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤١٩، كتاب الرقاق، باب: من بلغ ستين سنة فقد أعذر الله إليه فى العمر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے جس شخص کو لمبی عمر دی، یہاں تک کہ اس کو ساٹھ سال کی عمر تک پہنچا دیا (اور اس نے پھر بھی اپنی غلط روش کو نہیں چھوڑا) تو پھر اللہ اس کے عذر کو قبول نہیں کرے گا (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دیگر روایات

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی مسند احمد اور صحیح ابنِ حبان میں روایت ہے:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَمَّرَهُ اللّٰهُ سِتِّيْنَ سَنَةً،

فَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِ فِي الْعُمُرِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۹۳۹۴، صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۲۹۷۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو اللہ نے ساٹھ سال تک کی زندگی عطاء فرمادی، تو اللہ نے اس کی عمر کے معاملہ میں (اس کے لیے اصلاح کا سامان کرنے میں) کوئی عذر نہیں چھوڑا (مسند احمد)

اور مسند احمد کی ایک روایت میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلٰى عَبْدٍ أَحْيَاهُ حَتّٰى بَلَغَ سِتِّيْنَ أَوْ سَبْعِيْنَ سَنَةً، لَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِ، لَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۷۷۱۳) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ اس بندے کا عذر پورا کردیتا ہے، جسے اللہ نے ساٹھ، یا (حد سے حد) ستر سال تک کی زندگی عطاء فرمائی ہو، اللہ اس کا عذر پورا کردیتا ہے، اللہ اس کا عذر پورا کردیتا ہے (مسند احمد)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار تاکید کے لیے ایک ہی جملہ کو دہرایا۔

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عُمِّرَ مِنْ أُمَّتِيْ سَبْعِيْنَ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد وصحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط:
حديث صحيح، وهذا إسناد رجاله ثقات رجال الشيخين غير الرجل الذى من بنى غفار، وهو معن بن محمد الغفارى، كما جاء مصرحاً به فى رواية البخارى وغيره، وهو صدوق حسن الحديث، ثم هو متابعٌ فى الحديث كما سيأتى (حاشية مسند احمد)

Idara Ghufran

سَنَةً، فَقَدْ أَعْذَرَ اللّٰهُ إِلَيْهِ فِي الْعُمُرِ (المستدرک علی الصحیحین للحاکم، رقم الحدیث ۳۶۰۱، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الملائکۃ) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں سے جس شخص کو ستر سال کی زندگی دے دی گئی، تو اللہ نے عمر کے معاملہ میں اس کا عذر پورا کردیا (جس کے بعد اصلاح نہ کرنے پر عذر، قابلِ سماعت نہ ہوگا) (حاکم)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ستر کے بجائے ساٹھ سال کی عمر کا ذکر ہے۔ [2]

مطلب یہ ہے کہ جب بندہ کی عمر ساٹھ سال کی ہوجاتی ہے، تو اس پر اللہ کی طرف سے حجت پوری ہوجاتی ہے، اور اس کے بعد اصلاح نہ ہونے پر اللہ کے یہاں کسی عذر کا قبول ہونا مشکل ہے۔

اس امت کی عمومی اور اکثر عمر ساٹھ سے ستر سال کے درمیان بیان کی گئی ہے، اس لیے ساٹھ سال کی عمر ایسی ہے کہ جس میں موت کی آمد کا امکان بڑھ جاتا ہے، لہٰذا اس عمر میں اللہ کی طرف سے حجت بھی پوری ہوجاتی ہے، اس لیے اس عمر میں توبہ واستغفار اور طاعات کے اہتمام کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔

بعض روایات میں ساٹھ سال کے بجائے ستر سال کا ذکر آیا ہے، جس میں بعض حضرات نے تو ساٹھ سال کی عمر کی روایات کو ترجیح دی ہے، اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ بعض کمزور لوگوں کو ساٹھ سال کے بجائے ستر سال کی عمر میں یہ حکم دیا جاتا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ بندہ کی طرف

---

[1] قال الحاکم: صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ.
و قال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

[2] حدثنا محمد بن علی بن حبیش، ثنا أحمد بن القاسم بن مساور، ثنا خلف بن هشام، ثنا حماد بن زید، عن أبی حازم، عن سهل بن سعد، -أو غیره -رفعه قال :إذا بلغ العبد -أو قال إذا عمر العبد -ستین سنة فقد أبلغ الله إلیه، وأعذر الله إلیه فی العمر (حلیة الاولیاء لابی نعیم، ج۶ ص ۲۶۵، تحت ترجمة "حماد بن زید")

سے عذر قبول نہ کیے جانے کا آغاز تو ساٹھ سال کی عمر میں ہو جاتا ہو، اور اس حکم میں سختی وشدت ستر سال کی عمر پوری ہونے پر پیدا ہو جاتی ہو۔ واللہ أعلم۔

بہر حال بندہ کے حق میں اللہ کی طرف سے عذر پورا ہونے کی اصولی درجہ میں عمر ساٹھ سال ہی ہے، جس کی تائید آنے والی بعض روایات سے بھی ہوتی ہے۔ [1]

ابنِ عباس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

جلیل القدر تابعی حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا، فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: "أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ" قَالَ: سِتِّيْنَ سَنَةً (المستدرک علی الصحیحین للحاکم، رقم الحدیث ۳۵۹۶، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الملائکۃ) [2]

ترجمہ: حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے (سورہ فاطر میں مذکور) اللہ عزوجل کے قول "أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ" کے متعلق فرمایا کہ اس سے ساٹھ سال کی عمر کا ہونا مراد ہے (حاکم)

قرآن مجید کی سورہ فاطر کی جس آیت کا اوپر کی روایت میں ذکر آیا ہے، وہ مضمون مندرجہ ذیل آیات میں آیا ہے:

---

[1] وأصح الأقوال فی ذلک ما ثبت فی حدیث الباب ویدخل فی هذا حدیث معترک المنایا ما بین ستین وسبعین (فتح الباری لابنِ حجر، ج ۱۱ ص ۲۳۹، کتاب الرقاق، باب من بلغ ستین سنة فقد أعذر الله إلیه فی العمر)

والحاصل أنه لا یعاقب إلا بعد حجة.

قوله (أخر أجله) یعنی أطاله (حتی بلغه ستین سنة) وفی روایة معمر: لقد أعذر الله إلی عبد أحیاه حتی یبلغ ستین سنة أو سبعین سنة، لقد أعذر الله إلیه، لقد أعذر الله إلیه (فتح الباری لابنِ حجر، ج ۱۱ ص ۲۴۰، کتاب الرقاق، باب من بلغ ستین سنة فقد أعذر الله إلیه فی العمر)

[2] قال الحاکم: صحیح الإسناد ولم یخرجاه.

وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِنْ عَذَابِهَا كَذٰلِكَ نَجْزِىْ كُلَّ كَفُوْرٍ. وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِىْ كُنَّا نَعْمَلُ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاءَكُمُ النَّذِيْرُ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ (سورة فاطر، رقم الآيات ٣٦، ٣٧)

ترجمہ: اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، ان کے لئے آگ ہے، جہنم کی، نہ تو قضا آئے گی ان پر کہ وہ مر جائیں اور نہ ہی ہلکا کیا جائے گا، ان سے اس (جہنم) کے عذاب کو، اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ہم ہر کافر کو۔ اور وہ چلّائیں گے اس (جہنم) میں کہ اے ہمارے رب! نکال دیجیے ہمیں (اس جہنم سے) عمل کریں گے ہم نیک، اس کے برخلاف جو (پہلے) کرتے رہے ہم (ان کو جواب دیا جائے گا کہ) کیا نہیں دی تھی ہم نے تم کو عمر اتنی کہ سمجھ لیتا ہے اس میں وہ جو سمجھنا چاہے، اور آ چکا تھا تمہارے پاس ڈرانے والا، پس چکھو تم، پس نہیں ہے ظالموں کے لیے کوئی مددگار (سورہ فاطر)

ساٹھ سال ایسی طویل عمر ہے کہ اگر اس میں بھی کسی نے حق کو نہ پہچانا، تو اسے کسی عذر کی گنجائش نہیں رہتی، اس پر اللہ تعالیٰ کی حجت پوری ہو جاتی ہے، اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی عام عمریں ساٹھ سال سے ستر سال تک کے درمیان ہونے کا احادیث میں ذکر آیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْعُمْرُ الَّذِىْ أَعْذَرَ اللّٰهُ فِيْهِ إِلَى ابْنِ آدَمَ سِتُّوْنَ سَنَةً ,يَعْنِىْ "أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيْهَ مَنْ تَذَكَّرَ"

(مسند البزار، رقم الحديث ٨٥٢١،مسند أبى حمزة أنس بن مالك)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ عمر جس کے بعد اللہ ابنِ آدم سے عذر

قبول نہیں فرماتا ساٹھ سال ہے (اسی کا ذکر سورہ فاطر کی اس آیت میں ہے)

" أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ "

''کیا نہیں دی تھی ہم نے تم کو عمر اتنی کہ سمجھ لیتا ہے اس میں وہ (شخص) جو سمجھنا چاہے'' (مسند البزار)

اس حدیث کی سند معتبر ہے۔ [1]

---

[1] مندرجہ بالا حدیث کی سند مندرجہ ذیل ہے:

حَدَّثنا هشام بن يونس، قال :حَدَّثنا عَبد العزيز بن أبي حازم، عَن أَبيه، عَن سَعِيد الْمَقْبُرِيّ، عَن أَبِي هُرَيرة.

اوراس کے راویوں کا حال بالترتیب مندرجہ ذیل ہے:

(1)...... هشام ابن يونس ابن وابل بموحدة التميمى النهشلى أبو القاسم الكوفى اللؤلؤى ثقة من العاشرة مات سنة اثنتين وخمسين ت(تقريب التهذيب،ص ۵۷۴، تحت رقم الترجمة ۷۳۱۱، حرف الهاء)

عبد العزيز ابن أبى حازم سلمة ابن دينار المدنى صدوق فقيه من الثامنة مات سنة أربع وثمانين وقيل قبل ذلك ع(تقريب التهذيب،ص ۳۵۶، تحت رقم الترجمة ۴۰۸۸، حرف العين)

(2)...... ع- عبد العزيز بن أبى حازم سلمة بن دينار الفقيه الإمام أبو تمام المدنى:حدث عن أبيه وزيد بن أسلم وسهيل والعلاء بن عبد الرحمن ويزيد بن الهاد وموسى بن عقبة وعدة .وعنه الحميدى وأبو مصعب وعلى بن حجر وعمرو الناقد ويعقوب الدورقى ويحيى بن أكثم وآخرون. وكان فقيهًا كبير الشأن .قال ابن معين: صدوق .وقال مصعب الزبيرى: أوصى إليه سليمان بن بلال بكتبه فكانت عنده قد بال عليها الفار فكان يقرأ ما استبان له منها ويدع ما لا يعرف .وقال أحمد بن حنبل: لم يكن بالمدينة بعد مالك أفقه من ابن أبى حازم وقال أبو حاتم: هو أفقه من الدراوردى .وثقه غير واحد واحتج به أرباب الصحاح .وقد قال أحمد بن أبى خيثمة سمعت يحيى بن معين يقول: ابن أبى حازم ليس بثقة فى حديث أبيه .قلت: بل هو ثقة حجة فى أبيه وقد يكون غيره أقوى وأثبت منه .قال ابن سعد: ولد سنة سبع ومائة .وتوفى ساجدا فى سنة أربع وثمانين ومائة رحمه الله تعالى(تذكرة الحفاظ للذهبى، ج ا ص ۱۹۶، ۱۹۷، تحت رقم الترجمة ۲۵۳، ۶/۲۲)

(3)......سلمة ابن دينار أبو حازم الأعرج الأفزر التمار المدنى القاص [القاضى] مولى الأسود ابن سفيان ثقة عابد من الخامسة مات فى خلافة المنصور ع(تقريب التهذيب،ص ۲۴۷، تحت رقم الترجمة ۲۴۸۹، حرف السين)

(4)...... ع: سعيد بن أبى سعيد، واسمه كيسان المقبرى، أبو سعد المدنى، وكان أبوه أبو سعيد مكاتبا لامرأة من أهل المدينة، من بنى ليث بن بكر بن عبد مناة بن كنانة، والمقبرى نسبة إلى مقبرة بالمدينة، كان مجاورا لها ....

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

علی وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی سورہ فاطر کی مذکورہ آیت کی تفسیر میں ساٹھ سال کی عمر کی روایت مروی ہے، مگر اس روایت کی سند میں شدید ضعف پایا جاتا ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قال عبد الله بن أحمد بن حنبل عن أبيه: ليس به بأس .

وقال عثمان بن سعيد الدارمي:سألت يحيى بن معين عن العلاء بن عبد الرحمن، عن أبيه: كيف حديثهما؟ فقال: ليس به بأس .قلت: هو أحب إليك أو سعيد المقبرى؟ فقال: سعيد أوثق، العلاء ضعيف.

وقال على بن المدينى ، ومحمد بن سعد، وأحمد بن عبد الله العجلى، وأبو زرعة، والنسائى، وعبد الرحمن بن يوسف بن حراش:ثقة.

زاد ابن حراش: جليل، أثبت الناس فيه الليث بن سعد.

وقال أبو حاتم:صدوق.

وقال الواقدى:كان قد كبر حتى اختلط قبل موته بأربع سنين.

وقال يعقوب بن شيبة: قد كان تغير وكبر واختلط قبل موته، يقال: بأربع سنين، حتى استثنى بعض المحدثين عنه ما كتب عنه فى كبره مما كتب قبله، فكان شعبة يقول: حدثنا سعيد المقبرى بعدما كبر.

وقال البخارى: روى عنه يحيى بن أبى كثير، قال: عن أبى سعد، عن أبى شريح – وهو سعيد بن أبى سعيد – وروى مخول بن راشد، عن أبى سعد – وهو سعيد –.

وقال أبو أحمد بن عدى:إنما ذكرت سعيدا المقبرى، لأن شعبة يقول: حدثنا سعيد بعدما كبر، وأرجو أن يكون سعيد من أهل الصدق، وقد قبله الناس، وروى عنه الأئمة والثقات من الناس، وما تكلم فيه أحد إلا بخير(تهذيب الكمال للمزى، ج١٠ ص٤٦٦ الىٰ ٤٧١، ملخصاً، تحت رقم الترجمة ٢٢٨٤)

مندرجہ بالا راویوں میں سے سعید بن ابی سعید کے متعلق آخری عمر میں اختلاف ہونے کا ذکر ہے، لیکن اس روایت کی تائید حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی روایت سے ہوتی ہے، جیسا کہ گزرا۔

[1] حدثنا محمد بن سوار قال: ثنا أسد بن حميد عن سعيد بن طريف عن الأصبغ بن نباتة عن على رضى الله عنه فى قوله(أولم نعمركم ما يتذكر فيه من تذكر وجائكم النذير) قال: العمر الذى عمركم الله به ستون سنة(تفسير الطبرى، ج٢٠ ص٤٧٨، سورة فاطر)

سعيد بن طريف، خطأ، والصحيح سعد بن طريف الإسكاف (21756)، قال النسائى: " متروك "(تس)(المعجم الصغير لرواة الإمام ابن جرير الطبرى،لأكرم بن محمد زيادة الفالوجى الأثرى، ج١ ص١٩٥ ، تحت رقم الترجمة ١٣٨٤/٢٩٠٣٤) ﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اورحضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی سند سے طبرانی کی ایک حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ساٹھ سال کی عمر پانے والے لوگوں کو پکارا جائے گا، اوریہی وہ عمر ہے، جس کے بارے میں اللہ عزوجل نے فرمایا کہ ”أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَنْ تَذَكَّرَ“ [1]

مگر متعدد اہلِ علم حضرات کی تصریح کے مطابق اس حدیث کی سند میں شدید کمزوری اور ضعف پایا جاتا ہے۔ [2]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

سعد ابن طريف الإسكاف [الإسكافى] الحنظلى [أبو العلاء] الكوفى متروك ورماه ابن حبان بالوضع وكان رافضيا من السادسة ت ق(تقريب التهذيب،ص ۲۳۱، تحت رقم الترجمة ۲۲۴۱، حرف السين)

[1] حدثنا محمد بن الفضل السقطى، ثنا سعيد بن سليمان، ثنا ابن أبى فديك، عن إبراهيم بن الفضل، عن عبد الله بن عبد الرحمن بن أبى حسين، عن عطاء، عن ابن عباس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا كان يوم القيامة نودى أين أبناء الستين؟ وهو العمر الذى قال الله عز وجل”أو لم نعمركم ما يتذكر فيه من تذكر“(المعجم الكبير للطبرانى،ج ۱۱ص ۱۷۷، رقم الحديث ۱۱۴۱۵)

[2] قال احمد بن محمد الغمارى الحسنى:

"إذا كان يوم القيامة نودى أين أبناء الستين؟ وهو العمر الذى قال الله تعالى:”أولم نعمركم ما يتذكر فيه من تذكر“

الحكيم (طب .هب) عن ابن عباس قلت :قال الحكيم (677 /1):ثنا يحيى بن المغيرة المخزومى المدينى ثنا ابن أبى فديك عن إبراهيم بن الفضل عن أبى حسين المكى عن عطاء بن أبى رباح عن ابن عباس به.

ورواه ابن جرير (141 /22) وابن أبى حاتم كلاهما من طريق ابن أبى فديك به.

وشيخه إبراهيم بن الفضل ضعيف متروك، لا سيما وقد اضطرب فيه، فقال مرة هكذا، وقال مرة :عن المقبرى عن أبى هريرة مرفوعا" :معترك المنايا ما بين الستين إلى السبعين"، كذلك رواه أبو يعلى (422 /11، رقم 6543) عن أبى موسى الأنصارى، والخطيب (476 /5) من طريق القاسم بن بشر، والقضاعى (174 /1، رقم 251) من طريق عبد الله بن عبد الحميد القرشى ثلاثتهم عن ابن أبى فديك أيضا عنه به، والصحيح فى هذا أنه عن ابن عباس موقوفا عليه.

كذلك أخرجه ابن جرير (141 /22) والحاكم فى المستدرك (427 /2، رقم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

خلاصہ یہ کہ یوں تو انسان کو ہر وقت ہی اپنی اصلاح اور توبہ و استغفار کی ضرورت ہے، لیکن ساٹھ سال کی عمر پوری ہونے پر ہر بندہ کو اپنے گناہوں سے توبہ و استغفار کرکے طاعات کا اہتمام کرنا چاہیے، ورنہ آخرت میں اللہ کے سامنے بندہ کی طرف سے کسی عذر کی شنوائی مشکل ہوگی۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

اللہ تعالیٰ اصلاح کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

3596) من رواية مجاهد عنه، وقال الحاكم: صحيح الإسناد(المداوى لعلل الجامع الصغير وشرحى المناوى،لأحمد بن محمد الغُمَارِى الحسنى ، ج ۱ ص ۴۴۹، ۴۵۰، تحت رقم الحديث ۳۹۵/۸۱۷، حرف الهمزة)

وقال الالبانى:

(إذا كان يوم القيامة نودى :أين أبناء الستين؟ وهو العمر الذى قال الله عز وجل :(أولم نعمركم ما يتذكر فيه من تذكر وجاء كم النذير). ضعيف جدا

رواه المخلص فى "قطعة من حديثه "(- 82/2مجموع 74) ، والبيهقى فى "الزهد "(73/1) ، والرامهرمزى فى "الأمثال "(49/2) عن إبراهيم بن الفضل عن عبد الله بن عبد الرحمن بن أبى حسين عن عطاء بن أبى رباح عن ابن عباس مرفوعا.

ورواه الثعلبى فى "التفسير "(3/158/2) من طريق ابن أبى فديك عن عبد الله بن عبد الرحمن بن أبى حسين به.

قلت :وهذا إسناد ضعيف جدا؛ إبراهيم بن الفضل -وهو المخزومى المدنى -متروك كما قال الحافظ .والظاهر أنه سقط من نسخة "تفسير الثعلبى(سلسلة الأحاديث الضعيفة والموضوعة، تحت رقم الحديث ۲۵۸۴)

(فصل نمبر 26)

چالیس سال سے زیادہ عمر کی فضیلت سے متعلق احادیث

اس سے پہلے ایسی احادیث وروایات ذکر کی جاچکی ہیں، جن میں اس امت کے اکثر افراد کی عمر ساٹھ سے ستر سالوں کے درمیان ہونے اور بعض احادیث میں ساٹھ سال سے زیادہ عمر ہونے پر اللہ کی طرف سے عذر کے مکمل ہونے اور بعض احادیث میں اچھے اخلاق واعمال کے ساتھ لمبی عمر والے کی فضیلت اور برے اعمال واخلاق کے ساتھ لمبی عمر والے کی برائی کا ذکر آیا ہے۔

اب ذیل میں ایسی چند احادیث وروایات کا ذکر کیا جاتا ہے، جن میں مومن کی عمر کے زیادہ ہونے کے مختلف مراحل میں مختلف فضائل وفوائد کا ذکر آیا ہے، لیکن ساتھ ہی محدثین نے ان احادیث وروایات کی اسناد پر کلام کیا ہے، بعض نے ضعیف، بعض نے شدید ضعیف وغیرہ بھی قرار دیا ہے۔

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُعَمَّرٍ يُعَمَّرُ فِي الْإِسْلَامِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، إِلَّا صَرَفَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَلَاثَةَ أَنْوَاعٍ مِنَ الْبَلَاءِ، اَلْجُنُوْنَ، وَالْجُذَامَ، وَالْبَرَصَ، فَإِذَا بَلَغَ خَمْسِيْنَ سَنَةً، لَيَّنَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِسَابَ، فَإِذَا بَلَغَ سِتِّيْنَ، رَزَقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ إِلَيْهِ بِمَا يُحِبُّ، فَإِذَا بَلَغَ سَبْعِيْنَ سَنَةً، أَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَأَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، فَإِذَا بَلَغَ الثَّمَانِيْنَ، قَبِلَ

اللّٰهُ حَسَنَاتِهٖ، وَتَجَاوَزَ عَنْ سَيِّئَاتِهٖ، فَإِذَا بَلَغَ تِسْعِيْنَ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ، وَمَا تَأَخَّرَ، وَسُمِّيَ أَسِيْرُ اللّٰهِ فِيْ أَرْضِهٖ، وَشُفِّعَ لِأَهْلِ بَيْتِهٖ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۳۲۷۹، مسند البزار، رقم الحديث ۶۱۸۲، ۶۱۸۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کی بھی اسلام کی حالت میں چالیس (40) سال کی عمر ہو جاتی ہے، تو اللہ اس کو تین قسم کی بیماریوں سے محفوظ فرما دیتا ہے، ایک جنون سے، دوسرے کوڑھ پن سے، اور تیسرے برص سے۔ پھر جب وہ پچاس (50) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس پر حساب کو نرم کر دیتا ہے، پھر جب وہ ساٹھ (60) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کو ان کاموں کی طرف رجوع کرنے کی توفیق عطاء فرماتا ہے، جن کاموں کو اللہ پسند فرماتا ہے، پھر جب وہ ستر (70) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس سے محبت فرمانے لگتا ہے، اور آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں، پھر جب وہ اسّی (80) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کی نیکیوں کو قبول فرماتا ہے، اور اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے، پھر جب وہ نوے (90) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے، اور اس کا نام ''اسیرُ اللّٰہ فی الأرض'' (یعنی ''زمین میں اللہ کا قیدی'') رکھ دیا جاتا ہے، اور اس کو اس کے اہلِ خانہ کے متعلق شفاعت کا حق دیا جاتا ہے (مسند احمد)

مذکورہ روایت میں ایک راوی ''یوسف بن ابی ذرة'' نام کے پائے جاتے ہیں، جن پر محدثین نے کلام کیا ہے۔

''میزانُ الاعتدال'' میں علامہ ذہبی نے اور ''لسانُ المیزان'' میں علامہ ابنِ حجر عسقلانی نے ''یوسف بن ابی ذرة'' کی سند سے مذکورہ حدیث کو ان کے ترجمہ میں ذکر

کرکے اس پر جرح کی ہے۔ ؎1

اور جناب شیخ شعیب ارنؤوط نے مسند احمد کی ''تعلیق'' میں مذکورہ حدیث کی سند کو ''یوسف بن ابی ذرۃ'' کی وجہ سے شدید ضعف قرار دیا ہے۔ ؎2

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث موقوفاً ایک دوسری سند سے بھی ''مسند

؎1 یوسف بن أبی ذرة :عن جعفر بن عمرو بن أمية، عن أنس – مرفوعاً: من بلغ أربعين سنة صرف عنه الجنون والجذام والبرص، فإذا بلغ الخمسين لين الله عليه الحساب، فإذا بلغ الستين رزقه الله الانابة، فإذا بلغ السبعين أحبه الله وأهل السماء، فإذا بلغ الثمانين قبل الله حسناته وتجاوز عن سيئاته، فإذا بلغ التسعين غفر له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، وسمى أسير الله فى أرضه، وشفع لاهل بيته.

رواه أنس بن عياض الليثى عنه، ورواه أحمد فى مسنده عنه، ووقع لنا عاليا فى رابع الخلعيات.

قال ابن معين: يوسف بن أبى ذر لا شء.

وقال ابن حبان: لا يجوز الاحتجاج به بحال(ميزان الاعتدال للذهبى، ج۴ص ۴۶۴، ۴۶۵، رقم الترجمة ۹۸۶۵)

يوسف بن أبى ذرة، عن جعفر بن عمرو بن أمية، عن أنس رضى الله عنه مرفوعا:" من بلغ أربعين سنة صرف الله عنه الجنون والجذام والبرص، فإذا بلغ الخمسين لين الله عليه الحساب، فإذا بلغ الستين رزقه الله الإنابة، فإذا بلغ السبعين أحبه الله وأهل السماء، فإذا بلغ الثمانين قبل الله حسناته وتجاوز عن سيئاته، فإذا بلغ التسعين غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، وسمى أسير الله فى أرضه، وشفع لأهل بيته."

رواه أنس بن عياض الليثى ورواه أحمد فى "مسنده "عنه، ووقع لنا عاليا فى رابع "الخلعيات "عنه.

قال ابن معين: يوسف بن أبى ذرة لا شيء .وقال ابن حبان: لا يجوز الاحتجاج به بحال(لسان الميزان لابنِ حجر، ج۸ص ۵۵۳، ۵۵۴، رقم الترجمة ۸۶۸۵،حرف الياء)

؎2 قال شعيب الارنؤط:

إسناده ضعيف جداَ، يوسف بن أبى ذرة، قال ابن معين :لا شيء ، وقال ابن حبان فى المجروحين :3/131-132 "منكر الحديث جداَ، ممن يروى المناكير التى لا أصل لها من حديث رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على قلة روايته، لا يجوز الاحتجاج به بحال .قلنا :وقد سلف موقوفاَ على أنس فى مسند ابن عمر برقم (5626) من طريق جعفر بن عمرو الضمرى عن أنس، فأنظر تمام تخريجه والكلام عليه هناك(حاشية مسند احمد)

احمد“ وغیرہ میں مروی ہے۔ ۱

اور یہ حدیث ”مسندُ البزار “میں مرفوعاً بھی مروی ہے۔ ۲

علامہ ہیثمی نے مجمع الزوائد میں فرمایا کہ ”مسندُ البزار “ کی ایک سند کے رِجال ”ثقہ“ ہیں۔ ۳

اس کی سند کو بھی بعض اہلِ علم حضرات مثلاً شیخ شعیب ارنؤوط وغیرہ نے ایک دوسرے راوی ”فرج بن فضالۃ“ کی وجہ سے شدید ضعیف قرار دیا ہے، بلکہ انہوں نے اس روایت کی دوسری اسناد کو بھی اس کی تائید میں قبول نہیں کیا۔ ۴

---

۱ حدثنا أبو النضر،حدثنا الفرج، حدثنا محمد بن عامر، عن محمد بن عبد الله ، عن جعفر بن عمرو، عن أنس بن مالک قال: " إذا بلغ الرجل المسلم أربعين سنة، آمنه الله من أنواع البلايا:من الجنون، والبرص، والجذام .وإذا بلغ الخمسين لين الله عز وجل عليه حسابه، وإذا بلغ الستين، رزقه الله إنابة يحبه عليها، وإذا بلغ السبعين، أحبه الله وأحبه أهل السماء، وإذا بلغ الثمانين، تقبل الله منه حسناته ومحا عنه سيئاته، وإذا بلغ التسعين، غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر وسمى أسير الله فى الأرض وشفع فى أهله (مسند احمد، رقم الحديث ۵۶۲۶)

۲ حدثنا عبد الله بن شبيب، حدثنا عبد الله بن عبد الملک أبو شيبة، حدثنا أبو قتادة العذرى، حدثنا ابن أخى الزهرى , عن عمه، عن أنس بن مالک قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لو كان المؤمن فى جحر لقيض إليه فيه من يؤذيه، أو قال: منافقا يؤذيه.

وبإسناده: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما من عبد يعمر فى الإسلام أربعين سنة إلا صرف الله عنه أنواعا من البلاء: الجنون والجذام والبرص فإذا بلغ خمسين سنة لين الله له الحساب فإذا بلغ ستين سنة رزقه الله الإنابة إليه بما يحب فإذا بلغ سبعين أحبه الله وأحبه أهل السماء فإذا بلغ الثمانين تقبل الله منه حسناته وتجاوز عن سيئاته فإذا بلغ التسعين غفر الله ما تقدم من ذنبه وما تأخر وسمى أسير الله فى أرضه وشفع فى أهل بيته .وهذان الحديثان لا نعلم رواهما إلا أبو قتادة، عن ابن أخى الزهرى(مسند البزار، رقم الحديث ۶۳۴۱ ،مسند أبى حمزة أنس بن مالک)

۳ قال الهيثمى: رواه البزار بإسنادين، ورجال أحدهما ثقات(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۵۶۱، ۱۷۵۶۲ ،باب فيمن طال عمره من المسلمين)

۴ قال شعيب الارنؤوط:

إسناده ضعيف جدا لضعف فرج – وهو ابن فضالة –، ومحمد بن عامر لم نعرف من هو، واستظهر ابن الجوزى فى "الموضوعات "أنه الرملى، لأنه ذكر قول ابن حبان فيه فى "المجروحين :2/304"يقلب الأخبار، ويروى عن الثقات ما ليس من أحاديثهم،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اسی طرح جناب ناصر الدین البانی صاحب نے بھی مذکورہ حدیث کی سند کو ''منکر''

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقول ابن حبان هذا إنما هو فى آخر من طبقة الإمام أحمد لأنه يروى عن سفيان بن عيينة فيما ذكر ابن حبان، وقد سماه فرج فى الإسناد التالى محمد بن عبد الله العامرى، ولم نعرفه كذلك .ومحمد بن عبد الله: هو ابن عمرو بن عثمان

الملقب بالديباج وهو ضعيف ذكره الإمام البخارى فى "الضعفاء "ص 102، وفى "التاريخ الكبير 1/139"، وقال: عنده عجائب، وقال فى "التاريخ الأوسط "المطبوع خطأ باسم"التاريخ الصغير :"لا يكاد يتابع فى حديثه، وكذا قال ابن الجارود، وقال مسلم فى "الكنى : (1884) "منكر الحديث، واضطرب فيه قول النسائى، فقال مرة: ثقة، وقال فى أخرى: ليس بالقوى .وظنه ابن الجوزى محمد بن عبيد الله العرزمى، ووافقه عليه الحافظ العراقى .وعمرو بن جعفر: قلب فرج اسمه، وإنما هو جعفر بن عمرو بن أمية الضمرى.

وأخرجه مرفوعا البزار (3587)، وأبو يعلى (4246)و (4247)، والبيهقى فى "الزهد (642) "من طريق يوسف بن أبى ذرة، عن جعفر بن عمرو بن أمية، به .وهذا إسناد ضعيف .يوسف بن أبى ذرة: قال ابن معين: لا شىء، وقال ابن حبان فى "المجروحين :3/131-132 "منكر الحديث جدا، ممن يروى المناكير التى لا أصل لها من حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم، على قلة روايته، لا يجوز الاحتجاج به بحال.

قلنا: وقد تحرف اسم يوسف فى مطبوع "زوائد البزار "إلى يونس، وسيرد من هذا الطريق فى مسند أنس .3/217-218.

وأخرجه مرفوعا البزار (3587)عن محمد بن معمر القيسى، وأبويعلى (4248) عن أبى عبيدة بن فضيل بن عياض، كلاهما عن عبد الملك بن إبراهيم الجدى، عن عبد الرحمن بن أبى الموال، عن محمد بن موسى – وهو الفطرى –، عن محمد بن عبد الله بن عمرو الديباج، به، وهذا إسناد لا يصح، لضعف محمد بن عبد الله بن عمرو الديباج.

وأخرجه مرفوعا البزار (3588)من طريق أبى قتادة العذرى، عن ابن أخى الزهرى، عن عمه، عن أنس بن مالك بنحوه، وأبو قتادة العذرى لم نعرفه.

وأخرجه أبو يعلى (4249)من طريق يحيى بن سليم، عن رجلين من أهل حران، عن زفر بن محمد، عن الديباج، عن أنس بن مالك، وهذا إسناد ضعيف لجهالة الحرانيين، ولانقطاعه والديباج على ضعفه: لم يدرك أنس بن مالك.

وأخرجه مرفوعا أيضا أبو يعلى (3678)من طريق أبى خلف ياسين الزيات، عن داود بن سليمان، عن عبد الله بن عبد الرحمن بن معمر بن حزم الأنصارى، عن أنس بنحوه،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

قرار دیا ہے۔ ؎

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وهذا إسناد ضعيف .ياسين الزيات: قال ابن معين: ليس حديثه بشيء، وقال البخارى: منكر الحديث .وقال النسائى وابن الجنيد: متروك .وقد تحرف اسم ياسين الزيات فى مطبوع أبى يعلى إلى خالد .وداود بن سليمان لم نعرفه.

وأورده الهيثمى برواياته كلها فى "مجمع الزوائد"، 10/204-205، وقال: رواها كلها أبو يعلى بأسانيد، ورواه أحمد موقوفا باختصار– قلنا: يعنى هذه الرواية –، وفى أحد أسانيد أبى يعلى ياسين الزيات، وفى الآخر يوسف بن أبى ذرة، وهما ضعيفان جدا، وفى الاخر أبو عبيدة بن الفضيل بن عياض، وهو لين، وبقية رجال هذه الطريق ثقات، وفى إسناد أنس الموقوف من لم أعرفه.

ثم أورد الهيثمى رواية البزار، وقال: رواه البزار بإسنادين، ورجال أحدهما ثقات.

وله شواهد لا يفرح بها ذكرها الهيثمى فى "مجمع الزوائد .10/205-2060"

قوله:"لين"، قال السندى: أى قدر له أن يلين حسابه، أى أن يجعل حسابه حسابا يسيرا".تقبل الله :"لعل هذا هو نتيجة المحبة، فيظهر إذا كملت المحبة.

"غفر الله ما تقدم .. .الخ :"قد يقال: هذا ينافى ما جاء من التهديد بحق الشيخ الزانى، فليتأمل ".وشفع :"هو بالتشديد على بناء المفعول، أو بالتخفيف على بناء الفاعل، والأول أقرب(حاشية مسند احمد)

؎ وقال الالبانى:

(ما من معمر يعمر فى الإسلام أربعين سنة؛ إلا صرف الله عنه ثلاثة أنواع من البلاء : الجنون، والجذام، والبرص .فإذا بلغ خمسين سنة؛ لين الله عليه الحساب .فإذا بلغ ستين، رزقه الله الإنابة إليه بما يحب .فإذا بلغ سبعين سنة؛ أحبه الله وأحبه أهل السماء .فإذا بلغ الثمانين، قبل الله حسناته وتجاوز عن سيئاته .فإذا بلغ تسعين، غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، وسمى أسير الله فى أرضه، وشفع لأهل بيته)

.منكر .أخرجه أحمد (3/218 - 217) ، وعنه ابن الجوزى فى "الموضوعات " (1/179) ، والبزار فى "مسنده "(4/ - 225 كشف الأستار) ، وأبو يعلى (7/ 241/ 4246 /4247) من طريق يوسف بن أبى ذرة الأنصارى عن جعفر بن عمرو بن أمية الضمرى عن أنس بن مالك مرفوعا.

ومن هذا الوجه أخرجه ابن حبان فى "الضعفاء "(3/132 - 131) ، وقال ": يوسف بن أبى ذرة، منكر الحديث جدا، ممن يروى المناكير التى لا أصول لها من حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم على قلة روايته، لا يجوز الاحتجاج به بحال ".

وقال ابن معين: "يوسف؛ ليس بشيء."

ورواه الفرج -وهو ابن فضالة -واضطرب فى إسناده؛ فقال مرة :ثنا محمد بن عامر عن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

تاہم ''فرج بن فضالۃ'' کو امام احمد نے ایک روایت میں ثقہ قرار دیا ہے، اور بعض نے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

محمد بن عبيد الله عن عمرو بن جعفر عن أنس بن مالك قال : "إذا بلغ الرجل المسلم أربعين سنة؛ آمنه الله من أنواع البلايا ." . . .الحديث نحوه موقوفا.

وقال مرة :حدثنى محمد بن عبد الله العامرى عن محمد بن عبد الله بن عمرو بن عثمان عن عبد الله بن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم مثله.أخرجهما أحمد (2/ 89).

والفرج، ضعيف؛ كما فى "التقريب "، مع اضطرابه فى إسناده، وفى وقفه ورفعه.

ومحمد بن عامر أو ابن عبد الله العامرى؛ لم أعرفه، ولكنه قد توبع: فأخرجه البزار وأبو يعلى (4248) من طريق محمد بن موسى عن محمد بن عبد الله بن عمرو عن جعفر بن عمرو بن أمية عن أنس مرفوعا به .وقال: "لا نعلم أسند جعفر عن أنس إلا هذا الحديث ."

قلت :هو ثقة من رجال الشيخين؛ لكن الراوى عنه محمد بن عبد الله بن عمرو -وهو ابن عثمان بن عفان الملقب ب (الديباج)- ؛ ذكره الذهبى فى "الميزان "، وقال: " وثقه النسائى .وقال مرة :ليس بالقوى .وقال البخارى :لا يكاد يتابع فى حديثه ."

قلت :فهو علة هذه الطريق الثانية عن جعفر بن عمرو، وقد أسقطه من الإسناد فى روايتين أخريين عند أبى يعلى (4249، 4250) ؛ فقال :عن محمد ابن عبد الله بن عمرو بن عثمان بن عفان عن أنس به. فصار الإسناد بذلك منقطعا!

وقد تابعه على ذكره فى الإسناد :يوسف بن أبى ذرة؛ كما فى الرواية الأولى لأبى يعلى وغيره؛ كالبزار، وقال الهيثمى فى "المجمع "(10/205): إرواه البزار بإسنادين، ورجال أحدهما ثقات !"

وتعقبه الشيخ الأعظمى فى تعليقه على "كشف الأستار "، فقال: "قلت :فى إسناد أحدهما يونس بن أبى ذرة ولم أعرفه، وانظر هل الصواب يونس بن أبى فروة؛ !"

قلت :ومثل هذا التعقيب يدل على أن المعلق لا تحقيق عنده ألبتة؛ بل هو لا يحسن شيئا حتى النقل، ففى الصفحة نفسها التى نقل منها قول الهيثمى ثم تعقبه ذكر الهيثمى أن فى أحد أسانيد أبى يعلى يوسف بن أبى ذرة !فإن كان لم يقع بصره على هذا فأين البحث والتحقيق المدعى؟ !

وللحديث طريق ثان عن أنس :يرويه عباد بن عباد المهلبى عن عبد الواحد ابن راشد عن أنس به مرفوعا.

أخرجه الخطيب فى "التاريخ "(3/71 - 70) ، ومن طريقه ابن الجوزى فى " الموضوعات "(1/179) . وأعله بعباد بن عباد؛ قال ابن حبان : "غلب عليه التقشف، وكان يحدث بالتوهم." . . .

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

''صالح''جبکہ بعض نے''ليس به بأس''کہا ہے۔ [1]
لہٰذا اس حدیث کو ضعیف قرار دینے میں تو شبہ نہیں، البتہ بعض حضرات کے نزدیک شدید ضعیف ہے۔ [2]
اب رہا یہ کہ اس میں دوسری ضعیف درجہ کی روایات سے مل کر حسن بننے کی صلاحیت پائی جاتی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

لكنهم قد خطأوه؛ لأن هذا الذى ضعفه ابن حبان غير المهلبى الذى روى هذا الحديث؛ فإنه ثقة من رجال مسلم .ووثقه ابن حبان نفسه (7/161) ، وقد وقع له مثل هذا الوهم فى حديث آخر يأتى برقم (6785) . وإنما العلة من شيخه عبد الواحد بن راشد، قال الذهبى فى "الميزان :" "ليس بعمدة ."

ثم ذكر له هذا الحديث.

وطريق ثالث :عند البزار (3588) . فيه أبو قتادة الحرانى (الأصل :العذرى!) -واسمه عبد الله بن واقد -؛ قال فى "التقريب :" "متروك .وكان أحمد يثنى عليه، وقال: لعله كبر واختلط، وكان يدلس ." وشيخ البزار عبد الله بن شبيب؛ واه؛ كما فى " الميزان ."

وطريق رابع :عند أبى يعلى (3678) . وفيه خالد الزيات :حدثنى داود بن سليمان . قال فى "اللآلء "(1/144): "وهما مجهولان ."

ولم يحسن الكلام على هذه الطريق المعلق على "مسند أبى يعلى ."

وطريق خامس :يرويه الوليد بن موسى الدمشقى عن الأوزاعى عن يحيى ابن أبى كثير عن الحسن عن أنس مرفوعا بالجملة الأولى منه.

أخرجه ابن حبان فى "الضعفاء "(3/82) فى ترجمة الوليد، وقال: "وهذا لا أصل له من كلام رسول الله صلى الله عليه وسلم (سلسلة الأحاديث الضعيفة ، تحت رقم الحديث ۵۹۸۴)

[1] د ت ق: فرج بن فضالة بن النعمان بن نعيم التنوخى القضاعى ، أبو فضالة الشامى الحمصى، ويقال: الدمشقى.......

قال معاوية بن صالح، عن أحمد بن حنبل: ثقة.

وقال النسائى، عن أبى داود ، عن أحمد بن حنبل: إذا حدث عن الشاميين فليس به بأس......

وقال عثمان بن سعيد الدارمى ، عن يحيى بن معين: ليس به بأس.

وقال المفضل بن غسان الغلابى، عن يحيى بن معين: صالح(تهذيب الكمال ج۲۳ ص ۱۵۶ الٰى ۱۵۹ ، ملخصاً، تحت رقم الترجمة ۴۷۱۴)

[2] فرج ابن فضالة ابن النعمان التنوخى [أبو فضالة] الشامى ضعيف من الثامنة مات سنة سبع وسبعين(تقريب التهذيب لابنِ حجر، ص ۴۴۴، رقم الترجمة ۵۳۸۳، حرف الفاء)

ہے یا نہیں؟ تو اس میں دونوں احتمال ہیں، اور ایک امرِ ذوقی واجتہادی ہے، جس میں اختلافِ رائے ممکن ہے۔

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْعَبْدُ الْمُسْلِمُ إِذَا بَلَغَ خَمْسِيْنَ سَنَةً خَفَّفَ اللّٰهُ حِسَابَهُ، وَإِذَا بَلَغَ سِتِّيْنَ سَنَةً رَزَقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ إِلَيْهِ، وَإِذَا بَلَغَ سَبْعِيْنَ سَنَةً أَحَبَّهُ أَهْلُ السَّمَاءِ، فَإِذَا بَلَغَ ثَمَانِيْنَ ثَبَّتَ اللّٰهُ حَسَنَاتِهِ وَمَحَى سَيِّئَاتِهِ، فَإِذَا بَلَغَ تِسْعِيْنَ سَنَةً غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ وَشَفَّعَهُ اللّٰهِ فِيْ أَهْلِ بَيْتِهِ وَكُتِبَ فِي السَّمَاءِ أَسِيْرَ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ (المقصد العلی فی زوائد أبی یعلی الموصلی، للهیثمی، رقم الحدیث ۱۸۲۶، کتاب التوبة والاستغفار، باب: تجاوز الله سبحانه عن سیئات من لم یبلغ ومن یعمر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندۂ مسلم جب پچاس (50) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کے حساب کو نرم کردیتا ہے، اور جب ساٹھ (60) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کو اپنی طرف رجوع کرنے کی توفیق عطاء فرماتا ہے، اور جب وہ ستر (70) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اس سے آسمان والے محبت کرنے لگتے ہیں، پھر جب وہ اسّی (80) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کی نیکیوں کو ثابت رکھتا ہے، اور اس کے گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے، پھر جب وہ نوے (90) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کردیتا ہے، اور اللہ اس کو اس کے اہلِ خانہ کے متعلق شفاعت کا حق دیتا

ہے، اور آسمان میں اس کا نام "اسیرُ اللّٰه فی الأرض" (یعنی "زمین میں اللہ کا قیدی") لکھ دیتا ہے (المقصد العلی)

مذکورہ روایت کی سند میں بھی ایک راوی "عزرۃ بن قیس" کی وجہ سے کمزوری اور ضعف پایا جاتا ہے۔ [1]

عبداللہ بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا بَلَغَ الْمَرْءُ الْمُسْلِمُ خَمْسِيْنَ سَنَةً صَرَفَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَلَاثَةَ أَنْوَاعٍ مِنَ الْبَلَاءِ: اَلْجُنُوْنَ، وَالْجُذَامَ، وَالْبَرَصَ، فَإِذَا بَلَغَ سِتِّيْنَ سَنَةً رَزَقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ إِلَيْهِ، فَإِذَا بَلَغَ سَبْعِيْنَ سَنَةً مُحِيَتْ سَيِّئَاتُهُ وَكُتِبَتْ حَسَنَاتُهُ، فَإِذَا بَلَغَ تِسْعِيْنَ سَنَةً غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ذَنْبَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْهُ وَمَا تَأَخَّرَ، وَكَانَ أَسِيْرَ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ، وَشَفَعَ لِأَهْلِ بَيْتِهِ (المعجم الكبير للطبراني، ج١٣ ص١٣٠، رقم الحديث ٣٢٧)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مسلم شخص پچاس (50) سال

---

[1] قال الهيثمي:
رواه أبو يعلى في الكبير، وفيه عزرة بن قيس الأزدي، وهو ضعيف. (مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٧٥٦٣، باب فيمن طال عمره من المسلمين)
وقال سيد كسروي حسن:
اسناده ضعيف، والحديث في مسند ابي يعلىٰ الكبير كما هو مشار اليه بالرمز (ك) الذي اصطلحه المؤلف رحمنا الله واياه لذلك، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (١٠/٢٠٥) وقال: رواه ابويعلىٰ في الكبير وفيه: عزرة بن قيس الازدي، وهو ضعيف (حاشية المقصد العلي في زوائد أبي يعلى الموصلي، تحت رقم الحديث ١٧٦٦، ج٤ص٣٨٠، كتاب التوبة والاستغفار، باب: تجاوز الله سبحانه عن سيئات من لم يبلغ ومن يعمر، مطبوعة: دارالكتب العلمية، بيروت)

www.idaraghufran.org

کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس سے تین قسم کی بلاؤں کو دور فرما دیتا ہے، ایک جنون کو، دوسرے کوڑھ پن کو، تیسرے برص کو، پھر جب وہ ساٹھ (60) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کو اپنی طرف رجوع کی توفیق عطاء فرما دیتا ہے، پھر جب وہ ستر (70) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے، اور نیکیوں کو لکھ دیتا ہے، پھر جب وہ نوے (90) سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے، تو اللہ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیتا ہے، اور وہ زمین میں اللہ کا قیدی ہو جاتا ہے، اور اس کے گھر والوں کے لیے شفاعت کا حق دیا جاتا ہے (طبرانی)

مذکورہ روایت میں دوسری روایات کے برعکس چالیس کے بجائے پچاس سال کی عمر میں تین قسم کی بلائیں دور ہونے کا ذکر ہے، اور اس میں اسّی سال کا بھی ذکر نہیں۔

اس روایت کی سند میں بھی ضعف پایا جاتا ہے۔ [1]

اس روایت کو امام حاکم نے بھی اپنی ''مستدرک'' میں روایت کیا ہے، جس کے الفاظ میں کچھ فرق پایا جاتا ہے، چنانچہ اس روایت کے شروع میں پچاس کے بجائے چالیس سال کا ذکر ہے، اور پچاس سال کی عمر میں اگلے پچھلے گناہوں کی معافی کا ذکر ہے، اور اسی سال کی عمر میں اس کا نام ''اسیرُ اللّٰہ فی الأرض'' ہونے کا ذکر ہے، اور قیامت کے دن اس کے اہلِ بیت کے لیے سفارش کا حق حاصل ہونے کا ذکر ہے۔ [2]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني من رواية عبد الله بن عمرو بن عثمان، عن عبد الله بن أبي بكر الصديق، ولم يدركه، ولكن رجاله ثقات، إن كان محمد بن عمار الأنصاري هو سبط ابن سعد القرظ، والظاهر أنه هو، والله أعلم. ورواه البزار باختصار كثير، وفي إسناده مجاهيل كما قال (مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٧٥٦٣، باب فيمن طال عمره من المسلمين)

[2] عن عبد الله بن أبي بكر الصديق، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إذا بلغ المرء المسلم أربعين سنة صرف الله عنه ثلاثة أنواع من البلاء: الجنون والجذام والبرص، وإذا بلغ خمسين سنة غفر له ذنبه ما تقدم منه وما تأخر، وكان أسير الله في الأرض، والشفيع في أهل بيته يوم القيامة " (مستدرک حاکم، رقم الحديث ٦٠٢٣، كتاب معرفة الصحابة رضي الله عنهم، ذكر مناقب عبد الله بن أبي بكر الصديق رضي الله عنهما)

www.idaraghufran.org

علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس طرح کی حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے، جس میں بعض راوی مجہول ہیں۔ [1]

جناب ناصرالدین البانی صاحب نے اس سلسلہ میں مروی مختلف اسناد کی احادیث پر کلام کیا ہے، اور کسی کو شدید ضعیف، غیر صحیح اور کسی کو منکر قرار دیا ہے۔

پھر اس کے بعد اپنا رجحان اس طرف ظاہر کیا ہے کہ مذکورہ روایات کا متن قابلِ اعتبار نہیں ہے، اور ان میں جو مختلف عمر کے حصوں پر حاصل ہونے والے فضائل کا ذکر ہے، ان کی شرعی اصولوں سے مطابقت نہیں پائی جاتی، کیونکہ اگر کوئی گناہ اور برائیوں کی حالت میں زیادہ عمر پائے، تو صحیح احادیث میں اس کی مذمت اور برائی بیان کی گئی ہے، نیز معتبر احادیث میں ساٹھ سال کی عمر کے بعد اللہ کی طرف سے عذر مکمل ہوجانے کا ذکر پایا جاتا ہے۔ [2]

---

[1] أخبرنا أبو مضر عبد الواحد بن هبيرة بن عبد الملك العجلى ,بقراء تى عليه بأصفهان، قال: حدثنا أبو الحسن بن أحمد بن صالح بن حماد المقرى بياع الحديد، قال :حدثنا أبو عبد الله الأزرق الحسين بن على بن حماد، قال :حدثنا محمد بن خالد السعدى، قال :حدثنا أبو جعفر محمد بن سفيان بن وردان الأسدى الكوفى، قال :حدثنا حماد بن عمر النصيبى، قال :حدثنا السرى بن شداد، قال :حدثنا جعفر بن محمد، عن أبيه، عن جده عليهم السلام، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال " :يا على ,إن المؤمن إذا أتى عليه أربعون سنة ,وهو العمر ,أمنه الله من البلايا الثلاث :الجنون، والجذام، والبرص، فإذا أتى عليه خمسون سنة ,وهو الدهر، خفف الله عليه الحساب، فإنه إذا بلغ ستين سنة ,فهو إلى ستين سنة فى إقبال، وبعد الستين فى إدبار، رزقه الله تعالى الإنابة إليه فيما يحب، فإذا بلغ سبعين سنة ,فهو الحقب ,أحبه أهل السماء، فإذابلغ ثمانين سنة أثبتت حسناته، ومحيت سيئاته، فإذا بلغ تسعين سنة ,فهو الغاية، وذهب عنه الدهر، وغفر له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، ومشى على الأرض مغفورا له، فإذا بلغ مائة سنة كان حبيس الله فى أرضه، وشفع فى أهل بيته وسماه أهل السماء أسير الله فى أرضه (ترتيب الأمالى الخميسية للشجرى، رقم الحديث ٢٦٦٨،فى ذكر المشيب، والعمر ولطف الله تعالى، بالمعمر وما يتصل بذلك)

[2] قال الالبانى:

(إذا بلغ العبد الأربعين؛ خفف الله عنه حسابه، فإذا بلغ الستين؛ رزقه الله الإنابة إليه،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

لیکن جوانسان بڑھاپے کی عمر پائے، جس میں وہ کمزور ولاغر ہونے کے باوجود، برے اعمال سے بچنے اور توبہ واستغفار کرنے کا اہتمام کرے، اور بڑھاپے میں حاصل ہونے والی تکالیف

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فإذا بلغ سبعين؛ أحبه أهل السماء ، فإذا بلغ ثمانين سنة؛ ثبت الله حسناته، ومحا عنه سيئاته، فإذا بلغ تسعين سنة، غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، وشفعه فی أهل بيته، وكتب فی أهل السماء :أسير الله فی أرضه).

منكر .أخرجه أبو يعلى فی "مسنده الكبير "؛ كما فی "مجمع الزوائد "(10/ 205) ، وابن الجوزی فی "الموضوعات "(1/180) من طريق البغوی؛ كلاهما عن عزرة بن قيس الأزدی قال :حدثنا أبو الحسن الكوفی عن عمرو بن أوس قال :قال محمد بن عمرو بن عثمان عن عثمان بن عفان عن النبی صلى الله عليه وسلم .وقال ابن الجوزی ":هذا الحديث لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم؛ عزرة بن قيس ضعفه يحيى، وأبو الحسن الكوفی مجهول ."

ومحمد بن عمرو نسب إلى جده، وهو محمد بن عبد الله بن عمرو بن عثمان ابن عفان، وفيه ضعف؛ كما يأتی فی الحديث الذی بعده.

وأعله الهيثمی بالأزدی فقط، فقال ":وهو ضعيف ."

وقد تعقب السيوطی فی "اللآلء "(1/146 - 139) ابن الجوزی فی حكمه على الحديث بالوضع، واستوعب الكلام على طرقه وشواهده الكثيرة،

ونقل عن الحافظ ابن حجر أنه يتعذر الحكم من مجموعها على المتن بأنه موضوع، وتبعه فی ذلک الشوكانی فی "الفوائد المجموعة "(ص 483 - 481) ! وأبى ذلک محققه العلامة عبد الرحمن اليمانی، فقال ":واعلم أن هذا الخبر يتضمن معذرة وفضيلة للمسنين، وإن كانوا مفرطين أو مسرفين على أنفسهم، فمن ثم أولع به الناس، يحتاج إليه الرجل ليعتذر عن نفسه، أو عمن يتقرب إليه، فإما أن يقويه، وإما أن يركب له إسنادا جديدا، أو يلقنه من يقبل التلقين، أو يدخله على غير ضابط من الصادقين، أو يدلسه عن الكذابين، أو على الأقل يرويه عنهم، ساكتا عن بيان حاله." . . .

ثم أطال النفس جدا، فی تلخيص الكلام على تلک الطرق، والكشف عن عللها، وضعف رواتها، فراجعه، فإنه نفيس جدا (ص 486 - 482).

ولذلک؛ وجدت نفسی لا تطمئن لتصحيح هذا الحديث، وإن كان معناه يوافق هوى النفس؛ فقد بلغت الخامسة والسبعين !أضف إلى ذلک أنه لا يلتقی مع قوله صلى الله عليه وسلم ":أعذر الله إلى امرء أخر أجله حتى بلغ ستين سنة ."

رواه البخاری وغيره .وهو مخرج مع بعض شواهده فی "الصحيحة "برقم (1089) .

قال الحافظ فی "الفتح "(10/240):

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

پر صبر واستقامت کا مظاہرہ کرے، تو اس طرح کے بڑھاپے کی فضیلت کا بھی انکار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ تکالیف پر صبر کرنے کی عظیم فضیلت ہے۔

لیکن صرف عمر زیادہ ہونے کے بھروسے پر اکتفاء کر لینا اور اس کے مقابلہ میں اختیاری اور اہم اعمال کو نظر انداز کرنا درست نہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

"الإعذار :إزالة العذر .والمعنى :أنه لم يبق له اعتذار، كأن يقول :لو مد لى فى الأجل لفعلت ما أمرت به .يقال :أعـذر إليه؛ إذا بلغه أقصى الغاية فى العذر ومكنه منه .وإذا لم يكـن له عذر فى ترك الطاعة مع تمكنه منها بالعمر الذى حصل له؛ فلا ينبغى له حينئذ إلا الاستغفار والطاعة، والإقبال على الآخرة بالكلية ."

وإليک حـديثا آخـر بـمعنى الذى تقدم : (سلسلة الأحاديث الضعيفة ، تحت رقم الحديث ۵۹۸۳)

(فصل نمبر 27)

لمبی عمر اور اچھے اعمال واخلاق والوں کی فضیلت

احادیث میں یہ بھی واضح کردیا گیا ہے کہ دنیا میں صرف لمبی عمر ہونے کو اچھا سمجھنا درست نہیں، بلکہ اگر عمر کا لمبا ہونا، اچھا ہوسکتا ہے، تو وہ صرف اچھے اخلاق اور اچھے اعمال والے مومن بندہ کے ساتھ ہی خاص ہے، ورنہ بد اعمالیوں کے ساتھ دنیا میں عمر کا لمبا ہونا آخرت کے اعتبار سے وبال کا باعث ہے۔

اس سلسلہ میں چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِكُمْ؟ قَالُوْا: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: خِيَارُكُمْ أَطْوَلُكُمْ أَعْمَارًا، وَأَحْسَنُكُمْ أَعْمَالًا

(مسند احمد، رقم الحديث،رقم الحديث ۷۲۱۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تم کو تمہارے سب سے بہترین لوگوں کے بارے میں نہ بتلادوں؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول جی ہاں (ضرور بتلایئے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہترین لوگ وہ ہیں، جو تم میں لمبی عمروں والے اور اچھے اعمال والے ہوں (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

مذکورہ روایت کے آخر میں تو اچھے اعمال والوں کا ذکر ہے، جبکہ بعض روایات میں اچھے اعمال والوں کے بجائے اچھے اخلاق والوں کا ذکر ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں درجِ ذیل الفاظ ہیں:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ ؟قَالُوْا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خِيَارُكُمْ أَطْوَلُكُمْ أَعْمَارًا، وَأَحْسَنُكُمْ أَخْلَاقًا(مسند احمد، رقم الحديث ٩٢٣٥) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں یہ نہ بتادوں کہ تم میں سب سے بہترین لوگ کون ہیں؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول جی ہاں (ضرور بتلایئے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہترین لوگ وہ ہیں، جو تم میں لمبی عمروں والے اور اچھے اخلاق والے ہوں (مسند احمد)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ سب سے اچھے لوگ وہ ہیں، جن کی عمر لمبی ہو، اور ان کے اخلاق اچھے ہوں۔

جبکہ اس سے پہلی روایت سے معلوم ہو چکا کہ سب سے اچھے لوگ وہ ہیں، جن کی عمر لمبی ہو اور ان کے اعمال اچھے ہوں۔

دونوں قسم کی روایات میں درحقیقت کوئی ٹکراؤ نہیں، کیونکہ اصل اعتبار تو اچھے اعمال کا ہوتا ہے، اور اخلاق بھی اچھے اعمال میں داخل ہیں، لیکن اخلاق کا درجہ اعمال میں بڑی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے بعض روایات میں اخلاق کی اہمیت کے پیشِ نظر ان کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کردیا گیا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن من أجل محمد بن إسحاق (حاشية مسند احمد)

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ مِنْ شِرَارِکُمْ؟ قَالُوْا: بَلٰی، قَالَ: خِیَارُکُمْ أَطْوَلُکُمْ أَعْمَارًا، وَأَحْسَنُکُمْ عَمَلًا (المستدرک علی الصحیحین للحاکم، رقم الحدیث ۱۲۵۵، کتاب الجنائز) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تم میں شریر ترین لوگوں کے مقابلہ میں بہترین لوگوں کو نہ بتلادوں؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ جی ہاں (ضرور بتلائیے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہترین لوگ وہ ہیں، جو تم میں لمبی عمروں والے اور اچھے اعمال والے ہوں (حاکم)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی بعض روایات میں بھی اچھے اعمال والوں کے بجائے اچھے اخلاق والوں کا ذکر ہے، جس کی وجہ پہلے ذکر کی جا چکی ہے۔ [2]

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ؟ قَالُوْا:

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه، وله شاهد صحیح علی شرط مسلم.

[2] عن جابر، أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: " ألا أنبئکم بخیارکم؟ قالوا: بلی، قال: خیارکم أحاسنکم أخلاقا وأطولکم أعمارا "(کشف الأستار عن زوائد البزار، رقم الحدیث ۳۵۸۵، کتاب الزهد، باب طول العمر)

قال الهیثمی: رواه البزار، ورجاله رجال الصحیح غیر مبارک بن فضالة، وقد وثق (مجمع الزوائد، رقم الحدیث ۱۷۵۴۹، باب فیمن طال عمره من المسلمین)

بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ،قَالَ:خِیَارُکُمْ أَطْوَلُکُمْ أَعْمَارًا إِذَا سَدِّدُوْا (مسند أبی یعلی، رقم الحدیث ۳۴۹۶،مسند أنس بن مالک) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تم میں سب سے بہترین لوگوں کے بارے میں نہ بتلاؤں؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول جی ہاں (ضرور بتلایئے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سب سے بہترین لوگ وہ ہیں، جو تم میں لمبی عمروں والے ہوں، جبکہ وہ درست کام کریں (ابو یعلیٰ)

درست کام سے مراد اچھے اعمال ہی ہیں، جن کا دوسری روایات میں ذکر آیا ہے۔

جابر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَإِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ أَنْ یَّطُوْلَ عُمْرُ الْعَبْدِ، وَیَرْزُقَهُ اللّٰهُ الْإِنَابَةَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث ۱۴۵۶۴) [2]

---

[1] قال الھیثمی:رواہ أبو یعلی، وإسنادہ حسن(مجمع الزوائد، رقم الحدیث۱۷۵۴۷ ،باب فیمن طال عمرہ من المسلمین)

وقال الالبانی:

"ألا أنبئکم بخیارکم؟ خیارکم أطولکم أعمارا إذا سددوا ."

أخرجه أبو یعلی فی "مسنده "(884/2) : حدثنا الجراح بن مخلد أخبرنا سالم بن نوح أخبرنا سهیل أخبرنا ثابت عن أنس قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: فذکره.

قلت :وھذا إسناد رجاله کلهم ثقات، غیر سهیل وھو ابن أبی حزم کما فی حدیث قبله عند أبی یعلی، وھو ضعیف کما جزم به الحافظ فی "التقریب ."فقول المنذری (4/ 135) ثم الهیثمی (203/10) " : رواه أبو یعلی بإسناد حسن ."فهو غیر حسن، إلا إن کان المراد أنه حسن لغیره، فإن له شواهد کثیرة، تقدم بعضها(سلسلة الأحادیث الصحیحة، رقم الحدیث ۲۴۹۸)

[2] قال شعیب الارنؤوط:حسن لغیرہ، وھذا إسناد محتمل للتحسین(حاشیة مسند احمد)

ترجمہ: اور انسان کی سعادت وخوش نصیبی یہ ہے کہ اسے لمبی عمر ملے اور اللہ اسے اپنی طرف رجوع ہونے کی توفیق عطاء فرمائے (مسند احمد)

اللہ کی طرف رجوع ہونے سے مراد اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطاعت اور توبہ واستغفار کی توفیق حاصل ہونا ہے، اسی کی تعبیر دوسری احادیث میں اچھے اعمال اور اچھے اخلاق وغیرہ سے کی گئی ہے۔ [1]

عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيَّانِ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: مَنْ خَيْرُ الرِّجَالِ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ، وَقَالَ الْآخَرُ: إِنَّ شَرَائِعَ الْإِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيْنَا، فَبَابٌ نَتَمَسَّكُ بِهِ جَامِعٌ؟ قَالَ: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ

(مسند احمد، رقم الحديث، رقم الحديث ١٧٦٨٠) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو دیہاتی آئے، ان میں سے ایک نے سوال کیا کہ اے محمد! لوگوں میں سب سے بہتر کون ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ جس کی عمر لمبی ہو، اور اس کا عمل اچھا ہو۔

اور دوسرے دیہاتی نے سوال کیا کہ اسلام کے احکام تو بہت کثرت سے ہمارے

---

[1] (وإن من السعادة) أى :العظمى .(أن يطول عمر العبد) بضم الميم ويسكن .(ويرزقه الله - عز وجل -الإنابة) أى :الرجوع إلى طاعة الله تعالى ودوام الحضور بالعصمة أولا أو بالتوبة آخرا فى النهاية المطلع مكان الاطلاع من موضع عال يقال :مطلع هذا الجبل من موضع كذا أى :مأتاه ومصعده يريد له ما يشرف عليه من سكرات الموت وشدائده، فشبهه بالمطلع الذى يشرف عليه من موضع عال(مرقاة المفاتيح، ج٣ص ١١٦٣، كتاب الجنائز،باب تمنى الموت وذكره)

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

لیے بیان ہوئے ہیں، ان میں سے کسی جامع حکم کے بارے میں ہمیں بتلا دیجیے، جس پر ہم عمل کریں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ تمہاری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہے (مسند احمد)

اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ مسلمانوں میں سب سے اچھے لوگ وہ ہیں، جن کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں۔

مذکورہ احادیث وروایات میں تو بہترین، یا سب سے اچھے لوگوں کا ذکر ہے، جبکہ بعض احادیث وروایات میں سب سے اچھے لوگوں کے ساتھ یہ اضافہ بھی ہے کہ لوگوں میں بدترین وہ ہے، جس کی عمر لمبی ہو، اوراس کا عمل گندا، اور برا ہو۔

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ، قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ، قَالَ: فَأَيُّ النَّاسِ شَرٌّ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ

(سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۳۳۰، ابواب الزهد، باب بلاترجمة بعد باب ما جاء فی طول العمر للمؤمن، مسند احمد، رقم الحدیث ۲۰۴۱۵، المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۵۴۴۹) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے بہترین کون ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ جس کی عمر لمبی ہو، اوراس کا عمل اچھا ہو، اس آدمی نے سوال کیا کہ لوگوں میں سب سے بدترین

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.
وقال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الصغير والأوسط، وإسناده جيد (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۷۵۴۸، باب فيمن طال عمره من المسلمين)
وقال شعيب الارنؤوط: حديث حسن، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

کون ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کی عمر لمبی ہو، اور اس کا عمل برا (اور گندا) ہو (ترمذی، مسند احمد)

اس حدیث سے دونوں باتیں معلوم ہوگئیں۔

ایک یہ کہ مسلمانوں میں سب سے بہترین وہ لوگ ہیں، جن کی عمر لمبی ہونے کے ساتھ ساتھ اعمال خاص کر اخلاق سب سے اچھے ہوں۔

اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ مسلمانوں میں بدترین لوگ وہ ہیں، جن کی عمر تو لمبی ہو، لیکن عمل برا، اور گندا ہو۔

افسوس کہ آج کل دنیا میں صرف لمبی عمر ہونے کو تو اچھا سمجھا جاتا ہے، لیکن اعمال واخلاق کے اچھا ہونے کو کوئی خاطر خواہ اہمیت نہیں دی جاتی۔

مذکورہ احادیث وروایات کے مضمون کی تائید ان احادیث وروایات سے بھی ہوتی ہے، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ عمر پا کر زیادہ نیک عمل کر کے بعد میں فوت ہونے والا شخص، جنت میں اپنے سے افضل، یا شہید ہونے والے سے بھی پہلے داخل ہو جاتا ہے۔

اس سلسلہ میں چند احادیث ملاحظہ فرمائیے۔

چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی حدیث

حضرت عامر بن سعد سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ سَعْدًا، وَنَاسًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُوْنَ: كَانَ رَجُلَانِ أَخَوَانِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَحَدُهُمَا أَفْضَلَ مِنَ الْآخَرِ، فَتُوُفِّيَ الَّذِىْ هُوَ أَفْضَلُهُمَا، ثُمَّ عُمِّرَ الْآخَرُ بَعْدَهٗ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ تُوُفِّيَ، فَذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ الْأَوَّلِ عَلَى الْآخَرِ، فَقَالَ: أَلَمْ يَكُنْ يُصَلِّيْ؟

فَقَالُوا: بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَانَ لَا بَأْسَ بِهِ، فَقَالَ: مَا يُدْرِيكُمْ مَاذَا بَلَغَتْ بِهِ صَلَاتُهُ؟ ثُمَّ قَالَ عِنْدَ ذٰلِكَ: إِنَّمَا مَثَلُ الصَّلَاةِ كَمَثَلِ نَهْرٍ جَارٍ بِبَابِ رَجُلٍ، غَمْرٍ عَذْبٍ يَقْتَحِمُ فِيهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ، فَمَاذَا تُرَوْنَ يُبْقِي ذٰلِكَ مِنْ دَرَنِهِ؟ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۵۳۴) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت سعد اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو آدمی آپس میں بھائی تھے، اور ان میں سے ایک دوسرے کے مقابلہ میں زیادہ فضیلت والا (یعنی زیادہ نیک) تھا، پھر یہ زیادہ فضیلت رکھنے والا شخص فوت ہوگیا، اس کے بعد دوسرا شخص چالیس رات زندہ رہا، پھر وہ بھی فوت ہوگیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پہلے فوت ہونے والے کی دوسرے پر فضیلت کا ذکر کیا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا وہ (بعد میں فوت ہونے والا شخص) نماز نہیں پڑھتا تھا؟ لوگوں نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! پڑھتا تو تھا، مگر اس سے تو کوئی فرق نہیں پڑتا، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں کیا خبر کہ اس (بعد میں فوت ہونے والے شخص) کی نماز نے اسے کس مقام پر پہنچا دیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز کی مثال نہر کی طرح ہے، جو کسی آدمی کے دروازے کے قریب سے جاری ہو، جس کا پانی گہرا، میٹھا ہو، جس میں وہ شخص روزانہ پانچ مرتبہ غوطہ لگاتا ہو، تمہارا کیا خیال ہے، کیا اس کے جسم پر کچھ بھی میل کچیل باقی رہے گا؟ (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ جو شخص زیادہ نیک عمل کرنے والے سے صرف چالیس رات زیادہ زندہ رہا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده قوى على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مخرمة بن بكير، فمن رجال مسلم (حاشية مسند احمد)

اور وہ ان اضافی دنوں میں نمازیں پڑھتا رہا، تو اس کے چالیس دنوں کے اعمال خاص کر نمازوں نے اس کے مقام کو بہت بلند کر دیا ہے، کیونکہ نماز پڑھنے اور اس کے لیے وضو کرنے والا ایسا ہے، جیسا کہ ہر وضو اور نماز کے وقت اس کے گناہوں کا میل کچیل صاف شفاف پانی سے دُھل جاتا ہو۔

ابو سلمہ و ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

نَزَلَ رَجُلَانِ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ عَلٰى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَقُتِلَ أَحَدُهُمَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَكَثَ الْآخَرُ بَعْدَهُ سَنَةً، ثُمَّ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ،فَأُرِىَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ:أَنَّ الَّذِىْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْآخَرِ بِحِيْنٍ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ طَلْحَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمْ مَكَثَ بَعْدَهُ؟قَالَ:حَوْلًا ،فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلّٰى أَلْفًا وَثَمَانِ مِائَةِ صَلَاةٍ، وَصَامَ رَمَضَانَ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۳۸۹) [۱]

ترجمہ: ایک مرتبہ یمن کے دو آدمی حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے یہاں مہمان بنے ، ان میں سے ایک صاحب تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے شہید ہوگئے، اور دوسرے صاحب ان کے بعد ایک سال مزید زندہ رہے اور ان کی موت بستر پر واقع ہوئی (یعنی وہ میدانِ جہاد میں شہید نہیں ہوئے) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اپنے بستر پر مرنے والا

[۱] قال شعيب الارنؤوط:حسن لغيره(حاشية مسند احمد)

شخص اپنے دوسرے ساتھی سے کافی عرصہ پہلے جنت میں داخل ہوگیا ہے،
حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے یہ خواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا، تو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے معلوم کیا کہ یہ دوسرا آدمی اپنے پہلے ساتھی
کے بعد کتنا عرصہ تک زمین پر زندہ رہا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ایک سال بعد
تک زندہ رہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس نے (اس عرصہ میں)
ایک ہزار آٹھ سو نمازیں پڑھیں اور رمضان کے روزے الگ رکھے (مسند احمد)

مطلب یہ تھا کہ جو شخص شہید تو نہیں ہوا، لیکن شہید کے بعد ایک سال تک زندہ رہ کر اس نے سال بھر فرض اور نفل وسنت روزے رکھے، اور ایک سال تک وہ نمازیں بھی پڑھتا رہا، روزمرہ پانچ نمازوں کے حساب سے ایک سال کی نمازوں کی تعداد اٹھارہ سو (یعنی ایک ہزار آٹھ سو) کے قریب بنتی ہے۔

لہٰذا دوسرے شخص کی اتنی نمازیں زیادہ ہوئیں، اور اسے ایک سال کے روزوں کے ساتھ ایک سال کی ان نمازوں کا بھی ثواب حاصل ہوا، اسی وجہ سے وہ دوسرا شخص شہید سے پہلے جنت میں داخل ہوگیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَجُلَانِ مِنْ بَلِيٍّ حَيٌّ مِنْ قُضَاعَةَ أَسْلَمَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتُشْهِدَ أَحَدُهُمَا، وَأُخِّرَ الْآخَرُ سَنَةً.

قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: فَأُرِيتُ الْجَنَّةَ، فَرَأَيْتُ الْمُؤَخَّرَ مِنْهُمَا، أُدْخِلَ قَبْلَ الشَّهِيدِ، فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِكَ، فَأَصْبَحْتُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ ذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَيْسَ قَدْ صَامَ بَعْدَهُ رَمَضَانَ، وَصَلَّى سِتَّةَ آلَافِ رَكْعَةٍ، أَوْ كَذَا وَكَذَا رَكْعَةً صَلَاةَ

السَّنَةِ؟(مسند احمد، رقم الحدیث ۸۳۹۹) [1]

ترجمہ: دو آدمی قضاعہ قبیلے کے دُور دراز علاقہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اسلام لائے، ان میں سے ایک شخص شہید ہو گیا، اور اس کا دوسرا ساتھی سال بھر تک زندہ رہا، پھر یہ انتقال کر گیا، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں جنت کو دیکھا، تو میں نے بعد میں فوت ہونے والے کو دیکھا کہ وہ شہید سے پہلے جنت میں داخل کیا گیا، جس پر مجھے تعجب ہوا، پھر میں نے صبح ہونے کے بعد اس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کیا، یا اس واقعہ کا رسول اللہ علیہ وسلم کے سامنے ذکر کیا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا اس بعد میں فوت ہونے والے شخص نے شہید کے بعد رمضان کے روزے نہیں رکھے، چھ ہزار رکعت نماز، یا اتنی اور اتنی رکعتیں ایک سال کی نماز میں نہیں پڑھیں؟ (مسند احمد)

دن رات کی پانچ نمازوں کی صرف فرض رکعات کی تعداد سترہ بنتی ہے، اور قمری سال کے دنوں کی تعداد تقریباً ساڑھے تین سو بنتی ہے۔

اگر سال بھر کی صرف فرض رکعتوں کی تعداد کو جمع کیا جائے، تو ان کی تعداد کسر حذف کر کے چھ ہزار بنتی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید سے پہلے جنت میں داخل ہونے والے شخص کے لیے ایک سال کے روزوں اور نمازوں کے زیادہ ہونے کی وجہ بیان فرمائی۔

طلحہ بن عبید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: اسناده حسن (حاشية مسند احمد)

وقال الهيثمي: رواه أحمد، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۷۵۵۳، باب فيمن طال عمره من المسلمين)

أَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ بَلِيٍّ قَدِمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ إِسْلَامُهُمَا جَمِيْعًا، فَكَانَ أَحَدُهُمَا أَشَدَّ اجْتِهَادًا مِّنَ الْآخَرِ، فَغَزَا الْمُجْتَهِدُ مِنْهُمَا فَاسْتُشْهِدَ، ثُمَّ مَكَثَ الْآخَرُ بَعْدَهُ سَنَةً، ثُمَّ تُوُفِّيَ، قَالَ طَلْحَةُ: فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ بَيْنَا أَنَا عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ، إِذَا أَنَا بِهِمَا، فَخَرَجَ خَارِجٌ مِّنَ الْجَنَّةِ، فَأَذِنَ لِلَّذِي تُوُفِّيَ الْآخِرَ مِنْهُمَا، ثُمَّ خَرَجَ، فَأَذِنَ لِلَّذِي اُسْتُشْهِدَ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَيَّ، فَقَالَ: اِرْجِعْ، فَإِنَّكَ لَمْ يَأْنِ لَكَ بَعْدُ، فَأَصْبَحَ طَلْحَةُ يُحَدِّثُ بِهِ النَّاسَ، فَعَجِبُوْا لِذٰلِكَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَدَّثُوْهُ الْحَدِيْثَ، فَقَالَ: مِنْ أَيِّ ذٰلِكَ تَعْجَبُوْنَ؟ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا كَانَ أَشَدَّ الرَّجُلَيْنِ اجْتِهَادًا، ثُمَّ اُسْتُشْهِدَ، وَدَخَلَ هٰذَا الْآخِرُ الْجَنَّةَ قَبْلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَيْسَ قَدْ مَكَثَ هٰذَا بَعْدَهُ سَنَةً؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: وَأَدْرَكَ رَمَضَانَ فَصَامَ، وَصَلّٰى كَذَا وَكَذَا مِنْ سَجْدَةٍ فِي السَّنَةِ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا بَيْنَهُمَا أَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٣٩٢٥، ابواب تعبير الرؤيا، باب تعبير الرؤيا) [1]

ترجمہ: دو آدمی دُور دراز علاقہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایک ساتھ اسلام قبول کیا، ان میں سے ایک شخص دوسرے سے بڑھ کر جدوجہد (اور عبادت) کرتا تھا، یہ زیادہ عبادت کرنے والا شخص جہاد میں شریک ہوا، اور شہید ہوگیا، پھر اس کا دوسرا ساتھی سال بھر تک زندہ رہا، پھر یہ فوت ہوگیا، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں جنت کے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف لانقطاعه، فإن أبا سلمة بن عبد الرحمن لم يسمع من طلحة بن عبيد الله (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

دروازے کے پاس کھڑا ہوں، اور میں ان دونوں کے قریب ہی ہوں، جنت کے اندر سے ایک شخص نکلا، اور ان میں سے بعد میں فوت ہونے والے کو (جنت میں داخلہ) کی اجازت دی، پھر کچھ دیر بعد وہ شخص دوبارہ نکلا، اور شہید ہونے والے کو اجازت دی، پھر لوٹ کر آیا اور مجھے کہنے لگا کہ آپ واپس لوٹ جائیں، ابھی آپ کا وقت نہیں آیا، صبح ہوئی تو میں نے یہ خواب لوگوں کو سنایا، لوگوں کو اس سے بہت تعجب ہوا (کہ شہید کو جنت میں بعد میں کیوں داخل کیا گیا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ بات پہنچی، اور لوگوں نے آپ کو پورا قصہ سنایا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں کس بات کی وجہ سے تعجب ہو رہا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ان دونوں میں پہلا شخص زیادہ محنت وریاضت کرتا تھا، پھر شہید بھی ہوا، اور (اس کے باوجود) دوسرا شخص جنت میں اس سے پہلے داخل ہوا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا دوسرا شخص، پہلے شخص کے بعد ایک سال تک زندہ نہیں رہا؟ صحابہ نے عرض کیا کہ بے شک زندہ رہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے رمضان کا مہینہ ملا، اور اس نے روزے رکھے، اور سال بھر اتنے اتنے سجدے کیے (اور نمازیں اداء کیں) صحابہ نے عرض کیا کہ بے شک، رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر ان دونوں کے درجوں میں آسمان وزمین کے فاصلہ سے زیادہ دوری ہے (ابنِ ماجہ)

عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ نَفَرًا مِّنْ بَنِي عُذْرَةَ ثَلَاثَةً، أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمُوْا، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَّكْفِيْنِيهِمْ؟ قَالَ

طَلْحَةُ: أَنَا، قَالَ: فَكَانُوا عِنْدَ طَلْحَةَ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيهِ أَحَدُهُمْ فَاسْتُشْهِدَ، قَالَ: ثُمَّ بَعَثَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيهِ آخَرُ فَاسْتُشْهِدَ، قَالَ: ثُمَّ مَاتَ الثَّالِثُ عَلٰى فِرَاشِهِ، قَالَ طَلْحَةُ: فَرَأَيْتُ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةَ الَّذِينَ كَانُوا عِنْدِي فِي الْجَنَّةِ، فَرَأَيْتُ الْمَيِّتَ عَلٰى فِرَاشِهِ أَمَامَهُمْ، وَرَأَيْتُ الَّذِي اُسْتُشْهِدَ أَخِيرًا يَلِيهِ، وَرَأَيْتُ الَّذِي اُسْتُشْهِدَ أَوَّلَهُمْ آخِرَهُمْ، قَالَ: فَدَخَلَنِي مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا أَنْكَرْتَ مِنْ ذٰلِكَ لَيْسَ أَحَدٌ أَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مُؤْمِنٍ يُعَمَّرُ فِي الْإِسْلَامِ لِتَسْبِيحِهِ وَتَكْبِيرِهِ وَتَهْلِيلِهِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۰۱) [1]

ترجمہ: بنی عذرہ قبیلہ کے تین افراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، جنہوں نے اسلام قبول کیا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی کون کفایت (وضیافت) کرے گا؟ حضرت طلحہ نے عرض کیا کہ میں کروں گا، تو وہ تینوں حضرت طلحہ کے پاس تھے، اسی دوران نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بھیجا، ان تین افراد میں سے ایک شخص اس لشکر میں گیا، جو کہ شہید ہوگیا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اور لشکر بھیجا، جس میں دوسرا شخص بھی گیا، وہ بھی شہید ہوگیا، پھر (ان تین افراد میں سے) تیسرا شخص اپنے بستر پر فوت ہوگیا، حضرت طلحہ کہتے ہیں کہ میں نے ان تینوں کو (خواب میں) دیکھا کہ وہ میرے پاس جنت میں ہیں، اور میں نے اپنے بستر پر فوت ہونے والے کو ان سے آگے دیکھا، اور جو بعد میں شہید ہونے والا تھا، اس کو اس کے ساتھ (پیچھے) دیکھا، اور جو پہلے فوت ہونے والا تھا،

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

اس کو ان دونوں کے بھی پیچھے دیکھا، جس سے مجھے خلجان ہوا (کہ دونوں شہید پیچھے کیوں ہیں، اور بعد میں اپنے بستر پر فوت ہونے والا آگے کیوں ہے؟) تو میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور آپ کے سامنے اس خواب کا ذکر کیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ کو اس پر تعجب کیوں ہوا؟ اللہ کے نزدیک اس مؤمن سے زیادہ فضیلت والا کوئی نہیں، جو اسلام کی حالت میں ایک لمبی عمر پائے، اس کی (زیادہ) تسبیح اور تکبیر اور تہلیل (اور ذکر واذکار اور عبادت) کی وجہ سے (اس کی زیادہ فضیلت ہے) (مسند احمد)

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ زیادہ عمر تک زندہ رہ کر عبادت کرنے والے کا ثواب کم عمر میں شہادت کا درجہ پانے والے سے بھی زیادہ ہوتا ہے، اگرچہ وہ زیادہ عمر والا اپنے بستر پر ہی فوت کیوں نہ ہو۔

خلاصہ یہ کہ سب سے بہترین لوگ وہ شمار ہوتے ہیں، جو لمبی عمر پائیں، اور زیادہ اچھے اعمال واخلاق والے ہوں، اور ان کے مقابلہ میں بدترین لوگ وہ شمار ہوتے ہیں، جو لمبی عمر پائیں، اور ان کے اعمال واخلاق برے اور گندے ہوں۔

اس لیے زندگی کے ساتھ ساتھ اچھے اعمال اور خاص طور پر اچھے اخلاق کی قدر کرنی چاہئے۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

Idara Ghufran

(فصل نمبر 28)

موت لازم، اور اس کا وقت مقرر ہے

اس دنیا میں جس چیز کو بھی وجود ملا ہے، وہ اللہ کے حکم، اور اس کی قدرت سے ملا ہے، اسی بنیاد پر انسانوں کو حیات وزندگی بھی اللہ کے حکم اور اس کی قدرت سے حاصل ہوئی، جب اور جس کو چاہا، اللہ نے وجود وحیات عطاء فرمائی، اس میں کسی غیر اللہ کا کوئی عمل دخل نہیں، پس اسی طرح اس چیز کے ختم ہونے اور فوت ہونے پر بھی اللہ تعالیٰ ہی کی قدرت واختیار ہے، اس میں بھی کسی غیر اللہ کا کوئی عمل دخل نہیں، اسی وجہ سے اللہ نے اس کائنات کی ہر چیز کو ایک مقررہ مدت کے لئے پیدا فرمایا ہے، وہ مدت اللہ کی طرف سے طے شدہ ہے، اس کے وجود میں آنے سے لے کر اس کے ختم اور فوت ہونے تک سب امور کا فیصلہ اللہ نے فرمادیا ہے، جس کے مقابلہ میں نہ کسی کو خود سے وجود میں آنے کا اختیار حاصل ہے، نہ اس وجود کو خود سے باقی رکھنے کا اختیار حاصل ہے۔

پس جب ہر انسان کے دنیا میں آنے اور دنیا سے چلے جانے کا وقت مقرر ہے، جس کے بعد ہر ایک نے اللہ کے سامنے حاضر ہونا ہے، تو مومن کے لیے ضروری ہوا کہ اس کے مطابق عقیدہ رکھے، اور کسی کے فوت ہونے پر اعتراض نہ کرے۔

سورہ آلِ عمران، حج، زمر، غافر، واقعہ وسورہ ملک کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ بتلادیا کہ کسی کی بھی موت، اللہ کے حکم کے بغیر نہیں آتی، اللہ کسی کو پہلے، اور کسی کو بعد میں، کسی کو بچپن میں کسی کو جوانی اور کسی کو بڑھاپے میں وفات دیتا ہے، یہ سب کچھ اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔

Idara Ghufran

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ كِتَابًا مُّؤَجَّلًا (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۴۵)

ترجمہ: اور نہیں ہے (کوئی اختیار) کسی جان کو کہ مرے وہ، مگر اللہ کے اِذن سے، لکھا ہوا ہے مقررہ وقت (سورہ آلِ عمران)

معلوم ہوا کہ اللہ کے حکم کے بغیر کسی کو مرنے کا اختیار حاصل نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ حج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْا أَشُدَّكُمْ وَمِنْكُمْ مَنْ يُتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَنْ يُرَدُّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ (سورة الحج، رقم الآية ۵)

ترجمہ: پھر نکالتے ہیں ہم، تم کو (ماں کے پیٹ سے) بچہ، تاکہ پہنچ جاؤ تم اپنی مضبوطی (جوانی) کو، اور تم میں سے بعض وہ ہیں، جن کو وفات دے دی جاتی ہے، اور تم میں سے بعض وہ ہیں، جو لوٹائے جاتے ہیں، رذیل ترین (بڑھاپے) کی عمر تک (سورہ حج)

مطلب یہ ہے کہ انسان کو ماں کے پیٹ سے دنیا میں بھیجے جانے کے بعد، بچپن، جوانی، یا بڑھاپے کی عمر میں وفات دینے کا اختیار صرف اللہ کو حاصل ہے، اس نے ہر ایک کی موت کا وقت مقرر فرمادیا ہے۔

قرآن مجید کی سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰۤى اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (سورة الزمر، رقم الآية ۴۲)

ترجمہ: اللہ ہی وفات دیتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت، اور ان جانوں کو

بھی جن کی موت نہیں آئی، ان کے سونے کے وقت، پھر روک لیتا ہے ان جانوں کو، جن پر حکم فرما چکا ہے، موت کا، اور (واپس) چھوڑ دیتا ہے باقی جانوں کو ایک مقررہ مدت تک، بے شک اس میں یقینی نشانیاں ہیں، ان لوگوں کے لیے، جو تفکر کرتے ہیں (سورہ زمر)

مطلب یہ ہے کہ نیند میں بھی اللہ، روحوں کو ایک طرح کی موت دیتا ہے، اور پھر جب بندے نیند سے بیدار ہوتے ہیں، تو دوبارہ ان کو حیات عطاء فرماتا ہے، اور بعض کو نیند سے واپس بیدار نہیں کرتا، بلکہ اسی حال میں ان کو وفات دے دیتا ہے، یہ سب کچھ اللہ کی قدرت سے ہوتا ہے۔

قرآن مجید کی سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُوَ الَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ فَإِذَا قَضٰی أَمْرًا فَإِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ

(سورة غافر، رقم الآية ٦٨)

ترجمہ: وہی (اللہ) ہے جو زندگی دیتا ہے، اور موت دیتا ہے، پس جب فیصلہ کرتا ہے وہ کسی کام کا، تو بس کہتا ہے وہ اس کو کہ ہوجا تو، پھر فوراً ہوجاتا ہے وہ (کام)

(سورہ غافر)

مطلب واضح ہے کہ جب حیات وزندگی بھی اللہ ہی نے عطاء فرمائی، تو اس کو سلب کرنا بھی اللہ ہی کے اختیار وقدرت میں ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ واقعہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَیْنَكُمُ الْمَوْتَ (سورة الواقعة، ٦٠)

ترجمہ: ہم نے مقدر کردیا ہے تمہارے درمیان، موت کو (سورہ واقعہ)

مطلب یہ ہے کہ انسانوں اور دوسری مخلوق کے درمیان موت کے نظام کو اللہ نے مقرر فرمایا ہے، جس طرح زندگی اور موت کا نظام بھی اسی نے مقرر فرمایا ہے، اس پر اللہ کے علاوہ کسی اور

کا اختیار نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ ملک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ .اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ

(سورة الملک،رقم الآیة ۱ و ۲)

ترجمہ: بابرکت ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ملک ہے،اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے،وہ پیدا کیا جس نے موت کو اور حیات کو،تاکہ آزمائے وہ تم کو کہ کون ہے تم میں زیادہ اچھا عمل کے اعتبار سے،اور وہ عزیز ہے،غفور ہے(سورہ ملک)

جب موت اور زندگی،اللہ کی مخلوق ہیں،تو ان دونوں پر اصل حکم واختیار بھی اللہ ہی کو حاصل ہے۔

سورہ آلِ عمران،انبیاء،مومنون،عنکبوت وسورہ زمر کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ بھی واضح فرمادیا کہ ہر جاندار نے موت کا مزہ چکھنا ہے،اور اللہ نے کسی جاندار کے لئے ہمیشہ رہنے کا فیصلہ نہیں کیا،اور اگر موت کے وقت کوئی مہلت طلب کرے،تو اس کو مہلت نہیں دی جاتی۔

چنانچہ سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَکُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّۃَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَیَاۃُ الدُّنْیَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ. لَتُبْلَوُنَّ فِیْ اَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتَابَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَمِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا اَذًی کَثِیْرًا وَاِنْ تَصْبِرُوْا

وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ (سورۃ آل عمران، رقم الآیات ۱۸۵، و۱۸۶)

ترجمہ: ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے، اور پورا پورا دیا جائے گا تم کو، تمہارا بدلہ قیامت کے دن، پس جو کوئی بچا لیا گیا جہنم سے، اور داخل کر دیا گیا وہ جنت میں، تو بلاشبہ کامیاب ہو گیا وہ، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر دھوکہ کا سامان، یقیناً آزمائش کی جائے گی تمہاری، تمہارے مالوں میں، اور تمہاری جانوں میں، اور ضرور بالضرور سنو گے تم ان لوگوں کی طرف سے، جنہیں دی گئی کتاب، تم سے پہلے، اور ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا، بہت تکلیف دہ باتوں کو، اور اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے (سورہ آلِ عمران)

معلوم ہوا کہ اللہ نے ہر جاندار کے لئے موت کا مزہ چکھنے کو طے فرما دیا ہے، جس سے ہر جاندار نے گذرنا ہے، جس کے بعد دنیا میں کئے جانے والے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، دنیا سے تو ہر ایک نے جانا ہے، اس سے کوئی فردِ بشر محفوظ نہیں، لیکن دنیا سے چلے جانے کے بعد آخرت کی حیات میں جہنم سے محفوظ ہو جانا، بڑی کامیابی ہے، اس لئے دنیا کی تکلیفوں اور مصیبتوں سے گھبرانا نہیں چاہیے، یہ سب حالات فنا اور ختم ہونے والے ہیں، ان پر صبر و تقوے کو اختیار کر کے اپنی اصل آخرت کی زندگی کامیاب بنانا چاہیے۔

قرآن مجید کی سورہ انبیاء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ أَفَإِنْ مِتَّ فَهُمُ الْخَالِدُوْنَ. كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ

(سورۃ الأنبياء، رقم الآیات ۳۴، ۳۵)

ترجمہ: اور نہیں کیا ہم نے کسی انسان کے لیے آپ سے پہلے ہمیشہ رہنا، تو کیا اگر مر جائیں آپ، تو وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں؟ ہر جاندار چکھنے والا ہے، موت کو، اور

مبتلا کرتے ہیں ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں، آزمانے کے لیے، اور ہماری طرف ہی لوٹایا جائے گا تم کو (سورہ انبیاء)

معلوم ہوا کہ اللہ نے دنیا میں نبی اور غیر نبی کسی کے لئے بھی دوام نہیں رکھا، ہر ایک کو موت کے راستہ سے گذرنا ہے، اصل چیز خیر وشر کے فتنہ کی آزمائش ہے، جو اس میں کامیاب ہوا، وہی اصل اور حقیقی کامیاب ہے، اور کامیاب لوگوں کی جماعت میں انبیائے کرام علیہم السلام سرِ فہرست ہیں، پس ان کی اور ان کے متبعین کی زندگی کامیاب ہے، اور ان کے مخالفین کی زندگی ناکام ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ مومنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

حَتّٰی إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ. لَعَلِّیْ أَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَکْتُ کَلَّا إِنَّهَا کَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا وَمِنْ وَّرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ (سورة المومنون، رقم الآيات ٩٩، ١٠٠)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب آتی ہے ان میں سے کسی کے پاس موت، تو کہتا ہے وہ کہ اے میرے رب! لوٹا دیجیے مجھے (دنیا کی طرف) تاکہ میں عمل کروں نیک، ان چیزوں میں، جن کو چھوڑ کر آیا میں (دنیا میں، اللہ کی طرف سے جواب ملتا ہے) ہرگز نہیں! بے شک یہ ایسا کلمہ ہے کہ یہ اس کا کہنے والا ہے، اور ان کے آگے برزخ ہے، اس دن تک کہ (جس دن) اٹھایا جائے گا ان کو (سورہ مومنون)

معلوم ہوا کہ بددین کی دنیوی زندگی، ناکام ہے، اسی لئے وہ موت کے وقت واپس لوٹ کر نیک ہونے کی خواہش ظاہر کرتا ہے، لیکن اس کی یہ خواہش اس وقت پوری نہیں ہوسکتی، اس سے پہلے ہر ایک کے پاس وقت اور موقع ہے کہ اپنے آپ کو نیک صالح بنائے۔

اور قرآن مجید کی سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ . وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا

الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ. الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ. وَكَأَيِّن مِّن دَابَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا، اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ، وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (سورة العنكبوت، رقم الآيات ٥٧ الى ٦٠)

ترجمہ: ہر جاندار، موت کا مزہ چکھنے والا ہے، پھر ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے تم، اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور عمل کیے نیک، ضرور ٹھکانہ دیں گے ہم ان کو جنت میں بالا خانوں کا، جاری ہوں گی، ان (بالا خانوں) کے نیچے سے نہریں، ہمیشہ رہیں گے وہ ان میں، کیا اچھا ہے عمل کرنے والوں کا بدلہ، وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا، اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں وہ، اور کتنے ہی جاندار ہیں کہ جو نہیں اٹھا سکتے اپنا رزق، اللہ ہی رزق دیتا ہے ان کو اور تم کو، اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے (سورہ عنکبوت)

مذکورہ آیات میں ہر نفس اور جاندار کو موت کا ذائقہ چکھنے کا ذکر ہے، جس میں کسی کو استثناء حاصل نہیں، انبیائے کرام وشہدائے عظام بھی اس اصولی حکم میں داخل ہیں۔

سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُونَ (سورة الزمر، رقم الآية ٣٠)

ترجمہ: بے شک آپ (بھی) مرنے والے ہیں، اور بے شک وہ (بھی) مرنے والے ہیں (سورہ زمر)

معلوم ہوا کہ نبی ہو، یا غیر نبی، ہر ایک نے دنیا کی موت کے مرحلہ سے گذرنا ہے، اور یہ بات طے ہے کہ انسانوں میں سب سے اعلیٰ وارفع حیات، اللہ کے نبی کو حاصل ہوتی ہے۔

سورہ آلِ عمران، نساء، عنکبوت، احزاب، قٓ وجمعہ کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ بھی واضح فرما دیا ہے کہ موت ہر جگہ پہنچ جاتی ہے، اس کے لئے

www.idaraghufran.org

کوئی زمانہ اور کوئی مقام رکاوٹ کا باعث نہیں، اور اس سے راہِ فرار کسی صورت میں ممکن نہیں۔

چنانچہ سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

الَّـذِيْـنَ قَـالُوْا لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ أَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا قُلْ فَادْرَءُ وْا عَنْ أَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ (سورة آل عمران، رقم الآية ١٦٨)

ترجمہ: وہ لوگ کہ کہا انہوں نے اپنے بھائیوں کو، اور بیٹھے رہے وہ (جہاد سے) کہ اگر وہ اطاعت کرتے ہماری، تو نہ قتل کیے جاتے وہ، کہہ دیجئے آپ کہ ہٹادو تم اپنے آپ سے موت کو، اگر ہو تم سچے (سورہ آل عمران)

اس سے معلوم ہوا کہ موت سے راہِ فرار اختیار کرنا، کسی کے لیے ممکن نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَيْـنَـمَـا تَـكُوْنُوْا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُشَيَّدَةٍ (سورة النساء، ٧٨)

ترجمہ: جہاں بھی تم ہوگے، پالے گی تمہیں موت، اگرچہ ہو تم مضبوط قلعوں میں (سورہ نساء)

معلوم ہوا کہ مضبوط ترین قلعے بھی موت کے لئے رکاوٹ اور اس سے بچنے کا باعث نہیں۔

سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَنْ كَانَ يَرْجُوْ لِقَاءَ اللّٰهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللّٰهِ لَآتٍ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (سورة العنكبوت، رقم الآية ٥)

ترجمہ: جو (شخص) امید کرتا ہے، اللہ سے ملاقات کی، تو بے شک اللہ کا طے کردہ وقت، یقیناً آنے والا ہے، اور وہ سمیع ہے، علیم ہے (سورہ عنکبوت)

مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی اللہ سے ملاقات کا خواہش مند ہے، تو اسے فکر کرنے کی ضرورت

نہیں، موت ضرور آئے گی، جس کے بعد اللہ کے حضور پیشی ہوگی، اور اللہ سے ملاقات ہوگی، اللہ سے ملاقات کے لئے موت کے مرحلے کو طے کرنا ضروری ہے۔

سورہ احزاب میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ لَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِنْ فَرَرْتُمْ مِنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ إِلَّا قَلِيْلًا . قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِنَ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوْءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا (سورة الأحزاب، رقم الآيات ۱۶، ۱۷)

ترجمہ: کہہ دیجیے آپ کہ ہرگز نفع نہیں دے گا تم کو بھاگنا، اگر تم بھاگو موت سے، یا قتل سے، اور اس صورت میں نہیں فائدہ دیا جائے گا تم کو، مگر تھوڑا، کہہ دیجیے آپ کہ کون ہے وہ جو بچائے گا تم کو اللہ سے، اگر ارادہ کرے وہ (یعنی اللہ) تمہارے ساتھ برائی کا، یا ارادہ کرے وہ (یعنی اللہ) تمہارے ساتھ رحمت کا، اور نہیں پائیں گے وہ (لوگ) اپنے لئے اللہ کے علاوہ کوئی ولی، اور نہ کوئی نصرت کرنے والا (سورہ احزاب)

معلوم ہوا کہ موت سے بھاگنا ہرگز فائدہ کا باعث نہیں، انسان جہاں بھی چلا جائے، موت اس کے دوسری سب چیزوں سے زیادہ قریب ہوتی ہے، اس لئے موت سے بھاگنے کی جد وجہد کرنا ہرگز کسی کام کا نہیں۔

اور سورہ قٓ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ (سورة ق، رقم الآية ۱۹)

ترجمہ: اور آ گئی سختی موت کی، حق کے ساتھ، یہ وہ چیز ہے کہ تو اس سے بھاگتا تھا (سورہ قٓ)

یعنی جب موت کی سختی سے انسان گذرتا ہے، تو کہا جاتا ہے کہ یہ وہی موت ہے، جس سے تم زندگی میں بھاگتے پھرتے تھے۔

اورسورہ جمعہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ إِلٰى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (سورة الجمعة رقم الآية ٨)

ترجمہ: کہہ دیجیے آپ کہ بے شک موت، وہ کہ بھاگتے ہو تم اس سے، پس بے شک وہ ملاقات کرے گی تم سے، پھر لوٹایا جائے گا تم کو عالمُ الغیب و الشھادۃ کی طرف، پھر خبردار کردے گا وہ تم کو ان کاموں سے جو کرتے تھے تم (سورہ جمعہ)

معلوم ہوا کہ جس موت سے بھاگنے اور بچنے کے لئے انسان ہر تدبیر اور جتن کرتا ہے، وہ اپنے مقررہ وقت پر ہر انسان سے ملاقات کر کے رہتی ہے، جس کے بعد پھر اللہ، عالم الغیب والشہادہ کے حضور پیشی بھی لازم ہے، جس سے انسان کا کوئی عمل مخفی نہیں، اس لئے اس کو اپنے اعمال کا حساب دینا پڑے گا۔

سورہ قصص، سورہ دخان وسورہ رحمٰن کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ بھی واضح فرمادیا ہے کہ اللہ کے علاوہ ہر چیز فنا ہونے والی ہے، اور ہر چیز کو موت آنے والی ہے۔

البتہ جنت میں موت نہیں آئے گی، جنتی ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ قصص میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ

(سورة القصص، رقم الآية ۸۸)

ترجمہ: نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس (اللہ) کے، ہر چیز ہلاک ہونے والی

ہے، سوائے اس (اللہ) کے چہرہ کے، اسی کے لئے حکم ہے، اور اسی کی طرف لوٹایا جائے گا تم کو (سورہ قصص)

اور قرآن مجید کی سورہ رحمٰن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ . وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (سورة الرحمن، رقم الآيات ٢٦ و ٢٧)

ترجمہ: ہر وہ فرد جو ہے اس (زمین) پر فنا ہونے والا ہے، اور باقی رہے گا آپ کے رب کا چہرہ، جو ذو الجلال و الاکرام ہے (سورہ رحمٰن)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ کے علاوہ دنیا کی ہر چیز فناء ہونے والی ہے، لہٰذا فناء ہونے والی چیز کی خاطر باقی رہنے والی ذات کو ناراض کرنا درست نہیں۔

قرآن مجید کی سورہ دخان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُوْلٰى (سورة الدخان، رقم الآية ٥٦)

ترجمہ: نہیں چکھیں گے وہ (جنت والے) اس (جنت) میں موت کو، مگر پہلی (دنیا کی) موت کو (سورہ دخان)

معلوم ہوا کہ دنیا میں ایک مرتبہ ہی انسان کو موت آئے گی، اور قیامت قائم ہونے کے وقت دوبارہ زندہ ہونے کے بعد موت نہیں آئے گی، اور جہنم کی زندگی تو کوئی زندگی کہلائے جانے کی مستحق ہی نہیں ہوگی، اصل زندگی، جنت کی ہوگی، اور وہاں موت کا تصور نہیں، اسی لئے جنت بھی ہمیشہ کے لئے ہے، اور جنتی بھی ہمیشہ کے لئے ہیں۔

سورہ انعام، وسورہ سجدہ کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ بھی واضح فرمادیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے روح قبض کرنے کے لئے فرشتہ کو مقرر فرما رکھا ہے، جس کو ''ملکُ الموت '' کہا جاتا ہے، اس کی ماتحتی میں مزید

فرشتے بھی مقرر ہیں۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفّٰكُمْ بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰى اَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ، وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتّٰى إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ.ثُمَّ رُدُّوْا إِلَى اللّٰهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِيْنَ (سورة الأنعام،رقم الآية ٦٠ الىٰ ٦٢)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے، جو وفات دے دیتا ہے تم کو رات میں، اور جانتا ہے وہ اس کو جو کچھ کماتے ہو تم دن میں، پھر اٹھا دیتا ہے وہ تمہیں دن میں، تا کہ پوری کر دی جائے (تمہاری زندگی کی) مقررہ میعاد، پھر اس کی طرف لوٹنے کی جگہ ہے تمہاری، پھر خبردار کرے گا وہ تم کو (بروزِ قیامت) ان (تمام اعمال) سے، جو کرتے تھے تم۔

اور وہ پوری طرح غالب ہے اپنے بندوں پر، اور چھوڑتا ہے وہ تم پر محافظین (فرشتوں) کو، یہاں تک کہ جب آ جاتی ہے تم میں سے کسی کے پاس موت، تو وفات دیتے ہیں اس کو ہمارے قاصدین، اور وہ کمی کوتاہی نہیں کرتے، پھر لوٹایا جائے گا ان (فوت ہونے والوں) کو اللہ کی طرف جو مولیٰ ہے، ان کا برحق، یاد رکھو کہ اسی کے لئے ہے حکم، اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے (سورہ انعام)

معلوم ہوا کہ اللہ ہر انسان کو نیند میں ایک طرح کی وفات دیتا ہے، پھر بیداری کے وقت دوبارہ زندہ کر دیتا ہے، اور یہ سلسلہ اس وقت تک جاری ہے، جب تک اللہ کی طرف سے اصل موت کا طے شدہ وقت نہ آ جائے، پھر اصل موت کے بعد اللہ کی طرف لوٹ کر جانا اور حساب وکتاب کے لئے پیش ہونا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے بندوں کی حفاظت کے لئے فرشتوں

کو مقرر کر رکھا ہے، جو بندوں کی اللہ کے حکم سے حفاظت کرتے ہیں، تاکہ اللہ کے حکم کے مقابلہ میں کوئی رخنہ اندازی نہ کر سکے، پھر جب اللہ کی طرف سے موت کا طے شدہ وقت آتا ہے، تو اللہ کی طرف سے مقرر شدہ فرشتے روح قبض کرنے کے مراحل کو سرانجام دیتے ہیں، اور وہ اس مرحلہ میں اللہ کے حکم کی پوری طرح تعمیل کرتے ہیں، جس کی جس وقت اور جس طرح روح قبض کرنے کا حکم ہوتا ہے، وہ اللہ کے حکم کے مطابق بعینہٖ اسی طرح خدمت سرانجام دیتے ہیں، خود اپنی مرضی سے کوئی بھی کام نہیں کرتے، پھر وفات وموت کے بعد ہر انسان، اللہ کی طرف لوٹ کر پہنچے گا، اللہ ہی مولیٰ و مالک ہے، اسی کا حکم ہر چیز پر چلتا ہے، اور وہ بہت جلد حساب لے کر عدل وانصاف کے مطابق جزاء وسزاء کا معاملہ منطقی انجام تک پہنچائے گا۔

اور قرآن مجید کی سورہ انعام ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَوْ تَرٰى إِذِ الظَّالِمُوْنَ فِيْ غَمَرَاتِ الْمَوْتِ، وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُوْا أَيْدِيْهِمْ، أَخْرِجُوْا أَنْفُسَكُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ (سورۃ الانعام، رقم الآیۃ ۹۳)

ترجمہ: اور اگر دیکھے تو، جب ظالم لوگ موت کی سختیوں میں ہوں گے، اور فرشتے اپنے ہاتھ بڑھا رہے ہوں گے کہ نکالو تم اپنی جانیں، آج کے دن بدلہ دیا جائے گا تم کو، ذلت والے عذاب کا (سورہ انعام)

معلوم ہوا کہ جب ظالم وکافر اور اللہ کے نافرمان بندوں کی روحیں، اللہ کی طرف سے مامور فرشتے قبض کرتے ہیں، تو وہ فرشتے ان کی روح قبض کرنے کے لئے ان کی طرف اپنے ہاتھ بڑھاتے ہیں، اور ان کو برزخی واُخروی عذاب کا حکم سناتے ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ سجدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ يَتَوَفَّاكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ

تُرْجَعُوْنَ(سورة السجدة، رقم الآية ١١)

ترجمہ: کہہ دیجیے آپ کہ وفات دے گا تم کو ملک الموت (موت کا فرشتہ) جس کو وکیل بنایا گیا ہے، تمہارے ساتھ، پھر اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا تم کو (سورہ سجدہ)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو وفات دینے کے لئے ایک فرشتہ کو مقرر فرمایا ہے، جس کو ملکُ الموت کہا جاتا ہے، باقی فرشتے اس ملک الموت کی سربراہی میں موت کے نظم کو طے کرتے اور سرانجام دیتے ہیں۔

سورہ انعام، روم، لقمان، فاطر، زمر، شوریٰ واحقاف کا حوالہ

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے یہ بھی واضح فرمادیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان، اور اس کے علاوہ آسمان اور زمین اور ان دونوں کے مابین، جتنی بھی مخلوقات پیدا کی ہیں، ان سب کا ایک وقت مقرر فرمادیا ہے، یہاں تک کہ سورج اور چاند کے چلتے رہنے کا بھی ایک وقت مقرر فرمادیا ہے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ(سورة الأنعام،رقم الآية ٢)

ترجمہ: وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو مٹی سے، پھر فیصلہ کیا، مدت کا، اور مدت مقرر ہے، اس کے نزدیک، پھر تم ہو کہ شک کرتے ہو تم (سورہ انعام)

یعنی اللہ ہی نے انسانوں کو مٹی سے پیدا کیا، اور ہر پیدا کئے جانے والے انسان کی زندگی کی مدت کو بھی مقرر فرمادیا ہے، اور ہر انسان کی زندگی کی مدت اور موت کا وقت، اللہ کے پاس طے شدہ ہے، پھر اس میں شک کے کوئی معنیٰ نہیں۔

قرآن مجید کی سورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنفُسِهِم مَّا خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ (سورة الروم، رقم الآية ۸)

ترجمہ: کیا نہیں فکر کیا انہوں نے اپنے آپ میں، نہیں پیدا کیا اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو، اور ان چیزوں کو جو ان دونوں کے درمیان میں ہیں، مگر حق کے ساتھ، اور مدتِ مقررہ تک، اور بے شک زیادہ تر لوگ اپنے رب کی ملاقات کا، یقیناً انکار کرتے ہیں (سورہ روم)

معلوم ہوا کہ انسان کو اپنی ذات میں غور وفکر کرنا چاہیے کہ اللہ نے اس کو کس مقصد کے لئے پیدا کیا ہے کہ اس مقصد کی تکمیل کے لئے آسمان وزمین اور اس کے درمیان کی عظیم ترین مخلوق کو بھی مقررہ وقت کے لئے پیدا فرمادیا ہے، یہ سب بالکل برحق نظام ہے، جس پر ذرہ برابر شک وشبہ نہیں کیا جاسکتا، لیکن افسوس کہ زیادہ تر انسان، اللہ کی طرف سے اتنے اہم منصوبہ کو نظر انداز کر کے دوبارہ زندہ ہو کر اللہ کے سامنے حاضر و پیش ہونے کے منکر ہیں۔

قرآن مجید کی سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (سورة لقمان، رقم الآية ۲۹)

ترجمہ: کیا نہیں دیکھا تو نے کہ بے شک اللہ داخل کرتا ہے، رات کو دن میں، اور داخل کرتا ہے وہ، دن کو رات میں، اور مسخر کیا اس نے سورج کو اور چاند کو، ہر ایک جاری ہے، مقررہ مدت تک، اور بے شک اللہ ان کاموں کو جو کرتے ہو تم، خبیر ہے (سورہ لقمان)

معلوم ہوا کہ اللہ نے اس کائنات میں ہر انسان کے مشاہدہ میں اپنی قدرتِ کاملہ کے نمونے رکھے ہیں، جیسا کہ رات کو دن میں، دن کو رات میں، داخل کرنا، اور سورج اور چاند کو بندوں کی خدمت کے لئے اس طرح مسخر کر دینا کہ وہ مقررہ اوقات کی پابندی کے ساتھ جاری ہیں، اور انسانوں اور مذکورہ تمام مخلوقات کا وقت اور اجل اللہ نے مقرر فرما رکھی ہے، جس سے کسی کو سرِ مو انحراف ممکن نہیں۔

قرآن مجید کی سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ (سورة فاطر، رقم الآية ۱۳)

ترجمہ: داخل کرتا ہے وہ رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے وہ دن کو رات میں، اور مسخر کیا اس نے سورج کو اور چاند کو، ہر ایک جاری ہے، مقررہ مدت تک، یہ ہے اللہ تمہارا رب، اسی کے لئے ہے ملک (سورہ فاطر)

معلوم ہوا کہ سورج اور چاند کے چلنے کا وقت بھی اللہ نے مقرر فرما دیا ہے، اور یہ سب کچھ اللہ کے حکم سے ہے۔

قرآن مجید کی سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى أَلَا هُوَ الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ (سورة الزمر، رقم الآية ۵)

ترجمہ: پیدا کیا اس (اللہ) نے آسمانوں کو اور زمین کو حق کے ساتھ، لپیٹ دیتا ہے وہ رات کو دن پر اور لپیٹ دیتا ہے وہ دن کو رات پر، اور مسخر کیا اس نے سورج کو اور چاند کو، ہر ایک جاری ہے، مقررہ مدت تک، یاد رکھو وہی عزیز ہے، غفار ہے (سورہ زمر)

اس آیت کا مفہوم بھی گذشتہ آیت کے مطابق ہے۔

قرآن مجید کی سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَ هُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ (سورة الشورى، رقم الآية ۱۴)

ترجمہ: اورنہیں تفرقہ بازی کی انہوں نے، مگر بعد اس کے کہ آچکا ان کے پاس علم، آپس میں بغاوت کی وجہ سے، اور اگر نہ کلمہ سبقت کر چکا ہوتا، آپ کے رب کی طرف سے، مقررہ مدت تک کا، تو فیصلہ کردیا جاتا، ان کے درمیان (سورہ شوریٰ)

معلوم ہوا کہ اللہ نے ہر قوم اور فرد کے لئے موت کا وقت مقرر اور طے فرمادیا ہے، اسی وجہ سے لوگوں کی بداعمالیاں، اس قابل ہونے کے باوجود کہ ان کا قصہ اسی وقت تمام کردیا جائے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقررہ اجل تک مہلت دی جاتی ہے۔

قرآن مجید کی سورہ احقاف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى (سورة الأحقاف، رقم الآية ۳)

ترجمہ: نہیں پیدا کیا ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو، اور ان چیزوں کو جو ان دونوں کے درمیان ہیں، مگر حق کے ساتھ، اور مقررہ مدت تک (سورہ)

مذکورہ آیت سے بھی واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین اور ان کے مابین کی ہر چیز کو حق کے ساتھ اور ایک مقررہ مدت تک پیدا کیا ہے، اور ان چیزوں میں انسان، اور اس سے متعلق تمام اشیاء بھی داخل ہیں، لہٰذا جب کوئی انسان فوت ہوجاتا ہے، یا کوئی بھی چیز ختم وضائع ہوجاتی ہے، خواہ جلدی، یا بدیر، تو وہ دراصل اپنی مقررہ مدت کو پوری کرلیتی ہے، اس لئے یہ سمجھ لینا درست نہیں کہ وہ اپنی مقررہ مدت سے پہلے ہی چل بسی اور ختم ہوچکی ہے۔

www.idaraghufran.org

سورہ انعام، نحل، یٰس، منافقون اور سورہ نوح کا حوالہ

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے یہ بھی واضح فرما دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے موت کا جو وقت مقرر کیا گیا ہے، اس سے تقدیم وتاخیر ممکن نہیں۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ

(سورۃ الانعام، رقم الایۃ ۳۴)

ترجمہ: اور ہر امت کے لئے اجل ہے، پس جب آ جاتی ہے ان کی اجل، نہیں موخر ہوتے وہ ایک لمحہ، اور نہ مقدم ہوتے وہ (سورہ انعام)

قرآن مجید کی سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَابَّةٍ وَلٰكِنْ يُؤَخِّرُهُمْ إِلٰى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ(سورۃ النحل، رقم الآیۃ ۶۱)

ترجمہ: اور اگر پکڑ کرے اللہ، لوگوں کی ان کے ظلم کی وجہ سے، تو نہ چھوڑے اس (زمین) پر کوئی چلنے والا، اور لیکن موخر کرتا ہے وہ، ان (لوگوں) کو ایک مقررہ اجل تک، پھر جب آ جاتی ہے ان کی اجل، تو نہیں موخر ہوتے وہ ایک لمحہ کے لئے، اور نہ پہلے ہوتے وہ (سورہ نحل)

قرآن مجید کی سورہ یٰس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ

(سورۃ یونس، رقم الآیۃ ۴۹)

ترجمہ: ہر امت کے لئے اجل ہے، پھر جب آ جاتی ہے ان کی اجل، تو نہیں موخر

ہوتے وہ ایک لمحہ اور نہیں مقدم ہوتے وہ (سورہ یونس)

اور سورہ منافقون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

(سورۃالمنافقون،رقم الآیۃ ۱۱)

ترجمہ: اور اللہ ہرگز نہیں مہلت دے گا، کسی نفس کو، جب آ جائے گا اس (کی موت) کا مقررہ وقت، اور اللہ خوب خبردار ہے (اس) سے جو عمل کرتے ہو تم

(سورہ منافقون)

اور قرآن مجید کی سورہ نوح میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ أَجَلَ اللّٰهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (سورۃ نوح،رقم الآیۃ۴)

ترجمہ: بے شک اللہ کی اجل، جب آ جاتی ہے، تو موخر نہیں کی جاتی، کاش کہ تم جان لیتے (سورہ نوح)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جس کی جو اجل، اور موت کا وقت مقرر کیا گیا ہے، اس سے کسی صورت ایک لمحہ کی بھی تقدیم وتاخیر ممکن نہیں، خواہ اس کے مقابلہ میں دنیا کی کوئی بڑی سے بڑی طاقت آ جائے، وہ اللہ کے اس نظام میں خلل پیدا نہیں کر سکتی۔

سورہ رعد وسورہ فاطر کا حوالہ

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ بھی واضح فرما دیا ہے کہ ہر ایک کے لئے اللہ کی طرف سے طے شدہ وقت لکھا ہوا ہے، لیکن اللہ کو لکھے ہوئے میں سے مٹانے اور باقی رکھنے کا اختیار ہے، اسی بنیاد پر اللہ کسی کی عمر میں کمی، اور کسی کی عمر میں اضافہ بھی فرما دیتا ہے۔

البتہ اللہ کو یہ بھی پہلے سے معلوم ہے کہ کس کی عمر میں کس وجہ سے کمی اور کس کی عمر میں کس وجہ سے اضافہ کیا جائے گا، اس لئے وہ آخری مرحلہ ونتیجہ بھی اللہ کے پاس ام الکتاب میں محفوظ ہے۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ رعد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ . يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ أُمُّ الْكِتَابِ (سورة الرعد، رقم الآية ۳۸ و ۳۹)

ترجمہ: ہر ایک کے لئے اجل ہے لکھی ہوئی، مٹا دیتا ہے، اللہ جو چاہتا ہے، اور ثابت رکھتا ہے وہ، اور اس کے پاس ام الکتاب ہے (سورہ رعد)

قرآن مجید کی سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثٰى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهٖ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (سورة الفاطر، رقم الآية: ۱۱)

ترجمہ: اور اللہ نے پیدا کیا تم کو مٹی سے، پھر نطفہ سے، پھر کر دیا اس نے تم کو جوڑے دار، اور نہیں اٹھاتی کوئی مادہ، اور نہیں جنتی، مگر اس کے علم کے ساتھ، اور نہیں عمر دی جاتی کسی عمر والے کو، اور نہیں کم کیا جاتا کسی کی عمر سے، مگر کتاب میں ہے، بے شک یہ اللہ پر بہت آسان ہے (سورہ فاطر)

معلوم ہوا کہ اللہ جو کچھ مٹاتا، یا باقی رکھتا ہے، اس کو بھی اللہ نے پہلے سے لکھ دیا ہے۔

ابنِ عباس وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَقُوْلُ: أَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ، الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ، وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ يَمُوْتُوْنَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۳۸۳، كتاب التوحيد، باب قول الله تعالى "وهو العزيز الحكيم")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ حفاظت و پناہ طلب کرتا ہوں میں، تیری عزت کے ذریعہ، تیری ذات وہ ہے کہ نہیں ہے کوئی معبود تیرے

علاوہ، جو مرے گا نہیں، اور جن اور انس سب مر جائیں گے (بخاری)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا قَالَتْ فَاطِمَةُ :ذٰلِکَ ، یَعْنِیْ لَمَّا وَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ كَرْبِ الْمَوْتِ مَا وَجَدَ ،قَالَتْ فَاطِمَةُ:وَا كَرْبَاهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَا بُنَيَّةُ، إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ مِنْ أَبِيْكِ مَا لَيْسَ اللّٰهُ بِتَارِكٍ مِنْهُ أَحَدًا لِمُوَافَاةِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٢٤٣٤) [1]

ترجمہ: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر موت کی سختی کے اثرات شروع ہوئے، تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ ہائے (میرے والد کی) تکلیف، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے میری بیٹی! تمہارے والد پر وہ وقت آ گیا، جس سے اللہ قیامت تک کسی کو بھی چھوڑنے والا نہیں، اب قیامت کے دن ملاقات ہوگی (مسند احمد)

اس حدیث کو ابو یعلیٰ نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ اللہ نے ہر انسان اور جن کے لئے موت کو مقرر فرما دیا ہے، اس اصولی حکم میں انبیائے کرام بھی شامل ہیں، جن کی وفات کے بعد برزخی حیات سب سے عظیم الشان ہوتی ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده حسن من أجل مبارك بن فضالة، وقد صرح بالتحديث فی إسناد الحديث التالی، وباقی رجاله ثقات رجال الشيخين(حاشية مسند احمد)

[2] حدثنا نصر بن علی الجهضمی، حدثنا عبد الله بن الزبير الباهلی، حدثنا ثابت البنانی، عن أنس، قال: لما وجد النبی صلی الله عليه وسلم من كرب الموت ما وجد، قالت فاطمة: واكرب أباه فقال: لا كرب علی أبيک بعد اليوم، إنه قد حضر من أبيک ما ليس الله بتارک منه أحدا، موافاته يوم القيامة(مسند أبی يعلی،رقم الحديث ٣٤٤١، مسند أنس بن مالک)

قال حسين سليم أسد الدارانی:إسناده حسن(حاشية مسند ابی يعلیٰ)

www.idaraghufran.org

انس، ابوہریرہ وعمر بن خطاب رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَّلَ بِالرَّحِمِ مَلَكًا، يَقُولُ: يَا رَبِّ نُطْفَةٌ، يَا رَبِّ عَلَقَةٌ، يَا رَبِّ مُضْغَةٌ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَقْضِيَ خَلْقَهُ قَالَ: أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى، شَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ، فَمَا الرِّزْقُ وَالْأَجَلُ؟ فَيُكْتَبُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣١٨، كتاب الحيض، باب: مخلقة وغير مخلقة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے رحمِ مادر پر ایک فرشتہ کو مقرر فرما رکھا ہے، جو یہ کہتا ہے کہ اے میرے رب اب (تیرے حکم کے مطابق) نطفہ ہوگیا، اے میرے رب اب علقہ (یعنی جما ہوا خون) ہوگیا، اے میرے رب اب مضغہ (یعنی لوتھڑا) ہوگیا، پھر جب اللہ یہ فیصلہ فرماتا ہے کہ اس کو پیدا کرے، تو فرشتہ سوال کرتا ہے کہ کیا نر ہوگا، یا مادہ، بدبخت ہوگا، یا نیک بخت؟ اور اس کا رزق کتنا اور کیا ہوگا، اور عمر کتنی ہوگی؟ پھر یہ سب چیزیں اس بچہ کی ماں کے پیٹ میں لکھ دی جاتی ہیں (بخاری)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُصِبْ مِنْهُ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٢٩٠٧، كتاب الجنائز، باب ما جاء فى الصبر وثواب الأمراض والأعراض) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ کرتا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط البخارى (حاشية صحيح ابن حبان)

ہے، تو وہ خیر اس کو پہنچ کر رہتی ہے (ابن حبان)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰه، نَعْمَلُ فِيْ شَيْءٍ نَأْتَنِفُهُ، أَمْ فِيْ شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ: فِيْ شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، قَالَ: فَفِيْمَ الْعَمَلُ؟ قَالَ: يَا عُمَرُ لَا يُدْرَكُ ذَاكَ إِلَّا بِالْعَمَلِ، قَالَ: إِذاً نَجْتَهِدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

(موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان، رقم الحدیث ۱۸۰۷، کتاب القدر، باب فیما فرغ منه) [1]

ترجمہ: عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم جو عمل کرتے ہیں، وہ عمل پہلے ہوتا ہے، یا وہ عمل پہلے سے لکھا جا چکا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ پہلے سے لکھا جا چکا ہے، عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ پھر عمل کا کیا فائدہ؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عمر! وہ بھی تو عمل کے ذریعہ سے پایا جائے گا (اور وجود میں عمل آئے گا) عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! پھر تو ہم (عمل کرنے میں) محنت کریں گے (موارد الظمآن)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر ایک کی عمر کی مقدار کو پہلے سے طے کر دیا جاتا ہے، اور اللہ کسی کے ساتھ جس خیر کو خود چاہتا ہے، اس کے لئے کوئی چیز رکاوٹ نہیں بن سکتی، اور تقدیر کے لکھے ہوئے فیصلہ تک انسان کا اپنا عمل ہی پہنچاتا ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

[1] قال حسین سلیم أسد الدّارانی: إسناده حسن (حاشیة موارد الظمآن)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ وَنَفَخَ فِيْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ بِإِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: يَرْحَمُكَ رَبُّكَ يَا آدَمُ، اِذْهَبْ إِلٰى أُولٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ إِلٰى مَلَأٍ مِنْهُمْ جُلُوْسٍ، فَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالُوْا: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: هٰذِهٖ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيْكَ بَيْنَهُمْ، وَقَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا وَيَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ: اِخْتَرْ أَيَّهُمَا شِئْتَ، فَقَالَ: اِخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّيْ وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّيْ يَمِيْنٌ مُبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهُمَا فَإِذَا فِيْهِمَا آدَمُ وَذُرِّيَّتُهُ، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ، فَإِذَا كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ مَكْتُوْبٌ عُمْرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَإِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ أَضْوَؤُهُمْ أَوْ مِنْ أَضْوَئِهِمْ لَمْ يُكْتَبْ لَهُ إِلَّا أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: يَا رَبِّ، مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا ابْنُكَ دَاوٗدُ، وَقَدْ كَتَبَ اللّٰهُ عُمُرَهُ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: أَيْ رَبِّ، زِدْهُ فِيْ عُمْرِهٖ، قَالَ: ذَاكَ الَّذِيْ كَتَبْتُ لَهُ.

قَالَ: فَإِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمْرِيْ سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: أَنْتَ وَذَاكَ اُسْكُنِ الْجَنَّةَ، فَسَكَنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أُهْبِطَ مِنْهَا، وَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهٖ، فَأَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ لَهُ آدَمُ: قَدْ عَجِلْتَ، قَدْ كُتِبَ لِيْ أَلْفُ سَنَةٍ، قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوٗدَ مِنْهَا سِتِّيْنَ سَنَةً، فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ، فَيَوْمَئِذٍ أُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۱۶۷، کتاب التاریخ، باب بدء الخالق) [1]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده قوی علی شرط مسلم (حاشیة ابنِ حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ نے آدم کو پیدا فرمایا، اور ان میں روح پھونکی، تو انہیں چھینک آئی، پھر انہوں نے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہا، پس انہوں نے اللہ کے حکم سے اَلْحَمْدُ لِلَّهِ کہا، جس کے جواب میں ان کے رب نے فرمایا کہ یَرْحَمُکَ رَبُّکَ یَا آدَمُ (تیرا رب تجھ پر رحم کرے اے آدم) فرشتوں کی اس جماعت کے پاس جاؤ، جو بیٹھے ہوئے ہیں اور انہیں سلام کرو، تو آدم نے ''السلام علیکم'' کہا، تو انہوں نے جواب دیا کہ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، پھر آدم اپنے رب کی طرف واپس لوٹے، تو اللہ نے فرمایا کہ یہ (سلام) تمہاری اور تمہاری اولاد کی آپس میں دعاء ہے، پھر اللہ جل وعلا نے اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کر کے فرمایا کہ ان دونوں میں سے جس کو چاہو، اختیار کرلو، تو آدم نے عرض کیا کہ میں نے اپنے رب کا داہناں ہاتھ اختیار کیا، اور میرے رب کے دونوں ہاتھ ہی داہنے اور برکت والے ہیں، پھر اللہ نے دونوں ہاتھوں کو کھولا، تو ان میں آدم اور ان کی ذریت (اولاد) تھی، پھر آدم نے عرض کیا کہ اے میرے رب، یہ کون ہیں؟ اللہ نے فرمایا کہ یہ تمہاری اولاد ہے اور ان میں سے ہر انسان کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں اس کی عمر لکھی ہوئی تھی۔

اور ان میں ایک آدمی سب سے زیادہ روشن، یا سب سے زیادہ روشنی والا تھا، اس کی چالیس سال عمر لکھی ہوئی تھی، آدم نے عرض کیا کہ اے میرے رب! یہ کون ہے؟ اللہ نے فرمایا کہ یہ تمہارے بیٹے داؤد ہیں، اور اللہ نے ان کی عمر صرف چالیس سال لکھی تھی، آدم نے عرض کیا کہ اے میرے رب! ان کی عمر زیادہ کر دیجئے، اللہ نے فرمایا کہ یہ عمر میں ان کی لکھ چکا ہوں، آدم نے عرض کیا کہ پس میں نے ان کے لئے اپنی عمر سے ساٹھ سال دے دیئے، اللہ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے، تمہاری یہ بات قبول کرلی گئی، اب تم جنت میں رہو، پھر جتنا اللہ نے چاہا، وہ جنت

میں رہے، پھر ان کو وہاں سے زمین پر اتار دیا گیا، اور آدم اپنی عمر شمار کرنے لگے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر (آدم کی موت کے وقت) ان کے پاس موت کا فرشتہ آیا، تو آدم نے ان سے کہا کہ تم جلدی آ گئے ہو، میری عمر تو ہزار سال لکھی گئی ہے، فرشتہ نے کہا کے بے شک، لیکن آپ نے اس میں سے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤد کو دے دیئے تھے، اس پر آدم نے انکار کر دیا، پھر ان کی اولاد نے بھی انکار کیا اور آدم بھول گئے، پھر ان کی اولاد بھی بھولنے لگی، پس اس دن (اللہ کی طرف سے فرشتوں کے ذریعہ) لکھنے اور گواہ مقرر کرنے کا حکم ہوا (صحیح ابنِ حبان)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے عمر میں کمی، وزیادتی کا امکان ہوتا ہے۔

سلمان، ثوبان وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۱۳۹، ابواب القدر، باب ما جاء لا يرد القدر إلا الدعاء) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صرف دعاء قضاء کو ٹلاتی ہے، اور عمر میں زیادتی صلہ رحمی کے ذریعے ہی ہوتی ہے (ترمذی)

اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ، وَلَا

---

[1] قال الترمذی:

وفی الباب عن أبی أسيد وهذا حديث حسن غريب من حديث سلمان.

وقال الالبانی:

الحديث حسن كما قال الترمذی بالشاهد من حديث ثوبان، دون الزيادة فيه، فإنی لم أجد لها شاهدا (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۵۴)

www.idaraghufran.org

يَـرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۴۰۲۲، ابواب الفتن، باب العقوبات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر میں زیادتی صلہ رحمی کے ذریعے ہی ہوتی ہے، اور صرف دعاء ہی، قدر (وقضاء) کو ٹلاتی ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيبُهُ، وَلَا يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان،رقم الحديث ۱۰۹۰، كتاب البيوع، باب في موانع الرزق) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی یقیناً رزق سے محروم کردیا جاتا ہے، اس گناہ کی وجہ سے، جس کو وہ کرتا ہے، اور تقدیر کو صرف دعاء ہی رد کرتی ہے، اور عمر میں صرف (لوگوں، اور خاص کر رشتہ داروں سے) نیک سلوک کا عمل ہی زیادتی کرتا ہے (موارد)

حضرت طاوس سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: لَا يَنْفَعُ الْحَذَرُ مِنَ الْقَدَرِ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمْحُو بِالدُّعَاءِ مَا يَشَاءُ مِنَ الْقَدَرِ (المستدرك للحاكم،رقم الحديث ۳۳۳۳، كتاب التفسير، تفسير سورة الرعد) [3]

ترجمہ: ابنِ عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تقدیر سے بچنا نفع نہیں دیتا، لیکن اللہ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية ابنِ ماجه)

[2] قال حسين سليم أسد الدّاراني: إسناده جيد (حاشية موارد الظمآن)

[3] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه "
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح

www.idaraghufran.org

دعاء کے ذریعہ تقدیر میں سے جو چاہے، مٹا دیتا ہے (حاکم)

اور امام بیہقی نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

إِنَّ الْحَذَرَ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْقَدَرِ، وَإِنَّ الدُّعَاءَ يَدْفَعُ الْقَدَرَ، وَهُوَ إِذَا دَفَعَ الْقَدَرَ فَهُوَ مِنَ الْقَدَرِ (القضاء والقدر للبيهقي، ص ۲۱۴، رقم الحديث ۲۵۳، باب ذكر البيان أن ما كتب على ابن آدم وجرى به القلم أدركه لا محالة)

ترجمہ: تقدیر سے بچنا نفع نہیں دیتا، لیکن دعاء، تقدیر کو دور کر دیتی ہے، اور جب دعاء تقدیر کو دور کر دیتی ہے، تو دعاء کا بھی تقدیر سے تعلق ہوا (حاکم)

علی، ابنِ عباس، وعائشہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُمَدَّ لَهُ فِيْ عُمُرِهِ، وَيُوَسَّعَ لَهُ فِيْ رِزْقِهِ، وَيُدْفَعَ عَنْهُ مِيتَةُ السُّوْءِ، فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ وَلْيَصِلْ رَحِمَهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۲۱۳) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو یہ بات خوش کرے کہ اس کی عمر لمبی کی جائے، اور اس کے رزق میں وسعت (وکشادگی) کی جائے، اور اس سے بری موت کو دور کیا جائے، تو اسے چاہیے کہ وہ تقویٰ اختیار کرے، اور اللہ سے ڈرے (یعنی پرہیزگاری اور گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرے) اور (رشتہ داروں سے) صلہ رحمی کرے (مسند احمد)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ مَنْ سَرَّهُ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوي (حاشية مسند احمد)

أَنْ تَطُولَ حَيَاتُهُ وَيُزَادَ فِي رِزْقِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۷۲۷۹، کتاب البر والصلة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تورات میں یہ بات لکھی ہوئی ہے کہ جس کو یہ چیز خوش کرے کہ اس کی زندگی لمبی ہو، اوراس کا رزق زیادہ کیا جائے، تو اسے چاہئے کہ (رشتہ داروں کے ساتھ) صلہ رحمی (یعنی اچھا سلوک) کرے (مسنداحمد)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا: إِنَّهُ مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ، فَقَدْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَصِلَةُ الرَّحِمِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَحُسْنُ الْجِوَارِ يَعْمُرَانِ الدِّيَارَ، وَيَزِيْدَانِ فِي الْأَعْمَارِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۵۲۵۹) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا کہ بلاشبہ جس کو نرمی کا حصہ دیا گیا (یعنی جس کے مزاج وطبیعت میں نرمی ہو) تو اس کو دنیا وآخرت کا بہت بڑا حصہ عطاء کیا گیا، اور (رشتہ داروں کے ساتھ) صلہ رحمی اور (عام مخلوق کے ساتھ) نیک برتاؤ اور پڑوسیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، گھروں (اور بستیوں) کو آباد کرنے اور عمروں میں اضافہ کرنے کا ذریعہ ہے (مسنداحمد)

---

[1] قال الحاكم:
هـذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه بهذه السياقة إنما اتفقا على حديث يونس عن الزهرى عن أنس.
وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.
وقال المنذرى:
رواه البـزار بـإسـنـاد لا بأس به والحاكم وصححه (الترغيب والترهيب، ج۳ص ۲۲۷، كتاب البر والصلة وغيرهما، الترغيب فى صلة الرحم وإن قطعت والترهيب من قطعها)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

ابوہریرہ وعلاء بن خارجہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَلَّمُوا مِنْ أَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهٖ أَرْحَامَكُمْ فَإِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْأَهْلِ مَثْرَاةٌ فِي الْمَالِ مَنْسَأَةٌ فِي الْأَثَرِ (المستدرک للحاکم رقم الحديث ۷۲۸۴، کتاب البر و الصلة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے (خاندانی) نسبوں (یعنی رشتہ داروں) کو معلوم کرو، جن (کے جاننے) سے تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرسکو گے، کیونکہ صلہ رحمی خاندان میں محبت کا ذریعہ اور مال بڑھنے کا سبب ہے اور اس کی وجہ سے عمر میں برکت ہوتی ہے (مسند احمد)

حضرت علاء بن خارجہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَلَّمُوا مِنْ أَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهٖ أَرْحَامَكُمْ، فَإِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ لِلْأَهْلِ، وَثَرَاءٌ لِلْمَالِ وَمَنْسَأَةٌ لِلْأَجَلِ (المعجم الكبير للطبراني، ج۱۸ ص۹۸، رقم الحديث، ۱۷۶) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے (خاندانی) نسبوں (یعنی رشتہ

---

[1] قال الحاكم:
هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] قال المنذري:
رواه الطبراني من حديث العلاء بن خارجة كلفظ الترمذي بإسناد لا بأس به (الترغيب والترهيب، ج۳ص۲۲۷، كتاب البر والصلة وغيرهما، الترغيب في صلة الرحم وإن قطعت والترهيب من قطعها)
وقال الهيثمي:
رواه الطبراني ورجاله قد وثقوا (مجمع الزوائد ج۸ص۱۵۲، تحت رقم الحديث ۱۳۴۶۲، باب صلة الرحم وقطعها)

www.idaraghufran.org

داروں) کو معلوم کرو، جن (کے جاننے) سے تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی (یعنی اچھا سلوک و برتاؤ) کرسکو گے، کیونکہ صلہ رحمی (یعنی اچھا سلوک و برتاؤ) خاندان میں محبت کا ذریعہ ہے، اور مال بڑھنے اور عمر میں اضافہ (و برکت) کا سبب ہے (طبرانی)

انس بن مالک و معاذ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يُمَدَّ لَهُ فِيْ عُمُرِهِ، وَأَنْ يُزَادَ لَهُ فِيْ رِزْقِهِ، فَلْيَبَرَّ وَالِدَيْهِ، وَلْيَصِلْ رَحِمَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۳۴۰۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ بات پسند کرتا ہے کہ اس کی عمر کو لمبا کیا جائے، اور اس کے رزق کو زیادہ کیا جائے، تو اس کو چاہئے کہ اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک اور (رشتہ داروں کے ساتھ) صلہ رحمی کرے (مسند احمد)

اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَرَّ وَالِدَيْهِ طُوبٰى لَهُ زَادَ اللّٰهُ فِيْ عُمُرِهِ (مستدرک حاکم، رقم الحديث ۷۲۵۷، کتاب البر و الصلة) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے والدین کے ساتھ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

www.idaraghufran.org

نیک سلوک کیا، اس کے لئے خوشخبری ہے، اللہ اس کی عمر زیادہ فرمائے گا (حاکم)

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ رشتہ داروں سے صلہ رحمی اور اچھا سلوک کرنے کا عمل رزق اور عمر میں برکت وترقی اور اضافہ کا ذریعہ ہے۔

اور عمر میں برکت وترقی مختلف شکلوں میں ہوتی ہے، مثلاً اللہ تعالیٰ اسی مقررہ مدت میں اتنی برکت عطاء فرمادیتا ہے کہ جو کام اور مقاصد زیادہ عمر پا کر حاصل کئے جاسکتے تھے، وہ تھوڑی عمر میں حاصل ہوجاتے ہیں، یا پھر ظاہر میں عمر بڑھادی جاتی ہے، اور تقدیر میں اسی طرح لکھا ہوتا ہے کہ اگر یہ صلہ رحمی کرے گا، تو اس کے مطابق اتنی لمبی عمر عطاء کی جائے گی، ورنہ اتنی، پھر جب وہ صلہ رحمی کرتا ہے، تو تقدیر کے مطابق اس کی عمر بڑھادی جاتی ہے، پس اس کی عمر کا بڑھنا تقدیر کے مطابق ہی ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ بری تقدیر سے بچائے، اور اچھے فیصلے مقدر فرمائے۔ آمین۔

(فصل نمبر 29)

موت کے وقت اور جگہ کا علم اللہ کے علاوہ کسی کو نہیں

کئی احادیث میں پانچ چیزوں کو ”مفتاحُ الغیب“ یعنی غیب کی کنجی، بتلایا گیا ہے، کہ ان پانچ چیزوں کا یقینی علم، اللہ کے علاوہ کسی اور کے پاس نہیں۔

قرآن مجید کی ایک آیت سے بھی اس مضمون کی تائید ہوتی ہے۔

ذیل میں اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

سورہ لقمان کا حوالہ

سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ اللّٰـهَ عِـنْـدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِى نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (سورة لقمان، رقم الآية ۳۴)

ترجمہ: بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ کل کو، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے (سورہ لقمان)

جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا کہ احادیث میں ان پانچ چیزوں کو ”مفتاحُ الغیب“ بتلایا گیا ہے، جن کا علم اللہ کے علاوہ کسی اور کے پاس نہیں۔

اب وہ احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ، ثُمَّ قَرَأَ: "إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ " (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۷۷۸، كتاب تفسير القرآن، سورة لقمان)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غیب کی کنجیاں پانچ ہیں، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ لقمان کی) یہ آیت تلاوت فرمائی: "**إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ**" آخر تک (بخاری)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِفْتَاحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا اللّٰهُ: لَا يَعْلَمُ أَحَدٌ مَا يَكُوْنُ فِي غَدٍ، وَلَا يَعْلَمُ أَحَدٌ مَا يَكُوْنُ فِي الْأَرْحَامِ، وَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ، وَمَا يَدْرِي أَحَدٌ مَتٰى يَجِيءُ الْمَطَرُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۰۳۹، كتاب الاستسقاء، باب: لا يدری متى يجیء المطر إلا الله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ غیب کی کنجیاں پانچ ہیں کہ انہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہونے والا ہے، اور نہ یہ جانتا ہے کہ رحموں میں کیا چیز ہے، اور نہ کسی کو یہ معلوم ہے کہ وہ کل کیا کرے گا، اور نہ کسی کو یہ خبر ہے کہ وہ کس ملک میں مرے گا، اور نہ کوئی یہ جانتا ہے کہ بارش کب ہوگی (بخاری)

کل کیا ہونے والا ہے، اس میں قیامت کا علم بھی داخل ہے، مزید تفصیل آگے آتی ہے۔

بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ: "إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ "(مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢٢٩٨٦) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ پانچ چیزیں ایسی ہیں جنہیں اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ کل کو، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے (مسند احمد)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا الْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ، وَلٰكِنْ سَأُحَدِّثُكَ عَنْ أَشْرَاطِهَا: إِذَا وَلَدَتِ الْأَمَةُ رَبَّهَا، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا كَانَتِ الْعُرَاةُ الْحُفَاةُ رُءُوْسَ النَّاسِ، فَذَاكَ مِنْ أَشْرَاطِهَا، وَإِذَا تَطَاوَلَ رِعَاءُ الْبَهْمِ فِي الْبُنْيَانِ، فَذَاكَ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد قوى من أجل حسين بن واقد المروزى، فهو صدوق لا بأس به، وباقى رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية مسند احمد)

مِنْ أَشْرَاطِهَا ،فِيْ خَمْسٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ، ثُمَّ تَلَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ" قَالَ: ثُمَّ أَدْبَرَ الرَّجُلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُدُّوا عَلَيَّ الرَّجُلَ، فَأَخَذُوا لِيَرُدُّوهُ، فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا جِبْرِيلُ جَاءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِيْنَهُمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٩"٥" كتاب الإيمان، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان ووجوب الإيمان بإثبات قدر الله سبحانه وتعالى)

ترجمہ: اس (آنے والے شخص نے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ قیامت کب ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے سوال کیا گیا ہے وہ سوال کرنے والے سے اس بات کا زیادہ جاننے والا نہیں ہے، لیکن میں تمہیں اس کی علامات بتاتا ہوں، جب باندی اپنی مالکہ کو جنے گی، یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، جب ننگے بدن اور ننگے پاؤں رہنے والے افراد، لوگوں کے سردار ہوجائیں گے، تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، جب اونٹوں کے چرواہے اونچی اونچی عمارتیں بنا کر فخر کریں گے، تو یہ قیامت کی علامات میں سے ہے، قیامت کا علم ان پانچ چیزوں میں سے ہے، جنہیں اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ لقمان کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

"إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ"

"بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور

جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ کل کو، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے''

پھر وہ (سوال کرنے والا) شخص پشت پھیر کر چلا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو واپس لاؤ، لوگوں نے اس کو تلاش کیا، مگر وہ نہ ملا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جبریل تھے، جو اس لیے آئے تھے، تا کہ لوگوں کو ان کا دین سکھائیں (مسلم)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَحَدِّثْنِي مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ فِي خَمْسٍ مِنَ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا هُوَ: ''إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ '' وَلٰكِنْ إِنْ شِئْتَ حَدَّثْتُكَ بِمَعَالِمَ لَهَا دُوْنَ ذٰلِكَ، قَالَ: أَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَحَدِّثْنِي، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتَ الْأَمَةَ وَلَدَتْ رَبَّتَهَا أَوْ رَبَّهَا، وَرَأَيْتَ أَصْحَابَ الشَّاءِ تَطَاوَلُوْا بِالْبُنْيَانِ، وَرَأَيْتَ الْحُفَاةَ الْجِيَاعَ الْعَالَةَ كَانُوْا رُؤُوْسَ النَّاسِ، فَذٰلِكَ مِنْ مَعَالِمِ السَّاعَةِ وَأَشْرَاطِهَا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَنْ أَصْحَابُ الشَّاءِ وَالْحُفَاةُ الْجِيَاعُ الْعَالَةُ؟ قَالَ: اَلْعَرَبُ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٩٢٤) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن، وإسناده كسابقه (حاشية مسندا حمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: اس آنے والے شخص نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! یہ بتایئے کہ قیامت کب آئے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سبحان اللہ! یہ غیب کی ان پانچ چیزوں میں سے ہے، جنہیں اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔

”إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ “

”بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ کل کو، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے“

البتہ اگر تم چاہو تو میں تمہیں اس (قیامت) کی کچھ نشانیاں بتا دیتا ہوں، جو اس سے پہلے ظاہر ہوں گی؟ اس شخص نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! ضرور بتایئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم دیکھو کہ باندی اپنی مالکن کو جنم دے رہی ہے اور بکریاں چرانے والے بڑی بڑی عمارتوں پر ایک دوسرے سے فخر کرنے لگے ہیں، ننگے بھوکے اور محتاج لوگ سردار بن چکے ہیں، تو یہ قیامت کی علامات اور نشانیوں میں سے ہے، اس شخص نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ بکریاں چرانے والے، ننگے، بھوکے اور محتاج لوگ کون ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہلِ عرب (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ قیامت کے واقع ہونے کے وقت کا متعین علم صرف اللہ کے پاس ہے، لیکن اس کی بہت سی علامات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بتلادی گئی ہیں، جن میں سے چند علامات کا مذکورہ احادیث میں ذکر کیا گیا ہے۔

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

جلیل القدر تابعی حضرت مسروق رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا :يَا أُمَّتَاهُ هَلْ رَأٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ؟ فَقَالَتْ :لَقَدْ قَفَّ شَعَرِيْ مِمَّا قُلْتَ، أَيْنَ أَنْتَ مِنْ ثَلاَثٍ، مَنْ حَدَّثَكَهُنَّ فَقَدْ كَذَبَ مَنْ حَدَّثَكَ أَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأٰى رَبَّهُ فَقَدْ كَذَبَ، ثُمَّ قَرَأَتْ :(لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ)(وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ)وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ فَقَدْ كَذَبَ، ثُمَّ قَرَأَتْ :(وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا)وَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ كَتَمَ فَقَدْ كَذَبَ، ثُمَّ قَرَأَتْ :(يَا أَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ)الْآيَةَ وَلَكِنَّهُ رَأٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ صُوْرَتِهٖ مَرَّتَيْنِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۸۵۵، کتاب تفسیر القرآن، سورۃ النجم)

ترجمہ: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا کہ اے ماں! کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ تیری اس بات سے میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے، کیا تجھے ان تین باتوں کی خبر نہیں ہے؟ کہ جو بھی شخص ان میں سے کوئی بات تجھ سے کہے گا، تو وہ جھوٹا ہوگا، ایک تو اگر کوئی شخص تجھ سے کہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے، تو وہ جھوٹا ہے، پھر انہوں نے (سورہ انعام کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

”لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ“

''نہیں پاسکتیں اس کو نگاہیں، اور وہ پالیتا ہے نگاہوں کو، اور وہ انتہائی لطیف ہے، خبیر ہے'' اور (سورہ شوریٰ کی یہ آیت بھی تلاوت فرمائی کہ) ''وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَّرَاءِ حِجَابٍ'' ''اور نہیں ہے کسی بشر کو قدرت، اس بات کی کہ وہ اللہ سے کلام کرے، مگر وحی کے طور پر، یا حجاب کے پیچھے سے'' دوسرے جو شخص تجھ سے یہ بات بیان کرے کہ وہ جانتا ہے کہ کل کیا ہونے والا ہے، تو وہ جھوٹا ہے، پھر (سورہ لقمان کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ ''وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا'' ''اور نہیں جانتا کوئی نفس کہ کیا کمائے گا وہ کل کو'' تیسرے جو شخص تجھ سے یہ بات بیان کرے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی بات چھپائی ہے، تو وہ جھوٹا ہے، پھر حضرت عائشہ نے (سورہ مائدہ کی) یہ آیت تلاوت فرمائی کہ ''يَاأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ'' ''اے رسول! تبلیغ کیجئے ان چیزوں کی، جو نازل کی گئیں آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے'' آخر آیت تک (اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا) بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دو مرتبہ دیکھا ہے (بخاری)

ایک صحابی اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث

بنی عامر کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

فَقُلْتُ لَهُ هَلْ مِنَ الْعِلْمِ شَيْءٌ لَا تَعْلَمُهُ؟ قَالَ: لَقَدْ عَلَّمَ اللّٰهُ خَيْرًا وَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَا يَعْلَمُهُ إِلَّا اللّٰهُ، اَلْخَمْسُ لَا يَعْلَمُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ: ''إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ'' (الادب

المفرد للبخاری، ص۲۰۸، ۲۰۹، رقم الحدیث ۱۰۸۴، باب إذا قال أدخل ولم یسلم) ۱

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ کیا کچھ چیزیں ایسی بھی ہیں، جن کا آپ کو علم نہیں ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے خیر کی باتوں کا علم دیا ہے (یعنی اللہ نے جن چیزوں کا مجھے علم دیا ہے، وہ علم خیر والا ہے، اور جن چیزوں کا مجھے علم نہیں دیا گیا، ان کا مجھے علم دیئے جانے میں خیر نہیں تھی) اور علم میں سے وہ چیزیں، جو اللہ کے علاوہ کسی کے پاس نہیں ہیں، ان میں پانچ چیزیں بھی داخل ہیں، جن کو اللہ کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا، بے شک اللہ کے پاس قیامت کا علم ہے، اور وہ بارش نازل کرتا ہے، اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ کل کو (اور کیا کرے گا) اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ وہ کس زمین میں مرے گا (الادب المفرد)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُوتِيتُ مَفَاتِيحَ كُلِّ شَيْءٍ إِلَّا الْخَمْسَ: ”إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ“ (مسند احمد، رقم الحدیث ۵۵۷۹) ۲

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے ہر چیز کی کنجیاں عطاء کردی گئیں، سوائے پانچ چیزوں کے:

---

۱ قال الالبانی: قلت: وهذا إسناد صحيح على شرط الشيخين غير الرجل العامری، وهو صحابی فلا يضر الجهل باسمه، فإن الصحابة عدول كما هو مذهب أهل الحق (سلسلة الاحاديث الصحيحة، رقم الحديث ۲۷۱۲)

۲ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

”بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ کل کو، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے“ (مسند احمد)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو اور محدثین نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أُوتِىَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيحَ كُلِّ شَيْءٍ غَيْرَ خَمْسٍ: ”إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ، وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ، وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا، وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ“ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٣٦٥٩) [2]

ترجمہ: تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر چیز کی کنجیاں دے دی گئی ہیں، سوائے پانچ چیزوں کے (پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت فرمائی، جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) بے شک اللہ، اسی کے پاس ہے علم قیامت کا، اور نازل کرتا ہے وہ بارش کو اور جانتا ہے وہ ان چیزوں کو جو رحموں میں ہیں، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کیا کمائے گا وہ

---

[1] عن ابن عمر، قال " :أتى نبيكم صلى الله عليه وسلم مفاتيح الغيب إلا الخمس، ثم تلا هذه الآية :(إن الله عنده علم الساعة)إلى آخرها(مسند ابى داؤد الطيالسى، رقم الحديث ١٩١٨)

قال ابو حذيفة نبيل بن منصور البصارة الكويتي: واسناده صحيح(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج١٠ ص ٣٢، رقم الحديث ٣٨٢٢ ''٢٨''، كتاب الايمان، باب سؤال جبربل النبى -صلى الله عليه وسلم -عن الإيمان والإسلام والإحسان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد يحتمل التحسين، وحسنه ابن كثير فى "التفسير"(حاشيه مسنداحمد)

www.idaraghufran.org

کل کو، اور نہیں جانتا کوئی جاندار کہ کون سی زمین میں مرے گا وہ، بے شک اللہ علیم ہے، خبیر ہے (مسند احمد)

مذکورہ حدیث کی سند اگرچہ صحیح ہے، لیکن اس حدیث کے شروع والے الفاظ ''یعنی ہر چیز کی کنجیاں دیئے جانے'' کو بعض محدثین نے شاذ قرار دیا ہے، اور یہ احتمال ظاہر کیا ہے کہ اس میں ایک حدیث کا متن دوسری میں داخل ہو گیا ہے۔ [1]

---

[1] قال ابن حجر: وأخرجه الطيالسی فی مسنده عن إبراهيم بن سعد، عن الزهری بلفظ: أوتی نبيكم مفاتح الغيب إلا الخمس ثم تلا الآية، وأظنه دخل له متن فی متن، فإن هذا اللفظ أخرجه ابن مردويه من طريق عبد الله بن سلمة، عن ابن مسعود نحوه .وقال الشيخ أبو محمد بن أبی جمرة: عبر بالمفاتح لتقريب الأمر على السامع؛ لأن كل شیء جعل بينك وبينه حجاب فقد غيب عنك، والتوصل إلى معرفته فی العادة من ال باب، فإذا أغلق الباب احتيج إلى المفتاح، فإذا كان الشیء الذی لا يطلع على الغيب إلا بتوصيله لا يعرف موضعه فكيف يعرف المغيب .انتهى ملخصا (فتح الباری لابن حجر، ج۸ص۵۱۴، كتاب التفسير، سورة لقمان، باب قوله إن الله عنده علم الساعة)

وقال الالبانی:(أوتيت مفاتيح كل شیء إلا الخمس :(إن الله عنده علم الساعة، وينزل الغيث، ويعلم ما فی الأرحام، وما تدری نفس ماذا تكسب غدا، وما تدری نفس بأی أرض تموت، إن الله عليم خبير). شاذ أوله

أخرجه أحمد (۲/۸٦) : حدثنا محمد بن جعفر :حدثنا شعبة عن عمر بن محمد بن زيد أنه سمع أباه محمدا يحدث عن ابن عمر عن النبی -صلى الله عليه وسلم -قال ... :فذكره.

وأخرجه الطبرانی فی "المعجم الكبير(۳/۱۹۸/۲)"من طريق الإمام أحمد.

قلت :وهذا إسناد صحيح، رجاله كلهم ثقات على شرط الشيخين، وقد أخرجه البخاری فی تفسير لقمان(۳/۲۹۵فتح) من طريق ابن وهب :حدثنی عمر بن محمد بن زيد أن أباه حدثه به بلفظ: "خمس لا يعلمهن إلا الله"..، دون قوله" :أوتيت ."وقال الحافظ:

"هكذا قال ابن وهب (يعنی فی الإسناد) ، وخالفه أبو عاصم فقال :عن عمر بن محمد بن زيد عن ابن عمر .أخرجه الإسماعيلی، فإن كان محفوظا احتمل أن يكون لعمر بن محمد فيه شيخان :أبوه وعم أبيه."

قلت :وخالفهما شعبة فقال -كما تقدم :-عن عمر بن محمد بن زيد :أنه سمع أباه محمدا ...كما فی رواية أحمد هذه ولم يقف الحافظ عليها، ولعلها أصح من رواية الاثنين؛ فإنها من جهة توافق رواية أبی عاصم فی قوله" :عمر بن محمد بن زيد"، فباجتماعهما تترجح على رواية ابن وهب، ومن جهة أخرى تخالفها فی قوله" :عن سالم "بدل" :عن أبيه ."والله أعلم.

ولرواية سالم أصل كما يأتی، فقد رواه ابن شهاب عنه عن أبيه مرفوعا به دون "أوتيت".

أخرجه البخاری أيضا(۸/۲۱۹)وأحمد(۲/۱۲۲) والطبرانی(۳/۱۹۴/۲)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

خلاصہ یہ نکلا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے ارشادات کی روشنی میں مذکورہ اشیاء کا یقینی علم، اللہ کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں، یہاں تک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی نہیں، اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ عقیدہ رکھنا درست نہیں کہ آپ کو تمام غیب کی باتوں کا علم تھا، بلکہ یہ عقیدہ رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوقات میں سب سے زیادہ علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عطاء فرمایا تھا، لیکن اس کے باوجود وہ علم، اللہ کے علم کے مقابلہ میں بہت کم تھا، کیونکہ اللہ نے بہت سی غیب کی باتوں کا علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عطاء نہیں فرمایا تھا، جس میں بہت سی حکمتیں تھیں۔

اور مذکورہ پانچ چیزوں کا علم اللہ کے علاوہ کس کے پاس نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان چیزوں کا قطعی اور یقینی علم کسی غیرُ اللہ کے پاس نہیں، اور اگر کسی کو ہوتا بھی ہے، تو ایک تو وہ یقینی نہیں ہوتا، دوسرے وہ آثار وقرائن اور ذرائع سے پتہ لگا کر ہوتا ہے، جبکہ اللہ کو ان چیزوں کا یقینی علم، ہر وقت ہے۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وأخرجه الطيالسى فى "مسنده(١٨٠٩)"حدثنا ابن سعد عن الزهرى به بلفظ:

"أتى نبيكم مفاتيح الغيب إلا الخمس، ثم تلا هذه الآية ." ...

وهذا إسناد صحيح أيضا، لكن قال الحافظ:

"وأظنه دخل له متن فى متن؛ فإن هذا اللفظ أخرجه ابن مردويه من طريق عبد الله بن سلمة عن ابن مسعود نحوه."

قلت :وأخرجه أيضا أحمد (٣٨٦/١ و٤٣٨ و٤٤٥)والطبرى فى "تفسيره(١٣٣٠٥/٤٠١/١١) "وأبو يعلى (٥١٥٣)والحميدى(١٢٤)من هذا الوجه، وفيه ضعف؛ لأن عبد الله بن سلمة قال الحافظ":صدوق تغير حفظه."

وللحديث طريق أخرى عن ابن عمر مرفوعا به دون الزيادة؛ أخرجه البخارى(٤٣٥/٢)، وأحمد (٢٤/٢و٥٢و٥٨)من طريق سفيان عن عبد الله بن دينار عنه.

وجملة القول؛ أن هذه الزيادة "أوتيت"، لم يطمئن القلب لثبوتها، وإن كان إسنادها صحيحا كما تقدم؛ لتفرد الراوى بها دون سائر الطرق، ولعدم وجود الشاهد المعتبر لها، فهى شاذة .وخفى هذا على المعلق على "مسند أبى يعلى "،فجعل حديث ابن عمر من رواية الطيالسى والبخارى الأخيرة شاهدا لحديث ابن مسعود الذى فيه الزيادة المنكرة .وكثيرا ما يقع له مثل هذا الخلط، وهو مما يدل على حداثته فى هذا العلم(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ٣٣٣٥)

(فصل نمبر 30)

انسان اپنی موت واقع ہونے والی جگہ پہنچ جاتا ہے

معتبر احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب اللہ کسی بندہ کی کسی جگہ روح قبض فرمانا چاہتا ہے، تو وہ بندہ اپنی روح قبض ہونے کے وقت کسی نہ کسی ضرورت وحاجت کے بہانے سے اس جگہ پہنچ جاتا ہے، جہاں اس کی روح قبض ہونا طے ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس جگہ اس کی روح قبض فرمالیتا ہے۔

اس سلسلہ میں چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

ابوعزہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوعزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی إِذَا أَرَادَ قَبْضَ رُوحِ عَبْدٍ بِأَرْضٍ، جَعَلَ لَہُ فِیہَا أَوْ قَالَ: بِہَا حَاجَۃً (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث ۱۵۵۳۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ جب کسی جگہ اپنے کسی بندے کی روح قبض کرنے کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس بندے کی اس جگہ میں کوئی ضرورت ،یا حاجت وابستہ فرمادیتا ہے (اور اس ضرورت وحاجت کے لیے وہ بندہ اپنی اس موت کی جگہ پہنچ جاتا ہے) (مسند احمد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
إسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الشیخین غیر صحابیہ -واسمہ یسار بن عبدٍ الہذلی -، فقد أخرج حدیثہ البخاری فی "الأدب المفرد"، وأبو داود فی "القدر"، والترمذی (حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

مطر بن عکامس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مطر بن عکامس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَضَى اللّٰهُ مِيتَةَ عَبْدٍ بِأَرْضٍ، جَعَلَ لَهُ إِلَيْهَا حَاجَةً (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢١٩٨٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندے کی کسی جگہ موت (دینے اور روح قبض کرنے) کا فیصلہ فرماتا ہے، تو اس جگہ میں اس بندے کی کوئی حاجت وابستہ فرما دیتا ہے (مسند احمد)

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِأَرْضٍ جَعَلَ لَهُ بِهَا حَاجَةً (الأدب المفرد للبخارى، ص ٤٢٤، ٤٢٥، رقم الحديث ١٢٨٢، المعجم الكبير للطبرانى، ج ٢٢ ص ٢٧٦، رقم الحديث ٧٠٧) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب اللہ کسی بندے کی کسی جگہ روح قبض کرنے کا ارادہ فرماتا ہے، تو اس جگہ میں اس بندے کی کوئی حاجت وابستہ فرما دیتا ہے (اور وہیں اس کی روح قبض کی جاتی ہے) (الادب المفرد)

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد رجاله ثقات رجال الصحيح غير مطر بن عكامس، فلم يرو عنه غير أبى إسحاق -وهو عمرو بن عبد الله السبيعى -وقد اختلف فى صحبته

[2] قال الألبانى: صحيح (حاشية الادب المفرد)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَا جَعَلَ اللّٰہُ مَنِیَّةَ عَبْدٍ بِأَرْضٍ إِلَّا جَعَلَ لَہٗ فِیْھَا حَاجَةً (المعجم الکبیر للطبرانی، ج ۱ ص ۱۷۸، رقم الحدیث ۴۶۱) ل

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جس بندہ کی موت جس زمین میں مقرر فرماتا ہے، تو اس زمین میں اس بندے کے لیے کوئی حاجت وابستہ فرما دیتا ہے (پھر وہیں اس کی روح قبض کی جاتی ہے) (طبرانی)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: قَالَ: إِذَا کَانَ أَجَلُ أَحَدِکُمْ بِأَرْضٍ أَوْثَبَتْہُ إِلَیْھَا الْحَاجَةُ، فَإِذَا بَلَغَ أَقْصٰی أَثَرِہٖ، قَبَضَہُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ، فَتَقُوْلُ الْأَرْضُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ: رَبِّ، ھٰذَا مَا اسْتَوْدَعْتَنِیْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحدیث ۴۲۶۳، ابواب الزھد، باب ذکر الموت والاستعداد له، مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۱۲۲)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کی موت، کسی زمین میں مقدر ہوتی ہے، تو اسے اس زمین میں جانے کی ضرورت پیش آ جاتی ہے، پھر جب وہ اپنے اس مقررہ مقام تک پہنچ جاتا ہے، تو (وہاں پہنچ کر) اللہ سبحانہٗ اس کی روح قبض فرمالیتا ہے، اور قیامت کے دن وہاں کی زمین (اس میت کے بارے میں) کہے گی کہ اے میرے رب! یہ تو نے مجھے امانت دی تھی (ابنِ ماجہ، حاکم)

ل قال الھیثمی: رواہ الطبرانی، ورجاله رجال الصحیح .وقد تقدمت أحادیث فی الجنائز فی دفن کل میت فی التربة التی خلق منھا (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۱۸۳۱، باب لا یموت عبد حتی یبلغ أقصی أثرہ)

www.idaraghufran.org

اس حدیث کی سند معتبر ہے۔ [1]

البتہ بعض اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کے موقوف، یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہونے کو ترجیح دی ہے۔

لیکن اس مضمون کی تائید مرفوع احادیث سے ہوتی ہے، نیز بعض حضرات کے نزدیک اس طرح کی موقوف روایت بھی مرفوع حدیث کا درجہ رکھتی ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم: قد احتج الشيخان برواة هذا الحديث عن آخرهم وعمر بن على المقدمى متفق على إخراجه فى الصحيحين ."وقد تابعه محمد بن خالد الوهبى على سنده، عن إسماعيل.

وقال الذهبى فى التلخيص:على شرطهما.

وقال شهاب الدين الكنانى الشافعى:هذا إسناد صحيح رجاله ثقات رواه الحاكم فى المستدرك من طريق عمر بن على المقدمى ومحمد بن خالد الوهبى وهشيم عن إسماعيل بن أبى خالد به وقال أسند هذا الحديث ثلاثة من الثقات عن إسماعيل(مصباح الزجاجة فى زوائد ابن ماجه، ج۴ص ۲۵۱، باب ذكر الموت والاستعداد له)

وقال الالبانى: أخرجه ابن ماجه (2/566) وابن أبى عاصم فى "السنة "(346) والطبرانى فى " المعجم الكبير "(3/ 76 /1) والحاكم (1/42 - 41) من طرق عن إسماعيل ابن أبى خالد عن قيس بن أبى حازم عن عبد الله بن مسعود عن النبى صلى الله عليه وسلم، وقال الحاكم ": احتج الشيخان برواة هذا الحديث عن آخرهم ".

ووافقه الذهبى وهو كما قالا .وقال البوصيرى فى "الزوائد "(ق 2/263): "هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۱۲۲۲)

[2] وقال شعيب الارنؤوط:رجاله ثقات غير أحمد بن ثابت الجحدرى فصدوق، إلا أنه اختلف على إسماعيل بن أبى خالد فى رفعه ووقفه كما سيأتى .عمر بن على :هو ابن عطاء المقدَّمى البصرى.

وأخرجه الحاكم 41 /1، والبيهقى فى "شعب الإيمان "(9889) من طريق عمر ابن على المقدَّمى، بهذا الإسناد.

وأخرجه الطبرانى (10403) من طريق عبد الرحمن بن مهدى، عن هشيم بن بشير، والحاكم 1/ 41من طريق محمَّد بن خالد الوهبى، كلاهما عن إسماعيل، به .ورواية هشيم مختصرة.

وقال أبو حاتم -كما فى "علل الحديث 362 /1 "لابنه :-الكوفيون لا يرفعونه .وقال الدارقطنى فى "العلل :239 /5 "وغيرُ ابن مهدى يرويه عن هشيم ولا يرفعه، وكذلك رواه ابنُ عيينة ويحيى القطان وغيرهما موقوفًا، وهو الصواب.

ثم أخرجه الدارقطنى من طريق يحيى القطان، عن إسماعيل، عن قيس، عن ابن مسعود موقوفًا.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ایک حدیث کا حوالہ

بعض غیر مرفوع روایات میں ملکُ الموت اور اللہ کے نبی حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارے میں ایک واقعہ آتا ہے، جس کا مضمون یہ ہے کہ:

''ایک مرتبہ ملکُ الموت، حضرت سلیمان علیہ السلام کی مجلس میں آئے، تو آپ کے مصاحبین میں سے ایک آدمی کو حیرانگی سے دیکھنے لگے، پھر جب ملکُ الموت چلے گئے، تو اس آدمی نے حضرت سلیمان سے پوچھا کہ یہ کون تھے؟ حضرت سلیمان نے فرمایا کہ یہ ملکُ الموت تھے، اس آدمی نے کہا کہ ملکُ الموت تو مجھے اس طرح دیکھ رہے تھے، جس طرح کہ میرا ہی ارادہ ہو، حضرت سلیمان نے فرمایا کہ پھر تم کیا چاہتے ہو، اس آدمی نے کہا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ ہوا مجھے اٹھا کر لے جائے، اور مجھے ہند کے علاقے میں چھوڑ دے، حضرت سلیمان نے ہوا کو حکم دیا، تو ہوا نے اس آدمی کو اٹھا کر ہند کے علاقہ میں چھوڑ دیا، پھر ملکُ الموت، حضرت سلیمان کے پاس آئے، حضرت سلیمان نے کہا کہ تم میرے مصاحبین میں سے اس آدمی کو حیرانگی سے کیوں دیکھ رہے تھے؟ تو ملکُ الموت نے کہا کہ مجھے حکم دیا گیا تھا کہ میں اس آدمی کی روح کو ہند کے علاقے میں قبض کروں، اور یہ آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا (اس لیے مجھے حیرانگی ہو رہی تھی)''[1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ ولقوله" :إذا كان أجل أحدكم بأرضٍ، أَوْثَبَتْهُ إليها الحاجةُ "شاهد من حديث أبي عزة عند الترمذي (2287)، وإسناده صحيح.

وآخر عن مطر بن عكامس عند الترمذي (2285)، وهو في "مسند أحمد "(21983)، وذكرنا هناك بقية شواهده(حاشية سنن ابنِ ماجه)

[1] عن الأعمش ، عن خيثمة ، قال :دخل ملك الموت إلى سليمان فجعل ينظر إلى رجل من جلسائه يديم النظر إليه ، فلما خرج ، قال الرجل :من هذا ، قال :هذا ملك

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

لیکن ہمیں یہ واقعہ کسی مرفوع معتبر حدیث میں نہیں ملا، اس لیے اس روایت پر عقیدہ رکھنا خلافِ احتیاط معلوم ہوا۔

تاہم انسان کا اپنی موت کی مقررہ جگہ کسی بھی بہانہ سے پہنچ جانا صحیح احادیث سے ثابت ہے، جیسا کہ پہلے گزرا، اور وہ مضمون، مذکورہ روایت پر موقوف نہیں۔

خلاصہ یہ کہ متعدد احادیث وروایات سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی روح قبض کرنے کے لیے ایک جگہ مخصوص فرمادی ہے، جس طریقہ سے ہر انسان کی موت کا وقت مقرر فرمادیا ہے، اور ہر انسان جس طرح مقررہ وقت پر فوت ہوتا ہے، اسی طرح مقررہ مقام پر فوت ہوتا ہے، اور وہ موت کے وقت اپنی کسی ضرورت وحاجت کے بہانے سے وہاں پہنچ جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ موت کے لیے بہتر جگہ مقدر فرمائے۔ آمین۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الموت ، قال :رأيته ينظر إلى كأنه يريدنى ، قال :فما تريد ، قال :أريد أن تحملنى على الريح حتى تلقينى بالهند ، قال :فدعا بالريح فحمله عليها فألقته فى الهند ، ثم أتى ملك الموت سليمان ، فقال :إنك كنت تديم النظر إلى رجل من جلسائى قال : كنت أعجب منه ، أمرت أن أقبضه بالهند وهو عندك(مصنف ابنِ ابى شيبة، رقم الحديث ۳۵۴۰۹، كتاب الزهد، باب كلام سليمان بن داود صلى الله عليه وسلم)

حدثنا الأعمش، عن خيثمة، وعن حمزة، عن شهر بن حوشب قال " :دخل ملك الموت على سليمان، فجعل ينظر إلى رجل من جلسائه؛ يديم النظر إليه، فلما خرج قال الرجل :من هذا؟ قال :هذا ملك الموت عليه السلام قال :لقد رأيته ينظر إلى كأنه يريدنى قال :فما تريد؟ قال :أريد أن تحملنى الريح، فتلقينى بالهند قال :فدعا بالريح، فحمله عليها، فألقته بالهند، ثم أتى ملك الموت سليمان عليه السلام فقال :إنك كنت تديم النظر إلى رجل من جلسائى؟ قال :كنت أعجب منه؛ إنى أمرت أن أقبض روحه بالهند، وهو عندك "(الزهد لاحمد بن حنبل، رقم الحديث ۲۲۲)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 31)

مومن کے لئے موت، فتنہ سے بہتر ہے

دنیا کا فتنہ، اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک اتنا خطرناک ہے کہ اس میں مبتلا ہونے کے مقابلہ میں بحالتِ ایمان فوت ہو جانا، بہتر ہے۔

کئی احادیث وروایات میں اس کا ذکر آیا ہے، اس طرح کی چند احادیث وروایات ذیل میں ذکر کی جاتی ہیں۔

محمود بن لبید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ آدَمَ، اَلْمَوْتُ، وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ، وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ، وَقِلَّةُ الْمَالِ أَقَلُّ لِلْحِسَابِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٦٢٥)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم دو چیزوں کو ناپسند کرتا ہے، ایک موت کو، حالانکہ موت مومن کے لئے فتنہ (مثلاً کفر وشرک، گناہ ومعصیت اور دنیا کے آلام ومصائب) سے بہتر ہے، اور دوسرے ابنِ آدم مال کی کمی کو ناپسند کرتا ہے، حالانکہ مال کی کمی (قیامت کے دن) حساب (وعذاب) میں کمی کا باعث ہے (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ مومن کے حق میں ''موت'' دراصل ''شر'' کی دلیل نہیں، جس کو ناپسند کیا جاتا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده جيد (حاشية مسند احمد)

اور مومن کے حق میں ''موت'' اس فتنہ سے بہتر ہے کہ زندہ رہ کر مومن، اس کا شکار ہو۔

''فتنہ'' سے مراد، کفر وشرک، یا ارتداد ہے، یا ایسا اعتقاد، یا قول وفعل ہے، جو اللہ کی ناراضگی کا سبب بنے، مثلاً کسی مصیبت میں مبتلا ہو کر، اللہ کے فیصلے کو عقیدہ سے ناپسند کرنا، یا زبان سے اللہ کے فیصلے پر شکوہ وشکایت کا اظہار کرنا، یا پھر اللہ کی نافرمانی اور گناہ والے فعل کا ارتکاب کرنا، جیسا کہ بیماری، ناداری، فقر وفاقہ، یا دشمنی وعداوت میں مبتلا ہو کر بہت سے لوگ، اس طرح کے عقیدہ، یا قول وفعل میں مبتلا ہو جاتے ہیں، اور بعض خودکشی کا ارتکاب کر بیٹھتے ہیں۔ ایسے طرزِ عمل میں مبتلا ہونے سے بہتر یہ ہے کہ اس طرح کی نوبت آنے سے پہلے مومن کا ایمان، اور اعمالِ صالحہ کی حالت میں انتقال ہو جائے۔

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں نبی صلی اللہ کی یہ دعاء مروی ہے کہ:

''وَإِذَا أَرَدْتَ فِتْنَةً فِيْ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ'' (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۲۳۵)

ترجمہ: اور اے اللہ! جب تُو کسی قوم کو فتنہ میں مبتلا کرنے کا ارادہ کرے، تو مجھے فتنہ میں مبتلا کیے بغیر وفات دے دیجیے (ترمذی) [1]

---

[1] عن معاذ بن جبل قال :احتبس عنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات غداة من صلاة الصبح حتى كدنا نتراء ى عين الشمس، فخرج سريعا فثوب بالصلاة، فصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وتجوز فى صلاته، فلما سلم دعا بصوته فقال لنا :على مصافكم كما أنتم ثم انفتل إلينا فقال " :أما إنى سأحدثكم ما حبسنى عنكم الغداة :أنى قمت من الليل فتوضأت فصليت ما قدر لى فنعست فى صلاتى فاستثقلت، فإذا أنا بربى تبارك وتعالى فى أحسن صورة، فقال :يا محمد قلت :لبيك رب، قال :فيم يختصم الملأ الأعلى؟ قلت :لا أدرى رب، قالها ثلاثا "قال " :فرأيته وضع كفه بين كتفى حتى وجدت برد أنامله بين ثديى، فتجلى لى كل شىء وعرفت، فقال :يا محمد، قلت : لبيك رب، قال :فيم يختصم الملأ الأعلى؟ قلت :فى الكفارات، قال :ما هن؟ قلت :

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَللّٰھُمَّ إِذَا أَرَدْتَّ فِتْنَۃً فِیْ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ (کتاب السنۃ لابنِ ابی عاصم، رقم الحدیث ۳۸۹، باب حدیث: اللھم أنی أسألک الطیبات وترک المنکرات ...) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ’’اے اللہ! جب تُو کسی قوم میں فتنہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

مشی الأقدام إلی الجماعات، والجلوس فی المساجد بعد الصلوات، وإسباغ الوضوء فی المکروھات، قال :ثم فیم؟ قلت :إطعام الطعام، ولین الکلام، والصلاۃ باللیل والناس نیام .قال :سل .قلت :اللھم إنی أسألک فعل الخیرات، وترک المنکرات، وحب المساکین، وأن تغفر لی وترحمنی، وإذا أردت فتنۃ فی قوم فتوفنی غیر مفتون، وأسألک حبک وحب من یحبک، وحب عمل یقرب إلی حبک "، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :إنھا حق فادرسوھا ثم تعلموھا .

ھذا حدیث حسن صحیح سألت محمد بن إسماعیل، عن ھذا الحدیث، فقال :ھذا حدیث حسن صحیح .ھذا أصح من حدیث الولید بن مسلم، عن عبد الرحمن بن یزید بن جابر قال :حدثنا خالد بن اللجلاج قال :حدثنی عبد الرحمن بن عائش الحضرمی، قال :سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر الحدیث " .وھذا غیر محفوظ . ھکذا ذکر الولید، فی حدیثہ عن عبد الرحمن بن عائش، قال :سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم .وروی بشر بن بکر، عن عبد الرحمن بن یزید بن جابر، ھذا الحدیث بھذا الإسناد عن عبد الرحمن بن عائش، عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھذا أصح، وعبد الرحمن بن عائش لم یسمع من النبی صلی اللہ علیہ وسلم "(سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۲۳۵، ابواب تفسیر القرآن، باب: ومن سورۃ ص)

قال سعد بن ناصر بن عبد العزیز الشّثری:

وعلیہ فالحدیث بھذا الإسناد فی درجۃ الصحیح إن شاء اللہ، کما صححہ البخاری رحمہ اللہ(حاشیۃ المطالب العالیۃ، ج۱۵ ص۱۶۷، تحت رقم الحدیث ۳۷۰۰، کتاب التفسیر، سورۃ صٓ)

[1] قال الالبانی: حدیث صحیح وإسنادہ ضعیف(ظلال الجنۃ فی تخریج السنۃ، تحت رقم الحدیث ۳۸۹)

کا ارادہ کرے، تو مجھے فتنہ میں مبتلا کیے بغیر وفات دے دیجیے (کتاب السنۃ)

ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم كَانَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُکَ الطَّيِّبَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَأَنْ تَتُوْبَ عَلَيَّ وَإِنْ أَرَدْتَّ بِعِبَادِکَ فِتْنَةً أَنْ تَقْبِضَنِيْ إِلَيْکَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ (مسند البزار، رقم الحديث ۴۱۸۳، مسند ثوبان رضى الله عنه) ۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ! میں آپ سے پاکیزہ چیزوں کا سوال کرتا ہوں، اور بری چیزوں سے بچنے کا سوال کرتا ہوں، اور مساکین (یعنی غریبوں) سے محبت کا سوال کرتا ہوں، اور اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ آپ میری توبہ قبول فرمائیں، اور اگر آپ اپنے بندوں کو کسی فتنہ میں مبتلا فرمائیں، تو مجھے فتنہ میں مبتلا کئے بغیر اپنی طرف اٹھالیں (بزار)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِيْلَ لِيْ: يَا مُحَمَّدُ، قُلْ تُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُکَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ، وَتَرْکَ الْمُنْكَرَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ، وَأَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ، وَإِذَا أَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ إِلَيْکَ، وَأَنَا غَيْرُ مَفْتُوْنٍ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُکَ حُبَّکَ، وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّکَ، وَحُبًّا يُبَلِّغُنِيْ حُبَّکَ (مستدرک حاكم، رقم الحديث ۱۹۳۲، كتاب الدعاء، والتكبير، والتهليل، والتسبيح والذكر) ۲

---

۱ قال الهيثمي: رواه البزار، وإسناده حسن. (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۷۴۱۴، باب الأدعية المأثورة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم التي دعا بها وعلمها)

۲ قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط البخارى.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے (اللہ کی طرف سے) کہا گیا کہ اے محمد! آپ کہیے، آپ کی بات سنی جائے گی، اور آپ سوال کیجیے، آپ کو عطاء کیا جائے گا، تو میں نے یہ دعاء کی کہ اے اللہ! میں آپ سے خیر کے کاموں کے کرنے، اور برائی کے کاموں سے بچنے، اور مساکین سے محبت کرنے کا سوال کرتا ہوں، اور یہ بھی کہ آپ میری مغفرت فرمادیجیے، اور مجھ پر رحم فرمائیے، اور جب آپ کسی قوم کے ساتھ فتنہ کا ارادہ فرمائیں، تو مجھے اپنی طرف وفات دے کر بلا لیجیے، اور مجھے فتنہ میں مبتلا نہ کیجیے، اے اللہ! میں آپ سے آپ کی محبت کا سوال کرتا ہوں، اور اس شخص کی محبت کا بھی سوال کرتا ہوں، جو آپ سے محبت کرے، اور ایسی محبت کا سوال کرتا ہوں، جو مجھے آپ کی محبت تک پہنچادے (حاکم)

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ مومن کے حق میں فتنہ، یعنی گمراہی میں مبتلا ہونے سے موت کا واقع ہونا بہتر ہے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوجحیفہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ،قَالَ:ذَھَبَ صَفْوُ الدُّنْیَا فَلَمْ یَبْقَ إِلَّا الْکَدَرُ، فَالْمَوْتُ الْیَوْمَ تُحْفَةٌ لِکُلِّ مُسْلِمٍ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ ص ۱۵۴، ۱۵۵، رقم الحدیث ۸۷۷۵، ورقم الحدیث ۸۷۷۴) [1]

---

[1] قال الھیثمی:رواہ الطبرانی بإسنادین، وأحدھما جید(مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۲۱۰ ،باب ما جاء فی الحزن)

وقال د .سعد بن ناصر بن عبد العزیز الشّثری:

أخرجه ابن أبی شیبة (13/ 287)، عن عبد اللہ بن إدریس، وأحمد فی الزھد (ص 230) قال: حدثنا ھشیم، ومن طریقه أبو نعیم فی الحلیة (1/ 131)، وأخرجه الطبرانی فی الکبیر (9/ 169)، من طریق عبد السلام بن حرب وزائدة، فرقھما.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صاف دنیا جا چکی ہے، صرف کدورت باقی رہ گئی، پس موجودہ زمانے میں موت، ہر مسلمان کے لیے تحفہ ہے (طبرانی)

اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ موجودہ زمانہ، فتنوں پر مشتمل ہے، جن سے بچنا، انتہائی مشکل ہے، اس لیے ان حالات میں مومن کا ایمان کی حالت میں فوت ہو جانا، تحفہ سے کم نہیں۔ بعض دوسری روایات میں بھی اسی حیثیت سے مومن کے لیے موت کو تحفہ قرار دیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر طرح کے فتنوں سے حفاظت اور خاتمہ بالخیر کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

والشجری فی الأمالی (193 /2)، من طریق إسماعیل بن زکریا، خمستهم: عن یزید بن أبی زیاد به، بلفظ قریب .ولفظ ابن أبی شیبة:" ذهب صفو الدنیا وبقی کدرها، فالموت تحفة لکل مسلم."

وأخرجه ابن أبی شیبة (13/ 287)، ومن طریقه أبو نعیم فی الحلیة (1/ 132)، عن عبد الله بن إدریس، عن یزید به، بأوله .ولفظه:" الدنیا کالثغب، ذهب صفوه وبقی کدره."

ویشهد لآخر اللفظ: حدیث عبد الله بن عمرو رضی الله عنه مرفوعا:" تحفة المؤمن الموت."

وسنده ضعیف، وقد ذکره الحافظ هنا فی المطالب، وهو الحدیث الماضی برقم (3117 [2]).

وبهذا الشاهد وبما ذکر فی تخریج الطریق الأولی یکون لفظ الباب حسنا لغیره، والله أعلم(حاشیة المطالب العالیة ، ج۱۳ ص۳۴۵، تحت رقم الحدیث ۳۱۸۸، کتاب الرقائق، باب الترغیب فی التسهیل فی أمور الدنیا)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 32)

مومن وصالح کے لیے موت، دنیا کی زندگی سے بہتر

کئی احادیث وروایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایمان کی حالت میں فوت ہو جانا، اور بطورِ خاص مومن صالح کا فوت ہو جانا، زندہ رہنے کے مقابلے میں، اللہ کی طرف سے بڑی نعمت ہے، اسی لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا اور زندگی کے فتنہ اور ناکارہ عمر سے اللہ کی پناہ طلب کی ہے، کیونکہ ایسی زندگی سے، ایمان کی حالت میں فوت ہو جانا بہتر ہے۔

اس طرح کی چند احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْهُنَّ دُبُرَ الصَّلَاةِ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ. وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلٰى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَعَذَابِ الْقَبْرِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٢٨٢٢، كتاب الجهاد والسير، باب ما يتعوذ من الجبن)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، نماز کے بعد اِن چیزوں سے پناہ طلب کرتے تھے کہ "اے اللہ میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، بزدلی سے، اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، بخل سے اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں کہ میں ناکارہ عمر تک پہنچوں، اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا

ہوں دنیا کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے‘‘ (بخاری)

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۲۸۲۳، كتاب الجهاد والسير، باب ما يتعوذ من الجبن)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ:

’’اے اللہ میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، عاجز ہونے اور سستی سے، اور بزدلی سے، اور شدید بڑھاپے سے، اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، زندگی اور موت کے فتنے سے، اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، قبر کے عذاب سے‘‘ (بخاری)

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْ فِي الصَّلَاةِ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۸۳۲، كتاب الأذان، باب الدعاء قبل السلام)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ ’’اے اللہ میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، قبر کے عذاب سے، اور میں آپ کی پناہ (و

حفاظت) چاہتا ہوں، مسیح دجال کے فتنے سے، اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، زندگی کے فتنے سے، اور موت کے فتنے سے“ (بخاری)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ وَيَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۳۷۷، كتاب الجنائز، باب التعوذ من عذاب القبر)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ ”اے اللہ میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، قبر کے عذاب سے، اور آگ کے عذاب سے، اور زندگی اور موت کے فتنے سے، اور مسیح دجال کے فتنے سے“ (بخاری)

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کے مختلف فتنوں سے پناہ، طلب فرمائی ہے، جن میں زندگی کا فتنہ بھی ہے، اور ایسے فتنے سے موت کا آنا، بہتر ہے۔

ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوقتادہ بن ربعی انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرَّ عَلَيْهِ بِجِنَازَةٍ، فَقَالَ: مُسْتَرِيْحٌ وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْمُسْتَرِيْحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ؟ قَالَ: اَلْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ يَسْتَرِيْحُ مِنْ نَصَبِ الدُّنْيَا وَأَذَاهَا إِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ، وَالْعَبْدُ الْفَاجِرُ يَسْتَرِيْحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ،

وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۵۱۲، کتاب الرقاق، باب سکرات الموت)

ترجمہ: سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ''مُسْتَرِیْحٌ ''(یعنی راحت پانے والا) یا ''مُسْتَرَاحٌ مِنْہُ ''(یعنی جس سے راحت پائی گئی ہو) ہے، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ''مُسْتَرِیْحٌ ''اور''مُسْتَرَاحٌ مِنْہُ ''کا کیا مطلب ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن بندہ، دنیا کی مشقتوں اور مصیبتوں سے اللہ کی رحمت میں آرام پاتا ہے، اور فاسق بندے سے اللہ کے بندے اور شہر، اور درخت اور چوپائے (غرضیکہ اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق) آرام پاتا چاہتے ہیں (بخاری)

مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ مومن اور بطورِ خاص نیک مومن کے لیے''موت'' درحقیقت عظیم نعمتِ الٰہی ہے، اور اگر فوت ہونے والا، کافر و سرکش ہو، تو اس کی موت، زندوں کے لیے راحت کا ذریعہ ہے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت خیثمہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: وَالَّذِیْ لَا إِلٰـہَ غَیْرُہٗ مَا عَلَی الْأَرْضِ نَفْسٌ إِلَّا الْمَوْتُ خَیْرٌ لَّھَا إِنْ کَانَ مُؤْمِنًا، فَإِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ: ''لٰکِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّھُمْ لَھُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْأَنْھَارُ''، وَإِنْ کَانَ فَاجِرًا فَإِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ ''إِنَّمَا نُمْلِیْ لَھُمْ لِیَزْدَادُوْا إِثْمًا'' (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۳۱۶۸، کتاب التفسیر، ومن سورۃ آل عمران) [1]

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ۔
وقال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں کہ زمین پر کوئی زندہ شخص ایسا نہیں کہ موت اس کے لیے بہتر نہ ہو، اگر وہ مومن ہو، تو (سورہ آلِ عمران میں) اللہ کا ارشاد ہے کہ "البتہ وہ لوگ، جو اپنے رب سے ڈریں، ان کے لیے جنتیں ہیں کہ جاری ہیں، ان کے نیچے سے نہریں" اور اگر گناہ گار ہے، تو (سورہ آلِ عمران میں) اللہ کا ارشاد ہے کہ "بس ڈھیل دیتے ہیں ہم ان (لوگوں) کو، تاکہ وہ زیادہ ہو جائیں، گناہ کے اعتبار سے" (حاکم)

اور حضرت اسود سے روایت ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ الَّذِیْ لَا إِلٰهَ غَیْرُهُ، مَا مِنْ نَفْسٍ حَیَّةٍ إِلَّا الْمَوْتُ خَیْرٌ لَّهَا إِنْ كَانَ بَرًّا، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ یَقُوْلُ "وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ لِّلْأَبْرَارِ" وَإِنْ كَانَ فَاجِرًا إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ یَقُوْلُ: "وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا أَنَّمَا نُمْلِیْ لَهُمْ خَیْرٌ لِّأَنْفُسِهِمْ إِنَّمَا نُمْلِیْ لَهُمْ لِیَزْدَادُوْا إِثْمًا" (المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ ص ۱۵۱، رقم الحدیث ۸۷۵۹)[1]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں کہ کوئی بھی جاندار ایسا نہیں کہ موت اس کے لیے بہتر نہ ہو، اگر وہ نیک صالح ہو، تو اللہ عزوجل کا (سورہ آلِ عمران میں) ارشاد ہے کہ "وہ چیز جو اللہ کے پاس ہے، بہتر ہے، نیک لوگوں کے لیے" اور اگر وہ گناہ گار ہو، تو اللہ عزوجل کا (سورہ آلِ عمران میں) ارشاد ہے کہ "اور ہرگز گمان نہ کریں، وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ جو ڈھیل دیتے ہیں ہم اُن کو، وہ بہتر ہے، ان کے لیے، بس ڈھیل دیتے ہیں ہم ان کو، تاکہ زیادہ ہو جائیں وہ، گناہ کے اعتبار سے" (طبرانی)

---

[1] قال الهیثمی: رواه الطبرانی بإسنادین، ورجال أحدهما رجال الصحیح غیر یزید بن أبی زیاد، وهو حسن الحدیث (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۸۲۱۱، باب ذكر الموت)

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس طرح کی روایت حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

مطلب یہ ہے کہ مومن صالح کے لیے تو موت کا بہتر اور خیر ہونا، اس لیے ہے کہ اس کو آخرت میں، جو نعمتیں وراحتیں حاصل ہوتی ہیں، وہ دنیا سے بہتر واعلیٰ ہوتی ہیں۔

اور کافر وفاسق کے لیے، کفر وفسق کی طویل زندگی سے موت کا آنا، اس لیے بہتر ہے کہ وہ لمبی زندگی پا کر زیادہ کفر وفسق میں مبتلا ہوتا ہے، اور اس کے نتیجے میں زیادہ شدید عذاب کا مستحق قرار پاتا ہے، اس لیے وہ جلدی فوت ہو کر عذاب کی شدت سے بچ جاتا ہے۔ [2]

اللہ تعالیٰ بہتر موت اور اس کے بعد راحت والی زندگی عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] حدثنا سعيد، قال :نا فرج بن فضالة ، عن لقمان بن عامر، عن أبى الدرداء قال :ما من مؤمن إلا الموت خير له، وما من كافر إلا الموت خير له، فمن لم يصدقنى، فإن الله عز وجل يقول :(وما عند الله خير للأبرار) ، (ولا يحسبن الذين كفروا أنما نملى لهم خير لأنفسهم إنما نملى لهم ليزدادوا إثما ولهم عذاب مهين)(التفسير من سنن سعيد بن منصور، رقم الحديث ٥٤٧، باب تفسير سورة آلِ عمران)

[2] (ولا يحسبن) بالياء والتاء (الذين كفروا أنما نملى) أى إملاء نا (لهم) بتطويل الأعمار وتأخيرهم (خير لأنفسهم) وأن ومعمولاها سدت مسد المفعولين فى قراء ة التحتانية ومسد الثانى فى الأخرى (إنما نملى) نمهل (لهم ليزدادوا إثما) بكثرة المعاصى (ولهم عذاب مهين) ذو إهانة فى الآخرة (تفسير الجلالين، تحت رقم الآية ١٧٨ من سورة آلِ عمران)

(فصل نمبر 33)

بروزِ قیامت عمر کو خرچ کرنے کے متعلق سوال

انسان کو دنیا میں جو عمر حاصل ہوئی ہے، وہ بڑی قیمتی ہے، اسی عمر کے دائرہ میں رہ کر اس نے اپنی آخرت کو آباد، یا برباد کرنا ہے، خاص طور پر جوانی کا عرصہ، انسان کے لیے بڑی بیش قیمت دولت ہے۔

کئی احادیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ قیامت کے دن عمر کے بارے میں سوال ہوگا کہ عمر کو کن چیزوں میں فنا اور خرچ کیا، خاص طور پر جوانی کی صلاحیتیں کہاں اور کن کن کاموں میں فنا اور خرچ کیں؟

ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهٖ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ عِلْمِهٖ فِيمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ أَيْنَ اِكْتَسَبَهُ وَفِيمَ أَنْفَقَهُ، وَعَنْ جِسْمِهٖ فِيمَ أَبْلَاهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۴۱۷،أبواب صفة القيامة والرقائق والورع،باب فی القيامة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن (رب تعالیٰ کے سامنے سے) کسی بندہ کے قدم اس وقت تک نہیں ٹلیں گے، جب تک اس سے یہ سوال نہ کرلیا جائے کہ اس نے اپنی عمر کو کن چیزوں میں فنا کیا، اور اس نے اپنے علم

---

[1] قال الترمذیؒ:هذا حديث حسن صحيح، وسعيد بن عبد الله بن جريج هو بصری، وهو مولى أبی برزة، وأبو برزة اسمه: نضلة بن عبيد .

پر کیا عمل کیا، اور اس نے مال کہاں سے کمایا اور کن چیزوں میں خرچ کیا، اور اس نے اپنے جسم کو کن چیزوں میں بوسیدہ کیا؟ (ترمذی)

ہر انسان کو ایک مخصوص مدت کی عمر دے کر دنیا میں بھیجا جاتا ہے، اور وہ عمر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ گھٹ رہی ہوتی ہے، یہاں تک کہ ایک دن پوری عمر ہی فنا اور ختم ہوجاتی ہے۔ ؎

ہو رہی ہے عمر مثلِ برف کم　　　　چپکے چپکے رفتہ رفتہ دَم بدم

اس لیے قیامت کے دن پہلا سوال عمر کے فناء کرنے کے بارے میں ہوگا کہ عمر کن کاموں میں فناء اور ختم کی۔

اور اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو جسمانی قوت وصلاحیت عطاء فرمائی ہے، اور ہر انسان اپنے جسم کی قوت وصلاحیت کو کسی نہ کسی کام میں استعمال کرتا ہے، یہاں تک کہ جسم کی قوت وصلاحیت کو کسی نہ کسی کام میں استعمال کر کے بوسیدہ کرتا ہے، اور پھر اس پر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ اس کا جسم کسی قابلِ ذکر کام کی طاقت وصلاحیت رکھنے سے قاصر وعاجز ہوجاتا ہے، اور انسان خالی رہ کر، یا بستر پر پڑ کر گزارتا ہے، اس لیے جسمانی قوت وصلاحیت کو کن کاموں میں بوسیدہ کیا، یہ سوال بڑی اہمیت کا حامل ہے، پھر انسان کی فطری طور پر مال کو کمانے، بڑھانے کی طلب اور پھر اس کمائے ہوئے مال کو خرچ کرنے کی فکر ہوتی ہے، اس لیے مال کمانے اور خرچ کرنے کے بارے میں بھی سوال ہوگا، اور ہر انسان کو کسی نہ کسی شعبہ کا علم بھی ہوتا ہے، اس کو استعمال کرنے کے متعلق بھی سوال ہوگا، جس مزید کی تفصیل آگے آتی ہے۔

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُوْلُ قَدمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ أَرْبَعِ خِصَالٍ: عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا أَفْنَاهُ؟ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَا

أَبْلَاهُ؟ وَعَنْ مَالِهِ مِنْ أَيْنَ اِكْتَسَبَهُ وَفِيْمَا أَنْفَقَهُ؟ وَعَنْ عِلْمِهِ مَاذَا عَمِلَ فِيْهِ؟(المعجم الكبير للطبرانی، ج٢٠ص٦٠، رقم الحديث ١١١)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن ابنِ آدم کے قدم (اس کے رب کے سامنے سے) اس وقت تک نہیں ہٹیں گے، جب تک چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرلیا جائے، ایک اس کی عمر کے بارے میں کہ اس کو کہاں فنا کیا، دوسرے اس کی جوانی کے بارے میں کہ کن چیزوں میں اس کو بوسیدہ کیا، تیسرے اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا، اور کن چیزوں میں خرچ کیا، چوتھے اپنے علم کے بارے میں کہ اس پر کیا عمل کیا؟ (طبرانی)

اگرچہ سوال تو عمر کے بارے میں ہوگا کہ کہاں خرچ اور فنا کی، لیکن انسان بچپن میں شرعی احکام کا عموماً مکلّف نہیں ہوتا، اور بڑھاپے میں عموماً جسمانی وذہنی صلاحیتیں اور قوتیں کمزور ہوجاتی ہیں، اور بڑھاپے میں جسمانی وذہنی کام وعمل کرنا مشکل، یا بہت کم ہوجاتا ہے، لیکن جوانی کی عمر میں انسان کو صحیح صحت وتن درستی حاصل ہوتی ہے، اور اس کی جسمانی وذہنی

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی، والبزار بنحوه، ورجال الطبرانی رجال الصحيح غير صامت بن معاذ، وعدی بن عدی الكندی، وهما ثقتان (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٣٧٣، باب ما جاء في الحساب)

وقال الالبانی:

وأما حديث معاذ، فيرويه صامت بن معاذ الجندی حدثنا عبد المجيد ابن عبد العزيز بن أبی رواد عن سفيان الثوری عن صفوان بن سليم عن عدی ابن عدی عن الصنابحی عنه . أخرجه الخطيب فی "الاقتضاء (2) "وفی "التاريخ "(/ 11 441) .وهذا سند لا بأس به فی الشواهد، رجاله ثقات غير عبد المجيد وصامت ففيهما ضعف، وقد قال المنذری فی "الترغيب " : (4 / 198) "رواه البزار والطبرانی بإسناد صحيح ". فالظاهر أنهما أخرجاه من غير هذا الوجه وإلا فهو بعيد عن الصحة! وقد رواه ليث عن عدی بن عدی به موقوفا .أخرجه الدارمی (/ 1 131) والخطيب لكنه قال: " رجاء بن حيوة "مكان "الصنابحی ."والأول أصح .وليث هو ابن أبی سليم وهو ضعيف وقد أوقفه، والرفع هو الصواب لهذه الشواهد .وقد روی من حديث ابن عباس وزاد فی آخره: " وعن حبنا أهل البيت " .وهو بهذه الزيادة باطل، ولذلک خرجته فی الكتاب الآخر . (1922) (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٩٣٦)

www.idaraghufran.org

صلاحیتیں وقوتیں بھی اچھی ہوتی ہیں، اورعمر کے اسی حصہ کوانسان اپنے پیٹ اورشرم گاہ وغیرہ کی شہوت میں زیادہ بے دردی کے ساتھ استعمال وخرچ کرتا ہے، پھر بوڑھے ہونے پر انسان فارغ اور ریٹائرڈ ہوجاتا ہے، اوراس کی اس قسم کی صلاحیتیں وقوتیں دَم توڑ دیتی ہیں، اس لیے زندگی کے جوانی والے قیمتی حصہ کے بارے میں خصوصیت کے ساتھ سوال ہوگا، اسی لیے احادیث میں جوانی کے زمانہ کی عبادت کی خاص فضیلت واہمیت کا ذکر آیا ہے۔ [1]

بعض دیگر احادیث

اور بھی کئی احادیث وروایات میں قیامت کے دن عمر اور مال وغیرہ کے خرچ کرنے کے متعلق سوال ہونے کا ذکر آیا ہے۔ [2]

---

[1] عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: " سبعة يظلهم الله في ظله، يوم لا ظل إلا ظله: الإمام العادل، وشاب نشأ في عبادة ربه، ورجل قلبه معلق في المساجد، ورجلان تحابا في الله اجتمعا عليه وتفرقا عليه، ورجل طلبته امرأة ذات منصب وجمال، فقال: إني أخاف الله، ورجل تصدق، أخفى حتى لا تعلم شماله ما تنفق يمينه، ورجل ذكر الله خاليا ففاضت عيناه (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٦٠ ،باب من جلس فی المسجد ينتظر الصلاة وفضل المساجد)

[2] عن أبي سعيد الخدری رضی الله، عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: والذی نفسی بيده لا تزول قدما عبد يوم القيامة حتى يسأل عن أربع ماله مما اكتسبه وفيما أنفقه، وعن جسده فيما أبلاه، وعن عمره فيما أفناه (تعظيم قدر الصلاة لمحمد بن نصر المروزی، ج۲ ص ۸۴۰، رقم الحديث ۸۴۷)

قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة الكويتي:

وإسناده ضعيف لضعف عطية العوفی، وداود بن الجارود لم أقف له على ترجمة ولعله محرف من زياد أبي الجارود والله أعلم............

وأما حديث جابر فأخرجه الخطيب فی "المتفق والمفترق (1340) "من طريق الدارقطنی ثنا أحمد بن محمد بن أبي عثمان النيسابوری ثنا محمد بن جعفر القاضی ثنا محمد بن قتيبة بن سعيد السمرقندی ثنی أبي ثنا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن جابر مرفوعا "لا تزول قدما عبد يوم القيامة حتى يسأل عن أربع خلال: عن عمره فيما أفناه، وعن جسده فيما أبلاه، وعن ماله فيما اكتسبه وفيما أنفقه، وعلمه فيما عمل به." ذكره فی ترجمة قتيبة بن سعيد السمرقندی ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلا (انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج۹، ص ۶۱۰۹ و ۶۱۱۰، تحت حرف اللام الف)

البتہ اس سلسلہ کی بعض روایات کی اسناد میں شدید کمزوری اور ضعف پایا جاتا ہے۔ [1]

---

[1] وعن ابن عباس قال: قال رسول الله – صلى الله عليه وسلم –: لا تزول قدما عبد يوم القيامة حتى يسأل عن أربع: عن عمره فيما أفناه، وعن جسده فيما أبلاه، وعن ماله فيما أنفقه، ومن أين اكتسبه، وعن حبنا أهل البيت.

رواه الطبراني في الكبير والأوسط، وفيه حسين بن الحسن الأشقر، وهو ضعيف جدا، وقد وثقه ابن حبان مع أنه يشتم السلف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٣٧٠، باب ما جاء في الحساب)

وعن أبي الدرداء قال: قال رسول الله – صلى الله عليه وسلم –: لن تزول قدما عبد يوم القيامة حتى يسأل عن أربع: عن شبابه فيما أبلاه، وعن عمره فيما أفناه، وعن ماله من أين اكتسبه وفيما أنفقه.

رواه الطبراني في الكبير والأوسط، وفيه أبو بكر الداهري، وهو ضعيف جدا (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٣٧٢ ،باب ما جاء في الحساب)

قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة الكويتي:

وأما حديث ابن مسعود فله عنه طريقان:

الأول: يرويه عطاء بن أبي رباح عن ابن مسعود مرفوعا "لا تزول قدما عبد يوم القيامة حتى يسأل عن خمس: عن عمره فيما أفناه، وشبابه فيما أبلاه، وعن ماله من أين اكتسبه، وفيم أنفقه، وعن ما عمل فيما علم"

أخرجه الترمذي (2416) والبزار (1435) وابن نصر في "الصلاة (846) "وأبو يعلى (5271) والدينوري في "المجالسة (7) "والطبراني في "الكبير (9772) "وفي "الصغير (760) "والآجري في "أخلاق العلماء (116) "وابن عدي 2/762 - 763) وأبو الشيخ في "الطبقات (913) "والبيهقي في "الزهد (711) "وفي "الشعب (1647) "والخطيب في "التاريخ (12/ 440) "وفي "الموضح (3312)" والشجري في "أماليه (1/ 55) "وأبو القاسم الأصبهاني في "الترغيب (2168) "من طرق عن أبي محصن حصين بن نمير الهمداني ثنا حسين بن قيس أبو علي الرَّحبي ثنا عطاء به.قال البزار: وهذا الحديث لا نعلمه يُروى عن ابن مسعود إلا من هذا الوجه"

وقال الترمذي: هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابن مسعود عن النبي–صلى الله عليه وسلم– إلا من حديث الحسين بن قيس، وحسين بن قيس يضعف في الحديث من قبل حفظه"وقال الطبراني: لا يُروى عن ابن مسعود إلا بهذا الإسناد"

قلت: إسناده ضعيف جدًا، حسين بن قيس قال أحمد وغيره: متروك الحديث، وقال البخاري وغيره: منكر الحديث.

الثاني: يرويه الضحاك بن مزاحم عن أبي الأحوص عن ابن مسعود مرفوعا "والذي نفس محمد بيده لا تزول قدما عبد يوم القيامة حتى يُسأل عن أربع: عن عمره فيما

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

لیکن قیامت کے دن انسان کی عمر اور مزید چند چیزوں کے متعلق سوال ہونے سے پہلے بندہ کے قدم نہ ٹلنے کا مضمون چونکہ کئی معتبر احادیث میں بھی آیا ہے، جیسا کہ اس سلسلہ میں چند احادیث پہلے ذکر کی گئیں، اس لیے دوسری احادیث کی سندوں کا شدید ضعیف ہونا، اس سلسلہ میں نقصان دہ نہیں۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْھِمَا کَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ: اَلصِّحَّۃُ وَالْفَرَاغُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۴۱۲، کتاب الرقاق، باب لا عیش إلا عیش الآخرۃ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو نعمتیں ایسی ہیں کہ جن میں لوگ (ان کی بے قدری کرنے کی وجہ سے) بہت نقصان (وخسارہ) میں ہیں، ایک صحت، اور دوسرے فراغت (وفرصت) (صحیح بخاری)

مطلب یہ ہے کہ لوگ نہ تو صحت کی نعمت سے فائدہ اٹھاتے، نہ ہی اس کی حفاظت کرتے، اور نہ ہی فراغت وفرصت کو غنیمت سمجھ کر اس کو کام میں لاتے، بلکہ اس کو فضولیات میں ضائع کر دیتے ہیں، اور اس طرح اپنی زندگی کا نقصان کر بیٹھتے ہیں، جو دوبارہ حاصل ہونے والی نہیں۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أفناہ، وجسدہ فیما أبلاہ، ومالہ فیما کسبہ وأین وضعہ، وأین أنفقہ"

أخرجہ الطبرانی فی "الأوسط (7572) "عن محمد بن إبراھیم بن عامر بن إبراھیم الأصبھانی ثنی أبی عن جدی عن نَھُشَل بن سعید عن الضحاک بہ.

وقال: لم یَرو ھذا الحدیث عن الضحاک عن أبی الأحوص عن ابن مسعود إلا نھشل بن سعید، تفرد بہ عامر بن إبراھیم"

قلت: وھو ثقۃ کما قال الفلاس وغیرہ، لکن نھشل بن سعید قال أبو داود الطیالسی وإسحاق بن راھویہ: کذاب، وقال أبو حاتم وغیرہ: متروک الحدیث (انیس الساری تخریج احادیث فتح الباری، ج۹، ص۷۰۱۶، تحت حرف اللام الف)

بہر حال مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ قیامت کے دن بندہ سے چند چیزوں کے متعلق سوال ہوگا، جن میں پہلا سوال عمر کے بارے میں ہوگا کہ عمر کا قیمتی حصہ اور خاص طور پر جوانی کا حصہ کن چیزوں اور کاموں میں خرچ کیا۔

ظاہر ہے کہ ہر انسان اپنی زندگی اور خاص طور پر جوانی کا حصہ کسی خاص کام میں خرچ کرتا ہے، کوئی بالکل ہی ناجائز وحرام کام، مثلاً سود خوری، جوئے وغیرہ میں اور کوئی جائز کام، مثلاً تجارت میں، کوئی ملازمت میں، کوئی زراعت میں، کوئی تبلیغ وتدریس اور تعلیم وغیرہ میں، پھر کوئی اس شعبہ سے منسلک ہونے کی حالت میں اچھے کام کرتا ہے، اور کوئی برے کام کرتا ہے، مثلاً کوئی تجارت کے دوران جھوٹ بولتا ہے، ناپ تول میں کمی کرتا ہے، ملاوٹ سے کام لیتا ہے، ملازمت کے دوران رشوت خوری کا ارتکاب کرتا ہے، لوگوں کی حق تلفیاں کرتا ہے، ظلم وستم کا ارتکاب کرتا ہے، کوئی دین کے علم کا صحیح استعمال کرتا ہے اور کوئی غلط استعمال کرتا ہے، اسی طرح مثلاً ڈاکٹری اور طب کے شعبہ کے ساتھ وابستہ بعض افراد اس علم کا استعمال اپنے ذاتی مفاد کی خاطر کرتے ہیں، مریضوں سے ناجائز پیسے بٹورتے ہیں، اپنے کمیشن اور فائدہ کے لیے مختلف دوائیاں اور ٹیسٹ تجویز کرتے ہیں، مختلف مشینریوں کے مستری اور مکینک جھوٹ بول کر اور غلط بیانی کر کے پیسے حاصل کرتے ہیں، اور اس طرح کے علم کے ساتھ ساتھ مال کمانے اور خرچ کرنے کا بھی بڑا تعلق ہے، اس لیے مال کن طریقوں اور ذریعوں سے حاصل کیا، اور کن کاموں میں خرچ کیا، مثلاً حلال طریقوں سے مال کمایا، یا حرام طریقوں سے کمایا، زکاۃ وصدقات وغیرہ میں اور اللہ کی رضا والے کاموں میں مال کو خرچ کیا، یا پھر گناہوں، فضول خرچیوں اور رسم ورواج اور نام ونمود اور فخر وتفاخر میں خرچ کیا، اس طرح کے سب سوالات ہوں گے۔

اس طرح زندگی میں عمر، جوانی، مال کے حصول وخرچ اور علم کے استعمال کے بارے میں ایک ایک چیز کے متعلق سوال ہوگا۔

مگر اس موقع پر یہ بات ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ بعض احادیث میں یہ وضاحت آئی ہے کہ امتِ محمدیہ کا ایک بڑا طبقہ جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوگا، اور یہ وہ لوگ ہوں گے، جو نہ تو ٹونا ٹوٹکا کرتے ہیں، اور نہ بدشگونی وبدفالی کا ارتکاب کرتے ہیں، اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔ [1]

اس لیے قیامت کے دن عمر وغیرہ کے متعلق سوال ہونے سے پہلے قدم نہ ٹلنے کا معاملہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا، جن کا حساب وکتاب ہوگا، اور جو لوگ حساب وکتاب کے بغیر جنت میں داخل ہوں، وہ اس طرح کے سوال وجواب سے بری ہوں گے۔ واللّٰہ تعالٰی أعلم۔

اللّٰہ تعالٰی بغیر حساب وکتاب کے جنت میں داخلہ کی سعادت عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] عن ابن عباس: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: يدخل الجنة من أمتي سبعون ألفا بغير حساب، هم الذين لا يسترقون، ولا يتطيرون، وعلى ربهم يتوكلون (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٧٢، كتاب الرقاق، باب:ومن يتوكل على الله فهو حسبه)

عن ابن عباس: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: " يدخل الجنة من أمتي سبعون ألفا بغير حساب "فقلت: من هم؟ فقال: " هم الذين لا يسترقون، ولا يتطيرون، ولا يعتافون، وعلى ربهم يتوكلون "(مسند احمد، رقم الحديث ٢٩٥٢)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

عن عمران بن حصين، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: يدخل الجنة من أمتي سبعون ألفا بغير حساب، قالوا: من هم يا رسول الله؟ قال: هم الذين لا يسترقون، ولا يتطيرون، ولا يكتوون، وعلى ربهم يتوكلون(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢١٨ "٣٧٢" كتاب الإيمان،باب الدليل على دخول طوائف من المسلمين الجنة بغير حساب ولا عذاب)

عن ابن مسعود، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أرى الأمم بالموسم، فراثت عليه أمته، قال: " فأريت أمتي، فأعجبني كثرتهم، قد ملؤوا السهل والجبل، فقيل لي: إن مع هؤلاء سبعون ألفا يدخلون الجنة بغير حساب، هم الذين لا يكتوون، ولا يسترقون، ولا يتطيرون، وعلى ربهم يتوكلون ."فقال عكاشة: يا رسول الله، ادع الله أن يجعلني منهم .فدعا له، ثم قام – يعني آخر – فقال: يا رسول الله، ادع الله أن يجعلني منهم . قال: " سبقك بها عكاشة "(مسند احمد، رقم الحديث ٣٨١٩)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح، وهذا إسناد حسن من أجل عاصم، وهو ابن أبي النجود، وبقية رجاله ثقات رجال الصحيح(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 34)

موت کی تمنا کرنے کی ممانعت کا حکم

اسلام میں خودکشی تو کسی حال میں جائز نہیں، اس کے علاوہ کئی احادیث میں موت کی تمنا کرنے کی ممانعت آئی ہے، اور ساتھ ہی بعض احادیث میں دنیا کی تکلیف ومصیبت و آزمائش کی بناء پر موت کی تمنا کرنے کی ممانعت کا ذکر آیا ہے، جبکہ بعض احادیث میں فتنہ وضلالت میں مبتلا ہونے کے مقابلہ میں موت کی دعاء کرنے کا ذکر آیا ہے۔

اور بعض احادیث وروایات میں اس چیز کا بھی ذکر آیا ہے کہ قیامت کے قریب انسان کسی آدمی کی قبر کے قریب سے گزرتے ہوئے یہ تمنا کرے گا کہ کاش وہ اس کی جگہ ہوتا، اور بعض روایات میں یہ صراحت بھی آئی ہے کہ ایسی تمنا دین داری، یا آخرت کی محبت کی وجہ سے نہیں کرے گا، بلکہ دنیا کے مصائب سے تنگ آ کر کرے گا۔

ان احادیث کے پیشِ نظر محدثین کا فرمانا ہے کہ دنیا کی تکالیف ومصائب سے تنگ آ کر موت کی تمنا، یا دعاء کرنا تو ممنوع ہے، البتہ ضلالت، یا دینی فتنہ میں مبتلا ہونے کے مقابلہ میں موت کی دعاء کرنا جائز ہے، اسی طرح اللہ اور آخرت سے محبت وملاقات کی طلب کی بنیاد پر بھی موت کی تمنا کرنا جائز ہے۔

ذیل میں احادیث وروایات کی روشنی میں اس مسئلہ کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ

الـرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِىْ مَكَانَهٗ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧١١٥، كتاب الفتن، باب: لا تقوم الساعة حتى يغبط أهل القبور)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہ ہوگی، یہاں تک کہ ایک شخص کسی قبر کے پاس سے گزرے گا اور کہے گا کہ کاش میں اس کی جگہ ہوتا (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ عَلَى الْقَبْرِ فَيَتَمَرَّغُ عَلَيْهِ، وَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِىْ كُنْتُ مَكَانَ صَاحِبِ هٰذَا الْقَبْرِ، وَلَيْسَ بِهِ الدِّيْنُ إِلَّا الْبَلَاءُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٧ "٥٤" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی، جب تک یہ حالت پیش نہ آئے کہ آدمی کسی قبر کے قریب سے گزرے گا، تو اس پر لیٹے گا اور کہے گا کہ اے کاش! اس قبر والے کی جگہ میں ہوتا، اور ایسا کرنے کا سبب دین (یعنی آخرت وجنت کا شوق وغیرہ) نہ ہوگا، سوائے (دنیا کی) بلا وآزمائش کے (مسلم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرَّجُلِ، فَيَقُوْلَ: يَا لَيْتَنِىْ مَكَانَهٗ، مَا بِهٖ حُبُّ لِقَاءِ اللّٰهِ

(مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٠٨٦٦) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک آدمی دوسرے شخص کی قبر کے قریب سے گزر کر یہ نہ کہے کہ کاش! میں اس کی جگہ ہوتا، اور وہ یہ اللہ سے ملاقات کی محبت کی وجہ سے نہیں کہے گا (بلکہ دنیا کے مصائب سے تنگ آ کر کہے گا) (مسند احمد)

ابنِ مسعود وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

يَـأْتِـيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَأْتِي الرَّجُلُ الْقَبْرَ فَيَضْطَجِعُ عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِيْ مَكَانَ صَاحِبِهٖ، مَا بِهٖ حُبُّ لِقَاءِ اللّٰهِ إِلَّا لِمَا يَرٰى مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ

(المستدرک علی الصحیحین، رقم الحدیث ۸۴۰۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ ایک آدمی قبر پر آ کر، اس پر لیٹ جائے گا، اور یہ کہے گا کہ کاش! میں اس قبر والے کی جگہ ہوتا، اور یہ اللہ سے ملاقات کی محبت کی وجہ سے نہیں ہوگا، بلکہ (دنیا کی) بلا (ومصائب) کی شدت کی وجہ سے ہوگا (حاکم)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کو امام طبرانی رحمہ اللہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

وَالَّـذِيْ نَـفْـسُ أَبِـيْ هُـرَيْـرَةَ بِيَدِهٖ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى الْعُلَمَاءِ زَمَانٌ الْمَوْتُ

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه.
و قال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

[2] عن أبی الزعراء، عن عبد الله، قال: " یأتی علی الناس زمان یأتی الرجل القبر فیقول: یا لیتنی مکان صاحبه، ما به حب لقاء الله ولکن مما یراه من البلاء "(المعجم الکبیر للطبرانی، ج۹ ص ۳۵۲، رقم الحدیث ۹۷۴۹)

أَحَبُّ إِلٰی أَحَدِهِمْ مِنَ الذَّهَبِ الْأَحْمَرِ، لَيَأْتِيَنَّ أَحَدُكُمْ قَبْرَ أَخِيهِ فَيَقُولُ: لَيْتَنِي مَكَانَهُ (المستدرک علی الصحیحین، رقم الحدیث ۸۵۸۱، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں ابوہریرہ کی جان ہے کہ علماء پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ ان کو موت، خالص سونے سے زیادہ محبوب ہوگی (اس زمانہ میں) تم میں سے ایک آدمی اپنے بھائی کی قبر پر آئے گا، پھر یہ کہے گا کہ کاش میں اس کی جگہ پر ہوتا (حاکم)

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ قول مروی ہے کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ اگر موت کو قیمت دے کر خریدا جاسکتا، تو اس کو آدمی خریدنے کے لیے تیار ہو جاتا۔ [2]

مذکورہ احادیث و روایات سے معلوم ہوا کہ قیامت کے قریب انسان دنیا کے فتنوں اور آزمائشوں سے تنگ آ کر صاحبِ قبر کی جگہ ہونے کی تمنا کرے گا، اور موت اگر قیمتاً ملتی، تو اس کو قیمتاً خریدنے کے لیے آمادہ ہو جائے گا، اور بعض روایات میں یہ صراحت بھی ہے کہ ایسا دین داری اور پرہیز گاری کی وجہ سے نہیں ہوگا، بلکہ دنیا کی تکالیف و آزمائش اور مصائب و آلام کی وجہ سے ہوگا۔

قیامت کے قریب فتنے وفسادات بہت کثرت سے رونما ہوں گے، جن سے تنگ آ کر بہت سے لوگ موت کی تمنا کریں گے، جبکہ دنیا کے مصائب سے تنگ آ کر موت کی تمنا کرنا جائز نہیں، البتہ آخرت کے شوق کا معاملہ الگ ہے، جس کی تفصیل آگے آتی ہے۔

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه.
و قال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

[2] حدثنا ابن عفان، قال: حدثنا أحمد قال: حدثنا سعید، قال: حدثنا نصر، قال: حدثنا علی، قال: حدثنا إسحاق بن أبی یحیی الكعبی، عن شریک، عن عبد الله بن یزید، قال: سمعت ابن زیاد، یقول: سمعت ابن مسعود، یقول: لیأتین علی الناس زمان لو وجد فیه الرجل الموت یباع بثمن لاشتراه (السنن الواردة فی الفتن للدانی، ج۳ص ۵۴۲، رقم الحدیث ۲۳۰ ،باب ما جاء فی شدة الزمان وفساد الدین)

خباب وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے کہ:

دَخَلْنَا عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ فِي بَطْنِهِ، فَقَالَ: لَوْ مَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ، لَدَعَوْتُ بِهِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٨١"١٢" كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب تمنى كراهة الموت، لضر نزل به)

ترجمہ: ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، اس حال میں کہ ان کے پیٹ میں (بیماری کی وجہ سے) سات داغ لگائے گئے تھے، انہوں نے فرمایا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں موت کی دعاء کرنے سے منع نہ کیا ہوتا، تو میں (تکلیف و بیماری سے نجات کی خاطر اپنے لیے) موت کی دعاء کرتا (مسلم)

حضرت حارثہ سے روایت ہے کہ:

أَتَيْنَا خَبَّابًا، نَعُودُهُ، فَقَالَ: لَوْلَا أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢١٠٥٤)[1]

ترجمہ: ہم حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کی عیادت (و بیمار پرسی) کے لیے حاضر ہوئے، تو انہوں نے فرمایا کہ اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے، تو میں موت کی تمنا کرتا (مسند احمد)

پہلے زمانہ میں بعض بیماریوں کے علاج کے لیے لوہا وغیرہ آگ پر تپا کر جسم کو داغ لگایا جاتا تھا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

حضرت خباب رضی اللہ عنہ ایسی ہی شدید بیماری کی تکلیف میں مبتلا تھے کہ جس کی وجہ سے پیٹ میں سات داغ لگائے گئے، اس طرح کی تکلیف میں بسا اوقات انسان طبعی طور پر موت کو ترجیح دیتا ہے، لیکن حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے اس شدید تکلیف میں بھی موت کی دعاء کرنے اور موت کو طلب کرنے کو اس لیے پسند نہیں فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کی تمنا کرنے سے منع فرمایا ہے۔

بعض احادیث میں اس بات کی بھی صراحت آئی ہے کہ موت کی تمنا کرنے کی ممانعت اس وقت ہے، جبکہ دنیا کی تکلیف سے تنگ آ کر موت کی تمنا کی جائے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ إِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ يَزْدَادُ، وَإِمَّا مُسِيئًا فَلَعَلَّهُ يَسْتَعْتِبُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۲۳۵، كتاب التمنی، باب ما يكره من التمنی)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے، کیونکہ اگر وہ نیک ہے، تو ہوسکتا ہے کہ (مزید زندہ رہنے اور نیک اعمال کرنے سے) اس کی نیکیوں میں اضافہ ہوجائے، اور اگر وہ گناہ گار ہے، تو ہوسکتا ہے کہ (توبہ و نیک اعمال وغیرہ کرکے) اللہ کی ناراضگی کو دور کرلے (بخاری)

فائدہ: زندگی، اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاصل اور ختم ہوتی ہے، لہٰذا جو زندگی، اللہ تعالیٰ نے مرحمت فرمائی ہے، اس کے زوال واختتام کی تمنا وخواہش ایک طرح سے اللہ تعالیٰ کے فیصلہ سے راضی نہ ہونے کی علامت ہوئی، نیز اللہ تعالیٰ کو راضی وناراض کرنے کا اختیار اسی زندگی میں حاصل ہوتا ہے، اس لیے مصائب سے تنگ آ کر موت کی تمنا کرنے کے بجائے نیکیوں کا ذخیرہ بڑھانا چاہیے، اور اگر گناہ گار ہے، تو پھر توبہ واستغفار کرکے اللہ کی ناراضگی کو دور اور رضا کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

لہٰذا اس اعتبار سے لمبی زندگی خیر کا باعث ہوئی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ، وَلَا يَدْعُ بِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَهُ، إِنَّهُ إِذَا مَاتَ أَحَدُكُمُ انْقَطَعَ عَمَلُهُ، وَإِنَّهُ لَا يَزِيْدُ الْمُؤْمِنَ عُمُرُهُ إِلَّا خَيْرًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٦٨٢ "١٣" كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب تمنى كراهة الموت، لضر نزل به)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی موت کی تمنا نہ کرے، اور نہ (اللہ کی طرف سے) موت کے آنے سے پہلے موت کی دعاء کرے، کیونکہ جب انسان مرجاتا ہے، تو اس کے عمل کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے، اور مومن کی عمر زیادہ ہونے سے خیر ہی میں اضافہ ہوتا ہے (مسلم)

مطلب یہی ہے کہ آخرت کے لیے عمل کرنے کا اصل زمانہ دنیا کی زندگی کا ہی ہے، اس لیے اس موقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہیے، اور مومن کی شان یہ ہے کہ وہ ایمان کی حالت میں زندگی گزارتا ہے، اور ساتھ ہی ممکنہ حد تک نیک اعمال کو اختیار کرنے اور گناہوں سے بچنے اور توبہ واستغفار کا اہتمام اور مصائب پر صبر کرتا ہے، اور یہ چیزیں خیر وبرکت کا باعث ہیں، پھر مومن کو مصائب سے تنگ آ کر موت کی خواہش وتمنا کرنے کا کیا مطلب؟

جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمَنَّوُا الْمَوْتَ، فَإِنَّ هَوْلَ الْمَطْلَعِ شَدِيْدٌ، وَإِنَّ مِنَ السَّعَادَةِ أَنْ يَّطُوْلَ عُمُرُ الْعَبْدِ، وَيَرْزُقَهُ اللّٰهُ

الْإِنَابَةَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۴۵۶۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم موت کی تمنا نہ کرو، کیونکہ قیامت کی ہولنا کی بہت سخت ہے اور انسان کی سعادت وخوش نصیبی یہ ہے کہ بندے کی عمر لمبی ہو، اور اللہ اسے اپنی طرف رجوع کی توفیق عطاء فرمائے (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ عام طور پر انسان دنیا کے مصائب وتکالیف کو بڑی چیز سمجھ کر اور ان سے نجات پانے کی خاطر، موت کی تمنا کرتا ہے، لیکن وہ اس چیز سے غفلت اختیار کرتا ہے کہ قیامت کی ہولنا کی، دنیا کے تمام مصائب وتکالیف سے زیادہ شدید ہے، اس لیے موت کے ذریعہ ہولنا کی کا خاتمہ سمجھ لینا درست نہیں، اور اس سلسلہ میں اصل سعادت ونیک بختی یہ ہے کہ لمبی عمر حاصل ہو، جس میں اسے نیک اعمال اور توبہ واستغفار کر کے اللہ کی طرف رجوع کرنے کی توفیق حاصل ہو۔

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهُ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا، فَلْيَقُلْ: اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۶۷۱، كتاب المرضى، باب تمنى المريض الموت)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا اس مصیبت کے وجہ سے نہ کرے، جو اسے پہنچی ہے، اور اگر ایسا کرنا ضروری ہی سمجھے، تو یہ کہے کہ اے اللہ! جب تک میرا زندہ رہنا میرے لئے بہتر ہو، اس وقت تک

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد محتمل للتحسين (حاشية مسند احمد)

مجھے زندہ رکھ اور جب مرجانا میرے لئے بہتر ہو، تو مجھے موت دے دے (بخاری)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَمَنّٰى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: "اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِيْ وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِيْ وَأَفْضَلُ" (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٢٩٦٦، كتاب الجنائز، باب المريض وما يتعلق به) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی دنیا میں نازل شدہ تکلیف کی وجہ سے موت کی تمنا نہ کرے، البتہ (ایسے موقع پر) یہ دعاء کرے کہ یا اللہ! مجھے اس وقت تک زندہ رکھیے، جب تک زندگی میں میرے لیے خیر ہو، اور مجھے اس وقت وفات دے دیجیے، جب میرے لیے وفات میں خیر اور فضیلت ہو (ابنِ حبان)

انس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْعُوَنَّ أَحَدُكُمْ بِالْمَوْتِ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهٖ، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: "اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِيْ" (سنن أبی داود، رقم الحديث ٣١٠٨، كتاب الجنائز، باب كراهية تمنى الموت) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کسی پر کوئی "بلا" نازل ہو جائے، تو وہ موت کی تمنا ہرگز نہ کرے، بلکہ یہ کہے کہ اے اللہ! جب تک میرے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوی علی شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داوٗد)

www.idaraghufran.org

لیے حیات بہتر ہو، تو اس وقت مجھے زندہ رکھیے، اور جب میرے لیے وفات بہتر ہو، تو اس وقت مجھے وفات دے دیجیے (سنن ابی داؤد)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ کی حدیث کو تھوڑے بہت الفاظ کے فرق کے ساتھ، ابنِ حبان نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ دنیا کی تکلیف سے تنگ آ کر موت کی تمنا کرنا جائز نہیں۔

البتہ اگر دنیا میں آزمائش کی شدت و تکالیف وغیرہ کی وجہ سے کسی کو موت کا زیادہ ہی تقاضا ہو، تو مذکورہ احادیث میں اس کو پورا کرنے کا طریقہ یہ بتلایا گیا ہے کہ موت کی تمنا کرنے کے بجائے یہ دعاء کرنی چاہیے کہ:

اے اللہ! جب تک میرے زندہ رہنے میں خیر ہو، اس وقت تک مجھے زندہ رکھیے، اور جب میرے فوت ہونے میں خیر ہو، اس وقت مجھے وفات دیجیے۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اصل زندگی آخرت کی زندگی ہے، دنیا کی زندگی، عارضی اور وقتی ہے۔

لہٰذا اس عارضی زندگی سے اس حال میں رخصت ہو جانا کہ اس کی وجہ سے آخرت کی اصلی اور دائمی زندگی درست ہو جائے، یہ ہزار درجہ بہتر ہے، خواہ دنیا کی زندگی مختصر کیوں نہ حاصل ہو۔

اور اس کے برعکس دنیا کی لمبی زندگی کا حاصل ہونا کسی کام کا نہیں۔

اس طرح کی بعض دعاؤں کا دوسری احادیث میں بھی ذکر آیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: "اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ، وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ،

---

[1] عن عبد العزيز بن صهيب، أنه سمع أنس بن مالك يحدث، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، أنه قال: لا يتمنين أحدكم الموت لضر نزل به، فإن كان لا بد فاعلا فليقل: أحيني ما كانت الحياة خيرا لي، وتوفني إذا كانت الوفاة خيرا لي(صحيح ابن حبان،رقم الحديث ٩٦٨، تابع لكتاب الرقائق، باب الأدعية)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح، على شرط الشيخين(حاشية صحيح ابنِ حبان)

وَأَصۡلِحۡ لِیۡ آخِرَتِیَ الَّتِیۡ فِیۡهَا مَعَادِیۡ، وَاجۡعَلِ الۡحَیَاةَ زِیَادَةً لِّیۡ فِیۡ کُلِّ خَیۡرٍ، وَاجۡعَلِ الۡمَوۡتَ رَاحَةً لِّیۡ مِنۡ کُلِّ شَرٍّ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۷۲۰ "۷۱" کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب التعوذ من شر ما عمل، ومن شر ما لم یعمل)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ میرے دین کو درست فرمادیجیے، جو میرے معاملات کا محافظ ہے، اور میری دنیا کو درست فرمادیجیے، جس میں میری معاش ہے، اور میری آخرت کو درست فرمادیجیے، جس میں مجھے لوٹنا ہے، اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں میرے لئے زیادتی کا باعث بنا دیجیے، اور موت کو میرے لئے ہر شر سے راحت کا ذریعہ بنا دیجیے (مسلم)

معلوم ہوا کہ آخرت ہی ہر انسان کا ''معاد'' یعنی ''لوٹنے کی جگہ'' ہے، اس تک پہنچنے کے لیے موت کے شر سے حفاظت طلب کرنی چاہیے۔

بعض احادیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دعاء بھی مروی ہے کہ:

" وَإِذَا أَرَدۡتَ فِتۡنَةً فِیۡ قَوۡمٍ فَتَوَفَّنِیۡ غَیۡرَ مَفۡتُوۡنٍ"

''اور اے اللہ! جب آپ کسی قوم کو فتنہ میں مبتلا کرنا چاہیں، تو مجھے فتنہ میں مبتلا کیے بغیر وفات دے دیجیے'' [1]

---

[1] عن معاذ بن جبل قال: احتبس عنا رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات غداة من صلاة الصبح حتى كدنا نتراءى عين الشمس، فخرج سريعا فثوب بالصلاة، فصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وتجوز فى صلاته، فلما سلم دعا بصوته فقال لنا: على مصافكم كما أنتم ثم انفتل إلينا فقال " :أما إنى سأحدثكم ما حبسنى عنكم الغداة: أنى قمت من الليل فتوضأت فصليت ما قدر لى فنعست فى صلاتى فاستثقلت، فإذا أنا بربى تبارك وتعالى فى أحسن صورة، فقال: يا محمد قلت: لبيك رب، قال: فيم يختصم الملأ الأعلى؟ قلت: لا أدرى رب، قالها ثلاثا "قال " :فرأيته وضع كفه بين كتفى حتى وجدت برد أنامله بين ثديى، فتجلى لى كل شىء وعرفت، فقال: يا محمد، قلت: لبيك رب، قال: فيم يختصم الملأ الأعلى؟ قلت: فى الكفارات، قال: ما هن؟ قلت:

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

مذکورہ حدیث میں فتنہ سے مراد گمراہی، یا عذاب میں مبتلا ہونا ہے، اور اس طرح کے فتنہ میں مبتلا ہونے سے بہتر موت کا واقع ہونا ہے، جیسا کہ گزرا۔

بعض دیگر روایات سے بھی اس مضمون کی تائید ہوتی ہے کہ فتنہ وضلالت میں مبتلا ہونے سے بہتر موت کا واقع ہوجانا ہے، کیونکہ اس طرح کا فتنہ وضلالت درحقیقت آخرت کے لیے مُضر ہے۔

عبس غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت علیم سے روایت ہے کہ:

كُنَّا جُلُوسًا عَلٰى سَطْحٍ ،مَعَنَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ يَزِيدُ:لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَبْسًا الْغِفَارِيَّ، وَالنَّاسُ يَخْرُجُونَ فِي الطَّاعُونِ، فَقَالَ عَبْسٌ:يَا طَاعُونُ خُذْنِيْ، ثَلَاثًا يَقُوْلُهَا،

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

مشى الأقدام إلى الجماعات، والجلوس فى المساجد بعد الصلوات، وإسباغ الوضوء فى المكروهات، قال :ثم فيم؟ قلت :إطعام الطعام، ولين الكلام، والصلاة بالليل والناس نيام .قال :سل .قلت :اللهم إنى أسألك فعل الخيرات، وترك المنكرات، وحب المساكين، وأن تغفر لى وترحمنى، وإذا أردت فتنة فى قوم فتوفنى غير مفتون، وأسألك حبك وحب من يحبك، وحب عمل يقرب إلى حبك "، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :إنها حق فادرسوها ثم تعلموها .

هذا حديث حسن صحيح سألت محمد بن إسماعيل، عن هذا الحديث، فقال :هذا حديث حسن صحيح .هذا أصح من حديث الوليد بن مسلم، عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر قال :حدثنا خالد بن اللجلاج قال :حدثنى عبد الرحمن بن عائش الحضرمى، قال :سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر الحديث " .وهذا غير محفوظ . هكذا ذكر الوليد، فى حديثه عن عبد الرحمن بن عائش، قال :سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم .وروى بشر بن بكر، عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر، هذا الحديث بهذا الإسناد عن عبد الرحمن بن عائش، عن النبى صلى الله عليه وسلم وهذا أصح، وعبد الرحمن بن عائش لم يسمع من النبى صلى الله عليه وسلم "(سنن الترمذى، رقم الحديث ٣٢٣٥، ابواب تفسير القرآن،باب: ومن سورة ص)

فَقَالَ لَهُ عُلَيْمٌ: لِمَ تَقُولُ هٰذَا؟أَلَمْ يَقُلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَمَنَّى أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ فَإِنَّهُ عِنْدَ انْقِطَاعِ عَمَلِهِ، وَلَا يُرَدُّ فَيُسْتَعْتَبَ،فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بَادِرُوا بِالْمَوْتِ سِتًّا: إِمْرَةَ السُّفَهَاءِ، وَكَثْرَةَ الشُّرَطِ، وَبَيْعَ الْحُكْمِ، وَاسْتِخْفَافًا بِالدَّمِ، وَقَطِيعَةَ الرَّحِمِ، وَنَشْوًا يَتَّخِذُونَ الْقُرْآنَ مَزَامِيرَ يُقَدِّمُونَهُ يُغَنِّيهِمْ، وَإِنْ كَانَ أَقَلَّ مِنْهُمْ فِقْهًا (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٦٠٤٠) [1]

ترجمہ: ایک مرتبہ ہم کسی چھت پر بیٹھے ہوئے تھے، ہمارے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی بھی تھے، یزید (راوی) کہتے ہیں کہ وہ صحابی حضرت عبس غفاری رضی اللہ عنہ تھے،اور لوگ اس وقت اس علاقہ سے طاعون کی وجہ سے نکل رہے تھے، حضرت عبس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے طاعون! تو مجھے اپنی گرفت میں لے لے، یہ جملہ انہوں نے تین مرتبہ دہرایا، تو ان سے حضرت علیم نے کہا کہ آپ ایسی باتیں کیوں کررہے ہیں، کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص موت کی تمنا نہ کرے، کیونکہ موت سے اعمال منقطع ہوجاتے ہیں، ہوسکتا ہے کہ زندگی ملنے پر اسے توبہ کی توفیق مل جائے؟ تو حضرت عبس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ چھ چیزوں سے پہلے موت پر سبقت کرو (یعنی ان چیزوں کے ایجاد ہونے سے پہلے موت بہتر ہے) ایک تو بیوقوفوں کی حکومت سے، دوسرے پولیس کی کثرت سے، تیسرے فیصلوں کی خرید وفروخت سے، چوتھے خون (بہانے) کو ہلکا سمجھنے سے، پانچویں قطع رحمی سے، چھٹے ایسی (نوخیز) نسل کے لوگوں سے، جو

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

قرآن کو گانا بنائیں گے، گانے والے کو اپنے آگے کریں گے، اگر چہ یہ (قرآن کو گانے والا) ان میں دین کی سمجھ کے اعتبار سے کم ترین ہوگا (مسند احمد)

عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت شداد ابی عمار شامی سے روایت ہے کہ:

قَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِکٍ: یَا طَاعُوْنُ خُذْنِیْ إِلَیْکَ قَالَ: فَقَالُوْا: أَلَیْسَ قَدْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: مَا عَمَّرَ الْمُسْلِمُ کَانَ خَیْرًا لَّہٗ؟ قَالَ: بَلٰی وَلٰکِنِّیْ أَخَافُ سِتًّا إِمَارَۃَ السُّفَھَاءِ، وَبَیْعَ الْحُکْمِ، وَکَثْرَۃَ الشُّرَطِ، وَقَطِیْعَۃَ الرَّحِمِ، وَنَشْءً یَنْشَئُوْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْقُرْآنَ مَزَامِیْرَ، وَسَفْکَ الدَّمِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث، رقم الحدیث ۲۳۹۷۰)[1]

ترجمہ: حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے طاعون! مجھے اپنی طرف پکڑ لے، لوگوں نے عرض کیا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نہیں سنا کہ مسلم کو جتنی عمر بھی دی جاتی ہے، اس میں اس کے لیے بہترائی ہوتی ہے؟ تو حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جی ہاں! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنا ہے، لیکن میں چھ چیزوں کا خوف رکھتا ہوں، ایک تو بے وقوفوں کی حکومت کا، دوسرے فیصلوں کی خرید وفروخت کا، تیسرے پولیس کی کثرت کا، چوتھے قطع رحمی کا، پانچویں ایسی (نوخیز) نسل کے لوگوں کا جو قرآن کو گانا بنائیں گے، اور چھٹے خونریزی عام ہونے کا (مسند احمد)

اس طرح کی احادیث وروایات سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے فتنوں میں مبتلا ہونے سے

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ، وھذا إسناد ضعیف (حاشیۃ مسند احمد)

موت کا آ جانا بہتر ہے، جس سے مراد وہ فتنے ہیں، جن میں مبتلا ہونے سے انسان کی آخرت کو نقصان پہنچے۔

پس اگر کوئی ایسے فتنوں سے بچنے کے لیے موت کی تمنا کرے، جو انسان کی آخرت کے لیے نقصان دہ ہیں، تو پھر موت کی تمنا کرنا، کیونکہ دنیا کی تکلیف سے تنگ آ کر نہیں ہے، بلکہ درحقیقت آخرت کی محبت ہی کے لیے ہے، اس لیے اس میں گناہ نہیں۔

پس اگر کوئی مومن بندہ اللہ سے ملاقات کی محبت اور آخرت کی نعمتوں کے حصول کے طلب کے جذبہ میں موت کی خواہش وتمنا کرے، یا شہادت حاصل ہونے، یا مدینہ منورہ میں وفات کی دعاء کرے اور ایسا کرنا دنیا کے مصائب وتکالیف سے تنگ آ کر نہ ہو، تو جائز ہے۔

عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت اسلم سے روایت ہے کہ:

عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ، وَاجْعَلْ مَوْتِيْ فِيْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ١٨٩٠، كتاب الحج، فضائل المدينة، باب بلا ترجمة بعد باب كراهية النبى صلى الله عليه وسلم أن تعرى المدينة)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ دعاء فرمائی کہ اے اللہ! مجھے اپنے راستے میں شہادت کی نعمت عطاء فرمایئے، اور مجھے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر (یعنی مدینہ منورہ) میں وفات دیجیے (بخاری)

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے سے محبت اور آخرت کی رغبت اور اس کا شوق وذوق عطاء فرمائے۔ آمین۔

(فصل نمبر35)

خودکشی کرنے کا وبال

انسان کو جو زندگی کی نعمت ودولت حاصل ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کے پاس امانت ہے، اور اسی نعمت ودولت سے فائدہ اٹھا کر، انسان، جنت اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کر سکتا ہے، اس کے بغیر کچھ بھی نہیں کر سکتا، اس لیے اس نعمت ودولت اور امانتِ الٰہی کا صحیح صحیح استعمال ضروری ہے، اور اس میں خیانت جائز نہیں۔

زندگی کی نعمت ودولت میں ایک بڑی خیانت یہ ہے کہ اس کو غیر مصرف میں ضائع کیا جائے، اسی لیے اسلام میں خودکشی کرنے کی سخت ممانعت ہے، اور اس پر احادیث میں بڑی سخت وعیدیں آئی ہیں، اس سلسلے میں چند احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ عُذِّبَ بِهِ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ١٣٦٣، كتاب الجنائز، باب ما جاء فى قاتل النفس)

ترجمہ: اور جس نے اپنے آپ کو لوہے سے قتل کیا، تو اس کو اسی لوہے سے جہنم کی آگ میں عذاب دیا جائے گا (بخاری)

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١١٠ ''١٧٦'' كتاب الإيمان، باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه وأن من قتل نفسه بشيء عذب به فى النار وأنه لا يدخل الجنة إلا نفس مسلمة)

ترجمہ: اور جس نے اپنے آپ کو کسی چیز سے قتل کیا، تو اس کو قیامت کے دن اسی چیز کے ذریعے، عذاب ہوگا (مسلم)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص دنیا میں کسی طرح سے خودکشی کا ارتکاب کرے گا، تو اس کو آخرت میں اسی طرح سے عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَدّٰی مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ، فَهُوَ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ یَتَرَدّٰی فِیْهِ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا، وَمَنْ تَحَسّٰی سُمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهٗ، فَسُمُّهٗ فِیْ یَدِهٖ یَتَحَسَّاهُ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِحَدِیْدَةٍ، فَحَدِیْدَتُهٗ فِیْ یَدِهٖ یَجَأُ بِهَا فِیْ بَطْنِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا أَبَدًا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۷۷۸، کتاب الطب، باب شرب السم والدواء به وبما یخاف منه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے آپ کو پہاڑ سے گرا کر قتل کیا، تو وہ جہنم کی آگ میں پہاڑ سے یوں ہی گرتا رہے گا، ہمیشہ ہمیش، اس عذاب میں مبتلا رہے گا، اور جس نے زہر پی کر اپنے آپ کو قتل کیا، تو وہ جہنم کی آگ میں اس زہر کو پیتا رہے گا، ہمیشہ ہمیش اس عذاب میں مبتلا رہے گا، اور جس نے اپنے آپ کو لوہے (مثلاً چاقو، چھری، بلیڈ، تیر، تلوار، بندوق کی گولی وغیرہ) سے قتل کیا، تو وہ لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا، اور وہ اس لوہے کو جہنم کی آگ میں اپنے پیٹ میں گھونپتا رہے گا، ہمیشہ ہمیش اس عذاب میں مبتلا رہے گا (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِحَدِیْدَةٍ

فَحَدِيْدَتُهُ فِيْ يَدِهٖ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِيْ بَطْنِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا، وَمَنْ شَرِبَ سُمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ يَتَحَسَّاهُ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا، وَمَنْ تَرَدّٰى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ يَتَرَدّٰى فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٩ "١٧٥" كتاب الإيمان، باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه وأن من قتل نفسه بشيء عذب به فى النار وأنه لا يدخل الجنة إلا نفس مسلمة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے آپ کو لوہے سے قتل کیا، تو وہ لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا، اور اس لوہے سے جہنم کی آگ میں اپنے پیٹ کو ہمیشہ ہمیش زخمی کرتا رہے گا، اور جس نے زہر پی کر اپنے آپ کو قتل کیا، تو وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیش اس کو پیتا رہے گا، اور جس نے اپنے آپ کو پہاڑ سے گرا کر قتل کیا، تو وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیش اپنے آپ کو اسی طرح گرا کر عذاب دیتا رہے گا (مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ خَنَقَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا فَقَتَلَهَا، خَنَقَ نَفْسَهُ فِي النَّارِ، وَمَنْ طَعَنَ نَفْسَهُ طَعَنَهَا فِي النَّارِ، وَمَنِ اقْتَحَمَ فَقَتَلَ نَفْسَهُ، اِقْتَحَمَ فِي النَّارِ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٥٩٨٧، كتاب الجنايات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے دنیا میں اپنا گلا گھونٹ کر اپنے آپ کو قتل کیا، تو وہ اپنے آپ کا جہنم میں گلا گھونٹتا رہے گا، اور جس نے اپنے آپ کو زخمی کیا، تو وہ اپنے آپ کو جہنم میں زخمی کرتا رہے گا، اور جس نے اپنے آپ کو گرا کر قتل کیا، تو وہ جہنم میں اسی طرح گرتا رہے گا (ابنِ حبان)

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

مذکورہ احادیث وروایات سے خودکشی کرنے کا سخت عذاب معلوم ہوا کہ وہ جہنم میں اسی طرح کے عذاب میں عرصۂ دراز اور برس ہا برس تک مبتلا رہے گا۔

اور اگر کسی نے خودکشی کو حلال وجائز سمجھ کر کیا، تو وہ کافر ہونے کی وجہ سے کبھی بھی اس عذاب اور جہنم سے ہرگز نہ نکلے گا۔ اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى رَجُلٍ يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِيْنَ، وَكَانَ مِنْ أَعْظَمِ الْمُسْلِمِيْنَ غَنَاءً عَنْهُمْ، فَقَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَّنْظُرَ إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَلْيَنْظُرْ إِلٰى هٰذَا فَتَبِعَهُ رَجُلٌ، فَلَمْ يَزَلْ عَلٰى ذٰلِكَ حَتّٰى جُرِحَ، فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ، فَقَالَ بِذُبَابَةِ سَيْفِهٖ فَوَضَعَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ، فَتَحَامَلَ عَلَيْهِ حَتّٰى خَرَجَ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ، فِيْمَا يَرَى النَّاسُ، عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهٗ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَيَعْمَلُ فِيْمَا يَرَى النَّاسُ، عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ وَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِخَوَاتِيْمِهَا (صحيح البخارى، رقم الحديث ٦٤٩٣، كتاب الرقاق، باب: الأعمال بالخواتيم وما يخاف منها)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا، جو مشرکین سے قتال کر رہا تھا، اور مسلمانوں کی طرف سے بہت شدت کے ساتھ جنگ کر رہا تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی جہنم والے آدمی کو دیکھنا چاہتا ہے، تو اس کو دیکھ لے، تو مسلمانوں میں سے ایک شخص اس آدمی کے پیچھے ہوگیا (تاکہ اس کے جہنمی ہونے کے عمل کو دیکھ سکے) وہ آدمی مشرکوں سے برابر جنگ کرتا رہا، یہاں تک کہ وہ زخمی

ہو گیا، پھر اس نے جلدی مرنا چاہا، تو اس نے اپنی تلوار کی دھار کو سیدھا کر کے اپنے سینے کے درمیان رکھا، پھر اس پر اپنا وزن ڈال دیا، یہاں تک کہ وہ تلوار اس کے مونڈھوں کے درمیان سے نکل گئی (اور اس کا کام تمام ہو گیا) پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک بندہ کوئی عمل کرتا رہتا ہے، لوگ اس کو جنت والوں کا عمل سمجھتے ہیں، حالانکہ وہ جہنم والوں میں سے ہوتا ہے، اور بندہ کوئی عمل کرتا رہتا ہے، لوگ اس کو جہنم والوں کا عمل سمجھتے ہیں، حالانکہ وہ جنت والوں میں سے ہوتا ہے، اور بس اعمال کا دارومدار خاتموں پر ہے (بخاری)

فائدہ: جہاد کا عمل، بڑا مبارک عمل ہے، لیکن بالآخر اس شخص نے خودکشی کر کے اپنے اس عمل کے اجر و ثواب کو ضائع کر دیا۔

خودکشی کرنے والے کا اپنا آخری عمل، چونکہ خودکشی کا عمل ہوتا ہے، اور اسی عمل پر اس کا خاتمہ ہوتا ہے، اور یہ سخت ترین گناہ ہے، اس لیے اس کا وبال بھی بڑا سخت ہے۔

جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَتَلَ نَفْسَهُ بِمَشَاقِصَ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٩٧٨ "١٠٧" كتاب الجنائز، باب ترك الصلاة على القاتل نفسه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک آدمی کو لایا گیا، جس نے اپنے آپ کو تیر سے قتل کیا تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی (مسلم)

اور حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَنَّ رَجُلًا قَتَلَ نَفْسَهُ بِمَشَاقِصَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ: أَمَّا أَنَا فَلَا أُصَلِّي عَلَيْهِ (سنن النسائی، رقم الحدیث ۱۹۶۴، کتاب الجنائز، باب ترک الصلاة علی من قتل نفسه)

ترجمہ: ایک آدمی نے اپنے آپ کو تیر سے قتل کرلیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تو اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھوں گا (نسائی)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُخْبِرَ أَنَّ رَجُلًا قَتَلَ نَفْسَهُ، قَالَ: إِذَنْ لَا أُصَلِّيَ عَلَيْهِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۰۸۴۸) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی خبر دی گئی کہ ایک آدمی نے خودکشی کر کے اپنے آپ کو قتل کرلیا ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس صورت میں، میں تو اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھوں گا (مسند احمد)

مذکورہ احادیث وروایات سے خودکشی کرنے والے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی ظاہر ہوتی ہے کہ آپ نے ایسے شخص کی نمازِ جنازہ تک پڑھنے کو گوارا نہیں فرمایا۔

بہرحال مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ اسلام میں خودکشی کرنے کی اجازت نہیں، اور یہ فعل سخت حرام اور شرک کے بعد کبیرہ ترین گناہوں میں سے ہے۔ [2]

احادیث وروایات میں خودکشی کرنے والے کے لیے سخت ترین اور طویل ترین عذاب کا ذکر آیا ہے، لیکن چونکہ اگر کوئی مسلم ومومن ہو، تو اس سے اس کا ایمان ختم نہیں ہوتا، اس لیے خودکشی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن من أجل سماك (حاشية مسند احمد)

[2] الانتحار حرام بالاتفاق، ويعتبر من أكبر الكبائر بعد الشرك بالله. قال الله تعالى (ولا تقتلوا النفس التي حرم الله إلا بالحق) وقال (ولا تقتلوا أنفسكم إن الله كان بكم رحيما) وقد قرر الفقهاء أن المنتحر أعظم وزرا من قاتل غيره، وهو فاسق وباغ على نفسه، حتى قال بعضهم: لا يغسل ولا يصلى عليه كالبغاة، وقيل: لا تقبل توبته تغليظا عليه.

كما أن ظاهر بعض الأحاديث يدل على خلوده في النار. منها قوله من تردى من جبل فقتل نفسه فهو في نار جهنم يتردى فيها خالدا مخلدا فيها أبدا (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٦ ص ٢٨٣، ٢٨٤، مادة "انتحار" حرف الألف)

کرنے والا کافر شمار نہیں ہوگا، اور اس لیے اس پر مسلمانوں والے احکام جاری ہوں گے۔

البتہ اگر اس نے اپنے عقیدے سے اس گناہ کو حلال سمجھ کر اختیار کیا ہو، تو پھر وہ عنداللہ کافر شمار ہوگا، اور دل کا حال، عام طور پر معلوم نہیں ہوا کرتا، اس لیے ہمیں ایسے شخص کو، اگر وہ پہلے سے مسلمان ہو، مسلمان ہی سمجھنا چاہیے۔

اکثر فقہائے کرام کے نزدیک، خودکشی کرنے والے کے وارثوں کے لیے کوئی دیت، اس کے عاقلہ وغیرہ پر واجب نہیں، البتہ بعض حضرات، خودکشی کرنے والے کی دیت واجب ہونے کے قائل ہیں۔

اور بعض فقہائے کرام خودکشی کرنے والے کے متروکہ مال میں سے کفارہ واجب ہونے کے قائل ہیں۔ [1]

---

[1] ثانیا: جزاء المنتحر:

لا خلاف بين الفقهاء في أنه إذا لم يمت من حاول الانتحار عوقب على محاولته الانتحار، لأنه أقدم على قتل النفس الذي يعتبر من الكبائر .

كذلك لا دية عليه سواء أكان الانتحار عمدا أم خطأ عند جمهور الفقهاء (الحنفية والمالكية والشافعية، ورواية عن الحنابلة) لأن العقوبة تسقط بالموت، ولأن عامر بن الأكوع بارز مرحبا يوم خيبر، فرجع سيفه على نفسه فمات ولم يبلغنا أن النبي صلى الله عليه وسلم قضى فيه بدية ولا غيرها، ولو وجبت لبينه النبي صلى الله عليه وسلم ولأنه جنى على نفسه فلم يضمنه غيره، ولأن وجوب الدية على العاقلة في الخطأ إنما كان مواساة للجاني وتخفيفا عنه، وليس على الجاني هاهنا شيء يحتاج إلى الإعانة والمواساة، فلا وجه لإيجابه .

وفي رواية عند الحنابلة أن على عاقلة المنتحر خطأ ديته لورثته، وبه قال الأوزاعي وإسحاق، لأنها جناية خطأ، فكان عقلها (ديتها) على عاقلته كما لو قتل غيره.

فعلى هذه الرواية إن كانت العاقلة الورثة لم يجب شيء، لأنه لا يجب للإنسان شيء على نفسه، وإن كان بعضهم وارثا سقط عنه ما يقابل نصيبه، وعليه ما زاد على نصيبه، وله ما بقي إن كان نصيبه من الدين أكثر من الواجب عليه .

اختلفوا في وجوب الكفارة، فقال الشافعية في وجه – وهو رأي الحنابلة في قتل الخطأ – تلزم الكفارة من سوى الحربي مميزا كان أم لا، بقتل كل آدمي من مسلم – ولو في دار الحرب – وذمي وجنين وعبد ونفسه عمدا أو خطأ .

هكذا عمموا في وجوب الكفارة، وتخرج من تركة المنتحر في العمد والخطأ.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

خودکشی کرنے والا، اگر مسلمان تھا، تو اس کو فوت ہونے کے بعد مسلمانوں کی طرح غسل دیا جائے گا۔ [1]

اور جمہور فقہائے کرام یعنی حنفیہ، مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک، خودکشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ بھی پڑھی جائے گی، لیکن امامُ المسلمین اور خاص مقتداء وعلماء حضرات کو اس کی نمازِ جنازہ میں شرکت سے اجتناب کرنا مناسب ہے، جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اجتناب کیا۔

البتہ چند فقہائے کرام کا کہنا یہ ہے کہ خودکشی کرنے والے کے بارے میں معلوم ہے کہ اس کا آخری عمل یہی تھا، جس سے ظاہر یہی ہے کہ اس نے اس سے توبہ نہیں کی ہوگی، لہٰذا اس کی نمازِ جنازہ بھی نہیں پڑھی جائے گی۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

واستدلوا بعموم قوله تعالى(ومن قتل مؤمنا خطأ فتحرير رقبة مؤمنة ودية مسلمة إلى أهله)ولأنه آدمي مقتول خطأ، فوجبت الكفارة على قاتله كما لو قتله غيره .

وقال الحنفية والمالكية وهو وجه عند الشافعية: لا كفارة على قاتل نفسه خطأ أو عمدا .وهذا هو قول الحنابلة في العمد، لسقوط صلاحيته للخطاب بموته، كما تسقط ديته عن العاقلة لورثته .قال ابن قدامة: هذا أقرب إلى الصواب إن شاء الله، فإن عامر بن الأكوع قتل نفسه خطأ ولم يأمر النبي صلى الله عليه وسلم فيه بكفارة .وقوله تعالى(ومن قتل مؤمنا خطأ) إنما أريد به إذا قتل غيره، بدليل قوله تعالى(ودية مسلمة إلى أهله) وقاتل نفسه لا تجب فيه دية .كذلك رد المالكية وجوب الكفارة بدليل أن قوله تعالى(فمن لم يجد فصيام شهرين متتابعين)مخرج قاتل نفسه، لامتناع تصور هذا الجزء من الكفارة، وإذا بطل الجزء بطل الكل(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٦ص ٢٩٢، ٢٩٣، ٢٩٤، مادة "انتحار" حرف الألف)

[1] ثالثا: غسل المنتحر:

من قتل نفسه خطأ، كأن صوب سيفه إلى عدوه ليضربه به فأخطأ وأصاب نفسه ومات، غسل وصلى عليه بلا خلاف، كما عده بعضهم من الشهداء .

وكذلك المنتحر عمدا، لأنه لا يخرج عن الإسلام بسبب قتله نفسه عند الفقهاء كما سبق، ولهذا صرحوا بوجوب غسله كغيره من المسلمين وادعى الرملي الإجماع عليه حيث قال: وغسله وتكفينه والصلاة عليه وحمله ودفنه فروض كفاية إجماعا، للأمر به في الأخبار الصحيحة، سواء في ذلك قاتل نفسه وغيره(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٦ص ٢٩٣،٢٩٤، مادة "انتحار" حرف الألف)

لیکن فتویٰ اور عمل جمہور فقہائے کرام کے قول پر ہی ہے۔ [1]
خودکشی کرنے والا، اگر مسلمان تھا، تو اس کی مسلمانوں کی طرح تکفین وتدفین کی جائے گی، اور بعد میں اس کے لیے دعاء واستغفار اور صدقہ وخیرات وغیرہ کے ذریعہ ایصالِ ثواب کے اعمال کا بجالانا بھی جائز ہوگا۔ واللہ تعالیٰ أعلم۔ [2]

---

[1] رابعا: الصلاة على المنتحر:
يرى جمهور الفقهاء (الحنفية والمالكية والشافعية) أن المنتحر يصلى عليه، لأنه لم يخرج عن الإسلام بسبب قتله نفسه كما تقدم، ولما ورد عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال: صلوا على من قال لا إله إلا الله ولأن الغسل والصلاة متلازمان عند المالكية، فكل من وجب غسله وجبت الصلاة عليه، وكل من لم يجب غسله لا تجب الصلاة عليه .
وقال عمر بن عبد العزيز والأوزاعى – وهو رأى أبى يوسف من الحنفية، وصححه بعضهم – لا يصلى على قاتل نفسه بحال، لما روى جابر بن سمرة: أنه أتى النبى صلى الله عليه وسلم رجل قتل نفسه بمشاقص فلم يصل عليه ولما روى أبو داود أن رجلا انطلق إلى النبى صلى الله عليه وسلم فأخبره عن رجل قد مات قال: وما يدريك؟ قال: رأيته ينحر نفسه، قال: أنت رأيته؟ قال: نعم. قال .إذن لا أصلى عليه .
وعلله بعضهم بأن المنتحر لا توبة له فلا يصلى عليه .
وقال الحنابلة: لا يصلى الإمام على من قتل نفسه عمدا، ويصلى عليه سائر الناس .أما عدم صلاة الإمام على المنتحر فلحديث جابر بن سمرة السابق ذكره أن النبى صلى الله عليه وسلم لم يصل على قاتل نفسه، وكان النبى صلى الله عليه وسلم هو الإمام، فألحق به غيره من الأئمة .
وأما صلاة سائر الناس عليه، فلما روى عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه حين امتنع عن الصلاة على قاتل نفسه لم ينه عن الصلاة عليه .ولا يلزم من ترك صلاة النبى صلى الله عليه وسلم ترك صلاة غيره، فإن النبى صلى الله عليه وسلم كان فى بدء الإسلام لا يصلى على من عليه دين لا وفاء له، ويأمرهم بالصلاة عليه .
كما يدل على هذا التخصيص ما روى عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال: أما أنا فلا أصلى عليه .
وذكر فى بعض كتب الحنابلة أن عدم صلاة الإمام على المنتحر أمر مستحسن، لكنه لو صلى عليه فلا بأس .فقد ذكر فى الإقناع: ولا يسن للإمام الأعظم وإمام كل قرية – وهو واليها فى القضاء – الصلاة على قاتل نفسه عمدا، ولو صلى عليه فلا بأس(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٦ ص ٢٩٤، ٢٩٥، مادة "انتحار" حرف الألف)

[2] خامسا: تكفين المنتحر ودفنه فى مقابر المسلمين:
اتفق الفقهاء على وجوب تكفين الميت المسلم ودفنه، وصرحوا بأنهما من فروض الكفاية كالصلاة عليه وغسله، ومن ذلك المنتحر؛ لأن المنتحر لا يخرج عن الإسلام بارتكابه قتل نفسه كما مر(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٦ ص ٢٩٥، مادة "انتحار" حرف الألف)

خاتمہ

قرآن وسنت کی معتبر ومستند تعلیمات کی روشنی میں یہ معلوم ہو چکا کہ یہ دنیا اور اس کی زندگی بہت مختصر ہے، جس کے بعد قبر و برزخ، اور حشر ونشر اور آخرت کا سلسلہ بہت طویل ہے، اور دنیا، اور اس کی رونق اور زیب وزینت بہت بڑے دھوکہ کا سامان ہے، جو انسان کو آخرت کے مقصد سے غافل کر دیتا ہے، اور انسان کو بڑے خسارہ ونقصان میں مبتلاء کر کے چھوڑتا ہے، خاص کر دنیا کے مال ودولت کی حرص وطمع، اور اس کی کثرت انسان کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیتی ہے، جس سے بچ کر نکلنا بہت مشکل کام ہے۔

اس لئے ہر انسان اور مسلمان کو چاہیے کہ دنیا میں ہمہ وقت اپنی آخرت کو سامنے رکھ کر زندگی کے لمحات گذارے، مصیبت وتکلیف اور فقر وغربت پیش آنے پر صبر وقناعت کا دامن اپنے ہاتھ سے نہ چھوڑے، اور نعمت وراحت پر اللہ کی حمد وشکر کا اہتمام کرے، فقراء ومساکین سے محبت کرے، اور ان کے ساتھ نشست وبرخاست رکھے، دنیا کے معاملات میں اپنے سے نچلی سطح کے لوگوں پر نظر رکھے، اور دین کے معاملات میں اپنے سے اوپر وافضل لوگوں پر نظر رکھے، اور رزقِ حلال کا اہتمام کرے، فضول اور ناجائز جگہ مال کا استعمال نہ کرے، اور فقراء ومساکین، اور اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے کا معمول بنائے، موت کو کثرت سے یاد کیا کرے، اس سے غفلت اختیار نہ کرے۔

اللہ تعالیٰ عملِ صالح کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین

فقط وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

محمد رضوان خان

17/ محرم الحرام/ 1446ہجری، 24/ جولائی/ 2024ء، بروز بدھ

ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

www.idaraghufran.org

دنیا کی زندگی

قرآن و سنت میں

ادارہ غفران
راولپنڈی پاکستان